With the Compliments of the Translator

U

297.12

2 [illegible]

اُردو ترجمہ

قرآن مجید

(بغیر متن)

نہایت سلیس اور عام فہم

جو

صیغۂ اشاعت القرآن کے اہتمام سے

انڈین پریس الہ آباد میں چھپا

سنہ ۱۹۱۳ع

اردو ٹرسٹ بوس ٹرنٹو ہ ممبر نے ادارہ پریس الہ آباد میں
چھپوا کر شائع کیا

قرآن مجید کی سورتوں کی فہرست

صفحہ

قرآن مجید کی سورتوں کی فہرست

قرآن مجید کی سورتوں کی فہرست

صفحه

قرآن مجید کي سورتوں کي فہرست

سورۂ فاتحہ

مکي - ۷ آیتیں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحیم ھے

[۱] تعریف * خدا ھي کو ھے جو تمام عالموں کا پروردگار ھے - [۲] رحمان اور رحیم - [۳] روز جزا کا مالك - [۴] ھم تیري ھي عبادت کرتے ھیں اور تجھي سے مدد چاھتے ھیں - [۵] ھم کو سیدھي راہ دکھا - [۶] اُن لوگوں کي راہ جن پر تونے فضل کیا [۷] جن پر تونے غصہ نہ کیا اور جو گمراہ نہ ھوئے -

---

* الحمد کے معني شکر کے بھي ھیں -

سورۂ بقرہ

مدني - ۲۸۶ آيتيں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحيم ہے

¶ [۱] الم [۲] يہہ وهي كتاب ہے جس ميں كچھہ بهي شك
نهيں - متقيوں كي هدايت كرنے والي - [۳] جو غائبانه ايمان
ركهتے اور نماز پر قائم رهتے اور جو كچھہ هم نے اُن كو د
ہے اُس ميں سے خرچ كرتے هيں - [۴] اور جو كچھہ تجھ
نازل كيا گيا اور جو كچھہ تجهسے پهلے نازل كيا گيا اُن سب
ايمان ركهتے اور آخرت كا بهي يقين ركهتے هيں - [۵] يهي
لوگ اپنے پروردگار كي هدايت پر هيں - اور يهي فلاح پانے وال
هيں - [۶] جن لوگوں نے كفر كيا اُن كے لئے برابر ہے كه
اُن كو ڈرائے يا نه ڈرائے - وہ نهيں ايمان لانے كے - [۷] اُن كے
دلوں پر اور اُن كے كانوں پر خدا نے مهر كردي ہے - اور اُن كي
آنكهوں پر پردہ ہے - اور اُن كے لئے بڑا عذاب ہے -
[۸] اور كچھہ لوگ هيں جو كهتے هيں كه هم خدا پ
اور روز آخرت پر ايمان ركهتے هيں - حالانكه وہ ايمان نهيں
ركهتے - [۹] يهہ لوگ خدا كو اور اُن لوگوں كو جو ايمان ركهتے
هيں دهوكا ديتے هيں - مگر يهہ اپنے آپ هي كو دهوكا ديتے
هيں اور نهيں سمجهتے - [۱۰] اُنكے دلوں ميں مرض تها -
اور خدا نے اُن كو زيادہ مريض بنا ديا - اور اُن كے لئے درد ناك
عذاب ہے - اِس لئے كه وہ جهوٹ بولے - [۱۱] اور جب اُن سے
كها جاتا ہے كه دنيا ميں فساد نه كرو تو وہ كهتے هيں كه هم تو
اِصلاح كرنے والے هيں - [۱۲] هاں وهي مفسد هيں - ليكن

نهيں سمجھتے - [۱۳] اور جب اُن سے کہا جاتا ھے کہ جس طرح
اور لوگ ایمان لائے ھیں تم بھي ایمان لاؤ - تو کہتے ھیں
کیا ھم ایمان لائیں جس طرح بے وقوف ایمان لائے ؟ ھاں -
یہي لوگ بے وقوف ھیں - لیکن نہیں جانتے - [۱۴] اور
جب اُن لوگوں سے ملتے ھیں جو ایمان رکھتے ھیں تو کہتے
ھیں ھم ایمان رکھتے ھیں - اور جب اپنے شیطانوں میں اکیلے
ھوتے ھیں تو کہتے ھیں ھم تمہارے ساتھہ ھیں - ھم تو صرف
ٹھٹھا کرتے ھیں - [۱۵] خدا ٹھٹھا کرتا ھے اُن سے اور کھینچتا
ھے اُن کو اُن کي سرکشي میں بہکتے ھوئے - [۱۶] یہي ھیں وہ
لوگ جنہوں نے ھدایت کے بدلے گمراھي مول لي - اور اُن کي
تجارت نے نفع نہ دیا - اور نہ اُنہوں نے ھدایت پائي - [۱۷] اُن کي
مثال اُس شخص کي سي مثال ھے جس نے آگ جلائي - پھر
جب اُس کے گرد کي چیزیں روشن ھوئیں تو خدا نے اُن کي روشني
سلب کر لي - اور اُن کو اندھیرے میں چھوڑ دیا کہ وہ نہیں
دیکھہ سکتے - [۱۸] بہرے ھیں گونگے ھیں اندھے ھیں
پس وہ نہیں رجوع ھونے کے - [۱۹] یا جیسے مینہہ کہ اُس
میں تاریکي اور گرج اور بجلي ھو اور موت کے ڈر سے مارے
کڑک کے اُنگلیاں اپنے کانوں میں ڈال لیتے ھیں - اور خدا کافروں
کو گھیرے ھوئے ھے - [۲۰] قریب ھے کہ بجلي اُن کي نظریں
اُچك لے جائے - جب وہ اُن کے آگے چمکي تو اُس میں چلے اور
جب اُن پر اندھیرا چھا گیا تو کھڑے ھو گئے - اور اگر خدا
چاھے تو اُن کي سماعت اور بصارت سلب کر لے - بے شك خدا
ھر چیز پر قادر ھے -

[۲۱] اے لوگو - اپنے پروردگار کي عبادت کرو - جس نے تم کو
اور تم سے اگلوں کو پیدا کیا - شاید تم (برے کاموں سے) بچو -

[۲۲] اُسي نے تمھارے لئے زمین کو فرش اور آسمان کو چھت
بنایا - اور آسمان سے پاني اُتارا - پھر اُس سے تمھارے کھانے
کے پھل پیدا کئے - پس کسی کو خدا کے برابر نہ ٹھہراؤ -
اور تم تو جانتے هي هو - [۲۳] اور اگر اُس چیز میں جو هم نے
اپنے بندے پر اُتارا هے تم کو شک هو تو اُسي کے مثل ایک سورہ
لے آؤ - اور اگر تم سچے هو خدا کے سوا اپنے گواهوں کو بھي
بلاؤ - [۲۴] اور اگر یہہ نہ کرو اور تم هرگز یہہ نہیں کرنے کے
تو دوزخ کي آگ سے ڈرو جسکے ایندھن آدمي اور پتھر هونگے اور
جو کافروں کے لئے تیار کي گئي هے - [۲۵] اور (اے نبي) خوش
خبري دے اُن کو جو ایمان لائے اور نیک کام کرتے هیں کہ
اُنکے لئے باغ هیں جن کے نیچے نہریں جاري هونگي - جب
اُن کو اُن میں کا کوئي میوہ کھانے کو دیا جائیگا تو کہینگے یہي
تو هم کو پہلے بھي ملتا تھا - اور اُن کو ایک هي صورت کے
میوے ملا کرینگے - اور وهاں اُن کے لئے بیویاں هونگي پاک
اور وہ اُن میں همیشہ رهینگے - [۲۶] خدا اِس سے نہیں شرماتا
کہ مچھر کي یا اُس سے بھي بڑھکر (کسي اور ناچیز کي)
مثال بیان کرے - تو جو لوگ ایمان رکھتے هیں وہ تو جانتے
هیں کہ یہہ سچ مچ اُنکے پروردگار کي طرف سے هے - اور وہ
لوگ جو کفر کرتے کہتے هیں کہ خدا کو ایسے مثال سے
کیا غرض هے ؟ اِس سے خدا بہتیروں کو گمراہ کرتا اور اِسي
سے بہتیروں کو هدایت کرتا هے - لیکن سوائے فاسقوں کے وہ
اِس سے اور کسي کو گمراہ نہیں کرتا - [۲۷] وہ جو پکا کرنے کے
بعد خدا کے عہد کو توڑ ڈالتے اور جس کے ملا رکھنے کا
خدا نے حکم دیا هے اُس کو قطع کرتے اور دنیا میں فساد
کرتے هیں - یہي لوگ نقصان اُٹھانے والے هیں - [۲۸] تم

کیونکر خدا سے کفر کرتے هو حالانکه تم بے جان تھے اور اُسنے
تم کو زندہ کیا - پھر وہ تم کو مارےگا - پھر تم کو جلائیگا پھر
تم اُسي کي طرف لوٹائے جاؤگے ؟ [۲۹] وهي هے جس نے تمهارے
لئے سب کچھه جو زمین میں هے پیدا کیا - پھر آسمان کي
طرف متوجهه هوا اور اُس کو سات آسمان بنا دئے - اور وہ هر
چیز کا جاننے والا هے -

[۳۰] اور جب تیرے پروردگار نے فرشتوں سے کہا کہ میں
زمین میں (اپنا) ایك خلیفه بنانے والا هوں - وہ بولے کیا تو
اُس میں ایسے شخص کو بنائیگا جو اُس میں فساد کرے اور
خون بہائے حالانکه هم تیري حمد کے ساتھه تیري تسبیح و
تقدیس کرتے هیں ؟ فرمایا میں جانتا هوں جو تم نہیں
جانتے - [۳۱] اور آدم کو سب نام سکھا دئے - پھر اُن چیزوں
کو فرشتوں کے سامنے کیا اور کہا کہ اگر تم سچے هو تو مجھکو
اِن کے نام بتاؤ - [۳۲] وہ بولے تو پاك هے - هم کو علم نہیں
سوا اس کے جو تونے هم کو سکھایا هے - بے شك تو هي جاننے
والا حکمت والا هے - [۳۳] فرمایا اے آدم تو اُن کو اُن کے نام
بتا دے - پھر جب اُس نے اُن کو اُن کے نام بتا دئے تو فرمایا
کیا میں نے تم سے نہیں کہا تھا کہ میں آسمان اور زمین کي
چھپي باتیں جانتا هوں ؟ اور میں جانتا هوں جو تم ظاهر
کرتے هو اور جو تم چھپاتے هو - [۳۴] اور جب هم نے فرشتوں
سے کہا کہ آدم کے آگے جھکو - تو اِبلیس کے سوا وہ سب جھك
گئے - اُس نے اِنکار کیا اور تکبر کیا اور کافر هو گیا - [۳۵] اور
هم نے کہا اے آدم تو اور تیري بیوي بہشت میں رہ - اور اُس
میں جہاں سے چاهو با فراغت کھاؤ - مگر اِس درخت کے قریب
مت جاؤ - نہیں تو تم (اپنے آپ پر) ظلم کروگے - [۳٦] پھر

شیطان نے اُن کو اُس سے ڈگا دیا - اور جس آرام میں وہ تھے
اُس سے اُن کو نکلوا دیا - اور هم نے کہا کہ تم اُتر جاؤ - تم ایک
کے دشمن ایک هو - اور دنیا میں تمہارے لئے ایک وقت تک
ٹھکانا اور سامان هوگا - [۳۷] پھر آدم نے اپنے پروردگار سے کچھہ
کلمے سیکھے - اور اُس نے اُس کی توبہ قبول کی - بےشک وہ توبہ
قبول کرنے والا رحیم هے - [۳۸] هم نے کہا کہ تم سب کے سب
یہاں سے اُتر جاؤ - اور جو هماری طرف سے تمہارے پاس کوئی
هدایت آئے تو جو هماری هدایت کی پیروی کرینگے اُن پر نہ
تو خوف هوگا اور نہ وہ غمگین هونگے - [۳۹] اور جو لوگ کفر
کرینگے اور هماری آیتوں کو جھٹلائینگے - وهی دوزخ میں
هونگے - اور وہ همیشہ اُسی میں رهینگے -

[۴۰] اے بنی اِسرائیل - میری اُن نعمتوں کو یاد کرو جو
میں نے تم پر کئے هیں - اور تم میرے عہد کو پورا کرو میں
تمہارے عہد کو پورا کرونگا - اور مجھی سے ڈرو - [۴۱] اور جو
کچھہ میں نے نازل کیا هے اس پر ایمان لاؤ - وہ تصدیق کرتا هے
اس چیز کی جو تمہارے پاس هے - اور سب سے پہلے اس سے کفر نہ
کرو - اور میری آیتوں کے بدلے چند روزہ فائدہ حاصل نہ کرو - اور
مجھی سے ڈرو - [۴۲] اور سچ کو جھوٹ کے ساتھہ نہ ملاؤ -
اور نہ جان بوجھہ کر حق کو چھپاؤ - [۴۳] اور نماز پر قائم
رهو اور زکوة دو اور (نماز میں) جھکنے والوں کے ساتھہ جھکو -
[۴۴] کیا تم لوگوں کو نیکی کرنے کو کہتے هو اور اپنے آپ
کو بھولے هوئے هو ؟ اور تم تو کتاب پڑھتے هو - پھر بھی
کیا عقل نہیں رکھتے ؟ [۴۵] اور صبر اور نماز کے ساتھہ (خدا سے)
مدد مانگو - اور البتہ یہہ شاق گذریگا مگر اُن پر جو
عاجزی سے کام لیتے هیں - [۴۶] جو یہہ خیال رکھتے هیں کہ

وہ اپنے پروردگار سے ملنے والے هیں اور یهہ کہ اُن کو اُسي کي
طرف لوٹ جانا هے - .

. [۴۷] اے بني اِسرائیل - میري وہ نعمتیں یاد کرو جو میں
نے تم پر کیں هیں - اور یهہ کہ میں نے تم کو تمام عالم پر
فضیلت دي تهي - [۴۸] اور اُس دن سے ڈرو کہ کوئي نفس
کسي نفس کے کچھہ بھي کام نہ آئیگا - اور نہ اُسکي طرف سے
شفاعت قبول هوگي اور نہ اُس سے کچھہ بدلا لیا جائیگا اور نہ
اُن کو مدد دي جائیگي - [۴۹] اور جب هم نے تم کو فرعون کے
لوگوں سے نجات دي جو تم کو بڑي تکلیفیں دیتے تھے - کہ
تمھارے بیٹوں کو ذبح کر ڈالتے اور تمھاري عورتوں کو
زندہ رهنے دیتے تھے - اور اِس میں تمھارے پروردگار کي طرف
سے سخت آزمایش تهي - [۵۰] اور جب هم نے تمھارے لئے
دریا کو فرق کر دیا اور تم کو نجات دي اور فرعون کے لوگوں
کو ڈبو دیا اور تم دیکھتے هي رهے - [۵۱] اور جب هم نے
موسیٰ سے چالیس رات کا وعدہ کیا - پھر تم نے اُس کے گئے
پیچھے بچھڑے کو خدا بنا لیا - اور (اپنے آپ پر) ظلم کیا -
[۵۲] پھر اُس کے بعد هم نے تم کو معاف کیا تاکہ تم شکر
کرو - [۵۳] اور جب هم نے موسیٰ کو کتاب دي اور فرقان تاکہ
تم هدایت پاؤ - [۵۴] اور جب موسیٰ نے اپني قوم سے کہا کہ
اے میري قوم - تم نے بچھڑے کو لیکر اپنے آپ پر ظلم کیا -
پس اپنے باري تعلیٰ کے حضور میں توبہ کرو اور اپنے آپ کو مار
ڈالو - تمھارے باري تعلیٰ کے نزدیک تمھارے لئے یهي بهتر
هے - پھر اُس نے تمھاري توبہ قبول کي - بے شک وهي توبہ
قبول کرنے والا رحیم هے - [۵۵] اور جب تم نے کہا کہ اے
موسیٰ هم تجھپر هرگز ایمان نهیں لانے کے جب تک کہ هم

خدا کو ظاهر نه دیکهہ لیں - تو تم کو غشي آگئي اور تم
دیکها کئے - [۵۶] پهر تمهارے مرنے کے بعد هم نے تم کو زنده
اُٹهایا تاکه تم شکر کرو - [۵۷] اور هم نے تم پر بادل کا سایه
کیا اور تم پر من اور سلوی اُتارا (اور کها) که هم نے جو اچهي
چیزیں تم کو دي هیں کهاؤ - اور اُنهوں نے هم پر تو ظلم کیا نهیں
لیکن اپنے آپ پر ظلم کیا - [۵۸] اور جب هم نے کها که
اِس شهر میں داخل هو اور اس میں جهاں چاهو با فراغت
کهاؤ اور دروازے میں سجده کرتے هوئے داخل هو اور حطة
کهتے جاؤ * تو هم تمهاري خطائیں معاف کر دینگے اور نیك
آدمیوں کو هم زیاده بهي دینگے - [۵۹] مگر اُن ظالموں نے
بتائي هوئي بات کو دوسری بات سے بدل ڈالا - تو هم نے ظالموں
پر آسمان سے عذاب نازل کیا اِس لئے که وه بدکار تهے -

[۶۰] اور جب موسی نے اپني قوم کے لئے پاني مانگا تو
هم نے کها که اپني لاٹهي پتهر پر مار - تو اُس سے باره چشمے
پهوٹ نکلے - سب لوگوں نے اپنا گهات جان لیا - (اور اُن کو
حکم هوا) که خدا کي دي هوئي چیزیں کهاؤ اور پیو اور دنیا
میں فساد کرتے نه پهرو - [۶۱] اور جب تم نے کها که اے موسی
هم ایك کهانے پر هرگز صبر نهیں کر سکتے تو تو همارے لئے اپنے
پروردگار سے دعا کر که زمین سے جو چیزیں اُگتي هیں یعني
زمین کي ترکاري اور ککڑي اور گیهوں اور مسور اور پیاز همارے
لئے پیدا کرے - اُس نے کها کیا تم اچهي چیزوں کے بدلے ادنی
چیزیں لیني چاهتے هو ؟ تو کسي شهر میں جا پڑو - جو
مانگتے هو وه تم کو ملیگا - پهر اُن پر ذلت اور افلاس کي مار
پڑی - اور وه خدا کے غضب میں پڑ گئے - یهه اِس لئے که وه

* یعني بخشش مانگتے جاؤ -

خدا کي آیتوں سے کفر کئے اور نبیوں کو ناحق قتل کئے -
یہہ اس لئے کہ اُنھوں نے نافرماني اور زیادتي کي -
[۶۲] بے شك جو لوگ ایمان رکھتے هیں اور یہودي هیں
اور نصاریٰ اور صابي - جو کوئي خدا پر اور روز آخرت پر
ایمان رکھے اور اچھے کام کرے تو اُن کو اُن کا اجر اُن کے پروردگار
کے هاں ملیگا - اور نہ اُن پر خوف هوگا اور نہ وہ غمگین
هونگے - [۶۳] اور جب هم نے تم سے اِقرار لیا اور طور کو تم پر
بلند کیا کہ یہہ جو هم نے تم کو دیا هے اس کو مضبوطي سے
پکڑو اور جو کچھہ اُس میں هے اس کو یاد رکھو - تا کہ تم
(برے کاموں سے) بچو - [۶۴] پھر اِس کے بعد تم پھر گئے - اور
اگر تم پر خدا کا فضل اوز اُسکي رحمت نہ هوتي تو تم ضرور
خسارہ اُٹھانے والوں میں سے هوتے - [۶۵] اور اُن لوگوں کو تو
تم جانتے هي هو جنھوں نے تم میں سے سبت کے روز زیادتي کي اور
هم نے اُن سے کہا کہ پھٹکارے هوئے بندر بن جاؤ - [۶۶] اور
هم نے اِس واقعے کو اُن لوگوں کے لئے جو اُس وقت تھے اور اُن
لوگوں کے لئے جو اُس کے بعد هوئے عبرت اور متقیوں کے لئے
نصیحت بنایا - [۶۷] اور جب موسیٰ نے اپني قوم سے کہا کہ
خدا تم کو حکم دیتا هے کہ ایك بیل ذبح کرو - تو وہ بولے
کیا تو هم سے ٹھٹھا کرتا هے ؟ اُس نے کہا خدا کي پناہ کہ میں
ایسا جاهل بنوں - [۶۸] وہ بولے اپنے پروردگار سے همارے لئے
دعا کر کہ هم سے بیان کرے کہ وہ کیسا هو - اُس نے کہا خدا کہتا
هے کہ وہ بیل نہ بوڑھا هو اور نہ بچہ - دونوں کے بیچ بیچ هو -
پس تم کو جو حکم هوا هے سو کرو - [۶۹] - وہ بولے کہ اپنے پروردگار
سے همارے لئے دعا کر کہ هم سے بیان کرے کہ اُس کا رنگ کیسا
هو - اُس نے کہا خدا کہتا هے کہ وہ بیل زرد هو - اُس کا رنگ

گھرا ھو کہ دیکھنے والے خوش ھوں - [۷۰] اُنھوں نے کہا کہ
اپنے پروردگار سے ھمارے لئے دعا کر کہ ھم سے بیان کر دے کہ وہ
کیسا ھو - ھمیں تو بیل ایک ھي سے دکھائي پڑتے ھیں - اور
اگر خدا نے چاھا تو ھم ضرور پتا پا جائینگے - [۷۱] اُس نے
کہا خدا کہتا ھے کہ وہ بیل ھو نہ تو جوتا ھوا کہ زمین جوتتا
ھو اور نہ کھیتي میں پاني پلاتا ھو - صحیح سالم - اُس میں
کوئي داغ نہ ھو - وہ بولے اب تو نے ٹھیک بتایا - تب اُنھوں
نے اُس بیل کو ذبح کیا - اور وہ نہ معلوم ھوتے تھے کرتے -
[۷۲] اور جب تم نے ایک شخص کو قتل کر ڈالا اور اُس کے
بارے میں جھگڑنے لگے اور خدا اُس بات کو نکالنے والا تھا
جو تم چھپاتے تھے - [۷۳] تو ھم نے کہا کہ اُس کے ایک ٹکڑے
سے اُس کو مارو - اِسي طرح خدا مردوں کو زندہ کرتا ھے اور
تمکو اپني نشانیاں دکھاتا ھے تا کہ تم کو عقل ھو -
[۷۴] پھر اِس کے بعد تمھارے دل سخت ھو گئے کہ گویا وہ
پتھر ھیں یا اُن سے بھي زیادہ سخت - اور پتھروں میں تو
وہ بھي ھیں کہ اُن سے نھریں پھوٹ نکلتي ھیں - اور اُن میں
ایسے بھي ھیں جو پھٹ جاتے ھیں اور اُن سے پاني نکلتا ھے -
اور اُن میں ایسے بھي ھیں جو خدا کے ڈر سے گر پڑتے ھیں -
مگر جو کچھہ تم کرتے ھو خدا اُس سے غافل نہیں ھے -
[۷۵] کیا تم توقع رکھتے ھو کہ وہ تم کو مان لینگے حالانکہ
اُنھیں میں کا ایک گروہ تھا جو خدا کا کلام سنتا تھا پھر
اُس کو جان بوجھہ کر بھي اُس میں تحریف کرتا تھا - [۷۶] اور
جب وہ اُن لوگوں سے ملتے ھیں جو ایمان رکھتے ھیں تو کہتے
ھیں ھم ایمان رکھتے ھیں - اور جب اکیلے ایک دوسرے کے پاس
ھوتے ھیں تو کہتے ھیں کہ جو کچھہ خدا نے تم پر ظاھر

كيا هے كيا تم اُن سے كهه ديتے هو تا كه وہ تمهارے پروردگار كے
سامنے اُسي بات پر تم سے حجت كريں ؟ كيا تم كو عقل نهيں ؟
[۷۷] كيا وہ نهيں جانتے كه خدا جانتا هے جو كچهه وہ چهپاتے
اور جو كچهه وہ ظاهر كرتے هيں ؟ [۷۸] اور اُن ميں ان پڑهه
لوگ هيں جو جهوٹے قصوں كے سوا كوئي كتاب كي بات نهيں
جانتے - اور وہ صرف خيالي باتيں كرتے هيں - [۷۹] پس واے
هے اُن لوگوں پر جو اپنے هاتهوں سے كتاب لكهتے هيں پهر كهتے
هيں كه يهه خدا كي طرف سے هے تا كه اُس سے تهوڑي سي قيمت
پا جائيں - اور واے هے اُن پر جو انهوں نے اپنے هاتهوں سے لكها -
اور واے هے اُن پر جو انهوں نے كمايا - [۸۰] اور وہ كهتے هيں كه
چند روز كے سوا آگ همكو نهيں چهوئيگي - تو كهه كيا تم نے
خدا سے كوئي اِقرار لے ليا هے؟ اور خدا اپنے اِقرار كے خلاف نهيں
كريگا - يا تم خدا پر وہ باتيں كهتے هو جنكا تمكو علم نهيں
هے ؟ [۸۱] هاں - جس نے برائي حاصل كي اور اُس كے گناهوں
نے اُسے گهير ليا - تو يهي رهنے والے دوزخ كے هيں اور وہ اُسي
ميں هميشه رهينگے - [۸۲] اور جو لوگ ايمان ركهتے اور نيك
كام كرتے هيں - وهي جنت كے رهنے والے هيں - وہ اُس ميں
هميشه رهينگے -

[۸۳] اور جب هم نے بني اِسرائيل سے اِقرار ليا كه خدا كے
سوا كسي كي عبادت نه كرو اور ماں باپ اور قرابت والوں
اور يتيموں اور غريبوں كے ساتهه نيك سلوك كرو - اور لوگوں
سے نرمي كے ساتهه بات كرو - اور نماز پر قائم رهو اور زكوة دو -
تو تم ميں سے كچهه لوگوں كے سوا سب پهر گئے اور تم تو
پهر جانے والے هو - [۸۴] اور جب هم نے تم سے اقرار ليا كه
آپس ميں خونريزي نه كرو اور نه اپنے گهروں سے اپنے لوگوں كو

نکال دو - تو تم نے اِقرار کیا اور خود بھي شاھد ھوئے -
[۸۵] پھر وھي تم ھو کہ ایک دوسرے کو قتل کرتے ھو اور
اپنوں میں سے ایک گروہ کو اُن کے گھروں سے نکال دیتے ھو اور
گناہ اور زیادتي میں ایک دوسرے کے پشت پناہ بن جاتے ھو -
اور وھي اگر قید ھو کر تمھارے پاس آئیں تو تم فدیہ دیکر
اُن کو چھڑا لیتے ھو حالانکہ اُن کا نکال دینا ھي تم کو منع
تھا - تو کیا کتاب کي بعض باتوں کو مانتے ھو اور بعض سے
کفر کرتے ھو ؟ تو جو کوئي تم میں سے ایسا کرے اِس کے سوا
اُس کي اور کیا جزا ھو سکتي ھے کہ دنیا کي زندگي میں
خواري ھو اور قیامت کے دن سخت تر عذاب میں ڈالا جائے -
اور جو کچھہ تم کرتے ھو خدا اُس سے غافل نہیں ھے - [۸۶] یہي
ھیں جنھوں نے آخرت کے بدلے دنیا کي زندگي خرید لي -
سو نہ تو اُن سے عذاب ھي ھلکا کیا جائیگا اور نہ وہ مدد دئیے
جائینگے -

[۸۷] اور بے شک ھم نے موسیٰ کو کتاب دی اور اُس کے
بعد پے در پے رسول بھیجے - اور عیسیٰ بن مریم کو ھم نے
بین دلیلیں دیں اور روح القدس سے اُسکي تائید کي - تو کیا
جب کبھي تمھارے پاس کوئي رسول ایسي چیز لیکر آیا
جس کو تمھارا جي نہ چاھتا تھا تم نے تکبر کیا اور ایک گروہ
کو جھٹلایا اور ایک گروہ کو قتل کیا ؟ [۸۸] اور وہ کہتے
ھیں ھمارے دلوں پر پردہ پڑا ھے - نہیں بلکہ اُن کے کفر کے
سبب خدا نے اُن پر لعنت کي ھے - بس تھوڑے ھي لوگ
ایمان لائینگے - [۸۹] اور جب اُن کے پاس خدا کي طرف سے
کتاب آئي جو اس چیز کي جو اُن کے پاس ھے تصدیق کرتي
ھے - اور وہ پہلے سے کافروں پر فتح مانگتے تھے - تو جب وہ

چیز جسے وہ پہچانتے تھے اُن کے پاس آئي تو وہ اُس سے کفر
کرنے لگے - پس خدا کي لعنت کافروں پر - [۹۰] بري ھے وہ
چیز جس کے بدلے اُنھوں نے اپنے تئیں بیچ ڈالا کہ اُنھوں نے
خدا کي اُتاري ھوئي چیز سے محض اِس ضد پر کفر کیا کہ
خدا نے اپنے بندوں میں سے جس پر چاھا اپنے فضل سے وحي
بھیجي - پس وہ غضب در غضب میں پڑ گئے - اور کافروں
کے لئے رسوا کرنے والا عذاب ھے - [۹۱] اور جب اُن سے کہا
جاتا ھے کہ خدا نے جو وحي بھیجي ھے اُس پر ایمان لاؤ تو
کہتے ھیں کہ ھم تو اُسي پر ایمان لائے جو ھم پر نازل
کیا گیا ھے - اور اس کے سوا وہ سب سے کفر کرتے ھیں - حالانکہ
یہہ حق ھے اور تصدیق کرتا ھے اُس چیز کي جو اُن کے پاس
ھے - تو کہہ اگر تم ایمان والے ھوتے تو پہلے خدا کے نبیوں کو
کیوں قتل کرتے ؟ [۹۲] اور تمھارے پاس تو موسیٰ بین دلیلوں
کے ساتھہ آیا - پھر بھي تم نے اُس کے گئے پیچھے بچھڑا بنا
لیا - اور (اپنے آپ پر) ظلم کیا - [۹۳] اور جب ھم نے تم سے
اِقرار لیا اور طور کو تم پر بلند کیا کہ جو ھم نے تم کو دي
ھے اُسے مضبوطي سے بکڑے رھو اور (ھماري بات) مانو - اُن
لوگوں نے کہا کہ ھم نے سنا لیکن نہ مانینگے - اور اُن کے کفر
کے سبب اُن کے دلوں میں بچھڑا سمایا ھوا تھا - تو کہہ اگر
تم یہي ایمان رکھتے ھو تو تمھارا ایمان تمھیں بري بات
سکھاتا ھے - [۹۴] تو کہہ کہ اگر خدا کے ھاں عاقبت کا گھر
خاص کر تمھارے ھي لئے ھے اور لوگوں کے لئے نہیں تو موت
کي آرزو کرو اگر تم سچے ھو - [۹۵] مگر وہ کبھي بھي اِس کي
آرزو نہ کرینگے بسبب اُس کے جو اُن کے ھاتھہ پہلے ھي سے
بھیج چکے ھیں - اور خدا (اپنے آپ پر) ظلم کرنے والوں کو

خوب جانتا هے - [۹۶] اور البتہ تو لوگوں میں اُن کو سب سے
زیادہ جینے کے حریص پائیگا - اور مشرکین میں سے بھي هر
ایك چاهتا هے کہ اے کاش اس کو هزار برس کي عمر دي جاتي -
حالانکہ اُس کا عمر پانا بھي اُسے عذاب سے نہ بچائیگا - اور
خدا دیکھنا هے جو کچھہ وہ کرتے هیں -
[۹۷] تو کہہ جو کوئي جبریل کا دشمن هو - اور یہہ اُسي نے
خدا کے حکم سے تیرے دل پر اُتارا هے - تصدیق کرنے والا اُس چیز
کا جو اس سے پہلے تھا اور ایمان والوں کے لئے هدایت اور بشارت -
[۹۸] جو کوئي خدا کا دشمن هو اور اُسکے فرشتوں کا اور اُس
کے رسولوں کا اور خاص کر جبریل کا اور میکائیل کا تو بے شك
خدا اُن کافروں کا دشمن هے - [۹۹] اور البتہ هم نے تیرے
پاس بین آیتیں بھیجي هیں اور فاسقوں کے سوا اِن سے کوئي
کفر نہیں کرتا - [۱۰۰] تو کیا یہہ جب کبھي کوئي عہد
کرتے هیں تو اُن میں کا ایك فریق اس کو پھینك دیتا هے
بلکہ ان میں اکثر ایمان نہیں رکھتے - [۱۰۱] اور جب اُن
کے پاس خدا کي طرف سے رسول آیا تصدیق کرتا هوا اس چیز
کي جو اُن کے پاس هے تو اهل کتاب میں سے ایك گروہ نے خدا
کي کتاب کو اپنے پیٹھہ پیچھے پھینك دیا - گویا وہ جانتے هي
نہیں - [۱۰۲] اور پیروي کي اُس چیز کي جو سلیمان کے عہد
میں شیطان پڑھا کرتے تھے - حالانکہ سلیمان نے کفر نہیں
کیا بلکہ شیطانوں نے کفر کیا کہ وہ لوگوں کو جادو سکھاتے
اور جو بابل میں هاروت اور ماروت دو فرشتوں پر اُتري
تھي - مگر وہ کسي کو نہ سکھاتے جب تك نہ کہہ دیتے
کہ هم تو آزمایش کے لئے هیں - سو تو کفر نہ کر - پھر بھي وہ
اُن سے وہ باتیں سیکھتے جن سے مرد اور اُس کي بیوي میں

تفرقہ ڈال دیں - حالانکہ بے حکم خدا وہ اُن سے کسي کو
ضرر نہیں پہنچا سکتے - اور وہ ایسي چیزیں سیکھتے جو
اُن کو ضرر پہنچائیں اور جو اُن کو نفع نہ دیتیں - حالانکہ
وہ جان چکے تھے کہ جو کوئي ان کا خریدار ہوا اُس کے لئے
آخرت میں کوئي حصہ نہیں - اور البتہ برا ہے جس کے بدلے
اُنھوں نے اپنے تئیں بیچ ڈالا - اے کاش یہہ جانتے ہوتے -
[۱۰۳] اور اگر یہہ ایمان لاتے اور (بُرے کاموں سے) بچتے تو
بے شك خدا کے ہاں کا ثواب زیادہ اچھا ہوتا - اے کاش یہہ
جانتے ہوتے -

[۱۰۴] مومنو - تم راعنا نہ کہو بلکہ انظرنا کہو اور
(بات) مانو - اور کافروں کے لئے درد ناك عذاب ہے -
[۱۰۵] اہل کتاب اور مشرکین میں سے جو کافر ہیں وہ نہیں
چاہتے کہ تمہارے پروردگار کي طرف سے تم پر کوئي اچھي بات
نازل ہو - مگر خدا جس کو چاہتا ہے اپني رحمت کے لئے
مخصوص کر لیتا ہے اور خدا بڑا صاحب فضل ہے - [۱۰۶] ہم
جو کوئي آیت منسوخ کر دیں یا بُھلا دیں تو اُس سے بہتر یا
اُسي کے مانند لا بھي سکتے ہیں - کیا تو نہیں جانتا کہ خدا
ہر چیز پر قادر ہے ؟ [۱۰۷] کیا تو نہیں جانتا کہ آسمان اور
زمین کي سلطنت خدا ہي کي ہے ؟ اور خدا کے سوا تمہارا
نہ کوئي حامي ہے اور نہ مددگار - [۱۰۸] کیا تم بھي یہہ
چاہتے ہو کہ اپنے رسول سے سوال کرو جس طرح پہلے موسیٰ سے
سوال کیا گیا تھا ؟ اور جس نے ایمان کو کفر سے بدل ڈالا تو وہ
سیدھے رستے سے بھٹك گیا - [۱۰۹] بہت سے اہل کتاب اپنے دلي
حسد کي وجہہ سے چاہتے ہیں کہ تمہارے ایمان لائے کے بعد
پھر تم کو کافر بنا دیں حالانکہ اُن پر حق ظاہر ہو چکا -

تو معاف کردو اور درگزر کرو یہاں تک کہ خدا اپنا حکم بھیجے - بے شک خدا ہر چیز پر قادر ھے - [۱۱۰] اور نماز پڑ قائم رھو اور زکوۃ دو اور جو کچھہ نیکي تم اپنے لئے پہلے سے بھیجوگے اُس کو خدا کے ھاں پاؤگے - بے شک خدا دیکھتا ھے جو کچھہ تم کرتے ھو - [۱۱۱] اور وہ کہتے ھیں کہ یہود اور نصاری کے سوا جنت میں کوئي ھرگز نہ داخل ھوگا - یہہ اُن کي خیالي باتیں ھیں - تو کہہ اگر تم سچے ھو تو اپني اپني دلیلیں لاؤ - [۱۱۲] بلکہ جس نے خدا کے آگے اپنے تئیں جھکا دیا اور وہ نیك بھي ھے تو اُس کے لئے اُس کا اجر اُس کے پروردگار کے ھاں ھے - اور اُن پر نہ خوف ھوگا اور نہ وہ غمگین ھونگے -

[۱۱۳] اور یہود کہتے ھیں نصاری کسي چیز پر قائم نہیں اور نصاری کہتے ھیں یہود کسي چیز پر قائم نہیں - حالانکہ وہ دونوں کتاب پڑھتے ھیں - اِسي طرح اُنھیں کي سي باتیں وہ بھی کہتے ھیں جو علم نہیں رکھتے - تو جس بارے میں یہہ لوگ اِختلاف کرتے ھیں قیامت کے دن خدا اُن میں اُس کا اِنصاف کر دیگا - [۱۱۴] اور اُس سے بڑھکر ظالم کون ھوگا جو خدا کے معبدوں میں خدا کا نام لیے جانے کو منع کرے اور اُنکي خرابي میں سعي کرے ؟ یہہ لوگ اِس لائق نہیں کہ اُن میں داخل ھوں مگر ڈرتے ھوئے - اُن کے لئے دنیا میں خواري اور اُن کے لئے آخرت میں بڑا عذاب ھے - [۱۱۵] اور خدا ھي کا ھے پورب اور پچھم - تو جدھر تم منھہ پھیرو اُدھر ھي خدا کا سامنا ھے - بے شک خدا گنجایش والا اور جاننے والا ھے - [۱۱۶] اور وہ کہتے ھیں کہ خدا اولاد رکھتا ھے - وہ پاك ھے - بلکہ اُسي کا ھے جو کچھہ آسمان اور زمین میں ھے - سب اُسي کے فرماں بردار ھیں - [۱۱۷] (وھي) آسمان و زمین کا پیدا کرنے والا

ھے - اور جب کسي کام کا کرنا ٹھان لیتا ھے تو صرف اُسکي
نسبت کہدیتا ھے کہ ھو - اور وہ ھو جاتا ھے - [۱۱۸] اور جو
لوگ کہ علم نہیں رکھتے کہتے ھیں کہ خدا ھم سے کیوں نہیں
بات کرتا یا ھمارے پاس کوئي نشاني کیوں نہیں آتي ؟ اِسي
طرح جو لوگ ان سے پہلے گزر چکے ھیں ان ھي کي سي باتیں
وہ بھي کہا کرتے تھے - ان کے دل ایک ھی سے ھیں - جو لوگ
یقین رکھتے ھیں اُن کے لئے تو ھم نے آیتیں بیان کردي ھیں -
[۱۱۹] بے شك ھم نے تجکو حق بات دے کر خوش خبري دینے
اور ڈرانے کے لئے بھیجا ھے اور دوزخیوں کے بارے میں تجسے نہیں
پوچھا جائیگا - [۱۲۰] اور یہود تجسے ھرگز نہ راضي ھونگے
اور نہ نصاریٰ جب تک کہ تو اُنہیں کے ملت کي پیروي نہ کرے -
تو کہہ کہ خدا کي ھدایت وھي (سچی) ھدایت ھے - اور اگر
تو علم پانے کے بعد اُن کي خواھشوں کی پیروي کرے تو تجکو
خدا سے بچانے والا نہ کوئي حامي اور نہ مددگار ھوگا -
[۱۲۱] جن لوگوں کو ھم نے کتاب دي ھے اور وہ اُس کو جیسے
پڑھنا چاھئے پڑھتے ھیں - یہي اُس پر اِیمان رکھنے والے
ھیں - اور جو کوئي اُس سے کفر کرے تو وھي لوگ خسارے
میں ھیں -

[۱۲۲] اے بني اِسرائیل - میري وہ نعمتیں یاد کرو جو میں
نے تم پر کیں ھیں اور یہہ کہ میں نے تم کو تمام عالموں پر فضیلت
دي تھي - [۱۲۳] اور اُس دن سے ڈرو جب کہ کوئي نفس کسي نفس
کے کچھہ کام نہ آئیگا - اور نہ اُس سے کوئي بدلا قبول کیا جائیگا -
اور نہ اُس کو شفاعت فائدہ دیگي - اور نہ وہ مدد دئے جائینگے -
[۱۲۴] اور جب اِبراھیم کو اُس کے پروردگار نے کئي باتوں میں
آزمایا - اور اُس نے اُن کو پورا کیا تو خدا نے کہا کہ میں

تجکو لوگوں کا امام بنانے والا ہوں - اُس نے کہا اور میری
اولاد میں سے ؟ فرمایا میرا عہد ظالموں کو نہیں پہنچتا -
[۱۲۵] اور جب ہم نے خانہ کعبہ کو لوگوں کا مرجع اور امن
کی جگہہ مقرر کیا اور کہا کہ مقام اِبراہیم کو نماز کی جگہہ بناؤ -
اور ہم نے اِبراہیم اور اِسمعیل سے عہد لیا کہ ہمارے اِس گھر
کو طواف اور اِعتکاف اور رکوع اور سجود کرنے والوں کے لئے پاک
رکھو - [۱۲۶] اور جب اِبراہیم نے کہا کہ اے میرے پروردگار
اِس کو امن کا شہر بنا دے اور اِس کے رہنے والوں میں سے جو
خدا اور روز آخرت پر ایمان رکھیں اُن کو میوے کھانے کو دے -
فرمایا اور جو کوئی کفر کریگا اُس کو بھی میں تھوڑا فائدہ اُٹھانے
دونگا - پھر اُس کو بےبس کرکے عذاب دوزخ میں ڈھکیلونگا -
اور (وہ) بری مسافت ہے - [۱۲۷] اور جب اِبراہیم اور اِسمعیل
خانہ کعبہ کی بنیاد اُٹھاتے تھے (اور کہتے تھے) اے ہمارے پروردگار
ہمارے اِس کام کو قبول کر - بےشک توہی سننے والا اور جاننے والا
ہے - [۱۲۸] اے ہمارے پروردگار - ہم کو اپنا مطیع بنا اور ہماری
اولاد میں سے ایک گروہ کو اپنا مطیع بنا - اور ہم کو ہمارے
طریقے دکھا اور ہماری توبہ قبول کر - بے شک توہی توبہ قبول
کرنے والا اور رحم کرنے والا ہے - [۱۲۹] اور اے ہمارے پروردگار -
اِن میں اِن ہی میں سے ایک رسول کھڑا کر کہ اِن کو تیری آیتیں
پڑھکر سنائے اور اِن کو کتاب اور حکمت سکھائے اور اِن کو پاک
کرے - بے شک توہی زبردست اور حکمت والا ہے -

[۱۳۰] اور کون ہوگا جو ملت ابراہیم سے منہہ پھیرے مگر
وہی جس نے اپنے آپ کو بے وقوف بنایا ؟ اور بے شک ہم نے اُس کو
دنیا میں برگزیدہ کیا - اور آخرت میں بھی وہ نیکوں میں
ہوگا - [۱۳۱] جب اُس سے اُس کے پروردگار نے کہا کہ تومیرا مطیع

هو - اُسنے كہا كہ ميں تمام عالموں كے پروردگار كا مطيع هوا -
[۱۳۲] اور اسي كي اِبراهيم اپنے بيٹوں كو وصيت كر گيا اور يعقوب
بهي - كہ بيٹا خدا نے اس دين كو تمهارے لئے پسند كيا هے -
سو تم بے مسلمان هوے نہ مرنا - [۱۳۳] كيا تم موجود تهے جب
يعقوب كو موت آئي - جب اُس نے اپنے بيٹوں سے پوچها كہ ميرے
بعد تم كس كي عبادت كروگے ؟ اُنهوں نے كہا كہ هم تيرے معبود
اور تيرے باپ دادوں يعني ابراهيم اور اسمعيل اور اسحاق كے
معبود خداے واحد كي عبادت كرينگے - اور هم اُسي كے مطيع
رهينگے - [۱۳۴] يہہ امت تهي كہ گزر گئي - اُنكي كمائي ان كو -
اور تمهاري كمائي تم كو - اور تم سے اُنكے كئے كي پرسش نہ هوگي -
[۱۳۵] اور وہ كہتے هيں كہ يہود يا نصاريٰ هو جاؤ تو هدايت
پاؤگے - تو كہہ نہيں بلكہ ابراهيم كي ملت (ميں آ جاؤ)
جو ايك خدا پرست تها اور مشركوں ميں سے نہ تها - [۱۳۶] تم
كہو كہ هم تو خدا پر ايمان لائے اور اُس پر جو هماري طرف
نازل هوا هے - اور اُس پر جو ابراهيم اور اِسمعيل اور اِسحاق
اور يعقوب اور اولاد يعقوب پر نازل هوا تها - اور جو موسيٰ اور
عيسيٰ كو ديا گيا اور جو كچهہ دوسرے نبيوں كو اُن كے پروردگار
كي طرف سے ديا گيا - هم اِن ميں سے كسي ايك ميں بهي فرق
نہيں كرتے - اور هم اُسي خدا كے مطيع هيں - [۱۳۷] تو اگر
وہ ايمان لائيں جيسا تم ايمان لائے هو تو بس وہ هدايت پا
گئے - اور اگر وہ پهر جائيں تو سواے اِس كے نہيں كہ وہ ضد
پر هيں - تو اُن سے خدا تيرے لئے كافي هوگا - اور وہ سننے والا
جاننے والا هے - [۱۳۸] (هم تو) خدا كے رنگ ميں هيں اور كس كا
رنگ خدا سے بہتر هوگا ؟ اور هم اُسي كي عبادت كرتے هيں -
[۱۳۹] تو كہہ كيا تم خدا كے بارے ميں هم سے حجت كرتے

هو حالانکه وهي همارا پروردگار اور تمهارا پروردگار هے - اور همارے اعمال همارے لئے اور تمهارے اعمال تمهارے لئے هیں - اور هم أسي سے اخلاص رکھتے هیں ؟ [۱۴۰] یا تم کہتے هو که ابراهیم اور اسمعیل اور اسحاق اور یعقوب اور أسکي اولاد یہود یا نصاري تھے ؟ تو کہہ که تم بہتر جانتے هو یا خدا ؟ اور أس سے بڑھکر ظالم کون هوگا جو أس شہادت کو جو أس کے پاس خدا کي طرف سے آئي هو چھپائے ؟ مگر خدا تمهارے کاموں سے غافل نہیں - [۱۴۱] یہہ أمت تھي که گزر گئي - أن کي کمائي أن کو اور تمهاري کمائي تم کو ملیگي - اور تم سے أن کے کاموں کي پرسش نه هوگي -

¶ [۱۴۲] بےوقوف لوگ تو کہیں هي گے که وہ جس قبلے پر تھے أس سے وہ کیوں پھر گئے ؟ تو کہہ که خدا هي کا هے پورب اور پچھم - وہ جس کو چاهے سیدھے راستے کي طرف هدایت کرے - [۱۴۳] اور اِسي طرح هم نے تم کو أمت وسط مقرر کیا هے تاکه تم سب لوگوں پر گواہ هو اور رسول تم پر گواہ هو - اور وہ قبله جس پر تو تھا هم نے اِسي لئے مقرر کیا تھا که أس شخص کو جو رسول کي پیروي کرتا هے هم أس شخص سے جدا جان لیں جو ألٹے پاؤں پھر جاتا هے - اور أن لوگوں کے سوا جن کو خدا نے هدایت کی هے یہہ سب پر بڑا بار گزریگا - اور خدا ایسا نہیں که تمهارا ایمان ضائع کرے - بے شك خدا لوگوں پر مہربان اور رحیم هے - [۱۴۴] هم نے تجکو منہہ پھیر پھیر کر آسمان کی طرف دیکھتے دیکھا - تو هم ضرور تجکو أسي قبلے کي طرف پھیرینگے جس سے تو خوش هوگا - تو مسجد حرام کي طرف تو اپنا منہہ پھیر - اور (اے مومنو) تم بھي جہاں کہیں هو اسي کي طرف اپنا منہہ پھیرو - اور اهل کتاب

خوب جانتے هیں که یهه برحق اور اُن کے بروردگار کي طرف سے
هے - اور خدا ان کے کاموں سے غافل نهیں - [۱۴۵] اور اگر تو اهل
کتاب کے پاس ساري نشانیاں لے آئے تو بهي وہ تیرے قبلے کي
پیروي نهیں کرنے کے - اور نه تو هي اُن کے قبلے کي پیروي کریگا -
اور اُن میں سے ایك دوسرے کے قبلے کي پیروي کرنے کا نهیں -
پهر اگر تو اُن کي خواهشوں کي پیروي کرے باوجودیکه تجکو
اِس کا علم حاصل هو چکا تو بے شك تو (اپنے آپ پر) ظلم کرنے
والوں میں سے هوگا - [۱۴۶] جن لوگوں کو همنے کتاب دي هے وہ
رسول کو ایسا پهچانتے هیں جیسے وہ اپنے لڑکوں کو پهچانتے
هیں - مگر اُن میں کا ایك گروہ جان کر بهي حق بات کو چهپاتا
هے - [۱۴۷] یهه حکم برحق اور تیرے برودگار کي طرف سے هے
بس تو شك کرنے والوں میں نه هو -

[۱۴۸] اور هر ایك کے لئے ایك طرف هے جدهر کو وہ
(نماز میں) منهه پهیرتا هے - مگر تم نیك کاموں میں سبقت
لے جاؤ - تم کهیں بهي هو خدا تم سب کو (اپني طرف) لے
آئیگا - بے شك وہ هر چیز پر قادر هے - [۱۴۹] اور تو کهیں
سے بهي نکلے اپنے منهه کو مسجد حرام کي طرف پهیر - اور
بے شك یهه حق اور تیرے پروردگار کي طرف سے هے - اور خدا
تمهارے کاموں سے غافل نهیں - [۱۵۰] اور تو کهیں سے بهي
نکلے تو اپنے منهه کو مسجد حرام کي طرف پهیر - اور (اے مومنو)
تم بهي جهاں کهیں هو تو اپنے منهه کو اسي طرف پهیرو -
تا که لوگوں کو تم سے حجت کرنے کا موقع نه ملے - مگر جو
اُن میں (اپنے آپ پر) ظلم کرنے والے هیں تم اُن سے نه ڈرو
بلکه مجسے ڈرو تا که میں اِپني نعمت تم پر پوري کروں اور
تا که تم هدایت پاؤ - [۱۵۱] جیسا هم نے تم میں تم هي میں

کا ایک رسول بھیجا جو ہماري آیتیں تم کو پڑھ کر سنائے
اور تم کو پاک کرے اور تم کو کتاب اور حکمت سکھائے اور تم کو
وہ باتیں سکھائے جو تم نہیں جانتے تھے - [۱۵۲] تو تم
مجکو یاد رکھو - میں بھی تم کو یاد رکھونگا - اور میرا شکر
کرو اور کفر نہ کرو -

[۱۵۳] مومنو - صبر اور نماز سے مدد لو - بے شک خدا
صبر کرنے والوں کے ساتھہ ھے - [۱۵۴] اور جو لوگ خدا کي
راہ میں قتل کئے جائیں اُن کو مردہ نہ کہو - بلکہ وہ زندہ
ھیں - لیکن تم نہیں سمجھتے - [۱۵۵] اور البتہ ھم تم کو
کچھہ خوف سے اور بھوک سے اور مال اور جان اور میووں کے
نقصان سے آزمائینگے - اور بشارت دے صبر کرنے والوں کو
[۱۵۶] کہ جب اُن پر مصیبت آپڑتی ھے تو کہتے ھیں کہ ھم
تو خدا ھی کے ھیں اور ھم کو اُسی کي طرف لوٹ جانا ھے -
[۱۵۷] یہي لوگ ھیں جن پر اُن کے پروردگار کي طرف سے
درود اور رحمت (نازل ھوتي) ھے - اور یہي ھدایت پانے والے
ھیں - [۱۵۸] بے شک صفا اور مروہ خدا کي نشانیوں میں
سے ھیں - تو جو کوئي حج بیت‌الله یا عمرہ کرے اُس پر اِن
دونوں کے درمیان طواف کرنے میں کوئي گناہ نہیں ھے - اور
جو کوئي شوق سے نیک کام کرے تو خدا قدردان اور جاننے‌والا
ھے - [۱۵۹] بے شک جو لوگ ھماري نازل کي ھوئي بین
دلیلوں اور ھدایت کو چھپاتے ھیں باوجودیکہ ھم نے اُن کو
لوگوں کے لئے کتاب میں بیان کر دیا ھے - تو خدا اُن پر
لعنت کرتا ھے اور لعنت کرنے والے اُن پر لعنت کرتے ھیں -
[۱۶۰] مگر جنھوں نے توبہ کي اور (اپني) اِصلاح کر لي اور
بیان کر دیا تو یہي لوگ ھیں جن کي توبہ میں قبول کرتا

هوں - اور میں توبه قبول کرنے والا رحیم هوں - [۱۶۱] بےشك
جو لوگ کفر کئے اور کافر هي مر گئے تو اُن پر خدا کي اور
فرشتوں کي اور تمام لوگوں کي لعنت هے - [۱۶۲] (وہ) همیشه
اسي میں رهینگے - نه اُن سے عذاب هي هلکا کیا جائیگا اور
نه اُن کو مهلت هي دي جائیگي * - [۱۶۳] اور تمهارا معبود
ایك خدا هے - اُس کے سوا کوئي معبود نهیں -- (وہ) رحمان
اور رحیم هے -

[۱۶۴] بے شك آسمان اور زمین کے بنانے میں - اور رات اور
دن کے آنے جانے میں - اور کشتیوں میں جو دریا میں لوگوں
کے فائدے کي چیزیں لیکر چلتي هیں - اور پاني میں جس کو
خدا آسمان سے اُتارتا هے اور اُس سے زمین کو اُس کے مرے
پیچھے پھر زندہ کرتا هے اور اُس میں هر قسم کے جانور پھیلا
رکھے هیں - اور هواؤں کے پھیرنے میں - اور بادلوں میں جو
آسمان اور زمین کے درمیان مسخر کئے هوئے هوتے هیں -
بے شك (اِن سب میں) اهل عقل کے لئے نشانیاں هیں -
[۱۶۵] اور لوگوں میں ایسے بھي هیں جو خدا کے سوا اور
کو بھي اُس کے برابر ٹھهراتے هیں - ان سے محبت کرتے
جیسي محبت خدا سے چاهئے - مگر جو لوگ ایمان رکھتے
وہ سب سے زیادہ خدا کي محبت رکھتے هیں - اے کاش یهہ
ظالم دیکھہ لیں جو یهہ عذاب کي گھڑي میں دیکھینگے -
که ساري قوت خدا هي کو هے - اور یهہ که خدا سخت سزا
دینے والا هے - [۱۶۶] جب پیر اپني پیروي کرنے والوں سے
دست بردار هو جائینگے اور وہ عذاب کو دیکھینگے اور اُن کے
تعلقات کٹ جائینگے [۱۶۷] اور پیروي کرنے والے کهینگے

* دوسرے معني - نه ان پر نظر هي کي جائیگي

اے کاش ھم پھر لوٹ جاسکتے تو ھم ان سے دست بردار ھو
جاتے جیسے یہہ ھم سے دست بردار ھوئے ھیں - اِسي طرح
خدا اُن کے اعمال اُن کو دکھلائیگا - اُن کے لئے وہ موجب
حسرت ھونگے - اور وہ آگ سے نکل نہ سکینگے -
[۱۶۸] لوگو - دنیا میں جو چیزیں حلال اور اچھي
ھیں اُنھیں کھاؤ - اور شیطان کے قدموں پر نہ چلو - بے شک
وہ تمھارا صریح دشمن ھے - [۱۶۹] وہ تو تمھیں بدي اور
بے حیائي ھي کي ترغیب دیتا ھے - اور یہہ کہ تم خدا کي
نسبت وہ باتیں کہو جن کا تم کو علم نہیں ھے - [۱۷۰] اور
جب اُن سے کہا جاتا ھے کہ اُس چیز کي پیروي کرو جو خدا نے
نازل کي ھے - تو کہتے ھیں (نہیں) بلکہ ھم پیروی کرینگے
اُس چیز کي جس پر ھم نے اپنے باپ دادوں کو پایا - کیا اگرچہ
اُن کے باپ دادے کچھہ بھي نہیں عقل رکھتے ھوں - اور
نہ وہ ھدایت پائے ھوں ؟ [۱۷۱] اور کافروں کي مثال اُس
شخص کي سي ھے جو چِلّاتا ھے اُس چیز کو کہ نہیں سنتي
مگر بلانا اور پکارنا - یہہ (خود) بہرے گونگے اندھے ھیں کہ
عقل نہیں رکھتے - [۱۷۲] مومنو - اچھي چیزوں میں سے جو
ھم نے تم کو دیں ھیں کھاؤ اور خدا کا شکر کرو اگر تم اُسي
کي عبادت کرتے ھو - [۱۷۳] سوائے اِس کے نہیں کہ اُس نے
تم پر مردار اور لہو اور سؤر کا گوشت اور جو کچھہ خدا کے سوا
کسي اور کے نام سے نامزد کیا گیا ھو حرام کیا ھے - لیکن
جو کوئي لاچار ھو نہ یہہ کہ سرکشي اور زیادتي کرے - تو اُس
پر کوئي گناہ نہیں - بے شک خدا معاف کرنے والا رحیم ھے -
[۱۷۴] وہ جو کتاب میں سے خدا کا نازل کیا ھوا چھپاتے ھیں اور
اُس کے بدلے تھوڑا نفع حاصل کرتے ھیں - یہہ لوگ اپنے پیٹوں

میں سوائے آگ کے اور کچھہ نہیں نگلینگے - اور قیامت کے دن
خدا اُن سے بات تک نہیں کریگا - اور نہ اُن کو پاک کریگا -
اور اُن کے لئے عذاب دردناک ہے - [۱۷۵] یہی لوگ ہیں
جنھوں نے ہدایت کے بدلے گمراہی مول لی اور مغفرت کے بدلے
عذاب - اور ان کا آگ میں صبر کیا غضب کا ہوگا - [۱۷۶] یہہ
اِس لئے کہ خدا نے کتاب کو برحق اُتارا - اور بے شک جو لوگ
کتاب میں اِختلاف کرتے ہیں وہ بڑی ضد پر ہیں -

[۱۷۷] نیکی یہہ نہیں کہ تم اپنے منہہ پورب یا پچھم کی
طرف پھیرو - بلکہ نیکی وہ ہے کہ جو کوئی خدا پر اور روز
آخرت پر اور فرشتوں پر اور کتاب پر اور نبیوں پر ایمان لائے
اور خدا کی محبت میں قرابت والوں اور یتیموں اور غریبوں اور
مسافروں اور مانگنے والوں کو دے - اور گردن آزاد کرنے میں
خرچ کرے - اور نماز پر قائم رہے اور زکوۃ دے - اور جب اِقرار کرے
تو اپنے اِقرار کو پورا کرے - اور سختی میں اور تکلیف میں
اور سختی کے وقت صبر کرنے والے - یہی لوگ سچے ہیں اور
یہی لوگ پرہیزگار ہیں - [۱۷۸] مومنو - مقتول کے بارے میں
تم پر قصاص مقرر کیا گیا ہے - آزاد کے بدلے آزاد اور غلام کے
بدلے غلام اور عورت کے بدلے عورت - پھر جس کو اُس کے بھائی
کی طرف سے کچھہ معاف کر دیا جائے تو چاھئے کہ دستور کے
مطابق مطالبہ ہو اور وہ اُس کو حسن اخلاق کے ساتھہ ادا
کردے - یہہ تمہارے پروردگار کی طرف سے تخفیف اور رحمت ہے -
اور اِس کے بعد جو کوئی زیادتی کرے تو اُسکے لئے عذاب دردناک
ہے - [۱۷۹] اور اے عقلمندو - قصاص میں تمہاری زندگی ہے -
تا کہ تم (ظلم سے) بچو - [۱۸۰] تم پر فرض کیا جاتا ہے کہ جب
تم میں سے کسی کو موت آئے اور وہ کچھہ مال چھوڑے تو ماں

باپ اور قرابت والوں کے لئے دستور کے مطابق وصیت کر دے- یہہ
متقیوں پر فرض ہے- [۱۸۱] پھر جو کوئي اس کو سننے کے بعد
اس کو بدل ڈالے تو اُس کا گناہ اُنھیں لوگوں پر ہے جو اس کو
بدلیں- بےشک خدا بخشنے والا جاننے والا ہے- [۱۸۲] اور جو
کسي کو وصیت کرنے والے کي طرف سے طرفداري یا گناہ کا ڈر ہو
اور وہ اُن کے درمیان صلح* کرادے تو اُس پر کوئي گناہ نہیں-
[۱۸۳] مومنو- تم پر روزہ فرض کیا گیا ہے جیسے تم سے پہلے
لوگوں پر فرض کیا گیا تھا- تا کہ تم (گناھوں سے) بچو-
[۱۸۴] گنتي کے چند روز روزے رکھو- مگر جو کوئي تم میں بیمار
ہو یا سفر میں ہو وہ دوسرے دنوں میں روزے رکھہ لے- اور جو
سکیں اُن کو چاھئے کہ ایک روزے کے بدلے ایک غریب کو کھانا
کھلا دیں- اور جو کوئي شوق سے نیک کام کرے تو یہہ اُس کے
لئے زیادہ اچھا ہے اور جو تم روزہ رکھو تو یہہ تمہارے لئے زیادہ
اچھا ہوگا- اگر تم جانو- [۱۸۵] رمضان کا مہینا جس میں
قرآن نازل ہوا کہ وہ لوگوں کے لئے ہدایت اور ہدایت کی بین
دلیل اور نیک اور بد کي پہچان ہے- تو جو کوئي تم میں سے
اِس مہینے میں (اپني جگہہ پر) حاضر ہو اُس کو چاھئے کہ اس
(مہینے) میں روزے رکھے- اور جو کوئي مریض ہو یا سفر میں
ہو تو وہ دوسرے دنوں میں گنتي کے چند روز روزے رکھہ لے-
خدا تمہاری آسانی چاھتا ہے اور تمہاري تکلیف نہیں چاھتا-
اور یہہ حکم اِس لئے دئے تا کہ تم کئي روز پورے کردو اور تا کہ تم
خدا کي بڑائي کرو اس لئے کہ اُس نے تمکو ہدایت کي اور تا کہ تم
شکر کرو- [۱۸۶] اور جب میرے بندے میري نسبت تجھسے
سوال کریں - تو میں نزدیک ہوں- جب کبھي کوئي مجھکو

* یا اِصلاح-

پکارے تو میں پکارنے والے کے پکارنے کا جواب دیتا ھوں - تو
چاھئے کہ وہ بھي (میرے پکارنے کا) جواب دیں اور مجہپر
ایمان لائیں - تا کہ وہ راہ پر آ جائیں - [۱۸۷] روزے کي رات
کو اپني بیویوں سے رغبت کرنا تمھارے لئے حلال کیا گیا ھے - تم
دونوں میں چولي دامن کا ساتھہ ھے * - خدا نے جانا کہ تم اپنا
ھي خیانت کرتے ھو - سو وہ تمھاري توبہ قبول کرتا ھے اور تم کو
معاف کرتا ھے - تو اب اُن سے ملا کرو اور جو کچھہ خدا نے
تمھارے لئے مقرر کیا ھے اُس کی خواھش کرو - اور کھاؤ اور پیؤ
یہاں تک کہ رات کي کالي دھاري سے فجر کي سفید دھاري تمکو
صاف دکھائي دے - پھر رات تک روزہ پورا کرو - اور اُن سے مت
ملو بلکہ مسجدوں میں اعتکاف کے لئے بیٹھے رھو - یہہ خدا
کي حدیں ھیں - بس اُن کے نزدیک نہ جاؤ - اِسي طرح خدا
اپنی آیتیں لوگوں کے لئے بیان کرتا ھے تا کہ وہ (برے کاموں
سے) بچیں - [۱۸۸] اور آپس میں ایک دوسرے کا مال ناحق
نہ کھاؤ - اور نہ اُس کو حاکم تک پہنچاؤ - تا کہ گناہ کر کے
لوگوں کے مال میں سے کچھہ کچھہ کر کے کھا جاؤ حالانکہ تم
جانتے ھو (کہ یہہ ظلم ھے) -

[۱۸۹] تجسے سے نئے چاند کے بارے میں پوچھتے ھیں -
تو کہہ کہ یہہ لوگوں کے اور حج کے وقت بتلانے کو ھیں - اور
یہہ نیکي نہیں کہ تم گھروں میں اُن کے پچھواڑے سے جاؤ -
بلکہ نیکي اس کي ھے جو (برے کاموں سے) بچے - سو گھروں میں
ان کے دروازوں سے آؤ - اور خدا سے ڈرو تا کہ تم فلاح پاؤ -
[۱۹۰] اور خدا کي راہ میں اُن لوگوں سے لڑو جو تم سے لڑیں -
مگر زیادتي نہ کرو - خدا زیادتي کرنے والوں کو پسند نہیں


* لفظي ترجمہ یہہ ھے - وہ (عورتیں) تمھاري پوشاک ھیں اور تم (مرد) اُن کي
پوشاک ھو -

سورهٔ فتح

مدني – ۲۹ آيتيں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحيم هے

[۱] هم نے تجکو صريح فتح دي – [۲] تا که خدا تجکو تيرے گناه جو پهلے هوئے تھے اور جو پيچھے هوئے هيں بخش دے – اور تجھ پر اپني نعمتيں پوري کرے اور تجکو سيدهي راه کي هدايت کرے – [۳] اور خدا تيري زوروں کي مدد کرے – [۴] وهي هے جس نے ايمان والوں کے دلوں ميں تسکين دي تا که ان کے ايمان کے ساتھ اور ايمان زياده هو – اور آسمان اور زمين کے لشکر سب خدا کے هيں – اور خدا جاننے والا اور حکمت والا هے – [۵] که وه ايمان والے مردوں اور ايمان والي عورتوں کو جنت ميں داخل کرے جن کے نيچے سے نهريں جاري هونگي – وه هميشه اسي ميں رهينگے – اور ان سے ان کي بُرائيوں کو دور کردے – اور خدا کے نزديک يهي تو بڑي کاميابي هے – [٦] اور منافق مردوں اور منافق عورتوں اور مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو عذاب کرے – جو خدا کے بارے ميں بد گمانياں کرتے هيں وه بُرائي کے پھير ميں آگئے – اور خدا ان پر غصه هوا اور اُن پر لعنت کي اور اُن کے لئے جهنم تيار کر رکھا هے – اور وه پھر جانے کي بُري جگه هے – [۷] اور آسمان اور زمين کے لشکر سب خدا هي کے هيں – اور خدا زبردست اور حکمت والا هے – [۸] هم نے تجکو گواه بناکر اور خوش خبري دينے اور ڈرانے کو بھيجا هے – [۹] که تم خدا اور اُس کے رسول پر ايمان لاؤ اور اُس کي مدد کرو اور اُس کي توقير کرو –



مدينهٔ منوره

حاضر نہ هوں - اور خدا سے ڈرو - اور جان رکھو کہ خدا سخت عذاب کرنے والا هے -
[١٩٧] حج جانے هوئے مهینوں میں هے - تو جو کوئي اِن میں اپنے اُوپر حج فرض کرلے تو چاهئے کہ نہ رغبت کرے (عورتوں سے) اور نہ فسق کرے اور نہ جھگڑا کرے حج میں - اور تم جو کچھہ نیکي کرتے هو وہ خدا جانتا هے - اور زاد راہ لے لیا کرو حالانکہ بهترین زاد راہ (برے کاموں سے) بچنا هے - اور اے عقلمندو مجھي سے ڈرو - [١٩٨] اِس میں تم پر کوئي گناہ نهیں کہ تم حج میں اپنے پروردگار سے روزي چاهو - اور جب عرفات سے پھرو تو مشعرالحرام کے پاس خدا کو یاد کرو - اور اُس کو یاد کرو جیسے اُسنے تم کو بتایا هے - حالانکہ اِس سے پهلے تم گمراهوں میں سے تھے - [١٩٩] پھر تم چلو جهاں سے لوگ چلتے هیں - اور خدا سے اِستغفار کرو - بے شك خدا معاف کرنے والا اور رحم کرنے والا هے - [٢٠٠] اور جب اپنے رسومات پورے کر چکو تو خدا کو یاد کرو جیسے تم اپنے باپ دادوں کو یاد کرتے هو بلکہ اُس سے بھي زیادہ - پھر کچھہ لوگ هیں جو کهتے هیں - اے همارے پروردگار همکو دنیا میں دے - اور آخرت میں اُنکا کوئي حصہ نهیں - [٢٠١] اور اُن میں کچھہ لوگ هیں جو کهتے هیں - اے همارے پروردگار همیں دنیا میں نیکي دے - اور آخرت میں بھي نیکي دے - اور هم کو دوزخ کے عذاب سے بچا - [٢٠٢] یهي هیں جن کو اُن کي کمائي کا حصہ ملیگا - اور خدا جلد حساب لینے والا هے - [٢٠٣] اور چند گنتي کے دنوں میں خدا کو یاد کرو - اور جو کوئي دو دن میں جلدي کرے تو اُس پر کوئي گناہ نهیں - اور جو کوئي دیر کرے اُس پر بھي کوئي گناہ نهیں -

یہہ اُس شخص کے لئے ہے جو (گناہ سے) بچے - اور خدا سے ڈرو - اور جان رکھو کہ تم اُسي کے پاس جمع کئے جاؤگے - [۲۰۴] اور لوگوں میں ایک وہ ہے کہ اُس کي بات دنیا کي زندگي میں تجھے اچھي معلوم ہوتي ہے - اور وہ خدا کو اپنے دل کي بات پر گواہ ٹھہراتا ہے حالانکہ وہ سخت جھگڑالو ہے - [۲۰۵] اور جب وہ (تیري طرف سے) پیٹھہ پھیرتا ہے تو دنیا میں فساد کرنے اور کھیتي اور نسلوں کو ہلاک کرنے کي کوشش کرتا ہے - مگر خدا فساد پسند نہیں کرتا - [۲۰۶] اور جب اُس سے کہا جاتا ہے کہ خدا سے ڈرو - تو تکبر اُس کو گناہ کي طرف کھینچتا ہے - سو اُسکے لئے جہنم کافي ہے - اور البتہ وہ برا ٹھکانا ہے - [۲۰۷] اور لوگوں میں ایک وہ ہے کہ خدا کي خوش نودي کے لئے اپنے تئیں بیچتا ہے - اور خدا (اپنے) بندوں پر مہربان ہے - [۲۰۸] مومنو - تم سب کے سب اسلام میں داخل ہو - اور شیطان کے قدموں پر نہ چلو - وہ تو تمہارا دشمن صریح ہے - [۲۰۹] اور جو تمہارے پاس بین دلیلیں آنے کے بعد تم ڈگ جاؤ تو جان رکھو کہ خدا زبردست حکمت والا ہے - [۲۱۰] کیا یہہ لوگ اِسي کے منتظر ہیں کہ خدا بادلوں کے سائے میں اُنکے پاس آ جائے اور فرشتے بھي اور معاملہ طے ہو جائے ؟ مگر معاملے تو خدا کے اختیار میں ہیں -

[۲۱۱] (اے نبي) بني اسرائیل سے پوچھہ کہ ہم نے اُن کو کتني بین آیتیں دیں - مگر جو کوئي خدا کي نعمت جو اُسکے پاس آ چکي ہے اُس کو بدل ڈالے تو خدا سخت سزا دینے والا ہے - [۲۱۲] کافروں کو دنیا کي زندگي اچھي معلوم ہوتي ہے - اور وہ مومنوں پر ہنستے ہیں - مگر

جو لوگ (برے کاموں سے) بچتے هیں وہ قیامت کے دن اُن سے
اُوپر هونگے - اور خدا جس کو چاهے بے حساب رزق دے -
[۲۱۳] (پہلے) لوگ ایک اُمت تھے - پھر خدا نے نبیوں کو
خوش خبری دینے اور ڈرانے کو بھیجا - اور اُن کے ساتھہ
کتاب برحق نازل کی تاکہ لوگوں میں اُن باتوں کا فیصلہ
کر دے جن کی نسبت ان میں اختلاف تھا - اور اُس میں تو
اهل کتاب نے بین دلیلیں پا کر بھی محض آپس کی ضد سے
اختلاف کیا - اور خدا نے اپنے حکم سے مومنوں کو اُس سچی
بات کی هدایت کی جسکی نسبت لوگ اختلاف کر رهے تھے -
اور خدا جس کو چاهے سیدھی راہ کی هدایت کرے -
[۲۱۴] کیا تم خیال کرتے هو کہ جنت میں داخل هوگے
حالانکہ ابھی تم پر وہ باتیں نہیں گزریں جو تم سے اگلوں
پر گزر چکی هیں ؟ اُن کو سختی اور تکلیف پہنچی - اور وہ
کانپ اُٹھے یہاں تک کہ اُن کے رسول اور ایمان والے جو اُن کے
ساتھہ تھے کہہ اُٹھے - خدا کی مدد کب آئیگی ؟ خبردار
خدا کی مدد قریب هے - [۲۱۵] وہ تجھسے پوچھینگے کہ
(خدا کی راہ میں) کیا خرچ کریں ؟ تو کہہ جو کچھہ تم
خیرات کرو تو (اپنے) ماں باپ اور قرابت والوں اور یتیموں اور
غریبوں اور مسافروں (کو دو) - اور تم جو کچھہ خیرات کرتے
هو وہ خدا خوب جانتا هے - [۲۱۶] تم پر لڑائی کرنا فرض
کیا گیا هے - اور وہ تم کو بری لگتی هے - اور شاید تم کو ایک
چیز بری لگے اور وهی تمہارے لئے بہتر هو - اور شاید تم کو
ایک چیز اچھی لگے اور وہ تمہارے لئے بری هو - خدا جانتا
هے اور تم نہیں جانتے -
[۲۱۷] تجھسے حرمت کے مہینے میں لڑائی کرنے کے بارے

میں پوچھتے هیں - تو کهہ اُس میں لڑائي کرنا گناہ
کبیرہ هے - مگر خدا کي راہ سے (لوگوں کو) روکنا اور اُس سے
کفر کرنا اور مسجد حرام سے روکنا اور اُس کے لوگوں کو
اُس سے نکال دینا خدا کے هاں زیادہ گناہ هے - اور فتنہ
انگیزي قتل سے بدتر هے - اور وہ تم سے لڑنے سے باز نہ آئینگے
یہاں تک کہ اگر وہ سکیں تو تم کو تمہارے دین سے پهیر
دیں - اور تم میں جو کوئي اپنے دین سے پهر جائے اور کافر هي
مر جائے - تو یہي لوگ هیں جن کے اعمال دنیا اور آخرت میں
برباد هو گئے - اور یہي دوزخي هیں - وہ اُسي میں همیشہ
رهینگے - [۲۱۸] جو ایمان لائے اور جنهوں نے هجرت کي اور
خدا کي راہ میں کوشش کی - یہي لوگ خدا کي رحمت کي
اُمید رکهہ سکتے هیں - اور خدا معاف کرنے والا اور رحم کرنے
والا هے - [۲۱۹] تجهسے شراب اور جوئے کے بارے میں
پوچهتے هیں - تو کهہ اِن میں بڑا گناہ هے اور لوگوں کے لئے نفع
بهي هے مگر اُن کا گناہ اُن کے نفع سے بڑهہ کر هے - اور تجهسے
پوچهتے هیں کہ (راہ خدا میں) کیا خرچ کریں - تو کهہ جو
کچهہ (تمہارے خرچ سے) بچے - اِسي طرح خدا تم لوگوں
کے لئے آیتیں بیان کرتا هے تا کہ تم غور کرو [۲۲۰] دنیا اور
آخرت کے بارے میں - اور تجهسے یتیموں کے بارے میں پوچهتے
هیں - تو کهہ کہ اُن کي اِصلاح کرنی بہتر هے - اور اگر تم اُن
کو ملا رکهو تو وہ تمہارے بهائی هیں - اور خدا فساد کرنے
والے اور اِصلاح کرنے والے کو جانتا هے - اور اگر خدا چاهے تو وہ
تم کو تکلیف میں ڈالیگا - بے شک خدا زبردست اور جاننے والا
هے - [۲۲۱] اور مشرک عورتوں سے نکاح نہ کرو جب تک وہ
ایمان نہ لائیں - اور اَلبتہ ایمان والی لونڈي مشرک عورت سے

اچھی ھے حالانکہ وہ تم کو اچھی لگے - اور مشرک مردوں سے
بھی نکاح نہ کرو جب تک وہ ایمان نہ لائیں - اور بے شک
ایمان والا غلام مشرک مرد سے بہتر ھے - حالانکہ وہ تم کو اچھا
لگے - یہہ لوگ (تم کو) دوزخ کي طرف بلاتے ھیں - اور خدا
اپنے حکم سے (تم کو) جنت اور مغفرت کي طرف بلاتا ھے - اور
اپني آیتیں لوگوں سے بیان کرتا ھے تا کہ وہ غور کریں -
[۲۲۲] اور تجھسے حیض کے بارے میں پوچھتے ھیں -
تو کہہ وہ گندگي ھے - پس تم حیض کے وقت عورتوں سے الگ
رھو - اور جب تک وہ پاک نہ ھو جائیں اُن کے پاس نہ جاؤ -
پھر جب وہ پاک ھو جائیں تو اُن کے پاس جس طرح خدا
نے تم کو حکم دیا ھے جاؤ - بے شک خدا توبہ کرنے والوں کو
اور صاف رھنے والوں کو پیار کرتا ھے - [۲۲۳] تمھاري بیویاں
تمھاري کھیتي ھیں - تو اپني کھیتي میں جیسے چاھو جاؤ -
اور اپنے لئے آگے کي تدبیر کرو - اور خدا سے ڈرو - اور جان
رکھو کہ تم کو اُسي سے ملنا ھے - اور تو مومنوں کو بشارت دے -
[۲۲۴] اور خدا کو اپني قسموں کا نشانہ نہ بناؤ کہ نیکي
کروگے اور (بُرائي سے) بچوگے اور لوگوں میں صلح کروگے* - اور
خدا سننے والا اور جاننے والا ھے - [۲۲۵] خدا تم کو تمھاري
لغو قسموں کے لئے گرفت نہیں کریگا - مگر تم کو تمھارے دلي
ارادوں کے لئے گرفت کریگا - اور خدا معاف کرنے والا اور حلیم
ھے - [۲۲۶] جو لوگ اپني بیویوں سے قسم کھا لیتے ھیں اُن کو
چار مہینے اِنتظار کرنا ھوگا - پھر اگر وہ مل گئے تو خدا معاف
کرنے والا اور رحم کرنے والا ھے - [۲۲۷] اور اگر وہ طلاق کا قصد
کریں تو خدا سننے والا اور جاننے والا ھے - [۲۲۸] اور طلاق

* اکثر مترجموں نے یوں ترجمہ کیا ھے - کہ نیکي نہ کروگے اور (برائي سے) نہ
بچوگے اور لوگوں میں صلح نہ کروگے -

دي هوئي عورتيں اپنے تئيں تين حيض تك روكے رهيں - اور اگر
خدا اور روز آخرت پر ايمان ركهتي هيں تو جو كچهه خدا نے
اُن كے پيت ميں پيدا كيا هے اس كا چهپانا اُن كو جائز نهيں -
اور اگر وه صلح كرنا چاهيں تو اس حالت ميں ان كے خاوندوں
كو چاهئے كه اُن كو پهير ليں - اور بيويوں كا بهي حق هے جيسے
خاوندوں كا اُن پر حق هے - دستور كے مطابق - اور خاوندوں كا
درجه بيويوں سے اُوپر هے - اور خدا زبردست اور حكمت والا هے -
[۲۲۹] طلاق دو دفعه هو سكتا هے - پهر يا تو (اُن كو)
دستور كے مطابق ركهو يا خوبصورتي كے ساتهه رخصت
كر دو - اور تم كو جائز نهيں كه اپنے دئے ميں سے كچهه
لے لو مگر يهه كه وه دونوں ڈريں كه خدا كي حديں نه
قائم ركهه سكينگے - تو اگر تم ڈرو كه وه خدا كي حديں
نه قائم ركهه سكينگے تو اُن پر كوئي گناه نهيں هوگا كه
عورت خود بطور فديه كچهه دے دے - يهه خدا كي حديں
هيں - بس اس ميں زيادتي نه كرو - اور جو كوئي خدا كي
حدوں ميں زيادتي كرے وهي لوگ (اپنے آپ پر) ظلم كرنے
والے هيں - [۲۳۰] پهر اگر وه اُس كو طلاق دے دے تو اس كے
بعد وه پهر اُس پر حلال نه هوگي جب تك كه وه دوسرے شوهر
سے نكاح نه كر لے - پهر اگر وه اُس كو طلاق دے دے تو ان
دونوں كے پهر مل جانے ميں كوئي گناه نهيں اگر وه خيال كريں
كه خدا كي حديں قائم ركهه سكينگے - اور يهه هيں خدا كي
حديں جن كو وه سمجهدار لوگوں كے لئے بيان كرتا هے -
[۲۳۱] اور جب تم عورتوں كو طلاق دو اور وه اپني عدت
پوري كر چكيں تو يا اُن كو دستور كے مطابق ركهو يا اُن كو
دستور كے مطابق رخصت كردو - اور اُن كو ضرر پهنچانے كے لئے

نہ روکو کہ زیادتی کرو - اور جو کوئی ایسا کرے تو اس نے اپنے
آپ پر ظلم کیا - اور خدا کی آیتوں سے ٹھٹھا نہ کرو - اور
خدا نے جو تم پر نعمتیں کی ھیں اُن کو یاد کرو اور یہہ بھی
کہ اس نے تم پر کتاب اور حکمت نازل کی کہ اُس سے تم کو
نصیحت کرے - اور خدا سے ڈرو - اور جان رکھو کہ خدا ھر
چیز کا جاننے والا ھے -

[۲۳۲] اور جب تم عورتوں کو طلاق دے دو اور وہ اپنی
عدت پوری کر لیں تو اُن کو اپنے شوھروں کے ساتھہ نکاح
کرنے سے نہ روکو جب کہ وہ حسب دستور آپس میں راضی ھو
جائیں - یہہ نصیحت اس کو کی جاتی ھے جو تم میں خدا
اور روز آخرت پر ایمان رکھتا ھے - یہہ تمھارے لئے بڑی پاکیزگی
اور صفائی کی بات ھے - اور خدا جانتا ھے اور تم نہیں جانتے -

[۲۳۳] اور جو شخص دودھہ پلانے کی مدت پوری کرنا چاھے
تو اس کے لئے بچے والی عورتیں اپنی اولاد کو دو برس دودھہ
پلائیں - اور بچے کے باپ پر دستور کے موافق اُن کا کھانا اور
پہننا ھوگا - کسی کو اُسکی گنجایش سے زیادہ تکلیف نہیں
دی جائیگی - نہ تو ماں اپنے بچے کے لئے تکلیف دی جائے -
اور نہ باپ اپنے لڑکے کے لئے - اور اُس کے وارث پر بھی یہی
ذمہواری ھے - پھر اگر دونوں آپس کی رضامندی اور مشورے
سے دودھہ چھڑانا چاھیں تو اُن دونوں پر کوئی گناہ نہیں -
اور اگر تم چاھو کہ اپنی اولاد کو دودھہ پلواؤ تو تم پر کوئی
گناہ نہیں جب کہ تم دستور کے موافق اُن کو ان کی مقررہ
اُجرت پوری پوری دے دو - مگر خدا سے ڈرو اور جان رکھو کہ
خدا دیکھتا ھے جو کچھہ تم کرتے ھو - [۲۳۴] اور تم میں سے
جو لوگ مر جائیں اور بیویاں چھوڑ جائیں تو بیویاں چار

مهينے دس دن إنتظار كريں - بهر جب وہ اپني عدت كو
پهنچ جائيں تو دستور كے موافق وہ جو كچهہ اپنے حق ميں
كريں أس كا تم بر كوئي گناہ نهيں - اور تم جو كچهہ كرتے
هو خدا اس كي خبر ركهتا هے - [۲۳۵] اور جو تم كناية
عورتوں كو نكاح كا بيام دو يا اپنے دلوں ميں چهپائے ركهو تو
اس ميں بهي تم بر كوئي گناہ نهيں - خدا جانتا هے كہ تم
كو أن كا خيال آئيگا - ليكن أن سے چهكے سے وعدہ نہ كرو -
هاں دستور كے موافق بات كهو - اور جب تك ميعاد ختم كو
نہ پهنچے عقد نكاح كا قصد نہ كرو - اور جان ركهو كہ جو
كچهہ تمهارے جي ميں هے خدا اس كو جانتا هے - سو أس سے
ڈرتے رهو اور جان ركهو كہ خدا بخشنے والا تحمل والا هے -
[۲۳۶] اگر تم عورتوں كو هاتهہ لگانے اور أن كا مهر مقرر
كرنے سے بهلے هي طلاق دے دو تو تم بر كوئي گناہ نهيں - مگر
أن كو خرچ دو - مقدور والے اپني حيثيت كے مطابق اور
تنگدست اپني حيثيت كے مطابق ان كو دستور كے موافق
خرچ ديں - نيك آدميوں بر يهہ لازم هے - [۲۳۷] اور اگر
تم هاتهہ لگانے سے بهلے هي أن كو طلاق دے دو اور
أن كا مهر مقرر كر چكے هو تو جو كچهہ تم نے مقرر كيا هے
أس كا آدها (دينا هوگا) مگر يهہ كہ عورتيں معاف كر ديں يا
جس كے هاتهہ ميں عقد نكاح هے وہ معاف كر دے - اور يهہ
كہ تم (مرد) معاف كر دو برهيزگاري سے زيادہ قريب هوگا - اور
آپس ميں إحسان كرنا نہ بهولو - بے شك جو كچهہ تم كرتے
هو خدا ديكهتا هے - [۲۳۸] نمازوں سے اور (خاص كر) بيچ
كي نماز سے خبردار رهو اور خدا كے آگے ادب سے كهڑے رهو -
[۲۳۹] اور اگر تم كو (كسي طرح كا) ڈر هو تو پيدل يا سوار

(نماز پڑھ لو) - پھر جب امن میں ہو تو خدا کو یاد کرو جیسا
کہ اُس نے تم کو سکھایا ہے جو تم نہیں جانتے تھے - [۲۴۰] اور
جو لوگ تم میں سے مر جائیں اور بیویاں چھوڑ جائیں تو
اپني بیویوں کے لئے ایک برس تک کا خرچ اور گھر سے نہ نکالنے
کي وصیت کر جائیں - پھر اگر وہ خود نکل جائیں تو دستور
کے موافق وہ جو کچھ اپنے حق میں کریں اُس کا تم پر کوئي
گناہ نہیں - اور خدا زبردست حکمت والا ہے - [۲۴۱] اور
طلاق دي ہوئي عورتوں کو دستور کے موافق خرچ دینا ہوگا -
یہہ پرہیزگاروں پر فرض ہے - [۲۴۲] اسي طرح خدا تمہارے
لئے اپني آیتیں بیان کرتا ہے تا کہ تم کو عقل ہو -

[۲۴۳] کیا تونے (اے نبي) اُن لوگوں پر نظر نہیں کي جو
اپنے گھروں سے موت کے ڈر سے نکل پڑے اور وہ ہزاروں تھے - پھر خدا
نے اُن سے کہا کہ مرجاؤ - پھر اُن کو جلایا - بے شک خدا لوگوں
پر فضل کرنے والا ہے لیکن اکثر لوگ شکر نہیں کرتے - [۲۴۴] اور
(مومنو) تم خدا کي راہ میں لڑو - اور جان رکھو کہ خدا سننے
والا اور جاننے والا ہے - [۲۴۵] ایسا کون شخص ہے جو خدا کو
قرض حسنہ دے کہ وہ اُس کو اس کے لئے کئي گنا بڑھا دے - اور
خدا ہي تنگدست بھي کرتا ہے اور کشادگي بھي دیتا ہے - اور تم
اُسي کي طرف پھیرے جاؤگے - [۲۴۶] کیا تونے موسی کے بعد
بني اسرائیل کے سرداروں پر نظر نہیں کي جب اُنہوں نے اپنے
نبي سے کہا کہ ہمارے لئے ایک بادشاہ بنا کہ ہم خدا کي راہ میں
لڑیں - اُس نے کہا کہیں ایسا تو نہ ہو کہ اگر تم پر لڑائي فرض
کي جائے تو تم لڑائي نہ کرو ؟ وہ بولے کہ ہم خدا کي راہ
میں کیوں نہ لڑینگے جب کہ ہم اپنے گھروں اور اپنے لڑکوں سے
نکالے جا چکے ؟ تو جب اُن پر لڑنا فرض کیا گیا تو اُن میں

سے کچھ لوگوں کے سوا سب بھر گئے - اور خدا (اپنے آپ پر) ظلم کرنے والوں کو خوب جانتا ہے - [۲۴۷] اور اُن کے نبي نے اُن سے کہا کہ خدا نے طالوت کو تمہارا بادشاہ بنایا ہے - وہ بولے کہ اس کو ہم پر کیونکر بادشاهت مل سکتي ہے حالانکہ اس سے تو ہم ہي سلطنت کے زیادہ حقدار ہیں - اور اُس کو تو مال کي بھي ثروت نہیں دي گئی - کہا خدا نے تم پر اُسي کو برگزیدہ کیا ہے - اور اُس کو علم اور جسم میں زیادہ وسعت دي ہے - اور خدا اپنا ملک جس کو چاہے دے - اور خدا گنجایش والا اور جاننے والا ہے - [۲۴۸] اور اُن کے نبی نے اُن سے کہا کہ اُس کے سلطنت کي یہہ نشاني ہے کہ تمہارے پاس صندوق آئیگا - اُس میں تمہارے پروردگار کي طرف سے تسکین ہوگي - اور موسیٰ اور ہارون کي اولاد جو کچھہ چھوڑ گئی ہیں اُن میں کي بچي ہوئي چیزیں بھي ہونگي - فرشتے اُس کو اُٹھا لائینگے - اگر تم ایمان رکھتے ہو تو یہي تمہارے لئے نشان ہے -

[۲۴۹] پھر جب طالوت فوجوں کے ساتھہ باہر نکلا تو کہا کہ خدا ایک نہر سے تمہاري آزمایش کرنے والا ہے - تو جو اُس سے پاني پي لیگا وہ میرا نہیں - اور جو کوئي اُس سے نہ پئے سوا اِسکے کہ وہ اپنے ہاتھہ سے ایک چلو بھر لے تو وہ میرا ہے - تو اُن میں سے کچھہ لوگوں کے سوا سبھوں نے اُس میں سے پي لیا - پھر جب طالوت اور ایمان والے جو اُسکے ساتھہ تھے نہر کے پار ہو گئے تو بولے کہ آج ہم میں جالوت اور اُس کے لشکر سے مقابلے کي طاقت نہیں - وہ لوگ جن کو خیال تھا کہ اُن کو خدا سے ملنا ہے کہنے لگے کتنے ہي بار خدا کے حکم سے چھوٹي جماعت بڑي جماعت پر غالب آ گئي ہے - اور خدا صبر کرنے والوں کا ساتھي ہے - [۲۵۰] اور جب وہ جالوت

اور اُس کي فوجوں کے مقابلے میں آئے تو بولے اے ہمارے
پروردگار ہم پر صبر ڈھال دے اور ہمارے قدم ثابت رکھہ اور
کافر لوگوں پر ہم کو مدد دے - [۲۵۱] پھر اُن لوگوں نے
خدا کے حکم سے اُن کو بھگا دیا - اور داؤد نے جالوت کو قتل
کیا - اور اُس کو خدا نے سلطنت دي اور حکمت اور جو کچھہ
چاها اُس کو سکھا دیا - اور اگر خدا لوگوں کو ایك کو ایك
سے دفع نه کرے تو دنیا میں فساد پھیل جائے - لیکن
خدا تمام عالموں پر فضل کرنے والا ھے - [۲۵۲] (اے نبي)
یہہ خدا کي آیتیں ھیں جو ھم تجکو ٹھیك ٹھیك پڑھے دیتے
ھیں - اور بے شك تو (خدا کے) بھیجے ھؤں میں سے ھے -
¶ [۲۵۳] اِن رسولوں میں سے ھم نے ایك کو ایك پر فضیلت
دي - اِن میں سے کوئي تو ھے جس سے خدا نے کلام کیا اور
کسي کے اِن میں درجے بلند کئے - اور عیسی بن مریم کو ھم
نے بین دلیلیں دیں اور روح القدس سے اُس کي تائید کي -
اور اگر خدا چاھتا تو جو لوگ اُن کے بعد ھوئے اپنے پاس بین
دلیلیں آنے پر نه لڑتے - لیکن اُنھوں نے اختلاف کیا - تو
ان میں سے کوئي تو ایمان لایا اور کوئي کافر ھوا - اور اگر
خدا چاھتا تو یہہ نه لڑتے - لیکن خدا جو چاھتا ھے کرتا ھے -
[۲۵۴] مومنو - ھم نے جو کچھہ تمھیں دیا ھے اُس میں
سے خرچ کرو قبل اس کے که وہ دن آ جائے جس میں نه بیع
ھوگي اور نه دوستي اور نه شفاعت - اور کافر (اپنے آپ پر) ظلم
کرتے ھیں - [۲۵۵] خدا وہ ھے جس کے سوا کوئي معبود نہیں -
وہ زندہ ھے اور قائم رکھنے والا ھے - نه اُسے اُونگھہ آتي ھے اور
نه نیند - اُسي کا ھے جو کچھہ آسمان اور زمین میں ھے -
کون ھے جو بغیر اُس کي اِجازت کے اُس کے پاس شفاعت کرے ؟

وہ جانتا ہے جو کچھہ اُن کے آگے ہے اور جو کچھہ اُن کے بعد آنے والا ہے - اور لوگ اُس کے علم میں سے کچھہ نہیں سمجھتے مگر جو کچھہ وہ چاہے - اُس کي کرسي آسمان اور زمین پر پھیلي ہوئي ہے - اور ان دونوں کي حفاظت اُس کو نہیں تھکاتي - اور وہ عالي شان حکمت والا ہے -* [۲۵۶] دین میں زبردستي نہیں ہے - گمراہي سے ہدایت ظاہر ہو چکي ہے - تو جو کوئي طاغوت † سے اِنکار کرے اور خدا پر ایمان لائے تو اُس نے مضبوط رسي پکڑ لي جو ٹوٹنے والي نہیں - اور خدا سننے والا اور جاننے والا ہے - [۲۵۷] خدا ایمان والوں کا حامي ہے کہ اُن کو اندھیرے سے نکال کر روشني میں لاتا ہے - اور جو لوگ کفر کرتے ہیں اُن کے حامي طاغوت ہیں کہ اُن کو روشني سے نکال کر اندھیرے میں لے جاتے ہیں - یہي لوگ دوزخي ہیں - وہ ہمیشہ دوزخ میں رہینگے -

[۲۵۸] کیا تونے اُس شخص پر نظر نہیں کي جس نے محض اس وجہہ سے کہ خدا نے اُس کو سلطنت دي تھي ابراہیم سے اُس کے پروردگار کے بارے میں حجت کي ؟ جب ابراہیم نے کہا کہ میرا پروردگار وہ ہے جو جلاتا اور مارتا ہے - اُس نے کہا کہ میں جلاتا اور مارتا ہوں - ابراہیم نے کہا کہ خدا تو سورج کو پورب سے لاتا ہے تو اُس کو پچھم سے لا - تو وہ کافر ٹھٹھکا رہ گیا - اور خدا ظالموں کو ہدایت نہیں کرتا - [۲۵۹] یا مانند اُس شخص کي جو ایک بستي پر گزرا اور وہ اُجڑي پڑي تھي ‡ - اُس نے کہا کہ خدا اس بستي کو اس کے

* اسي آیت کا نام آیت الکرسي ہے -

† یعني جھوٹے معبود -

‡ لفظي ترجمہ - اور وہ اپني چھتوں پر پڑي تھي -

مرے پیچھے کیونکر زندہ کریگا ؟ تو خدا نے اُس کو سو برس
تک مردہ رکھا پھر اُس کو اُٹھایا اور کہا تو کتنی دیر رہا ؟
اُس نے کہا میں ایک دن رہا یا ایک دن سے بھی کم -
فرمایا نہیں بلکہ تو ایک سو برس رہا - اب اپنے کھانے اور
پینے کی چیزوں پر نظر کر کہ وہ نہیں بگڑیں - اور اپنے گدھے
کو بھی دیکھہ - اور یہہ اس لئے کہ ہم تجھے لوگوں کے لئے
ایک نشانی بنائیں - اور ھڈیوں کو دیکھہ کہ ہم کیونکر اُن کو
اُبھارتے ھیں پھر اُن پر گوشت چڑھاتے ھیں - پھر جب اُس
پر یہہ ظاھر ھوا تو اُس نے کہا کہ میں جان چکا کہ خدا
ھر چیز پر قادر ھے - [۲۶۰] اور جب ابراھیم نے کہا کہ اے
میرے پروردگار مجھکو دکھا کہ تو مردوں کو کیونکر زندہ کریگا -
فرمایا کیا تو ایمان نہیں لایا ؟ اُس نے کہا ھاں مگر (میں
نے ایسی خواھش کی) تا کہ میرے دل کو اِطمینان ھو جائے -
فرمایا تو چار پرند لے اور اُن کو اپنے پاس منگا - پھر ایک ایک
پہاڑ پر اُن کا ایک ایک ٹکڑا رکھہ دے پھر اُن کو بُلا - تو وہ
سب تیرے پاس دوڑے آئینگے - اور جان رکھہ کہ خدا زبردست
اور حکمت والا ھے -

[۲۶۱] اُن لوگوں کی مثال جو اپنے مال راہ خدا میں خرچ
کرتے ھیں اُس دانے کی سی ھے جس سے سات بالیں اُگیں - ھر
بال میں سو دانے ھوں - اور خدا جس کو چاھے دُگنا دے -
اور خدا گنجایش والا اور جاننے والا ھے - [۲۶۲] جو لوگ اپنے
مال خدا کی راہ میں خرچ کرتے ھیں پھر خرچ کرکے نہ احسان
جتاتے اور نہ ایذا دیتے ھیں اُن کو اُن کا اجر اُن کے پروردگار کے
ھاں ملیگا - اور نہ تو اُن پر خوف ھوگا اور نہ وہ غمگین ھونگے -
[۲۶۳] معقول بات کہنی اور خطا معاف کردینا اُس خیرات سے

بہتر ہے جس کے پیچھے ایذا ہو - اور خدا غني اور تحمل والا
ہے - [۲۶۴] مومنو - احسان جتا کر اور ایذا دیکر اپني خیرات
کو باطل نہ کرو - جیسے وہ جو اپنا مال لوگوں کے دکھانے کو
خرچ کرتا ہے اور خدا اور روز آخرت پر ایمان نہیں رکھتا -
سو اُس کي مثال چٹان کي سي ہے کہ اُس پر متي پڑي ہو پھر
اُس پر زور کا مینھہ برسے اور اُس کو صاف کر دے - وہ اپني کمائي
پر کچھہ بھي اختیار نہیں رکھتے - اور خدا کافر لوگوں کو
ہدایت نہیں کرتا - [۲۶۵] اور اُن لوگوں کي مثال جو خدا کي
خوشنودي حاصل کرنے کے لئے اور اپنے تئیں ثابت رکھہ کر اپنے مال
خرچ کرتے ہیں ایک باغ کي سي ہے جو بلندي پر ہو - اُس پر
زور کا مینھہ پڑے تو دوگنا پھل لایا اور اگر اُس پر زور کا مینھہ
نہ بھي پڑا تو اوس ہي بس ہے - اور تم جو کچھہ کرتے ہو
وہ خدا دیکھتا ہے - [۲۶۶] کیا تم میں سے کوئي چاہتا ہے
کہ اُس کے لئے کھجور اور انگور کا ایک باغ ہو جس کے نیچے سے
نہریں جاري ہوں - ہر طرح کا میوہ اُس کو وہاں ملے اور اُس کو
بڑھاپا آ پہنچے اور اُس کي اولاد ضعیف ہو پھر اُس باغ پر ایک
بگولا آ پڑے جس میں آگ بھي ہو اور وہ باغ جل جائے ؟
اِسي طرح خدا تم سے آیتیں بیان کرتا ہے تا کہ تم غور و فکر
کرو -

[۲۶۷] مومنو - اپني کمائي کي اچھي چیزوں میں سے اور
اُس میں سے جو ہم نے تمہارے لئے زمین سے نکالا ہے خرچ کرو -
اور خراب چیز کے دینے کا قصد نہ کرو کہ اُس میں سے (خدا کي
راہ میں) خرچ کرو حالانکہ تم خود اُس کو نہیں لینے کے
مگر یہہ کہ اُس میں چشم پوشي کرو - اور جان رکھو کہ خدا
غني اور تعریف کے قابل ہے - [۲۶۸] شیطان تم کو محتاجي

سے ڈراتا اور فحش باتیں کرنے کو کہتا ہے - اور خدا اپنی طرف سے بخشش اور فضل کا تم سے وعدہ کرتا ہے - اور خدا گنجایش والا اور جاننے والا ہے - [۲۶۹] جس کو چاہتا ہے حکمت دیتا ہے - اور جس کو حکمت دی گئی تو اُس کو بڑی خوبی ملی - اور سوائے عقلمندوں کے کوئی خیال نہیں کرتے- [۲۷۰] اور تم جو خرچ کرتے ہو یا نذر مانتے ہو وہ خدا جانتا ہے - اور جو (اپنے آپ پر) ظلم کرتے ہیں اُن کا کوئی مددگار نہیں ہے - [۲۷۱] اگر تم خیرات کو ظاہر کرو تو وہ بھی اچھا ہے - اور اگر اُس کو چھپاؤ اور غریبوں کو دو تو یہہ تمہارے لئے اور بھی بہتر ہوگا اور تم سے تمہاری برائیوں کو دور کریگا - اور خدا تمہارے کاموں کی خبر رکھتا ہے - [۲۷۲] (اے نبی) اُن کو ہدایت کرنا تیرا کام نہیں - بلکہ خدا جس کو چاہتا ہے ہدایت کرتا ہے - اور جو کچھہ تم خیرات کروگے سو اپنے ہی لئے - اور خدا ہی کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے خرچ کرو- اور جو کچھہ تم خیرات کروگے وہ تم کو پورا پورا دیا جائیگا - اور تم ظلم نہ کئے جاؤگے - [۲۷۳] (خیرات) اُن غریبوں کے لئے ہے جو خدا کی راہ میں گھرے ہوئے ہیں- دنیا میں کہیں جا نہیں سکتے - جو نہیں جانتا وہ اُن کی خودداری کے سبب اُن کو غنی سمجھتا ہے - تو اِن کو اِن کے چہرے سے پہچانیگا کہ وہ لپٹ کر لوگوں سے نہیں مانگتے - اور جو کچھہ تم خیرات کرتے ہو وہ خدا خوب جانتا ہے -

[۲۷۴] جو لوگ رات کو اور دن کو اپنے مال پوشیدہ اور علانیہ خرچ کرتے ہیں تو اُن کا اجر اُن کے پروردگار کے ہاں ملیگا - اور اُن پر خوف نہ ہوگا اور نہ وہ غمگین ہونگے - [۲۷۵] جو لوگ سود کھاتے ہیں (قیامت کے دن) وہ ایسے

کھڑے ہونگے جیسے وہ کھڑا ہو حس کو شیطان نے مس کرکے خبط کر دیا ہو - یہہ اِس لئے کہ اُنھوں نے کہا کہ بیع مثل سود کے ہے - حالانکہ خدا نے بیع کو حلال کیا اور سود کو حرام - تو جس کے پاس اُس کے پروردگار کی طرف سے نصیحت آ پہنچی اور وہ باز آیا تو حو کچھہ وہ پہلے لے چکا وہ اُس کا ہوا - اور اُس کا معاملہ خدا کے ہاتھہ میں ہے - اور جو کوئی پھر ایسا کرے تو یہی لوگ جہنم میں ہونگے - وہ ہمیشہ اُسی میں رہینگے - [۲۷۶] خدا سود کو گھٹاتا اور خیرات کو بڑھاتا ہے - اور خدا کسی ناشکر گنہگار کو پسند نہیں کرتا - [۲۷۷] جو لوگ ایمان رکھتے اور نیک کام کرتے اور نماز پر قائم رہتے اور زکواۃ دیتے ہیں - اُن کو اُن کا اجر اُن کے پروردگار کے ہاں ملیگا اور نہ اُن کو کچھہ خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہونگے - [۲۷۸] مومنو - خدا سے ڈرو اور حو سود باقی رہ گیا ہے اُسے چھوڑ دو اگر تم ایمان رکھتے ہو - [۲۷۹] اور اگر تم ایسا نہ کرو تو خدا اور اُس کے رسول سے لڑنے کے لئے تیار ہو جاؤ - اور اگر تم توبہ کرو تو تم کو تمہارا اصل مال ملیگا - نہ ظلم کرو اور نہ ظلم کئے جاؤ - [۲۸۰] اور اگر کوئی تنگدست ہے تو اُس کو مہلت دو یہاں تک کہ اُس کو آسانی ہو اور جو تم خیرات کر دو تو یہہ تمہارے لئے زیادہ اچھا ہے - اگر تم جانتے ہو - [۲۸۱] اور اُس دن سے ڈرو جب تم خدا کی طرف پھیرے جاؤگے پھر ہر شخص کو اسکی کمائی کا پورا بدلا دیا جائیگا اور ان پر ظلم نہ ہوگا -

[۲۸۲] مومنو - جب تم میعاد مقررہ تک قرض کا معاملہ کرو تو اُس کو لکھہ لو - اور چاہئے کہ تمہارے درمیان کوئی لکھنے والا انصاف کے ساتھہ لکھے - اور لکھنے والا لکھنے سے

انکار نه کرے جيسا خدا نے اُسے سکھايا هے اور وه لکھے - اور
جس کے ذمے قرض هے وه لکھاوے اور خدا سے جو اس کا
پروردگار هے ڈرے اور اُس ميں سے کچھه نه گھٹائے - اور اگر
قرضدار کم عقل هو يا ضعيف يا خود لکھوا نه سکے تو اُس کا
ولي انصاف کے ساتھه لکھائے - اور اپنے لوگوں ميں سے دو
مردوں کو گواه کرلو - اور اگر دو مرد نه هوں تو ايك مرد اور
دو عورتيں - جن کو تم گواه بنانا پسند کرو - که اُن ميں سے
ايك عورت بھول جائے تو دوسري اُسے ياد دلائے - اور چاهئے
که گواه بلائے جانے پر انکار نه کريں - اور لکھنے ميں کاهلي
نه کرو چھوٹا معامله هو يا بڑا اُس کي ميعاد تك - خدا کے
نزديك يهه زياده اِنصاف کي بات هے اور گواهي کے لئے بھي
بهت ٹھيك هے اور زياده قريب هے که تم شك ميں نه پڑو -
هاں اگر سودا هو روبرو کا اور تم ميں دست گرداں معامله
هو تو اُس کے نه لکھنے ميں تم پر کوئي گناه نهيں - اور جب
آپس ميں لين دين کرو تو گواه کر لو - اور لکھنے والے اور
گواه کو ضرر نه پهنچايا جائے - اور اگر تم ايسا کرو تو يهه
تمهاري بد معاشي هے - اور خدا سے ڈرو - اور خدا تمهيں
سکھاتا هے - اور خدا هر چيز کا جاننے والا هے - [٢٨٣] اور
اگر تم سفر ميں هو - اور لکھنے والا نه پاؤ تو رهن هاتھه ميں
رکھو - اور اگر ايك دوسرے کا اعتبار کرے تو جس پر اعتبار
کيا گيا هے اُس کو چاهئے که اپني امانت واپس کر دے - اور
خدا سے ڈرے جو اس کا پروردگار هے - اور تم گواهي کو نه چھپاؤ -
اور جس نے گواهي کو چھپايا تو اس کے دل ميں کھوٹ هے - اور
تم جو کچھه کرتے هو وه خدا خوب جانتا هے -
[٢٨٤] خدا هي کا هے جو کچھه آسمان اور زمين ميں

هے - اور اگر تم اپنے دل کي بات ظاهر کرو یا اُس کو چھپاؤ تو
خدا تم سے اس کا حساب لیگا - پھر جس کو چاهے معاف کرے
اور جس کو چاهے عذاب کرے - اور خدا هر چیز پر قادر هے -
[۲۸۵] رسول اُس چیز پر ایمان رکھتا هے جو اُس کے پروردگار
کي طرف سے اُس پر نازل هوئي هے - اور ایمان والے بھي -
سب خدا اور اُس کے فرشتوں اور اُس کي کتابوں اور اُس کے
رسولوں پر ایمان رکھتے هیں - هم اُس کے رسولوں میں سے
کسي میں کچھہ فرق نهیں کرتے - اور وہ کہتے هیں هم نے
سنا اور اطاعت کي - اے همارے پروردگار تیری بخشش چاهئے -
اور تیري هي طرف جانا هے - [۲۸۶] خدا کسي کو اُس کي
گنجایش سے زیادہ پر مجبور نهیں کرتا - اُس کي کمائي اُسي
کے لئے هے - اور اُس کا کیا اُسي پر پڑتا هے - اے همارے پروردگار
اگر هم بھول جائیں یا خطا کر بیٹھیں تو هم کو گرفت نہ کر -
اور اے همارے پروردگار هم پر بوجھہ نہ رکھہ جیسا تونے هم سے
اگلوں پر بوجھہ رکھا - اور اے همارے پروردگار هم سے نہ
اُٹھوا وہ بوجھہ جس کي هم کو طاقت نهیں - اور هم کو معاف
کر اور هم کو بخش دے اور هم پر رحم کر - تو هي همارا مولا
هے - پس کافر لوگوں پر هم کو مدد دے -

سورۂ آل‌عمران

مدني - ۲۰۰ آیتیں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحیم هے

[۱] الم [۲] خدا وہ هے جس کے سوا کوئي معبود نهیں -
وہ زندہ هے اور قائم رکھنے والا هے - [۳] اُسي نے تجھپر یہہ

سچي كتاب نازل كي جو تصديق كرتي هے اس چيز كي جو
اس سے پہلے تھي - اور اسي نے تورات اور انجيل نازل كي
[۴] اس سے پہلے لوگوں كي هدايت كے لئے - اور (أسي نے) فرقان
نازل كيا - جو لوگ خدا كي نشانيوں سے كفر كرتے هيں بے شك
اُن كے لئے سخت عذاب هے - اور خدا زبردست انتقام لينےوالا
هے - [۵] بے شك خدا پر كوئي چيز چهپي نهيں - نه زمين
ميں اور نه آسمان ميں - [۶] وهي هے جو ماں كے پيٹ ميں
جيسي چاهتا هے تمهاري صورتيں بناتا هے - اُس كے سوا كوئي
معبود نهيں - زبردست حكمت والا - [۷] وهي هے جس نے
تجهپر يهه كتاب نازل كي هے - اُس ميں كچهه آيتيں محكم
هيں كه وهي كتاب كي اصل* هيں - اور كچهه تشبيهات هيں -
تو جن لوگوں كے دلوں ميں كجي هے وه تو فتنه انگيزي سے
اُس كي تاويل كے لئے اُس كي تشبيهات كے پيچهے لگے رهتے
هيں حالانكه اُن كي تاويل خدا كے سوا اور كوئي نهيں
جانتا - اور جو علم ميں پكے هيں وه تو كهتے هيں كه هم
اُن پر ايمان ركهتے هيں - سب همارے پروردگار كي طرف سے
هے - اور وهي لوگ سمجهتے هيں جو دل ركهتے هيں -
[۸] اے همارے پروردگار - جب تونے هم كو هدايت كي تو پهر
همارے دلوں كو كج نه كر - اور اپني طرف سے هم كو رحمت
عطا كر - بے شك تو هي عطا كرنے والا هے - [۹] اے همارے
پروردگار - ايك دن جس ميں كچهه بهي شبهه نهيں تو لوگوں
كو ضرور جمع كريگا - بے شك خدا خلاف وعده نهيں كرتا -
[۱۰] جو لوگ كفر كرتے هيں خدا كے سامنے اُن كے مال اور
اُن كي اولاد اُن كے كچهه بهي كام نه آئينگے - اور يهي دوزخ كے
ايندهن هونگے - [۱۱] جيسے فرعون والوں اور اُن سے اگلوں

کا حال ھوا تھا کہ اُنھوں نے ھماري نشانیوں کو جھٹلایا - تو خدا نے اُن کو اُن کے گناھوں کے سبب گرفت کیا - اور خدا سخت سزا دینے والا ھے - [۱۲] جو لوگ کفر کرتے ھین اُن سے کہہ دے کہ عنقریب تم مغلوب ھوگے اور جہنم میں اِکٹھا کئے جاؤگے - اور وہ برا ٹھکانا ھے - [۱۳] تمھارے لئے اُن دو جماعتوں میں جو آپس میں بھڑ گئیں ایک نشاني ھے - ایک جماعت خدا کي راہ میں لڑي - اور دوسري کافر تھي - اُنھوں نے اُن کو اپني آنکھوں سے اپنے سے دوچند دیکھا - اور خدا اپني مدد سے جس کو چاھے تائید کرتا ھے - بے شك اس میں اھل بصارت کے لئے عبرت ھے - [۱۴] لوگوں کو عورتوں اور لڑکوں اور سونے اور چاندي کے بڑے بڑے ڈھیروں اور عمدہ گھوڑوں اور مویشیوں اور کھیتي کي محبت رجھائے ھوئے ھے - یہہ دنیا کي زندگي کے سامان ھیں - اور اچھا ٹھکانا تو خدا ھي کے ھاں ھے - [۱۵] تو کہہ کیا میں تم کو اس سے بہتر چیزوں کي خبر دوں ؟ پرھیزگاروں کے لئے اُن کے پروردگار کے ھاں باغ ھیں جن کے نیچے نہریں جاري ھونگي - وہ ان میں ھمیشہ رھینگے - اور ان کے لئے پاك بیویاں ھونگي اور خدا کي خوشنودي ھوگي - اور خدا بندوں کو دیکھتا ھے [۱۶] جو کہتے ھیں اے ھمارے پروردگار ھم ایمان لائے - تو ھم کو ھمارے گناہ بخش دے - اور ھم کو عذاب دوزخ سے بچا - [۱۷] جو صابر اور سچے اور فرماں‌بردار اور (خدا کي راہ میں) خرچ کرنے والے اور سحر کے وقت استغفار کرنے والے ھیں - [۱۸] خدا گواھي دیتا ھے کہ اُس کے سوا کوئي معبود نہیں - اور فرشتے اور ذي علم لوگ بھي - کہ وھي اِنصاف سے سنبھالے ھوئے ھے - اس کے سوا کوئي معبود نہیں - وہ زبردست حکمت والا ھے - [۱۹] خدا کے نزدیك تو بس اِسلام

هي دين هے - اور اهل کتاب نے جان کر بهي محض آپس کي
ضد سے اختلاف کیا - اور جو کوئي خدا کي نشانیوں سے کفر
کرے تو خدا بهي جلد حساب لینے والا هے - [۲۰] بهر اگر
وہ تجهسے حجت کریں تو کهہ کہ میں نے تو اپنے تئیں خدا کا
مطیع کر دیا هے اور جو میري بیروي کرتے هیں وہ بهي یهي
کرتے هیں - اور (اے نبي) تو اهل کتاب اور اُمیوں * سے کهہ
کیا تم بهي مطیع هوئے ؟ تو اگر وہ (خدا کے) مطیع هوئے تو
وہ هدایت پا گئے - اور اگر وہ منهہ بهیر لیں تو تیرا کام صرف
پهنچا دینا هے - اور خدا بندوں کو دیکهتا هے -

[۲۱] جو لوگ خدا کي نشانیوں سے کفر کرتے اور ناحق
نبیوں کو اور اُن لوگوں کو جو انصاف کرنے کو کهتے هیں قتل
کرتے هیں - تو اُن کو دردناک عذاب کي خوش خبري دے -
[۲۲] یهي لوگ هیں جن کے اعمال دنیا اور آخرت میں اکارت
گئے - اور اُن کا کوئي مددگار نهیں - [۲۳] کیا تونے اُن لوگوں کو
نهیں دیکها جن کو کتاب کا ایک حصہ دیا گیا هے - کہ وہ خدا
کي کتاب کي طرف بلائے جاتے هیں تا کہ وہ اُن میں فیصلہ
کر دے - بهر بهي اُن کا ایک گروہ منهہ موڑ کر پیٹهہ پهیر لیتا
هے - [۲۴] یهہ اس لئے کہ وہ کهتے هیں کہ هم کو دوزخ کي
آگ تو بس گنتي کے کئي روز چهوئے گي - اور اُن کي افترا
پردازیوں نے ان کو ان کے دین کے بارے میں مغالطہ دیا -
[۲۵] پهر اُس دن جس کے آنے میں کچهہ بهي شك نهیں اُن
کي کیا حالت هوگي جب کہ هم اُن کو جمع کرینگے اور هرشخص
اپني کمائي پوري پوري پائیگا اور اُن پر ظلم نہ هوگا ؟
[۲۶] تو کهہ اے خدا - سلطنت کے مالك - تو جس کو چاهے

* جاهل جو کوئي کتاب نهیں مانتے -

سلطنت دے اور جس سے چاهے سلطنت چهین لے - اور تو جسے
چاهے عزت دے اور جسے چاهے ذلت دے - خوبي تیرے هي
هاتهہ میں هے - بے شك تو هر چیز پر قادر هے - [۲۷] توهي
رات کو دن میں اور دن کو رات میں داخل کرتا اور توهي مردے
سے زندہ اور زندے سے مردہ نکالتا هے - اور جس کو چاهے بےحساب
رزق دیتا هے - [۲۸] ایمان والے ایمان والوں کے سوا کافروں سے
دوستي نه کریں - اور جو کوئي ایسا کرے تو اُس سے اور خدا
سے کوئي سروکار نهیں - هاں یهہ کہ اُن کے شر سے بچنا هو تو
(مضائقہ نهیں) - اور خدا تم کو اپني ذات سے ڈراتا هے - اور
خدا هي کي طرف لوٹ جانا هے - [۲۹] تو کهہ جو تمهارے
دلوں میں هے خواہ اُسے چهپاؤ یا ظاهر کرو خدا اُسے جانتا هے-
اور جو کچهہ آسمان میں اور جو کچهہ زمین میں هے وہ بهي
جانتا هے - اور خدا هر چیز پر قادر هے - [۳۰] جس روز هر
شخص اپني کي هوئي نیکي اپنے سامنے پائیگا اور اپني کي
هوئي بدي بهي وہ آرزو کریگا اے کاش اُس میں اور اِس میں
مسافت بعید هو جائے - اور خدا تم کو اپني ذات سے ڈراتا
هے - اور خدا بندوں پر شفقت رکهنے والا هے -

[۳۱] تو کهہ اگر تم خدا کو پیار کرتے هو تو میري پیروي
کرو - خدا بهي تم کو پیار کریگا اور تم کو تمهارے گناہ بخش
دیگا - اور خدا بخشنے والا رحم کرنے والا هے - [۳۲] تو کهہ
خدا اور رسول کي اِطاعت کرو - پهر اگر وہ پهر جائیں تو
خدا کافروں کو پسند نهیں کرتا - [۳۳] خدانے آدم اور نوح
اور آل ابراهیم اور آل عمران کو تمام عالموں پر برگزیدہ کیا -
[۳۴] یهہ اولاد هیں ایك دوسرے کي - اور خدا سننے والا
جاننے والا هے - [۳۵] جب عمران کي بیوي نے کها اے میرے

پروردگار - جو کچھہ ميرے پيت ميں هے ميں اُس کو آزاد کرکے
تيري نذر کرتي هوں - تو اُسے ميري طرف سے قبول کر - بےشك
تو هي سننے والا اور جاننے والا هے - [٣٦] پهر جب وه لڑکي
جني تو بولي اے ميرے پروردگار ميں نے تو لڑکي جني - مگر
خدا خوب جانتا تها جو وه جني - اور لڑکا لڑکي کي طرح
نهيں هوتا - اور ميں نے اُس کا نام مريم رکها اور ميں اُس کو اور
اُس کي اولاد کو شيطان مردود سے تيري پناه ميں ديتي هوں -
[٣٧] تو اُس کے پروردگار نے اُسے خوشي سے قبول کيا اور اُس کو
اچهي طرح بڑهايا - اور زکريا اُس کا خبرگيراں هوا - جب کبهي
زکريا اُس کے ديکهنے کو حجرے ميں جاتا تو اُس کے پاس کهانے
کي چيزيں پاتا - وه کهتا اے مريم يهه تيرے پاس کهاں سے
آئيں ؟ وه کهتي يهه خدا کے هاں سے آئيں - خدا جس کو چاهے
بے حساب رزق دے - [٣٨] اُسي دم زکريا نے اپنے پروردگار سے
دعا کي - اور کها که اے ميرے پروردگار اپني طرف سے مجهے
بهي ايك پاك اولاد عطا کر - بے شك تو دعاؤں کا سننے والا هے -
[٣٩] اور زکريا حجرے ميں کهڑا نماز پڑهہ هي رها تها که
اُس کو فرشتوں نے آواز دي که خدا تجکو يحيیٰ کي خوش‌خبري
ديتا هے جو خدا کے کلام کي تصديق کريگا اور پيشوا هوگا اور اپنے
تئيں عورتوں سے روکيگا اور نيك نبي هوگا - [٤٠] اُس نے کها اے
ميرے پروردگار ميرے لڑکا کيونکر هوگا ؟ اور مجهپر تو بڑهاپا آچکا
اور ميري بيوي بانجهہ هے - فرمايا اسي طرح خدا جو چاهتا هے
کرتا هے - [٤١] اُس نے کها اے ميرے پروردگار ميرے لئے کوئي
نشاني مقرر کر - فرمايا که تيري نشاني يهه هوگي که تو تين
دن تك لوگوں سے بات نه کر مگر اِشارے سے - بلکه اپنے پروردگار
کو بهت ياد کرتا ره اور صبح و شام اُس کي تسبيح کرتا ره -

[۴۲] اور جب فرشتوں نے کہا اے مریم۔ خدا نے تجھے
برگزیدہ کیا اور تجھے پاک کیا اور تجھے دنیا جہان کي عورتوں
میں سے چن لیا ھے - [۴۳] اے مریم اپنے پروردگار کي فرماں برداري
اور سجدہ کر اور نمازیوں کے ساتھہ نماز پڑھا کر * - [۴۴] یہہ
غیب کي خبروں میں سے ھے جو ھم تجکو وحي کرتے ھیں
حالانکہ تو اُن کے پاس نہ تھا جب وہ اپنے قلم ڈال رھے تھے کہ
کون مریم کا خبرگیراں ھو - اور نہ تو اُن کے پاس تھا جب وہ
جھگڑ رھے تھے - [۴۵] جب فرشتوں نے کہا کہ اے مریم خدا
تجکو اپنے کلمے کي خوش خبري دیتا ھے جس کا نام عیسی
مسیح ابن مریم ھوگا - وہ دنیا اور آخرت میں عزت والا اور
مقربین میں سے ھوگا - [۴۶] وہ لوگوں سے جھولے میں اور
پوري عمر کا ھوکر کلام کریگا - اور نیک لوگوں میں سے ھوگا -
[۴۷] وہ بولي اے میرے پروردگار - میرے لڑکا کیونکر ھوگا
حالانکہ مجھے کسي بشر نے نہیں چھوا ؟ فرمایا اسي طرح
خدا جو چاھتا ھے پیدا کرتا ھے - جب وہ کسي کام کا کرنا ٹھہرا
لیتا ھے تو بس اس کے بارے میں کہہ دیتا ھے کہ ھو اور وہ ھو جاتا
ھے - [۴۸] اور وہ اُس کو کتاب اور حکمت اور توراۃ اور انجیل
سکھائیگا - [۴۹] اور وہ بني اسرائیل کے لئے رسول ھوگا - (اور
وہ کہیگا) کہ میں تمہارے پروردگار کي طرف سے تمہارے پاس
نشانیاں لیکر آیا ھوں - میں تمہارے لئے مٹي سے پرند کي
صورت کا سا بناؤنگا - پھر اُس میں پھونک دونگا اور وہ خدا کے
حکم سے پرند ھو جائیگا - اور مادر زاد اندھوں اور کوڑھیوں کو
چنگا کرونگا - اور خدا کے حکم سے مردوں کو زندہ کرونگا - اور
جو کچھہ تم کھاؤگے اور جو کچھہ تم اپنے گھروں میں سینت

* لفظي ترجمہ یہہ ھے - رکوع کرنے والوں کے ساتھہ رکوع کر -

رکھتے هو سب کي خبر تم کو دونگا - بے شك يهہ سب تمهارے
لئے نشانیاں هیں اگر تم ایمان رکھتے هو - [۵۰] اور میں
توراۃ کي تصدیق کرتا هوں جو مجھسے پہلے هے - اور میں آیا
هوں تا کہ بعض چیزیں جو تم پر حرام تھیں تمهارے لئے
حلال کروں - اور میں تمهارے پروردگار کي طرف سے نشاني
لیکر تمهارے پاس آیا هوں - تو تم خدا سے ڈرو - اور میري
اطاعت کرو - [۵۱] بے شك خدا میرا پروردگار اور تمهارا
پروردگار هے - تو اُسي کي عبادت کرو - یهي سیدهي راہ هے -
[۵۲] تو جب عیسیٰ نے ان کے کفر کو محسوس کیا تو کہا
خدا کي راہ میں میرا کون مددگار هوگا ؟ ان کے حواریوں نے
کہا کہ هم خدا کے مددگار هیں - هم خدا پر ایمان لائے اور
تو بهي گواہ رہ کہ هم مسلمان هیں - [۵۳] اے همارے
پروردگار - جو کچھہ تونے نازل کیا هے هم اُس پر ایمان لائے اور
هم نے رسول کي پیروي کي - سو تو همیں بهي گواهوں میں
لکھہ رکھہ - [۵۴] اور لوگوں نے مکر کیا اور خدا نے اُن سے
مکر کیا اور خدا کا مکر سب سے بڑھہ کر هے -

[۵۵] جب خدا نے کہا اے عیسیٰ میں تجکو وفات دینے
والا اور اپني طرف اُٹھا لینے والا اور تجکو کافروں سے پاك کرنے
والا هوں - اور جو لوگ تیري پیروي کرتے هیں اُن کو روز قیامت
تك کافروں سے اوپر رکھونگا - پھر تو میري هي طرف تم سب
کو لوٹنا هے - تو جن باتوں میں تم اختلاف کرتے هو میں
اُن میں تمهارے درمیان فیصلہ کردونگا - [۵۶] اور جنهوں نے
کفر کیا ان کو دنیا اور آخرت میں سخت عذاب میں ڈالونگا -
اور کوئي اُن کا مددگار نہ هوگا - [۵۷] اور جو لوگ ایمان لائے
اور نیك کام بهي کئے تو وہ اُن کو ان کا اجر پورا پورا دیگا -

اور خدا ظالموں کو پسند نہیں کرتا - [۵۸] ہم تجکو یہہ
آیتیں اور حکمت والي باتیں پڑھہ کر سناتے ہیں - [۵۹] خدا
کے نزدیك عیسیٰ کي مثال آدم کي سي مثال ہے - کہ اُس کو متي
سے بنایا - اور پھر اُس سے کہا کہ ہو جا اور وہ ہو گیا -
[۶۰] (اے نبي) یہہ تیرے پروردگار کي طرف سے سچي بات
ہے - پس تو شك کرنے والوں میں سے نہ ہو - [۶۱] پھر جو
تجکو معلوم ہو جانے کے بعد کوئي تجسے اس بارے میں
حجت کرے تو کہہ کہ آؤ ہم اپنے لڑکوں کو اور تمہارے لڑکوں
کو اور اپني عورتوں کو اور تمہاري عورتوں کو اور اپنے تئیں اور
تم لوگوں کو سبھوں کو بلائیں - پھر دعا مانگیں اور جھوٹوں
پر خدا کي لعنت کریں - [۶۲] (اے نبي) بےشك یہي سچا
قصہ ہے - اور خدا کے سوا کوئي معبود نہیں - اور بے شك
خدا ہي زبردست حکمت والا ہے - [۶۳] پھر بھي اگر وہ پیٹھہ
پھیریں تو خدا مفسدوں کو خوب جانتا ہے -

[۶۴] تو کہہ اے اہل کتاب ہمارے اور تمہارے درمیان کي
ایك سیدھي بات پر چلے آؤ کہ خدا کے سوا کسي کي عبادت
نہ کریں اور کسي چیز کو اس کا شریك نہ ٹھہرائیں - اور خدا
کے سوا ہم میں سے کوئي کسي کو اپنا پروردگار نہ بنائیں - پھر
بھي اگر وہ پیٹھہ پھیریں تو کہہ دو کہ تم گواہ رہو کہ ہم
مسلمان ہیں - [۶۵] اے اہل کتاب - تم ابراھیم کے بارے میں
کیوں حجت کرتے ہو ؟ توراۃ اور انجیل تو اس کے بعد نازل
ہوئیں - کیا تم کو عقل نہیں ؟ [۶۶] اےلو تم تو ایسے بارے
میں حجت کرتے ہو جس کي بابت تم کو کچھہ علم ہے - مگر
جسکي بابت تم کو کچھہ بھي علم نہیں اُس میں تم کیوں
حجت کرتے ہو ؟ اور خدا جانتا ہے اور تم نہیں جانتے -

[۶۷] ابراهيم نه يهودي تها اور نه نصراني - بلكه وه سيدها
مسلمان تها - اور مشركوں ميں سے نه تها - [۶۸] لوگوں ميں
ابراهيم سے زياده مناسبت تو اُن لوگوں كو هے جنهوں نے اُس
كي پيروي كي اور اِس نبي كو اور اُن لوگوں كو جو ايمان ركهتے
هيں - اور خدا تو ايمان والوں كا حامي هے - [۶۹] (مومنو)
اهل كتاب ميں سے ايك گروه چاهتا هے كه اے كاش تم كو گمراه
كر سكے - حالانكه وه اپنے آپ كو گمراه كرتے هيں اور نهيں
سمجهتے - [۷۰] اے اهل كتاب - خدا كي آيتوں سے كيوں
كفر كرتے هو حالانكه تم خود قائل هو ؟ [۷۱] اے اهل كتاب
تم كيوں حق اور باطل كو ملا ديتے اور حق كو جان كر بهي
چهپاتے هو ؟

[۷۲] اور اهل كتاب ميں سے ايك گروه كهتا هے كه جو
كچهه مسلمانوں پر نازل هوا هے اُس پر صبح كے وقت ايمان لاؤ
اور شام كے وقت اُس سے كفر كرو تا كه وه پهر جائيں - [۷۳] اور
اُسي كي بات مانو جو تمهارے دين كي پيروي كرے - (اے نبي)
تو كهه كه هدايت تو خدا كي هدايت هے - (وه كهتے هيں)
كه جو تم كو دی گئي هے بهلا كبهي وه كسي اور كو دي جاسكتي
هے يا هو سكتا هے كه وه تمهارے پروردگار كے هاں تم سے حجت
كريں ؟ تو كهه كه فضل تو خدا كے هاتهه ميں هے - جس كو
چاهے دے - اور خدا گنجايش والا جاننے والا هے - [۷۴] وه
جس كو چاهے اپني رحمت كے لئے مخصوص كر لے - اور خدا
بڑا صاحب فضل هے - [۷۵] اور اهل كتاب ميں سے كوئي تو
ايسا هے كه اگر تو اُس كے پاس مال كا ايك ڈهير امانت ركهے تو
وه تجهے واپس دے دے اور اُن ميں سے كوئي تو ايسا هے كه اگر
تو ايك دينار بهي اس كے پاس امانت ركهے تو جب تك تو اس كے

سر پر سوار نہ رہے وہ تجکو واپس نہ دے - یہہ اِس لئے
ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ اُمیوں کے بارے میں ہم پر کوئي
ذمہ‌واري نہیں - اور جان کر بھي خدا پر جھوت بولتے ہیں -
[۷۶] بلکہ جو کوئي اپنا عہد پورا کرے اور (جھوت سے) بچے -
تو بے شک خدا (بُرے کاموں سے) بچنے والوں کو پیار کرتا ہے -
[۷۷] اور جو لوگ خدا کے عہد اور اپني قسموں کے بدلے
چند روزہ فائدہ حاصل کرتے ہیں - ایسے ہي لوگوں کا آخرت
میں کوئي حصہ نہیں - اور قیامت کے دن خدا اُن سے بات
تک نہ کریگا اور نہ اُن کي طرف دیکھیگا - اور نہ اُن کو پاک
کریگا - بلکہ ان کے لئے دردناک عذاب ہوگا - [۷۸] اور انھیں
میں کا ایک فریق ہے جو کتاب پڑھنے میں اپني زبان مروڑتا
ہے تاکہ تم اس کو کتاب هي کي بات سمجھو حالانکہ وہ
کتاب میں نہیں - اور وہ جان کر بھي جھوت بولتے ہیں -
[۷۹] کسي بشر کو شایاں نہیں کہ خدا اس کو کتاب اور
حکمت اور نبوت دے - اور وہ لوگوں سے کہے کہ خدا کو
چھوڑ کر میرے بندے بن جاؤ - بلکہ یہہ کہ خدا کے خاص
بندے بن جاؤ - اس لئے کہ تم لوگوں کو کتاب کي تعلیم دیتے
ہو اور اس لئے کہ تم خود پڑھتے ہو - [۸۰] اور نہ وہ تم سے
کہیگا کہ فرشتوں اور نبیوں کو اپنا پروردگار بناؤ - کیا وہ تم کو
کفر کرنے کو کہیگا بعد اس کے کہ تم مسلمان ہو چکے ؟
[۸۱] اور جب خدا نے نبیوں سے اِقرار لیا کہ میں جو تم کو
کتاب اور حکمت دوں پھر جو تمہارے پاس کوئي رسول آئے جو
تصدیق کرے اس چیز کي جو تمہارے پاس ہے تو اسپر ضرور
ایمان لانا - اور ضرور اسکي مدد کرنا - فرمایا کیا تم اِقرار کرتے
ہو اور اس شرط پر میرا عہد قبول کرتے ہو ؟ وہ بولے کہ ہم

اِقرار کرتے هيں - فرمايا تو تم گواه رهو اور ميں بهي تمهارے
ساتهه گواه هوں - [٨٢] پهر اس کے بعد جو کوئي پهر جائے-
تو ايسے هي لوگ فاسق هيں - [٨٣] کيا يهه لوگ خدا کے
دين کے سوا کچهه اور چاهتے هيں ؟ حالانکه جو کوئي آسمان
اور زمين ميں هے اسي کا مطيع هے خواه خوشي سے هو يا
ناخوشي سے - اور وه اُسي کي طرف پهيرے جائينگے - [٨٤] تو
کهه که هم خدا پر ايمان لائے اور جو کچهه هم پر نازل هوا
اور جو کچهه ابراهيم اور اسمعيل اور اسحاق اور يعقوب اور
اس کي اولاد پر نازل هوا - اور جو کچهه موسى اور عيسى اور
دوسرے نبيوں کو ان کے پروردگار کي طرف سے ديا گيا - هم
ان ميں سے کسي ميں بهي فرق نهيں کرتے - اور هم خدا هي
کے مطيع هيں - [٨٥] اور جو کوئي اسلام کے سوا کسي
اور دين کي خواهش کرے - تو خدا کے هاں وه هرگز مقبول
نهيں - اور وه آخرت ميں خساره اُٹهانے والوں ميں سے هوگا -
[٨٦] خدا ايسے لوگوں کو کيونکر هدايت کرے جو ايمان
لانے کے بعد کفر کريں حالانکه وه گواهي دے چکے که رسول
برحق هے اور اُن کے پاس بين دليليں بهي آ چکيں - اور خدا
ظلم کرنے والوں کو هدايت نهيں کرتا - [٨٧] ان کي جزا
يهي هے که اُن پر خدا کي اور فرشتوں کي اور تمام لوگوں کي
لعنت هو - [٨٨] که اسي ميں هميشه رهيں - نه تو اُن سے
عذاب هي هلکا کيا جائيگا اور نه اُن کي طرف نظر هي کي
جائيگي * - [٨٩] مگر جن لوگوں نے اس کے بعد توبه کي اور
اپني اصلاح کي - تو بے شك خدا بخشنے والا رحيم هے -
[٩٠] جو لوگ ايمان لانے کے بعد کفر کئے اور پهر کفر هي ميں

* دوسرے معني يهه هيں که اُن کو مهلت نه دي جائيگي

بڑھتے رہے تو ان کي توبہ ھرگز قبول نہ ھوگي - اور یہي لوگ گمراہ ھیں - [۹۱] جو لوگ کفر کئے اور کافر ھي مر گئے تو ان میں کا کوئي شخص اگر دنیا بھر سونا بھي فدیہ دینا چاھے تو ھرگز قبول نہیں کیا جائیگا - یہي لوگ ھیں جن کو دردناک عذاب ھوگا - اور اُن کا کوئي بھي مددگار نہ ھوگا -

¶ [۹۲] جب تک تم اُن چیزوں میں سے نہیں خرچ کرو جن کو تم عزیز رکھتے ھو ھرگز تم نیکي کو نہیں پہنچ سکتے - اور جو کچھہ تم خرچ کرتے ھو وہ خدا خوب جانتا ھے - [۹۳] تورات نازل ھونے سے پہلے بني اِسرائیل کو سب کھانے حلال تھے مگر جو کچھہ اِسرائیل* نے اپنے آپ پر حرام کر لیا - تو کہہ کہ اگر تم سچ کہتے ھو تو تورات لے آؤ اور اس کو پڑھو - [۹۴] پھر اس کے بعد جو کوئي خدا پر جھوٹ باندھے - تو یہي لوگ (اپنے آپ پر) ظلم کرنے والے ھیں - [۹۵] تو کہہ کہ خدا نے سچ کہا ھے - پس ابراھیم کے طریقے کی پیروري کرو - جو ایک خدا کو ماننے والا تھا اور مشرکوں میں سے نہ تھا - [۹۶] سب سے پہلا گھر جو لوگوں (کي عبادت) کے لئے بنایا گیا تھا وھي ھے جو مکے میں ھے - برکت والا اور تمام دنیا جہان کے لئے ھدایت - [۹۷] اس میں صاف نشانات ھیں مثلاً مقامِ ابراھیم - اور جو کوئي اس میں داخل ھو امن میں ھوتا ھے - اور جو لوگ وھاں تک پہنچ سکیں ان پر خدا کے لئے خانہ کعبہ کا حج فرض ھے - اور جو کوئي کفر کرے تو خدا دنیا جہان کی پروا نہیں کرتا - [۹۸] تو کہہ اے اھل کتاب خدا کي آیتوں سے کیوں کفر کرتے ھو ؟ اور جو کچھہ تم کرتے ھو خدا اس کا گواہ ھے - [۹۹] تو کہہ اے اھل کتاب خدا کی راہ میں

* حضرت یعقوب کا دوسرا نام -

(خواہ مخواہ) کجی نکال کر ایمان لانے والوں کو اس سے کیوں روکتے ہو حالانکہ تم خود اس کے گواہ ہو؟ اور خدا تمہارے کاموں سے غافل نہیں - [۱۰۰] مومنو - اگر تم اہل کتاب کے فرقوں کی بات مانوگے تو وہ تمہیں ایمان لانے کے بعد پھر کافر بنا دینگے - [۱۰۱] اور تم کیونکر کفر کروگے حالانکہ خدا کی آیتیں تم کو پڑھ دی گئیں اور اس کا رسول تم میں موجود ہے - اور جو کوئی خدا کو مضبوطی سے پکڑ لے تو اس نے سیدھے راستے کی ہدایت پائی -

[۱۰۲] مومنو - خدا سے ڈرو جیسا اس سے ڈرنا چاہئے - اور بغیر مسلمان ہوئے نہ مرو - [۱۰۳] اور سب کے سب خدا کی رسی کو مضبوطی سے پکڑے رہو - اور تفرقے میں نہ پڑو - اور خدا کی نعمتیں یاد کرو جب تم آپس میں دشمن تھے تو اس نے تمہارے دلوں کو ملا دیا اور اب تم اس کے فضل سے آپس میں بھائی ہو گئے - اور تم آگ کے گڑھے کے کنارے تھے اور اُس نے تم کو بچایا - اسی طرح خدا اپنی نشانیاں تم سے بیان کرتا ہے تاکہ تم ہدایت پاؤ - [۱۰۴] اور چاہئے کہ تم میں سے ایک گروہ ہو جو نیک کاموں کی طرف بلائے اور اچھے کاموں کا حکم دے اور برے کاموں سے منع کرے - اور یہی لوگ فلاح پانے والے ہیں - [۱۰۵] اور ان لوگوں کی طرح نہ بنو جو تفرقے میں پڑ گئے اور اپنے پاس بین دلیلیں آنے کے بعد اِختلاف کئے - اور یہی ہیں جنکے لئے بڑا عذاب ہے - [۱۰۶] جس دن بعضوں کے منہ سفید ہونگے اور بعضوں کے منہ کالے تو جن لوگوں کے منہ کالے ہونگے (ان سے کہا جائیگا) کہ کیا تم ایمان لانے کے بعد کفر کئے تو اب عذاب کا مزہ چکھو اِس لئے کہ تم نے کفر کیا - [۱۰۷] اور جن کے منہ سفید ہونگے وہ تو خدا

کي رحمت میں هونگے - اور وہ اُسي میں همیشہ رهینگے -
[۱۰۸] یہہ خدا کي آیتیں هیں جو هم تجکو سچ سچ پڑهکر
سناتے هیں - اور خدا دنیا جهان پر ظلم کرنا نہیں چاهتا -
[۱۰۹] اور خدا هي کا هے جو کچهہ آسمان میں اور جو کچهہ
زمین میں هے - اور سب کام خدا هي کي طرف رجوع کئے جاتے
هیں -

[۱۱۰] تم بہترین اُمت هو جو لوگوں میں پیدا کي گئي
هیں کہ اچهے کام کرنے کو کہتے اور برے کاموں سے منع کرتے اور
خدا پر ایمان رکهتے هو - اور اگر اهل کتاب بهي ایمان لاتے تو
اُن کے لئے بہتر هوتا - اُن میں کچهہ تو ایمان والے هیں مگر
اکثر بدکار هیں - [۱۱۱] کچهہ ایذا کے سوا وہ هرگز تم کو
کوئي ضرر نہ پہنچا سکینگے - اور اگر تم سے لڑینگے تو پیٹهہ
پهیر دینگے - پهر وہ مدد نہ دئے جائینگے - [۱۱۲] جهاں
دیکهو اُن پر ذلت کي مار هے سوا اُن کے جو خدا کے عهد میں
یا آدمیوں کے عهد میں هیں - اور وہ خدا کے غضب میں پڑ گئے -
اور افلاس کي مار اُن پر الگ هے - یہہ اِس لئے کہ وہ خدا کي
آیتوں سے کفر کئے اور نبیوں کو ناحق قتل کئے - یہہ اِس لئے
کہ اُنهوں نے سرکشي اور زیادتي کي - [۱۱۳] پهر بهي وہ سب
برابر نہیں - اهل کتاب میں سے ایک گروہ (حق پر) قائم هے -
وہ رات کے وقت خدا کي آیتیں پڑهتے اور سجدہ کرتے جاتے
هیں - [۱۱۴] اور خدا اور روز آخرت پر ایمان رکهتے اور اچهے کام
کرنے کو کہتے اور برے کاموں سے منع کرتے اور خود نیک کاموں
میں دوڑتے هیں - اور یہي نیک لوگوں میں سے هیں - [۱۱۵] اور
جو کچهہ وہ نیک کام کریں اُس کي هرگز ناقدري نہ هوگي - اور
خدا پرهیزگاروں کو خوب جانتا هے - [۱۱۶] جو لوگ کفر کئے

اُن کے مال اور اُن کي اولاد خدا کے هاں هرگز اُن کے کچھه کام
نه آئینگے - اور یهي لوگ دوزخ کے رهنے والے هیں - وه همیشه
اُسي میں رهینگے - [۱۱۷] دنیا کي اس زندگي میں وه جو
کچھه خرچ کرتے هیں اُس کي مثال اس هوا کي سي هے جس
میں پالا هو اور وه اُن لوگوں کے کهیت پر جا پڑے جو اپنے آپ
پر ظلم کر رهے هوں اور اُس کو هلاك کر ڈالے - اور خدا اُن پر
ظلم نهیں کرتا بلکه وه اپنے آپ پر ظلم کرتے هیں -
[۱۱۸] مومنو - اپنے لوگوں کو چھوڑ کر کسي اور کو اپنا رازدار
نه بناؤ - وه تمهاري خرابي میں کوتاهي نه کرینگے - چاهتے
هیں که تم کو تکلیف پهنچے - بغض تو اُن کي باتوں هي سے
ظاهر هے اور جو اُن کے دلوں میں چھپا هے وه اور بهي زیاده هے -
هم نے تم سے نشانیاں بیان کر دیں اگر تم کو عقل هو (تو
سمجھو) - [۱۱۹] اے لو تم تو هو که ان سے محبت رکھتے هو
اور وه تم سے محبت نهیں رکھتے اور تم ساری کتابوں پر ایمان
رکھتے هو - اور جب وه تم سے ملتے هیں تو کهتے هیں که هم
بهي ایمان لائے هیں - اور جب اکیلے هوتے هیں تو غصے سے تم پر
اُنگلیاں کاٹتے هیں - تو کهه که اپنے غصے میں آپ مرو - خدا
دلوں کي باتیں خوب جانتا هے - [۱۲۰] اگر تمهاري کچھه
بهلائي هو تو اُن کو برا لگتا هے - اور اگر تمهیں کچھه برائي
پهنچے تو اس سے خوش هوتے هیں - لیکن اگر تم صبر کرو اور
(بُرے کاموں سے) بچو تو اُن کے داؤ پیچ تمهیں کچھه بهي
ضرر نه پهنچائینگے - خدا اُن کے کاموں کو گھیرے هوئے هے -
[۱۲۱] اور جب تو صبح کو اپنے گھر سے نکلا اور مسلمانوں
کو لڑائي کے ٹھکانوں پر بیٹھانے لگا - اور خدا سننے والا جاننے
والا هے - [۱۲۲] جب تم میں سے دو جماعتوں نے همت هارني

چاهي مگر خدا اُن کا حامي تها - اور ایمان والوں کو چاهئے
که خدا هي پر توکل کریں - [۱۲۳] اور بدر میں خدا تمهاري
مدد کر چکا تها حالانکه تم ذلیل تهے - تو خدا هي سے ڈرو
تا که تم شکر گزار هو - [۱۲۴] جب تو مسلمانوں سے کهه
رها تها که کیا تم کو یهه کافي نهیں که تمهارا پروردگار تین
هزار فرشتے نازل کر کے تمهاري مدد کرے ؟ [۱۲۵] هاں اگر
تم صبر کرو اور (خدا سے) ڈرو اور وہ اسي دم تم پر آپهنچیں
تو تمهارا پروردگار پانچ هزار خاصے فرشتوں سے تمهاري مدد
کریگا - [۱۲۶] اور یهه تو خدا نے صرف تم کو خوش کرنے کو کیا
اور تا که تمهارے دلوں کو اس سے اطمینان هو - اور مدد تو
صرف خدا هي کي طرف سے هے جو زبردست اور حکمت والا هے -
[۱۲۷] یهه اس لئے تا که کافروں کے ایک حصے کو هلاك یا ذلیل
کر ڈالے که وہ نامراد پهر جائیں - [۱۲۸] تجهے اس سے کوئي
سروکار نهیں که خدا ان کي توبه قبول کرے یا اُن پر عذاب
کرے - وہ ظالم هیں - [۱۲۹] اور خدا کا هے جو کچهه آسمان
میں اور جو کچهه زمین میں هے - جس کو چاهے معاف کرے
اور جس کو چاهے عذاب دے - اور خدا بخشنے والا رحیم هے -
[۱۳۰] مومنو - دونے پر دونا سود نه کهاؤ - اور خدا سے
ڈرو تا که تم فلاح پاؤ - [۱۳۱] اور اُس آگ سے ڈرو جو کافروں
کے لئے تیار کي گئي هے - [۱۳۲] اور خدا اور رسول کي اطاعت
کرو تا که تم پر رحم کیا جائے - [۱۳۳] اور اپنے پروردگار کي
بخشش اور جنت کي طرف دوڑو جس کا عرض آسمان اور زمین
کے برابر هے جو پرهیزگاروں کے لئے تیار کي گئي هے - [۱۳۴] جو
آسایش اور تنگي میں خرچ کرتے اور غصے کو ضبط کرتے اور
لوگوں کو معاف کرتے هیں - اور خدا نیك کام کرنے والوں کو

پیار کرتا هے - [۱۳۵] اور جو لوگ بےحیائي یا اپنے آپ پر ظلم
کر بیٹھنے کے بعد خدا کو یاد کرتے اور اپنے گناهوں کي مغفرت
چاهتے هیں - اور خدا کے سوا کون گناه بخش سکتا هے ؟ اور
جو کر بیٹھے اُس پر جان بوجهہ کر اڑے نہیں رهتے - [۱۳۶] یهي
هیں جن کي جزا اُنکے پروردگار کي مغفرت اور جنت هے جن
کے نیچے نہریں جاري هونگي - کہ وہ اس میں همیشه رهینگے -
اور کام کرنے والوں کا اچھا اجر هے - [۱۳۷] تم سے پہلے بھي
نظیریں گزر چکي هیں - پس دنیا میں سیر کرو اور دیکھو که
جن لوگوں نے نبیوں کو جھٹلایا اُن کا کیسا انجام هوا ؟
[۱۳۸] یهہ لوگوں کے لئے بیان اور پرهیزگاروں کے لئے هدایت
اور نصیحت هے - [۱۳۹] اور سست نه هو - اور غم نه کھاؤ -
اگر تم ایمان والے هو تو تمهیں سب سے اوپر هوگے - [۱۴۰] اگر
تم نے زخم کھایا تو اُن لوگوں کو بھي اسي طرح کا زخم
پہنچا - اور یهہ ایام هیں جن کو هم آدمیوں کے درمیان پھیرتے
رهتے هیں - اور (یهہ اس لئے) که خدا مومنوں کو جان لے اور
تم میں سے بعض کو درجه شہادت دے - اور خدا ظالموں کو
پسند نہیں کرتا - [۱۴۱] اور (یهہ اِس لئے) که خدا ایمان
والوں کو خالص کر دے اور کافروں کو گھٹا دے - [۱۴۲] کیا
تم خیال کرتے هو که جنت میں داخل هوگے حالانکه اب تك
خدا نے تم میں سے مجاهدین اور صبر کرنے والوں کو الگ نہیں
کیا ؟ [۱۴۳] اور تم تو موت کے آنے سے پہلے هي مرنے کي تمنا
رکھتے تھے - اور اب تو تم نے اُس کو اپني نظروں سے دیکھہ لیا -
[۱۴۴] اور محمد تو بس ایك رسول هے - اس سے پہلے
بھي رسول گزر چکے - تو اگر وہ مر جائے یا قتل کیا جائے تو
کیا تم اپنے اُلٹے پاؤں پھر جاؤگے ؟ اور جو کوئي اپنے اُلٹے پاؤں

پھر جائے وہ خدا کو کچھہ بھي ضرر نہیں پہنچانے کا - اور خدا شکر گزاروں کو جزائے خیر دیگا - [۱۴۵] اور کوئي نفس خدا کي اِجازت بغیر مر نہیں سکتا - (اس کا) اجل لکھا ھوا ھے - اور جو کوئي دنیا میں ثواب چاھے ھم اسے وھي دینگے - اور جو کوئي آخرت میں ثواب چاھے تو ھم اس کو وھي دینگے - اور شکر گزاروں کو ھم جزائے خیر دینگے - [۱۴۶] اور کتنے ھي نبي گزر چکے جو دشمنوں کے ھزاروں آدمیوں سے لڑے - اور جو مصیبت ان پر راہ خدا میں پڑي اس سے نہ تو وہ سست ھوئے اور نہ کمزور اور نہ دبے - اور خدا صبر کرنے والوں کو پیار کرتا ھے - [۱۴۷] اور ان کا قول صرف یہي تھا کہ اے ھمارے پروردگار - ھم کو ھمارے گناہ اور ھمارے کاموں میں ھماري زیادتیاں بخش دے اور ھمارے قدم ثابت رکھہ اور ھم کو کافرلوگوں پر مدد دے - [۱۴۸] تو خدا نے ان کو دنیا میں ثواب اور آخرت میں بھي اچھا ثواب دیا - اور خدا نیک کام کرنے والوں کو پیار کرتا ھے -

[۱۴۹] مومنو - اگر تم کافروں کي بات مانو تو وہ تم کو اُلٹے پاؤں پھیر دینگے پھر تم ھي خسارے میں پڑ جاؤگے - [۱۵۰] بلکہ تمھارا مالك خدا ھے - اور وہ سب سے اچھا مددگار ھے - [۱۵۱] اب ھم کافروں کے دلوں میں رعب ڈالینگے اس لئے کہ اُنھوں نے ان چیزوں کو خدا کا شریك ٹھہرایا جن کي اس نے کوئي سند نہیں بھیجي - اور ان کا ٹھکانا دوزخ کي آگ ھے - اور ظالموں کا برا ٹھکانا ھے - [۱۵۲] اور خدا نے تم سے اپنا وعدہ سچا کیا جب تم نے اس کي اِجازت سے اُن کو قتل کیا یہاں تك کہ تم نے بزدلي کي اور حکم کے بارے میں جھگڑا کیا اور سرکشي کي باوجودیکہ اس نے تم کو دکھا دیا

جو تم چاهتے تھے - تم میں کچھہ تو دنیا چاهتے تھے اور
کچھہ تو آخرت - پھر اس نے تم کو پھیر دیا تا کہ تم کو
آزمائے - اور اس نے تم کو معاف کر دیا - اور خدا ایمان
والوں پر فضل کرنے والا هے - [۱۵۳] جب تم پہاڑ پر چڑھے
جاتے تھے اور کسي کو پھر کر بھي نہیں دیکھتے تھے حالانکہ
رسول تمھارے پیچھے سے تم کو بلا رها تھا تو اس نے تم کو
غم پر غم دیا تا کہ تم اس چیز کا جو تمھارے هاتھہ سے جاتي
رهي اور اُس مصیبت کا جو تم پر پڑي غم نہ کرو - اور خدا
تمھارے کاموں کي خبر رکھتا هے - [۱۵۴] پھر غم کے بعد خدا
نے تمھارے آرام کے لئے تم پر اُونگھہ نازل کي کہ تم میں سے
ایک گروہ کو گھیر رهي تھي - اور ایک گروہ کو اپني جانوں کي
فکر پڑي تھي - وہ خدا کي نسبت ناحق جاهلیت کي سي
باتیں کرتے تھے - کہتے تھے کیا همارا اس میں کوئي بس هے ؟
تو کہہ کام تو سب خدا کے هاتھہ میں هے - وہ اپنے دلوں میں
چھپاتے هیں جو تجپر ظاهر نہیں کرتے - کہتے هیں کہ همارا
کچھہ بھي بس هوتا تو هم یہاں قتل نہ هوتے - تو کہہ اگر
تم اپنے گھروں میں بھي هوتے تو جن کے بارے میں قتل هونا
لکھا تھا وہ اپني قتل گاہ کي طرف ضرور نکل آتے - اور یہہ
اِس لئے هوا کہ خدا تمھارے دلوں کي باتیں آزمائے اور تا کہ
تمھارے دل کي باتوں کو نکھار دے - اور خدا دل کي باتوں
کو خوب جانتا هے - [۱۵۵] جن لوگوں نے تم میں سے دو
جماعتوں کے بھڑ جانے کے دن پیٹھہ پھیر دي وہ سوا اس کے نہ
تھا کہ شیطان نے ان کے بعض کاموں کے سبب ان کو ڈگا دیا -
مگر اب خدا نے ان کو معاف کر دیا هے - بے شک خدا معاف
کرنے والا تحمل والا هے -

[۱۵۶] مومنو - تم اُن لوگوں کي طرح نه بنو جنھوں نے
کفر کیا اور جو اپنے بھائیوں کے بارے میں جب وہ دنیا
میں پھرتے یا جھاد میں ھوں کہتے ھیں که اگر وہ ھمارے
پاس ھوتے تو نه مرتے اور نه مارے جاتے - اور یہہ اِس لئے
تاکه خدا اِسي بات کو اُن کے دلوں میں موجب حسرت
کرے - اور خدا زندہ کرتا ھے اور مارتا ھے - اور خدا تمھارے
کاموں کو دیکھتا ھے - [۱۵۷] اور اگر تم خدا کي راہ میں
مارے جاؤ یا مرجاؤ تو خدا کي مغفرت اور رحمت بہتر ھے
تمھارے جمع سے - [۱۵۸] اور اگر تم مرجاؤ یا قتل کئے جاؤ تو
بھي خدا ھي کي طرف اکٹھے کئے جاؤگے - [۱۵۹] سو خدا
کي رحمت تھي که تو اُن کو نرم دل ملا - اور اگر تو سخت گو
اور سخت دل ھوتا تو یہہ لوگ تیرے پاس سے بھاگ جاتے -
پس تو اُن کو معاف کر دے اور اُن کے لئے استغفار بھي کر اور
ان سے ھر کام میں مشورہ لے - پھر جب عزم کرلے تو خدا
پر توکل کر - بے شك خدا توکل کرنے والوں کو پیار کرتا ھے -
[۱۶۰] اگر خدا تمھاری مدد کرے تو کوئي تم پر غالب نہیں
آسکتا - اور اگر وہ تم کو چھوڑ دے تو اُس کے بعد کون ھے جو
تمھاري مدد کریگا ؟ اور ایمان والوں کو چاھئے که خدا ھي پر
توکل کریں - [۱۶۱] اور نبی کا کام نہیں که وہ خیانت کرے -
اور جو کوئي خیانت کریگا تو قیامت کے دن جو چیز خیانت کي
ھوگي اُس کو لے آنا ھوگا - پھر ھر کسي کو اُس کي کمائي پوري
پوري دي جائیگي - اور اُن پر ظلم نه ھوگا - [۱۶۲] تو کیا
جو شخص خدا کي خوش نودي کے پیچھے لگا ھے وہ ویساھي
ھے جو خدا کے غضب میں پڑ گیا اور جس کا ٹھکانا جھنم ھے ؟
اور وہ بُرا ٹھکانا ھے - [۱۶۳] خدا کے ھاں اُن کے درجے ھیں -

اور خدا اُن کے کاموں کو دیکھتا ھے - [۱۶۴] خدا نے ایمان
والوں پر بڑا اِحسان کیا کہ اِن میں اِنھیں میں کا ایک رسول
پیدا کیا جو اُن کو اس کی آیتیں پڑھہ کر سناتا اور اُن کو پاک کرتا
اور کتاب اور حکمت سکھاتا ھے حالانکہ اِس سے پہلے یہہ لوگ
صریح گمراھی میں تھے - [۱۶۵] کیا جب تم پر مصیبت پڑی
تو کہتے ھو کہ یہہ کہاں سے آئی ؟ اور تم تو اِس سے دونی مصیبت
ڈال چکے ھو - تو کہہ یہہ تمھاری ھی لائی ھوئی ھے - بے شک خدا
ھر چیز پر قادر ھے - [۱۶۶] اور دو جماعتوں کے بھڑ جانے کے روز جو
مصیبت تم پر آئی وہ خدا کے حکم سے تھی - اور تا کہ وہ ایمان
والوں کو جان لے - [۱۶۷] اور تا کہ وہ منافقوں کو بھی جان
لے - اُن سے کہا گیا کہ آؤ خدا کی راہ میں لڑو یا دشمنوں
کو دفع کرو - وہ بولے کہ اگر ھم جانتے کہ لڑائی ھوگی تو ھم
تمھارے پیچھے ھو لیتے - اُس روز وہ لوگ ایمان کی نسبت کفر
کے زیادہ قریب تھے - اپنے منہہ وہ باتیں کہتے جو اُن کے دلوں
میں نہیں - اور خدا خوب جانتا ھے جو وہ چھپاتے ھیں -
[۱۶۸] وہ لوگ جو آپ بیٹھہ رھے اور اپنے بھائیوں کی نسبت
کہنے لگے کہ اگر وہ ھماری بات مانتے تو مارے نہ جاتے - تو
کہہ کہ اگر تم سچے ھو تو اپنے آپ پر سے موت کو پھیر دو -
[۱۶۹] اور جو لوگ خدا کی راہ میں قتل کئے گئے ھیں اُن
کو مردہ نہ خیال کرو - بلکہ وہ اپنے پروردگار کے ھاں زندہ ھیں
اور رزق پاتے ھیں - [۱۷۰] اور جو کچھہ خدا نے اپنے
فضل سے اُن کو دیا ھے اُس میں خوش ھیں - اور جو لوگ
اُن کے بعد ھوئے اور ابھی اُن سے نہیں ملے اُن کی نسبت
خوشیاں کرتے ھیں کہ اُن پر کوئی خوف نہ ھوگا اور نہ وہ
غمگین ھونگے - [۱۷۱] وہ خدا کی نعمتوں اور فضل سے

خوش هیں اور اِس سے کہ خدا ایمان والوں کے اجر کو ضایع نہیں کرتا -

[۱۷۲] زخم کھانے کے بعد جن لوگوں نے خدا اور رسول کے بُلانے کا جواب دیا ان لوگوں میں سے جو نیك اور پرهیزگار هیں اُن کے لئے بڑا اجر هے - [۱۷۳] وہ جن سے لوگوں نے کہا کہ لوگ تمهارے لئے لشکر جمع کر رهے هیں تو اُن سے ڈرو - تو اس سے ان کا ایمان زیادہ هو گیا - اور انهوں نے کہا همیں خدا بس هے - اور وہ بڑا کارساز هے - [۱۷۴] پس یہہ لوگ خدا کي نعمت اور فضل کے ساتھہ واپس آئے - اور ان کو بُرائي نہ پہنچي اور وہ خدا کي مرضي پر چلے - اور خدا بڑا صاحب فضل هے - [۱۷۵] وہ بس ایك شیطان تھا کہ تم کو اپنے دوستوں سے ڈراتا تھا - تو تم ان سے نہ ڈرو - بلکہ اگر تم ایمان والے هو تو مجھي سے ڈرو - [۱۷۶] اور (اے نبي) جو لوگ کفر میں دوڑے پھرتے هیں ان لوگوں کے لئے تو غم نہ کھا - یہہ لوگ خدا کو تو کچھہ بھي ضرر نہیں پہنچا سکتے - خدا چاهتا هے کہ ان کو آخرت میں کچھہ حصہ نہ دے - اور ان کے لئے بڑا عذاب هے - [۱۷۷] جنهوں نے ایمان کے بدلے کفر مول لیا وہ هرگز خدا کو کچھہ بھي ضرر نہیں پہنچا سکتے - اور ان کے لئے دردناك عذاب هے - [۱۷۸] اور جو لوگ کفر کرتے هیں وہ خیال نہ کریں کہ هم جو ان کو ڈهیل دیتے هیں یہہ ان کے لئے بہتر هے - هم تو ان کو اس لئے ڈهیل دیتے هیں کہ وہ گناہ میں بڑهتے جائیں - اور ان کے لئے رسوائي کا عذاب هے - [۱۷۹] خدا ایسا نہیں هے کہ وہ ایمان والوں کو اسي حالت پر چھوڑ دے جس پر تم هو - بلکہ وہ خراب کو اچھے سے تمیز کریگا - اور خدا ایسا بھي نہیں کہ تم کو غیب کي

باتوں کي اطلاع دے دے - لیکن خدا اپنے رسولوں میں سے
جس کو چاهتا هے (اس کام کے لئے) چن لیتا هے - تو تم خدا
اور اس کے رسولوں پر ایمان رکھو - اور اگر تم ایمان رکھو اور
(بُرے کاموں سے) بچو تو تم کو بڑا اجر ملیگا - [۱۸۰] اور
جن لوگوں کو خدا نے اپنے فضل سے دیا هے اور وہ اس میں
بخل کرتے هیں وہ نہ خیال کریں کہ یہہ ان کے لئے اچھا هے -
نہیں بلکہ یہہ ان کے لئے بُرا هے - جس پر وہ بخل کرتے هیں
وہ قیامت کے دن اُن کا طوق هوگا - اور زمین اور آسمان کي
میراث تو خدا هي کي هے - اور خدا تمھارے کاموں کي خبر
رکھتا هے -

[۱۸۱] خدا نے ان لوگوں کي بات سن لي هے جو کہتے
هیں کہ خدا غریب هے اور هم امیر هیں - هم ابھي لکھہ
ڈالتے هیں جو اُنھوں نے کہا هے - اور ان کا ناحق نبیوں کو
قتل کرنا بھي - اور هم کہینگے جلنے کے عذاب کا مزہ چکھو -
[۱۸۲] یہہ تمھارے اپنے هاتھوں کے کئے کا بدلا هے - اور خدا
تو اپنے بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں - [۱۸۳] وہ لوگ جو
کہتے هیں کہ خدا نے هم سے اِقرار لیا هے کہ جب تک کوئي
رسول همارے پاس ایسا نہ آئے جو قرباني دے جس کو آگ
کھا جائے تب تک هم اس پر ایمان نہ لائیں - تو کہہ کہ
مجھسے پہلے بھي رسول بین دلیلیں لیکر تمھارے پاس آئے
اور جو تم کہتے هو وہ بھي - پھر اگر تم سچے هو تو تم نے
ان کو کیوں قتل کیا ؟ [۱۸۴] پھر بھي اگر وہ تجھکو جھٹلائیں
تو تجھسے پہلے بھي رسول جھٹلائے جاچکے - حالانکہ وہ بھي
بین دلیلیں اور صحیفے اور نوراني کتابیں لیکر آئے تھے -
[۱۸۵] هر نفس موت کا مزہ چکھیگي - اور تم کو تو قیامت کے

روز اپنا اجر پورا پورا دیا جائیگا - تو جو کوئي دوزخ کي آگ
سے هٹا دیا گیا اور جنت میں داخل کیا گیا - اس نے اپني مراد
پائي - اور دنیا کي زندگي تو بس دهوکے کي پونجي هے -
[۱۸۶] تم ضرور اپنے مال اور اپني جانوں میں آزمائے جاؤگے -
اور جن لوگوں کو تم سے پہلے کتاب دي گئي هے اور جو لوگ
مشرك هیں ان سے تم بہت تکلیف دہ باتیں سنوگے - لیکن
اگر تم صبر کرو اور (بُرے کاموں سے) بچو - تو یہہ بڑے همت
کے کام هیں - [۱۸۷] اور جب خدا نے اهل کتاب سے اِقرار لیا
کہ لوگوں سے اس کو بیان کر دینا اور اس کو نہ چهپانا تو
انهوں نے اس کو اپنے پس پشت پهینك دیا اور اس کے بدلے تهوڑي
سي قیمت حاصل کي - اور بُرا هے جو انهوں نے خریدا -
[۱۸۸] جو لوگ اپنے کئے پر خوش هوتے اور جو نهیں کئے اس پر
چاهتے هیں کہ ان کي تعریف هو - تو ان کو عذاب سے چهوٹا
هوا خیال نہ کر - ان کے لئے دردناك عذاب هے - [۱۸۹] اور
آسمان اور زمین کي سلطنت خدا هي کي هے اور خدا هر چیز
پر قادر هے -

[۱۹۰] بے شك آسمان اور زمین کي بناوٹ میں اور رات
اور دن کے آنے جانے میں عقلمندوں کے لئے نشانیاں هیں -
[۱۹۱] جو کهڑے اور بیٹهے اور لیٹے خدا کو یاد کرتے اور
آسمان اور زمین کي بناوٹ پر فکر کرتے هیں - (اور کہتے هیں)
اے همارے پروردگار تونے اس کو بے فائدہ نهیں بنایا - تو پاك
هے - هم کو عذاب دوزخ سے بچا - [۱۹۲] اے همارے پروردگار
جس کو تونے دوزخ کي آگ میں داخل کیا اس کو تونے
رسوا کیا - اور (اپنے آپ پر) ظلم کرنے والوں کا کوئي مددگار
نهیں - [۱۹۳] اے همارے پروردگار هم نے ایك پکارنے والے کو

سنا جو ایمان کي منادي کرتا هے کہ اپنے پروردگار پر ایمان لاؤ -
سو هم نے ایمان لایا - اے همارے پروردگار هم کو همارے گناہ
بخش دے اور هم سے هماري بُرائیاں دور کر اور اچھے لوگوں کے
ساتھہ هم کو موت دے - [۱۹۴] اور اے همارے پروردگار جو
تونے اپنے رسولوں کي معرفت هم سے وعدہ کیا هے وہ هم کو دے -
اور قیامت کے دن هم کو رسوا نہ کر - تو هرگز خلاف وعدہ
نهیں کرتا - [۱۹۵] تو اُن کا پروردگار ان کو جواب دیتا هے کہ
میں تم میں سے کسي عمل کرنے والے کے عمل کو ضائع نهیں
کرتا - مرد هو یا عورت - کہ تم ایک دوسرے سے هو - تو جن
لوگوں نے هجرت کي اور اپنے گھروں سے نکالے گئے اور میري راہ
میں ایذا دئے گئے اور لڑے اور قتل کئے گئے تو میں ان کي
بُرائیوں کو ان سے دور کرونگا اور ان کو جنت میں داخل کرونگا
جن کے نیچے سے نهریں جاري هونگي - یهہ خدا کي طرف سے
ثواب هے - اور خدا هي کے پاس اچھا ثواب هے - [۱۹۶] شهر میں
کافروں کا چلنا پھرنا تجکو دهوکے میں نہ ڈالے - [۱۹۷] تھوڑا
فائدہ هے - پھر ان کا ٹھکانا جهنم هے - اور وہ بُري جگہہ هے -
[۱۹۸] لیکن جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے هیں - ان کے لئے
جنت هے کہ اس کے نیچے سے نهریں جاري هونگي - اسي میں
همیشہ رهینگے - یهہ خدا کي طرف سے مهمانداري هے - اور
جو خدا کے پاس هے وہ اچھے لوگوں کے لئے زیادہ بهتر هے -
[۱۹۹] اور اهل کتاب میں بهي کچھہ لوگ هیں جو خدا
پر ایمان رکھتے اور جو کچھہ تم پر اُتري اور جو کچھہ ان پر
اُتري ان پر ایمان رکھتے اور خدا کے آگے جھکے رهتے اور خدا
کي آیتوں کے بدلے چند روزہ فائدہ حاصل نهیں کرتے - یهي
لوگ هیں جن کو ان کا اجر ان کے پروردگار کے هاں ملیگا -

بے شك خدا جلد حساب لینے والا ھے - [۲۰۰] مومنو - صبر کرو اور ایك دوسرے کو صبر دلاؤ اور مل کر رھو - اور خدا سے ڈرو - تا کہ تم فلاح پاؤ -

سورۂ نساء

مدني - ۱۷۶ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ھے

[۱] لوگو - اپنے پروردگار سے ڈرو - جس نے تم کو ایك جان سے پیدا کیا اور اُس سے اُس کا جوڑا پیدا کیا - اور اُن دوسے بہت سے مرد اور عورت پھیلائے - اور خدا سے ڈرو جس کا تم ایك دوسرے کو واسطہ دیتے ھو - اور عورتوں کا لحاظ رکھو جن کے پیٹ سے تم پیدا ھوئے ھو - بےشك خدا تم پر نگہبان ھے - [۲] اور یتیموں کو اُن کے مال دے دو - اور اپنے خراب مال کو اُن کے اچھے مال سے نہ بدلو - اور اُن کے مال کو اپنے مال کے ساتھہ نہ کھا جاؤ - بے شك یہہ بڑا گناہ ھے - [۳] اور اگر تم کو ڈر ھو کہ یتیم لڑکیوں کے بارے میں اِنصاف نہ کر سکوگے تو عورتوں میں سے جو تم کو پسند آئیں دو دو تین تین چار چار نکاح کر لو - پھر اگر تم کو ڈرھو کہ اُن میں عدل نہ کر سکوگے تو بس ایك ھي نکاح کرو - یا جو تمھارے ھاتھہ میں ھیں * اُنھیں کو رکھو - یہی ضروري بات ھے کہ تم بے اِنصافي نہ کرو - [۴] اور عورتوں کو اُن کے مہر خوشي سے دو - اور اگر وہ اپني خوشي سے اس میں سے تم کو کچھہ چھوڑ دیں تو اُس کو خوب مزے سے کھاؤ - [۵] اور اپنے مال جس کو خدا نے

* لفظي ترجمہ - جس کے مالک تمھارے داھنے ھاتھہ ھوئے -

تمھاري معیشت قرار دي ھے بے وقوفوں * کو نہ دو - اور اُس میں
سے اُن کو کھلاؤ اور پہناؤ اور اُن سے معقول بات کہو - [۶] اور
یتیموں کو سدھارتے رھو یہاں تک کہ نکاح کي عمر کو پہنچیں -
تو اگر اُن میں ھوشیاري پاؤ تو اُن کے مال اُن کو دے دو -
اور اُن کے بڑے ھونے کے ڈر سے زیادتي کر کے جلدي جلدي اُن کے
مال نہ کھا جاؤ - اور جو کوئي بے احتیاج ھو اُسے چاھئے کہ
(اُس مال سے) نہ لے اور جو کوئي غریب ھو وہ دستور کے مطابق
کھائے - اور جب اُن کے مال اُن کو دو تو اُن پر گواھي لو - اور
خدا کافي حساب لینے والا ھے - [۷] مردوں کا حصہ ھے اُس
چیز میں جو اُن کے ماں باپ اور قرابت والے چھوڑ جائیں - اور
عورتوں کا بھي حصہ ھے اُس چیز میں جو اُن کے ماں باپ اور قرابت
والے چھوڑ جائیں - تھوڑا ھو یا بہت - بہہ حصہ مقرر کیا ھوا
ھے - [۸] اور جب تقسیم کے وقت قرابت والے اور یتیم اور غریب
حاضر ھوں تو اس میں سے ان کو بھي کچھہ دو - اور ان سے
معقول بات کہو - [۹] اور چاھئے کہ وہ لوگ یتیموں پر ظلم
کرنے سے ڈریں کہ اگر اپنے پیچھے ضعیف اولاد چھوڑ جائیں تو
ان کو اُن کے لئے اندیشہ نہ ھو - اور خدا سے ڈریں اور سیدھي
بات کہیں - [۱۰] جو لوگ ظلم سے یتیموں کے مال کھا جاتے
ھیں وہ تو اپنے پیٹ میں انگارے کھاتے ھیں - اور وہ دھکتے
ھوئے آگ میں ڈالے جائینگے -

[۱۱] تمھاري اولاد کے بارے میں خدا تمھیں کہے رکھتا ھے
کا لڑکے کا حصہ دو لڑکیوں کے حصے کے برابر ھے - اور اگر لڑکیاں
دو سے زیادہ ھوں تو جو کچھہ مرنے والا چھوڑ جائے اس کي دو
تہائي ان کي ھے - اور اگر ایک ھي لڑکي ھو تو آدھا اُس کا ھے -

* یعني جو اس کي حفاظت نہ کرسکیں اور نہ اس کا اِستعمال جانیں -

اور مرنے والا جو کچھہ چھوڑ جائے اس میں سے اُس کے ماں باپ
میں سے ہر ایك کو چھٹا حصه ملیگا اگر اسکے کوئي اولاد
ہو - اور اگر اس کے کوئي اولاد نه ہو اور اس کے ماں باپ ہي
اُس کے وارث ہوں تو اس کي ماں ایك تہائي پائیگي - اور اگر
اس کے کئي بھائي بہن ہوں تو بعد تعمیل وصیت جو وہ کر
جائے اور اداے قرض اس کي ماں چھٹا حصه پائیگي - تم نہیں
جانتے که تمھارے باپ اور بیٹوں میں سے کون تمھارے لئے نفع
کے اِعتبار سے نزدیك تر ہے - یہہ حصے تمھارے پروردگار کي طرف
سے مقرر کئے گئے ہیں - بے شك خدا جاننے والا اور حکمت والا
ہے - [۱۲] اور جو کچھہ تمھاري بیویاں چھوڑ جائیں اگر ان
کے اولاد نه ہو تو اس کا آدھا تمھارا ہے اور اگر ان کے اولاد ہے تو
بعد تعمیل وصیت جو وہ کر جائیں اور اداے قرض اس کا ایك
چوتھہ تمھارا ہے - اور تم جو کچھہ چھوڑ جاؤ اس کا ایك
چوتھہ انکا ہوگا اگر تمھارے اولاد نه ہو - اور اگر تمھارے اولاد
ہو تو بعد تعمیل وصیت جو تم کر جاؤ اور اداے قرض جو کچھہ
تم چھوڑ جاؤگے اس کا آتھواں حصه ان کا ہوگا - اور اگر مورث
مرد یا عورت کلاله * ہو اور اس کے ایك بھائي یا بہن ہو تو
ان میں سے ہر ایك چھٹا حصه پائیگا - اور اگر اس سے زیادہ
ہوں تو بعد تعمیل وصیت اور اداے قرض یعني کسي کو بے ضرر
پہنچائے وہ سب ایك تہائي میں برابر شریك ہونگے - یہہ
خدا کي طرف سے حکم ہے - اور خدا جاننے والا اور تحمل کرنے
والا ہے - [۱۳] یہہ خدا کي حدیں ہیں - اور جو کوئي خدا اور
اس کے رسول کي اِطاعت کرے وہ اس کو جنت میں داخل کریگا
جن کے نیچے سے نہریں جاري ہونگي اور جس میں وہ ہمیشه

* یعني نه اس کے باپ ہو اور نه بیٹا -

رهينگے - اور يهه بڑي كاميابي هے - [۱۴] اور جو كوئي خدا اور اس كے رسول كي نافرماني كرے اور اس كي حدوں سے تجاوز كرے تو وہ اس كو دوزخ ميں داخل كريگا جس ميں وہ هميشه رهيگا - اور اس كے لئے رسوائي كا عذاب هے -

[۱۵] اور تمهاري عورتوں ميں سے جو بدكاري كريں تو ان پر اپنوں ميں سے چار آدميوں كي گواهي لو - اور اگر وہ گواهي ديں تو ان عورتوں كو گهروں ميں روكے رهو يهاں تك كه ان كو موت آجائے يا خدا ان كے لئے كوئي راہ نكالے - [۱۶] اور جو تم ميں دو مرد بدكاري كريں تو ان كو سزا دو - اور اگر وہ توبه كريں اور اپني اصلاح كريں تو ان كو چهوڑ دو - بے شك خدا توبه قبول كرنے والا رحم كرنے والا هے - [۱۷] خدا تو بس اُنهيں لوگوں كي توبه قبول كرتا هے جو بے جانے بُري بات كر بيٹهے پهر جلدي سے پهر گئے - تو خدا بهي انهيں كي توبه قبول كرتا هے - اور خدا جاننے والا اور حكمت والا هے - [۱۸] اور ان كي توبه كچهه نهيں جو بُرے كام كرتے هيں يهاں تك كه جب ان ميں سے كسي كو موت آپهنچي تو وہ كهتا هے كه اب ميں نے توبه كي - اور ان كي بهي نهيں جو كافر هي مرگئے - يهي هيں جن كے لئے هم نے عذاب دردناك تيار كيا هے - [۱۹] مومنو - تم پر حلال نهيں كه زبردستي عورتوں كے وارث بن بيٹهو - اور نه يهه كه ان كو روكو تا كه جو كچهه تم نے ان كو ديا هے اس ميں سے كچهه اُچك لو - هاں يهه كه اُنهوں نے صريح بے حيائي كي هو (تو البته روك سكتے هو) - اور ان كے ساتهه معقول طور پر رهو - اور اگر وہ تم كو بُري معلوم هوں تو شايد يهه هو كه تم كو ايك چيز بُري معلوم هوتي هے اور خدا نے اُسي ميں (تمهارے لئے) بهت

بھلائي رکھي ھو - [۲۰] اور اگر تم چاھو کہ ایك بیوي کے بدلے دوسري بیوي کر لو اور تم نے ان میں سے ایك کو بہت سا مال دے دیا ھو تو اس میں سے کچھہ بھي نہ لو - کیا تم بہتان لگا کر اور صریح گناہ کر کے کچھہ لوگے ؟ [۲۱] اور وہ تم کیونکر لوگے جب تم ایك دوسرے سے مل چکے ھو اور انھوں نے تم سے پکا قول لے لیا ھے ؟ [۲۲] اور جن عورتوں سے تمھارے باپ نے نکاح کیا ھو اُن سے نکاح نہ کرو - مگر جو ھو چکا ھو - بے شك یہہ بے حیائي اور غضب کي بات ھے - اور بُرا طریق ھے -

[۲۳] تمھاري مائیں اور تمھاري بیٹیاں اور تمھاري بہنیں اور تمھاري پھوپیاں اور تمھاري خالائیں اور بھائي کي لڑکیاں اور بہن کي لڑکیاں اور تمھاري مائیں جنھوں نے دودھہ پلایا اور تمھاري رضائي بہنیں اور تمھاري بیویوں کي مائیں اور جن عورتوں سے تم نے صحبت کي اُنکي بیٹیاں جو تمھاري پرورش میں ھیں تم پر حرام کي گئي ھیں - اور اگر تم نے ان عورتوں سے صحبت نہ کي ھو تو تم پر کوئي گناہ نہیں - اور تمھارے صلبي بیٹوں کي بیویاں بھي تم پر حرام ھیں - اور یہہ کہ تم دو بہنوں کو اکٹھا کرو یہہ بھي تم پر حرام ھے - مگر جو ھو چکا - بے شك خدا معاف کرنے والا اور رحم کرنے والا ھے - ¶ [۲۴] اور جو عورتیں شوھر والي ھیں وہ بھي تم پر حرام ھیں سوا ان کے جو تمھارے ھاتھوں میں آچکي ھیں - یہہ خدا نے تم پر لازم کیا ھے - اور ان کے سوا سب عورتیں تم پر حلال کي گئي ھیں - کہ تم اپنے مال کے ذریعے سے پارسائي کے ساتھہ نکاح کرنا چاھو نہ یہہ کہ شہوت راني کے لئے - تو جن عورتوں سے تم نے فائدہ اُٹھایا ھے ان کو ان کے مہر جو مقرر

کئے هیں دو - اور اس میں تم پر کوئي گناه نهیں که بعد
مقرر کرنے مہر کے تم آپس میں کسي بات پر راضي هو جاؤ -
بے شك خدا جاننے والا اور حکمت والا هے - [۲۵] اور جو
تم میں سے مسلمان بیویوں سے نکاح نه کر سکے تو مسلمان
لونڈیوں هي سے نکاح کرلے جو تمهارے هاتهوں میں آگئي
هیں - اور خدا تمهارے ایمان کو خوب جانتا هے - تم دونوں
ایك هو - تو ان کے لوگوں کي اِجازت سے اُن سے نکاح کرو -
اور دستور کے موافق اُن کو اُن کے مہر دو - وه نکاح میں
بیٹهنے والي هوں اور شهوت راني کے لئے نه هوں - اور نه تو
یار باز هوں - اور جب وه نکاح میں آجائیں تو اگر وه
بدکاري کریں تو اُن کي سزا بیویوں کي آدهي هوگي - یهه تم میں
سے اُس شخص کے لئے هے جو گناه کرنے سے ڈرے - اور یهه که تم
صبر کرو تمهارے لئے زیاده اچها هوگا - اور خدا معاف کرنے والا
اور رحم کرنے والا هے -

[۲۶] خدا چاهتا هے که تم سے صاف صاف بیان کر دے
اور تم کو تمهارے اگلوں کے طریق پر چلائے اور تمهاري
توبه قبول کرے - اور خدا جاننے والا اور حکمت والا هے -
[۲۷] اور خدا چاهتا هے که تمهاري توبه قبول کرے اور جو
لوگ اپني خواهشوں کي پیروي کرتے هیں وه چاهتے هیں که
تم بهت زیاده بهٹك جاؤ - [۲۸] خدا چاهتا هے که تمهارا
بوجهه هلکا کرے - اور اِنسان تو ضعیف هي بنایا گیا هے -
[۲۹] مومنو -- آپس میں ایك دوسرے کا مال ناحق نه کهاؤ -
مگر هاں آپس کي رضامندي سے تجارت کرو - اور اپنے آپ کو
نه مارو - بے شك خدا تم پر رحم کرنے والا هے - [۳۰] اور جو
کوئي زیادتي اور ظلم سے ایسا کریگا تو هم اس کو دوزخ کي

آگ میں ڈالینگے - اور یہہ خدا کے نزدیک آسان ھے -
[۳۱] جن کاموں سے تم کو منع کیا گیا ھے اگر تم ان میں سے
بڑے بڑے گناھوں سے بچو تو ھم تمھاري بُرائیاں تم سے دور
کرینگے ۓ اور تم کو عزت کي جگہہ داخل کرینگے - [۳۲] اور
خدا نے جو تم میں سے ایک کو دوسرے پر فضیلت دي ھے
اس کا حسد نہ کرو - مردوں کا حصہ ھے جو اُنھوں نے کمایا اور
عورتوں کا حصہ ھے جو اُنھوں نے کمایا - اور تم خدا سے اس کا
فضل مانگو - بے شک خدا ھر چیز کا جاننے والا ھے - [۳۳] اور
جو کچھہ تمھارے ماں باپ اور قرابت والے چھوڑ جائیں تو
ھم نے ھر ایک کے وارث مقرر کئے ھیں - اور جن لوگوں کے ساتھہ
تم نے خود عہد کیا ھے ان کے حصے بھي ان کو دو - بے شک
خدا ھر چیز پر گواہ ھے -

[۳۴] مرد عورتوں کے لئے کھڑے ھونے والے ھیں * اِس لئے
کہ خدا نے ایک کو دوسرے پر فضیلت دي ھے اور اِس لئے
بھي کہ انھوں نے اپنے مال خرچ کئے - تو نیک بیبیاں ادب
کرتي ھیں اور خدا کي حفاظت میں (اپنے تئیں) غائبانہ بچاتي
ھیں - اور وہ عورتیں جن کي بد خوئي کا تم کو اندیشہ ھو
ان کو نصیحت کرو پھر ان کو خواب گاھوں میں جدا چھوڑ
دو اور ان کو پیٹو - لیکن اگر وہ تمھاري اِطاعت کریں تو تم
بھي ان کے خلاف راہ نہ ڈھونڈو - بے شک خدا عالي شان اور
بڑا ھے - [۳۵] اور اگر تم کو میاں بیوي میں ناچاقي کا
اندیشہ ھو تو ایک پنچ مرد کے لوگوں میں سے مقرر کرو اور
ایک پنچ عورت کے لوگوں میں سے - اگر یہہ دونوں صلح کي
خواھش کرینگے تو خدا ان دونوں کو توفیق دیگا - بے شک

* مترجموں نے اکثر یوں ترجمہ کیا ھے - مرد عورتوں کے سردار ھیں -

خدا جاننے والا اور خبر رکھنے والا هے - [۳۶] اور خدا کي عبادت کرو اور کسي کو بهي اس کا شريك نه ٹههراؤ - اور ماں باپ اور قرابت والوں اور يتيموں اور غريبوں اور همسائے قرابت والے اور همسائے اجنبي اور پاس کے بيٹهنے والوں اور مسافروں اور جن کے تم مالك هوئے هو ان سبهوں کے ساتهه اِحسان کرو- بے شك خدا اترانے والوں اور بڑائي کرنے والوں کو پيار نهيں کرتا - [۳۷] جو لوگ بخل کرتے اور لوگوں کو بخل کرنے کو کهتے اور خدا نے اپنے فضل سے ان کو جو کچهه ديا هے اس کو چهپاتے هيں - تو هم نے ايسے کافروں کے لئے رسوائي کا عذاب تيار کر رکها هے - [۳۸] اور جو اپنے مال لوگوں کے دکهلانے کو خرچ کرتے اور خدا اور روز آخرت پر ايمان نهيں رکهتے - اور جسنے شيطان کو اپنا همنشين بنايا تو اس نے برا همنشين بنايا - [۳۹] اور اگر وه خدا پر اور روز آخرت پر ايمان هي لاتے اور جو کچهه خدا نے ان کو ديا هے اس ميں سے (راه خدا ميں) خرچ کرتے تو ان کا کيا بگڑتا ؟ اور خدا ان کو خوب جانتا هے - [۴۰] خدا ايك ذره بهر بهي ظلم نهيں کرتا - اور اگر نيکی هو تو وه اس کو دگنا بڑها ديتا هے اور اپنے پاس سے بڑا اجر ديتا هے - [۴۱] تو اس وقت کيا هوگا جب هم هر اُمت سے ايك گواه لائينگے اور تجهے (اے نبي) اِن لوگوں پر گواه لائينگے ؟ [۴۲] اُس دن کافر اور رسول سے سرکشي کرنے والے آرزو کرينگے که اے کاش وه زمين کے پيوند هو جائے - اور وه خدا سے کوئي بات چهپا نه سکينگے -

[۴۳] مومنو - جب تم نشے ميں هو تو نماز کے پاس نه جاؤ- يهاں تك که جانو کيا کهتے هو - اور نه جنابت کي حالت ميں سوا اسکے که سفر ميں هو يهاں تك که غسل کر لو - اور اگر تم

بیمار هو یا سفر میں هو یا تم میں سے کوئي جاے ضرور سے آئے
یا تمنے عورتوں کو چهوا هو اور پاني نه پاؤ تو صاف مٹي سے
تیمم کر لو اور اپنے منهه اور هاتهوں کو مسح کرو - بے شك خدا
معاف کرنے والا اور بخشنے والا هے - [۴۴] کیا تونے ان لوگوں
پر نظر نهیں کي جن کو کتاب کا ایك حصه دیا گیا هے - وه
گمراهي مول لیتے هیں اور چاهتے هیں که تم بهي راه سے بهٹك
جاؤ - [۴۵] اور خدا تمهارے دشمنوں کو خوب جانتا هے -
اور خدا کافي حامي اور کافي مددگار هے - [۴۶] یهودیوں میں
کچهه لوگ هیں جو کلمے کو ان کي جگهوں سے پهیر دیتے
هیں - اور اپني زبان مروڑ کر اور دین پر طعن کرکے کهتے هیں
که هم نے سنا اور نه مانینگے - اور اِسمع غیر مسمع * اور
راعنا † اور اگر وه کهتے که هم نے سنا اور اِطاعت کي - اور اِسمع
اور انظرنا تو ان کے لئے زیاده بهتر اور ٹهیك هوتا -
لیکن خدا نے ان کے کفر کے سبب ان پر لعنت کي هے - اور
تهوڑے لوگوں کے سوا کوئي نهیں ایمان لانے کا - [۴۷] اے
اهل کتاب اس چیز پر ایمان لاؤ جو هم نے نازل کي هے تصدیق
کرتي هے اس چیز کي جو تمهارے پاس هے قبل اس کے که هم
چهرے بگاڑ دیں اور ان کو پهیر دیں - یا هم ان پر لعنت
کریں جیسے هم نے سبت والوں پر لعنت کي تهي - اور خدا کا
حکم هو کر رهیگا - [۴۸] خدا نهیں معاف کرنے کا یهه که
کوئي اس کا شریك ٹههرایا جائے - اور اس کے سوا جو گناه جس
کو چاهے بخش دے - اور جس نے خدا کے ساتهه شرك کیا
اس نے بڑا گناه باندها - [۴۹] کیا تونے ان لوگوں پر نظر

* یعني توهي سن اور کوئي نه سنے -

† یهه سب ذو معني الفاظ هیں جو یهود حضرت کي شان میں اِستعمال کیا کرتے تهے -

نهيں كي جو آپ كو پاك بتلاتے هيں ؟ بلكه خدا جس كوچاهے
پاك كرے - اور ان پر كسي طرح كا ظلم نه هوگا - [٥٠] ديكهه
تو يهه لوگ كس طرح خدا پر جهوٹ باندهتے هيں - اور
صريح گناه تو يهي بس هے -
[٥١] كيا تونے ان لوگوں پر نظر نهيں كي جن كو كتاب
كا ايك حصه ديا گيا هے ؟ وه جبت * اور طاغوت پر ايمان ركهتے
اور كافروں كے بارے ميں كهتے هيں كه يهه مسلمانوں سے زياده
راه هدايت پر هيں - [٥٢] يهي لوگ هيں جن پر خدا نے
لعنت كي هے - اور جس پر خدا لعنت كرے - تو هرگز اس كا
مددگار نه پائيگا - [٥٣] كيا سلطنت كا كوئي حصه ان كا هے ؟
تو تو يهه لوگوں كو كهجور كي ايك گٹهلي بهي نهيں دينے كے -
[٥۴] كيا وه لوگوں سے اُس چيز پر حسد كرتے هيں جو
خدا نے ان كو اپنے فضل سے دي هے ؟ سو هم نے آل اِبراهيم كو
كتاب اور حكمت دي - اور ان كو بڑي سلطنت دي - [٥٥] پهر
ان ميں سے كوئي تو اس پر ايمان لايا اور كوئي ان ميں سے
اس سے رك گيا - مگر دهكتا هوا جهنم بس هے - [٥٦] جن
لوگوں نے هماري آيتوں سے كفر كيا هم ان كو دوزخ كي آگ
ميں پهنچائينگے - جب جب ان كے چمڑے گل جائينگے تو هم
ان كو دوسرا چمڑا بدل دينگے تا كه وه عذاب كا مزه چكهيں -
بے شك خدا زبردست حكمت والا هے - [٥٧] اور جو لوگ
ايمان لائے اور نيك كام كئے تو هم اُن كو عنقريب جنت ميں
داخل كرينگے جن كے نيچے سے نهريں جاري هونگي - وه هميشه
هميشه اسي ميں رهينگے - ان ميں ان كي پاك كي هوئي
بيوياں بهي هونگي - اور هم ان كو سايه‌دار چهاؤں ميں داخل

* مشرك عربوں كے ايك بت كا نام -

کرینگے - [۵۸] بے شك خدا تمهیں حکم دیتا هے که تم امانت
والوں کي امانتیں ان کو واپس کر دو - اور جب لوگوں میں
فیصله کرو تو اِنصاف کے ساتھه فیصله کرو - بے شك خدا تم
کو اچھي نصیحت کرتا هے - اور خدا سننے والا اور دیکھنے والا
هے - [۵۹] مومنو - خدا کي اِطاعت کرو اور رسول کي اِطاعت
کرو - اور ان لوگوں کي بھي جو تم میں صاحب حکومت هیں -
اور اگر کسي بارے میں تم جھگڑ پڑو تو اگر تم خدا اور روز
آخرت پر ایمان رکھتے هو تو اس بارے میں خدا اور رسول کي
طرف رجوع کرو - یهه اچھي بات اور سب سے اچھي تاویل هے -
[۶۰] کیا تونے ان لوگوں پر نظر نهیں کي جو خیال کرتے
هیں که وہ ایمان رکھتے هیں اس چیز پر جو تجھپر نازل کي
گئي اور جو تجھسے پهلے نازل کي گئي تھي - وہ چاهتے
هیں که فیصلے کے لئے طاغوت کے پاس جائیں حالانکه
ان کو حکم دیا گیا هے که اسے نه مانیں - اور شیطان چاهتا
هے که ان کو گمراهي میں دور لے جائے - [۶۱] اور جب
ان سے کها جاتا هے که اس چیز کي طرف آؤ جو خدا نے نازل
کي هے اور رسول کي طرف تو تو منافقوں کو رکتا بھجکتا
دیکھیگا - [۶۲] مگر اس وقت کیا هوگا جب ان پر اپنے کئے کے
سبب مصیبت آپڑیگي ؟ تو وہ تیرے پاس آئینگے اور خدا کي
قسمیں کھائینگے که هم نے تو بس اِحسان اور اِتفاق کرنا چاها
تھا - [۶۳] یهه لوگ هیں جن کے دلوں کي باتیں خدا هي
جانتا هے - تو (اے نبی) تو ان سے چشم پوشي کر اور ان کو
نصیحت کر اور اُن سے پهنچتي هوئي بات کهه جو ان کے دلوں
میں لگے - [۶۴] اور هم نے تو رسول اسي لئے بھیجا که خدا
کے حکم سے اس کی اِطاعت کی جاے - اور جب یهه لوگ اپنے

آپ پر ظلم کئے تو اگر یہہ تیرے پاس آتے اور خدا سے
استغفار کرتے اور رسول بھي ان کے لئے اِستغفار کرتا تو یہہ لوگ
ضرور خدا کو توبہ قبول کرنے والا اور رحم کرنے والا پاتے -
[٦٥] مگر نہیں - تیرے پروردگار کی قسم - یہہ ایمان والے
نہیں جب تک اپنے آپس کے جھگڑے تیرے پاس فیصلے کے لئے
نہ لائیں - پھر جو تو فیصلہ کردے اس پر اپنے دلوں میں تنگ
نہ ہوں بلکہ اس کو سر جھکا کر تسلیم کر لیں - [٦٦] اور
اگر ہم ان پر فرض کر دیتے کہ اپنے آپ کو قتل کر ڈالو یا اپنے
گھروں سے نکل پڑو - تو ان میں سے کچھہ لوگوں کے سوا وہ
یہہ نہ کرتے - لیکن اگر وہ کرتے جو ان کو نصیحت کي جاتي
ہے تو یہہ ضرور ان کے لئے اچھا ہوتا اور ان کو زیادہ استواري
ہوتي - [٦٧] اور تب ہم ان کو ضرور اپنی طرف سے بڑا اجر
دیتے - [٦٨] اور ان کو سیدھی راہ بھی دکھاتے - [٦٩] اور
جو خدا اور رسول کي اِطاعت کرے - تو یہي لوگ ان کے ساتھہ
ہونگے جن پر خدا نے نعمتیں کی ہیں - یعنی نبیوں اور
صدیقوں اور شہیدوں اور نیک لوگوں کے ساتھہ - اور یہي لوگ
اچھے رفیق ہیں - [٧٠] یہہ خدا کا فضل ہے - اور خدا ہي
جاننے والا بس ہے -

[٧١] مومنو - اپنی خبرداري کرو - اور جدا جدا کوچ کرو
یا ایک ساتھہ نکلو - [٧٢] اور تم میں سے کوئي تو ہے کہ
نکلنے میں دیر کرتا ہے - پھر اگر تم پر مصیبت آ پڑے تو
کہتا ہے کہ خدا نے مجھپر احسان کیا کہ میں ان کے ساتھہ نہ
ہوا - [٧٣] اور اگر تم پر خدا کا فضل ہو تو کہتا ہے گویا تم
میں اور اس میں دوستي ہي نہ تھي کہ اے کاش میں ان کے ساتھہ
ہوتا تو مجھکو بڑي کامیابي ہوتي - [٧۴] جو لوگ دنیا کي

زندگي کے بدلے آخرت مول لیتے هیں ان کو چاهئے که خدا کي
راه میں لڑیں - اور جو کوئي خدا کي راه میں لڑے - پهر
قتل هو یا غالب آئے - هم اُسکو بڑا اجر دینگے - [۷۵] اور تم
کو کیا هوا که خدا کي راه میں اور بےبس مردوں اور عورتوں
اور بچوں کے لئے نهیں لڑتے جو کهتے هیں اے همارے پروردگار
هم کو ان ظالموں کے شهر سے نکال - اور اپني طرف سے هم کو
ایك حامي دے اور اپني طرف سے هم کو ایك مددگار دے -
[۷۶] جو لوگ ایمان رکهتے هیں وه خدا کي راه میں لڑتے
هیں اور جو کفر کرتے هیں وه طاغوت کي راه میں لڑتے هیں -
تو تم شیطان کے حامیوں سے لڑو - بے شك شیطان کا داؤ پیچ
کمزور هے -

[۷۷] کیا تونے ان لوگوں کو نهیں دیکها جن سے کها
گیا که اپنے هاتهوں کو روکے رهو - اور نماز پر قائم رهو اور
زکواة دو - پهر جب ان پر لڑنا فرض کیا گیا تو ان میں کا ایك
گروه لوگوں سے ڈرنے لگا جیسے خدا سے ڈرتے هیں یا اس سے بهي
زیاده - اور کهنے لگے اے همارے پروردگار تونے هم پر لڑنا کیوں
فرض کیا ؟ هم کو تهوڑے دنوں اور کیوں نه ڈهیل دي ؟ تو کهه
دنیا کا فائده چند روزه هے - مگر پرهیزگاروں کے لئے آخرت بهت
بهتر هے - اور تم لوگوں پر ذره بهي ظلم نه هوگا - [۷۸] تم کهیں
بهي هو موت تم کو نکال هي لیگي اگرچه پکے برجوں هي میں
هو - اور اگر ان کو کوئي بهلائي پهنچتي هے تو کهتے هیں
یهه خدا کي طرف سے هے - اور اگر ان کو کوئي برائي پهنچے
تو کهتے هیں یهه تیرے هي سبب سے هے - تو کهه سب خدا کي
طرف سے هے - اس قوم کو کیا هو گیا هے که یهه بات سمجهنے کے
قریب بهي نهیں جاتي - [۷۹] تجکو جو کچهه بهلائي پهنچتي

هے وہ خدا کي طرف سے هے - اور تجکو جو کچھہ برائي پہنچتي هے وہ تیري هي لائي هوئي هے - اور (اے محمد) همنے تجکو لوگوں کا رسول بنا کر بھیجا هے - اور خدا کافي گواہ هے - [۸۰] حس نے رسول کي اطاعت کي - اُس نے خدا کي اطاعت کي - اور حس نے بیٹھہ دي - تو هم نے تجکو اُن پر نگھباني کے لئے نهیں بھیجا - [۸۱] اور وہ کہتے هیں کہ هم اطاعت کرتے هیں - لیکن حب تیرے پاس سے چلے جاتے هیں تو ان میں کا ایك گروہ تیرے کہنے کے خلاف راتوں کو مشورے کرتا هے - اور خدا لکھتا هے جو کچھہ وہ راتوں کو مشورے کرتے هیں - پس تو ان سے چشم پوشي کر - اور خدا پر توکل کر - اور خدا کافي وکیل هے - [۸۲] تو کیا یہہ لوگ قرآن پر غور نهیں کرتے ؟ اور اگر یہہ خدا کے سوا اور کسی کي طرف سے هوتا تو وہ ضرور اس میں بہت سے اختلافات پاتے - [۸۳] اور حب ان کے پاس کوئي خبر امن یا حوف کي آتي هے تو یہہ اسکو مشہور کر دیتے هیں - اور اگر یہہ اس بات کو رسول اور حو صاحب حکومت هیں ان کي طرف رجوع کرتے تو ان میں تحقیق کرنے والے اس کي اصلیت جان لیتے - اور اگر تم پر خدا کا فضل اور اس کي رحمت نه هوتي تو کچھہ لوگوں کے سوا تم سب شیطان کي پیروي کرنے لگتے - [۸۴] پس (اے نبي) خدا کي راہ میں لڑ - تجپر اپني ذات کے سوا کسي کا ذمہ نهیں - اور مسلمانوں کو بھي اُبھار - شاید خدا کافروں کا زور روکے - اور خدا زیادہ زور والا هے اور زیادہ سزا دینے والا هے - [۸۵] جو کوئي اچھي بات کي سفارش کرے اس میں سے اس کو بھي حصہ ملیگا - اور جو بري بات کي سفارش کرے اس میں اس کا بھي برابر حصہ هوگا - اور خدا هر چیز کا نگھبان هے - [۸۶] اور جب تم کو

سلام کیا جائے تو تم اس سے بہتر سلام کرو - یا وهي واپس
کر دو - بے شك خدا هر چیز کا حساب رکھتا هے - [۸۷] خدا
کے سوا کوئي معبود نہیں - اس میں شك نہیں کہ قیامت کے
دن وہ تم سب کو جمع کریگا - اور خدا سے بڑھ کر سچي کس
کي بات هوگي ؟

[۸۸] اور تمھیں کیا هو گیا هے کہ منافقوں کے بارے میں
دو فریق هو رهے هو حالانکہ خدا نے ان کے کاموں کے سبب
ان کو اُلٹ دیا هے - کیا تم چاهتے هو کہ جس کو خدا نے
گمراہ کیا اس کو تم هدایت کرو ؟ اور جس کو خدا نے گمراہ
کیا تو اس کے لئے کوئي راہ نہ پائیگا - [۸۹] وہ چاهتے هیں
کہ تم بھي کفر کرو جیسے وہ کفر کرتے هیں اور تم سب برابر هو
جاؤ - تو جب تك یہہ لوگ خدا کي راہ میں هجرت نہ کریں
ان میں سے کسي کو دوست نہ بناؤ - پھر اگر وہ پھر جائیں
تو اُن کو پکڑو اور جہاں پاؤ ان کو قتل کرو - اور ان میں سے
کسي کو دوست یا مددگار نہ بناؤ - [۹۰] مگر وہ لوگ جو
ایسي قوم سے جا ملیں کہ تم میں اور ان میں عہد هو یا
تمھاري یا اپني قوم کي لڑائي سے تنگ دل هوکر تمھارے پاس
چلے آئیں - اور اگر خدا چاهتا تو ان کو تم پر مسلط کر دیتا -
پھر وہ تم سے لڑتے - اور اگر یہہ تم سے علحدہ هو جائیں اور
تم سے نہ لڑیں اور تم کو صلح کا پیغام بھیجیں - تو ایسے
لوگوں کے خلاف تمھیں خدا نے کوئي حکم نہیں دیا -
[۹۱] دوسرے کچھہ لوگ تم ایسے بھي پاؤگے جو تم سے بھي
امن میں رهنا چاهتے هیں اور اپنے لوگوں سے بھي امن میں
رهنا چاهتے هیں - مگر جب جب اُن کو فتنہ انگیزي کي طرف
پھیرا جاتا هے تو وہ اُلٹے اس میں گر پڑتے هیں - تو یہہ لوگ

اگر تم سے علحدہ نہ ہو جائیں اور نہ تم کو صلح کا پیغام
بھیجیں اور نہ اپنے ہاتھہ روکیں تو اُن کو پکڑو اور جہاں پاؤ
ان کو قتل کرو - اور یہي لوگ ہیں جن کے خلاف ہم نے
تم کو صاف حکم دیا ہے -

[۹۲] اور کسي مسلمان کا کام نہیں کہ مسلمان کو قتل
کر ڈالے - مگر غلطی سے - اور جو کوئي کسي مسلمان کو غلطي
سے قتل کر ڈالے تو اس کو ایک مسلمان کي گردن آزاد کرنا ہوگا -
اور اس کے لوگوں کو پورا پورا خوں بہا دینا ہوگا - مگر یہہ کہ
وہ معاف کر دیں - اور اگر وہ ایسے لوگوں میں سے تھا جو
تمھارے دشمن ہیں اور وہ خود مسلمان تھا تو ایک مسلمان
کي گردن آزاد کرنا ہوگا - اور اگر وہ ایسے لوگوں میں سے تھا
جن میں اور تم میں عہد تھا تو اس کے لوگوں کو خوں بہا
پورا پورا دینا ہوگا - اور ایک مسلمان کي گردن بھي آزاد کرنا
ہوگا - اور جو کوئي یہہ نہ کر سکے تو بطور توبہ دو مہینے
لگاتار روزے رکھے - یہہ خدا کا حکم ہے - اور خدا جاننے والا
اور حکمت والا ہے - [۹۳] اور جو مسلمان کو عمداً قتل کرڈالے
تو اُس کي جزا جہنم ہے جس میں وہ ہمیشہ رہیگا - اور خدا
اُس پر غصہ ہوگا اور اُس پر لعنت کریگا - اور اُس نے اُس کے لئے
بڑا عذاب تیار کر رکھا ہے - [۹۴] مومنو - جب تم خدا کي
راہ میں چلو تو تحقیق کر لو - اور جو کوئي تم کو سلام کرے
تو اُس سے یہہ نہ کہو کہ تو مسلمان نہیں - تم دنیا کي زندگي
کے عارضي سامان ڈھونڈتے ہو تو خدا کے پاس بہت سي
غنیمتیں ہیں - تم پہلے ایسے ہي تھے - اور خدا نے تم پر
احسان کیا - پس تحقیق کر لو - بے شك خدا تمھارے کاموں
کي خبر رکھتا ہے - [۹۵] معذور مسلمانوں کے سوا بیٹھہ رہنے

والے اور خدا کي راہ میں اپنے مال اور اپني جان سے کوشش کرنے والے برابر نہیں - خدا نے اپنے مال اور اپني جان سے کوشش کرنے والوں کو بیٹھ رہنے والوں پر درجے کے اِعتبار سے فضیلت دي ہے - اور سبھوں سے تو خدا نے اچھا ھي وعدہ کیا ہے - مگر خدا نے کوشش کرنے والوں کو بیٹھ رہنے والوں پر بڑے اجر نیك کے اِعتبار سے فضیلت دي ہے - [۹۶] ان کے لئے اس کي طرف سے مدارج ھیں اور بخشش اور رحمت - اور خدا بخشنے والا رحم کرنے والا ہے -

[۹۷] جو لوگ اپنے آپ پر ظلم کرتے ھیں ان کي جان قبض کرنے والے فرشتے ان سے کہتے ھیں کہ تمھارا کیا حال تھا ؟ وہ کہتے ھیں ھم تو دنیا میں بے بس رہے - پھر وہ کہتے ھیں کیا خدا کي زمین اِتني بھي وسیع نہ تھي کہ تم اس میں ھجرت کرتے ؟ تو یہي لوگ ھیں جن کا ٹھکانا جہنم ہے - اور وہ بري جگہ ہے - [۹۸] مگر وہ بے بس مرد اور عورتیں اور بچے جو نہ حیلہ کر سکے اور نہ راہ پا سکے - [۹۹] تو یہ لوگ ھیں کہ شاید خدا ان کو معاف کرے - اور خدا معاف کرنے والا اور بخشنے والا ہے - [۱۰۰] اور جو کوئي خدا کي راہ میں ھجرت کرے تو وہ زمین میں بہت وسیع جگہ پائیگا - اور جو کوئي اپنے گھر سے خدا اور اس کے رسول کي طرف مہاجر بن کر نکلے - پھر اس کو موت آ جائے تو اس کا اجر نیك خدا کے ذمہ رھا اور خدا بخشنے والا اور رحم کرنے والا ہے -

[۱۰۱] اور جب تم دنیا میں پھرو تو تم پر کوئي گناہ نہیں کہ تم نماز قصر کرو اگر تم کو یہ ڈر ھو کہ کافر تم کو ستائینگے - بے شك کافر تو تمھارے دشمن صریح ھیں - [۱۰۲] اور جب تو ان میں ھو - اور ان کو نماز پڑھانے کے لئے کھڑا ھو تو ان میں

كي ايك جماعت كو تيرے ساتهہ كهڑا هونے دے - اور چاهئے كه
وہ اپنے هتهيار لئے هوں - پهر جب وہ سجدہ كر چكيں تو وہ
تمهارے پيچهے چلے جائيں - اور دوسري جماعت جس نے نماز
نهيں پڑهي آئے اور تيرے ساتهہ نماز پڑهے اور چاهئے كه وہ
اپني خبرداري كريں اور اپنے هتهيار لئے رهيں - كافر تو چاهتے
هي هيں كه اے كاش تم اپنے هتهيار اور اسباب سے غافل هو
جاؤ تو وہ ايك بارگي تم پر ٹوٹ پڑيں - اور تم پر كوئي گناہ
نهيں اگر تم كو مينهہ سے تكليف هو يا تم بيمار هو جاؤ تو اپنے
هتهيار ركهہ دو - مگر اپني خبرداري كر لو - خدا نے تو كافروں
كے لئے رسوائي كا عذاب تيار كر ركها هے - [١٠٣] پهر جب تم
نماز پوري كر چكو تو كهڑے اور بيٹهے اور ليٹے خدا كو ياد كرو -
اور جب تم كو اطمينان هو جائے تو پهر نماز پر قائم هو جاؤ -
نماز تو مسلمانوں پر وقت مقرر پر فرض هے - [١٠۴] اور
دشمنوں كے ڈهونڈنے ميں كاهلي نه كرو - اگر تم كو تكليف
پهنچتي هے تو اُن كو بهي تكليف پهنچتي هے جيسے تم كو
تكليف پهنچتي هے - اور تم خدا سے اُميد ركهتے هو اور وہ
اُميد نهيں ركهتے - اور خدا جاننے والا اور حكمت والا هے -
[١٠٥] هم نے تجهپر كتاب پر حق نازل كي هے تا كه جو
كچهہ خدا نے تجكو دكهايا هے تو اسكے مطابق لوگوں ميں
فيصله كر دے - اور تو خيانت كرنے والوں كي طرف سے مت
جهگڑ - [١٠٦] اور خدا سے استغفار كر - بے شك خدا بخشنے والا
اور رحم كرنے والا هے - [١٠٧] اور جو لوگ آپس ميں خيانت كرتے
هيں ان كے بارے ميں تو نه جهگڑ - خدا خيانت كرنے والے
گنهگاروں كو پسند نهيں كرتا - [١٠٨] يهہ لوگوں سے تو
چهپاتے هيں اور خدا سے نهيں چهپا سكتے - اور وہ تو ان كے

ساتھہ هوتا هے جب وہ راتوں کو ایسي باتوں کے مشورے کرتے
هیں جو اسکو پسند نہیں - اور ان کے کاموں کو خدا گھیرے
هوئے هے - [۱۰۹] اے لو تم نے تو دنیا کي زندگی میں ان کے
بارے میں جھگڑ لیا مگر قیامت کے دن ان کے لئے خدا سے کون
جھگڑیگا - یا کون ان کا وکیل هوگا ؟ [۱۱۰] اور جو کوئی برا
کام کرے یا اپنے آپ پر ظلم کرے اور پھر خدا سے استغفار کرے
تو خدا کو بخشنے والا اور رحم کرنے والا پائیگا - [۱۱۱] اور
جو کوئي گناہ کمائے تو وہ اُسي کي ذات پر پڑتا هے - اور خدا
جاننے والا اور حکمت والا هے - [۱۱۲] اور جو کوئي خطا یا
گناہ کمائے اور پھر اسے بے قصور پر لگا دے تو اس نے بہتان
اور گناہ صریح اپنے سر لیا -

[۱۱۳] اور اگر تجھپر خدا کا فضل اور اس کي رحمت نہ
هوتي تو ان میں کا ایک گروہ تجھکو گمراہ کرنے کا قصد کر هي
چکا تھا - مگر یہہ اپنے سوا اور کسي کو گمراہ نہیں کرتے - اور
نہ وہ تجھکو کچھہ بھي ضرر پہنچا سکتے هیں - اور خدا نے
تجھپر کتاب اور حکمت نازل کي هے اور تجھکو سکھایا جو تو نہیں
جانتا تھا - اور تجھپر خدا کا بڑا فضل هے - [۱۱۴] لوگوں کے
اکثر مشوروں میں کوئي نیك بات نہیں مگر جو کوئي خیرات
یا اچھے کام یا لوگوں میں اِصلاح کرنے کو کہے - اور جو کوئي
خدا کي خوشنودي کی طلب میں یہہ کام کرے تو هم اس
کو بڑا اجر نیك دینگے - [۱۱۵] اورجو کوئي رسول سے مخالفت
کرے باوجودیکہ اُس پر هدایت ظاهر هو چکي اور مسلمانوں
کي راہ کے خلاف چلے تو هم بھي اُس کو اُسي طرف پھیرینگے
جدھر وہ پھرا هے اور اُس کو جہنم میں پہنچائینگے - اور وہ
بُري جگہہ هے -

[۱۱۶] خدا يهہ نہيں بخشتا كہ اُس كے ساتھہ كسي كو شريك ٹھہرايا جائے - اور اس كے سوا جس كو چاھے بخش دے - اور جس نے خدا كے ساتھہ كسي كو شريك ٹھہرايا تو وہ بڑي گمراھي ميں پڑ گيا - [۱۱۷] يهہ لوگ تو اُس كے سوا بس ديويوں ھي كو پكارتے ھيں اور وہ بس شيطان سركش كو پكارتے ھيں - [۱۱۸] خدانے اس پر لعنت كي - اس نے كہا تھا كہ ميں تيرے بندوں ميں سے ايك حصہ معين ضرور لونگا - [۱۱۹] اور ان كو ضرور گمراہ كرونگا اور ان كو جھوٹي اُميديں دونگا اور ان كو حكم كرونگا اور وہ مويشيوں كے كان چير ڈالينگے - اور ان كو حكم دونگا اور وہ خدا كي بنائي ھوئي صورتوں ميں بھي تغير كرينگے - اور جو كوئي خدا كے سوا شيطان كو دوست بنائے تو وہ صريح خسارے ميں پڑ گيا - [۱۲۰] وہ ان سے وعدے كرتا ھے اور ان كو جھوٹي اُميديں دلاتا ھے - اور وہ سوا فريب كے ان سے كوئي وعدہ نہيں كرتا - [۱۲۱] انہيں لوگوں كا ٹھكانا جہنم ھے - اور وہ اس سے كہيں بھاگنے كي جگہہ نہ پائينگے - [۱۲۲] اور جو لوگ ايمان لائے اور نيك كام كئے تو ان كو ھم جنت ميں داخل كرينگے جن كے نيچے سے نہريں جاري ھونگي اور وہ انہيں ميں ھميشہ ھميشہ رھينگے - يهہ خدا كا سچا وعدہ ھے - اور خدا سے بڑھہ كر قول كا سچا اور كون ھوگا ؟ [۱۲۳] نہ تو يهہ تمہاري خواھشوں كے مطابق ھوگا اور نہ اھل كتاب كي خواھشوں كے مطابق - جو كوئي بُرے كام كريگا اس كو اس كي جزا دي جائيگي - اور خدا كے سوا نہ وہ دوست ھي پائيگا اور نہ مددگار - [۱۲۴] اور جو كوئي نيك كام كرے مرد ھو يا عورت اور وہ ايمان بھي ركھتا ھو - تو يهي لوگ جنت ميں داخل ھونگے - اور ان پر كسي طرح كا ظلم نہ ھوگا -

[۱۲۵] اور دین کے اعتبار سے اس سے بڑھ کر کون ہوگا جو اپنے تئیں خدا کے سامنے جھکا دے - اور اچھے کام بھي کرے - اور ابراهیم حنیف کي ملت کي پیروي کرے - اور خدا نے تو ابراهیم کو دوست بنایا تھا - [۱۲۶] اور خدا هي کا هے جو کچھ آسمان اور زمین میں هے - اور خدا هر چیز کو گھیرے هوئے هے -

[۱۲۷] اور تجھسے عورتوں کے بارے میں حکم پوچھتے هیں - تو کهہ خدا تم کو ان کے بارے میں فتوی دیتا هے - اور کتاب میں جو تم کو سنایا جا چکا هے وہ ان یتیم عورتوں کے بارے میں هے جن کو تم ان کے حق نهیں دیتے اور ان سے نکاح کرنا چاهتے * هو - اور بے بس بچوں کے بارے میں بھي حکم دیتا هے - اور یهہ که تم یتیموں کے بارے میں اِنصاف پر قائم رهو - اور جو کچھ بھي نیك کام تم کروگے تو خدا اس کا جاننے والا هے - [۱۲۸] اور اگر کوئي عورت اپنے شوهر کي زیادتي یا ناراضي سے ڈرے تو ان دونوں پر کوئي گناہ نهیں که آپس میں صلح کر لیں - اور صلح بهتر هے - اور نفس اِنساني میں تو بخل موجود هے - اور اگر تم نیکي کرو اور (بُرائي سے) بچو تو خدا تمھارے کاموں کي خبر رکھتا هے - [۱۲۹] اور تم هرگز عورتوں میں عدل نهیں کر سکنے کے حالانکه تم چاهو - تو ایك بارگي بھي ایك کي طرف نه جھك پڑو که دوسري کو گویا معلق چھوڑ دو - اور اگر صلح کر لو اور (بُرے کاموں سے) بچو تو خدا بخشنے والا رحم کرنے والا هے - [۱۳۰] اور اگر وہ دونوں علحدہ هو جائیں تو خدا اپنے فضل سے دونوں کو بے پروا کر دیگا - اور خدا گنجایش والا اور حکمت والا هے - [۱۳۱] اور خدا هي کا هے جو کچھ آسمان

* دوسرے معني یهہ بھي هونگے که اُن سے نکاح کرنا پسند نهیں کرتے -

میں ھے اور جو کچھہ زمین میں ھے - اور جن لوگوں کو تم سے
پہلے کتاب دي گئي ان سے اور تم سے ھم نے تو یہي کہہ رکھا ھے
کہ خدا سے ڈرو - اور اگر تم کفر کروگے تو خدا کا ھے جو کچھہ
آسمان میں اور جو کچھہ زمین میں ھے - اور خدا بے نیاز اور
قابل تعریف ھے- [۱۳۲] اور خدا ھي کا ھے جو کچھہ آسمان
میں اور جو کچھہ زمین میں ھے - اور خدا ھي وکیل بس ھے -
[۱۳۳] لوگو - اگر وہ چاھے تم کو اُچك لے جائے اور دوسروں
کو لائے - اور خدا اس پر قادر ھے - [۱۳۴] جو کوئي دُنیا کا
ثواب چاھے تو خدا کے ھاں اِس دُنیا اور آخرت دونوں کا ثواب
ھے - اور خدا سننے والا اور دیکھنے والا ھے -

[۱۳۵] مومنو - خدا کے روبرو گواھي دینے میں انصاف پر
قائم رھو اگرچہ یہہ تمھارے اپنے ھي خلاف ھو یا ماں باپ
اور قرابت والوں کے - اگر کوئي غني ھو یا فقیر - کیونکہ خدا
اُن دونوں سے اولیٰ ھے - پس تم اپني خواھشوں کي پیروي نہ
کرو کہ بے اِنصافي کرو - اور اگر تم چُپ جاؤ یا چشم پوشي
کرو تو خدا تمھارے کاموں کي خبر رکھتا ھے - [۱۳۶] مومنو -
خدا پر ایمان لاؤ اور اُس کے رسول پر اور اُس کتاب پر جو اُس نے
رسول پر اُتاري ھے اور اُس کتاب پر جو اُس نے پہلے نازل کي
تھي - اور جو کوئي خدا سے کفر کرے اور اُسکے فرشتوں سے
اور اُس کي کتابوں سے اور اُس کے رسولوں سے اور روز آخرت سے تو
وہ بڑي گمراھي میں پڑ گیا - [۱۳۷] جو لوگ ایمان لائے پھر
کفر کئے پھر ایمان لائے اور پھر کفر کئے اور کفر ھي میں بڑھتے گئے
تو خدا اُن کو ھرگز نہیں بخشنے کا اور نہ وہ اُن کو راہ دکھائیگا-
[۱۳۸] (اے نبي) منافقوں کو خوش خبري دے کہ اُن کو دردناك
عذاب ھوگا - [۱۳۹] کہ اُن لوگوں نے مومنوں کو چھوڑ کر

کافروں سے دوستي کي - کیا یہہ لوگ کافروں کے هاں عزت چاهتے هیں ؟ مگر عزت تو ساري خدا هي کے هاں هے - [۱۴۰] اور تم پر تو خدا نے کتاب میں اُتارا هي هے کہ جب تم سنو کہ خدا کي آیتوں سے اِنکار کیا جاتا هے اور اُن سے ٹھٹھا کیا جاتا هے تو اُن کے ساتھہ مت بیٹھو یہاں تک کہ وہ دوسري باتوں میں لگ جائیں نہیں تو تم بھي اُنهیں کي طرح هو جاؤگے - خدا ضرور سارے منافقوں اور کافروں کو جہنم میں جمع کریگا - [۱۴۱] وہ لوگ تمهارے منتظر هیں اور اگر تم کو خدا کي طرف سے فتح ملے تو کهتے هیں کیا هم تمهارے ساتھہ نہ تھے ؟ اور اگر یہہ کافروں کو نصیب هو تو (کافروں سے) کهتے هیں کیا هم تم پر غالب نہیں آئے اور تم کو مسلمانوں سے بچا لیا ؟ تو خدا تم میں قیامت کے دن فیصلہ کر دیگا - اور کافروں کو مسلمانوں پر زور نہیں لے جانے دیگا -

[۱۴۲] منافق خدا کو دهوکا دینا چاهتے هیں - مگر وہ اِنهیں کو دهوکا دیگا - اور یہہ جب نماز کے لئے کھڑے هوتے هیں تو کاهلي سے کھڑے هوتے هیں اور لوگوں کو دکھاتے هیں اور خدا کو یاد نہیں کرتے مگر تھوڑا - [۱۴۳] دونوں میں مذبذب - نہ اِنهیں کي طرف نہ اُنهیں کي طرف - اور جس کو خدا گمراہ کر دے تو اس کے لئے تو هرگز کوئي راہ نہیں پانے کا - [۱۴۴] مومنو - مسلمانوں کو چھوڑ کر کافروں سے دوستي نہ کرو - کیا تم یہہ چاهتے هو کہ خدا کا صاف حکم تمهارے خلاف هو ؟ [۱۴۵] منافق دوزخ کے سب سے نیچے درجے میں هونگے - اور تو ان کے لئے هرگز کوئي مددگار نہ پائیگا - [۱۴۶] مگر جنهوں نے توبہ کي اور اپني اصلاح کر لي اور خدا کو مضبوطي سے پکڑ لیا اور اپنا دین خدا کے لئے خالص کر لیا -

تو یہہ لوگ ایمان والوں کے ساتھہ ہونگے - اور خدا ایمان والوں کو بڑا اجر نیک دیگا -[۱۴۷] خدا تم کو عذاب دیکر کیا کریگا اگر تم شکر گزار ہو اور ایمان رکھو ؟ خدا تو خود قدردان اور جاننے والا ہے - ¶ [۱۴۸] بري بات کا پکار کر کہنا خدا کو پسند نہیں - مگر جس پر ظلم ہوا ہو - اور خدا سننے والا اور جاننے والا ہے - [۱۴۹] اگر تم نیک کام کو ظاہر کرتے ہو یا اُس کو چھپاتے ہو یا کسي کي بُرائي کو معاف کرتے ہو تو خدا معاف کرنے والا قادر ہے -[۱۵۰] جو لوگ خدا اور اُس کے رسولوں سے کفر کرتے اور چاہتے ہیں کہ خدا اور اُس کے رسولوں میں فرق کریں اور کہتے ہیں کہ ہم بعض پر ایمان رکھتے اور بعض سے کفر کرتے - اور چاہتے ہیں کہ کفر اور ایمان دونوں کے بیچوں بیچ کوئي راہ اختیار کریں - [۱۵۱] تو یہي لوگ سچ مچ کافر ہیں - اور ہم نے کافروں کے لئے رسوائي کا عذاب تیار کر رکھا ہے - [۱۵۲] اور جو لوگ خدا اور اُس کے رسولوں پر ایمان لائے اور اُن میں سے کسي میں کچھہ فرق نہ کیا - تو یہي لوگ ہیں جن کو وہ اُن کے اجر دیگا - اور خدا بخشنے والا اور رحم کرنے والا ہے -

[۱۵۳] (اے نبي) اہل کتاب تجھسے سوال کرتے ہیں کہ تو آسمان سے ان پر کوئي کتاب نازل کر - موسیٰ سے تو اس سے بھي بڑھہ کر سوال کیا گیا تھا - انھوں نے کہا تھا کہ ہم کو خدا علانیہ دکھا دے - پھر ان کے ظلم کے سبب ان کو غشي نے آلیا - پھر اس کے بعد حالانکہ ان کے پاس بین دلیلیں آ چکي تھیں انھوں نے بچھڑا بنا لیا - پھر ہم نے ان کو یہہ بھي معاف کر دیا - اور موسیٰ کو ہم نے بین سند دیا - [۱۵۴] اور ان سے اقرار لینے میں ہم نے طور کو ان پر بلند

کیا - اور ان سے کہا کہ دروازے میں سجدہ کرتے ہوئے داخل
ہو - اور ہم نے اُن سے کہا سبت کے روز زیادتی نہ کرو - اور
ہم نے ان سے پکا عہد لیا - [۱۵۵] تو ان کی عہد شکنی کے
سبب اور خدا کی آیتوں سے کفر کرنے اور نبیوں کو ناحق قتل
کرنے اور ان کے اس قول کے سبب کہ ہمارے دلوں پر پردہ ہے -
نہیں بلکہ خدا نے ان کے کفر کے سبب ان پر مہر کر دی ہے -
بس کچھہ لوگوں کے سوا وہ نہیں ایمان لانے کے - [۱۵۶] اور
ان کے کفر کے سبب اور مریم پر بڑے بہتان کی باتیں کہنے
کے سبب - [۱۵۷] اور ان کے اِس کہنے کے سبب کہ ہم نے خدا
کے رسول عیسی مسیح ابن مریم کو قتل کیا - حالانکہ نہ
اُنھوں نے ان کو قتل کیا اور نہ اُن کو صلیب دیا بلکہ
ان کو یہی معلوم ہوا - اور جو لوگ اس بارے میں اختلاف
کرتے ہیں وہ ضرور شک میں ہیں - ان کو تو اس کا کوئی علم
ہے نہیں مگر اٹکل کے پیچھے پڑے ہیں - اور یقیناً انھوں نے
اس کو قتل نہیں کیا - [۱۵۸] بلکہ خدا نے اس کو اپنی طرف
اُٹھا لیا - اور خدا زبردست حکمت والا ہے - [۱۵۹] اور کوئی
اہل کتاب ایسا نہیں جو اس کے مرنے سے پہلے اس پر ایمان
نہ لائے - اور روز آخرت میں وہ ان پر گواہ ہوگا - [۱۶۰] پس
یہودیوں کے ظلم سے ہم نے ان پر کتنی پاک چیزیں جو ان پر
حلال تھیں حرام کر دیں - اور اس سبب سے بھی کہ انھوں نے
خدا کی راہ سے بہتوں کو روکا - [۱۶۱] اور اس سبب سے بھی
کہ وہ سود لیتے تھے حالانکہ یہہ ان کو منع تھا - اور لوگوں کے
مال ناحق کھا جانے کے سبب سے بھی ہم نے ان میں سے کفر
کرنے والوں کے لئے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے - [۱۶۲] لیکن
ان میں سے علم میں پکے لوگ اور ایمان والے جو اس چیز

پرایمان لائے جو تجھپر نازل ھوئي اور اس چیز پر جو تجھسے
پہلے نازل ھوئي - اور نماز پر قائم رھنے والے اور زکوۃ دینے والے
اور خدا پر اور روز آخرت پر ایمان رکھنے والے - یہي لوگ
ھیں جن کو ھم بڑا اجر دینگے -
[۱۶۳] (اے نبي) ھم نے تیري طرف وحي کي جیسے ھم نے
نوح اور اس کے بعد دوسرے نبیوں کي طرف وحي بھیجي - اور
ھم نے ابراھیم اور اِسمعیل اور اِسحاق اور یعقوب اور اُس کي
اولاد اور عیسیٰ اور ایوب اور یونس اور ھارون اور سلیمان کي
طرف بھي وحي بھیجي تھیں - اور ھم نے داؤد کو زبور دي
تھي - [۱۶۴] اور کتنے رسول ھیں جنکا قصہ ھم نے پہلے
تجھسے بیان کیا - اور کتنے ھي رسول ھیں جنکا قصہ ھم نے
تجھسے بیان نہیں کیا - اور خدا نے موسیٰ سے باتیں کہیں -
[۱۶۵] یہہ سب رسول بشارت دینے والے اور ڈرانے والے تھے -
تا کہ رسولوں کے آجانے کے بعد لوگوں کو خدا پر کوئي حجت
نہ رھے - اور خدا زبردست حکمت والا ھے - [۱۶۶] لیکن خدا
گواھي دیتا ھے کہ جو کچھہ اس نے تجھپر نازل کیا ھے وہ اس نے
اپنے علم سے کیا ھے - اور فرشتے بھي گواھي دیتے ھیں - اور
خدا کي گواھي بس ھے - [۱۶۷] جن لوگوں نے کفر کیا اور راہ
خدا سے لوگوں کو روکا وہ گمراھي میں بڑي دور جا پڑے -
[۱۶۸] جن لوگوں نے کفر کیا اور ظلم بھي خدا ان کو بخشنے
والا نہیں - اور نہ وہ ان کو طریق بتائیگا - [۱۶۹] مگر
جہنم کا طریق - جس میں وہ ھمیشہ ھمیشہ رھینگے - اور یہہ
خدا کے لئے آسان ھے - [۱۷۰] لوگو - اب تو تمھارے پروردگار
کي طرف سے تمھارے پاس رسول بر حق آچکا - پس ایمان
لاؤ - تمھارا بھلا ھوگا - اور اگر کفر کروگے تو خدا ھي کا ھے

جو کچھہ آسمان اور زمین میں ھے - اور خدا جاننے والا اور
حکمت والا ھے - [۱۷۱] اے اھل کتاب - اپنے دین میں مبالغہ نہ
کرو - اور نہ خدا پر سچ کے سوا کچھہ کہو - عیسی ابن مریم تو
خدا کا رسول اور اس کا کلمہ تھا جو اس نے مریم کي طرف بھیجا
اور وہ روح تھي اسي کي طرف سے - بس خدا اور اس کے رسولوں
پر ایمان رکھو - اور تثلیث کي بات نہ کرو - باز آؤ - تمھارے
لئے بہتر ھوگا - خدا تو بس ایك ھي خدا ھے - وہ پاك ھے اس
بات سے کہ اس کے کوئي اولاد ھو - اسي کا ھے جو کچھہ آسمان
میں ھے اور جو کچھہ زمین میں ھے - اور خدا وکیل بس ھے -
[۱۷۲] مسیح کو خدا کا بندہ ھونے سے ھرگز انکار نہیں -
اور نہ فرشتۂ مقربین کو - اور جس کسي کو اُس کي عبودیت سے
انکار ھو اور وہ تکبر بھي کرے تو خدا ان سب کو اپني ھي
طرف اکٹھا کریگا - [۱۷۳] پھر جو لوگ ایمان لائے اور نیك
کام کئے تو وہ ان کو انکا اجر پورا پورا دیگا - اور اپنے فضل سے
ان کو زیادہ بھي دیگا - اور جن لوگوں نے انکار کیا اور تکبر
بھي کیا تو وہ ان کو دردناك عذاب دیگا - اور نہ ان کو خدا
کے سوا کوئي حامي ملیگا اور نہ مددگار - [۱۷۴] لوگو - اب
تمھارے پاس تمھارے پروردگار کي طرف سے دلیل آچکي - اور
ھم نے تمھاري طرف صریح روشني بھیجي - [۱۷۵] تو جو
لوگ خدا پر ایمان رکھتے اور اس کو مضبوطي سے پکڑے رھتے
ھیں تو وہ ان کو اپني رحمت اور فضل میں داخل کریگا اور
ان کو اپني طرف سیدھي راہ دکھائیگا - [۱۷۶] تجھسے فتوی
مانگتے ھیں - تو کہہ خدا کلالہ کے بارے میں تمھیں فتوی
دیتا ھے - کہ اگر کوئي مرد مر جائے جس کے اولاد نہ ھو اور
اس کے بہن ھو تو مرنے والا جو کچھہ چھوڑ جائے اس کا آدھا

اس کا هے - اور اگر بهن کے کوئي اولاد نه هو اور وہ اس کا وارث
هو تو اگر دو بهنیں هیں تو مرنے والا جو کچھه چهوڑ جائے
اس کي دو تہائي ان کو ملیگي - اور اگر بهائي بهن هوں تو مرد
دو عورتوں کے حصے کے برابر پائیگا - خدا تم سے بیان کرتا هے
تاکه تم گمراہ نه هو جاؤ - اور خدا هر چیز کا جاننے والا هے -

سورۂ مائدہ

مدني - ١٢٠ آیتیں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحیم هے

[١] مومنو - اپنے عهدوں کو پورا کرو - مویشي چار پائے
تمهارے لئے حلال کر دئے گئے هیں - مگر وہ جو تم کو پڑھه کر
سنائے جاچکے - لیکن جب تم احرام باندهو تو شکار کرنا
حلال نهیں - خدا جو چاهے حکم دے - [٢] مومنو - خدا
کي نشانیوں اور ماہ حرام اور هدیه اور گلے میں پٹے بندهے
هوئے جانوروں کي اور بیت الحرام کے آنے والے که وہ اپنے پروردگار
کا فضل اور اُس کي خوشنودي چاهتے هیں اُن کي بے حرمتي نه
کرو - اور جب احرام سے نکلو تو شکار کرو - اور اُن لوگوں کي
دشمني جنهوں نے تم کو مسجد حرام سے روکا اِس بات کا باعث
نه هو که تم زیادتي کرو - اور نیکي اور پرهیزگاري میں ایک
دوسرے کي مدد کرو - اور گناہ اور زیادتي میں ایک دوسرے کي
مدد نه کرو - اور خدا سے ڈرو - بے شک خدا سخت سزا دینے
والا هے - [٣] تم پر مردار اور لهو اور سؤر کا گوشت اور جو کچھه
خدا کے سوا کسي اور کے نام زد کیا گیا هو اور گلا گهونٹتا هوا
اور چوٹ سے مرا هوا اور اُوپر سے گر کر مرا هوا اور سینگ کا مارا

هوا يهہ سب حرام هيں -٠ اور جو كچهہ درندوں كا كهايا هوا
هو مگر جس كو تم خود ذبح كر لو - اور جو كچهہ تهانوں
ميں ذبح كئے جائيں وہ بهي حرام هے - اور يهہ بهي كه تم
فال سے قسمت معلوم كرو تم كو منع هے - يهہ فسق هے - آج
کے دن كفر كرنے والے تمهارے دين سے نا اُميد هوئے - مگر تم
اُن سے نه ڈرو - بلكه مجهي سے ڈرو- آج کے دن ميں نے تمهارا
دين تمهارے لئے كامل كر ديا اور ميں نے اپني نعمت تم پر
پوري كر دي اور ميں نے تمهارے لئے دين اِسلام كو پسند كيا -
پهر جو كوئي بهوك سے بے بس هو مگر گناه كي طرف مائل نه
هو تو خدا بخشنے والا اور رحم كرنے والا هے - [٤] وہ تجهسے
سوال كرتے هيں كه كيا كيا چيزيں اُن كو حلال هيں - تو كهہ كه
اچهي چيزيں تمهارے لئے حلال هيں اور شكاري جانور جن كو
تم نے سكها ركها هے جيسا تم كو خدا نے سكهايا هے ويسا هي
تم اُن كو بهي سكها دو - تو جو كچهہ وہ تمهارے لئے پكڑيں
تو اُس كو كها لو - اور اُس پر خدا كا نام لو - اور خدا سے ڈرو -
بے شك خدا جلد حساب لينے والا هے - [٥] آج کے دن اچهي
چيزيں تمهارے لئے حلال هوئيں - اور اهل كتاب كا كهانا
تمهارے لئے حلال هے - اور تمهارا كهانا اُن کے لئے حلال هے -
اور مسلمان بيبياں اور اهل كتاب كي پاك دامن عورتيں بهي
تمهارے لئے حلال هيں - جب كه تم ان كو اُن کے مهر دے دو -
عقد ميں لانے كو نه يهہ كه بدكاري اور چهپي آشنائي كرنے
كو - اور جو ايمان سے كفر كرے تو اُس كا عمل برباد هو گيا -
اور وہ آخرت ميں خسارہ اُٹهانے والوں ميں سے هوگا -

[٦] مومنو - جب تم نماز كو كهڑے هو تو اپنے منهہ دهو
ڈالو اور كهنيوں تك اپنے هاتهہ بهي - اور اپنے سر كو مسح كر لو

اور ٹخنوں تك اپنے پاؤں کو بھي * - اور اگر تم جنابت کي حالت
میں هو تو اپنے کو پاك صاف کر لو - اور اگر تم بیمار هو یا
سفر میں هو یا تم میں سے کوئي جاے ضرور سے آئے یا تم نے
عورتوں سے مس کیا هو اور پاني نه پاؤ تو صاف مٹي سے تیمم
کر لو - اپنے منهه اور هاتهوں کو اُس سے مسح کر لو - خدا
نهیں چاهتا که تم پر کوئي دشوار امر لازم کرے بلکه وه تم کو
پاك صاف رکهنا چاهتا هے اور یهه که تم پر اپني نعمتیں پوري
کرے - شاید تم شکر گزار هو - [۷] اور خدا نے جو تم پر
نعمتیں کي هیں اُن کو یاد کرو اور اُس کے اس عهد کو بهي جو
اُس نے تم سے لیا هے جب تم نے کہا تھا که هم نے سنا اور اطاعت
کي - اور خدا سے ڈرو - بے شك خدا دلوں کي بات خوب جانتا
هے - [۸] مومنو - خدا کے لئے گواهي دینے میں اِنصاف پر
قائم رهو - اور کسي قوم کي دشمني تم کو اِس بات کا باعث نه
هو که تم بے اِنصافي کرو - بلکه اِنصاف کرو - یهه پرهیزگاري
کے قریب هے - اور خدا سے ڈرو - بے شك خدا تمهارے کاموں
کي خبر رکهتا هے - [۹] جو لوگ ایمان لائے اور نیك کام بهي
کئے اُن سے خدا نے وعده کیا هے که اُن کے لئے بخشش اور بڑا
اجر هے - [۱۰] اور جن لوگوں نے کفر کیا اور هماري آیتوں کو
جهٹلایا - تو یهي لوگ جهنمي هیں - [۱۱] مومنو - خدا
نے جو تم پر نعمتیں کي هیں اُن کو یاد کرو که جب کچهه
لوگوں نے تم پر دست درازي کرنے کا قصد کیا تو اس نے تم سے
ان کے هاتهوں کو روکا - اور خدا سے ڈرو - اور ایمان والوں کو
چاهئے که خدا هي پر توکل کریں -

* اِس آیت کے معني میں علماء نے اِختلاف کیا هے - کوئي تو یهاں ٹخنوں تک مسح کرنا بتلاتے هیں اور کوئي دهو ڈالنا -

[١٢] اور خدا نے بني اسرائیل سے عهد لیا - اور هم نے
ان میں سے بارہ نقیب مقرر کئے - اور خدا نے کہا کہ هم تمهارے
ساتهہ هیں - اگر تم نماز پر قائم رهو اور زکوۃ دو اور میرے
رسولوں پر ایمان رکهو اور ان کي مدد کرو اور خدا کو قرض
حسنہ دو تو میں ضرور تمهاري برائیاں تم سے دور کرونگا اور
تم کو ضرور جنت میں داخل کرونگا جن کے نیچے سے نهریں
جاري هونگي - اور اس کے بعد جو کوئي تم میں سے کفر کرے تو
وہ سیدهي راہ سے بهتك گیا - [١٣] تو ان کي عهد شکني کے
سبب هم نے ان پر لعنت کي اور ان کے دلوں کو سخت کر دیا -
کہ لفظوں کو ان کي جگہہ سے سرکا دیتے هیں اور ان کو جو
کچهہ یاد دلایا گیا تها اس میں سے ایك حصہ بهول گئے - اور
تو همیشہ ان میں سے چند لوگوں کے سوا سبهوں کي خیانت
سے مطلع هوتا هي رهتا هے - تو ان کو معاف کر دے اور درگزر
کر - بے شك خدا احسان کرنے والوں کو پیار کرتا هے - [١٤] اور
جو لوگ کہتے هیں کہ هم نصاری هیں هم نے ان سے بهي عهد
لیا تها - سو جو کچهہ ان کو یاد دلایا گیا تها اس میں سے وہ
بهي ایك حصہ بهول گئے - تو هم نے ان میں روز قیامت تك
عداوت اور بغض ڈال دیا - اور آخر کار خدا ان کو خبر دیگا
کہ وہ کیا کیا جهوت باتیں بناتے تهے - [١٥] اے اهل کتاب
اب تمهارے پاس همارا رسول آ چکا - وہ کتاب میں سے بهت
کچهہ جو تم چهپاتے تهے بیان کرتا هے اور بهت سي باتوں میں
چشم پوشي کرتا هے - اب تمهارے پاس خدا کي طرف سے روشني
اور بین کتاب آ چکي - [١٦] جو شخص خدا کي خوشنودي
کے پیچهے لگا هے اس کو خدا اس کتاب سے سلامتي کي راهوں
میں لے جاتا هے - اور اپنے حکم سے ان کو تاریکیوں سے نکال کر

روشني کي طرف لے جاتا هے - اور ان کو سيدهي راه دکهاتا
هے - [١٧] ان لوگوں نے کفر کيا جنهوں نے کہا که مسيح
ابن مريم هي تو خدا هے - تو کهه اگر خدا مسيح ابن مريم
اور اس کي ماں اور جو کوئي زمين ميں هيں سب کو هلاك
کرنے کا اراده کرے تو کس کا خدا پر کچهه بهي اختيار هے ؟ اور
آسمان اور زمين اور جو کچهه ان دونوں کے درميان هے سب کي
سلطنت خدا هي کي هے - وه جو چاهتا هے پيدا کرتا هے - اور
خدا هر چيز پر قادر هے - [١٨] اور يهود اور نصاری کهتے هيں
که هم خدا کے بيٹے اور اُس کے پيارے هيں - تو کهه پهر وه
تمهارے گناهوں کے سبب تم پر عذاب کيوں کرتا هے ؟ نهيں
بلکه تم بهي اس کي خلقت ميں ايك بشر هو - وه جسے چاهے
بخش دے اور جسے چاهے عذاب دے - اور آسمان اور زمين
اور جو کچهه ان کے درميان ميں هے سب کي سلطنت خدا هي
کي هے - اور اُسي کي طرف جانا هے - [١٩] اے اهل کتاب
جب رسولوں کا آنا موقوف هو گيا تها اس وقت همارا رسول
تمهارے پاس آيا جو تم سے بيان کرتا هے تا که تم نه کهو که
همارے پاس کوئي خوش خبري دينے والا يا ڈرانے والا نه آيا -
اب تمهارے پاس خوش خبري دينے والا اور ڈرانے والا آ چکا هے -
اور خدا هر چيز پر قادر هے -

[٢٠] اور جب موسیٰ نے اپني قوم سے کہا که اے ميري قوم
خدا نے جو تم پر نعمتيں کي هيں ان کو ياد کرو - که اس نے تم هي
ميں سے نبي بنائے اور تم کو بادشاه بنايا تها اور تم کو وه چيزيں
ديں جو دنيا جهان ميں اور کسي کو نهيں ديں - [٢١] اے ميري
قوم - ارض مقدس جو خدا نے تمهارے لئے لکهه رکها هے اس
ميں داخل هو اور پيٹهه نه پهيرو - نهيں تو تم اُلٹے خسارے

میں پڑ جاؤگے - [۲۲] انہوں نے کہا اے موسی اس میں ایک
زبردست قوم ھے - اور جب تک وہ اس سے نہ نکل جائیں ھم اس
میں ھرگز نہیں داخل ھونے کے - اگر وہ اس سے نکل جائیں تو
ھم البتہ داخل ھونگے - [۲۳] جو لوگ خدا سے ڈرتے تھے ان
میں سے دو آدمیوں نے جن پر خدا نے نعمتیں کي تھیں کہا
کہ ان کے دروازے میں داخل ھو جاؤ - پھر جب تم داخل
ھو چکے تو تم ھي غالب رھے - اور اگر ایمان رکھتے ھو تو خدا
ھي پر توکل کرو - [۲۴] انہوں نے کہا اے موسی ھم تو کبھي
بھي اس میں داخل نہیں ھونے کے - سو تو اور تیرا پروردگار جا
اور لڑ - ھم تو یہیں بیٹھینگے - [۲۵] موسی نے کہا اے میرے
پروردگار اپنے آپ اور اپنے بھائي کے سوا میرا کسي پر اختیار نہیں -
پس ھم میں اور فسق کرنے والوں میں تو فرق کرلے - [۲۶] فرمایا
تو وہ چالیس برس تک ان پر حرام ھوا - وہ زمین میں بھٹکتے
پھرینگے - پس تو فسق کرنے والوں کے لئے غم نہ کھا -
[۲۷] اور (اے نبي) آدم کے دو بیٹوں کي خبر ان کو سچ
سچ پڑھ کر سنا دے - جب دونوں نے قرباني دي اور ان میں
سے ایک کي قبول ھوئي اور دوسرے کي قبول نہ ھوئي - ایک نے
کہا کہ میں ضرور تجھکو قتل کرونگا - دوسرے نے کہا خدا تو
صرف (برے کاموں سے) بچنے والوں ھي کي قبول کرتا ھے -
[۲۸] اگر تو مجھپر دست درازي کریگا کہ مجھکو قتل کرے تو
میں تجھپر دست درازي نہیں کرنے کا کہ میں تجھکو قتل کروں -
میں خدا سے ڈرتا ھوں جو تمام عالموں کا پروردگار ھے - [۲۹] میں
چاھتا ھوں کہ تو میرا گناہ اور اپنا گناہ دونوں اپنے سر لے اور
جہنمي ھو - اور ظلم کرنے والوں کي یہي جزا ھے - [۳۰] پھر
بھي اس کے نفس نے اس کو اس کے بھائي کے قتل کرنے پر راضي

کیا - اور اس نے اس کو قتل کرڈالا - اور خسارہ اُٹھانے والوں میں
ھوگیا - [٣١] پھر خدا نے ایک کوا بھیجا کہ وہ زمین کھودنے
لگا تاکہ اس کو دکھائے کہ وہ اپنے بھائی کی شرم کیونکر
چھپائے - اس نے کہا ھاے افسوس کیا میں اس سے بھی عاجز
رھا کہ اس کوے کی طرح ھوتا اور اپنے بھائی کی شرم چھپاتا -
پس وہ نادم ھو گیا - [٣٢] اسی واسطے ھم نے بنی اِسرائیل پر
لکھہ دیا کہ جو کوئی کسی نفس کو قتل کر ڈالے سوا اس کے کہ
وہ کسی نفس کا بدلا ھو یا دنیا میں فساد کرنے کا تو گویا اس
نے تمام لوگوں کو قتل کر ڈالا - اور جس نے کسی نفس کو بچایا
تو گویا اس نے تمام لوگوں کو بچایا - اور ان کے پاس ھمارے
رسول بین دلیلیں لے کر آئے - پھر اس کے بعد بھی ان میں
سے بہتیرے دنیا میں زیادتی کرتے ھیں - [٣٣] جو لوگ خدا
اور اُس کے رسول سے لڑتے اور دنیا میں فساد کے لئے دوڑے پھرتے
ھیں ان کی جزا تو یہی ھے کہ وہ قتل کئے جائیں یا سولی
دئے جائیں یا ان کے ھاتھہ اور پاؤں مقابل کے کاٹے جائیں یا
وہ ملک سے نکال دئے جائیں - یہہ تو دنیا میں ان کی رسوائی
ھے اور آخرت میں ان کے لئے بڑا عذاب ھے - [٣٤] سوا ان
لوگوں کے جو قبل اس کے کہ تم ان پر غالب آؤ توبہ کریں - اور
جان رکھو کہ خدا بخشنے والا اور رحم کرنے والا ھے -

[٣٥] مومنو - خدا سے ڈرو - اور اُس کی طرف جانے کے
وسیلے ڈھونڈو - اور خدا کی راہ میں کوشش کرو تاکہ تم
فلاح پاؤ - [٣٦] جو لوگ کفر کرتے ھیں اگر سب کچھہ جو
دنیا میں ھے اُنھیں کا ھو جائے اور اُس کے ساتھہ اُسی کی مانند
اور بھی تاکہ وہ قیامت کے دن کے عذاب کے بدلے میں دیں تو
بھی وہ اُن کی طرف سے قبول نہ ھوگا - اور اُن کے لئے دردناک

عذاب هے - [۳۷] وہ چاهینگے که دوزخ کي آگ سے نکل
جائیں - مگر وہ اُس سے نه نکل سکینگے - اور اُن کے لئے دائمي
عذاب هے - [۳۸] اور مرد چور اور عورت چور دونوں کے کئے کے
بدلے اُن کے هاتهہ کاٹ ڈالو - یهہ خدا کي طرف سے تنبیهہ
هے - اور خدا زبردست اور حکمت والا هے - [۳۹] پهر جو
کوئي اپنے ظلم کے بعد توبه اور اپني اِصلاح کرے تو خدا
اُس کي توبه قبول کر لیتا هے - بے شك خدا بخشنے والا اور
رحم کرنے والا هے - [۴۰] کیا تو نهیں جانتا که آسمان اور
زمین کي سلطنت خدا هي کي هے ؟ جس کو چاهے عذاب دے
اور جس کو چاهے بخش دے - اور خدا هر چیز پر قادر هے -
[۴۱] اے رسول - جو لوگ اپنے منهہ سے کهتے هیں که هم
ایمان لائے مگر جن کے دل ایمان نهیں لائے ایسے لوگوں
میں سے جو لوگ کفر میں دوڑے پهرتے هیں تو اُن کے لئے غم
نه کها - اور یهودیوں میں کچهہ لوگ هیں که جهوٹي باتیں
سنتے پهرتے هیں اور دوسرے لوگوں کے لئے جو اب تك تیرے
پاس نهیں آئے جاسوسي کرتے پهرتے هیں - باتوں کو اُن کي
جگهوں سے سرکا دیتے هیں - وہ کهتے هیں اگر تم کو بهي
حکم ملے تو اُس کو اختیار کرو - اور اگر تم کو یهہ نه
ملے تو اُسے چهوڑ دو - مگر جس کي خدا آزمایش کرنا
چاهے تو اُس کے لئے خدا کے پاس تیرا هرگز کچهہ بهي نهیں
چل سکتا - یهي لوگ هیں جن کے دلوں کو خدا پاك کرنا
نهیں چاهتا - اِن لوگوں کے لئے دُنیا میں رسوائي هے اور اِن
لوگوں کے لئے آخرت میں بڑا عذاب هے - [۴۲] یهہ لوگ جهوٹي
باتیں سنتے پهرتے هیں اور حرام کے کهانے والے هیں - تو اگر
یهہ تیرے پاس آئیں تو تو اِن میں فیصله کر دے یا اِن سے

کنارے رہ - اور اگر تو ان سے کنارے رهے تو وہ تجکو کچھہ
بھي ضرر نهیں پهنچا سکتے - اور اگر تو فیصلہ کرے تو ان
میں انصاف کے ساتھہ فیصلہ کر - بے شك خدا انصاف کرنے
والوں کو پیار کرتا هے - [۴۳] اور وہ کیونکر تیرے پاس انصاف
کے لئے آئینگے جب اُن کے پاس تورات هے جس میں خدا کا
فیصلہ هے - پهر اِس کے بعد بھي وہ پهر جاتے هیں - اور یهہ
لوگ تو ایمان هي نهیں رکھتے -
[۴۴] بے شك هم نے تورات نازل کي جس میں هدایت
اور روشني هے - نبي جو اِسلام رکھتے تھے اِسي سے یہودیوں کا
فیصلہ کیا کرتے تھے - اور خدا والے لوگ اور پرهیزگار بھي -
کیوں کہ وہ لوگ خدا کي کتاب کے محافظ بنائے گئے تھے اور
اس پر وہ گواہ بھي تھے - پس تم لوگوں سے نہ ڈرو - بلکہ
مجھي سے ڈرو - اور میري آیتوں کو تھوڑے فائدے کے لئے نہ
بیچو - اور جو کوئي خدا کے نازل کئے هوئے حکم کے موافق
نہ فیصلہ کرے تو یهي لوگ کافر هیں - [۴۵] اور اس میں
هم نے اُن سے کهہ رکھا تھا کہ جان کے بدلے جان اور آنکھہ کے
بدلے آنکھہ اور ناك کے بدلے ناك اور کان کے بدلے کان اور دانت
کے بدلے دانت اور زخموں کا بھي بدلا هے - پهر جو کوئي بدلہ
بخش دے تو وہ اس کا کفارہ هوگا - اور جو کوئي خدا کي نازل
کي هوئي بات کے موافق فیصلہ نہ کرے تو یهي لوگ ظالم
هیں - [۴۶] اور ان کے بعد هم نے انهیں کے قدم بقدم عیسی
بن مریم کو لایا کہ وہ تورات کي جو اس سے پهلے تھي تصدیق
کرتا تھا - اور هم نے اُس کو انجیل دي جس میں هدایت اور
نور هے اور جو تورات کي جو اُس سے پهلے تھي تصدیق کرتي هے -
اور پرهیزگاروں کے لئے نصیحت بھي هے - [۴۷] اور انجیل والوں

کو چاهئے که جو خدانے اُس میں نازل کي هے اُسي کے موافق فیصله کریں - اور جو کوئي خدا کي نازل کي هوئي بات کے موافق فیصله نه کرے تو یهي لوگ فاسق هیں - [۴۸] اور هم نے تجهپر بهي کتاب برحق نازل کي که جو کتابیں اس سے پهلے تهیں اُن کي تصدیق کرتي هے اور اُن کي محافظ بهي هے - تو جو کچهه خدانے نازل کیا هے اُسي کے موافق ان میں فیصله کر - اور جو حق بات تیرے پاس آئي هے اُس کو چهوڑ کر اُن کي خواهشوں کي پیروي نه کر - هم نے تم میں سے هر ایک کے لئے ایک شریعت اور راه مقرر کي هے - اور اگر خدا چاهتا تو تم سب کو ایک هي اُمت بنا دیتا - لیکن (اُس نے ایسا نهیں کیا) تاکه اُس نے جو تم کو دیا هے اُسي میں آزمائے - پس تم خیر کے کاموں میں سبقت لے جاؤ - تم سب کو خدا هي کي طرف لوٹ جانا هے - تو جن باتوں میں تم اختلاف کرتے هو وه تم کو اُن کي خبر دیگا - [۴۹] اور جو خدا نے نازل کیا هے اُسي کے موافق اُن میں فیصله کر - اور اُن کي خواهشوں کي پیروي نه کر اور اُن سے بچ که اُس کي کسي بات سے جو خدا نے نازل کي هے تجهے بهکا نه دیں - پهر اگر وه پیٹهه پهیر لیں تو جان رکهه که اُن کے بعض گناهوں کے سبب وه اُن پر مصیبت لانا چاهتا هے - اور بهت سے لوگ تو فاسق هیں - [۵۰] کیا وه لوگ ایام جاهلیت کا فیصله چاهتے هیں ؟ مگر جو لوگ یقین رکهتے هیں اُن کے لئے خدا سے بڑهه کر کس کا حکم هو سکتا هے ؟

[۵۱] مومنو - یهود اور نصاریٰ کو دوست نه بناؤ - وه ایک دوسرے کے دوست هیں - اور جو کوئي تم میں سے ان کو دوست بنائیگا تو وه بے شک انهیں میں کا هے - بے شک ظلم کرنے

والوں کو خدا ہدایت نہیں کرتا - [۵۲] جن لوگوں کے دلوں
میں بیماری ہے تو ان کو دیکھیگا کہ وہ ان میں دوڑے پھرتے
ہیں - اور کہتے ہیں کہ ہم کو ڈر ہے کہ ہم پر کوئی مصیبت
نہ پھر آئے - مگر شاید خدا فتح یا اپنی طرف سے کوئی بات
لائے تو یہہ لوگ جو کچھہ اپنے دلوں میں چھپاتے ہیں اس
پر نادم ہونگے - [۵۳] اور ایمان والے کہینگے کہ کیا یہی لوگ
ہیں جو بڑے زوروں سے خدا کی قسمیں کھاتے تھے کہ وہ تمہارے
ہی ساتھہ ہیں - ان کے عمل ضائع ہوئے اور وہ خسارے میں
پڑ گئے - [۵۴] مومنو - تم میں سے جو کوئی اپنے دین سے پھر
جائے تو عنقریب خدا ایسے لوگ لائیگا جو اس کو پیار کریں
اور جن کو وہ پیار کرے جو ایمان والوں کے ساتھہ نرم ہوں اور
کافروں کے ساتھہ کڑے - جو خدا کی راہ میں کوشش کریں اور
ملامت کرنے والے کی ملامت کا ڈر نہ رکھیں - یہی خدا کا فضل
ہے جو وہ دیتا ہے جس کو چاہتا ہے - اور خدا گنجایش والا
اور جاننے والا ہے - [۵۵] تمہارا دوست تو خدا ہے اور اُس کا
رسول اور ایمان والے جو نماز پر قائم رہتے اور زکوۃ دیتے اور وہ
خدا کے آگے جھکے رہتے ہیں - [۵۶] اور جو خدا کو اور اُس
کے رسول کو اور ایمان والوں کو اپنا دوست بنائے - تو یہہ خدا
کے گروہ کے لوگ ہیں جو غالب رہینگے -

[۵۷] مومنو - اہل کتاب میں سے جو لوگ تمہارے دین
کو ہنسی اور کھیل بناتے ہیں اُن کو اور کافروں کو دوست نہ
بناؤ - اور اگر تم ایمان والے ہو تو خدا سے ڈرو - [۵۸] اور جب
تم نماز کے لئے پکارتے ہو تو وہ اُس کو ٹھٹھا اور کھیل بناتے
ہیں - یہہ اِس لئے ہے کہ وہ لوگ عقل نہیں رکھتے - [۵۹] تو
کہہ اے اہل کتاب کیا تم ہم سے اِسی لئے بیر کرتے ہو کہ ہم

خدا پر ایمان رکھتے هیں اور اُس چیز پر بھي جو هم پر نازل
کي گئي اور اُس چیز پر جو هم سے پہلے نازل هوئي یا اِس لئے
کہ تم میں سے اکثر فاسق هیں ؟ [٦٠] تو کہہ کیا میں تم کو
خبر دوں کہ خدا کے هاں ثواب کے اِعتبار سے اِس سے بھي بدتر
کیا هے ؟ وہ جس پر خدا نے لعنت کي اور جس پر وہ غصہ هوا
اور جن کو اُس نے بندر اور سؤر بنا دیا اور جو طاغوت کے بندے
بن گئے - یہي لوگ درجے کے اِعتبار سے بدتر هیں اور سیدھي
راہ سے بھٹك گئے هیں - [٦١] اور جب وہ تمھارے پاس آتے
هیں تو کہتے هیں کہ هم ایمان لائے حالانکہ وہ کفر هي لیکر
داخل هوئے اور کفر هي لیکر نکلے - اور خدا خوب جانتا هے
جو کچھہ وہ چھپاتے هیں - [٦٢] اور (اے نبي) تو اُن میں
سے بہتیروں کو دیکھیگا کہ گناہ اور زیادتي اور حرام خوري میں
دوڑے پھرتے هیں - بُرے هیں کام جو وہ کرتے هیں -
[٦٣] اُن کو اُن کے خدا والے اور پرهیزگار لوگ گناہ کي باتیں
کرنے اور حرام خوري سے کیوں نہیں منع کرتے ؟ بُرا هے جو وہ
کرتے هیں - [٦٤] اور یہود نے کہا کہ خدا کا هاتھہ بندھا
هے - اُن هي کے هاتھہ باندھے جائینگے اور وہ اِس کہے کے لئے
لعنت کئے جائینگے - نہیں - بلکہ اُس کے دونوں هاتھہ کھلے
هوئے هیں - جس طرح چاهتا هے خرچ کرتا هے - اور (اے نبي)
جو تیرے پروردگار کي طرف سے تجھپر نازل هوا هے وہ ضرور اُن
میں سے بہتیروں کو سرکشي اور کفر میں زیادہ کر دیگا - اور
هم نے اُن میں روز قیامت تك عداوت اور بغض ڈال دیا هے - جب
کبھي وہ لڑائي کي آگ بھڑکاتے هیں خدا اُس کو بُجھا دیتا
هے - اور وہ ملك میں فساد کرتے پھرتے هیں - مگر خدا فساد
کرنے والوں کو پیار نہیں کرتا - [٦٥] اور اهل کتاب ایمان

لاتے اور (بُرے کاموں سے) بچتے تو ہم اُن سے اُن کي بُرائیاں
ضرور دور کرتے اور اُن کو نعمت والي جنت میں ضرور داخل کرتے-
[٦٦] اور اگر یہہ توارات اور اِنجیل اور جو کچھہ اُن پر اُن
کے پروردگار کي طرف سے نازل ہوا ہے اُن سب پر قائم رہتے تو
وہ ضرور اپنے اُوپر سے اور اپنے پاؤں کے نیچے سے رزق پاتے - اُن
میں سے کچھہ لوگ میانہ رو ہیں - مگر اُن میں سے زیادہ تو
بہت ہي بُرا کرتے ہیں -

[٦٧] اے رسول - جو کچھہ تجھپر تیرے پروردگار کي طرف
سے نازل ہوا ہے تو ان تک پہنچا دے - اور اگر تونے ایسا نہ کیا
تو تونے اس کا پیغام نہیں پہنچایا - اور خدا تجھکو لوگوں سے
بچائیگا - بے شک خدا کافر لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا -
[٦٨] تو کہہ اے اہل کتاب تم کسي چیز پر ہرگز نہیں قائم
رہ سکتے جب تک توارات اور انجیل اور جو کچھہ تمھارے
پروردگار کي طرف سے تم پر نازل ہوا ہے ان سب پر قائم نہ رہو-
اور جو تجھپر تیرے پروردگار کي طرف سے نازل ہوا ہے ان میں
سے بہتیروں کو سرکشي اور کفر میں زیادہ کر دیگا - بس تو کافر
لوگوں کے لئے غم نہ کھا - [٦٩] بے شک جو لوگ ایمان لائے
اور جو یہود ہیں اور صابي اور نصاریٰ جو کوئي خدا اور روز
آخرت پر ایمان رکھے اور نیک کام کرے تو ان پر نہ تو خوف ہوگا
اور نہ وہ غمگین ہونگے - [٧٠] ہم بني اسرائیل سے عہد لے
چکے ہیں اور ہم نے ان کي طرف رسول بھي بھیجے - پھر جب
کبھي کوئي رسول ان کے پاس ایسي بات لے کر آیا جو ان کے نفس
نے پسند نہ کیا تو ایک گروہ کو انھوں نے جھٹلایا اور ایک گروہ
کو قتل کیا - [٧١] اور انھوں نے گمان کیا کہ کوئي بلا نہ
آئیگي - اور اندھے اور بہرے ہو گئے - پھر خدا نے ان کي توبہ

قبول كي - پهر بهي ان ميں سے بهتيرے اندهے اور بهرے رهے - اور خدا ديكهتا هے جو كچهه وه كرتے هيں - [٧٢] جو لوگ كهتے هيں كه خدا تو مسيح ابن مريم هے وه ضرور كفر كئے - اور مسيح نے تو كها تها اے بني اسرائيل خدا كي عبادت كرو جو ميرا پروردگار اور تمهارا پروردگار هے - بے شك جس نے خدا كا شريك ٹههرايا خدا نے اس پر جنت حرام كي - اور اس كا ٹهكانا جهنم كي آگ هے - اور ظالموں كا كوئي مددگار نهيں - [٧٣] جو لوگ كهتے هيں كه خدا تين ميں كا تيسرا هے وه ضرور كفر كرتے هيں - حالانكه ايك خدا كے سوا اور كوئي معبود نهيں - اور اگر يهه لوگ اپني باتوں سے باز نه آئيں تو ان ميں سے جو لوگ كفر كرتے هيں ان كو ضرور دردناك عذاب پهنچيگا - [٧٤] تو كيا يهه لوگ خدا كے آگے توبه اور استغفار نهيں كرتے حالانكه خدا بخشنے والا رحم كرنے والا هے - [٧٥] مسيح ابن مريم تو بس ايك رسول هے - اس سے پهلے بهي رسول گزر چكے هيں اور اس كي ماں صديقه تهي - دونوں كهانا هي كهاتے تهے ديكهه هم ان سے كيونكر آيتيں بيان كرتے هيں - پهر بهي ديكهه وه كيونكر اُلٹے چلتے هيں * - [٧٦] تو كهه كيا تم خدا كے سوا ان چيزوں كي عبادت كرتے هو جن كے اختيار ميں نه تمهارا نقصان هے اور نه نفع - اور خدا هي سننے والا اور جاننے والا هے - [٧٧] تو كهه اے اهل كتاب اپنے دين ميں ناحق مبالغه نه كرو اور نه ايسے لوگوں كي خواهشوں كي پيروي كرو جو پهلے هي گمراه هو چكے اور بهتيروں كو گمراه كر چكے اور خود سيدهے راستے سے بهٹك گئے -

[٧٨] بني اسرائيل ميں سے جن لوگوں نے كفر كيا تها وه

* دوسرے معني يهه بهي هونگے كه وه كيونكر جهوٹ باتيں بناتے هيں -

داؤد اور عيسیٰ بن مريم کي زبان سے لعنت کئے گئے تھے -
يهہ اِس لئے کہ اُنهوں نے سرکشي اور زيادتي کي - [۷۹] وہ
نهيں باز آتے تھے برے کاموں سے جو وہ کرتے تھے - برا تها جو
وہ کرتے تھے - [۸۰] تو ان ميں سے بہتيروں کو ديکھيگا کہ
کافروں سے دوستي کرتے هيں - البتہ برا هے جو انهوں نے پہلے
سے اپنے لئے بهيجا - کہ خدا ان پر غصہ هوا اور وہ عذاب ميں
هميشہ رهينگے - [۸۱] اور اگر يهہ لوگ خدا پر اور نبي پر اور
جو کچھہ اُس پر نازل هوا اُس پر ايمان رکھتے تو اُن کو دوست نہ
بناتے - ليکن اُن ميں سے بہتيرے فاسق هيں - [۸۲] ايمان
والوں کے ساتھہ عداوت ميں يهود اور مشرکوں کو تو سب لوگوں
ميں زيادہ سخت پائيگا - اور ايمان والوں کے ساتھہ محبت ميں
تو سب لوگوں ميں اُن کو زيادہ قريب پائيگا جو کہتے هيں کہ هم
نصاریٰ هيں - يهہ اِس لئے هے کہ اُن ميں علماء اور پرهيزگار هيں
اور اِس لئے کہ يهہ لوگ تکبر نهيں کرتے - ¶ [۸۳] اور جب وہ
سنتے هيں جو رسول پر نازل هوا تو تو ديکھيگا کہ اُن کي
آنکهيں آنسؤں سے بهري جاتي هيں بسبب اس کے کہ اُنهوں نے
حق کو پهچان ليا - وہ کہتے هيں اے همارے پروردگار هم ايمان
لائے تو گواهي دينے والوں کے ساتھہ هم کو بهي لکھہ لے -
[۸۴] اور هم کو کيا هوا هے کہ هم خدا پر اور جو حق بات
همارے پاس آئي هے اُس پر ايمان نہ لائيں اور آرزو رکهيں کہ همارا
پروردگار هم کو نيک لوگوں کے ساتھہ داخل کريگا ؟ [۸۵] تو اُن
کے اِس کہنے کے ثواب ميں خدا نے اُن کو جنت دي جن کے نيچے
سے نهريں جاري هونگي اور جن ميں وہ هميشہ رهينگے - اور
اِحسان کرنے والوں کي يهي جزا هے - [۸۶] اور جن لوگوں نے
کفر کيا اور هماري آيتوں کو جهٹلايا - تو يهي لوگ جهنمي هيں -

[۸۷] مومنو - خدا نے جو اچھي چيزيں تم پر حلال كي
هيں اُن كو حرام نه كرو - اور نه زيادتي كرو - بے شك خدا
زيادتي كرنے والوں كو پيار نهيں كرتا - [۸۸] اور حلال اور
اچھي چيزيں جو خدا نے تم كو دي هيں كهاؤ اور خدا سے ڈرو
جس پر تم ايمان ركھتے هو - [۸۹] تمهاري قسموں كي لغو
باتوں كے لئے خدا تمهيں گرفت نهيں كرنے كا - ليكن تمهاري
پكي قسموں كے لئے وہ تم كو گرفت كريگا - اور اس كا كفارہ دس
غريبوں كو اوسط درجے كا كھانا كھلانا هے جو تم اپنے اهل و
عيال كو كھلاتے هو يا اُن كو كپڑا پهنانا يا ايك آدمي كي گردن
آزاد كرنا - مگر جس كو ميسر نه هو تو تين دن روزے ركھے -
يهہ تمهاري قسموں كا كفارہ هے جب تم قسم كھا لو - اور اپني
قسموں كا خيال ركھو - اِسي طرح خدا اپني آيتيں تم سے
بيان كرتا هے تا كه تم شكر گزار هو - [۹۰] مومنو - نشه اور
جوا اور وہ پتھر جس پر بلي ديتے هيں اور فال كے تير يهہ سب
شيطان كے ناپاك كام هيں - پس تم اُن سے بچو تا كه فلاح
پاؤ - [۹۱] شيطان تو يهي چاهتا هے كه نشے اور جوے سے تم
ميں عداوت اور بغض ڈالے - اور تم كو خدا كي ياد اور نماز سے
روكے - پھر بھي كيا تم باز نه آؤگے ؟ [۹۲] اور خدا كي اِطاعت
كرو اور رسول كي اِطاعت كرو - اور (بُرے كاموں سے) بچو -
اور اگر تم پيٹھہ پھير لو تو جان ركھو كه همارے رسول كا ذمه
تو بس صاف پيغام پهنچا دينا هے - [۹۳] جو لوگ ايمان
لائے اور نيك كام كئے اُن پر اِس ميں كوئي گناہ نهيں كه
اُنهوں نے كچھہ كھا ليا هو جب كه وہ (بُرے كاموں سے) بچے
اور ايمان لائے اور اچھے كام كئے پھر (بُرے كاموں سے)
بچتے رهے اور ايمان ركھے اور (بُرے كاموں سے) بچتے رهے

اور نيکي کرتے رهے - اور خدا نيکي کرنے والوں کو پيار کرتا هے -

[۹۴] مومنو - کچهه شکار ميں جسے تمهارے هاتهه اور نيزے پهنچيں خدا ضرور تمهيں آزمائيگا - تا که خدا جان لے که کون اس سے غائبانه ڈرتا هے - پهر اُس کے بعد جو کوئي زيادتي کرے تو اُس کے لئے دردناك عذاب هے - [۹۵] مومنو - جب تم احرام باندهے هو شکار نه مارو - اور جو کوئي تم ميں سے عمداً شکار مارے تو جس جانور کو مارا هے اُس کے بدلے مويشيوں ميں سے اُسي کي طرح ايك مويشي دينا هوگا جو تم ميں دو عادل شخص فيصله کر ديں - که يهه هديه کعبه پهنچايا جاے - يا کفارہ يهه هے که غريبوں کو کهانا دے يا اُس کے بدلے روزے رکهے تا که وہ اپنے کام کے وبال کا مزہ چکهے - جو هو چکا وہ تو خدا نے معاف کيا - اور جو کوئي پهر وهي کام کريگا تو خدا اُس سے اِنتقام ليگا - اور خدا زبردست اِنتقام لينے والا هے - [۹۶] دريائي شکار اور دريائي کهانے کي چيزيں تمهارے لئے حلال هيں - يهه تمهارے اور مسافروں کے فائدے کے لئے هيں - اور زمين کا شکار جب تك تم احرام باندهے هو تم پر حرام هے - اور خدا سے ڈرو جس کے پاس تم اکتهے کئے جاؤگے - [۹۷] خدا نے کعبه بيت الحرام کو لوگوں کے قائم رکهنے کے لئے بنايا هے - اور حرمت کے مهينے اور هدئے اور پٹے بندهے هوئے قرباني کے جانور بهي - يهه اِس لئے که تم جانوکه خدا جانتا هے جوکچهه آسمان ميں اور جوکچهه زمين ميں هے اور يهه که خدا هر چيز کا جاننے والا هے - [۹۸] جان رکهو که خدا سخت سزا دينے والا هے اور يهه بهي که خدا بخشنے والا اور رحم کرنے والا هے - [۹۹] رسول کا ذمه تو بس (پيغام) پهنچا

دینا ھے - اور خدا جانتا ھے جو تم ظاھر کرتے ھو اور جو تم چھپاتے ھو - [۱۰۰] تو کہہ کہ خراب اور اچھي چیز برابر نہیں - اگرچہ خراب چیزوں کي کثرت تجھے اچھي معلوم ھو - بس اے عقلمندو خدا سے ڈرو تاکہ تم فلاح پاؤ -

[۱۰۱] مومنو - ایسي باتیں نہ پوچھو کہ اگر تم پر ظاھر کر دي جائیں تو تم کو بري لگیں - اور اگر تم ان کي نسبت پوچھوگے جب کہ قرآن نازل ھو رھا ھے تو یہہ تم پر ظاھر کر دي جائینگي - خدا نے یہہ معاف کر دی - اور خدا بخشنے والا اور تحمل والا ھے - [۱۰۲] تم سے پہلے بھي لوگوں نے یہي باتیں پوچھي تھیں - پھر انھوں نے اُس سے کفر کیا - [۱۰۳] خدا نے بحیرہ اور سائبہ اور وصیلہ اور حام نہیں بنایا - بلکہ جو لوگ کفر کرتے ھیں وہ خدا پر جھوٹ باندھتے ھیں - اور ان میں سے اکثر تو عقل ھي نہیں رکھتے - [۱۰۴] اور جب ان سے کہا جاتا ھے کہ جو خدا نے نازل کیا ھے اس کي اور رسول کي طرف آؤ تو کہتے ھیں کہ جس پر ھم نے اپنے باپ دادوں کو پایا ھمارے لئے وھي بس ھے - کیا اگرچہ ان کے باپ دادے کچھہ بھي نہیں جانتے اور نہ ھدایت پائے ھوں ؟ [۱۰۵] مومنو - تمھارا ذمہ تم پر ھے - جب تم ھدایت پر ھو تو جو گمراہ ھے وہ تم کو ضرر نہیں پہنچا سکتا - تم سب کو خدا ھي کي طرف لوٹ جانا ھے - تو وہ تم کو خبر دیگا جو کچھہ تم کرتے تھے - [۱۰۶] مومنو - جب تم میں سے کسي کو موت آجائے تو وصیت کے وقت تم میں سے دو عادل شخصوں کي گواھي چاھئے یا اگر تم ملک میں پھرتے ھو اور تم پر موت کي مصیبت آ پڑے تو تم اپنے لوگوں کے سوا دوسرے دو گواہ کرلو - اگر تم کو شک ھو تو ان دونوں کو نماز کے بعد روکو -

اور وہ دونوں خدا کي قسم کھائیں کہ ہم گواھي کو قیمتاً نہیں
بیچینگے - اگرچہ کوئي قرابتي ھي ھو - اور نہ تو ہم خدا
کي گواھي کو چھپائینگے - ورنہ ہم گنہگاروں میں ھونگے -
[۱۰۷] پھر اگر معلوم ھو کہ دونوں گناہ کے حقدار ھوئے تو
ان کي جگہ دوسرے دو شخص ان میں سے کھڑے ھوں جن
کي حق تلفي ھوئي تھي - اور یہہ دونوں قرابت والے ھوں اور
وہ خدا کي قسم کھائیں کہ ھماري گواھي ان دونوں کي گواھي
سے زیادہ ٹھیک ھے اور ہم زیادتي نہیں کرینگے ورنہ ہم البتہ
ظالموں میں ھونگے - [۱۰۸] یہہ اغلب ھے کہ وہ صاف صاف
گواھي دیں یا ڈریں کہ قسمیں ان کي قسموں کے بعد رد نہ
ھو جائیں - اور خدا سے ڈرو - اور اس کي بات سنو - اور خدا
فاسق لوگوں کو ھدایت نہیں کرتا -

[۱۰۹] جس دن خدا رسولوں کو جمع کریگا اور کہیگا تم
کیا جواب پائے ؟ وہ کہینگے ہم کو علم نہیں - بے شك توھي
تو غیبوں کي بات جاننے والا ھے - [۱۱۰] جب خدا کہیگا
اے عیسیٰ بن مریم میري نعمتیں یاد کر جو میں نے تجپر اور
تیري والدہ پر کي ھیں - جب کہ میں نے روح القدس سے
تیري مدد کي - بات کرتا تھا تو لوگوں سے جھولے میں اور بڑا
ھوکر - اور جب میں نے تجکو کتاب اور حکمت اور توارت اور
انجیل سکھائیں - اور جب تو میرے حکم سے مٹي کے پرند
کي سي صورت بناتا اور اس میں پھونك دیتا تو وہ میرے
حکم سے پرند ھو جاتي تھي - اور تو مادرزاد اندھے اور کوڑھي
کو ھمارے حکم سے اچھا کر دیتا اور جب تو میرے حکم سے مردوں
کو (قبروں سے) نکال کھڑا کرتا اور جب میں نے بني اسرائیل کو
تجسے روکا کہ جب تو ان کے پاس بین دلیلیں لے کر آیا تو

ان میں سے جو لوگ کفر کرتے تھے کہنے لگے کہ یہہ تو بس صاف
جادو ھے - [۱۱۱] اور جب میں نے حواریوں کي طرف وحي
بھیجي کہ مجھپر اور میرے رسول پر ایمان لاؤ - انھوں نے کہا
کہ ھم ایمان لائے اور تو گواہ رہ کہ ھم مسلمان ھیں -
[۱۱۲] جب حواریوں نے کہا کہ اے عیسیٰ بن مریم کیا تیرے
پروردگار سے یہہ ھو سکتا ھے کہ ھم پر آسمان سے ایک خوان
اُتارے - کہا خدا سے ڈرو اگر تم ایمان والے ھو - [۱۱۳] وہ بولے
ھم چاھتے ھیں کہ اس میں سے کھائیں اور ھمارے دلوں کو
اطمینان ھو جائے - اور ھم جان لیں کہ تونے ھم سے سچ کہا اور
ھم اس پر گواہ ھوں - [۱۱۴] عیسیٰ بن مریم نے کہا اے خدا
اے ھمارے پروردگار ھم پر آسمان سے ایک خوان اُتار کہ ھمارے
لئے ھمارے اگلوں اور پچھلوں کے لئے یہہ عید ھو اور تیري
طرف سے ایک نشاني ھو - اور ھم کو رزق دے اور توھي تو سب
سے اچھا رزق دینے والا ھے - [۱۱۵] خدا نے کہا کہ میں تم پر
یہہ اُتارتا ھوں - مگر جو کوئي تم میں سے اس کے بعد بھي کفر
کریگا تو میں اس کو ایسا عذاب دونگا کہ میں نے کسي کو
دنیا جہان میں ایسا عذاب نہیں دیا -

[۱۱۶] اور جب خدا کہیگا اے عیسیٰ بن مریم کیا تونے
لوگوں سے کہا تھا کہ مجھکو اور میري ماں کو خدا کے سوا دو
معبود مانو - کہیگا توھي پاک ھے - یہہ میرا کام نہیں کہ
میں کہوں جس کے کہنے کا مجھکو حق نہیں - اگر میں نے
یہہ کہا ھوگا تو تو ضرور اس کو جانتا ھے - تو جانتا ھے جو
میرے دل میں ھے اور میں نہیں جانتا جو تیرے دل میں ھے -
بے شک توھي غیب کي باتیں جاننے والا ھے - [۱۱۷] میں نے
ان سے نہیں کہا مگر جو تونے مجھکو حکم دیا کہ خدا کي

عبادت کرو جو میرا پروردگار اور تمہارا پروردگار ھے - اور جب تك
میں ان میں رہا تو میں ان پر گواہ رہا - مگر جب تونے مجھکو
وفات دي تو توھي ان پر نگہبان رہا - اور تو ھر چیز پر گواہ
ھے - [۱۱۸] اگر تو ان کو عذاب دے تو وہ تیرے ھي بندے
ھیں -- اور اگر تو ان کو بخش دے تو بے شك توھي زبردست
حکمت والا ھے - [۱۱۹] خدا کہیگا آج کے دن سچوں کو ان
کي سچائي فائدہ دیگي - ان کے لئے جنت ھیں جن کے نیچے
سے نہریں جاري ھونگي - وہ اسي میں ھمیشہ ھمیشہ رھینگے -
خدا ان سے راضي اور وہ اس سے راضي - یہي تو بڑي کامیابي
ھے -' [۱۲۰] آسمان اور زمین اور جو کچھہ ان میں ھے سب
کي سلطنت خدا ھي کي ھے - اور وہ ھر چیز پر قادر ھے -

سورۂ انعام

مکي - ۱٦۵ آیتیں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحیم ھے

[۱] تعریف خدا ھي کو ھے جس نے آسمان اور زمین
بنائے اور تاریکي اور روشني بنائیں - پھر بھي جو لوگ کفر
کرتے ھیں وہ (دوسروں کو) اپنے پروردگار کے برابر ٹھہراتے ھیں -
[۲] وھي ھے جس نے تم کو مٹي سے بنایا پھر میعاد مقرر کي - اور
مقرر کي ھوئي میعاد اُسي کے پاس ھے - پھر بھي تم شك کرتے
ھو - [۳] اور آسمان میں اور زمین میں وھي خدا ھے -
وہ تمہاري چھپي ھوئي اور علانیہ باتیں جانتا ھے - اور وہ
جانتا ھے جو کچھہ تم کماتے ھو - [۴] اور اُن کے پروردگار کي
آیتوں میں سے کوئي بھي آیت اُن کے پاس ایسي نہیں آتي

جس سے وہ منہہ نہ پھیریں - [٥] اب جو حق اُن کے پاس
آیا تو وہ جھٹلانے لگے - مگر عنقریب اُن کے پاس وہ خبر آنے
والي ھے جس سے وہ ٹھٹھا نہیں کر سکتے * - [٦] کیا وہ نہیں
دیکھتے کہ اُن سے پہلے ھم نے کتنے قرن ھلاك کر ڈالے جن کو
ھم نے دنیا میں مقدور دیا تھا جیسا ھم نے تم کو نہیں دیا -
اور ھم نے اُن پر برستا ھوا آسمان † بھیجا اور اُن کے نیچے سے
نہریں جاري کردیں - مگر ھم نے اُن کو اُن کے گناہ کے سبب
ھلاك کر ڈالا - اور اُن کے بعد پھر دوسرے قرن پیدا کئے -
[٧] اور اگر ھم تجھپر کاغذ پر لکھي ھوئي کتاب بھي نازل
کرتے اور یہہ لوگ اُس کو اپنے ھاتھوں سے چھو بھي سکتے تو
بھي جو لوگ کفر کرتے ھیں وہ تو ضرور کہتے کہ یہہ تو بس
صاف جادو ھے - [٨] اور وہ کہتے ھیں کہ اُس پر کوئي فرشتہ
کیوں نہیں اُترا - اور اگر ھم کوئي فرشتہ بھیجتے تو بات
طے ھو جاتي اور وہ مہلت نہ پاتے - [٩] اور اگر ھم اُس کو
فرشتہ ھي بناتے تو ضرور اُس کو آدمي بھي بناتے اور اُن کے
سامنے (اُس کو) وھي لباس پہناتے جو وہ پہنتے ھیں ‡ -
[١٠] اور تجسے پہلے بھي رسولوں سے ٹھٹھا کیا گیا ھے - مگر
جن لوگوں نے ٹھٹھا کیا تھا وہ جس کا ٹھٹھا کرتے تھے اُسي نے
اُن کو آگھیرا -

[١١] تو کہہ دُنیا میں سیر کرو - اور پھر دیکھو کہ
(نبیوں کے) جھٹلانے والوں کا کیا انجام ھوا ؟ [١٢] تو کہہ

* یا ایک معني یہہ بھي ھو سکتے ھیں کہ ان کے پاس اس چیز کي خبر آنے والي ھے جس سے وہ ٹھٹھا کرتے ھیں -

† یا مینھہ -

‡ دوسرے معني یہہ ھونگے کہ اور اُس کو ھم شبہے میں ڈالتے جس میں وہ خود پڑے ھیں -

جو کچهه آسمان و زمين ميں هے وہ کس کا هے ؟ تو کهه خدا
کا - اُس نے اپني ذات پر رحمت لازم کرلي هے - قيامت کے دن جس
ميں کچهه بهي شك نهيں هے وہ ضرور تم سب کو جمع کريگا -
جو آپ خسارہ اُٹهاتے هيں وہ تو نهيں ايمان لانے کے - [۱۳] اور
اُسي کا هے جو کچهه رات اور دن ميں بستا هے - اور وہ سننے
والا اور جاننے والا هے - [۱۴] تو کهه کيا ميں آسمان اور زمين کے
بنانے والے خدا کے سوا کسي اور کو دوست بناؤں ؟ اور وہ کهلاتا
هے اور خود نهيں کهاتا - تو کهه مجکو حکم هوا هے کہ سب
سے پہلے ميں (خدا کا) مطيع بنوں - اور مشرك نہ بنوں -
[۱۵] تو کهه کہ اگر ميں اپنے پروردگار سے سرکشي کروں تو
مجکو ايك بڑے دن کے عذاب کا ڈر هے - [۱٦] اُس دن جس
کسي سے عذاب پهيرا گيا تو اُس پر خدا نے رحم کيا - اور
يهي صريح کاميابي هے - [۱۷] اور اگر خدا تجکو ضرر
پهنچائے تو اُس کے سوا اُس کا دور کرنے والا کوئي نهيں - اور اگر
تجکو بهلائي پهنچائے تو وهي هر چيز پر قادر هے - [۱۸] اور
وهي اپنے بندوں پر غالب هے - اور وهي حکمت والا اور خبر
رکهنے والا هے - [۱۹] تو کهه گواهي کس کي سب سے بڑهه کر
هے ؟ تو کهه خدا هي ميرے اور تمهارے درميان گواہ هے - اور
يهه قرآن مجپر وحي هوئي هے تا کہ ميں تم کو اُس سے ڈراؤں
اور جس کسي کو يهه پهنچے اُس کو بهي - کيا تم گواهي
ديتے هو کہ خدا کے ساتهه اور دوسرے بهي معبود هيں ؟
تو کهه ميں تو گواهي نهيں ديتا - تو کهه وهي تو بس
ايك خدا هے - اور تم جو شرك کرتے هو ميں اُس سے بري
هوں - [۲۰] جن لوگوں کو هم نے کتاب دي هے وہ تو نبي
کو ايسا پهچانتے هيں جيسے وہ اپنے لڑکوں کو پهچانتے

هیں - جو لوگ اپنا نقصان کرتے هیں وهي ایمان نهیں
لانے کے -
[۲۱] اور اُس سے بڑھہ کر ظالم کون هوگا جو خدا پر
جهوت باندھے اور اُس کي آیتوں کو جھتلائے ؟ بے شك ظالم
فلاح نهیں پانے کے - [۲۲] اور جس دن هم اُن سب کو اکتھا
کرینگے پھر اُن لوگوں سے جو شرك کرتے هیں کهینگے که تم نے
جن کو همارا شریك سمجھا تھا وہ کہاں هیں ؟ [۲۳] پھر
اس سے بڑھہ کر اُن کي آزمایش اور کیا هوگي که وہ کهینگے که
خدا جو همارا پروردگار هے اُسي کی قسم هم مشرك نه تھے -
[۲۴] دیکھہ یهہ کس طرح اپنے آپ پر جهوت کهتے هیں -
اور اُن کي بنائي هوئي جهوت باتیں سب اُن سے کھو جائینگي -
[۲۵] اور اُن میں ایسے بھي هیں جو تمری باتیں سنتے هیں -
اور اُن کے دلوں پر هم نے پردہ ڈال دیا هے تا که وہ اُسے نه
سمجھیں - اور اُن کے کانوں میں بوجھہ هے - اور اگر وہ تمام
آیتیں بھي دیکھہ لیں تو اُن پر ایمان نهیں لانے کے - یهاں
تك که جب تیرے پاس تجھسے جھگڑنے کو آتے هیں تو کافر کهتے
هیں که یهہ تو بس اگلوں کي کهانیاں هیں - [۲۶] اور وہ
لوگ اُس سے لوگوں کو باز رکھتے اور اُس سے بھاگتے هیں -
اور وہ تو بس اپنے هي آپ کو هلاك کرتے هیں اور نهیں
سمجھتے - [۲۷] اور اے کاش تو اُن کو اُس وقت دیکھے جب
یهہ آگ پر کھڑے کئے جائینگے اور یهہ کهینگے که اے کاش
هم پھر بھیجے جائیں تو هم اپنے پروردگار کي آیتوں کو نه
جھتلائینگے اور ایمان والوں میں سے هونگے - [۲۸] نهیں -
بلکه جس کو پہلے چھپاتے تھے وهي اُن کو ظاهر هوا - اور اگر
وہ پھر بھي بھیجے جائیں تو جس چیز سے اُن کو منع کیا گیا هے

وہ اُسي کي طرف پھرینگے -- اور وہ ضرور جھوٹے ھیں - [۲۹] اور
وہ کہتے ھیں کہ ھماري تو بس یہي دنیا کي زندگی ھے - اور ھم
پھر اُٹھائے نہیں جانے کے - [۳۰] اور کاش تو دیکھے جب وہ
اپنے پروردگار کے سامنے کھڑے کئے جائینگے - فرمائیگا عذاب کا
مزہ چکھو اِس لئے کہ تم کفر کرتے تھے - [۳۱] خسارہ اُٹھائے وہ
جنھوں نے خدا کي ملاقات کو جھٹلایا یہاں تک کہ جب
اُن پر وہ گھڑي یکایک آپہنچي تو وہ کہنے لگے اے افسوس
ھماري غفلت پر جو اُس کے بارے میں ھم نے کي - اور وہ اپنے
بوجھہ اپني پیٹھوں پر اُٹھائے ھونگے - کیسا بُرا ھے جو یہہ
اُٹھائے پھرتے ھیں - [۳۲] اور دنیا کي زندگي تو بس کھیل
اور تماشا ھے - اور آخرت تو ضرور پرھیزگاروں کے لئے بہتر ھوگا -
کیا پھر بھي تم عقل نہیں رکھتے ؟ [۳۳] ھم جانتے ھیں
کہ تجھے اُن کے کہنے کا غم ھوتا ھے - لیکن وہ تو تجھکو ھي
نہیں جھٹلاتے بلکہ ظالم تو خدا کي آیتوں کا اِنکار کرتے ھیں -
[۳۴] اور تجسے پہلے بھی رسول جھٹلائے جا چکے ھیں -
مگر اُنھوں نے اُن کے جھٹلانے پر اور اُن کي تکلیف دھي پر
صبر کیا یہاں تک کہ اُن کو ھماري مدد پہنچي - اور خدا کي
باتوں کا بدلنے والا کوئي نہیں - اور رسولوں کي خبریں بھي
تو تجھکو پہنچ چکي ھیں - [۳۵] اور اگر اُن کي روگرداني
تجپر گراں گزرتي ھے تو اگر تجسے ھو سکے تو زمین میں
کوئي سرنگ تلاش کر یا آسمان میں کوئي سیڑھي لگا اور
کوئي نشاني اُن کو لادے - اور اگر خدا چاھتا تو اُن سب کو
ھدایت پر جمع کر دیتا - پس تو جاھل نہ بن - [۳٦] وھي
مانتے ھیں جو دھیان سے بات سنتے ھیں اور مُردوں کو تو بس
خدا ھي اُٹھائیگا - پھر اُن کو اُسي کي طرف لوٹ جانا ھے -

[٣٧] اور وہ کہتے هیں که اُس پر اُس کے پروردگار کي طرف سے
کوئي نشان کیوں نهیں نازل هوا ؟ تو کهہ که خدا اِس بات
پر قادر هے که نشان نازل کرے - لیکن اُن میں اکثر
نهیں جانتے - [٣٨] اور کوئي زمین پر چلنے والا جانور اور
کوئي بازؤں سے اُڑنے والا پرند ایسا نهیں جو تمهارے هي طرح
مخلوق نه هو - هم نے کوئي چیز لکھنے سے نهیں چھوڑي هے
پھر وہ اپنے پروردگار کے پاس اکٹھے هونگے - [٣٩] اور جو لوگ
هماري آیتوں کو جھٹلاتے هیں وہ اندھیرے میں بہرے اور
گونگے هیں - خدا جس کو چاهے گمراہ کرے - اور جسکو چاهے
سیدھي راہ پر لائے - [٤٠] تو کهہ که اگر تم سچ کہتے هو
تو کیا تم نے غور کیا هے که اگر خدا کا عذاب تم پر آجائے یا
قیامت کي گھڑي هي آجائے تو تم خدا کے سوا کسي اور کو
پکاروگے ؟ [٤١] نهیں - تم اُسي کو پکاروگے - اور اگر وہ
چاهے تو جس کے دور کرنے کے لئے تم نے اُسے پکارا وہ اُسے دور کر
دیگا - اور جن کو تم شریك ٹھہراتے هو اُن کو بھول جاؤگے -
[٤٢] اور تجھسے پہلے بھي هم نے لوگوں میں رسول
بھیجے - پھر هم نے ان کو سختي اور تکلیف میں گرفتار کیا
تا که وہ عاجزی کریں - [٤٣] تو جب هماري سختي ان پر آئي
تو وہ کیوں نهیں عاجزي کئے ؟ لیکن ان کے دل سخت هو گئے
اور شیطان نے اُن کے کاموں کو انهیں اچھا دکھلایا - [٤٤] پھر
جب وہ بھول گئے جو وہ یاد دلائے گئے تھے تو هم نے ان پر هر
طرح کي چیزوں کے دروازے کھول دئے یہاں تك که جب وہ ان
چیزوں سے جو ان کو دي گئي تھیں خوش هوئے تو یکایك هم
نے ان کو پکڑا - بس وہ ناامید هو گئے - [٤٥] اور ظالم لوگوں
کی جڑ کاٹي گئي - اور تعریف تو خدا هي کو هے جو تمام

عالموں کا پروردگار هے - [۴۶] تو کهه کیا تم نے غور کیا هے که اگر خدا تمهارے کان اور تمهاري آنکهیں لے لے اور تمهارے دلوں پر مهر کر دے تو خدا کے سوا کون معبود هے جو تم کو پهر لا دیگا ؟ دیکهه هم کیونکر آیتیں پهیر پهیر کر بیان کرتے هیں. پهر بهي وہ پهرے جاتے هیں - [۴۷] تو کهه کیا تم نے غور کیا هے که اگر خدا کا عذاب تم پر یکایک آ جائے یا دکها دکها کر آئے تو کیا ظالم لوگوں کے سوا بهي کوئي هلاك هوگا ؟ [۴۸] اور هم نے تو رسول بس خوش خبري دینے اور ڈرانے کے لئے بهیجے - تو جو کوئي ایمان لایا اور اپني اصلاح کر لي - تو ان پر کوئي خوف نهیں اور نه وہ غمگین هونگے - [۴۹] اور جن لوگوں نے هماري آیتوں کو جهتلایا ان پر عذاب هوگا اس لئے که وہ فاسق تهے - [۵۰] تو کهه میں تم سے نهیں کهتا که میرے پاس خدا کے خزانے هیں - اور نه میں غیب کي بات جانتا هوں اور نه میں تم سے کهتا هوں که میں فرشته هوں - میں تو بس اسي کي پیروي کرتا هوں جو مجهپر وحي هوتي هے - تو کهه کیا اندها اور دیکهنے والا برابر هو سکتا هے ؟ پهر بهي تم غور نهیں کرتے -

[۵۱] اور (اے نبي) اسي سے ان لوگوں کو ڈرا جن کو خوف هے که وہ اپنے پروردگار کے پاس اکتهے کئے جائینگے - اور اس کے سوا ان کا نه کوئي دوست هے اور نه شفاعت کرنے والا - شاید وہ (بُرے کاموں سے) بچیں - [۵۲] اور جو لوگ صبح و شام اپنے پروردگار کو پکارتے هیں اور اُسي کي دیدار چاهتے هیں تو ان کو مت نکال - ان کا حساب کچهه تیرے ذمه نهیں - اور نه تیرا حساب ان کے ذمه هے - پس تو ان کو نکال دے اور تو ظالموں میں هو جائیگا - [۵۳] اور اسي طرح هم نے ایك کو ایك سے

آزمایا تاکه وہ کہیں کیا یہي لوگ ھیں جن پر خدا نے احسان
کیا ھے ؟ کیا خدا شکر گزاروں کو اچھي طرح نہیں جانتا ؟
[٥٤] اور جو لوگ ھماري آیتوں پر ایمان لائے جب وہ تیرے
پاس آئیں تو کہہ سلام علیکم - تمھارے پروردگار نے اپني ذات
پر رحمت لازم کر لي ھے - کہ جو کوئي تم میں سے بغیر جانے برا
کام کر بیٹھے - پھر اس کے بعد توبہ کرے اور اپني اصلاح بھي
کر لے تو وہ بخشنے والا اور رحم کرنے والا ھے - [٥٥] اور اسي
طرح ھم آیتوں کو مفصل بیان کرتے ھیں - اور یہہ اس لئے
کہ مجرموں کا طریق صاف معلوم ھو جائے -

[٥٦] تو کہہ کہ جن کو تم خدا کے سوا پکارتے ھو ان کي
عبادت کرنا مجکو منع ھے - تو کہہ کہ میں تمھاري خواھشوں
کي پیروي نہیں کرنے کا - تب تو میں گمراہ ھو جاؤنگا اور ھدایت
پانے والوں میں نہ رھونگا - [٥٧] تو کہہ میں تو اپنے پروردگار
کي بین دلیلوں پر ھوں اور تم ان کو جھٹلاتے ھو - جس کي
تم جلدي کرتے ھو وہ میرے پاس نہیں - خدا کے سوا کسي کا
حکم نہیں - وہ حق بیان کرتا ھے اور فیصلہ کرنے والوں میں
وہ سب سے بڑھہ کر ھے - [٥٨] تو کہہ کہ جس کي تم جلدي
کرتے ھو اگر وہ میرے پاس ھوتا تو مجمیں اور تم میں یہہ
بات طے ھو گئي ھوتي - اور خدا ظالموں کو خوب جانتا ھے -
[٥٩] اور اسي کے پاس غیب کي کنجیاں ھیں جن کو اس کے
سوا کوئي نہیں جانتا - اور وہ جانتا ھے جو کچھہ زمین میں
اور دریا میں ھے - اور کوئي پتا نہیں گرتا مگر اس کو وہ جانتا
ھے - اور نہ تو زمین کي تاریکیوں میں کوئي دانہ ھے اور نہ تر
اور خشك چیزیں ھیں مگر وہ سب صاف صاف لکھي ھیں -
[٦٠] اور وھي ھے جو رات کو تمھیں موت دیتا ھے اور جانتا ھے

جو کچھہ تم نے دن کو کیا - پھر تم کو دن کے وقت اٹھاتا هے
تا کہ میعاد مقررہ پوري هو جائے - پھر تم کو اسي کي طرف
لوت جانا هے - پھر جو کچھہ تم نے کیا هے وہ تم کو اس کي
خبر دیگا -

[٦١] اور وهي اپنے بندوں پر غالب هے اور تم پر فرشتہ
حفظہ بھیجتا هے - یہاں تک کہ جب تم میں سے کسی کو موت
آجاتي هے تو همارے بھیجے هوئے اس کو موت دیتے هیں -
اور وہ کاهلي نہیں کرتے - [٦٢] پھر وہ خدا کي طرف جو
ان کا سچا مالک هے بھیجے دئے جاتے هیں - کیا حکم اسي کا
نہیں هے ؟ اور وہ جلد حساب لینے والا هے - [٦٣] تو کہہ تم
کو زمین اور دریا کي تاریکیوں سے کون بچاتا هے کہ تم عجز
کے ساتھہ اور خفیہ اس کو پکارتے هو - کہ اگر وہ هم کو اس سے
نجات دے تو هم ضرور شکر گزار هونگے - [٦٤] تو کہہ کہ
ان سے اور هر طرح کي مصیبتوں سے خدا هي تم کو نجات دیتا
هے - پھر تم شرک کرنے لگتے هو - [٦٥] تو کہہ کہ وہ اس بات
پر قادر هے کہ تم پر تمھارے اوپر سے یا تمھارے پاؤں کے نیچے سے
کوئي عذاب بھیجے - یا تم میں کئي گروہ کر دے اور تم میں
ایک کو ایک کي سختي کا مزہ چکھائے - دیکھہ هم کیونکر آیتوں
کو پھیر پھیر کر بیان کرتے هیں تا کہ وہ سمجھیں - [٦٦] اور
اس کو تیري قوم نے جھٹلایا مگر یہہ سچ هے - تو کہہ کہ میں تم پر
نگہبان نہیں - [٦٧] هر بات کا ایک وقت هے - اور عنقریب
تم جان جاؤگے - [٦٨] اور جب تو ان لوگوں کو دیکھے جو
هماري آیتوں کا مشغلہ بناتے هیں تو ان سے چشم پوشي کر
یہاں تک کہ وہ کسي اور بات کا مشغلہ کریں - اور اگر شیطان
تجکو بھلا دے تو یاد پڑ جانے کے بعد ظالم لوگوں کے ساتھہ

مت بیٹھہ - [٦٩] اور ان کے حساب کا ذمہ پرهیزگاروں پر
کچھہ بھي نہیں - لیکن یاد دلانا هے تاکہ وہ بچیں -
[٧٠] اور چھوڑ دے ان لوگوں کو جو اپنے دین کو کھیل
اور تماشا بناتے هیں اور جن کو دنیا کي زندگي نے دهوکا
دیا هے - اور اس سے ان کو یاد دلا تاکہ کوئي نفس اپنے کئے کے
سبب گرفتار بلا نہ هو - کہ خدا کے سوا اس کا نہ کوئي دوست
هے اور نہ شفاعت کرنے والا - اور اگرچہ وہ پورا بدلہ دے تو
بھي اس سے نہ لیا جائیگا - یہي لوگ هیں جو اپنے کئے کے سبب
گرفتار بلا هوئے - ان کے پینے کے لئے کھولتا هوا پاني هوگا اور
دردناک عذاب اِس لئے کہ وہ کفر کئے -

[٧١] تو کہہ کیا هم خدا کے سوا اُن کو پکاریں جو نہ
هم کو نفع دیں اور نہ نقصان - اور جب خدا هم کو هدایت
کرچکا تو کیا هم اُس کے بعد بھي اُلٹے پاؤں پھر جائیں جیسے
کسي کو شیطان ویرانے میں حیران کردے اور اُس کے ساتھي هیں
کہ وہ اُس کو هدایت کي طرف بلاتے هیں کہ همارے پاس آ -
تو کہہ خدا کي هدایت هي تو هدایت هے - اور هم کو حکم هوا
هے کہ هم تمام عالموں کے پروردگار کے مطیع هوں - [٧٢] اور یہہ
بھي کہ نماز پر قائم رهو اور اُس سے ڈرو - اور وهي هے جس کي
طرف تم اکٹھے کئے جاؤگے - [٧٣] اور وهي هے جس نے آسمان
اور زمین کو سچائي کے ساتھہ بنایا - اور جس دن وہ کہیگا کہ
(قیامت) هو بس وہ هو جائیگي - اُس کا کہا سچ هے - اور اُسي
کي سلطنت هوگي جس دن صور پھونکا جائیگا - وہ جاننے والا
هے غیب کا اور ظاهر کا - اور وهي حکمت والا هے اور خبر رکھنے
والا هے - [٧٤] اور جب اِبراهیم نے اپنے باپ آزر سے کہا کیا تو
بُتوں کو معبود ٹھہراتا هے ؟ میں تجھکو اور تیري قوم کو صریح

گمراهي ميں ديكهتا هوں -- [٧٥] اور أسي طرح هم نے اِبراهيم
كو آسمان اور زمين كي سلطنت دكهائي - اور يهہ اِس لئے تاكه
وہ يقين كرنے والوں ميں هو جائے - [٧٦] تو جب اُس كو
رات نے چهپا ليا تو اُس نے ايك تارا ديكها - اُس نے كہا يهي
ميرا بروردگار هے - بهر جب وہ چهپ گيا تو بولا كه چهپ جانے
والي چيزيں مجكو بسند نهيں - [٧٧] بهر جب اُس نے چاند
كو چمكتا ديكها تو كہا كه يهہ ميرا بروردگار هے - بهر جب وہ
بهي چهپ گيا تو بولا بے شك اگر مجكو ميرا پروردگار هدايت
نه كرے تو ميں گمراہ لوگوں ميں هوجاؤنگا - [٧٨] بهر حب
اُس نے سورج كو چمكتا ديكها تو كہا يهي ميرا بروردگار هے -
يهي سب سے بڑا هے - بهر حب وہ بهي چهب گيا نو كہا اے
ميري قوم ميں تمهارے شرك سے بري هوں - [٧٩] ميں نے تو
ابنا رخ سيدها اُس كي طرف كيا هے حو آسمان اور زمين كا
بنانے والا هےاور ميں مشركوں مبں سے نہيں - [٨٠] اور اُس كي قوم
اُس سے حجت كرنے لگي - وہ بولا كيا تم مجسے حدا كے بارے
ميں حجت كرتے هو جب اُس نے مجكو هدايت كي هے - اور جن
كو تم اُس كا شريك ٹهہراتے هو ميں اُن سے كچهہ بهي نهيں
ڈرتا سوا اِس كے كه ميرا پروردگار چاهے (تو وہ ڈرا سكتا هے) -
ميرا بروردگار علم سے سب چيزوں كو گهيرے هوئے هے - كيا پهر
بهي تم غور نهيں كروگے ؟ [٨١] اور ميں كيوں اُن سے ڈرنے
لگا جن كو تم شريك ٹهہراتے هو جب تم نہيں ڈرتے كه تم نے
خدا كے ساتهہ وہ چيزيں شريك ٹهہرائيں جن كي نسبت
اُس نے تم بر كوئي سند نهيں اُتاري - تو دونوں فريقوں ميں
سے كون امن كا زيادہ حقدار هے ؟ اگر تم حانتے هو (تو بتاؤ) -
[٨٢] جو لوگ ايمان لائے اور اپنے ايمان كے ساتهہ اُنهوں نے

ظلم نہیں ملایا - یہی لوگ ہیں جن کو امن ملیگا - اور
یہی ہدایت پانے والے ہیں -

[٨٣] اور یہہ ہماری دلیل تھی جو ہم نے ابراہیم کو
اُس کی قوم کے لئے دی - ہم جس کے چاہیں درجے بلند کردیتے
ہیں - بے شک تیرا پروردگار حکمت والا اور جاننے والا ہے -
[٨٤] اور ہم نے اُس کو اسحاق اور یعقوب دئے - سب کو
ہم نے ہدایت کی - اور اِس سے پہلے نوح کو بھی ہم نے
ہدایت کی تھی - اور اُس کی اولاد میں سے داؤد اور سلیمان
اور ایوب اور یوسف اور موسی اور ہارون کو بھی ہم نے
ہدایت کی - اور ہم نیک کام کرنے والوں کو ایسی ہی جزا دیتے
ہیں - [٨٥] اور زکریا اور یحیی اور عیسی اور الیاس - یہہ
سب نیک لوگوں میں سے تھے - [٨٦] اور اِسمعیل اور الیسع
اور یونس اور لوط بھی - اور اِن سب کو ہم نے تمام عالموں پر
برگزیدہ کیا - [٨٧] اور اُن کے باپ دادوں اور اُن کی اولاد
اور اُن کے بھائیوں کو ہم نے چن لیا اور اُن کو سیدھی راہ
دکھائی - [٨٨] یہہ ہے خدا کی ہدایت - اپنے بندوں میں
سے جس کو چاہے اس کی ہدایت کرے - اور اگر یہہ لوگ شرک
کرتے تو اُن کے کئے سب اکارت جاتے - [٨٩] یہی ہیں وہ
لوگ جن کو ہم نے کتاب اور حکمت اور نبوت دی - تو اگر یہہ
لوگ ان باتوں سے کفر کریں تو ہم اُن پر ایک ایسی قوم کو
وکیل بنائینگے جو اُن سے کفر نہیں کرنے کے - [٩٠] یہی لوگ
ہیں جن کو خدا نے ہدایت کی - تو اُن ہی کی ہدایت کی
پیروی کر - تو کہہ کہ میں اِس کے لئے تم سے کوئی اجر نہیں
چاہتا - یہہ تو تمام عالموں کو بس یاد دلانا ہے -

[٩١] اور اُنھوں نے خدا کی قدر جیسی چاہئے تھی نہ

کي جب اُنھوں نے کہا کہ خدا نے کسي بشر پر کچھہ نہیں
اُتارا - تو کہہ کس نے نازل کي تھي وہ کتاب جو موسیٰ
لیکر آئے تھے اور جو لوگوں کے لئے نور اور هدایت هے اور جس کو
تم کاغذوں پر لکھہ رکھتے هو کچھہ تو ظاهر کرتے هو اور زیادہ
چھپا رکھتے هو اور جس سے تم کو سکھایا گیا جو نہ تم جانتے
تھے اور نہ تمھارے باپ دادے - تو کہہ خدا هي نے نازل کي -
پھر اُن کو چھوڑ دے کہ وہ بحث کریں اور کھیل بنائیں -
[۹۲] اور یہہ کتاب هے جو هم نے نازل کي هے برکت والي اور
تصدیق کرنے والي اُس چیز کی جو اُس سے پہلے تھي اور اِس لئے
کہ تو مکہ والوں کو اور اُن لوگوں کو جو اُس کے گرد هیں
ڈرائے - اور جو لوگ آخرت پر ایمان رکھتے هیں وہ اُس پر
ایمان لائینگے - اور وهي اپني نماز میں اِحتیاط کرتے هیں -
[۹۳] اور اُس سے بڑھہ کر ظالم کون هوگا جو خدا پر جھوٹ
باندھے یا کہے کہ مجھپر وحي کي گئي هے حالانکہ اُس پر کچھہ
بھي وحي نہ کي گئي - اور جو کہے کہ جو خدا نے نازل کیا هے
اُسي کي مانند میں بھي نازل کرونگا - اور اے کاش تو اُس
وقت دیکھے جب ظالم موت کي بے هوشي میں هونگے اور فرشتے
اپنے هاتھہ پھیلاکے کہینگے اپني جانیں نکالو - آج کے دن
تم کو رسوائي کے عذاب کي جزا دي جائیگي - اِس لئے کہ تم
خدا پر ناحق باتیں بناتے تھے - اور اُس کي آیتوں سے تکبر
کرتے تھے - [۹۴] "اب تم همارے پاس ایک ایک کر کے آئے جیسے
هم نے پہلي بار تم کو پیدا کیا تھا اور جو کچھہ هم نے تم کو
دیا تھا سب اپني پیٹھہ پیچھے چھوڑ آئے اور تمھاري شفاعت
کرنے والوں کو هم تو تمھارے ساتھہ نہیں دیکھتے جن کو تم
سمجھتے تھے کہ وهي (خدا کے) شریک هیں - اب تو تمھارے

تعلقات ٹوٹ گئے اور جن پر تم کو زعم تھا وہ تم سے کھو گئے" -

[٩٥] بے شک خدا دانے اور گٹھلي کا پھاڑنے والا ھے - مردے سے زندہ اور زندے سے مردہ نکالتا ھے - یہي خدا ھے - پھر تم کہاں پھرے جاتے ھو ؟ [٩٦] وہ پَو پھاڑنے والا ھے صبح کا - اور اُس نے رات کو آرام کے لئے اور سورج اور چاند حساب کے لئے بنائے - یہہ مقرر کیا ھوا ھے اسي زبردست جاننے والے کا - [٩٧] اور وھي ھے جس نے تمھارے لئے تارے بنائے تا کہ زمین اور دریا کي تاریکیوں میں اُن سے راہ پاؤ - اب ھم نے علم والوں کے لئے آیتوں کو مفصل بیان کر دیں - [٩٨] اور وھي ھے جس نے تم کو ایک جان سے پیدا کیا - پھر ایک میعاد مقرر ھے اور ایک سپرد کرنے کي جگہہ - ھم نے تو سمجھنے والوں کے لئے آیتوں کو مفصل بیان کر دیں - [٩٩] اور وھي ھے جس نے آسمان سے پاني اُتارا پھر اُس سے ھر طرح کي بوٹیاں نکالیں - پھر ھم نے اُس میں سے سبزي نکالي کہ اُس میں سے پھر گتھے دانے نکالتے ھیں اور کھجور کے گابھے میں سے گچھے کہ جھکے پڑتے ھیں اور انگور کے باغ اور زیتون اور انار طرح طرح کے - جب پھلے اور پکے تو اُن کے پھلوں کو دیکھو - بے شک ایمان والوں کے لئے اُسي میں نشانیاں ھیں - [١٠٠] اور وہ خدا کے ساتھہ جنوں کو شریک کرتے ھیں حالانکہ اُس نے اُن کو پیدا کیا ھے - اور اُنھوں نے جہالت سے اُس کے لئے بیٹے اور بیٹیاں تراش لیں - وہ پاک ھے اور بالا تر ھے اُس چیز سے جو وہ بیان کرتے ھیں -

[١٠١] وہ پیدا کرنے والا ھے آسمان اور زمین کا - اُس کے کیونکر اولاد ھو جب اُس کي بیوي نہیں - اور اُس نے ساري

چیزیں پیدا کي هیں -- اور وہ هر چیز کا جاننے والا هے -
[۱۰۲] یهي خدا هے جو تمهارا پروردگار هے - اُس کے سوا اور کوئي
معبود نهیں - وہ بنانے والا هے هر چیز کا - پس تم اُسي کي
عبادت کرو - اور وہ هر چیز کا نگهبان هے - [۱۰۳] نظریں اسے
نهیں پاسکتیں - مگر وہ نظروں کو پالینا هے - اور وہ لطیف
اور خبر رکھنے والا هے - [۱۰۴] اب تمهارے پروردگار کي طرف
سے تمهارے پاس صاف دلیلیں آچکیں - تو جو سمجھے وہ اپنے
هي لئے اور جو اندھے هوئے وہ اپنا هي بگاڑے - اور میں تو
تم پر نگهبان نهیں هوں - [۱۰۵] اور اسي طرح هم آیتوں
کو پھیر پھیر کر بیان کرتے هیں تا کہ وہ کهیں کہ تونے خوب
پڑھ کر سنایا اور تا کہ علم والوں سے هم اُس کو صاف صاف
بیان کر دیں - [۱۰۶] (اے نبي) تو پیروي کر اُس چیز کي
جو تجھپر تیرے پروردگار کي طرف سے وحي کي گئي هے - اُس کے
سوا کوئي خدا نهیں - اور مشرکوں سے چشم پوشي کر -
[۱۰۷] اور اگر خدا چاهتا تو وہ شرك نہ کرتے - اور هم نے
تجکو اُن پر نگهبان نهیں بنایا - اور نہ تو اُن پر داروغہ هے -
[۱۰۸] اور وہ لوگ خدا کے سوا جن کو پکارتے هیں تم اُن کو بُرا
نہ کهو نهیں تو وہ بھي عداوت اور جهالت سے خدا کو بُرا
کهینگے - اِسي طرح هم نے هر اُمت کو اُن کے کام اچھے دکھلائے -
پھر تو اُن کو اپنے پروردگار کي طرف جانا هے - تو اُنهوں نے جو
کچھہ کیا هوگا وہ اُن کو بتا دیگا - [۱۰۹] اور اُنهوں نے بڑے
زوروں سے خدا کي قسم کھائي کہ اگر کوئي نشاني اُن کے پاس آئے
تو وہ ضرور اُس پر ایمان لائینگے - تو کهہ نشانیاں تو خدا کے
پاس هیں اور تم کیا جانو کہ جب یهہ آئیگي تو وہ نهیں ایمان
لائینگے ؟ [۱۱۰] اور هم اُن کے دلوں اور اُن کي آنکھوں کو

اُلٹ دینگے جیسا کہ وہ پہلي بار ایمان نہ لائے تھے اور هم
اُن کو اُن کي سرکشي میں بھکتے هوئے چھوڑ دینگے -
¶ [١١١] اور اگر هم ان پر فرشتے بھي اتارتے اور مُردے ان سے
باتیں کرتے اور ساري چیزیں هم ان کے سامنے اکٹھا کرتے تو بھي
وہ ایمان نہیں لانے کے - مگر یہہ کہ خدا چاهے - لیکن ان میں
اکثر جاهل هیں - [١١٢] اور اسي طرح هم نے شیطان آدمیوں
اور جنوں کو هر نبي کا دشمن بنایا - فریب دینے کو ان میں ایک
دوسرے کے دلوں میں چکني چپڑي باتیں ڈالتے هیں - اور اگر
تیرا پروردگار چاهتا تو وہ ایسا نہ کرتے - بس چھوڑ دے ان کو
اور جو کچھہ وہ جھوت باندهتے هیں - [١١٣] تا کہ جو
لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ان کے دل اس کي طرف مائل
هوں اور وہ اس سے راضي هوں اور تا کہ جو بُرے کام وہ کرتے
هیں کرتے رهیں - [١١٤] کیا میں خدا کے سوا کوئي اور حاکم
ڈهونڈوں ؟ اور وهي هے جس نے تم پر مفصل کتاب نازل کي - اور
وہ لوگ جن کو هم نے کتاب دي هے جانتے هیں کہ یہہ تیرے
پروردگار کي طرف سے بر حق نازل هوئي هے - پس تو شک کرنے
والوں میں سے نہ هو - [١١٥] اور تیرے پروردگار کي بات سچائي
اور عدل میں پوري هے - اس کي بات کا بدلنے والا کوئي
نہیں - اور وہ سننے والا اور جاننے والا هے - [١١٦] اور اگر تو
دنیا کے اکثر لوگوں کا کہنا مانے تو وہ تجھکو خدا کي راہ سے بھٹکا
دینگے - وہ تو صرف اپنے خیال کے پیچھے پڑے هیں اور صرف
اٹکل کرتے هیں - [١١٧] بے شک تیرا پروردگار خوب جانتا هے
کون اس کي راہ سے بھٹک گیا اور وہ هدایت پانے والوں کو بھي
خوب جانتا هے - [١١٨] سو اگر تم اس کي آیتوں پر ایمان
رکھتے هو تو جس چیز پر خدا کا نام لیا گیا هے اسے کھاؤ -

[۱۱۹] اور تم کو کیا ہو گیا ہے کہ جس چیز پر خدا کا نام لیا گیا اسے نہیں کھاتے ؟ اور تم پر جو کچھ حرام ہے وہ تو اس نے تم کو صاف صاف بتا دیا ہے - مگر وہ چیزیں جس میں تم بے بس ہو جاؤ - اور بہت لوگ تو اپنی خواہشوں سے بے جانے لوگوں کو گمراہ کر دیتے ہیں - بے شک تیرا پروردگار زیادتی کرنے والوں کو خوب جانتا ہے - [۱۲۰] اور علانیہ گناہ اور پوشیدہ گناہ دونوں چھوڑو - بے شک جو لوگ گناہ کماتے ہیں وہ کئے کی جلد جزا پائینگے - [۱۲۱] اور وہ نہ کھاؤ جس پر خدا کا نام نہیں لیا گیا - اور یہہ البتہ فسق ہے - اور شیطان اپنے دوستوں کے دل میں باتیں ڈالا ہی کرتا ہے تا کہ وہ تمہارے ساتھہ جھگڑا کریں - اور اگر تم نے ان کی بات مان لی تو تم بھی مشرک ہو -

[۱۲۲] کیا وہ جو مردہ تھا اور ہم نے اس کو جلایا اور اس کو ایک نور دیا جس سے وہ لوگوں میں پھرتا ہے وہ اس کی مانند ہو سکتا ہے جو تاریکیوں میں پڑا ہے کہ اس سے نکل نہیں سکتا ؟ اسی طرح کافروں کو ان کے کام اچھے معلوم ہوتے ہیں - [۱۲۳] اور اسی طرح ہم نے ہر بستی میں اس کے بڑے بڑے لوگ مجرم پیدا کئے - تا کہ وہ ان میں داؤ پیچ کریں - اور وہ جو کچھہ داؤ پیچ کرتے ہیں وہ سب اپنے ہی لئے مگر وہ نہیں سمجھتے - [۱۲۴] اور جب ان کے پاس کوئی آیت آتی ہے تو کہتے ہیں کہ ہم ہرگز ایمان نہیں لانے کے یہاں تک کہ ہم کو بھی ملے جو خدا کے رسولوں کو ملے - خدا اپنی رسالت کی جگہہ خوب جانتا ہے - جو لوگ جرم کرتے ہیں عنقریب ان پر خدا کے ہاں ذلت پڑیگی اور سخت عذاب بھی اس لئے کہ وہ مکر کرتے تھے - [۱۲۵] تو جس کو خدا چاہتا ہے کہ اسے

هدایت کرے تو اس کے سینے کو اسلام کے لئے کھول دیتا ھے -
اور جس کو چاھتا ھے کہ اس کو گمراہ کرے تو اس کے سینے کو
تنگ اور بند کر دیتا ھے گویا کہ وہ آسمان پر چڑھا جاتا ھے -
جو لوگ ایمان نہیں رکھتے ان پر اسي طرح خدا ناپاکي
ڈالتا ھے - [١٢٦] اور یہہ تیرے پروردگار کي سیدھي راہ ھے -
جو لوگ یاد رکھتے ھیں ان کے لئے تو ھم نے آیتیں مفصل بیان
کر دیں - [١٢٧] ان کے لئے ان کے پروردگار کے ھاں سلامتي کا
گھر ھے - اور ان کے کئے کے سبب وہ ان کا دوست ھے - [١٢٨] اور
جس دن وہ سب کو اکتھا کریگا (اور کہیگا) اے جنوں * کي
جماعت تم نے تو آدمیوں میں سے اکثر کو اپني طرف کر لیا -
اور آدمیوں میں سے جو ان کے دوست ھونگے وہ کہینگے کہ اے
ھمارے پروردگار ھم ایک دوسرے سے فائدہ اتھاتے رھے - اور جو
اجل تونے ھمارا مقرر کیا ھم اس کو پہنچ گئے - فرمائیگا تمھارا
تھکانا دوزخ کي آگ ھے - اسي میں ھمیشہ رھوگے - مگر جو
خدا چاھے - بے شک تیرا پروردگار حکمت والا اور جاننے والا
ھے - [١٢٩] اور اسي طرح ھم ان کے کئے کے سبب ظالموں کو
ایک دوسرے کا دوست بنا دیتے ھیں -
[١٣٠] اے جنوں اور آدمیوں کي جماعت - کیا تمھارے
پاس تم ھي میں کے رسول نہیں آئے کہ تم سے میري آیتیں
بیان کریں اور تمھارے اس دن کي ملاقات سے تمھیں ڈرائیں -
وہ کہینگے ھم اپني ذات پر آپ گواہ ھیں - اور دنیا کي زندگي
نے ان کو دھوکا دیا - اور انھوں نے آپ اپني ذات پر گواھي
دي کہ وہ کافر تھے - [١٣١] یہہ اس لئے ھے کہ تیرا پروردگار
ایسا نہیں کہ وہ بستیوں کو ظلم سے ھلاک کر ڈالے جب کہ اس

* اکثر مفسروں نے اس کے معني شیطان کے لئے ھیں -

کے رهنے والے بے خبر هوں -- [۱۳۲] اور هر ایک کے لئے حسب
اعمال درجے هیں - اور تیرا پروردگار ان کے کاموں سے غافل نهیں -
[۱۳۳] اور تیرا پروردگار غني اور صاحب رحم هے - اگر وہ چاهے
توتم کو اُچك لے جائے اور تمهارے بعد جس کو چاهے جانشین
کرے جیسا دوسرے لوگوں کي اولاد میں سے تم کو پیدا کیا -
[۱۳۴] جس کا تم سے وعدہ کیا گیا هے وہ ضرور آکر رهیگا -
اور تم (خدا کو) عاجز نهیں کر سکتے - [۱۳۵] تو کهہ اے
میري قوم تم اپني جگهہ کام کرو میں بهي یهي کرتا هوں -
عنقریب تم جانوگے کہ عاقبت کا گهر کس کو ملیگا - بے شك
ظالم فلاح نهیں پانے کے - [۱۳٦] اور وہ لوگ اس کي پیدا
کي هوئي کهیتي اور مویشیوں میں خدا کا ایك حصہ ٹهہراتے
هیں - اور اپنے زعم میں کهتے هیں کہ یهہ خدا کا هے - اور
یهہ همارے دیوتاؤں * کا هے - بهر جو حصہ ان کے دیوتاؤں کا
هے وہ خدا سے ملنے نهیں پاتا - اور جو خدا کا هے وہ ان کے
دیوتاؤں کو ملتا هے - کیا بُرا فیصلہ کرتے هیں - [۱۳۷] اور
اسي طرح بهتیرے مشرکین کو ان کے شریکوں نے ان کي اولاد کا
مار ڈالنا اچها دکهلایا تا کہ ان کو هلاك کریں اور تا کہ ان کے
دین کو ان پر مشتبهہ کر دیں - اور اگر خدا چاهتا تو یهہ
ایسا نہ کرتے - پس تو ان کو اور ان کي افتراپردازیوں کو چهوڑ
دے - [۱۳۸] اور وہ اپنے زعم میں کهتے هیں کہ یهہ مویشي اور
یهہ کهیتي اچهوتي هے کہ اسے کوئي نہ کهائے مگر جسے هم
چاهیں - اور کچهہ مویشي هیں کہ ان پر چڑهنا حرام هے اور
کچهہ مویشي هیں جن پر خدا کا نام نهیں لیتے اور اس پر

* لفظي معني تو هیں همارے شرکا (یعني جن کو هم نے خدا کا شریک ٹهہرایا هے) -

جھوٹ باندھتے ھیں - عنقریب وہ ان کو جھوٹ باتیں بنانے کے
لئے سزا دیگا - [١٣٩] اور وہ کہتے ھیں کہ اِن مویشیوں کے پیٹ
میں جو بچہ ھے وہ صرف ھمارے مردوں کے لئے ھے اور یہہ ھماري
عورتوں پر حرام ھے اور اگر یہہ بچہ مردہ پیدا ھو تو وہ سب
اس میں شریك ھونگے - وہ عنقریب ان کو ان باتوں کي سزا
دیگا - بے شك وہ حکمت والا اور جاننے والا ھے - [١۴٠] وہ
لوگ تو خسارے میں پڑ گئے جنھوں نے بے وقوفي اور جہالت
سے اپني اولاد کو مار ڈالا - اور خدا نے جو رزق ان کو دیا تھا
خدا پر جھوٹ باتیں بنا کر انھوں نے اس کو حرام کیا - وہ
گمراہ ھو گئے اور ھدایت نہ پائے -

[١۴١] اور وھي ھے جس نے ٹٹیوں پر چڑھائے ھوئے اور
بغیر ٹٹیوں پر چڑھائے ھوئے باغ پیدا کئے - اور کھجوریں اور
کھیتیاں بھي جن میں مختلف کھانے کي چیزیں ھوتي
ھیں - اور زیتون اور انار ملتے جلتے اور مختلف قسم کے -
یہہ جب پھلیں تو اُن کے پھل کھاؤ - اور اُن کے کٹنے کے روز
اُس کا حق * دو - اور بے جا خرچ نہ کرو - بے شك وہ بے جا
خرچ کرنے والوں کو پیار نہیں کرتا - [١۴٢] اور مویشیوں میں
کچھہ تو بوجھہ اُٹھانے والے ھیں اور کچھہ زمین سے لگے ھوئے -
خدا نے جو تم کو رزق دیا ھے کھاؤ اور شیطان کے قدموں پر
نہ چلو - بے شك وہ تمھارا صریح دشمن ھے - [١۴٣] مویشي
آٹھہ قسم کے ھیں - بھیڑ میں سے دو - بکري میں سے دو -
تو کھہ کہ اُس نے دو نر حرام کئے ھیں یا دو مادے یا وہ جو
دو مادوں کے پیٹوں میں لپٹے پڑے ھیں ؟ اگر تم سچے ھو تو
مجکو تحقیق خبر دو - [١۴۴] اور اُونٹ میں سے دو - اور

* یعني زکواۃ جو خدا کا حق ھے اور جو خدا کي راہ میں خرچ کیا جاتا ھے -

گائے میں سے دو - تو کہہ کہ اُس نے دو نر حرام کئے ھیں یا دو مادے یا وہ جو دو مادوں کے پیٹوں میں لپٹے پڑے ھیں ؟ یا جب خدا نے تم کو اُن کے بارے میں کہا تھا تو تم بھي حاضر تھے ؟ تو اُس سے بڑھہ کر ظالم اور کون، ھوگا جو خدا پر جھوٹ باندھے تا کہ لوگوں کو بے جانے بوجھے گمراہ کرے - بے شک خدا ظالم لوگوں کو ھدایت نہیں کرتا -

[١٤٥] تو کہہ کہ مجھپر جو وحي آئي ھے اُس میں تو میں نہیں پاتا کہ کھانے والے کو کوئي کھانا حرام ھو مگر یہہ کہ وہ مردار ھو یا لہو یا سؤر کا گوشت - یہہ تو بے شک ناپاک ھیں - یا فسق کہ خدا کے سوا کسي اور کے نامزد کیا گیا ھو - مگر جو کوئي بے بس ھو جاے - یہہ نہیں کہ سر کشي کرے یا زیادتي کرے - تو بے شک تیرا پروردگار بخشنے والا اور رحم کرنے والا ھے - [١٤٦] اور جو لوگ یہود ھیں اُن پر ھم نے سب ناخن والے جانور حرام کئے - اور گاے اور بھیڑ بکریوں میں سے اُن کي چربي بھي حرام کي - مگر وہ جو اُن کي پیٹھہ پر ھو یا انتڑیوں پر یا جو ھڈي سے لپٹي ھوئي ھو - یہہ ھم نے اُن کو اُن کي سرکشي کي سزا دي تھي - اور ھم البتہ سچے ھیں - [١٤٧] (اے نبي) تو اگر یہہ لوگ تجکو جھٹلائیں تو کہہ کہ تمھارا پروردگار بڑي رحمت والا ھے مگر مجرم لوگوں سے اُس کي سختي نہیں ھٹائي جائیگي - [١٤٨] مشرک کہتے ھیں کہ اگر خدا چاھتا تو ھم شرک نہ کرتے اور نہ ھمارے باپ اور نہ ھم کسي چیز کو حرام کرتے - اُن کے اگلوں نے بھي اِسي طرح جھٹلایا کیا یہاں تک کہ اُنھوں نے سختي کا مزہ چکھا - تو کہہ کہ تمھارے پاس کوئي تحقیق بات بھي ھے تو ھمارے سامنے نکالو - تم تو بس گمان کے پیچھے پڑے

هو اور صرف اٹکل کرتے هو - [١٤٩] تو کهہ پہنچتي هوئي
حجت تو خدا کي هے - اور اگر وہ چاهتا تو تم سب کو هدايت
کرتا - [١٥٠] تو کهہ کہ اپنے گواهوں کو لاؤ جو گواهي ديتے
هيں کہ خدا نے اُن کو حرام کيا هے - تو اگر وہ گواهي بهي
ديں تو تو اُن کے ساتهہ گواهي نہ دے - اور نہ اُن لوگوں کي
خواهشوں کي پيروي کر جو هماري آيتوں کو جهٹلاتے هيں - اور
نہ اُن کي جو آخرت پر ايمان نہيں رکهتے اور جو (دوسروں کو)
اپنے پروردگار کے برابر ٹهہراتے هيں -
[١٥١] تو کهہ آؤ ميں پڑهے ديتا هوں جو تمهارے پروردگار
نے تم پر حرام کيا هے - يہہ کہ کسي چيز کو اُس کا شريك نہ
ٹهہراؤ - اور ماں باپ کے ساتهہ سلوك کرو - اور افلاس کے ڈر
سے اپني اولاد کو نہ مار ڈالو - هم تم کو اور اُن کو دونوں کو
رزق دينگے - اور بے حيائي کے نزديك نہ جاؤ علانيہ هو يا
پوشيدہ - اور کسي جان کو نہ مارو جس کا (مارنا) خدا نے
حرام کيا هے مگر حق کے ساتهہ - يہہ هے جو وہ تم کو کهے
رکهتا هے تا کہ تم کو عقل هو - [١٥٢] اور يتيم کے مال کے
نزديك نہ جاؤ مگر اِس طرح کہ اُس کے لئے اچها هو يہاں
تك کہ وہ اپني عمر کو پہنچے - اور اِنصاف کے ساتهہ پوري پوري
ماپ تول کرو - هم کسي جان کو اُس کي بساط سے زيادہ مجبور
نہيں کرتے - اور جب بولو تو اِنصاف کے ساتهہ بولو - اگرچہ
وہ فريق قرابتي هي هو - اور خدا کا عهد پورا کرو - يہہ هيں
جو وہ تم کو کهے رکهتا هے تا کہ تم ياد رکهو - [١٥٣] اور يہہ
بهي کہ يہي ميري سيدهي راہ هے - بس اُسي کي پيروي کرو -
اور دوسري راهوں پر نہ چلو نہيں تو يہہ تم کو اُس کي راہ
سے الگ کر دينگے - يہي اُس نے تم کو کهہ رکها هے تا کہ تم

(بُرے کاموں سے) بچو - [١٥٤] پھر هم نے موسیٰ کو کتاب دي
که نیك لوگوں پر نعمتیں پوري هوئیں اور جو هر چیز کو مفصل
بیان کرتي هے اور جو هدایت هے اور رحمت هے - شاید وہ لوگ
اپنے پروردگار کي ملاقات پر ایمان لائیں -

[١٥٥] اور یهه کتاب برکت والي بهي هم نے اُتاري هے -
پس اُسي کي پیروي کرو اور (بُرے کاموں سے) بچو - تا که تم پر
رحم کیا جاے - [١٥٦] ایسا نه هو که تم کهو که هم سے پهلے
تو بس دو هي گروهوں پر کتاب نازل هوئي تهي - اور هم اُس کے
پڑهنے سے عاجز تهے - [١٥٧] یا یهه کهو که اگر هم پر کتاب
نازل کي جاتي تو هم ضرور اُن سے زیاده هدایت پاتے - تو اب
تمهارے پاس تمهارے پروردگار کي طرف سے بین دلیل اور هدایت
اور رحمت آچکي - اور اُس سے بڑهه کر ظالم کون هوگا جو خدا
کي آیتوں کو جهٹلائے اور اُن سے پهر جائے ؟ جو لوگ هماري
آیتوں سے پهر جاتے هیں هم عنقریب اُن کو بُرے عذاب کي
سزا دینگے اِس لئے که وہ پهر گئے - [١٥٨] کیا وہ اِسي کے
منتظر هیں که اُن کے پاس فرشتے آئیں یا تیرا پروردگار آئے یا
تیرے پروردگار کي کوئي نشاني آئے ؟ جس دن تیرے پروردگار
کي نشاني آجائیگي تو جو کوئي اس سے پهلے ایمان نه لایا یا اپنے
ایمان کي حالت میں اُس نے کوئي نیکي نه کمائي تو اُس کو
اس کا ایمان نفع نه دیگا - تو کهه که تم اسي کے منتظر رهو
اور هم بهي منتظر هیں - [١٥٩] جن لوگوں نے اپنے دین میں
تفرقه ڈالا اور فرقے بن گئے تجکو اُن سے کوئي سروکار نهیں -
اُن کا معامله تو خدا کے هاں هے - پهر وہ اُن کو اُن کے کئے
کي خبر دیگا - [١٦٠] جو کوئي نیکي لیکر آئیگا تو اُس کو
اُس کے برابر دس نیکیاں ملینگي - اور جو بُرائي لیکر آئیگا تو

اُس کو بس اُسي کے برابر سزا مليگي - اور اُن پر ظلم نه هوگا -
[۱۶۱] تو کهه بے شك مجکو ميرے پروردگار نے سيدهي راه
دکهائي هے مستحکم دين اِبراهيم کا طريقه جو ايك خدا کا
ماننے والا تها اور مشرکوں ميں سے نه تها - [۱۶۲] تو کهه
ميري نماز اور ميري عبادتيں اور ميرا مرنا اور ميرا جينا خدا
هي کے لئے هے جو تمام عالموں کا پروردگار هے - [۱۶۳] اُس کا
کوئي شريك نهيں - اور مجکو يهي حکم هوا هے - اور ميں
سب سے پهلا مسلمان هوں - [۱۶۴] تو کهه که کيا ميں خدا
کے سوا کوئي اور پروردگار ڈهونڈوں حالانکه وه هر چيز کا پروردگار
هے ؟ اور کوئي (بُرائي) نهيں کماتا مگر اپني هي ذات پر - اور
نه کوئي بوجهه اُٹهانے والا کسي دوسرے کا بوجهه اُٹهائيگا -
پهر تو تمهارے پروردگار کي طرف تم کو جانا هے - تو جن
باتوں ميں تم اِختلاف کرتے هو وه تم کو بتاديگا - [۱۶۵] اور
وهي هے جس نے تم کو دُنيا ميں جانشين بنايا اور ايك پر ايك
کے درجے بلند کئے تاکه جو اُس نے تم کو ديا هے اُس ميں
آزمائے - بے شك تيرا پروردگار جلد سزا دينے والا هے اور وهي
بخشنے والا اور رحم والا هے -

سورۂ اعراف

مکي - ۲۰۶ آيتيں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحيم هے

[۱] المص - [۲] يهه کتاب تجهپر نازل کي گئي هے - بس
اس سے تيرا دل تنگ نه هو - تاکه تو اِس سے ڈرائے - اور يهه ايمان
والوں کو ياد دلانا هے - [۳] جو تمهارے پروردگار کي طرف سے

نازل هوا هے اسي کي پيروي کرو - اور اس کے سوا (اپنے) دوستوں
کي پيروي نه کرو - تم بهت هي کم غور کرتے هو - [٤] اور هم
نے کتني بستياں هلاك کيں - رات کے وقت ان پر هماري سختي
آ پهنچي يا جب وه دو پهر کو سوتے تهے - [٥] تو جب هماري
سختي ان پر آ پهنچي تو انهوں نے يهي کها که هم ظالم تهے -
[٦] تو جن لوگون کي طرف رسول بهيجے گئے تهے هم ان سے ضرور
پوچهينگے اور رسولوں سے بهي پوچهينگے - [٧] پهر تحقيق
بات هم ان سے ضرور بيان کرينگے اور هم تو غائب نهيں تهے -
[٨] اور اس دن تول ٹهيك هوگي - تو جن کي تول بهاري
هوگي - وهي فلاح پانے والے هيں - [٩] اور جن کي تول هلکي
هوگي تو يهي لوگ هيں جنهوں نے اپنے تئيں خسارے ميں
ڈالا - اس لئے که انهوں نے هماري آيتوں پر ظلم کيا - [١٠] اور
هم نے تم کو دنيا ميں جگهه دي - اور اسي ميں تمهارے لئے
معيشتيں پيدا کيں - تم بهت کم شکر کرتے هو -

[١١] اور هم نے تم کو بنايا اور پهر تمهاري صورتيں بنائيں
پهر هم نے فرشتوں سے کها که آدم کے آگے جهك جاؤ تو وه جهك
گئے مگر ابليس که وه جهکنے والوں ميں نه هوا - [١٢] فرمايا
تجکو کيا مانع هے که جب ميں نے تجکو حکم ديا تو نهيں
جهکتا ؟ بولا ميں اس سے بهتر هوں - تونے مجکو آگ سے پيدا
کيا اور تونے اس کو مٹي سے پيدا کيا - [١٣] فرمايا يهاں سے نيچے
اتر - تيري مجال نهيں که تو يهاں تکبر کرے - پس نکل جا
تو ذليلوں ميں سے هے - [١٤] وه بولا قيامت کے دن تك مجکو
مهلت دے - [١٥] فرمايا تجکو مهلت دي گئي - [١٦] وه
بولا جس طرح تونے مجکو گمراه کيا هے ميں بهي تيري سيدهي
راه پر ان کي تاك ميں بيٹهونگا - [١٧] پهر ميں ضرور ان کے

آگے سے آؤنگا اور ان کے پیچھے سے اور ان کے داھنے سے اور ان کے
بائیں سے - اور تو ان میں اکثر کو شکر گزار نہ پائیگا -
[۱۸] فرمایا یہاں سے رسوا اور راندہ ہوکر نکل جا - ان میں سے
جو تیری پیروی کریگا میں ضرور تم سب سے جہنم بھر دونگا -
[۱۹] اور اے آدم تو اور تیری بیوی جنت میں رہو - اور تم
دونوں جہاں سے چاہو کھاؤ مگر اس درخت کے نزدیک نہ جاؤ -
نہیں تو تم (اپنے آپ پر) ظلم کروگے - [۲۰] پھر شیطان نے
دونوں کے دلوں میں وسوسہ ڈالا تاکہ ان کی شرم گاہیں
جو ان سے چھپی تھیں ان پر ظاہر کر دے - اور اس نے کہا
تمہارے پروردگار نے جو تمہیں اس درخت سے منع کیا ہے وہ صرف
اسی لئے ہے کہ کہیں تم دونوں فرشتے نہ بن جاؤ یا دونوں
ہمیشہ نہ زندہ رہو - [۲۱] اور اس نے ان سے قسمیں کھائیں
کہ میں تو نصیحت کرتا ہوں - [۲۲] پس دھوکے سے ان کو
مائل کیا - پھر جب انہوں نے درخت چکھا تو دونوں کی شرم
گاہیں ان پر ظاہر ہو گئیں - اور وہ دونوں باغ کے پتے اپنے اوپر
ڈھانکنے لگے - اور ان کے پروردگار نے ان کو پکارا کہ کیا میں نے
تم دونوں کو اس درخت سے منع نہ کیا تھا اور تم دونوں سے نہ
کہہ دیا تھا کہ شیطان تمہارا صریح دشمن ہے - [۲۳] وہ
دونوں بولے اے ہمارے پروردگار ہمنے اپنے آپ پر ظلم کیا - اور
اگر تو ہم کو نہیں بخشیگا اور ہم پر رحم نہ کریگا تو ہم ضرور
خسارہ اُٹھانے والوں میں سے ہو جائینگے - [۲۴] فرمایا اتر
جاؤ - تم ایک کے دشمن ایک ہو - اور تمہارے لئے ایک وقت
مقرر تک دنیا میں رہنے کی جگہہ اور سامان ہیں - [۲۵] فرمایا
تم اسی میں جیوگے اور اسی میں مروگے اور اسی سے (قیامت
کے دن) نکالے جاؤگے -

[۲۶] اے بنی آدم - ہم نے تمہارے لئے لباس اُتارا ہے
جو تمہاری شرمگاہوں کو چھپاتا ہے - اور زینت بھی ہے - اور
پرہیزگاری کا لباس یہہ تو سب سے بڑھ کر ہے - یہہ خدا کی
نشانیوں میں سے ہے - شاید وہ لوگ غور کریں - [۲۷] اے
بنی آدم - شیطان تم کو بلا میں نہ ڈالے جیسے اُس نے
تمہارے ماں باپ کو جنت سے نکالا - اُن کے لباس اُن سے اُتار لئے
تا کہ اُن کی شرمگاہیں اُن کو دکھا دیں - بے شک وہ اور اُس کے
قبیلے تم کو ایسی جگہہ سے دیکھتے ہیں جہاں سے تم اُن کو
نہیں دیکھتے - بے شک ہم شیطانوں کو اُنہیں لوگوں کا دوست
بناتے ہیں جو ایمان نہیں رکھتے - [۲۸] اور جب وہ بے حیائی
کی باتیں کرتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم نے اپنے باپ دادوں کو
ایسی ہی کرتے پایا اور خدا نے ہم کو یہی حکم دیا ہے - تو کہہ
خدا بے حیائی کرنے کا حکم نہیں دیتا - کیا تم خدا پر ایسی
باتیں کہتے ہو جن کا تم کو علم نہیں ؟ [۲۹] تو کہہ میرے
پروردگار نے اِنصاف کا حکم دیا ہے - اور یہہ کہ تم ہر نماز میں
(خدا کی طرف) متوجہ ہو اور دین میں اُس سے خلوص کے
ساتھہ اُسے پکارو - جیسے اُس نے تم کو پہلے پیدا کیا تھا ویسے ہی
تم پھر پیدا ہوگے - [۳۰] اُس نے ایک گروہ کو ہدایت کی اور
ایک گروہ پر گمراہی لازم ہوئی - اُن لوگوں نے خدا کے سوا
شیطانوں کو دوست بنایا اور خیال کیا کہ وہ ہدایت پا گئے -
[۳۱] اے بنی آدم - ہر نماز میں آراستہ ہو جاؤ اور کھاؤ اور
اور پیؤ اور زیادتی نہ کرو - بے شک وہ زیادتی کرنے والوں کو پیار
نہیں کرتا -

[۳۲] تو کہہ کہ خدا نے جو زینت اور کھانے کی اچھی
چیزیں اپنے بندوں کے لئے نکالی ہیں اُن کو کس نے حرام کیا ؟

تو کہہ کہ یہہ تو قیامت کے دن خاص کر اُن لوگوں کے لئے ھے جو اِس دُنیا کي زندگي میں ایمان رکھتے ھیں - اِسي طرح ھم اھل علم کے لئے آیتیں مفصل بیان کرتے ھیں - [۳۳] تو کہہ کہ میرے پروردگار نے تو بس بے حیائي کے کام ظاھر اور باطن دونوں حرام کئے ھیں اور گناہ اور ناحق سرکشي اور یہہ کہ تم کسي کو خدا کا شریک ٹھہراؤ جس کے بارے میں اُس نے کوئي دلیل نہیں اُتاري - اور یہہ کہ تم خدا پر ایسي باتیں کہو جن کا تم کو علم نہیں - [۳۴] اور ھر اُمت کا ایک وقت مقرر ھے - تو جب اُس کا وقت آ گیا تو وہ ایک گھڑي پیچھے نہیں رہ سکتي اور نہ آگے نکل سکتي ھے - [۳۵] اے بني آدم - اگر تم ھي میں کے رسول تمھارے پاس آئیں اور میري آیتیں تم سے بیان کریں تو جو کوئي (بُرے کاموں سے) بچے اور اپني اِصلاح کرے تو اُن پر نہ تو خوف ھوگا اور نہ وہ غمگین ھونگے - [۳۶] اور جو لوگ ھماري آیتوں کو جھٹلاتے ھیں اور اُن سے تکبر کرتے ھیں تو یہي لوگ جہنم میں رھنے والے ھونگے - وہ اُس میں ھمیشہ رھینگے - [۳۷] اور اُس سے بڑھ کر ظالم کون ھوگا جو خدا پر جھوٹ باندھے اور اُس کي آیتوں کو جھٹلائے - یہي لوگ ھیں جن کو اُن کا لکھا ھوا حصہ پہنچیگا یہاں تک کہ جب ھمارے بھیجے ھوئے اُن کي روح قبض کرنے کو اُن کے پاس آئینگے تو وہ کہینگے کہ جن کو تم خدا کے سوا پکارتے تھے وہ کہاں ھیں ؟ وہ کہینگے کہ وہ ھم سے کھو گئے اور وہ اپني جانوں پر آپ گواھي دینگے کہ وہ کافر تھے - [۳۸] خدا فرمائیگا کہ جن اور انس میں سے جو لوگ تم سے پہلے گزر چکے ھیں اُن ھي کے ساتھہ تم بھي جہنم کي آگ میں داخل ھو - جب ایک اُمت اُس میں داخل ھوگي

تو وہ اپني بہن پر لعنت کریگي یہاں تک کہ جب سب
اُس میں جمع ہونگے تو اُن میں کے پچھلے لوگ پہلے لوگوں
کي نسبت کہینگے کہ اے ہمارے پروردگار اِن ہي نے ہم کو
گمراہ کیا پس تو اُن کو جہنم کي آگ میں دونا عذاب دے -
فرمائیگا کہ ہر ایک کو دونا عذاب ہوگا مگر تم نہیں جانتے -
[۳۹] اور اُن کے اگلے لوگ پچھلے لوگوں سے کہینگے کہ تم کو
تو ہم پر کوئي فضیلت نہ رہي - تو اپني کمائي کے سبب
عذاب کا مزہ چکھو -

[۴۰] جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور اُن سے
تکبر کیا نہ تو اُن کے لئے آسمان کے دروازے کھولے جائینگے
اور نہ وہ جنت میں داخل ہونگے یہاں تک کہ سوئي کے ناکے
میں اُونت داخل ہو جائے - اور ہم گنہگاروں کو اِسي طرح
سزا دیتے ہیں - [۴۱] جہنم ہي اُن کا بچھونا ہوگا اور وہي
اُن کے اُوپر سے بالا پوش - اور ہم ظالموں کو اِسي طرح سزا
دیتے ہیں - [۴۲] اور جو لوگ ایمان رکھتے اور نیک کام کرتے
ہیں - ہم تو کسي جان کو اُس کي بساط سے زیادہ مجبور
نہیں کرتے - یہي لوگ جنت کے رہنے والے ہیں - وہ ہمیشہ
اسي میں رہینگے - [۴۳] اور اُن کے دلوں کے کینے ہم نکال
دینگے - اُن کے نیچے سے نہریں جاري ہونگي اور وہ کہینگے کہ
تعریف خدا ہي کو ہے جس نے ہم کو اس کي راہ دکھائي -
اور ہم ہرگز راہ نہ پاتے اگر خدا ہم کو ہدایت نہ کرتا -
ہمارے پروردگار کے رسول سچ بات لائے تھے - اور اُن کو پکار دیا
جائیگا کہ یہي جنت ہے جس کے تم اپنے کئے کے سبب وارث
ہوئے - [۴۴] اور جنت کے لوگ جہنم کے لوگوں کو پکار کر
کہینگے کہ ہمارے پروردگار نے جو ہم سے وعدہ کیا تھا اُس کو

هم نے سچا پايا - کيا جو تمهارے پروردگار نے وعده کيا تها
تم نے بهي اُس کو سچ پايا ؟ وه کهينگے هاں - تو ايك پکارنے
والا اُن ميں پکار کر کهيگا که ظالموں پر خدا کي لعنت -
[۴۵] جو خدا کي راه سے (لوگوں کو) روکتے اور اُس کو کج کرنا
چاهتے اور آخرت سے بهي کفر کرتے - [۴۶] اور ان دونوں کے درميان
ايك حجاب هوگا - اور اعراف پر کچهه لوگ هونگے جو
سبهوں کو اُن کے چهرے سے پهچانينگے اور جنت والوں کو
پکار کر کهينگے که تم پر سلام هو - وه ابهي اُس ميں نهيں
داخل هوئے مگر آرزو رکهتے هيں - [۴۷] اور جب اُن کي نظريں
جهنم کي آگ کے رهنے والوں کي طرف پهر جائينگي تو وه
کهينگے که اے همارے پروردگار هم کو ظالم لوگوں کے ساتهه نه
رکهه -

[۴۸] اور اعراف والے کچهه لوگوں کو جنهيں وه اُن کے
چهروں سے پهچانينگے پکار کر کهينگے که تمهاري جمع اور
تمهارا تکبر تمهارے کام نه آئے - [۴۹] کيا يهي لوگ هيں
جن کے بارے ميں تم قسميں کهايا کرتے تهے که خدا اُن پر
رحمت نه لائيگا - جنت ميں داخل هو - تم پر نه کوئي خوف
هوگا اور نه تم غمگين هوگے - [۵۰] اور جهنم والے پکار کر
جنت والوں سے کهينگے که هم پر تهوڑا پاني هي ڈال دو يا تم کو
جو خدا نے رزق ديا هے اُسي ميں سے کچهه دو - وه کهينگے
که خدا نے يهه سب کافروں پر حرام کيا هے - [۵۱] جو اپنے دين
کو کهيل اور تماشا بناتے هيں اور جن کو اِس دنيا کي زندگي
نے دهوکا دے رکها هے - تو آج کے دن هم بهي اُن کو بُهلا
دينگے جيسا وه اپنے اِس دن کي ملاقات کو بهول گئے اور
هماري آيتوں سے اِنکار کئے - [۵۲] اور هم نے اُن کو کتاب لادي

هے جس ميں هم نے تحقيق کے ساتهہ مفصل بيان کيا هے اور
جو ايمان والوں کے لئے هدايت اور رحمت هے - [۵۳] کيا يهہ
لوگ اُس، کي تعبير کے منتظر هيں ؟ جس دن اُس کي تعبير
ظاهر هو جائيگي تو جو لوگ اُس کو پهلے بهول گئے تهے وہ
کهينگے کہ همارے پروردگار کے رسول برحق آئے - اب کيا کوئي
هماري شفاعت کرنے والے هيں کہ همارے لئے شفاعت کريں يا
هم کو لوٹا ديا جائے تو جو کچهہ هم نے کيا تها پهر وہ نہ
کرينگے - اُنهوں نے اپني جانوں کو خسارے ميں ڈالا اور جو
کچهہ يهہ لوگ جهوٹ باندهتے تهے سب اُن سے کهو گئے -
[۵۴] بےشك تمهارا پروردگار خدا هے جس نے چهہ دن ميں
آسمان اور زمين بنائے - پهر عرش کي طرف متوجهہ هوا - وہ
رات کو دن سے ڈهانك ديتا هے کہ رات دن کو ڈهونڈتي دوڑي
آتي هے - اور سورج اور چاند اور تارے يهہ سب اُسي کے حکم سے
مسخر هيں - کيا بنانا اور حکم کرنا اسي کا کام نهيں ؟ خدا
تمام عالموں کا پروردگار برکت والا هے - [۵۵] اپنے پروردگار کو عجز
کے ساتهہ اور چپکے پکارو - بے شك وہ زيادتي کرنے والوں کو پيار
نهيں کرتا - [۵۶] اور دنيا ميں اس کي اصلاح کے بعد فساد
نہ کرو - اور ڈر اور اُميد کے ساتهہ اس کو پکارو - بے شك خدا
کي رحمت نيك لوگوں سے قريب هے - [۵۷] اور وهي هے جو اپني
رحمت سے آگے هواؤں کو بهيجتا هے يهاں تك کہ جب وہ بهاري
بادلوں کو اُڑا لاتي هے تو هم ان کو مرے هوئے ملك کي طرف
هانك لے جاتے هيں پهر اس سے پاني اُتارتے هيں پهر اس سے
هر طرح کے پهل نکالتے هيں - اسي طرح هم مُردوں کو
نکالينگے - شايد تم غور کرو - [۵۸] اور اچهي زمين کي نباتات
بهي اس کے پروردگار کے حکم سے نکلتي هے - اور جو خراب هے

اس سے تو صرف تھوڑي هي سي نکلتي هے - اسي طرح شکر
کرنے والوں کے لئے هم آیتیں مفصل بیان کرتے هیں -

[٥٩] بے شك هم نے نوح کو اس کي قوم کي طرف بھیجا -
تو اس نے کہا اے میري قوم خدا کي عبادت کرو - اُس کے
سوا تمھارا کوئي معبود نهیں - میں تمھارے لئے بڑے دن کے
عذاب سے ڈرتا هوں - [٦٠] اس کي قوم کے سرداروں نے کہا کہ
هم تو تجکو صریح گمراهي میں دیکھتے هیں - [٦١] وہ بولا
اے میري قوم میں تو گمراہ نهیں هوں - بلکہ میں تمام
عالموں کے پروردگار کي طرف سے ایك رسول هوں - [٦٢] تم کو اپنے
پروردگار کا پیغام پہنچاتا هوں اور تم کو نصیحت کرتا هوں اور
میں خدا کي طرف سے وہ باتیں جانتا هوں جو تم نهیں
جانتے - [٦٣] کیا تم کو تعجب هے کہ تم میں سے ایك آدمي
کو تمھارے پروردگار کي طرف سے ایك یاد دلانے کي چیز ملي
تا کہ وہ تم کو ڈرائے اور تا کہ تم (بُرے کاموں سے) بچو اور
تا کہ تم پر رحم کیا جائے - [٦٤] مگر اُنھوں نے اُس کو
جھٹلایا اور هم نے اُس کو اور جو اُس کے ساتھ کشتي میں تھے
اُن سب کو بچا لیا - اور جنھوں نے هماري آیتوں کو جھٹلایا
تھا اُن کو هم نے ڈبا دیا - بے شك وہ ایك اندھي قوم تھي -

[٦٥] اور عاد کي طرف ان کے بھائي هود کو بھیجا - اس
نے کہا کہ اے میري قوم خدا کي عبادت کرو - اس کے سوا
تمھارا کوئي معبود نهیں - پھر بھي کیا تم نهیں ڈرتے ؟
[٦٦] اس کي قوم کے کافر سرداروں نے کہا کہ هم تو تجکو
بے وقوف دیکھتے هیں - اور هم تجکو جھوٹوں میں خیال
کرتے هیں - [٦٧] اس نے کہا اے میري قوم میں بے وقوف
نهیں هوں بلکہ تمام عالموں کے پروردگار کي طرف سے ایك رسول

هوں - [۶۸] تم کو اپنے پروردگار کا پيغام پهنچاتا هوں - اور میں تمهیں سچي نصیحت کرنے والا هوں - [۶۹] کیا تم کو تعجب هے کہ تم میں سے ایك آدمي کو تمهارے پروردگار کي طرف سے ایك یاد دلانے والي چیز ملي تا کہ وہ تم کو ڈرائے - اور یاد کرو جب قوم نوح کے بعد اس نے تم کو جانشین بنایا اور تمهاري بناوٹ میں زیادہ پهیلاؤ دیا - تو خدا کي نعمتوں کو یاد کرو تا کہ تم فلاح پاؤ - [۷۰] انهوں نے کہا کیا تو همارے پاس اسي لئے آیا هے کہ هم ایك هي خدا کي عبادت کریں اور جن کي همارے باپ دادے عبادت کرتے تھے ان کو چھوڑ دیں ؟ تو لے آ همارے پاس جو تو هم سے وعدہ کرتا هے اگر تو سچ کہنے والوں میں سے هے - [۷۱] بولا اب تمهارے اوپر تمهارے پروردگار کی طرف سے عذاب اور غصہ آ کر رهیگا - کیا تم مجھسے ناموں کے بارے میں جھگڑتے هو جو تم نے اور تمهارے باپ دادوں نے رکھ لئے هیں اور جن کي نسبت خدا نے کوئي دلیل نهیں اُتاری - تو تم اِنتظار کرو - میں بھي تمهارے ساتھ انتظار کرنے والوں میں هوں - [۷۲] پھر هم نے اپني رحمت سے اس کو اور ان لوگوں کو جو اس کے ساتھ تھے نجات دي - اور جن لوگوں نے هماري آیتوں کو جھٹلایا ان کي جڑ کاٹ ڈالي اور وہ ایمان والے نهیں تھے -

[۷۳] اور قوم ثمود کي طرف ان کے بھائي صالح کو بھیجا - اس نے کہا اے میري قوم خدا کي عبادت کرو - اس کے سوا تمهارا کوئي معبود نهیں - اب تمهارے پاس تمهارے پروردگار کي طرف سے بین دلیل آ چکي - یہہ خدا کي اُونٹني تمهارے لئے ایك نشاني هے - تو اس کو چھوڑ دو کہ خدا کي زمین میں کھاتي پھرے - اور اسے برائي سے نہ چھونا نهیں تو تم

دردناك عذاب ميں گرفتار هوگے - [۷۴] اور ياد كرو جب اس
نے تم كو قوم عاد كے بعد جانشين بنايا اور تم كو دنيا ميں آباد
كيا كه تم اس كي نرم متّي سے محل بناتے اور پهاڑوں كے گهر
تراشتے هو - تو خدا كي نعمتوں كو ياد كرو اور دنيا ميں فساد
كرتے نه پهرو - [۷۵] اس كي قوم ميں جو لوگ تكبر كرتے تهے
وه بے بس لوگوں سے جو ان ميں سے ايمان لائے تهے كهنے لگے
كيا تم جانتے هو كه صالح اپنے پروردگار كي طرف سے بهيجا هوا
هے ؟ انهوں نے كها كه هم ايمان ركهتے اس چيز پر جس كو لے
كر وه بهيجا گيا هے - [۷۶] جو لوگ تكبر كرتے تهے وه كهنے
لگے كه تم جس چيز پر ايمان ركهتے هو هم اُسے نهيں مانتے -
[۷۷] پهر انهوں نے اونٹني كے پاؤں كات ڈالے اور اپنے پروردگار كے
حكم سے سركشي كي اور كها اے صالح اگر تو بهيجے هوؤں
ميں سے هے تو جس چيز سے تو هم كو ڈراتا هے اسے لے آ - [۷۸] پهر
ان كو زلزلے نے آ پكڑا - اور وه صبح كو اپنے گهروں ميں زانوؤں
پر گرے هوئے رهه گئے - [۷۹] پهر وه ان سے پهر گيا اور كها
اے ميري قوم ميں نے تو تم كو ميرے پروردگار كا پيغام پهنچا
ديا اور تم كو نصيحت كي مگر تم نصيحت كرنے والوں كو
پسند نهيں كرتے - [۸۰] اور لوط كه جب اس نے اپني قوم سے
كها كيا تم ايسي بے حيائي كے نزديك جاتے هو كه تمام عالموں
ميں كسي نے بهي تم سے پهلے ايسي نه كي ؟ [۸۱] تم عورتوں
كے سوا مردوں پر شهوت سے جاتے هو - نهيں تم تو زيادتي كرنے
والي قوم هو - [۸۲] اور اس كي قوم كا جواب سوا اس كے نه تها
كه وه كهنے لگے كه ان كو اپني بستي سے نكال دو - يهه ايسے
لوگ هيں جو پاك صاف رهنا چاهتے هيں - [۸۳] پس هم نے
اُس كو اور اُس كے لوگوں كو بچا ليا مگر اُس كي بيوي كه وه

پیچھے رهنے والوں میں سے تھي - [۸۴] اور هم نے اُن پر مینھہ
برسایا - تو دیکھہ مجرموں کا انجام کیسا هوا -
[۸۵] اور مدین کي طرف اُن کے بھائي شعیب کو بھیجا -
اُس نے کہا اے میري قوم خدا کي عبادت کرو - اُس کے سوا
تمھارا کوئی معبود نهیں - اب تمھارے پاس تمھارے پروردگار
کي طرف سے بین دلیل آ چکي - تو ماپ اور تول پوري کرو اور
لوگوں کو اُن کي چیزیں کم نه دو - اور دنیا میں اُس کي اِصلاح
کے بعد فساد نه کرو - اگر تم ایمان رکھتے هو تو یهہ تمھارے
لئے بہتر هوگا - [۸۶] اور کسي راستے پر ایمان والوں کو ڈرانے اور
خدا کي راہ سے روکنے اور اس میں کجي نکالنے کے لئے نه بیٹھو -
اور یاد کرو جب تم تھوڑے سے تھے - اور اُس نے تم کو زیادہ کر
دیا - اور دیکھو فساد کرنے والوں کا انجام کیسا هوا - [۸۷] اور
اگر تم میں ایک جماعت هے جو ایمان رکھتي اُس چیز پر
جس کو لے کر میں بھیجا گیا هوں اور ایک جماعت هے جو
ایمان نهیں رکھتي تو صبر کرو یہاں تک که خدا هم میں
فیصله کردے - اور وہ سب سے اچھا فیصله کرنے والا هے -
¶ [۸۸] اُس کي قوم کے سردار جو تکبر کرتے تھے بولے اے
شعیب هم ضرور تجکو اور جو لوگ تیرے ساتھہ ایمان لائے هیں
سب کو اپني بستي سے نکال دینگے - یا تو تم هماري ملت میں
پھر آؤ گے - اُس نے کہا کیا اگرچه هم کو اُس سے کراهت هي
هو ؟ [۸۹] اگر هم تمھاري ملت میں پھر آئیں باوجودیکه
خدا نے هم کو اس سے نجات دي هے تو هم نے خدا پر جھوٹ
باندھا - اور هم ایسے نهیں که اُس میں پھر آئیں مگر جو
خدا همارا پروردگار چاهے - همارا پروردگار علم سے هر چیز پر
حاوي هے - هم نے خدا پر توکل کیا - اے همارے پروردگار هم

میں اور ہماري قوم میں سچ سچ فیصلہ کر دے - اور توھي سب سے بڑھ کر فیصلہ کرنے والا ھے - [۹۰] اور اُس کي قوم کے کافر سردار کھنے لگے کہ اگر تم شعیب کي پیروي کروگے تو تم اُس حالت میں ضرور خسارہ اُٹھاؤ گے - [۹۱] پھر اُن کو زلزلے نے آ پکڑا اور صبح کو وہ سب اپنے گھروں میں زانؤں پر گرے ھوئے تھے - [۹۲] جن لوگوں نے شعیب کو جھٹلایا وہ جیسے کبھي ان میں رھے ھي نہ تھے - جن لوگوں نے شعیب کو جھٹلایا وھی خسارے میں پڑ گئے - [۹۳] پھر وہ اُن سے پھر گیا اور کھنے لگا اے میري قوم میں نے تم کو میرے پروردگار کا پیغام پھنچایا اور تم کو نصیحت کي - تو کافر لوگوں پر میں کیا افسوس کروں -

[۹۴] اور کسي بستي میں ھم نے کوئي نبي نھیں بھیجا سوا اِس کے کہ ھم نے اُس کے رھنے والوں کو سختي اور مصیبت میں بھي ڈالا تا کہ وہ عاجزي کریں - [۹۵] پھر ھم نے بُرائي کي جگہہ بھلائي کو بدلا یہاں تک کہ وہ بڑھے اور کھنے لگے کہ مصیبت اور راحت تو ھمارے باپ دادوں کو بھي پھنچ چکي ھیں - تو ھم نے اُن کو یکایک گرفتار کیا اور وہ نھیں سمجھے - [۹۶] اور اگر بستي والے ایمان لاتے اور (بُرے کاموں سے) بچتے تو ھم اُن کے لئے آسمان اور زمین کي برکتیں کھول دیتے - لیکن اُنھوں نے جھٹلایا اور وہ اپني کمائي کے سبب گرفتار ھو گئے - [۹۷] تو کیا بستي والے اس سے نڈر ھیں کہ اُن پر ھماري سختي راتوں کو آ پھنچے جب وہ سوتے ھوں ؟ [۹۸] یا بستي والے نڈر ھیں کہ اُن پر ھماري سختي دن دوپھر آ پھنچے جب وہ کھیلتے ھوں ؟ [۹۹] تو کیا یہہ لوگ خدا کے پیچ سے نڈر ھو گئے ؟ مگر خدا کے پیچ سے تو سوا خسارہ اُٹھانے والوں کے اور کوئي نڈر نھیں ھوتا -

[۱۰۰] جو لوگ دنیا میں اگلوں کے بعد اُس کے وارث
هوئے هیں کیا یهہ بات اُن کو نهیں بتاتي که اگر هم چاهیں
تو اُن کے گناهوں کے سبب اُن پر مصیبت ڈالیں اور اُن کے
دلوں پر مهر کر دیں اور وہ نه سن سکیں ؟ [۱۰۱] یهہ
بستیاں تهیں جن کے کچهہ قصے هم نے تجهسے بیان کئے -
اور اُن کے رسول اُن کے پاس بین دلیلیں لیکر آئے - مگر یهہ
لوگ جس چیز کو پہلے جهٹلا چکے تهے اُس پر بهر ایمان هي
نهیں لائے - اِسي طرح خدا کافروں کے دلوں پر مهر کر دیتا هے -
[۱۰۲] اور هم نے اُن میں سے اکثروں کو وفادار هي نه پایا بلکه
هم نے تو اُن میں سے اکثروں کو فاسق هي پایا - [۱۰۳] پهر
اُن کے بعد هم نے موسیٰ کو اپني آیتیں دیکر فرعون اور اُس کے
سرداروں کي طرف بهیجا - مگر اُنهوں نے اُن پر ظلم کیا - تو
دیکهہ فساد کرنے والوں کا انجام کیسا هوا - [۱۰۴] اور موسیٰ
نے کہا اے فرعون میں پروردگار عالم کي طرف سے رسول هوں -
[۱۰۵] میں اِس بات پر ثابت هوں که خدا پر سوا سچ کے
اور کچهہ نه کهوں - میں تمهارے پاس تمهارے پروردگار کي
طرف سے بین دلیلیں لیکر آیا هوں - بس بني اِسرائیل کو
میرے ساتهہ جانے دے - [۱۰۶] بولا اگر تو کوئي آیت لیکر
آیا هے اور سچ کهتا هے تو اُسے لا - [۱۰۷] پهر اُس نے اپني عصا
ڈال دي تو اُسي وقت وہ صاف ایک اژدها تها - [۱۰۸] اور اپنا
هاتهہ نکالا تو اُسي وقت وہ دیکهنے والوں کو سفید معلوم هوا -
[۱۰۹] فرعون کے لوگوں میں جو سردار تهے وہ کهنے لگے
که یهہ بڑا هوشیار جادو گر هے - [۱۱۰] چاهتا هے که تم کو
تمهارے ملک سے نکال دے - تو تم کیا کرنے کو کهتے هو -
[۱۱۱] اُنهوں نے کہا اُس کو اور اُس کے بهائي کو مهلت دے -

اور شہروں میں اِکتھا کرنے والے بھیج [۱۱۲] کہ وہ تمام
هوشیار جادوگروں کو تیرے پاس لے آئیں - [۱۱۳] اور جادوگر
فرعون کے پاس آئے اور کہنے لگے کہ اگر هم غالب آئیں تو
هم کو ضرور کچھہ اِنعام ملے - [۱۱۴] تو بولا هاں - اور تم
ضرور مقرب لوگوں میں هوگے - [۱۱۵] اُنهوں نے کہا اے موسیٰ
یا تو تم هي (اپنا عصا) ڈالو یا هم هي ڈالیں - [۱۱۶] بولا
تم هي ڈالو - تو جب اُنهوں نے (اپنا اپنا عصا) ڈالا تو لوگوں
کي آنکھوں پر جادو کر دیا اور اُن کو ڈرایا اور بڑا جادو کیا -
[۱۱۷] اور هم نے موسیٰ کي طرف وحي بھیجي کہ تو اپنا
عصا ڈال دے - اُسي وقت وہ نگلنے لگا جو کچھہ اُنهوں نے
جھوٹ بنایا تھا - [۱۱۸] پس سچ رہ گیا اور جو کچھہ
اُنهوں نے کیا تھا وہ سب باطل هوا - [۱۱۹] پس وهیں پر
وہ لوگ مغلوب اور اُلٹے ذلیل هوئے - [۱۲۰] اور جادوگروں کو
سجدے میں گرنا پڑا - [۱۲۱] بولے کہ هم پروردگار عالم پر
ایمان لائے [۱۲۲] جو موسیٰ اور هارون کا پروردگار هے -
[۱۲۳] فرعون نے کہا کیا تم اُس پر ایمان لائے قبل اِس کے
کہ میں تم کو اِجازت دوں - بے شك یہہ مکر هے جو
تم نے اِس شہر میں کیا تا کہ اُس کے لوگوں کو اُس سے نکال
دو - تو ابھي معلوم هوگا - [۱۲۴] میں ضرور تمھارے هاتھہ
اور تمھارے پاؤں اُلٹے سیدھے کاٹونگا - پھر تم سب کو سولي
دونگا - [۱۲۵] اُنهوں نے کہا کہ هم تو اپنے پروردگار کي طرف
لوٹ هي جانے والے هیں - [۱۲۶] اور تو هم سے بیر تو محض
اِس لئے کرتا هے کہ هم نے اپنے پروردگار کي آیتوں پر ایمان لایا
جب کہ وہ همارے پاس آئیں - اے همارے پروردگار هم پر صبر
ڈهال دے - اور هم کو مسلمان هي رہ کر مرنے دے -

[۱۲۷] اور قوم فرعون کے سرداروں نے کہا کیا تو موسیٰ اور اُس کی قوم کو چھوڑ دیگا کہ وہ ملک میں فساد کریں اور وہ تجکو اور تیرے معبود کو چھوڑ دے ؟ وہ بولا ہم ابھی اُن کے لڑکوں کو قتل کرینگے اور اُن کی عورتوں کو جیتا رہنے دینگے - اور ہم تو اُن پر غالب ہیں ہی - [۱۲۸] موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا کہ خدا سے مدد چاہو اور صبر کرو - ملک تو خدا ہی کا ہے - اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتا ہے اُس کا وارث کرتا ہے - اور عاقبت تو پرہیزگاروں ہی کے لئے ہے - [۱۲۹] اُنھوں نے کہا کہ تیرے ہمارے پاس آنے سے پہلے اور تیرے ہمارے پاس آنے کے بعد ہم کو تو ایذا ہی ملتی رہی - (موسیٰ نے) کہا شاید تمھارا پروردگار اب تمھارے دشمنوں کو ہلاک کرے - اور تم کو ملک میں اُن کا جانشین بنائے - پھر دیکھے کہ تم کیسے کام کرتے ہو -

[۱۳۰] اور ہم نے تو فرعون کے لوگوں کو قحط سالی اور میووں کی کمی میں گرفتار کیا - شاید وہ غور کریں - [۱۳۱] اور جب اُن کی کچھہ بھلائی ہوتی تو کہتے کہ یہہ تو ہمارا ہی ہے - اور اگر اُن پر بُرائی آ پڑتی تو موسیٰ اور جو کوئی اُس کے ساتھہ تھے اُن کی نحوست بتاتے - کیا اُن کی نحوست خدا کی طرف سے نہ تھی ؟ لیکن اکثر اُن میں علم نہیں رکھتے - [۱۳۲] اور اُنھوں نے کہا کہ تو کوئی سی بھی آیت ہمارے پاس لائے کہ اُس سے ہم پر جادو کرے تو بھی ہم تو تجپر ایمان نہیں لانے کے - [۱۳۳] پس ہم نے اُن پر طوفان بھیجا اور ٹڈیاں اور جوئیں اور مینڈک اور لہو کہ یہہ سب مفصل نشانیاں تھیں - مگر اُنھوں نے تکبر کیا اور وہ تو مجرم قوم ہی تھی - [۱۳۴] اور جب اُن پر عذاب آ پڑا تو کہنے

لگے کہ اے موسی ہمارے لئے اپنے پروردگار سے دعا کر بسبب اس عہد کے جو اُس نے تجھسے کیا ہے - اگر تو ہم سے اِس عذاب کو دور کر دیگا تو ہم ضرور تجھپر ایمان لائینگے اور تیرے ساتھہ بني اِسرائیل کو بھي جانے دینگے - [۱۳۵] پھر جب ہم نے ایك مدت کے لئے جس تك اُن کو پہنچنا تھا اُن سے عذاب دور کیا بس اُنھوں نے عہد توڑ ڈالا - [۱۳۶] تو ہم نے اُن سے اِنتقام لیا اور اُن کو دریا میں غرق کر دیا اِس لئے کہ وہ ہماري آیتوں کو جھٹلاتے اور اُن کي پروا نہ کي - [۱۳۷] اور ہم نے اُس قوم کو جو کمزور ہو رہي تھي اس ملك کے پورب اور پچھم کا جس میں ہم نے برکت دي تھي وارث کیا - اور تیرے پروردگار کا قول نیك بني اِسرائیل پر پورا ہوا اِس لئے کہ اُنھوں نے صبر کیا - اور ہم نے برباد کر دیا جو کچھہ فرعون اور اُس کي قوم نے بنایا اور جو کچھہ عمارتیں اُنھوں نے اُٹھائیں - [۱۳۸] اور ہم نے بني اِسرائیل کو دریا پار اُتارا - اور وہ ایسي قوم کي طرف سے گزرے جو اپنے بتوں کے اِعتکاف میں بیٹھے تھے - بولے اے موسی ہمارے لئے بھي معبود بنا دے جیسے اُن کے معبود ہیں کہا تم واقعي ایك جاہل قوم ہو - [۱۳۹] یہہ لوگ جس میں ہیں وہ تباہ ہونے والا ہے اور وہ جو کچھہ کرتے ہیں وہ سب باطل ہے - [۱۴۰] کہا کیا میں تمھارے لئے خدا کے سوا کوئي اور معبود ڈھونڈوں حالانکہ اُسي نے تمھیں تمام دنیا جہان پر فضیلت دي ہے ؟ [۱۴۱] اور جب ہم نے تم کو فرعون کے لوگوں سے بچایا کہ وہ تم کو بُرا عذاب پہنچاتے تھے - تمھارے لڑکوں کو قتل کر ڈالتے اور تمھاري عورتوں کو جینے دیتے - اور اِس میں تمھارے پروردگار کي طرف سے بڑي آزمایش تھي -

[١٤٢] اور هم نے موسی سے تیس رات کا وعدہ کیا - اور
هم نے دس سے اُس کو پورا کر دیا - پس اُس کے پروردگار کا وعدہ
چالیس رات کا پورا هو گیا - اور موسی نے اپنے بھائي هارون سے
کہا کہ تو میري قوم میں میرا جانشین هو - اور اُن میں اِصلاح کر
اور مفسدوں کے طریق کي پیروي نہ کر - [١٤٣] اور جب موسی
همارے مقرر کئے هوئے وقت پر آیا اور اُس کے پروردگار نے اُس سے
کلام کیا - اُس نے کہا اے میرے پروردگار مجھکو دکھا دے کہ میں
تجھکو دیکھوں - فرمایا تو هرگز مجھکو نہیں دیکھہ سکیگا -
لیکن پہاڑ کي طرف دیکھہ اور اگر یہہ اپني جگہ پر قائم رها تو
هم کو دیکھہ سکیگا - تو جب اُس کا پروردگار اُس پہاڑ پر جلوہ
افروز هوا تو اُس نے اُس کو چور چور کر دیا - اور موسی بےهوش
گر پڑا - پھر جب هوش میں آیا تو کہا پاك هے تو - میں
تیري طرف توبہ کرتا هوں - اور میں پہلا اِیمان لانے والا
هوں - [١٤٤] فرمایا اے موسی میں نے تجھکو اپني رسالت
اور اپني هم کلامي سے لوگوں پر برگزیدہ کیا - بس لے جو میں
تجھکو دیتا هوں اور شکر کرنے والوں میں هو جا - [١٤٥] اور
هم نے لوح پر اُس کے لئے هر طرح کي نصیحت اور هر چیز کي
تفصیل لکھہ دي - اُس کو مضبوطي سے پکڑا رہ اور اپني قوم
کو حکم دے کہ اُس کي اچھي باتوں کو اختیار کرے - میں
عنقریب تم کو فاسقوں کا ٹھکانا دکھلاؤنگا - [١٤٦] البتہ جو
لوگ ناحق بھي دُنیا میں تکبر کرتے هیں میں اُن کو اپني
آیتوں سے پھیر دونگا - اور اگر یہہ ساري نشانیاں بھي دیکھیں
تو بھي اُن پر ایمان نہیں لانے کے - اور اگر ٹھیك راہ بھي
دیکھیں تو بھي اس راہ کو نہیں اختیار کرنے کے - اور اگر وہ
گمراهي کي راہ دیکھیں تو اُسي راہ کو اختیار کر لیں - یہہ

اس لئے ھے کہ انھوں نے ھماري آيتوں کو جھٹلایا اور اُن سے
بے پروائي کي - [۱۴۷] اور جن لوگوں نے ھماري آيتوں کو
اور آخرت کي ملاقات کو جھٹلایا اُن کے کام برباد ھوئے - وہ
اپنے کیئے ھي کي جزا پائینگے -

[۱۴۸] اور موسیٰ کي قوم نے اُس کے جانے کے بعد اپنے زیور
سے ایک بچھڑا بنا لیا - وہ ایک جسم تھا جس کي آواز بھي
تھي - کیا اُنھوں نے یہہ نہ دیکھا کہ وہ اُن سے بات تک نہیں
کر سکتا اور نہ اُن کو راہ رکھا سکتا ھے ؟ اُنھوں نے اُس کو
اختیار کر لیا اور (اپنے آپ پر) ظلم کیا - [۱۴۹] اور جب اپنے
کئے پر نادم ھوئے اور دیکھا کہ وہ گمراہ ھو گئے تو اُنھوں نے
کہا کہ اگر ھمارا پروردگار ھم پر رحم نہ کرے اور ھم کو نہ
بخشے تو ھم ضرور خسارہ اُٹھانے والوں میں ھو جائینگے -
[۱۵۰] اور جب موسیٰ اپني قوم کي طرف غصہ اور افسوس کے
ساتھہ پھر آیا تو اُس نے کہا کہ تم نے میرے بعد میري بُري
جانشیني کي - کیا تم نے اپنے پروردگار کے حکم کو چھوڑ کر جلدي
کي ؟ اور اُس نے لوحوں کو پھینك دیا اور اپنے بھائي کے سر کو
پکڑ کر اپني طرف کھینچا - اُس نے کہا اے میري ماں کے
بیٹے - لوگوں نے مجھکو بے بس کر دیا اور قریب تھا کہ وہ
مجھکو مار ڈالیں - بس تو دشمنوں کو ھم پر نہ ھنسا - اور
مجھکو ظالم لوگوں میں شامل نہ کر - [۱۵۱] (موسیٰ نے) کہا
اے میرے پروردگار مجھکو اور میرے بھائي کو بخش دے اور
ھم کو اپني رحمت میں داخل کر - اور تو رحم کرنے والوں میں
سب سے بڑھہ کر ھے -

[۱۵۲] جن لوگوں نے بچھڑا بنا لیا ان کو ان کے
پروردگار کي طرف سے غضب پہنچیگا اور دنیا کي زندگي میں

ذلت - اور مفتریوں کو ہم اسي طرح سزا دیتے هیں -
[۱۵۳] اور جن لوگوں نے برے کام کئے پھر اُس کے بعد توبہ کي
اور ایمان لائے تو بے شك اسکے بعد تیرا پروردگار بخشنے والا
اور رحم کرنے والا هے - [۱۵۴] اور جب موسیٰ کا غصه دهیما هوا
تو اُنهوں نے لوحوں کو اُٹھا لیا اور اُن کے لکھے میں اُن لوگوں
کے لئے جو اپنے پروردگار سے ڈرتے تھے هدایت اور رحمت تھي -
[۱۵۵] اور موسیٰ نے همارے وعدے کے لئے اپني قوم میں سے ستر
آدمي چن لئے - پھر جب اُن کو زلزلے نے آلیا تو (موسیٰ نے) کہا
اے میرے پروردگار اگر تو چاهتا تو اُن کو اور مجکو اس سے
پہلے هي هلاك کر ڈالتا - کیا تو هم کو همارے بےوقوف لوگوں
کے کئے کے سبب هلاك کریگا ؟ یہہ تو بس تیري آزمایش تھي - اس
سے تو جس کو چاهے گمراہ کرے اور جس کو چاهے هدایت کرے -
توهي همارا کار ساز هے - پس هم کو بخش دے اور هم پر رحم
کر - اور توهي سب سے بڑهہ کر بخشنے والا هے - [۱۵۶] اور
اس دنیا میں اور آخرت میں همارے لئے نیکي لکھہ - هم تو
تیري هي طرف رجوع هیں - فرمایا میں جس پر چاهوں اپنا
عذاب ڈالوں اور میري رحمت تو کل چیزوں پر حاوي هے -
پس میں البتہ اسے ان لوگوں کے لئے لکھونگا جو (بُرے
کاموں سے) بچتے اور زکوۃ دیتے اور جو هماري آیتوں پر ایمان
رکھتے هیں - [۱۵۷] جو لوگ رسول نبي اُمي کي پیروي کرتے
هیں جس کو وہ اپنے هاں تورات اور اِنجیل میں لکھا هوا پاتے
هیں - وہ اُن کو اچھے کام کرنے کو کہتا اور بُرے کاموں سے اُن کو
منع کرتا هے اور اچھي چیزیں اُن کے لئے حلال اور خراب چیزیں
اُن پر حرام کرتا هے اور اُن کے بوجھہ اور اُن کے طوق جو اُن پر
پڑے تھے اُن کو اُن پر سے اُتارتا هے - تو جو لوگ اس پر ایمان

لائے اور اُس کي تائید کي اور اُس کي مدد کي اور اُس نور کي پیروي کي جو اُس کے ساتھہ اُتارا گیا ھے - یہي لوگ ھیں جو فلاح پائینگے -

[۱۵۸] تو کہہ اے لوگو میں تم سب کي طرف اُس خدا کا رسول ھوں کہ آسمان اور زمین کي سلطنت اُسي کي ھے - اس کے سوا کوئي معبود نہیں - وہ جلاتا ھے اور مارتا ھے - بس خدا اور اس کے رسول نبي اُمي پر ایمان لاؤ کہ وہ خدا اور اس کي باتوں پر ایمان رکھتا ھے - اور اُسي کي پیروی کرو تا کہ تم ھدایت پاؤ - [۱۵۹] اور موسیٰ کي قوم میں بھي کچھہ لوگ ھیں کہ حق بات کي ھدایت کرتے اور خود بھي عدل کرتے ھیں - [۱۶۰] اور ھم نے اُن کو بارہ قبیلے کر دئے - اور جب اُس کي قوم نے اُس سے پاني مانگا تو ھم نے موسیٰ کي طرف وحي کي کہ اپنے عصا سے پتھر پر مار - بس اُس میں سے بارہ چشمے پھوٹ نکلے - اور ھر شخص نے اپنا گھاٹ جان لیا - اور ھم نے اُن پر بادلوں کا سایہ کیا اور اُن پر من اور سلویٰ اُتارا - (اور کہا) کہ ھم نے تم کو جو اچھي چیزیں دی ھیں وہ کھاؤ - اور اُنھوں نے تو ھم پر ظلم نہیں کیا بلکہ وہ اپنے آپ پر ظلم کرتے رھے - [۱۶۱] اور جب اُن سے کہا گیا کہ اس بستي میں رھو اور اس میں جہاں سے چاھو کھاؤ - اور حطّۃ کہو اور سجدہ کرتے ھوئے دروازے میں داخل ھو - ھم تمھاري خطائیں بخش دینگے - اور اچھے کام کرنے والوں کو ھم اور بھي زیادہ دینگے - [۱۶۲] مگر اُن میں ظالموں نے بتائي ھوئي بات کو دوسري بات سے بدل دیا - تو ھم نے اُن پر آسمان سے عذاب بھیجا - اِس لئے کہ اُنھوں نے ظلم کیا -

[۱۶۳] اور اُن سے اس بستي کے بارے میں پوچھ جو دریا
کنارے تھي - جب وہ سبت میں زیادتي کرنے لگے کہ جب اُن کے
سبت کا دن هوتا اُن کي مچھلیاں اُن کے پاس علانیہ آتیں
اور جس دن وہ سبت نہ کرتے اُن کے پاس نہ آتیں - هم نے اسي
طرح اُن کي آزمایش کي بسبب اِس کے کہ وہ فسق کرتے تھے -
[۱۶۴] اور جب اُن میں سے ایک جماعت نے کہا کہ تم کیوں
اس قوم کو نصیحت کرتے هو جن کو خدا هلاك کرنے والا هے
یا جن پر وہ سخت عذاب کرنے والا هے ؟ اُنھوں نے کہا کہ
تمھارے پروردگار کے هاں حجت تمام کرنے کے لئے اور شاید وہ
(برے کاموں سے) بچیں - [۱۶۵] تو جب وہ بھول گئے
جو کچھہ اُن کو نصیحت کي گئي تھي تو جو برے کام سے
منع کرتے تھے اُن لوگوں کو هم نے بچا لیا اور جو لوگ ظلم
کرتے تھے اُن کے فسق کے سبب هم نے اُن کو سخت عذاب
میں گرفتار کیا - [۱۶۶] پھر جس چیز سے اُن کو منع کیا گیا
تھا جب اُنھوں نے اُس سے سرکشي کي تو هم نے اُن سے کہا کہ
ذلیل بندر بن جاؤ - [۱۶۷] اور جب تیرے پروردگار نے پکار
دیا کہ وہ ضرور اُن پر روز قیامت تك ایسے لوگ کھڑا کر رکھیگا
جو اُن کو بري تکلیفیں پہنچائینگے - بے شك تیرا پروردگار
عذاب بھي جلد دیتا هے اور بے شك وہ بخشنے والا رحم
والا بھي هے - [۱۶۸] اور هم نے اُن کو ملك میں متفرق گروہ
کر دئے - ان میں کچھہ تو نیك هیں اور کچھہ دوسري طرح
کے - اور هم نے اُن کو بھلائي اور برائي دونوں سے آزمایا -
شاید وہ رجوع هوں - [۱۶۹] پھر اُن کے بعد ایسے ناخلف
جانشین هوئے کہ کتاب کے وارث هونے کو تو هوئے مگر اِس ناچیز
دنیا کي عارضي چیزیں اختیار کرتے هیں اور کہتے هیں کہ یہہ

تو ہمارا معاف ہو جائیگا - اور اگر اسي کي مانند کوئي عارضي
چیز اُن کے پاس آئے تو اسے بھي اختیار کرتے ہیں - کیا اُن سے
وہ عہد جو کتاب میں ہے لیا نہیں گیا کہ وہ خدا پر سچ کے
سوا کچھہ نہ کہینگے ؟ اور جو کچھہ اس میں ہے اُنھوں نے اُسے
اچھي طرح پڑھہ لیا ہے - اور آخرت کا ٹھکانا تو پرہیزگاروں
کے لئے زیادہ اچھا ہوگا - کیا پھر بھي تم کو عقل نہیں ؟
[۱۷۰] اور جو لوگ کتاب کو پکڑے ہوئے ہیں اور نماز پر قائم
رہتے ہیں - ہم نیک کام کرنے والوں کا اجر ہرگز ضائع نہیں
کرینگے - [۱۷۱] اور جب ہم نے اُن پر پہاڑ کو بلند کیا گویا
کہ وہ سائبان تھا اور اُنھوں نے جانا کہ یہہ اُن پر آ پڑا -
(ہم نے کہا) کہ جو ہم نے تم کو دي ہے اسے مضبوطي سے پکڑے
رہو اور جو کچھہ اس میں ہے اُس کو یاد رکھو تا کہ تم (برے
کاموں سے) بچو -

[۱۷۲] اور جب تیرے پروردگار نے بني آدم کي پیٹھوں سے اُن
کي اولادوں کو نکالا اور اُن پر خود انھیں کو گواہ بنایا - (اُن سے
پوچھا) کیا میں تمھارا پروردگار نہیں ؟ اُنھوں نے کہا ہاں -
ہم گواہي دیتے ہیں - (یہہ اِس لئے) کہ تم قیامت کے دن نہ
کہو کہ ہم تو یہہ نہیں جانتے تھے - [۱۷۳] یا یہہ کہو کہ
ہمارے باپ دادوں ہي نے تو پہلے شرک کیا اور اُن کے بعد ہم
اُن کي اولاد ہوئے - تو کیا تُو ہم کو اُن لوگوں کے کئے کے سبب
ہلاک کریگا جو (ہم سے پہلے) باطل خیالوں میں تھے ؟
[۱۷۴] اور اِسي طرح ہم آیتوں کو مفصل بیان کرتے ہیں تا کہ
وہ رجوع ہوں - [۱۷۵] اور اُن لوگوں کو اس شخص کا قصہ
پڑھہ کر سنا دے جس کو ہم نے اپني آیتیں دي تھیں پھر وہ
اُن سے نکل گیا تو شیطان اُس کے پیچھے لگا اور وہ گمراہوں میں

هو گیا - [۱۷۶] اور اگر هم چاهتے تو ان هي سے اُس کے درجے بلند کرتے - لیکن وہ زمین کي طرف جھك گیا اور اپني خواهشوں کي پیروي کي - تو اُس کي مثال کتے کي سي مثال هو گئي که اگر تو اُس پر بوجھ رکھے تو زبان لٹکائے اور اگر اُس کو چھوڑ دے تو بھي زبان لٹکائے رهے - یهه مثال اُن لوگوں کي هے جنهوں نے هماري آیتوں کو جھٹلایا - تو بیان کر دے یهه قصه تا کہ وہ غور کریں - [۱۷۷] بري هے مثال اُس قوم کي جس نے هماري آیتوں کو جھٹلایا اور اپنے آپ پر ظلم کیا - [۱۷۸] جس کو خدا نے هدایت کي وهي هدایت پانے والا هے - اور جس کو وہ گمراہ کرے وهي خسارہ اُٹھانے والے هیں - [۱۷۹] اور هم نے بهتیرے جن اور اِنسان جهنم هي کے لئے پیدا کئے - اُن کے دل هیں که اُن سے وہ نهیں سمجھتے اور اُن کي آنکھہ هیں که اُن سے وہ نهیں دیکھتے اور اُن کے کان هیں که اُن سے نهیں سنتے - یهي لوگ مویشیوں کي طرح هیں - بلکه یهه زیادہ بھٹکے هوئے هیں - یهي لوگ هیں که بے پروا هیں - [۱۸۰] اور خدا کے اچھے اچھے نام هیں اُن هي نام سے اُس کو پکارو - اور چھوڑ دو اُن لوگوں کو جو اُس کے ناموں میں کج راهي کرتے هیں - وہ البته اپنے کئے کي جزا دئے جائینگے - [۱۸۱] اور اُن لوگوں میں جن کو هم نے بنایا هے کچھہ لوگ هیں که وہ حق بات کي هدایت کرتے اور اُسي کے مطابق عدل کرتے هیں -

[۱۸۲] اور جن لوگوں نے هماري آیتوں کو جھٹلایا هم اُنهیں بتدریج اِس طرح لے جائینگے که وہ نهیں جانینگے - [۱۸۳] اور میں اُن کو مهلت دونگا - بے شك میرا داؤ پکا هے - [۱۸۴] کیا اُن لوگوں نے غور نهیں کیا که اُن کے ساتھي کو تو کوئي جنون نهیں هے وہ تو بس صاف ڈرانے والا هے -

[۱۸۵] کیا اُن لوگوں نے آسمان اور زمین کي بادشاهت اور
جو کچھہ خدا نے پیدا کیا هے ان پر کچھہ بھي نظر نہیں
کي ؟ اور نہ اس پر کہ شاید اُن کي اجل قریب آ گئي هو ؟ پھر
اور کون سي بات هے جس پر وہ ایمان لائینگے ؟ [۱۸۶] جس کو
خدا گمراہ کرے تو پھر کوئي اُس کو هدایت کرنے والا نہیں -
اور اُس نے اُن کو اُن کي سرکشي میں بھکتے هوئے چھوڑ رکھا
هے - [۱۸۷] وہ تجھسے اُس گھڑي کے بارے میں پوچھتے هیں
کہ اُس کا مقرر وقت کب هے ؟ تو کہہ اس کا علم تو بس میرے
پروردگار کو هے - بس وهي اُس کو اُس کے وقت پر ظاهر کریگا -
یہہ آسمان اور زمین میں ایك بھاري حادثہ هوگا - یہہ تو
بس یکایك آ پہنچیگا - یہہ لوگ تجھسے پوچھتے هیں کہ
گویا تو اس کا جاننے والا هے - تو کہہ کہ اس کا علم تو
خدا هي کو هے - لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے - [۱۸۸] تو
کہہ کہ میرے اپنے نفع اور نقصان کا مالك بھي میں نہیں مگر
جو خدا چاهے - اور اگر میں غیب کي بات جانتا تو میں نے
کثرت سے بھلائي حاصل کي هوتي اور مجکو بُرائي چھو بھي
نہ جاتي - میں تو بس ایمان لانے والوں کو ڈرانے والا اور خوش
خبري دینے والا هوں -

[۱۸۹] وهي هے جس نے تم کو ایك جان سے پیدا کیا اور
اُسي سے اُس کا جوڑا بنایا تاکہ وہ اُس سے آرام پائے - تو جب
اُس نے اُس کو ڈھانکا تو وہ ایك خفیف سا بوجھہ اُٹھائي -
پھر وہ اُس کو لیکر چلي - پھر جب بوجھل هو گئي تو
دونوں مل کر خدا سے کہ وہ اُن کا پروردگار هے دعا کرنے لگے کہ
اگر تو هم کو صحیح و سالم بچہ دیگا تو هم ضرور شکر گزار
هونگے - [۱۹۰] مگر جب اُس نے اُن کو صحیح و سالم

بچه ديا تو دونوں نے اُس دئے هوئے ميں اُس کے لئے شريك
ٹهہرايا - مگر خدا اُن کے شرك سے بالاتر هے - [۱۹۱] کيا وہ
ايسے کو شريك ٹهہراتے هيں جو کچهه بهي نهيں بنا سکتے
بلکه خود (اُسي کے) بنائے هوئے هيں ؟ [۱۹۲] اور نه اُن کي
مدد کر سکتے اور نه آپ اپني هي مدد کر سکتے هيں -
[۱۹۳] اور اگر تم اُن کو هدايت کي طرف بلاؤ تو تمهاري پيروي
بهي نه کر سکيں - تمهارے لئے برابر هے که تم اُن کي دعوت
کرو يا چپکے رهو - [۱۹۴] خدا کے سوا تم جن کو پکارتے هو
وہ بهي تم جيسے بندے هيں - تم اُن کو پکارو اور اگر تم
سچے هو تو وہ تم کو جواب ديں - [۱۹۵] کيا اُن کے پاؤں
هيں جن سے وہ چلتے هيں ؟ کيا اُن کے هاتهه هيں جن سے
وہ پکڑتے هيں ؟ کيا اُن کي آنکهيں هيں جن سے وہ ديکهتے
هيں ؟ کيا اُن کے کان هيں جن سے وہ سنتے هيں ؟ تو کہه
که اپنے (ٹهہرائے هوئے خدا کے) شريکوں کو پکارو - پهر
مجهسے مکر کرو اور مجهکو مہلت نه دو - [۱۹۶] خدا جس نے
کتاب نازل کي هے وهي ميرا حامي هے اور وهي نيك لوگوں کا
حامي هے - [۱۹۷] اور اُس کے سوا جن کو تم پکارتے هو وہ
تمهاري مدد نهيں کر سکتے اور نه آپ اپني مدد کر سکتے
هيں - [۱۹۸] اور اگر تم اُن کو هدايت کي طرف بلاؤ تو وہ
نه سنينگے - اور تو ديکهتا هے که وہ تيري طرف ديکهه رهے هيں
مگر وہ نهيں ديکهتے - [۱۹۹] عفو اختيار کر - اور اچهي بات
کرنے کو کہه اور جاهلوں سے منهه پهير لے - [۲۰۰] اور اگر
شيطان کي طرف سے تجهکو کوئي وسوسه هو تو خدا سے پناہ
مانگ - بے شك وہ سننے والا اور جاننے والا هے - [۲۰۱] جو لوگ
(برے کاموں سے) بچتے هيں جب شيطان کي طرف سے کوئي

وسوسه اُن کو چھو بھي جاتا ھے تو وہ غور کرتے ھيں پھر تو
بس وہ (حقيقت کو) ديکھہ ھي ليتے ھيں - [۲۰۲] اور اُن کے
بھائي بند اُن کو گمراھي کي طرف کھينچتے ھيں - پھر
نہيں تھمتے - [۲۰۳] اور جب تو اُن کے پاس کوئي آيت نہيں
لاتا تو وہ کہتے ھيں کہ تونے اُس کو بھي کيوں نہيں گڑھہ
ليا ؟ تو کہہ کہ ميں تو بس اُسي چيز کي پيروي کرتا ھوں جو
ميرے پروردگار کي طرف سے مجھپر وحي کي گئي ھے - يہہ
تمھارے پروردگار کي طرف سے دليليں ھيں اور ايمان والوں کے
لئے ھدايت اور رحمت - [۲۰۴] اور جب قرآن پڑھکر سنايا
جائے تو اُس کو سنو اور چپکے رھو - شايد تم پر رحم کيا
جائے - [۲۰۵] اور اپنے پروردگار کو اپنے دل ميں عاجزي اور ڈر
کے ساتھہ اور بغير آواز بلند کئے صبح و شام ياد کر - اور غافل
نہ بن - [۲۰۶] جو تيرے پروردگار کے نزديک ھيں وہ اُس کي
عبادت سے تکبر نہيں کرتے بلکہ اُسي کي تسبيح اور اُسي کو
سجدہ کرتے ھيں -

سورۂ انفال

مدني - ۷۵ آيتيں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحيم ھے

[۱] وہ تجھسے مال غنيمت کے بارے ميں پوچھتے ھيں -
تو کہہ کہ مال غنيمت خدا اور رسول کا ھے - بس خدا سے
ڈرو اور آپس کے معاملے ٹھيک رکھو - اور اگر تم ايمان والے ھو
تو خدا اور اُس کے رسول کي اِطاعت کرو - [۲] ايمان والے تو
بس وھي ھيں کہ جب خدا ياد آئے تو اُن کے دل دھل جاتے

هیں اور جب اُس کي آیتیں اُن کو پڑھہ کر سنائي جاتي هیں
تو وہ اُن کے ایمان کو زیادہ کر دیتي هیں اور وہ اپنے پروردگار
پر توکل کئے رهتے هیں - [۳] جو نماز پر قائم رهتے اور هم نے
جو اُن کو رزق دیا هے اُس میں سے خرچ کرتے هیں - [۴] یهي
سچے ایمان والے هیں - اُن کے لئے اُن کے پروردگار کے هاں درجے
هیں اور مغفرت اور عزت کا رزق - [۵] جیسے تیرے پروردگار نے
(اپني) مشیئت سے تجکو تیرے گھر سے نکالا اور مسلمانوں کا
ایک گروہ اُسے ناپسند کرتا تھا - [۶] وہ لوگ حق بات میں
اُس کے ظاهر هونے کے بعد تجسے جھگڑنے لگے گویا کہ وہ موت
کي طرف هانکے جاتے تھے اور وہ اُسے دیکھتے تھے - [۷] اور
جب خدا تمھیں دو جماعتوں میں سے ایک کا وعدہ کرتا تھا
کہ وہ تم کو ملیگي اور تم چاهتے تھے کہ جماعت بے شوکت تم کو
ملے - مگر خدا نے اِرادہ کیا کہ اپني باتوں سے حق کو حق
کرے اور کافروں کي جڑ کاٹ ڈالے [۸] تا کہ حق کو حق
کرے اور باطل کو باطل اگرچہ مجرموں کو بُرا هي لگے -
[۹] جب تم اپنے پروردگار سے فریاد کرتے تھے اور اُس نے تمھاري
دعا قبول کي کہ میںؐ تم کو لگاتار هزار فرشتوں سے مدد دونگا -
[۱۰] اور خدا نے تو بس یهہ خوش خبري دي تھي تا کہ تمھارے
دلوں کو اس سے اطمینان هو جائے - ورنہ مدد تو بس خدا هي
کي طرف سے تھا - بے شک خدا زبردست حکمت والا هے -
[۱۱] جب وہ اپني طرف سے امن کے لئے تم پر اُونگھہ ڈال
رها تھا اور آسمان سے تم پر پاني برسا رها تھا تا کہ تم کو اُس
سے پاک کرے اور شیطاني پلیدي کو تم سے دور کرے اور تا کہ
تمھارے دلوں کو مضبوط کرے اور اُس سے تمھیں ثابت قدم
رکھے - [۱۲] جب تیرا پروردگار فرشتوں پر وحي کر رها تھا کہ

میں تمھارے ساتھہ ھوں - پس تم ایمان والوں کو ثابت قدم رکھو - جو لوگ کفر کرتے ھیں ھم عنقریب اُن کے دلوں میں رعب ڈالینگے - پس اُن کي گردنیں مارو اور اُن کے پور پور کاٹ ڈالو - [۱۳] یہہ اِس لئے کہ اُنھوں نے خدا اور اُس کے رسول کي مخالفت کي - اور جو کوئي خدا اور اُس کے رسول کي مخالفت کرے تو خدا سخت سزا دینے والا ھے - [۱۴] "یہي ھے - تو بس اُس کا مزہ چکھو" - اور کافروں کے لئے تو جہنم کي آگ کا عذاب ھے - [۱۵] مومنو - جب تم لشکر باندھہ کر کافروں سے ملو تو اُن سے پیٹھہ نہ پھیرو - [۱۶] اور جو کوئي اُس دن اُن سے اپني بیٹھہ پھیر دے سوا اِس کے کہ لڑائي میں حرفت کرتا ھو یا کسي جماعت سے جا ملے تو وہ خدا کے غضب میں پڑ گیا اور اُس کا ٹھکانا جہنم ھے - اور جانے کي وہ بُري جگہ ھے - [۱۷] اور اُن کو تم نے قتل نہیں کیا بلکہ اُن کو خدا نے قتل کیا - اور جب تونے تیر چلائے تو تونے تیر نہیں چلائے بلکہ خدا نے تیر چلائے تا کہ ایمان والوں کي اپني طرف سے اچھي آزمایش کرے - بے شک خدا سننے والا اور جاننے والا ھے - [۱۸] یہہ اِس لئے کہ خدا کافروں کے داؤ پیچ کو ذلیل کرے - [۱۹] (اے کافرو) اگر تم فتح چاھتے ھو تو تمھارے پاس فتح آگئي - اور اگر تم باز رھو تو یہہ تمھارے لئے بہتر ھوگا - اور اگر تم پھر ایسا ھي کروگے تو ھم بھي پھر ویسا ھي کرینگے - اور تمھاري جماعت تمھارے کچھہ بھي کام نہ آئیگي اگرچہ بھي وہ بہت ھو - اور خدا تو ایمان والوں کا ساتھي ھے -

[۲۰] مومنو - خدا اور اُس کے رسول کي اِطاعت کرو اور سن کر بھي اُس سے پیٹھہ نہ پھیرو - [۲۱] اور ان لوگوں کي طرح

نہ بنو جو کہتے ہیں کہ ہم نے سنا حالانکہ وہ نہیں سنتے -
[۲۲] خدا کے نزدیک بدترین جاندار بہرے اور گونگے ہیں جو
عقل نہیں رکھتے - [۲۳] اور اگر خدا ان میں کوئي بھلائي
جانتا تو ان کو ضرور سننے والا بناتا - اور اگر وہ اُن کو سننےوالا
بناتا تو بھي وہ ضرور پیٹھہ پھیر کر بھاگ جاتے - [۲۴] مومنو -
خدا اور رسول کے پکارنے کا جواب دو جب وہ تم کو اُس چیز کي
طرف بلائے جو تم کو زندہ کرتي ہے - اور جان رکھو کہ خدا
آدمي اور اُس کے دل کے درمیان حائل ہے - اور یہہ بھي کہ تم
اُسي کي طرف اِکٹھے کئے جاؤگے - [۲۵] اور فتنہ انگیزي سے ڈرو
جو خاص کر تم میں سے ظالموں ہي پر نہ آ پڑیگي اور جان
رکھو کہ خدا سخت عذاب کرنے والا ہے - [۲۶] اور یاد کرو
جب تم تھوڑے تھے اور ملک میں بے بس ہو رہے تھے اور ڈرتے
تھے کہ کہیں لوگ تم کو اُچک نہ لے جائیں - پھر اُس نے تم کو
جگہہ دي اور اپني مدد سے تم کو قوت دي اور تم کو اچھي
چیزیں کھانے کو دیں تا کہ تم شکر کرو - [۲۷] مومنو - خدا
اور رسول کي خیانت نہ کرو اور نہ اپني امانتوں میں جان بوجھہ
کر خیانت کرو - [۲۸] اور جان رکھو کہ تمھارے مال اور تمھاري
اولاد بس آزمایش ہیں - اور یہہ بھي کہ خدا ہي کے ہاں بڑا
اجر ہے -

[۲۹] مومنو - اگر تم خدا سے ڈروگے تو وہ تمھارے لئے ایک
اِمتیاز قائم کر دیگا - اور تمھاري برائیاں تم سے دور کر دیگا اور
تم کو بخش دیگا - اور خدا بڑا صاحب فضل ہے - [۳۰] اور
جب کافر تجکو فریب دینا چاہتے تھے تا کہ تجکو بند کر رکھیں
یا تجکو قتل کریں یا تجکو نکال دیں - اور اُنھوں نے داؤ پیچ
کیا اور خدا نے بھي داؤ پیچ کیا - اور خدا سب داؤ پیچ

کرنے والوں سے بڑھ کر ھے - [۳۱] اور جب ھماري آیتیں اُن کو
پڑھ کر سنائي جاتي ھیں تو وہ کہتے ھیں کہ ھم نے تو سنا -
اگر ھم چاھیں تو ھم بھي ایساھي کہہ سکتے ھیں - یہہ تو
بس اگلوں کي کہانیاں ھیں - [۳۲] اور جب اُنھوں نے کہا کہ
اے خدا اگر یہي تیري طرف سے حق ھے تو ھم پر آسمان سے
پتھر برسا یا ھم پر عذاب دردناک لے آ - [۳۳] اور خدا ایسا
نہیں کہ وہ اُن کو عذاب دے جب کہ تو اُن میں ھے اور نہ
خدا ایسا ھے کہ وہ اُن کو عذاب دیگا جب کہ وہ استغفار کرتے
ھوں - [۳۴] اور کیا رھا ان میں کہ خدا اُن کو عذاب نہ دے
جب کہ وہ مسجد حرام سے لوگوں کو روکتے ھیں اور خود اُس
کے لائق نہیں - اُس کے لائق تو بس پرھیزگار لوگ ھیں - لیکن
اُن میں اکثر نہیں جانتے - [۳۵] اور مسجد حرام کے پاس
تو اُن کي نماز بس سیٹیاں دیني اور تالیاں بجاني ھے - " تو
عذاب کا مزہ چکھو اِس لئے کہ تم کفر کرتے تھے " - [۳۶] کافر
تو اپنے مال خرچ کرتے ھیں تا کہ لوگوں کو خدا کي راہ سے روکیں -
مگر یہہ لوگ مال خرچ کرینگے اور پھر یہہ اُن کے لئے موجب
حسرت ھوگا - اور یہہ پھر مغلوب بھي ھونگے - اور جو لوگ
کفر کرتے ھیں وہ جہنم میں اِکٹھے کئے جائینگے - [۳۷] تا کہ
خدا ناپاک کو پاک سے جدا کر دے - اور ناپاک کو ایک دوسرے
پر رکھے اور ان سب کا تودہ بنائے - اور ان سب کو جہنم میں
ڈال دے - یہي ھیں جو خسارہ اُٹھانے والے ھیں -

[۳۸] تو کافروں سے کہہ کہ اگر وہ باز آئیں تو جو کچھہ
ھو چکا وہ اُن کو بخش دیا جائیگا اور اگر وہ پھر ویساھي
کرینگے تو اگلوں کا نمونہ تو گزر ھي چکا ھے - [۳۹] اور اُن
سے لڑو یہاں تک کہ فتنہ انگیزي نہ رھے اور دین سارا خدا ھي

کا ھو - اور اگر وہ باز آئیں تو خدا اُنکے کاموں کا دیکھنے والا ھے - [۴۰] اور اگر وہ پھر جائیں تو جان رکھو کہ خدا تمھارا کارساز ھے - اچھا کارساز اور اچھا مددگار ھے - ¶ [۴۱] اور جان رکھو کہ جو کچھہ مال غنیمت تم کو ملے تو اُس کا پانچواں حصہ خدا کا اور رسول کا اور اُس کے قرابت والوں کا اور یتیموں کا اور غریبوں کا اور مسافروں کا ھے - اگر تم خدا پر ایمان رکھتے ھو اور اس چیز پر جو ھم نے اپنے بندے پر فیصلے کے دن نازل کي تھي جس دن کہ دو جماعتوں کا سامنا ھوا - اور خدا ھر چیز پر قادر ھے - [۴۲] جب تم ورلے کنارے پر تھے اور وہ پرلے کنارے پر اور سوار تم سے نیچے کي طرف کو - اور اگر تم آپس میں کچھہ ٹھیك کر لیتے تو ضرور وقت مقرر کے بارے میں اِختلاف کرتے - لیکن (ایسا ھوا) تاکہ خدا اُس کام کو پورا کرے جس کو اُسے کرنا تھا - تاکہ ھلاك ھونے والا مدلل طور پر ھلاك ھوجائے اور جینے والا مدلل طور پر جئے - اور بےشك خدا سننے والا اور جاننے والا ھے - [۴۳] جب خدا نے تجکو تیرے خواب میں اُن کو تھوڑے کر دکھائے - اور اگر انھیں تجکو بہت کر دکھاتا تو تم ضرور بز دلي کرتے اور اس کام کے بارے میں ضرور جھگڑتے - مگر خدا نے تم کو سلامت رکھا - بے شك وہ سینوں کي بات خوب جانتا ھے - [۴۴] اور جب تم ایك دوسرے کے سامنے ھو گئے تو اُن کو تمھاري آنکھوں میں تھوڑا کر دکھایا اور اُن کي آنکھوں میں تم کو تھوڑا کر دکھایا تاکہ خدا کو جو کام کرنا تھا اُس کو پورا کرے - اور سب کام تو خدا ھی کي طرف رجوع ھوتے ھیں -

[۴۵] مومنو - جب تم کو کسي فوج کا سامنا ھو تو ثابت قدم رھو - اور خدا کو بہت یاد کرو تاکہ تم فلاح پاؤ -

[۴۶] اور خدا، اور اُس کے رسول کی اِطاعت کرو اور جھگڑا نہ کرو - نہیں تو بزدل ہو جاؤگے اور تمھاری ہوا جاتی رهیگی - اور صبر کرو - بے شک خدا صبر کرنے والوں کا ساتھی ھے - [۴۷] اور اُن لوگوں کی مانند نہ بنو جو اپنے گھروں سے اتراکر نکلے اور لوگوں کو خدا کی راہ سے روکتے ھیں - اور اُن کے کاموں کو خدا گھیرے ھوئے ھے - [۴۸] اور جب شیطان نے اُن کے کام اُن کو اچھے کر دکھائے اور کہا کہ آج کے دن لوگوں میں تم پر غالب آنے والا کوئی نہیں - اور میں تمھارے قریب ھی ھوں - پھر جب دونوں جماعتیں آ پہنچیں تو اپنے اُلٹے پاؤں چلتا ھوا اور کہنے لگا کہ میں تم سے بری ھوں - میں دیکھتا ھوں جو تم نہیں دیکھتے - میں تو خدا سے ڈرتا ھوں - اور خدا سخت سزا دینے والا ھے -

[۴۹] جب منافق اور جن لوگوں کے دلوں میں مرض تھا کہتے تھے کہ اُن کو اُن کے دین نے فریب دیا ھے - اور جو کوئی خدا پر توکل کرے تو بے شک خدا زبردست حکمت والا ھے - [۵۰] اور کاش تو دیکھے جب کہ فرشتے کفر کرنے والوں کی روحیں قبض کرتے ھیں - وہ اُن کے منھ اور پیٹھ پر مارتے ھونگے - اور "جلنے کا مزہ چکھو - [۵۱] یہہ تمھارے اُن کاموں کے سبب ھے جو تم نے اپنے ھاتھوں پہلے سے بھیجے ھیں - اور اِس لئے کہ خدا بندوں پر ظلم نہیں کرتا" - [۵۲] جیسا حال فرعون کی قوم اور اُن لوگوں کا ھوا جو اُن سے پہلے تھے کہ اُنھوں نے خدا کی آیتوں سے کفر کیا تو خدا نے اُن کے گناھوں کے سبب اُن کو گرفتار کیا - بے شک خدا قوی اور سخت سزا دینے والا ھے - [۵۳] یہہ اِس لئے ھے کہ خدا اُس نعمت کو ھرگز نہیں بدلتا جو اُس نے کسی قوم پر کی ھے یہاں تک کہ وہ خود اُس چیز

کو بدل ڈالیں جو اُن کي ذات میں ھے - اور اِس لئے کہ خدا
سننے والا اور جاننے والا ھے - [۵۴] جیسا حال قوم فرعون اور
اُن لوگوں کا ھوا جو اُن سے پہلے تھے کہ اُنھوں نے اپنے پروردگار
کي آیتوں کو جھٹلایا تو ھم نے اُن کو اُن کے گناھوں کے سبب
ھلاك کیا اور قوم فرعون کو ڈبا دیا - اور یہہ سب ظالم تھے -
[۵۵] خدا کے نزدیك بدترین جانور وہ ھیں جو کفر کرتے ھیں -
اور وہ ایمان نہیں لانے کے - [۵۶] جن سے تونے عہد کیا پھر
جو اپنے عہد کو ھر بار توڑتے اور جو (خدا سے) نہیں ڈرتے -
[۵۷] اگر تو اُن کو لڑائي میں پائے تو ایسي سزا دے کہ جو
اُن کے پیچھے ھیں وہ بھاگ جائیں - شاید وہ غور کریں -
[۵۸] اور اگر تجکو کسي قوم کي خیانت کا ڈر ھو تو (اُن کا
عہد) اُن کي طرف اُن ھي کي طرح پھینك دے - خدا
خیانت کرنے والوں کو پیار نہیں کرتا -

[۵۹] اور جو لوگ کفر کرتے ھیں وہ نہ خیال کریں کہ وہ
نکل جائینگے - وہ عاجز نہیں کر سکتے - [۶۰] اور قوت سے
اور گھوڑوں کے باندھے رکھنے سے جہاں تك تم سے ھو سکے اُن کے
لئے تیار رھو - کہ اُس سے خدا کے اور تمھارے دشمنوں کو ڈرا
سکوگے اور ان کے سوا دوسروں کو بھي جن کو تم نہیں جانتے -
خدا اُن کو جانتا ھے - اور خدا کي راہ میں تم جوکچھہ خرچ
کروگے وہ تم کو پورا پورا دیا جائیگا اور تم پر ظلم نہ ھوگا -
[۶۱] اور اگر وہ صلح کي طرف جھکیں تو تو بھي اُس کي
طرف جھك جا - اور خدا پر توکل کر - بے شك وھي سننے والا
اور جاننے والا ھے - [۶۲] اور اگر وہ تجکو دھوکا دینا چاھیں
تو خدا تجکو بس ھے - وھي ھے جس نے اپني مدد سے اور
مسلمانوں سے تیري تائید کي - [۶۳] اور اُس نے اُن کے دلوں

میں اُلفت ڈالي - جو کچھہ زمین میں ھے اگر تو سب خرچ
کر ڈالتا تو بھي اُن کے دلوں میں اُلفت نہ ڈال سکتا - مگر
خدا نے اُن میں اُلفت ڈال دي - بے شك وہ زبردست حکمت
والا ھے - [۶۴] اے نبي - خدا تیرے لئے بس ھے اور ایمان
والے جو تیري پیروي کرتے ھیں -

[۶۵] اے نبي - مسلمانوں کو لڑنے کے لئے اُبھار - اگر تم
میں بیس بھي اِستقلال رکھنے والے ھوں تو وہ دو سو پر غالب
رھینگے - اور اگر تم میں ایك سو ھوں تو وہ ھزار کافروں پر
غالب رھینگے - اِس لئے کہ وہ ایسي قوم ھے جو کچھہ نہیں
سمجھتي - [۶۶] اب خدا نے تمھارا بوجھہ ھلکا کیا اور
اُس نے جانا کہ تم میں کمزوري ھے - تو اگر تم میں سے سو
بھي اِستقلال والے ھوں تو وہ دو سو پر غالب رھینگے اور اگر
تم میں سے ایك ھزار ھونگے تو وہ خدا کے حکم سے دو ھزار پر
غالب رھینگے - اور خدا صبر کرنے والوں کا ساتھي ھے -
[۶۷] نبي جب تك ملك میں خونریزي نہ کرلے اُس کے پاس
اسیران جنگ کا رھنا شایاں نہیں - تم تو دنیا کي عارضي
چیزیں چاھتے ھو مگر خدا آخرت دینا چاھتا ھے - اور خدا
زبردست حکمت والا ھے - [۶۸] اگر خدا کي طرف سے کوئي
نوشتہ پہلے سے نہ ھوتا تو جو کچھہ تم نے لیا ھے اُس کے لئے
ضرور تم کو بڑا عذاب پہنچتا - [۶۹] تو جو کچھہ تم نے مال
غنیمت لیا ھے اُس کو حلال اور طیب سمجھہ کر کھاؤ - اور
خدا سے ڈرو - بے شك خدا بخشنے والا رحم والا ھے -

[۷۰] اے نبي جو قیدي تمھارے ھاتھہ میں ھیں اُن سے
کہہ دے کہ اگر خدا تمھارے دلوں میں کوئي نیکي جانیگا تو
جو تم سے لیا گیا ھے اُس سے بہتر تم کو دیگا - اور تم کو بخش

دیگا - اور خدا بخشنے والا اور رحم والا ھے - [۷۱] اور اگر
یہہ تجھسے دغا کرنا چاھیں تو اس سے پہلے بھي یہہ خدا سے دغا
کر چکے ھیں پس اُس نے اُن پر قدرت دي - اور خدا جاننے والا
حکمت والا ھے - [۷۲] جو لوگ ایمان لائے اور ھجرت کي اور
اپنے مال اور اپني جان سے خدا کي راہ میں کوششیں کیں اور جن
لوگوں نے جگہ دي اور مدد کي - یہي لوگ ایک دوسرے کے دوست
ھیں - اور جو لوگ ایمان لائے اور ھجرت نہ کي - تم کو ان
کي دوستي سے کوئي غرض نہیں جب تک وہ ھجرت نہ کریں -
اور اگر وہ تم سے دین میں مدد چاھیں تو تم پر مدد کرنا
فرض ھے مگر اس قوم کے مقابلے میں نہیں کہ جن سے تم سے
عہد ھے - اور خدا دیکھتا ھے جو کچھہ تم کرتے ھو - [۷۳] اور
جو لوگ کفر کرتے ھیں وہ ایک دوسرے کے دوست ھیں - اگر
تم بھي ایسا نہ کروگے تو ملک میں فتنہ اور بڑا فساد ھوگا -
[۷۴] اور جو لوگ ایمان لائے اور ھجرت کي اور خدا کي راہ
میں کوششیں کیں اور جن لوگوں نے جگہ دي اور مدد کي -
یہي لوگ سچ مچ ایمان والے ھیں - ان کے لئے مغفرت ھے اور
عزت کا رزق - [۷۵] اور جو لوگ اُس کے بعد ایمان لائے اور
ھجرت کي اور تمھارے ساتھہ کوششیں کیں - تو یہي لوگ
تم میں سے ھیں - اور خدا کي کتاب میں رشتہ دار ایک دوسرے
کے زیادہ حق دار ھیں - بے شک خدا ھر چیز کا جاننے والا ھے -

سورۂ توبہ

مدني - ۱۲۹ آیتیں

[۱] جن مشرکوں سے تم نے عہد کر رکھا ھے اب خدا اور
اُس کے رسول کي طرف سے اُن کو جواب ھے - [۲] تو چار مہینے

ملک میں پھر لو اور جان رکھو کہ تم خدا کو عاجز نہیں
کر سکتے اور یہہ بھی کہ خدا کافروں کو رسوا کرنے والا ھے -
[۳] اور حج اکبر کے دن خدا اور اُس کے رسول کي طرف سے
لوگوں کو پکار دیا جاتا ھے کہ خدا اور اُس کا رسول مشرکوں سے
بري ذمہ ھیں - تو اگر تم توبہ کرو تو یہہ تمھارے لئے بہتر ھوگا -
اور اگر پیٹھہ بھیرو تو جان رکھو کہ تم خدا کو عاجز نہیں
کرسکتے - اور (اے نبي) جو لوگ کفر کرتے ھیں اُن کو دردناک
عذاب کي خوش خبري دے - [۴] سوا اُن مشرکوں کے جن سے
تم نے عہد کیا ھے پھر اُنھوں نے تم سے کسي طرح کي کمي
نہ کي اور نہ تمھارے مقابلے میں کسي کي پشت پناھي کي
تو اُن کا عہد اُن کي مدت تک اُن سے پورا کرو - بے شک خدا
(بُرے کاموں سے) بچنے والوں کو پیار کرتا ھے - [۵] پھر جب
حرمت کے مہینے نکل جائیں تو مشرکوں کو جہاں پاؤ قتل
کرو - اور اُن کو پکڑو اور اُن کو گھیرو اور ھر گھات کی جگہ
اُن کے لئے بیٹھو - پھر اگر وہ توبہ کریں اور نماز پر قائم رھیں
اور زکواۃ دیں تو اُن کي راہ چھوڑ دو - بے شک خدا بخشنے
والا اور رحم کرنے والا ھے - [۶] اور اگر مشرکوں میں سے کوئي
تجھسے پناہ مانگے تو اُس کو پناہ دے یہاں تک کہ وہ کلام اللہ
سنے - پھر اُس کو اُس کے امن کي جگہ پہنچا دو - یہہ اِس
لئے کہ وہ ایسے لوگ ھیں جو علم نہیں رکھتے -

[۷] خدا کے نزدیک اور اُس کے رسول کے نزدیک مشرکوں کا
عہد کیونکر ٹِک سکتا ھے ؟ مگر جن لوگوں سے تم نے مسجد
حرام کے پاس عہد کیا تھا تو جب تک وہ تم سے سیدھے رھیں
تم بھي اُن سے سیدھے رھو - بے شک خدا (بُرے کاموں سے)
بچنے والوں کو پیار کرتا ھے - [۸] (مشرکوں سے) کیونکر

(عہد ہو سکتا ہے) کہ اگر یہہ تم پر غالب آ جائیں تو تم سے
نہ قرابت کي رعایت کریں اور نہ عہد کي ؟ اپنے منہہ سے تو
تم کو خوش کر دیتے ہیں مگر اُن کے دل اِنکار کرتے ہیں - اور
اُن میں اکثر بدکار ہیں - [۹] یہہ لوگ خدا کي آیتوں کو
تھوڑے سے فائدے کے لئے بیچتے ہیں - اور اُس کي راہ سے
لوگوں کو روکتے ہیں - بُري باتیں ہیں جو یہہ لوگ کرتے
ہیں - [۱۰] کسي مسلمان سے نہ تو قرابت کي رعایت رکھتے
ہیں اور نہ عہد کي - اور یہي لوگ زیادتي کرنے والے ہیں -
[۱۱] پھر اگر یہہ لوگ توبہ کریں اور نماز پر قائم ہو جائیں
اور زکواۃ دیں تو وہ دین میں تمھارے بھائي ہیں - اور جو
لوگ علم رکھتے ہیں ہم اُن کے لئے آیتوں کو مفصل بیان کرتے
ہیں - [۱۲] اور اگر یہہ لوگ عہد کئے پیچھے اپني قسموں
کو توڑ ڈالیں اور تمھارے دین کے بارے میں طعن تشنیع کریں
تو کفر کے پیشواؤں سے لڑو - اُن کي قسمیں کچھہ بھي نہیں -
شاید وہ باز آئیں - [۱۳] کیا تم ان لوگوں سے نہ لڑوگے جنھوں
نے اپني قسموں کو توڑ ڈالا اور رسول کے نکال دینے کا قصد کیا اور
تم سے انھوں ہي نے پہلے شروع کي ؟ کیا تم ان سے ڈروگے ؟ بلکہ
خدا اس بات کا زیادہ حقدار ہے کہ تم اسي سے ڈرو اگر تم ایمان
رکھتے ہو - [۱۴] اُن سے لڑو - خدا تمھارے ہاتھوں سے
اُن کو عذاب دیگا اور اُن کو ذلیل کریگا اور اُن کے مقابلے میں
تم کو مدد دیگا اور ایمان والوں کے سینوں کو شفا دیگا
[۱۵] اور اُن کے دلوں کے غصے کو دور کریگا - اور خدا جس کي
چاہے توبہ قبول کرتا ہے - اور خدا جاننے والا حکمت والا ہے -
[۱۶] کیا تم خیال کرتے ہو کہ یوں ہي چھوڑ دئے جاؤگے
حالانکہ ابھي خدا نے اُن لوگوں کو نہیں جانا جو تم میں سے

کوشش کرتے اور خدا اور اُس کے رسول اور مسلمانوں کے سوا کسي کو دلي دوست نہیں بناتے - اور خدا تمھارے کاموں کي خبر رکھتا هے -

[۱۷] مشرکوں کا کام نہیں کہ خدا کے معبد آباد کریں جب کہ وہ اپنے دلوں میں کفر کي گواهي دیتے هوں - یہي لوگ هیں جن کے کئے برباد هوئے اور جو همیشہ دوزخ کي آگ میں رهینگے - [۱۸] خدا کے معبد تو وہ آباد کرتے هیں جو خدا پر اور روز آخرت پر ایمان رکھتے اور نماز پر قائم رهتے اور زکواۃ دیتے اور صرف خدا هي سے ڈرتے هیں - تو شاید یہي لوگ هدایت پائیں - [۱۹] کیا تم نے حاجیوں کے پاني پلانے اور مسجد حرام آباد کرنے کو اس کي مانند بنا لیا هے جو خدا پر اور روز آخرت پر ایمان رکھے اور خدا کي راہ میں کوشش کرے ؟ خدا کے نزدیک یہہ برابر نہیں اور خدا ظلم کرنے والوں کو هدایت نہیں کرتا - [۲۰] جو لوگ ایمان لائے اور هجرت کي اور اپنے مال اور اپني جان سے خدا کي راہ میں کوشش کي - خدا کے هاں اُن کے بڑے درجے هیں - اور یہي لوگ هیں جو کامیاب هونگے - [۲۱] اُن کا پروردگار اُن کو اپني رحمت اور خوشنودي اور باغوں کي خوش خبري دیتا هے جن میں وہ دائمي نعمت پائینگے - [۲۲] وہ اُن میں همیشہ همیشہ رهینگے - بے شک خدا هي کے هاں بڑا اجر نیک هے - [۲۳] مومنو - اپنے باپ اور اپنے بھائي کو بھي دوست نہ بناؤ اگر وہ ایمان کے مقابلے میں کفر کو زیادہ پیار کریں - اور تم میں سے جو کوئي اُن سے دوستي کرے - تو یہي لوگ هیں جو ظلم کرتے هیں - [۲۴] تو کہہ کہ اگر تمھارے باپ اور تمھارے لڑکے اور تمھارے بھائي اور تمھاري بیویاں اور تمھارے کنبے اور مال جو تم نے کمائے هیں

اور تجارت جس کے بند هو جانے کا تم کو ڈر هو اور گھر
جن کو تم پسند کرتے هو - اگر یهه سب تم کو خدا اور اُس کے
رسول اور اُس کي راه میں جهاد کرنے سے زیاده عزیز هوں تو
اِنتظار کرو یہاں تك که خدا اپنا حکم لائے - اور خدا بدکار
لوگوں کو هدایت نهیں کرتا -

[٢٥] خدا نے بہت سي جگہوں میں تم کو مدد دي -
اور حنین کے دن جب تم کو تمهاري کثرت اچھي معلوم هوئي -
مگر یهه تمهارے کچھه بھي کام نه آئي - اور زمین باوجودیکه
وه کشاده تھي تم پر تنگ هو گئي - پھر تم پیٹھه پھیر کر
بھاگے - [٢٦] پھر خدا نے اپنے رسول پر اور ایمان والوں پر
اپني طرف سے تسکین اُتاري - اور فوجیں بھیجیں جن کو
تم نے نهیں دیکھا - اور کفر کرنے والوں کو عذاب دیا - اور
کافروں کي یهي جزا هے - [٢٧] پھر اس کے بعد خدا جس کي
چاهے توبه قبول کرے - اور خدا بخشنے والا اور رحم والا هے -
[٢٨] مومنو - مشرك تو نجس هیں - تو ان کے اس برس کے
بعد وه مسجد حرام کے قریب نه آئیں - اور اگر تم کو محتاجي
کا ڈر هو تو خدا تم کو اپنے فضل سے غني کر دیگا اگر وه
چاهے - بے شك خدا جاننے والا حکمت والا هے - [٢٩] اهل
کتاب میں سے جو نه خدا پر ایمان رکھتے هیں اور نه روز آخرت
پر اور نه حرام جانتے هیں اُن چیزوں کو جن کو خدا نے اور
اُس کے رسول نے حرام کیا هے اور نه دین حق قبول کرتے هیں
اُن سے لڑو یہاں تك که وه چھوٹے بن کر اپنے هاتھوں سے جزیه
دیں -

[٣٠] اور یهود کهتے هیں که عزیر خدا کا بیٹا هے اور
نصاریٰ کهتے هیں که مسیح خدا کا بیٹا هے - یهه اُن کے منهه

کي باتيں هيں - يهہ پهلے کے کافروں کي سي باتيں کرتے هيں -
خدا اُن کو مارے - کيونکر وہ جهوٹ بناتے هيں - [۳۱] يهہ
لوگ خدا کے سوا اپنے علماء اور اپنے مشائخ کو اور مسيح
ابن مريم کو اپنا پروردگار بناتے هيں - حالانکہ اُن کو حکم
ديا گيا هے کہ ايك هي خدا کي عبادت کريں - اُس کے سوا
کوئي خدا نهيں - وہ پاك هے اُن چيزوں سے جو وہ شريك
کرتے هيں - [۳۲] ارادہ کرتے هيں کہ خدا کي روشني کو منهہ
سے بُجها ديں اور خدا چاهتا هے کہ اپني روشني کو پوري
کرے - اگرچہ کافروں کو ناگوار هي هو - [۳۳] وهي هے جس نے
اپنے رسول کو هدايت اور دين حق کے ساتهہ بهيجا تاکہ اُس کو
تمام دينوں پر غالب کرے - اگرچہ مشرکوں کو ناگوار هي هو -
[۳۴] مومنو - بهتيرے علماء اور پيشوا لوگوں کے مال بےايماني
سے کها جاتے اور خدا کي راہ سے لوگوں کو روکتے هيں - مگر
جو لوگ سونا اور چاندي جمع کرتے اور اُس کو خدا کی راہ
ميں خرچ نهيں کرتے تو اُن کو دردناك عذاب کي خوش خبري
دے [۳۵] کہ جس دن يهہ سب جهنم کي آگ ميں تپائے
جائينگے پهر اُن سے اُن کے ماتهے اور اُن کي کروٹيں داغ دي
جائينگي - " يهہ هيں جو تم نے اپنے لئے جمع کئے هيں - تو
اپني جمع کے مزے چکهو" - [۳۶] جس دن اُس نے آسمان اور
زمين بنائے اُسي دن سے خدا کے هاں مهينوں کي گنتي خدا کي
کتاب ميں بارہ مهينے هے جن ميں چار حرمت کے هيں - يهہ
سيدها طريقہ هے - تو اِن ميں ايك دوسرے پر ظلم نہ کرو -
اور تم سب مشرکوں سے لڑو - جيسے وہ تم سب سے لڑتے هيں -
اور جان رکهو کہ خدا (بُرے کاموں سے) بچنے والوں کا ساتهي
هے - [۳۷] مهينوں کا آگے پيچهے کر دينا تو کفر ميں زيادتي

کرنا ھے - اِس سے کافر گمراہ ھوتے ھیں - ایک برس اسي کو حلال ٹھہراتے ھیں اور دوسرے برس اسي کو حرام کہ خدا نے جو حرام کئے ھیں اُن کي گنتي پوري کر دیں - اور خدا نے جو حرام کئے ھیں اُن کو حلال کر دیں - اُن کو اُن کے بُرے کام اچھے دکھائي دیتے ھیں - مگر خدا کافروں کو ھدایت نہیں کرتا -

[۳۸] مومنو - تم کو کیا ھو گیا ھے کہ جب تم سے کہا جاتا ھے کہ خدا کي راہ میں نکل کھڑے ھو تو تم زمین کي طرف بوجھل ھوجاتے ھو ؟ کیا تم آخرت کے بدلے اس دنیا کي زندگي سے خوش ھو ؟ مگر اِس دنیا کے فائدے آخرت کي زندگي کے مقابلے میں بہت ھي کم ھیں - [۳۹] اگر تم نہ نکل کھڑے ھوگے تو وہ تم کو دردناک عذاب دیگا - اور تمھارے بدلے دوسري قوم لادیگا اور تم اُس کو کچھہ بھي ضرر نہیں پہنچا سکتے - اور خدا ھر چیز پر قادر ھے - [۴۰] اگر تم اس کي مدد نہ کروگے تو اُس نے اس کي مدد کي تھي جب کافروں نے اُس کو نکال دیا کہ وہ دو میں دوسرا تھا - جب یہہ دونوں غار میں تھے - جب وہ اپنے ساتھي سے کہتا تھا کہ غمگین نہ ھو خدا ھم لوگوں کے ساتھہ ھے - پھر خدا نے اُس پر اپني طرف سے تسکین اُتاري اور اُس کو ایسي فوج سے مدد دي جس کو تم نہیں دیکھے اور کافروں کي بات کو نیچا کر دیا اور خدا ھي کا بول بالا رھا - اور خدا زبردست حکمت والا ھے - [۴۱] ھلکے اور بوجھل نکل کھڑے ھو - اور اپنے مال اور اپني جان سے خدا کي راہ میں کوشش کرو - یہہ تمھارے لئے بہتر ھوگا - اگر تم جانو - [۴۲] اگر کوئي فائدہ نزدیک ھوتا اور سفر بھي ھلکا تو یہہ لوگ ضرور تیرے پیچھے ھو لیتے - لیکن اُن کو مسافت بعید معلوم ھوئي -

اور یہہ خدا کي قسمیں کھاکر کہینگے که اگر هم سے هو سکتا
تو هم ضرور تمهارے ساتهہ نکل کهڑے هوتے - یہہ لوگ اپنے
آپ کو هلاك کرنے والے هیں - اور خدا جانتا هے که وہ جهوٹے
هیں -

[۴۳] خدا تجهے معاف کرے - تونے اُن کو کیوں اِجازت
دی قبل اس کے که تجکو سچے صاف معلوم هو جائیں اور تو
جهوٹوں کو بهي جان لے ؟ [۴۴] جو لوگ خدا پر اور روز
آخرت پر ایمان رکهتے هیں وہ اپنے مال اور اپني جان سے کوشش
کرنے میں تجهسے عذر نہیں کرتے - اور خدا پرهیزگاروں کو خوب
جانتا هے - [۴۵] تجهسے اِجازت تو وهي مانگتے هیں جو خدا
اور روز آخرت پر ایمان نهیں رکهتے اور جن کے دل شك میں
هیں - تو وہ اپنے شك میں متردد هیں - [۴۶] اور اگر یہہ
لوگ نکلنے کا اِرادہ کرتے تو اُس کے لئے سامان تیار کرتے - لیکن
خدا کو ان کا هلنا هي ناگوار هے - تو اُس نے اُن کو کاهل بنا
دیا اور اُن سے کہہ دیا گیا که بیٹهہ رهنے والوں کے ساتهہ بیٹهہ
رهو - [۴۷] اگر یہہ لوگ تمهارے ساتهہ نکلتے تو تم میں
فساد هي بڑهاتے اور تم میں فتنه انگیزي کي غرض سے تمهارے
درمیان گهوڑے دوڑاتے اور تم میں اِن کي سننے والے بهي هیں -
اور خدا ظالموں کو خوب جانتا هے - [۴۸] اُنهوں نے پہلے
بهي فتنه انگیزي کرني چاهي اور تیرے کاموں کو اُلٹ پلٹ کرتے
هي رهے یہاں تك که حق آگیا اور خدا کا حکم غالب رها -
حالانکه اُن کو ناگوار هوا - [۴۹] اور اُن میں وہ بهي هے جو
کہتاهے که مجکو اجازت دے اور مجکو بلا میں نه ڈال - کیا وہ
بلا میں نہیں گرے هیں ؟ اور بے شك جہنم کافروں کو گهیرے
هوئے هے - [۵۰] اگر تجکو کوئي بهلائي آ پهنچے تو اُن کو

برا لگتا ھے - اور اگر تجھپر کوئي مصیبت آ پڑے تو وہ کہتے
ھیں کہ ھم نے پہلے ھي سے اپنا کام کر لیا تھا اور خوشي کے
ساتھہ بھر جاتے ھیں - [۵۱] تو کہہ کہ ھم پر تو بس وھي
مصیبت آ پڑیگي جو خدا نے ھمارے لئے لکھہ رکھا ھے - وھي
میرا مالك ھے - اور ایمان والے خدا ھي پر توکل کریں -
[۵۲] تو کہہ کہ تم تو بس ھمارے لئے دو بھلائیوں میں سے
ایك کے منتظر ھو اور ھم تمھارے لئے منتظر ھیں کہ خدا تم پر
اپني طرف سے یا ھمارے ھي ھاتھوں سے کوئي عذاب ڈالے - تو
تم اِنتظار کرو - ھم بھي تمھارے ساتھہ منتظر ھیں - [۵۳] تو کہہ
کہ خوشي سے خرچ کرو یا ناخوشي سے وہ تو تم سے قبول نہ کي
جائیگي - تم ایك بدکار قوم ھو - [۵۴] اور اُن کے دئے کے قبول
ھونے میں اور کوئي بات مانع نہ ھوئي مگر یہہ کہ اُنھوں نے خدا
اور اُس کے رسول سے کفر کیا اور نماز کو آئے بھي تو کاھلي کے ساتھہ
اور خرچ کئے بھي تو بس ناخوشي سے - [۵۵] تو اُن کے مال تجھے
حیرت میں نہ ڈالیں اور نہ اُنکي اولاد - خدا تو چاھتا ھے کہ
ان کي وجہہ سے ان کو دنیا کي زندگي میں عذاب دے اور انکي
جان نکلے جب وہ کافر ھي ھوں - [۵۶] اور یہہ خدا کي
قسمیں کھاتے ھیں کہ وہ بھي تم ھي میں ھیں - حالانکہ وہ
تم میں نہیں - بلکہ وہ لوگ ڈرتے ھیں - [۵۷] اگر یہہ پناہ
کي جگہ پائیں یا غار یا داخل ھونے کي جگہ تو ضرور اُس کي
طرف رسي توڑ کر بھاگینگے - [۵۸] اور اِن میں سے کچھہ
ایسے بھي ھیں کہ خیرات کے بارے میں تجھپر اِلزام لگاتے ھیں -
اور اگر اُن کو اس میں سے دیا جائے تو خوش ھوتے ھیں اور اگر
اُن کو اُس میں سے نہ دیا جائے تو اُسي وقت وہ غصہ ھو جاتے
ھیں - [۵۹] اور اگر وہ راضي ھوتے اُس چیز سے جو اُن کو خدا

نے اور اُس کے رسول نے دی تھي اور کہتے که هم کو خدا بس هے
خدا اور اُس کا رسول هم کو اپنے فضل سے دیگا اور هم خدا هي
کي طرف راغب هیں (تو بہتر هوتا) -
[۶۰] صدقه تو بس فقیروں کے لئے هے اور مسکینوں کے لئے
اور اُس کے عاملوں کے لئے اور اُن لوگوں کے لئے جن کے دلوں میں
اُلفت ڈالنا هے اور گردن آزاد کرنے کے لئے اور قرضداروں کے لئے اور
خدا کي راہ میں خرچ کرنے کے لئے اور مسافروں کے لئے - یہہ خدا
کي طرف سے فرض کیا گیا هے - اور خدا جاننے والا اور حکمت
والا هے - [۶۱] اور ان میں ایسے بھي هیں جو نبي کو ایذا
دیتے اور کہتے هیں که یہہ بس سننے والا هے - تو کہہ که وہ
تمھارے لئے بھلائي کا سننے والا هے - وہ خدا پر ایمان رکھتا
هے ایمان والوں کي بات مانتا هے اور جو لوگ تم میں ایمان
رکھتے هیں اُن کے لئے رحمت هے - اور جو لوگ خدا کے رسول
کو ایذا دیتے هیں اُن کے لئے تو دردناک عذاب هے -
[۶۲] یہہ تم سے قسم کھاتے هیں تا که تم راضي هو جاؤ - اور
خدا اور اُس کا رسول زیادہ حقدار هے که وہ اُس کو راضي کریں
اگر وہ ایمان رکھتے هیں - [۶۳] کیا وہ نہیں جانتے که جو
خدا اور اُس کے رسول سے مخالفت کرے تو اُس کے لئے جهنم کي
آگ هے - وہ همیشه اُسي میں رهینگے - یهي بڑي رسوائي هے -
[۶۴] منافق ڈرتے هیں که کہیں اُن پر کوئي ایسي سورۃ نه
نازل هو جو اُن کو ان کي دلي باتیں بتا دے - تو کہہ که ٹھٹھا
کرو - بے شك خدا اُس بات کا نکالنے والا هے جس سے تم ڈرتے هو -
[۶۵] اور اگر تو اُن سے پوچھے تو وہ ضرور کہینگے که هم تو
بس بحث اور کھیل کر رهے تھے - تو کہہ که کیا تم خدا سے اور
اُس کي آیتوں سے اور اُس کے رسول سے ٹھٹھا کرتے هو ؟ [۶۶] مت

عذر کرو - تم ایمان لانے کے بعد کفر کئے - اگر ہم تم میں سے
ایک گروہ کو معاف بھي کر دیں تو دوسرے گروہ کو عذاب
دینگے - اِس لئے کہ وہ مجرم ہیں -
[۶۷] منافق مرد اور منافق عورتیں دونوں ایک ہیں -
وہ برے کام کرنے کو کہتے اور اچھے کاموں سے منع کرتے اور اپنے
ہاتھوں کو بند رکھتے ہیں - وہ خدا کو بھول گئے اور وہ بھي
اُن کو بھول گیا - بے شک منافق تو بدکار ہیں - [۶۸] منافق
مرد اور منافق عورتوں اور کافروں سے خدا نے جہنم کي آگ کا
وعدہ کیا ہے - کہ وہ ہمیشہ اُسي میں رہینگے - یہي اُن کے لئے
بس ہے - اور خدا نے اُن پر لعنت کي ہے - اور اُن کے لئے دائمي
عذاب ہے - [۶۹] (تم بھي) اُن لوگوں کي مانند ہو جو تم سے
پہلے ہوئے کہ وہ تم سے بہت زیادہ قوت رکھتے تھے اور مال اور
اولاد بھي اُن کے پاس زیادہ تھیں - تو وہ اپنے حصے سے فائدہ
اُٹھائے - اور تم نے بھی اپنے حصے سے فائدہ اُٹھایا جس طرح
تم سے پہلوں نے اپنے حصے سے فائدہ اُٹھایا - اور تم بھي بحث
کرتے ہو جس طرح اُنھوں نے بحث کي - یہي ہیں جن کا کیا
دنیا اور آخرت میں برباد ہوا - اور یہي ہیں جنھوں نے خسارہ
اُٹھایا - [۷۰] کیا اِن کو اُن لوگوں کي خبر نہیں ملي جو
اُن سے پہلے تھے مثلاً نوح کي قوم اور عاد اور ثمود اور اِبراهیم
کي قوم اور مدین کے لوگ اور اُلٹي ہوئي بستیوں کے لوگ -
اُن کے رسول اُن کے پاس دلیلیں لے کر آئے - اور خدا نے تو اُن
پر ظلم نہیں کیا مگر یہہ لوگ اپنے آپ پر ظلم کئے -
[۷۱] اور ایمان والے مرد اور ایمان والي عورتیں ایک دوسرے کے
دوست ہیں - وہ اچھے کام کرنے کو کہتے اور برے کاموں سے منع
کرتے اور نماز پر قائم رہتے اور زکواة دیتے اور خدا اور اُس کے رسول

كي اِطاعت كرتے هيں - يهي لوگ هيں جن پر ضرور خدا رحم
كريگا - بے شك خدا زبردست حكمت والا هے - [۷۲] خدا نے
ايمان والے مرد اور ايمان والي عورتوں سے جنت كا وعدہ كيا هے
جن كے نيچے سے نهريں جاري هونگي - جن ميں وہ هميشه
رهينگے - اور جنتالعدن ميں اچھے مكان بھي ملينگے - اور
خدا كي خوش نودي سب سے بڑھ كر هوگي - يهي بڑي كاميابي
هے -

[۷۳] اے نبي - كافروں اور منافقوں سے جهاد كر اور اُن پر
سختي كر - اور اُنكا ٹھكانا تو جهنم هے - اور وہ بري جگه هے -
[۷۴] يهہ لوگ خدا كي قسميں كھاتے هيں كه هم نے تو نهيں
كهي - حالانكه اُنهوں نے كفر كا كلمه كها اور اپنے اِسلام ميں
آنے كے بعد كفر كيا - اور انهوں نے اس چيز كا قصد كيا جس
كو وہ نهيں پهنچ سكتے - اور انهوں نے اِسي بات پر بير كيا
كه خدا اور اُس كے رسول نے اُن كو اپنے فضل سے دولت مند كرديا -
تو اگر يهہ لوگ توبه كريں تو اُن كے لئے بهتر هوگا - اور اگر
پيٹھہ پھير ديں تو خدا اُن كو دنيا اور آخرت ميں درد ناك
عذاب ديگا - اور دنيا ميں نه كوئي ان كا دوست هوگا اور نه
مددگار - [۷۵] اور ان ميں كچھہ تو هيں جنهوں نے خدا سے
عهد كيا تها كه اگر وہ اپنے فضل سے هم كو ديگا تو هم ضرور
صدقه دينگے اور ضرور نيك لوگوں ميں هونگے - [۷۶] پھر
جب اُس نے اُن كو اپنے فضل سے ديا تو اُس ميں بخل كرنے لگے
اور پيٹھہ پھير كر بھاگے - [۷۷] تو اُس نے اُن كے دلوں ميں
اُن كے سامنے آنے والے دن تك نفاق ڈال كر سزا دي - اِس لئے
كه اُنهوں نے جو اُس سے وعدہ كيا تها اُس سے خلاف كيا - اور
اِس لئے كه وہ جھوٹ كهتے تھے - [۷۸] كيا اُنهوں نے نهيں جانا

کہ خدا اُن کي چھپي باتيں اور اُن کے مشورے سب جانتا
ھے ؟ اور يہہ کہ خدا غيب کي باتوں کا جاننے والا ھے -
[۷۹] (يہي ھيں) جو ايمان والوں ميں خوشي سے صدقہ دينے
والوں پر اِلزام لگاتے ھيں اور جو لوگ اپني کوشش کے سوا اور
کچھہ نہيں کر سکتے اُن سے ٹھٹھا کرتے ھيں - خدا اُن سے
ٹھٹھا کريگا - اور اُن کے لئے درد ناك عذاب ھے - [۸۰] تو اُن کے
لئے بخشش مانگ يا نہ بخشش مانگ - اگر تو اُن کے لئے
ستر بار بخشش مانگے تو بھي خدا اُن کو ھرگز نہيں بخشنے
کا - يہہ اِس لئے کہ اُنھوں نے خدا اور اُس کے رسول سے کفر کيا -
اور خدا بدکار لوگوں کو ھدايت نہيں کرتا -

[۸۱] جو لوگ پيچھے چھوڑ دئے گئے وہ رسول خدا کے خلاف
اپنے بيٹھہ رھنے ميں بہت خوش ھوئے - اور خدا کي راہ ميں
اپنے مال اور اپني جان سے کوشش کرنا اُن کو ناگوار ھوا - اور
وہ کہنے لگے کہ گرمي ميں نہ نکلو - تو کہہ کہ جہنم کي آگ
زيادہ گرم ھوگي - اگر تم سمجھو - [۸۲] اور چاھئے کہ
يہہ لوگ اپني کمائي کي جزا ميں ھنسيں کم اور روئيں بہت -
[۸۳] تو اگر خدا تجھکو اُن کي کسی جماعت کي طرف
پھير کرلے جائے اور وہ تجھسے نکلنے کي اِجازت چاھيں تو
تو کہہ کہ تم کبھي ميرے ساتھہ نہ نکلوگے اور نہ ميرے ساتھہ
دشمنوں سے لڑوگے - تم پہلي بار بيٹھہ رھنے پر راضي ھوئے -
تو پيچھے رھنے والوں کے ساتھہ بيٹھہ رھو - [۸۴] اور ان ميں سے
کسي کے مرنے پر تو ھرگز نماز نہ پڑھہ - اور نہ اُس کي قبر پر
کھڑا ھو - انھوں نے خدا سے اور اُس کے رسول سے کفر کيا اور
بدکاري ميں مر گئے - [۸۵] اور اُن کے مال اور اُن کي اولاد تجھکو
حيرت ميں نہ ڈاليں - خدا تو چاھتا ھے کہ ان ھي سے ان کو

اس دنیا میں عذاب دے اور اُن کي جان نکل جائے جب وہ
کافر هي هوں - [۸۶] اور جب کوئي سورۃ اُتاري جاتي هے
که خدا پر ایمان لاؤ اور اُس کے رسول کے ساتھہ هو کر جهاد
کرو تو ان میں سے صاحب دولت تجسے اِجازت مانگتے هیں
اور کہتے هیں که هم کو چھوڑ دے که هم بیٹھنے والوں کے
ساتھہ بیٹھہ رهیں - [۸۷] یہہ لوگ پیچھے رهنے والي عورتوں
کے ساتھہ رهنا پسند کئے اور ان کے دلوں پر مہر کر دي گئي
پس وہ نہیں سمجھتے کے - [۸۸] لیکن رسول اور جو لوگ
اُس کے ساتھہ ایمان لائے اُنھوں نے اپنے مال اور اپني جانوں سے
کوشش کي - اور یہي لوگ هیں جن کي بہتري هوگي - اور
یہي لوگ هیں جو فلاح پائینگے - [۸۹] اُن کے لئے خدا نے
جنت تیار کر رکھي هیں جن کے نیچے سے نہریں جاري
هونگي - وہ همیشه اُسی میں رهینگے - یہي بڑي کامیابي هوگي -
[۹۰] اور کچھہ اعرابي عذر کرنے کے لئے آئے تا که اُن کو
اِجازت دي جائے اور جو لوگ خدا اور اُس کے رسول سے جھوٹے
هوئے وہ بیٹھہ رهے - تو اُن میں سے جنھوں نے کفر کیا اُن پر
ضرور دردناک عذاب آ پڑیگا - [۹۱] ضعیفوں پر کوئي گناہ
نہیں اور نه مریض پر اور نه اُن لوگوں پر جن کے پاس خرچہ
نہیں جب که وہ خدا اور اُس کے رسول کے خیر خواہ رهیں -
نیك لوگوں پر کوئي بات نہیں - اور خدا بخشنے والا رحم
کرنے والا هے - [۹۲] اور نه اُن لوگوں پر کوئي گناہ هے که جب
وہ تیرے پاس آئے که تو اُن کے لئے سواري دے تو تونے کہا که
میرے پاس تو کچھہ نہیں جس پر میں تم کو سوار کروں اور
وہ پھر گئے - اور اُن کي آنکھیں اس غم میں آنسوؤں سے بھر
گئیں که اُن کے پاس کچھہ بھي خرچه نہیں - [۹۳] بات

تو اُن لوگوں پر هے جو دولت مند هوکر بهي تجسے اِجازت
مانگتے هيں - يهہ لوگ پيچهے رهنے والي عورتوں کے ساتهہ
رهنا پسند کئے - اور خدا نے اُن کے دلوں پر مهر کر دي هے -
بس وه نهيں جانتے کے - ¶ [٩٤] جب تم ان کي طرف پهر
جاؤگے تو يهہ لوگ تم سے عذر کرينگے تو کهہ کہ عذر نہ کرو
هم هرگز نهيں مانتے کے - خدا نے هم کو تمهاري خبر دي
هے - اور خدا اور اُس کا رسول تمهارے کام ديکهينگے - پهر تم
غيب اور ظاهر کي باتيں جانتے والے (خدا) کي طرف پهيرے
جاؤگے تب وه تم کو تمهارے کاموں کي خبر ديگا - [٩٥] جب
تم ان کي طرف پهر جاؤگے تو يهہ لوگ ضرور تمهارے
سامنے خدا کي قسميں کهائينگے تا کہ تم اُن سے چشم پوشي
کرو - تو تم اُن سے منهہ پهير لو - يهہ لوگ پليد هيں - اور
اُن کا ٹهکانا جهنم هے - يهہ جزا هے اُن کي کمائي کي -
[٩٦] يهہ تمهارے سامنے قسميں کهائينگے تا کہ تم اُن سے
راضي هو جاؤ - تم اگر راضي بهي هو جاؤ تو خدا بدکار
لوگوں سے راضي نهيں - [٩٧] اعرابي کفر اور نفاق ميں بڑهے
هوئے هيں اور اسي لائق هيں کہ خدا نے جو اپنے رسول پر اُتارا
هے اُسے نہ جانيں اور خدا جاننے والا حکمت والا هے - [٩٨] اور
اعرابيوں ميں کچهہ ايسے بهي هيں جو (خدا کي راه ميں)
خرچ کرنے کو خراج سمجهتے هيں اور تمهارے لئے گردشوں
کے اِنتظار ميں هيں - اُن هي پر گردش بد پڑے - اورخدا سننے
والا اور جاننے والا هے - [٩٩] اور اعرابيوں ميں کچهہ ايسے
بهي هيں جو خدا پر اور روز آخرت پر ايمان رکهتے اور جو کچهہ
خرچ کرتے هيں اُس کو خدا کے حضور کے تقرب اور رسول کي
دعاؤں کا ذريعہ سمجهتے هيں - يهہ اُن کے لئے موجب قربت

هے - خدا اُن کو ضرور اپني رحمت میں داخل کریگا - بے شك
وہ بخشنے والا رحم والا هے -
[۱۰۰] اور مهاجرین اور انصار میں سے جن لوگوں نے سب
سے پہلے سبقت کي اور جن لوگوں نے اُن کي اچھي طرح پیروي
کي خدا اُن سے راضي اور وہ خدا سے راضي اور اُس نے اُن کے لئے
جنت تیار کر رکھي هیں جن کے نیچے سے نہریں جاري هونگي
اور جن میں وہ همیشه همیشه رهینگے - یهي بڑي کامیابي هے -
[۱۰۱] اور جو اعرابي تمهارے اِرد گرد رهتے هیں اُن میں سے
کچھہ منافق هیں اور اهل مدینه میں سے بھي که وہ نفاق پر
اڑے هوئے هیں - تو اُن کو نہیں جانتا - هم اُن کو جانتے هیں -
هم اُن کو ضرور دُهرا عذاب دینگے - پھر وہ بڑے عذاب کي
طرف پھیرے جائینگے - [۱۰۲] اور دوسرے لوگ هیں جنهوں
نے اپنے گناہ کا اِقرار کیا - اُنهوں نے ایك اچھا کام اور ایك بُرا کام
دونوں ملا دیا - شاید خدا اُن کي توبه قبول کر لے - بےشك وہ
بخشنے والا رحم والا هے - [۱۰۳] اُن کے مال کا صدقه لے لیا کر -
که تو اُن کو اُس کے ذریعے سے پاك صاف کرتا هے اور اُن کے لئے
دعا کر - بے شك تیري دعا اُن کے لئے تسکین کي موجب هے -
اور خدا سننے والا اور جاننے والا هے - [۱۰۴] کیا یهہ لوگ
نہیں جانتے که خدا هي اپنے بندوں کي توبه قبول کرتا اور
وهي صدقه لیتا هے ؟ اور یهہ بھي که خدا هي توبه قبول کرنے
والا اور رحم کرنے والا هے ؟ [۱۰۵] اور تو کهہ که تم کام کئے جاؤ -
خدا ضرور تمهارے کام دیکھیگا اور اُس کا رسول اور ایمان
والے بھي - اور تم ضرور اُس غیب اور ظاهر کي باتیں جاننے والے
کي طرف پھیرے جاؤگے - پھر جو کچھہ تم کرتے هو وہ تم کو
اُس کي خبر دیگا - [۱۰۶] اور دوسرے لوگ هیں که خدا کے

حکم کے منتظر هیں کہ یا تو وہ اُن کو عذاب دے اور یا اُن کي
توبہ قبول کرے - اور خدا جاننے والا حکمت والا هے - [۱۰۷] اور
جن لوگوں نے ضرر پہنچانے اور کفر کے لئے اور ایمان والوں میں
تفرقہ ڈالنے اور جن لوگوں نے خدا اور اُس کے رسول سے پہلے
لڑائي کي هے اُن لوگوں کو پناہ دینے کے لئے مسجد بنا لي هے -
اور وہ قسمیں کھائینگے کہ هم نے تو بس بھلائي کرني
چاهي تھي - اور خدا گواہ هے کہ یہہ لوگ جھوتے هیں -
[۱۰۸] تو اُس میں کبھي کھڑا نہ هو - وہ مسجد جس کي
بنیاد پہلے هي روز سے پرهیزگاري پر هے زیادہ ٹھیک هے کہ تو
اُس میں کھڑا هو - اُس میں لوگ هیں جو صاف رهنا پسند
کرتے هیں - ا ر خدا صاف رهنے والوں کو پیار کرتا هے -
[۱۰۹] تو کیا جو شخص خدا کے خوف اور رضامندي پر اپني
عمارت کي بنیاد رکھے وہ بہتر هے یا جو گرنے والي کھائي کے
کنارے پر اپني عمارت کي بنیاد رکھے پھر وہ اُس کو جہنم کي
آگ میں لے گرے ؟ اور خدا ظالموں کو هدایت نہیں کرتا -
[۱۱۰] یہہ اُن کي عمارت جو اُنھوں نے بنائي هے اُن کے دلوں
میں همیشہ شک کا باعث هوگي یہاں تک کہ اُن کے دل ٹکڑے
ٹکڑے هو جائیں - اور خدا جاننے والا اور حکمت والا هے -
[۱۱۱] خدا نے ایمان والوں سے اُن کي جانیں اور اُن کے مال
مول لئے هیں کہ اُن کے بدلے ان کو جنت ملیگي - وہ خدا کي
راہ میں لڑتے اور مارتے اور مارے جاتے هیں - توارت اور اِنجیل
اور قرآن میں یہہ اُس کا سچا وعدہ هے - اور خدا سے بڑھ ک
اپنے عہد کا پورا کرنے والا اور کون هوگا ؟ تو اپنے سودے کي جو
تم نے اُس سے کي هے خوشي مناؤ - اور یہي بڑي کامیابي هے -
[۱۱۲] یہہ لوگ توبہ کرنے والے عبادت کرنے والے (خدا کي

حمد کرنے والے سفر کرنے والے (نماز میں) رکوع اور سجدہ کرنے والے اچھے کام کرنے کو کہنے والے اور برے کاموں سے منع کرنے والے اور خدا کي حدوں کا لحاظ کرنے والے هيں - اور ايمان والوں کو بشارت دے - [۱۱۳] نبي اور ايمان والوں کا کام نهيں کہ وہ مشرکين کے لئے استغفار کريں اگرچہ وہ قرابتي هي هوں بعد اِس کے کہ اُن پر ظاهر هو چکا کہ وہ دوزخ کے رهنے والے هيں - [۱۱۴] اور جو اِبراهيم نے اپنے باپ کے لئے دعاے مغفرت کي تو وہ ايك وعدے کے سبب سے کي جو اُس نے اُس سے کر ليا تها - پهر جب اُس پر ظاهر هو گيا کہ وہ خدا کا دشمن تها تو وہ اُس سے بري‌ذمہ هو گيا - اِبراهيم دردمند اور تحمل والا تها - [۱۱۵] اور خدا ايسا نهيں کہ ايك قوم کو هدايت کرنے کے بعد گمراہ کر دے جب تك اُن پر وہ چيزيں نہ ظاهر کر دے جن سے وہ بچيں - خدا هر چيز کا جاننے والا هے - [۱۱۶] آسمان اور زمين کي سلطنت خدا هي کي هے - وهي زندہ کرتا اور مارتا هے - اور خدا کے سوا تمهارا نہ کوئي حامي هے اور نہ مددگار - [۱۱۷] خدا نے نبي پر رحم کيا اور مهاجرين اور انصار پر جنهوں نے سختي کے وقت اُس کي پيروي کي جب قريب تها کہ اُن ميں سے ايك گروہ کے دل کج هو جائيں - پهر اُس نے اُن پر رحم کيا - وہ اُن پر مهربان اور رحم والا هے - [۱۱۸] اور اُن تين پر بهي جو پيچهے چهوڑے گئے تهے يهاں تك کہ جب اُن پر زمين تنگ هو گئي باوجود اِس کے کہ وہ کشادہ تهي اور اُن کي جانيں بهي اُن پر تنگ هو گئيں اور وہ جان گئے کہ خدا سے اُس کے سوا اور کهيں پناہ نهيں - پهر اُس نے اُن کي توبہ قبول کر لي - تا کہ وہ تائب رهيں - بے شك خدا هي توبہ قبول کرنے والا اور رحم کرنے والا هے -

[١١٩] مومنو - خدا سے ڈرو - اور سچوں کے ساتھہ رهو -
[١٢٠] اهل مدينه اور اُن کے اِرد گرد کے اعرابيوں کو نه چاهئے
تها که رسول خدا کو چهوڑ کر پيچهے رہ جائيں - اور نه يهه
که اُس کي جان کو چهوڑ کر اپني جان کے آرام کو ديکهيں -
يهه اِس لئے هے که اُن کو خدا کي راہ ميں پياس اور محنت اور
بهوك نهيں لگتي - اور نه وہ ايسي چلنے کي جگه جهاں کافروں
کو ناگوار هو چلتے هيں اور نه دشمنوں سے کچهه لے ليتے هيں
مگر ان سب کے بدلے اُن کے لئے عمل نيك لکها جاتا هے - خدا
نيکي کرنے والوں کے اجر کو ضائع نهيں کرتا - [١٢١] اور وہ نهيں
خرچ کرتے تهوڑا هو يا بهت اور نهيں طے کرتے کوئي گهاتي
مگر يهه سب اُن کے لئے لکها هے تاکه خدا اُن کو اُن کے کئے
کي بهترين جزا دے - [١٢٢] اور ايمان والوں کو مناسب نهيں
که سب کے سب نکل پڑيں - هر گروہ سے کيوں نهيں کچهه
لوگ نکل پڑے که وہ دين کو سمجهيں اور جب اپني قوم ميں
پهر جائيں تو اُن کو (خدا سے) ڈرائيں - شايد وہ ڈريں -
[١٢٣] مومنو - کافروں ميں سے جو تمهارے پاس هيں اُن سے
لڑو - اور چاهئے که وہ تم ميں سختي پائيں - اور جان رکهو که
خدا (برے کاموں سے) بچنے والوں کا ساتهي هے - [١٢٤] اور
جب کوئي سورۃ نازل کي جاتي هے تو ان ميں سے کچهه لوگ
کهتے هيں که اس نے تم ميں سے کس کا ايمان بڑها ديا - تو جو
ايمان رکهتے هيں اس نے ان کا ايمان بڑها ديا اور وهي خوش
وقت هيں - [١٢٥] اور جن لوگوں کے دلوں ميں مرض هے تو يهه
اُن کي پليدي پر پليدي بڑهاتي هے اور وہ کافر هي مر گئے -
[١٢٦] کيا وہ نهيں ديکهتے که وہ هر برس ايك بار يا دو بار بلا
ميں گرفتار هوتے هيں ؟ پهر بهي نه توبه کرتے اور نه غور هي

کرتے هیں - [١٢٧] اور جب کوئي سورۃ نازل کي جاتي هے تو یهه
ایک دوسرے کي طرف دیکھتے هیں - (کهتے هیں) کیا تم کو
کوئي دیکھتا هے ؟ پھر منهه پھیر لیتے هیں - خدا نے اُن کے
دلوں کو پھیر دیا اِس لئے کہ وہ لوگ سمجھتے نهیں -
[١٢٨] اب تمهارے پاس تم هي میں سے ایک رسول آیا - اس پر
شاق گزرتا هے کہ تم ایذا میں پڑو - وہ تمهاري بھلائي چاهتا
هے اور ایمان والوں پر مهربان هے - [١٢٩] پھر بھي اگر وہ
پیٹھہ پھیر دیں تو تو کهہ کہ مجکو خدا بس هے - اس کے
سوا کوئي خدا نهیں - میں اسي پر توکل کرتا هوں اور وهي
بڑے عرش کا پروردگار هے -

سورۃ یونس

مکي - ١٠٩ آیتیں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحیم هے

[١] الر - یهه حکمت والي کتاب کي آیتیں هیں - [٢] کیا
لوگوں کو تعجب هوا کہ هم نے اُن هي میں کے ایک شخص
کي طرف وحي بھیجي کہ " لوگوں کو ڈرا اور جو ایمان رکھتے
هیں اُن کو خوش خبري دے - کہ اُن کے پروردگار کے هاں اُن کا
بڑا مرتبه هے " - کافر کهتے هیں کہ یهه تو صاف جادو هے -
[٣] تمهارا پروردگار خدا هے جس نے چهه دن میں آسمان و
زمین بنائے - پھر عرش کي طرف متوجه هوا - اور کام کي
تدبیر کرتا هے - اُس کي اِجازت بغیر کوئي شفاعت کرنے والا
نهیں - یهي خدا تمهارا پروردگار هے - بس اسي کي عبادت
کرو - کیا تم غور نهیں کرتے ؟ [٤] اُسي کي طرف تم سب کو

پهر جانا هے - خدا کا وعده سچ هے - اُسي نے پيدايش شروع
كي - پهر وهي اُس کو دهرائيگا - تا كه جو لوگ ايمان لائے
اور نيك كام كئے اُن كي جزا اِنصاف کے ساتهه دے - اور جنهوں
نے كفر كيا اُن کے لئے كهولتا هوا پاني هے اور دردناك عذاب
اِس لئے كه وه كفر كئے - [٥] وهي هے جس نے سورج کو روشن
بنايا اور چاند کو اُجالا اور اُس كي منزليں مقرر كيں - تا كه
تم برسوں كي گنتي اور حساب جانو - يهه سب خدا نے اپني
مشيئت سے بنايا هے - علم رکهنے والوں کے لئے وه آيتيں مفصل
بيان كرتا هے - [٦] بے شك رات اور دن کے آنے جانے ميں اور
جو كچهه خدا نے آسمان اور زمين ميں پيدا كيا هے اُس ميں
نشانياں هيں اُن لوگوں کے لئے جو (بُرے كاموں سے) بچتے
هيں - [٧] جو لوگ هماري ملاقات كي اُميد نهيں رکهتے
اور دنيا كي زندگي ميں خوش هيں اور اِطمينان کے ساتهه بسر
كرتے هيں اور جو لوگ هماري آيتوں سے غافل هيں - [٨] يهي
لوگ هيں جن کا تهكانا دوزخ كي آگ هے بسبب اُس چيز کے
جو اُنهوں نے كمائي - [٩] جو لوگ ايمان لائے اور نيك كام
كئے اُن کے ايمان کے سبب اُن کا پروردگار اُن کو هدايت كريگا -
كه وه جنت نعيم ميں هونگے جن کے نيچے سے نهريں جاري
هونگي - [١٠] وهاں اُن كي دعا هوگي كه اے خدا تو پاك
هے - اور وهاں اُن كي دعاے خير سلام هوگي - اور اُن كي
آخري دعا يهه كه شكر هے خدا کا جو پروردگار عالم هے -

[١١] اور اگر خدا لوگوں کو جلد بُرائي پهنچائے جس
طرح وه بهلائي کے لئے جلدي كرتے هيں تو اُن كي اجل ضرور
پوري هو گئي هوتي - اور اُن لوگوں کو جو هماري ملاقات كي
اُميد نهيں رکهتے هم اُن كي سركشي ميں بهكتے هوئے چهوڑ

دیتے هیں - [۱۲] اور جب اِنسان کو سختي پهنچتي هے تو لیتے اور بیتهے اور کهڑے هم کو پکارتا هے - پهر جب هم اُس کي سختي اُس سے دور کر دیتے هیں تو وہ چل دیتا هے گویا کہ جو تکلیف اُس کو پهنچي تهي اُس کے لئے اُس نے هم کو پکارا هي نہ تها - زیادتي کرنے والوں کو اسي طرح اُن کے اعمال اچهے دکهائي دیتے هیں - [۱۳] اور تم سے پہلے هم نے کتنے هي قرن هلاك کر ڈالے جب اُنهوں نے ظلم کیا اور اُن کے رسول اُن کے پاس بین دلیلیں لے کر آئے اور اُنهوں نے ایمان نہ لایا - اِسي طرح هم مجرم لوگوں کو سزا دیتے هیں - [۱۴] پهر اُن کے بعد هم نے زمین میں تم کو خلیفہ بنایا تا کہ دیکهیں تم کیسے کام کرتے هو - [۱۵] اور جب هماري بین آیتیں اُن کو پڑهہ کر سنائي جاتي هیں تو جو لوگ هماري ملاقات کي اُمید نہیں رکهتے وہ کہتے هیں کہ اس کے سوا کوئي اور قرآن لے آ یا اسي کو بدل ڈال - تو کہہ کہ میري تو مجال نہیں کہ اپنے جي سے میں اُس کو بدل ڈالوں - میں تو بس اُسي چیز کي پیروي کرتا هوں جو مجهپر وحي کي گئي هے - اگر میں اپنے پروردگار سے سر کشي کروں تو مجهکو بڑے دن کے عذاب کا ڈر هے - [۱۶] تو کہہ کہ اگر خدا چاهتا تو میں یہہ تم کو پڑهہ کر نہ سناتا اور نہ وہ تم کو یہہ بتاتا - اس سے پہلے میں تم هي میں عمر کات چکا هوں - پهر بهي کیا نہیں عقل رکهتے ؟ [۱۷] تو اس سے بڑهہ کر ظالم اور کون هوگا جو خدا پر جهوٹ باندهے اور اُس کي آیتوں کو جهٹلائے - مجرم هرگز نہیں فلاح پانے کے - [۱۸] اور وہ خدا کے سوا اُن چیزوں کي عبادت کرتے هیں جو نہ تو اُن کو ضرر هي پهنچا سکتي هیں اور نہ اُن کو نفع هي پهنچا سکتي هیں - اور وہ کہتے هیں کہ یهي خدا کے هاں

هماري شفاعت كرنے والے هيں - تو كهه كه كيا تم خدا كو اُس چيز كي خبر ديتے هو جو وه آسمان اور زمين ميں نهيں جانتا - وه پاك هے اور اُن كے شرك سے بالاتر هے - [١٩] اور لوگ تو بس ايك هي اُمت تهے - مگر اُنهوں نے اِختلاف كيا - اور اگر تيرے پروردگار كي طرف سے ايك بات نه هو گئي هوتي تو جن چيزوں ميں يهه لوگ اِختلاف كرتے هيں ان كي نسبت فيصله هو گيا هوتا - [٢٠] اور وه كهتے هيں كه اس پر اس كے پروردگار كي طرف سے كوئي نشاني كيوں نهيں اُتاري گئي - تو كهه كه غيب كي بات تو بس خدا هي جانے - تو تم اِنتظار كرو - ميں بهي تمهارے ساتهه اِنتظار كرنے والوں ميں هوں -

[٢١] اور جب هم لوگوں كو رحمت كا مزه چكهاتے هيں بعد اس كے كه اُن كو سختي پهنچي هو تو بس وه فوراً هماري آيتوں سے داؤ پيچ كرتے هيں - تو كهه كه خدا داؤ پيچ ميں سب سے تيز هے - تم جو كچهه داؤ پيچ كرتے هو وه سب همارے بهيجے هوئے لكهتے هيں - [٢٢] وهي هے جو تم كو خشكي اور تري ميں سير كراتا هے يهاں تك كه جب تم كشتيوں ميں هوتے هو اور وه اچهي هوا سے اُن كو ليكر چلتي هيں اور وه اُس سے خوش هوتے هيں اِتنے ميں ان كو هوا كا جهوكا آ ليتا هے اور اُن پر هر طرف سے موجيں آتي هيں اور وه خيال كرتے هيں كه وه ان سے گهر گئے - تو دين ميں خلوص كے ساتهه خدا هي كو پكارتے هيں كه اگر تو هم كو اس سے نجات ديگا تو هم ضرور شكر گزار هونگے - [٢٣] پهر جب وه ان كو نجات ديتا هے تو وه زمين پر اُترتے هي ناحق بهي سركشي كرتے هيں - لوگو تمهاري سركشي تمهاري هي جانوں پر پڑيگي - يهه دُنيا كي زندگي كے فائدے هيں - پهر تو تمهارا ٹهكانا هماري هي طرف هے تو

هم تم کو بتائینگے جو تم کرتے تھے - [۲۴] دنیا کي زندگي کي
مثال تو بس پاني کي سي هے جو هم آسمان سے اُتارتے هیں اور
جس کے ساتھہ زمین کي نباتات جن کو آدمي اور مویشي کھاتے
هیں مل جاتي هیں یہاں تك که جب زمین نے اپنا بناؤ کر لیا اور
مزین هو گئي اور اُس کے لوگوں نے خیال کیا که وہ اُس پر قدرت
رکھتے هیں اِتنے میں رات کو همارا حکم اُس پر آ پڑا - پھر
هم نے اُس کو ایسی کٹی هوئي کر دیا که گویا کل وهاں کچھہ
نه تھا - اسي طرح هم غور کرنے والوں کے لئے آیتیں مفصل بیان
کرتے هیں - [۲۵] اور خدا سلامتي کے گھر کي طرف بلاتا هے
اور جس کو چاهتا هے سیدهي راہ کي هدایت کرتا هے - [۲۶] جن
لوگوں نے نیکي کي اُن کے لئے بھلائي هے اور زیادہ بھي اور اُن کے
منھہ پر نه سیاهي چھائي هوگي اور نه ذلت - یهي لوگ هیں
جو جنت میں رهینگے - وہ اُس میں همیشه رهینگے - [۲۷] اور
جن لوگوں نے برائي کمائي اُن کا بدله ویسي هي برائي هے - اور
اُن پر ذلت چھائي هوگي - اُن کو خدا سے بچانے والا کوئي
نهیں - گویا رات کا کالا ٹکڑا اُن پر اُڑھایا گیا هوگا - یهي
لوگ دوزخ کے رهنے والے هیں - وہ همیشه اُسي میں رهینگے -
[۲۸] اور جس دن هم اِن سب کو اکٹھا کرینگے پھر مشرکوں
سے کهینگے که تم اور تمھارے شریك اپني جگهہ پر کھڑے هو -
پھر هم اُن میں جدائي ڈال دینگے اور اُن کے شریك کهینگے که
تم هماري عبادت نهیں کرتے تھے - [۲۹] پس همارے اور تمھارے
درمیان خدا گواہ هے - هم نے تو تمھاري عبادت کي پروا نه کي -
[۳۰] اس جگهہ هر جي اپنے پهلے کئے هوئے کو آزمائیگا اور وہ
سب خدا کي طرف پھیرے جائینگے جو اُن کا سچا مالك هے
اور جو کچھہ جھوٹ باندھتے تھے وہ اُن سے کھو جائیگا -

[٣١] تو کہہ کہ تم کو آسمان و زمین سے کون رزق دیتا ہے- یا کان اور آنکھوں کا مالک کون ہے ؟ اور کون مردے سے زندہ نکالتا ہے اور کون زندے سے مردہ نکالتا ہے ؟ اور کون کام کي تدبیر کرتا ہے ؟ تو وہ کہتے ہیں کہ خدا- پھر تو کہہ کہ کیا تم (برے کاموں سے) نہیں بچوگے ؟ [٣٢] بس یہي خدا تمھارا سچا پروردگار ہے - اب سچ کے بعد گمراہي کے سوا اور کیا رہا ؟ اور تم کہاں بھرے جاتے ہو ؟ [٣٣] اِسي طرح تیرے پروردگار کي بات فاسق لوگوں پر صادق آئي -کہ یہہ ایمان نہیں لانے کے - [٣٤] تو کہہ کہ تمھارے شریکوں میں کون ہے جو مخلوقات کو شروع میں پیدا کرے اور پھر اُن کو دو بارہ پیدا کرے ؟ تو کہہ کہ خدا ہي مخلوقات کو شروع میں پیدا کرتا ہے پھر ان کو دو بارہ پیدا کرتا ہے - تو تم کہاں بھرے جاتے ہو ؟ [٣٥] تو کہہ کہ تمھارے شریکوں میں سے کون ہے جو سچ کي ہدایت کر سکے ؟ تو کہہ کہ خدا ہي سچ کي ہدایت کرتا ہے - تو کیا جو سچ کي ہدایت کرے وہ زیادہ حق‌دار ہے کہ اُس کي پیروي کي جائے یا جو خود ہدایت نہیں پاتا جب تك اُس کو ہدایت نہ کي جائے ؟ مگر تم کو کیا ہو گیا ہے ؟ کیسے اِنصاف کرتے ہو ؟ [٣٦] اور اِن میں اکثر تو بس گمان کے پیچھے پڑے ہیں - مگر گمان حق کے مقابلے میں کچھہ کام نہیں آنے کا - خدا خوب جانتا ہے جو وہ کرتے ہیں - [٣٧] اور یہہ قرآن ایسا نہیں کہ خدا کے سوا اُس میں کوئي اِفترا کرے - بلکہ یہہ پروردگار عالم کي طرف سے اُس چیز کي تصدیق کرنے والا ہے جو اُس کے پہلے سے ہے اور اُس کتاب کي تفصیل کرنے والا ہے جس میں کچھہ بھي شك نہیں - [٣٨] کیا یہہ کہتے ہیں کہ اُس نے اسے جھوٹ کو بنا لیا ہے ؟ تو کہہ کہ اگر تم سچے ہو

تو اس کي مانند ایك سورۃ لے آؤ اور خدا کے سوا جس کو تم سے
هو سکے بلاؤ - [۳۹] بلکه وہ اُس چیز کو جھٹلاتے هیں جس
کا اُن کو علم نهیں - اور نه جس کي تعبیر اُن کے پاس آئي -
اِسي طرح جو لوگ ان سے پہلے تھے اُنهوں نے بھي جھٹلایا -
مگر دیکھه ظالموں کا انجام کیسا هوا - [۴۰] اور ان میں وہ
بھي هیں جو اس پر ایمان رکھتے هیں اور اُن میں وہ بھي
هیں جو اس پر ایمان نهیں لاتے - مگر تیرا پروردگار فساد کرنے
والوں کو خوب جانتا هے -

[۴۱] اور اگر وہ تجکو جھٹلائیں تو کہه که میرا کیا مجکو
اور تمهارا کیا تم کو ملیگا - تم بري هو اُس چیز سے جو میں کرتا
هوں اور میں بري هوں اُس چیز سے جو تم کرتے هو - [۴۲] اور
ان میں وہ بھي هیں جو تیري بات سنتے هیں - مگر کیا تو
بهروں کو سنائیگا اگرچه بھي وہ عقل نهیں رکھتے ؟ [۴۳] اور
ان میں وہ بھي هیں جو تیري طرف دیکھتے هیں - مگر کیا
تو اندهوں کو هدایت کریگا اگرچه بھي وہ نهیں دیکھتے ؟
[۴۴] بےشك خدا لوگوں پر ظلم نهیں کرتا مگر لوگ هي اپنے
آپ پر ظلم کرتے هیں - [۴۵] اور جس دن وہ اُن کو اِکتھا کریگا
(معلوم هوگا که) گویا وہ بس ایك گھڑي دن تك رهے - اور وہ
ایك دوسرے کو پهچان لینگے - جن لوگوں نے خدا سے ملنے
کو جھٹلایا وہ خسارے میں رهے - اور وہ هدایت نه پائے -
[۴۶] اور اگر هم تجکو دکھلائیں جو هم نے اُن سے وعدہ
کیا هے یا تیري روح قبض کر لیں تو بھي اُن کو هماري هي
طرف پھر آنا هے - پھر خدا گواہ هے اس چیز پر جو وہ کرتے
هیں - [۴۷] اور هر اُمت کا ایك رسول هوتا هے - تو جب اُن کا
رسول آجائیگا تو ان میں اِنصاف کے ساتھه فیصله هو جائیگا

اور اُن پر ظلم نه هوگا - [٤٨] اور وه کهتے هيں که اگر تم
سچے هو تو يهه وعده کب پورا هوگا ؟ [٤٩] تو کهه که ميں
اپني جان کے بهي ضرر اور نفع کا مالك نهيں مگر جو خدا
چاهے - هر ايك اُمت کا ايك وقت مقرر هے - جب اُن کا وقت
آ پهنچا تو نه وه ايك گهڑي بهي پيچهے ره سکتے اور نه آگے
نکل سکتے هيں - [٥٠] تو کهه که کيا تم نے (غور کيا اور)
ديکها که اگر اُس کا عذاب رات کے وقت تم پر آ جاے يا دن هي
کے وقت تو مجرم اُس کي کيوں جلدي کر رهے هيں ؟ [٥١] کيا
پهر جب يهه واقع هوگا تو تم اُس پر ايمان لاؤگے ؟ "کيا اب
(ايمان لائے) حالانکه تم اُس کي جلدي کرتے تهے ؟" [٥٢] پهر
ظالموں سے کها جائيگا که هميشه کے عذاب کا مزه چکهو - تم کو
تو بس تمهاری کمائي کي جزا مليگي - [٥٣] اور وه تجهه سے
پوچهتے هيں که کيا يهه سچ هے ؟ تو کهه که هاں - ميرے
پروردگار کي قسم يهه بلا شبهه ٹهيك هے - اور تم (خدا کو) عاجز
نهيں کر سکتے -

[٥٤] اور اگر جو کچهه دنيا ميں هے وه هر ظلم کرنے والے
جي کا هو جائے وه ضرور اُس کو فديه ميں ديگا - اور جب وه
عذاب ديکهينگے وه (اپني) ندامت کو چهپائينگے اور اُن ميں
انصاف کے ساتهه فيصله کر ديا جائيگا - اور اُن پر ظلم نه هوگا -
[٥٥] کيا جو کچهه آسمان اور زمين ميں هے وه خدا کا نهيں ؟
کيا خدا کا وعده سچ نهيں ؟ ليکن ان ميں اکثر علم
نهيں رکهتے - [٥٦] وهي زنده کرتا اور مارتا هے اور اُسي کي
طرف تم کو پهر جانا هے - [٥٧] لوگو - تمهارے پروردگار کي
طرف سے تمهارے پاس نصيحت آ چکي اور دل کي باتوں کي
دوا - اور ايمان والوں کے لئے هدايت اور رحمت - [٥٨] تو کهه

که خدا کے فضل اور اُس کي رحمت سے یهه حال هے - پس
چاهئے که اس سے خوش هوں - یهه اُن کي جمع سے بهتر هے -
[۵۹] تو کهه که کیا تم نے (غور کیا اور) دیکها خدا نے تمهارے
لئے رزق اُتارا هے پهر اُس کو تم حرام اور حلال کرتے هو ؟ تو کهه
که کیا خدا نے تم کو اِجازت دي هے یا تم خدا پر جهوت
باندهتے هو ؟ [۶۰] اور جو لوگ خدا پر جهوت باندهتے
هیں وہ روز قیامت کو کیا خیال کرتے هیں ؟ بے شك خدا لوگوں
پر بڑا فضل کرنے والا هے لیکن ان میں اکثر شکر نهیں کرتے -
[۶۱] اور تو کسي حال میں هو اور قرآن کي کچهه بهي
پڑهه کر سنائے اور تم لوگ کوئي کام کرتے هو تو هم تم پر اس
کام میں مشغول هونے کے وقت گواہ هوتے هیں - اور تیرے پروردگار
سے آسمان اور زمین میں ذرہ بهر بهي نهیں چهپتا اور نه
اس سے چهوٹا اور نه بڑا مگر وہ صاف صاف لکها هوا هے -
[۶۲] بے شك خدا کے دوستوں پر نه تو خوف هوگا اور نه وہ
غمگین هونگے - [۶۳] جو لوگ که ایمان رکهتے اور (بُرے
کاموں سے) بچتے هیں - [۶۴] ان کے لئے اس دنیا اور آخرت
میں خوش خبري هے - خدا کي بات میں کوئي تبدیلي نهیں -
یهي تو بڑي کامیابي هے - [۶۵] اور اُن کي باتیں تجکو غمگین
نه کریں - بے شك ساري بڑائي تو خدا کي هے - وهي سننے والا
اور جاننے والا هے - [۶۶] کیا جو کوئي آسمان اور جو کوئي
زمین میں هیں خدا هي کے نهیں ؟ اور جو لوگ خدا کے سوا
شریکوں کو پکارتے هیں وہ کس چیز کي پیروي کرتے هیں ؟ وہ
تو بس گمان کے پیچهے پڑے هیں اور وہ صرف اٹکل کرتے هیں -
[۶۷] وهي هے جس نے تمهارے لئے رات بنایا تا که تم کو اس
میں آرام هو اور دن بنایا دکهلانے کو - بے شك اس میں بات

سننے والوں کے لئے نشانیاں هیں - [۶۸] وہ کہتے هیں کہ
خدا نے بیٹا بنا رکھا ھے - وہ پاك ھے - وہ بے پروا ھے - اُسي کا
ھے جو کچھہ آسمان اور جو کچھہ زمین میں ھے - تمھارے
پاس شرك کي کوئي دلیل تو نہیں ھے - تو کیا خدا کي نسبت
ایسي باتیں کرتے هو جس کا تم کو علم نہیں؟ [۶۹] تو کہہ کہ
بے شك جو لوگ خدا پر جھوٹ باندھتے هیں وہ فلاح نہیں
پانے کے - [۷۰] اُن کے لئے بس دُنیا میں سامان هیں - پھر تو
وہ هماري هي طرف پھر آئینگے - پھر هم اُن کو سخت عذاب
کا مزہ چکھائینگے اِس لئے کہ اُنھوں نے کفر کیا -

[۷۱] اور اُن کو نوح کي خبر پڑھہ کر سنا دے کہ جب
اُس نے اپني قوم سے کہا کہ اے میري قوم اگر میرا رهنا اور
خدا کي آیتیں یاد دلانا تم پر گراں گزرتا ھے تو میں تو خدا
هي پر توکل کرتا هوں - بس تم اور تمھارے شریك ایك بات پر
قائم هو جاؤ پھر تمھاري بات تم پر چھپي نہ رھے پھر میرے
ساتھہ اپني بات کر چکو اور مجھکو مہلت نہ دو - [۷۲] پھر
اگر تم پیٹھہ پھیرو تو میں نے تم سے کوئي اجر تو مانگا نہیں -
میرا اجر تو بس خدا هي پر ھے - اور مجھکو حکم دیا گیا ھے کہ
میں مسلمان رهوں - [۷۳] پھر اُنھوں نے اُس کو جھٹلایا تو
هم نے اُس کو اور جو لوگ اُس کے ساتھہ کشتي میں تھے اُن سب
کو بچا لیا اور اُن کو جانشین بنایا اور جن لوگوں نے هماري
آیتوں کو جھٹلایا هم نے اُن کو غرق کر دیا - تو دیکھہ کہ جو
لوگ ڈرائے گئے تھے اُن کا کیسا انجام هوا - [۷۴] پھر اس کے
بعد هم نے دوسرے رسولوں کو اُن کي قوم کي طرف بھیجا -
تو یہہ اُن کے پاس بین دلیلیں لیکر آئے پھر بھي یہہ لوگ
اُس چیز پر ایمان نہیں لائے جس کو یہہ پہلے جھٹلا چکے تھے -

اِسي طرح هم زيادتي كرنے والوں کے دلوں پر مہر كر دیتے هیں - [۷۵] پھر اُن کے بعد هم نے موسیٰ اور هارون کو اپني آیتوں کے ساتھہ فرعون اور اُس کے سرداروں کے پاس بھیجا - تو اُنھوں نے تکبر کیا اور وہ لوگ مجرم تھے هي - [۷۶] تو جب اُن کے پاس هماري طرف سے سچ آ پہنچا تو وہ کہنے لگے کہ یہہ تو بس صریح جادو هے - [۷۷] موسیٰ نے کہا کہ کیا جب تمھارے پاس سچ آ چکا تو اُس کي نسبت یہہ کہتے هو ؟ کیا یہہ جادو هے ؟ اور جادوگر تو فلاح نہیں پانے کے - [۷۸] اُنھوں نے کہا کہ کیا تو همارے پاس اِس لئے آیا هے کہ هم کو اس چیز سے پھیر دے جس پر هم نے اپنے باپ دادوں کو پایا ؟ اور تا کہ ملك میں تم دونوں بڑے هو ؟ مگر هم تو تم پر ایمان نہیں لانے والے - [۷۹] اور فرعون نے کہا کہ هر ایك هوشیار جادوگر کو میرے پاس لاؤ - [۸۰] پھر جب جادوگر آ گئے تو موسیٰ نے اُن سے کہا کہ تم کو جو کچھہ ڈالنا هے ڈالو - [۸۱] تو جب اُنھوں نے ڈالدیا تو موسیٰ نے کہا کہ تم نے جو لایا هے وہ جادو هے - خدا ضرور اُس کو باطل کریگا - بے شك خدا مفسدوں کا کام سدھرنے نہیں دیتا - [۸۲] اور خدا اپني بات سے سچ کو سچ کر دکھائیگا حالانکہ مجرموں کو ناگوار هي هو -

[۸۳] مگر موسیٰ پر تو بس اسي کي قوم کي اولاد ایمان لائي - وہ بھي فرعون اور اُس کے سرداروں سے ڈرتے ڈرتے کہ وہ اُن کو بلا میں نہ ڈالیں - اور فرعون تو ملك میں بہت بڑھا هوا تھا - اور وہ زیادتي کرنے والوں میں تھا - [۸۴] اور موسیٰ نے کہا کہ اے میري قوم اگر تم خدا پر ایمان رکھتے هو تو اُسي پر توکل کرو اگر تم مسلمان هو - [۸۵] اُنھوں نے کہا کہ هم خدا هي پر توکل کرتے هیں - اے همارے پروردگار هم پر

اس ظالم قوم كا زور نه آزما - [٨٦] اور اپني رحمت سے هم كو
اِن كافر لوگوں سے بچا - [٨٧] اور هم نے موسىٰ اور اُس كے بهائي
كي طرف وحي بهيجي كه مصر ميں اپنے لوگوں كے گهر بنا لو اور
اپنے گهروں كو رو به قبله بناؤ اور نماز پر قائم رهو اور (اے نبي)
تو ايمان والوں كو خوش خبري دے - [٨٨] اور موسىٰ نے كها
كه اے همارے پروردگار تونے فرعون اور اُس كے سرداروں كو دُنيا
كي زندگي ميں آرايش اور مال دے ركها هے - اے همارے
پروردگار (يهه اِس لئے هے) كه وه تيري راه سے لوگوں كو گمراه كريں -
اے همارے پروردگار اُن كے مال مليا ميت كر دے اور اُن كے دلوں
كو سخت كر دے كه يهه لوگ نه ايمان لائيں يهاں تك كه وه
درد ناك عذاب ديكهيں - [٨٩] فرمايا كه تمهاري دعا قبول
هوئي - بس تم (حق پر) قائم رهو اور جو لوگ علم نهيں
ركهتے انكي راه كي پيروي نه كرو - [٩٠] اور هم نے بني اِسرائيل
كو دريا پار كر دِيا تو فرعون اور اُس كي فوج سركشي اور دشمني
سے ان كے پيچهے چلي يهاں تك كه جب وه غرق هونے لگا تو
اُس نے كها كه ميں ايمان لايا اُس چيز پر جس پر بني اِسرائيل
ايمان لائے هيں - اس كے سوا اور كوئي خدا نهيں - اور ميں
مسلمان هوں - [٩١] "كيا اب (تو ايمان لايا) جب تونے پهلے
سركشي كي اور مفسد رها ؟ [٩٢] تو آج تيرے بدن كو هم
بچا دينگے تا كه تو اپنے بعد آنے والوں كے لئے ايك نشان هو "-
اور بهتيرے لوگ هماري آيتوں سے بے پروا هيں -

[٩٣] اور هم نے بني اِسرائيل كو ايك راستي كي جگه
دي اور اُن كو اچهي چيزيں ديں مگر اُنهوں نے تو جان كر بهي
اِختلاف كيا - بے شك تيرا پروردگار قيامت كے دن ان باتوں كا
فيصله كر ديگا جن كي نسبت وه اِختلاف كئے - [٩٤] اور اگر

تجکو اس چیز میں شك ہے جو ہم نے تجپر نازل کي ہے تو ان لوگوں سے پوچھہ جو تجسے پہلے سے کتاب پڑھتے ہیں - اب تو تیرے پروردگار کي طرف سے حق آچکا پس تو شك کرنے والوں میں نہ ہو - [۹۵] اور نہ اُن لوگوں میں سے ہو جو خدا کي آیتوں کو جھٹلاتے ہیں - ور نہ تو خسارہ اُٹھانے والوں میں ہو جائیگا - [۹۶] جن لوگوں پر تیرے پروردگار کي بات سچي ثابت ہو چکي ہے وہ تو ایمان نہیں لانے کے [۹۷] اگرچہ بھي اُن کے پاس ساري نشانیاں آجائیں یہاں تك کہ وہ دردناك عذاب بھي دیکھیں - [۹۸] پھر کیوں نہ ہوئي کوئي بستي کہ ایمان لاتي اور اُن کو اُن کا ایمان نفع دیتا مگر قوم یونس کہ جب وہ ایمان لائي تو ہم نے دنیا کي زندگي میں ان سے رسوائي کا عذاب دور کیا اور اُن کو ایك وقت تك ساز و سامان دئے - [۹۹] اور اگر تیرا پروردگار چاہتا تو جو کوئي دنیا میں ہیں وہ سب کے سب ایمان لاتے - تو کیا تو لوگوں کو زبردستي کریگا یہاں تك کہ وہ ایمان لائیں ؟ [۱۰۰] اور کوئي جي ایمان نہیں لانے کا مگر خدا کے حکم سے - اور جو لوگ عقل نہیں رکھتے اُن پر وہ پلیدي ڈالتا ہے - [۱۰۱] تو کہہ کہ دیکھو کیا کچھہ آسمان اور زمین میں ہے - اور جو لوگ ایمان نہیں لاتے نشانیاں اور ڈرانے والے اُن کے کوئي کام نہیں آتے - [۱۰۲] تو کیا یہہ ویسي ہي گردشوں کے منتظر ہیں جیسي اُن سے اگلوں پر گزر چکي ہیں ؟ تو کہہ کہ تم اِنتظار کرو - میں بھي تمہارے ساتھہ منتظر رہتا ہوں - [۱۰۳] پھر ہم اپنے رسولوں کو بچا لیتے ہیں اور اِسي طرح اُن لوگوں کو بھي جو ایمان رکھتے ہیں - ایمان والوں کا بچا لینا تو ہم پر لازم ہے -

[۱۰۴] تو کہہ کہ اے لوگو اگر تم کو میرے دین کي نسبت شك هے تو خدا کے سوا تم جن کي عبادت کرتے هو میں اُن کي عبادت نهیں کرتا بلکه میں خدا کي عبادت کرتا هوں جو تمهاري روح قبض کرتا هے - اور مجکو حکم دیا گیا هے که میں ایمان والوں میں هوں - [۱۰۵] اور یهه بهي که دین کي طرف سیدها اپنا رخ کر- اور مشرکوں میں نه هو - [۱۰۶] اور خدا کے سوا اُس چیز کو نه پکار جو نه تجکو نفع دے اور نه نقصان- اور اگر تونے ایسا کیا تو اس وقت تو ظالموں میں هوگا - [۱۰۷] اور اگر خدا تجکو کوئي نقصان پهنچائے تو اُس کے سوا کوئي اُس کا دور کرنے والا نهیں - اور اگر تیري بهلائي کرنا چاهے تو اُس کے فضل کو پهیرنے والا کوئي نهیں - اپنے بندوں میں سے جس کو چاهے وہ فضل دیتا هے - اور وهي بخشنے والا رحم والا هے - [۱۰۸] تو کہہ که اے لوگو اب تمهارے پروردگار کي طرف سے حق آ چکا تو جس نے هدایت پائي وہ اپنے هي لئے هدایت پاتا هے اور جو گمراہ هوا وہ تو بس اپنے هي لئے - اور میں تو تم پر داروغه نهیں - [۱۰۹] اور اُس چیز کي پیروي کر جو تیري طرف وحي کي جاتي هے اور صبر کر یہاں تك که خدا فیصله کر دے - اور وهي سب سے اچها فیصله کرنے والا هے -

سورۂ هود

مکي - ۱۲۳ آیتیں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحیم هے

[۱] الر - یهه کتاب هے که جس کي آیتیں مستحکم اور پهر حکمت والے اور خبر رکهنے والے (خدا) کي طرف سے مفصل

بیان کي گئي هیں - [۲] که خدا کے سوا کسي کي عبادت نه
کرو - میں تم کو اِس بات سے ڈرانے والا اور خوش خبري دینے والا
هوں - [۳] اور یهه بهي که اپنے پروردگار سے بخشش مانگو -
اور پهر اُس کے سامنے توبه کرو - وه تم کو ایك وقت مقرر تك
اچهے ساز و سامان دیگا اور هر ثواب والے کو اس کا ثواب دیگا -
اور اگر تم پیٹهه پهیر لو تو میں تمهارے لئے بڑے دن کے
عذاب سے ڈرتا هوں - [۴] تمهارا ٹهکانا خدا هي کي طرف
هے - اور وه هر چیز پر قادر هے - [۵] یهه لوگ اپنے سینوں کو
دهرائے هوئے هیں تا که اُس سے چهپیں - جب یهه اپنے کپڑے
اُوڑهتے هیں تو بهي وه جانتا هے جو کچهه وه چهپاتے هیں اور
جو کچهه وه ظاهر کرتے هیں - بے شك وه سینوں کي باتیں
خوب جانتا هے - ¶ [۶] اور زمین میں کوئي چلنے والا نهیں
مگر اس کا رزق خدا هي کے ذمه هے - اور وه اس کے قرار کي جگه
اور اس کے سونپے جانے کي جگه جانتا هے - سب کچهه صاف
کتاب میں هے - [۷] اور وهي هے جس نے چهه دن میں آسمان
اور زمین بنائے اور اس کا عرش پاني پر تها تا که تم کو آزمائے که
تم میں سے کون کام کے اِعتبار سے بڑها هے - اور اگر تو کہے که موت
کے بعد تم کو پهر اُٹهنا هے تو کافر ضرور کهینگے که یهه تو بس
صاف جادو هے - [۸] اور اگر هم گنتي کے چند روز تك ان سے
عذاب ٹههرا بهي دیں تو وه کهینگے که کس چیز نے اس کو روك
رکها هے جس دن اُن پر آپڑیگا اُن پر سے کوئي ٹالنے والا نه
هوگا - اور جس سے یهه لوگ ٹهٹها کرتے تهے وه ان کو گهیر لیگا -
[۹] اور اگر هم اِنسان کو اپني رحمت کا مزه چکهائیں
پهر اس کو اُس سے چهین لیں تو وه نااُمید اور ناشکر هو جاتا
هے - [۱۰] اور اگر هم اُس کو نعمت کا مزه چکهائیں بعد اس کے

که اس کو تکلیف پهنچي هو تو وه کهتا هے که مجهسے بُرائیاں
دور هوئیں - وه واقعي خوش هو جانے والا اور شیخي کرنے والا
هے - [١١] مگر جو لوگ صبر کرتے اور نیك کام بهي کرتے هیں -
یهي هیں جن کے لئے بخشش اور بڑا اجر نیك هے - [١٢] تو
شاید تو بعض باتیں جو تجهپر نازل کي گئي هیں چهوڑ دینا
چاهتا هے اور اُس کي وجه سے تنگ دل هوتا هے که وه نه کهیں
که اس پر کوئي خزانه کیوں نه اُتارا گیا یا اس کے ساتهه کوئي
فرشته کیوں نهیں آیا ؟ تو تو بس ڈرانے والا هے - اور خدا هر
چیز پر نگهبان هے - [١٣] کیا وه کهتے هیں که اس نے اس کو
جهوت باندهه لیا هے ؟ تو کهه که اگر تم سچے هو تو تم بهي
اسي کے مانند دس سورتیں بنا کر لاؤ اور خدا کے سوا جس کو
تم بلا سکو بلاؤ - [١٤] اور اگر یهه تمهاري بات کا جواب نه
دیں تو جان رکهو که وه خدا کے علم سے اُتارا گیا هے اور یهه
بهي که اس کے سوا کوئي خدا نهیں - تو کیا تم مسلمان هوتے
هو ؟ [١٥] جو کوئي دنیا کي زندگي اور اس کي آرایش چاهے
هم ایسوں کو اُن کے عملوں کا بدله یهیں پورا پورا دینگے اور اُن
کو اس میں کوئي کمي نه کي جائیگي - [١٦] یهي لوگ هیں
جن کے لئے آخرت میں جهنم کي آگ کے سوا اور کچهه نهیں اور
جو کچهه ان لوگوں نے یهاں جهوٹي باتیں بنائیں وه سب کهو
گئیں اور ان کے کئے سب باطل هوئے - [١٧] تو کیا جو شخص
اپنے پروردگار کے بین حکم پر هو اور اُس کے پیچهے پیچهے اُس کي
طرف سے ایك گواه بهي هو - اور اُس سے پهلے موسیٰ کي کتاب
هو جو راه دکهانے والي اور رحمت هے یهي لوگ تو اس پر ایمان
رکهتے هیں - اور اور گروهوں میں جو اس سے کفر کئے تو ان کا
ٹهکانا جهنم کي آگ هے - پس اس کے بارے میں شك نه کر -

بے شك یهہ تیرے پروردگار کي طرف سے سچ هے لیکن اکثر لوگ
ایمان نهیں رکھتے - [١٨] اور اُس سے بڑھہ کر کون ظالم هوگا
جو خدا پر جهوت باندهے - یهہ لوگ اپنے پروردگار کے روبرو لائے
جائینگے - اور گواہ کهینگے کہ یهي لوگ هیں جو اپنے پروردگار
پر جهوت بولا کرتے تھے - ظالموں پر خدا کي لعنت ضرور هے -
[١٩] جو خدا کي راہ سے لوگوں کو روکتے اور اُس کو کجہ کرنا
چاهتے اور آخرت سے کفر کرتے هیں - [٢٠] یهہ لوگ نہ دنیا
هي میں (خدا کو) عاجز کر سکتے اور نہ خدا کے سوا ان کا
کوئي حامي هے - ان کو دُگنا عذاب هوگا - نہ یهہ سن سکتے
تھے اور نہ یهہ دیکهہ سکتے تھے - [٢١] یهي لوگ هیں جنهوں
نے آپ خسارہ اُتهایا - اور جو کچهہ وہ جهوت باندهتے رهے
وہ سب اُن سے کهو گیا - [٢٢] اس میں شك نهیں کہ وہ آخرت
میں سب سے زیادہ خسارہ اُتهانے والے هیں - [٢٣] جو لوگ
ایمان لائے اور نیك کام بهي کئے اور اپنے پروردگار کے آگے عاجزي
کي - یهي لوگ جنت کے رهنے والے هیں - وہ اس میں همیشہ
رهینگے - [٢٤] ان دو فریقوں کي مثال اندهے اور بهرے اور
دیکهنے والے اور سننے والے کي سي هے - کیا یهہ دونوں مثال
میں برابر هیں ؟ کیا تم غور نهیں کرتے ؟

[٢٥] اور هم نے نوح کو اُس کي قوم کي طرف بهیجا -
(اُس نے کها) میں تم کو (خدا کے عذاب سے) صاف صاف ڈرانے
والا هوں [٢٦] (اور) یهہ کہ خدا کے سوا کسي کي عبادت نہ
کرو - میں تمهارے لئے ایك درد ناك دن کے عذاب سے ڈرتا هوں -
[٢٧] تو اُس کي قوم کے سردار جو کافر تھے کهنے لگے کہ هم تو
تجهکو همارے هي جیسے آدمي دیکهتے هیں - اور هم دیکهتے
هیں کہ همارے رذالے هي تیري پیروي کرتے هیں وہ بهي محض

بادي‌النظر - اور هم تم میں اپنے اوپر کوئي فضیلت نهیں دیکھتے - بلکه هم تم کو جھوٹا خیال کرتے هیں - [۲۸] اُس نے کها اے میري قوم کیا تم نے (غور کیا.اور) دیکھا که اگر میں اپنے پروردگار کے صاف حکم پر هوں اور اُس نے مجکو اپني طرف سے رحمت دي هو اور وه تم کو نه سوجھے تو کیا هم اُس (رحمت) کو تم پر لگا دیں حالانکه تم کو یهه نا گوار هي هو ؟ [۲۹] اور اے میري قوم میں تم سے اس کے لئے کوئي مال نهیں مانگتا - میرا اجر تو بس خدا کے هاں هے اور نه میں اُن لوگوں کو هنکا دونگا جو ایمان رکھتے هیں - وه بے شك اپنے پروردگار سے ملنے والے هیں - مگر میں دیکھتا هوں که تم ایك جاهل قوم هو - [۳۰] اور اے میري قوم اگر میں اُن کو هنکا دوں تو خدا کے مقابلے میں میري کون مدد کریگا ؟ کیا تم غور نهیں کرتے ؟ [۳۱] اور میں تم سے نهیں کهتا که خدا کے خزانے میرے پاس هیں اور نه یهه که میں غیب کي باتیں جانتا هوں - اور نه میں کهتا هوں که میں فرشته هوں اور نه اُن لوگوں کے بارے میں جو تمهاري آنکھوں میں حقیر هیں میں کهتا هوں که خدا ان لوگوں کو هرگز بھلائي نه دیگا - خدا خوب جانتا هے جو کچھه ان کے دلوں میں هے - (اگر میں زیادتي کروں) تو میں بھي ظالم لوگوں میں هو جاؤنگا - [۳۲] اُنهوں نے کها اے نوح تونے هم سے جھگڑا کیا اور بهت جھگڑا کیا - تو اگر تو سچا هے تو جو تو هم سے وعده کرتا هے همارے پاس لے آ - [۳۳] اس نے کها که خدا هي اس کو لے آئیگا اگر وه چاهے اور تم (اُس کو) عاجز نهیں کر سکتے - [۳۴] اور اگر میں تم کو نصیحت کرنا چاهوں تو بھي اگر خدا چاهے که تم کو گمراه کر دے تو میري نصیحت تم کو فائده نهیں دے سکتي - وهي

تمهارا پروردگار هے اور تم اُسي کي طرف پهيرے جاؤگے۔ [۳۵] کيا يهه کهتے هيں که اس نے اس کو جهوت بنا ليا هے ؟ تو کهه که اگر ميں نے اس کو جهوت بنا ليا هے تو ميرا گناه مجهپر پڑيگا اور تم جو گناه کرتے هو ميں اُس سے بري ذمه هوں -

[۳۶] اور نوح کي طرف وحي کي گئي که تيري قوم ميں جو لوگ ايمان لاچکے هيں ان کے سوا اور کوئي ايمان نهيں لانے کا - پس ان کے کئے کے لئے تو غم نه کها - [۳۷] اور هماري نظر کے سامنے اور هماري وحي کے مطابق کشتي بنا - اور ظالموں کے لئے مجهکو خطاب نه کر - وه سب ڈبائے جائينگے - [۳۸] اور نوح نے کشتي بنائي - اور جب کبهي اُس کي قوم کے سردار اس کے پاس سے گزرتے تو وه اس سے ٹهٹها کرتے - وه کهتا که اگر تم هم سے ٹهٹها کرتے هو تو هم بهي تم سے ٹهٹها کرينگے جيسے تم ٹهٹها کرتے هو - [۳۹] عنقريب تم کو معلوم هوجائيگا که کس پر عذاب آتا هے جو اُس کو رسوا کريگا اور کس پر عذاب دائمي آپڑتا هے - [۴۰] يهاں تك که جب همارا حکم آيا اور تنور نے جوش مارا - تو هم نے کها که اس ميں هر قسم ميں سے دو دو کے جوڑے اور اپنے لوگوں کو سوا اس کے جس کي نسبت پهلے بات هوچکي هے اور اُن لوگوں کو بهي جو ايمان رکهتے هيں چڑها لے - اور اس کے ساتهه محض تهوڑے هي لوگ ايمان لائے تهے - [۴۱] اور نوح نے کها که اس ميں خدا کا نام لے کر سوار هو که اُسي سے هے اِس کا چلنا اور تهمنا - بے شك ميرا پروردگار بخشنے والا اور رحم والا هے - [۴۲] اور وه اُن کو لئے پهاڑ کي طرح موجوں ميں چلي - اور نوح نے اپنے بيٹے کو پکارا که وه کنارے پر تها اے ميرے بيٹے همارے ساتهه سوار هولے

اور کافروں کے ساتھہ نہ رہ - [۴۳] وہ بولا کہ میں ابھي کسي
پہاڑ پر پناہ لیتا هوں کہ وہ مجکو پاني سے بچائیگا - اُس نے
کہا کہ آج کے دن خدا کے حکم سے کوئي بچانے والا نہیں مگر
جس پر وهي رحم کرے - اِتنے میں دونوں کے درمیان ایك موج
آ حائل هوئي - پس وہ ڈوبنے والوں میں هو گیا - [۴۴] اور کہا
گیا کہ اے زمین اپنا پاني نگل جا اور اے آسمان بس کر - اور
پاني خشك هو گیا اور حکم پورا هوا اور کشتي جودي پہاڑ پر
ٹھہر گئي - اور کہا گیا کہ ظالموں پر (خدا کي) مار - [۴۵] اور
نوح نے اپنے پروردگار کو پکارا اور کہا کہ اے میرے پروردگار میرا
بیٹا میرے لوگوں میں سے هے اور بے شك تیرا وعدہ سچ هے اور تو
حکم کرنے والوں میں سب سے بہتر هے - [۴۶] فرمایا اے نوح
وہ تیرے لوگوں میں سے نہیں - اس کے عمل اچھے نہیں - پس
جس بات کا تجکو علم نہیں مجسے اس کا سوال نہ کر - میں
تجکو نصیحت کرتا هوں کہ تو جاهل نہ بن - [۴۷] بولا اے
میرے پروردگار میں تیري پناہ لیتا هوں کہ جس بات کا مجکو
علم نہیں اس کا تجسے سوال کروں - اور اگر تو مجکو نہ
بخشے اور مجپر رحم نہ کرے تو میں ضرور خسارہ اُٹھانے
والوں میں سے هونگا - [۴۸] کہا گیا کہ اے نوح هماري طرف
سے سلامتي اور برکت کے ساتھہ اُتر کہ یہہ تجپر اور تیرے ساتھہ
والوں پر رهے - اور لوگ بھي هونگے جن کو هم فائدہ
پہنچائینگے - پھر هماري طرف سے اُن کو دردناك عذاب
پہنچیگا - [۴۹] یہہ غیب کي باتیں هیں جو هم تیري
طرف وحي کرتے هیں - تو یہہ نہ جانتا تھا نہ تو اور نہ تیري
قوم اس سے پہلے - پس صبر کر - عاقبت تو پرهیزگاروں هي کے
لئے هے -

[۵۰] اور عاد کي طرف (هم نے) اُن کے بهائي هود کو (بهيجا) - اُس نے کہا که اے ميري قوم خدا کي عبادت کرو - اُس کے سوا تمهارا کوئي خدا نہيں - تم تو محض جهوت باتيں بنا ليتے هو - [۵۱] اے ميري قوم - ميں تم سے اس کے لئے کوئي اجر نہيں مانگتا - ميرا اجر تو اُسي پر هے جس نے مجکو پيدا کيا - پهر بهي کيا تم کو عقل نہيں ؟ [۵۲] اور اے ميري قوم اپنے پروردگار سے استغفار کرو پهر اُس کے حضور ميں توبه کرو که وه تم پر برسنے والا مينهه بهيج ديگا - اور تمهاري قوت کو اور بڑها ديگا - اور مجرم هوکر نه پهر جاؤ - [۵۳] وه بولے اے هود تونے همارے پاس کوئي بين دليل نہيں لائي - اور هم تيري بات پر اپنے معبودوں کو نہيں چهوڑنے والے - اور هم تجکو نہيں ماننے کے - [۵۴] هم تو بس کہينگے که همارے معبودوں ميں سے کسي نے تجهے برائي سے آسيب پہنچايا هے - بولا ميں خدا کو شاهد کرتا هوں اور تم شاهد رهو که تم جو شرک کرتے هو ميں اس سے بري هوں [۵۵] سوا اس کے - تو تم سب مجسے مکر کرو اور مجکو مہلت نه دو - [۵۶] ميں نے خدا پر توکل کيا جو ميرا پروردگار اور تمهارا پروردگار هے - کوئي چلنےوالا جانور ايسا نہيں که اس کي چوتي اُس کے قبضے ميں نه هو - ميرا پروردگار سيدهي راه پر هے - [۵۷] تو اگر تم پهر جاؤ تو جس چيز کو ليکر ميں تمهارے پاس بهيجا گيا هوں ميں نے وه تم کو پہنچا ديا - اور ميرا پروردگار تمهارے سوا دوسرے لوگوں کو جانشين کر ديگا - اور تم اس کو کچهه بهي ضرر نہيں پہنچا سکتے - ميرا پروردگار هر چيز پر نگهبان هے - [۵۸] اور جب همارا حکم آگيا تو هم نے اپني رحمت سے هود کو اور اُن لوگوں کو جو اُس کے ساتهه ايمان رکهتے تهے بچا ليا - اور هم نے

اُن کو سخت عذاب سے بچا لیا - [۵۹] اور یہہ عاد تھے کہ
اُنھوں نے اپنے پروردگار کي آیتوں سے اِنکار کیا اور اُس کے رسولوں
سے سرکشي کي اور هر سرکش اور دشمن کے کہنے کي پیروي
کي - [۶۰] اور اس دنیا میں بھي اُن کے پیچھے لعنت لگا دي
گئي - اور قیامت کے دن بھي - عاد نے اپنے پروردگار سے کفر کیا -
پس هود کي قوم عاد پر (خدا کي) مار -

[۶۱] اور ثمود کي طرف اُس کے بھائي صالح کو (بھیجا) -
اُس نے کہا کہ اے میري قوم خدا کي عبادت کرو - اس کے سوا تمھارا
کوئي معبود نہیں - اسي نے تم کو زمین سے پیدا کیا اور تم کو
اس میں آباد کیا - پس اُس سے استغفار کرو - پھر اسي کے حضور
میں توبہ کرو - میرا پروردگار نزدیک ہے اور دعا قبول کرنے والا ہے -
[۶۲] اُنھوں نے کہا کہ اے صالح اس سے پہلے تو هم میں
تجھسے اُمیدیں کي جاتي تھیں - کیا تو هم کو منع کرتا ہے کہ
هم ان چیزوں کي عبادت نہ کریں جن کي همارے باپ دادے
عبادت کرتے تھے - جس چیز کي طرف تو هم کو پکارتا ہے هم تو
اُس کي نسبت تردد اور شک میں هیں - [۶۳] بولا اے میري
قوم کیا تم نے (غور کیا اور) دیکھا کہ جو میں اپنے پروردگار کي طرف
سے سیدھي راہ پر هوں اور اس نے مجکو اپني طرف سے رحمت
دي ہے تو اگر میں اُس سے سرکشي کروں تو خدا کے مقابلے میں
میري کون مدد کریگا ؟ تم تو میرے، نقصان هي میں اِضافہ
کروگے - [۶۴] اور اے میري قوم یہہ خدا کي اونٹني تمھارے
لئے ایک نشاني ہے پس اس کو چھوڑ دو کہ خدا کي زمین میں
کھاتي پھرے اور اُس کو تکلیف نہ پہنچاؤ نہیں تو تم کو
جلد عذاب آئیگا - [۶۵] مگر اُنھوں نے اس کے پاؤں کاٹ
ڈالے - تو اُس نے کہا کہ اپنے گھر میں تین روز فائدہ اُٹھا لو -

یهہ وعدہ هے جو جھٹلایا نهیں جانے کا - [۶۶] تو جب همارا
حکم آ پهنچا تو هم نے اپني رحمت سے صالح کو اور اُن لوگوں
کو جو اُس کے ساتھہ ایمان رکھتے تھے بچا لیا اور اُس دن کي
رسوائي سے بھي - بے شك تیرا پروردگار هي قوي اور زبردست هے-
[۶۷] اور ظالموں کو ایک کڑک نے آ لیا - اور وہ صبح کو اپنے گھروں
میں زانوؤں پر گرے رہ گئے - [۶۸] گویا وہ اُن میں بسے هي
نه تھے - ثمود نے اپنے پروردگار سے کفر کیا - ثمود پر (خدا کي)
مار -

[۶۹] اور همارے بھیجے هوئے اِبراهیم کے پاس خوش خبري
لیکر آئے - بولے سلام - اُس نے کہا سلام - اور اُس نے جلد بھنا
هوا گائے کا بچه لایا - [۷۰] تو جب دیکھا که اُن کے هاتھہ اُس
کي طرف نهیں بڑھتے تو وہ ان سے بدگمان هوا اور دل هي دل
میں ان سے ڈرا - وہ بولے که ڈر مت - هم لوط کي قوم کي طرف
بھیجے گئے هیں - [۷۱] اور اُس کي بیوي کھڑي تھي وہ هنس
پڑي - تو هم نے اُس کو اِسحاق اور اِسحاق کے بعد یعقوب کي
خوش خبري دي - [۷۲] اس نے کہا اے میري شامت کیا میں
جنوں گي حالانکه میں بوڑھي هو گئي اور یهہ میرا شوهر بھي
بوڑھا هو گیا هے ؟ یهہ تو عجیب بات هے - [۷۳] وہ بولے کیا تو
خدا کے حکم سے اس بات کے هونے پر تعجب کرتي هے ؟ اے اهل
بیت تم پر خدا کي رحمت اور اُس کي برکتیں هوں - بے شك وہ
تعریف کے لائق اور بزرگ هے - [۷۴] تو جب اِبراهیم سے ڈر جاتا
رها اور اُس کو خوش خبري ملي تو وہ لوط کي قوم کي نسبت
هم سے جھگڑنے لگا - [۷۵] بے شك اِبراهیم تحمل والا اور
(خدا کي طرف) رجوع کرنے والا تھا - [۷۶] (هم نے کہا که)
اے اِبراهیم اِس بات کو چھوڑ دے - تیرے پروردگار کا حکم

آگیا هے - اور اُن پر وہ عذاب آنے والا هے جو رد نهیں کیا جانے
کا - [۷۷] اور جب همارے بهیجے هوئے لوط کے پاس آئے تو
وہ اُن سے ناخوش هوا اور اُن کي وجه سے تنگ دل هوا اور بولا
که یهہ تو سخت دن هے - [۷۸] اور اُس کي قوم دوڑے دوڑے
اُس کے پاس آئي اور یهہ پهلے هي سے بُرے کام کیا کرتے تهے -
وہ بولا که اے میري قوم یهہ میري بیٹیاں هیں - یهہ تمهارے
لئے زیادہ پاکیزگي کا باعث هونگي - تو خدا سے ڈرو اور میرے
میهمانوں کے بارے میں میري رسوائي نه کرو - کیا تم میں
کوئي بهي اچها آدمي نهیں هے ؟ [۷۹] اُنهوں نے کها که تو
جانتا هے که هم کو تیري بیٹیوں سے کوئي غرض نهیں - اور تو
جانتا هے جو هم چاهتے هیں - [۸۰] بولا که اے کاش مجهکو
تمهارے مقابلے کي طاقت هوتي یا میں کسي زبردست سهارے
کي پناہ پکڑتا - [۸۱] (فرشتے) بولے که اے لوط هم تیرے
پروردگار کے بهیجے هوئے هیں - یهہ هرگز تجهه تك نهیں
پهنچنے کے - تو تو اپنے لوگوں کو لے کر کچهه رات رهے چل
دے - اور تم میں سے کوئي منهہ بهي نه پهیرے مگر تیري
بیوي که جو مصیبت اُن پر آنے والي هے وہ اُس پر بهي ضرور
آئیگي - اُن کے وعدے کا وقت صبح هے - کیا صبح قریب
نهیں ؟ [۸۲] پهر جب همارا حکم آگیا تو هم نے اُس بستي
کو اُلٹ دیا اور اُس پر کنکر کي پتهریاں ته به ته برسائیں -
[۸۳] یهہ تیرے پروردگار کي طرف سے نشان کي هوئي تهیں -
اور یهہ ان ظالموں سے دور بهي نهیں هے -

[۸۴] اور مدین کي طرف (همنے) اُن کے بهائي شعیب کو
(بهیجا) - اُنهوں نے کها که اے میري قوم خدا کي عبادت
کرو که اُس کے سوا تمهارا کوئي خدا نهیں - اور ماپ اور تول

ميں کمي نه کرو - ميں تو تم کو اچھي حالت ميں ديکھتا
هوں - اور مجکو تمهاري نسبت گھيرنے والے دن کے عذاب کا ڈر
هے - [٨٥] اور اے ميري قوم ماپ اور تول اِنصاف کے ساتھه
پوري کرو - اور لوگوں کو اُن کي چيزيں دينے ميں کمي نه کرو
اور ملك ميں فساد کرتے نه پھرو - [٨٦] خدا کا ديا جوکچھه
بچ جائے وهي تمهارے لئے بهتر هے - اگر تم ايمان والے هو -
اور ميں توکچھه تمهارا نگهبان نهيں - [٨٧] بولے اے
شعيب کيا تيري نماز تجھے يهي بتاتي هے که جن کي همارے
باپ دادے عبادت کرتے تھے هم اُن کو چھوڑ ديں يا اپنے مال
ميں جو چاهيں نه کريں - تو هي تو ايك تحمل والا بھلا آدمي
ره گيا هے - [٨٨] کها اے ميري قوم کيا تم نے (غور کيا اور) ديکھا
که اگر ميں اپنے پروردگار کے بين حکم پر هوں اور اُس نے مجکو
اپني طرف سے اچھي روزي دي هے - اور ميں نهيں چاهتا که
جس سے تم کو منع کرتا هوں تمهارے خلاف ميں خود کروں -
ميں تو بس اِصلاح چاهتا هوں جهاں تك مجھه سے هو سکے -
اور ميري توفيق تو بس خدا هي سے هے - ميں اُسي پر توکل
کرتا هوں اور اُسي کي طرف رجوع کرتا هوں - [٨٩] اور اے
ميري قوم ميري مخالفت تم کو اس کا باعث نه هو که جيسي
مصيبت نوح کي قوم يا هود کي قوم يا صالح کي قوم پر آ پڑي
ويسي هي کهيں تم پر بھي نه آ پڑے - اور لوط کي قوم بھي
کچھه تم سے دور نهيں - [٩٠] اور اپنے پروردگار سے اِستغفار
کرو پھر اُسي کے حضور ميں توبه کرو - ميرا پروردگار رحم والا
اور محبت والا هے - [٩١] بولے اے شعيب جو کچھه تو
کهتا هے اس ميں سے بهت تو هم سمجھتے هي نهيں اور هم
تجکو اپنے لوگوں ميں بے بس ديکھتے هيں - اور اگر تيري

برادري نه هوتي تو هم تجکو ضرور سنگسار کرتے اور تو تو
هم سے کچھہ زبردست ھے نہیں - [۹۲] بولا اے میري قوم کیا
تمھارے نزدیك میري برادري خدا سے بھي زبردست ھے ؟ اور
تم نے اُس کو پس پشت ڈال دیا - بے شك میرا پروردگار تمھارے
کاموں کو گھیرے هوئے ھے - [۹۳] اور اے میري قوم تم اپني
جگه کام کرو میں بھي کرتا ھوں - تم کو معلوم هو جائیگا که
کس پر عذاب آئیگا جو اُس کو رسوا کریگا اور کون جھوٹا ھے -
اور منتظر رهو میں بھي تمھارے ساتھه منتظر رهونگا -
[۹۴] اور جب همارا حکم آ گیا تو هم نے اپني رحمت سے
شعیب کو اور اُن لوگوں کو جو اُس کے ساتھه ایمان رکھتے تھے
بچا لیا اور ظالموں کو کڑك نے آ لیا اور وہ صبح کو اپنے
گھروں هي میں زانوؤں پر گرے رہ گئے - [۹۵] که گویا وہ
ان میں بسے هي نه تھے - (خدا کي) مار مدین پر پڑي
جیسے ثمود پر -

[۹۶] اور هم نے موسیٰ کو اپني آیتوں اور واضح دلیل کے
ساتھه بھیجا [۹۷] فرعون اور اُس کے سرداروں کي طرف - مگر
اُنھوں نے فرعون کے کہے کي پیروي کي - اور فرعون کا کہا تو
کچھہ ٹھیك تھا نہیں - [۹۸] قیامت کے دن وہ اپني قوم کے آگے
هوگا اور اُن کو دوزخ کي آگ پر جا اُتاریگا - اور برا گھاٹ ھے
جہاں وہ جا اُترینگے - [۹۹] اس دنیا میں اور قیامت کے دن
اُن کے پیچھے لعنت لگا دي گئي - برا اِنعام ھے جو وہ پائے -
[۱۰۰] یہہ بستیوں کي خبریں هیں جو هم تجسے بیان کرتے
هیں - ان میں سے کچھہ تو قائم هیں اور کچھہ اُجڑ گئیں -
[۱۰۱] اور هم نے اُن پر ظلم نہیں کیا بلکه وہ اپنے آپ پر ظلم
کئے - تو جب تیرے پروردگار کا حکم آ پہنچا تو خدا کے سوا

جن معبودوں کو وہ پکارتے تھے وہ اُن کے کچھہ بھي کام نہ آئے -
اور وہ صرف اُن کي هلاکت کا باعث هوئے - [١٠٢] اور جب بستي
والے ظلم کرتے هيں اور تيرا پروردگار اُن کو گرفتار کرتا هے تو اُس
کي گرفت ايسي هي هوتي هے - بے شك اس کي گرفت سخت
دردناك هوتي هے - [١٠٣] ان ميں اُس شخص کے لئے جو عذاب
آخرت سے ڈرے ايك نشاني هے - وہ ايك دن هوگا جب کہ لوگ
جمع کئے جائينگے اور وہ دن ايسا هوگا کہ سب حاضر کئے جائينگے -
[١٠٤] اور هم تو بس ايك وقت مقرر تك اُس کو روکے هوئے هيں -
[١٠٥] جب وہ آپڑيگا تو بے حکم خدا کوئي جي بات تك نہ
کريگا - پھر اُن ميں کچھہ تو بد بخت اور کچھہ نيك بخت
هونگے - [١٠٦] تو جو لوگ بد بخت هونگے وہ دوزخ کي آگ ميں
هونگے - وهاں اُن کو چلانا اور دهاڑنا هوگا - [١٠٧] وہ هميشہ
اُسي ميں هونگے جب تك آسمان اور زمين قائم هيں مگر جس
کو تيرا پروردگار چاهے - بے شك تيرا پروردگار کرتا هے جو وہ چاهتا
هے - [١٠٨] اور جو لوگ نيك بخت هونگے وہ جنت ميں هونگے
هميشہ اُسي ميں رهينگے جب تك آسمان اور زمين قائم هيں
مگر جس کو تيرا پروردگار چاهے - يہہ بخشش هے جو قطع نہيں
هونے کي - [١٠٩] پس يہہ لوگ جس کي عبادت کرتے هيں
اس کے بارے ميں تو شك ميں نہ پڑ - وہ تو بس عبادت کرتے
هيں جيسا اُن کے باپ دادے پہلے عبادت کرتے تھے اور هم تو
اُن کو اُن کا حصہ ضرور پورا پورا بغير گھٹائے هوئے دينگے -
[١١٠] اور هم نے موسيٰ کو کتاب دي تھي تو اُس ميں
اِختلاف هوا اور اگر تيرے پروردگار کي طرف سے ايك بات نہ
هو گئي هوتي تو ان ميں فيصلہ هو جاتا - اور وہ البتہ شك اور
تردد ميں هيں - [١١١] اور جب وقت آگيا تو تيرا پروردگار

ان کو اُن کے کئے کا بدلا ضرور پورا پورا دیگا - بے شک وہ
اُن کے کاموں کي خبر رکھتا هے - [۱۱۲] تو جیسا تجکو حکم
دیا گیا هے تو اور جو لوگ تیرے ساتھہ توبہ کئے سب سیدھے
کھڑے رهو - اور سرکشي نہ کرو - بے شک وہ تمهارے کاموں کو
دیکھنے والا هے - [۱۱۳] اور جو لوگ ظلم کئے اُن کي طرف نہ
جھکو ورنہ تم کو دوزخ کي آگ آ لیگي - اور خدا کے سوا تمهارا
کوئي دوست نهیں - پھر نہ تم مدد دئے جاؤگے - [۱۱۴] اور
دن کے دونوں وقت اور کچھہ رات گزرے نماز بر قائم رہ - نیکیاں
برائیوں کو بھگا دیتي هیں - جو لوگ یاد رکھنے والے هیں
اُن کے لئے یہہ یاد دلانا هے - [۱۱۵] اور صبر کر - خدا نیک لوگوں
کے اجر کو ضائع نهیں کرتا - [۱۱۶] تو جو قرن تم سے پہلے
گزر گئے هیں اُن میں صاحب شعور بھي کیوں نہ هوئے کہ ملک
میں فساد کرنے سے منع کرتے مگر تھوڑے جن کو هم نے اُن میں
سے بچالیا - اور جن لوگوں نے ظلم کیا وہ تو ان هي کي پیروي
کرنے لگے جو اُن کو دیا گیا تھا - اور بھہ تو مجرم تھے هي -
[۱۱۷] اور تیرا پروردگار ایسا نهیں هے کہ بستیوں کو ظلم کر کے
هلاك کرڈالے اور اس کے رهنے والے نیك کردار هوں - [۱۱۸] اور
اگر تیرا پروردگار چاهتا تو لوگوں کو ایك هي اُمت بنا دیتا -
مگر وہ اِختلاف کرنے سے باز نہ آئینگے [۱۱۹] مگر جس پر تیرا
پروردگار رحم کرے - اور اسي لئے تو اُس نے اُن کو پیدا کیا هے -
اور تیرے بروردگار کا کہا پورا هوگا کہ میں ضرور جن اور انسان
سب سے جهنم بھر دونگا - [۱۲۰] اور رسولوں کي هر ایك بات
جو هم تجسے بیان کرتے هیں اُن سے هم تیرے دل کو مضبوط
کرتے هیں - اور ان هي میں تیرے پاس حق بات اور نصیحت
اور ایمان والوں کے لئے یاد دهاني آ گئي - [۱۲۱] اور جو لوگ

ایمان نہیں رکھتے ان سے کہہ دے کہ تم اپني جگہ کام کئے جاؤ -
ہم بھي کام کئے جائیں - [۱۲۲] اور تم بھي منتظر رہو - ہم بھي
منتظر رہیں - [۱۲۳] اور آسمان اور زمین کے غیب کي باتیں
سب خدا ہي کے پاس ہیں - اور اُسی کي طرف ہر ایك کام
رجوع کیا جاتا ہے - پس اسي کي عبادت کر اور اُسي پر توکل
کر - اور خدا تمہارے کاموں سے غافل نہیں -

سورۂ یوسف

مکي - ۱۱۱ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ہے

[۱] الر - یہہ واضح کتاب کي آیتیں ہیں - [۲] ہم نے
اِس قرآن کو عربي میں نازل کیا تا کہ تم سمجھو - [۳] (اے
نبي) ہم تیري طرف وحي کے ذریعے سے یہہ قرآن بھیج کر
تجھہ سے ایك اچھا قصہ بیان کرتے ہیں اور تو تو اس سے پہلے
ضرور ہي بے خبر تھا - [۴] جب یوسف نے اپنے باپ سے کہا
کہ اے میرے باپ میں نے (خواب میں) گیارہ ستارے اور
سورج اور چاند دیکھے - ان کو دیکھا کہ وہ مجھکو سجدہ
کرتے ہیں - [۵] کہا بیٹا اپنا خواب اپنے بھائیوں سے نہ کہنا
کہ وہ تجھکو پھانس میں پھسانے کي تدبیر کرینگے - شیطان
تو آدمیوں کا صریح دشمن ہے - [۶] اور تیرا پروردگار تجھکو
اِسي طرح برگزیدہ کریگا اور تجھکو باتوں کي تعبیر سکھائیگا
اور تجھہ اور یعقوب کي اولاد پر اپني نعمت پوري کریگا جس
طرح پہلے اُس نے اپني نعمت تیرے باپ دادے اِبراہیم اور
اسحاق پر پوري کي تھي - بے شك تیرا پروردگار جاننے والا اور
حکمت والا ہے -

[٧] جو لوگ پوچھتے رهتے هيں أن کے لئے يوسف اور
اُس کے بهائيوں ميں ضرور نشانياں هيں - [٨] جب اُنهوں
نے کہا کہ يوسف اور اُس کا بهائي همارے باپ کے هم سے بهي
زيادہ پيارے هيں حالانکہ هم ايك زبردست جماعت هيں -
همارے باپ تو صريح غلطي ميں هيں - [٩] تو يوسف کو
مار ڈالو يا اُس کو کسي ملك ميں پهينك آؤ - تو تمهارے باپ
کا رخ تمهارے هي طرف هوگا - اور اُس کے بعد تم بهلے آدمي
بن جانا - [١٠] ان ميں سے ايك کهنے والے نے کہا کہ يوسف
کو نه مارو بلکه اگر تم کو کچهه کرنا هے تو اس کو گهرے
کوئيں ميں ڈال دو کہ کوئي راہ گير اُس کو اُٹها لے - [١١] بولے
اے همارے باپ تجهکو کيا هو گيا هے کہ تو يوسف کي نسبت
همارا اِعتبار نهيں کرتا حالانکہ هم اُس کے خير خواہ هيں ؟
[١٢] اُس کو کل همارے ساتهہ بهيج دے کہ پيت بهر کر کهائے
اور کهيلے اور هم اُس کي حفاظت کرينگے - [١٣] بولا کہ مجهے
اس سے غم هوتا هے کہ تم اُس کو لے جاؤ اور ميں ڈرتا هوں کہ
کهيں تم اُس سے غافل هو جاؤ تو اس کو بهيڑيا کها جائے -
[١٤] وہ بولے اگر اس کو بهيڑيا کها جائے اور هم ايك جماعت
هيں تو تو هم واقعي خسارے ميں رهے - [١٥] پهر جب وہ اُس
کو لے گئے اور سب متفق هوئے کہ اُس کو ايك گهرے کوئيں ميں
ڈال ديں اور هم نے اُس کي طرف وحي بهيجي کہ تو آيندہ ان کو
ان کے يهہ حرکات بتا ديگا اور وہ نهيں سمجهہ سکينگے -
[١٦] اور وہ عشا کے وقت اپنے باپ کے پاس روتے هوئے آئے -
[١٧] بولے اے همارے باپ هم تو جا کر دوڑا دوڑي کرنے لگے
اور يوسف کو هم نے اپنے اسباب کے پاس چهوڑ ديا - پس اُس کو
بهيڑيا کها گيا اور تو تو هماري بات ماننے کا نهيں حالانکہ هم

سچ هي كهتے هيں - [۱۸] اور وہ اُس كي قميص پر جهوتا خون
لگا كر لائے - وہ بولا يهہ تو نهيں بلكه تم لوگوں نے ايك بات
بنالي هے - خير صبر بهتر هے - اور جو كچهه تم كهتے هو اس پر
خدا هي ميري مدد كرے - [۱۹] اور ايك قافله آيا اور اُنهوں
نے اپنا پاني لانے والا بهيجا - تو اُس نے اپنا ڈول لٹكايا -- كهنے
لگا كه اے ميرا نصيب يهہ تو ايك چهوكرا هے - اور اُنهوں نے
اُس كو بطور پونجي چهپا ركها - مگر خدا جانتا تها جو وہ
كرتے تهے - [۲۰] اور اُنهوں نے اُسے كم داموں چند درهم لے كر
بيچ ڈالا - اور وہ اُس كے ركهنے كے روادار بهي نه تهے - [۲۱] اور
جس مصري نے اُس كو مول ليا اُس نے اپني بيوي سے كها كه
اس كو عزت كے ساتهہ ركهو - شايد يهہ هم كو نفع دے يا
اس كو هم بيٹا بنا ليں - اور اس طرح هم نے يوسف كو ملك
ميں جگه دي تا كه هم اس كو باتوں كي تعبير سكهائيں -
اور خدا اپنے كام پر قادر هے ليكن اكثر لوگ نهيں جانتے -
[۲۲] اور جب وہ اپني جواني پر پهنچا تو هم نے اس كو حكم
اور علم ديا - اور هم نيك لوگوں كو اسي طرح جزا ديتے هيں -
[۲۳] اور جس عورت كے گهر ميں وہ تها اس نے اس سے بدكاري
كا اِرادہ كيا - اور دروازے بند كر لئے اور كها كه چلا آ - وہ بولا
معاذالله وہ ميرا آقا هے اس نے مجكو اچهي طرح ركها هے - ظلم
كرنے والے فلاح نهيں پانے كے - [۲۴] اور وہ تو اُس سے قصد
كر هي چكي تهي - اور اُس نے بهي اُس سے قصد كيا هوتا اگر
وہ اپنے پروردگار كي دليل نه ديكهتا - هم نے ايسا كيا تا كه برائي
اور بے حيائي كو اس سے دور ركهيں - وہ بے شك همارے خالص
بندوں ميں سے تها - [۲۵] اور وہ دونوں دروازے كي طرف
دوڑے اور اس عورت نے پيچهے سے اس كي قميص پهاڑ دي -

اور دونوں نے اس عورت کے خاوند کو دروازے کے نزدیک پایا - اس عورت نے کہا کہ جو شخص تیری اهلیه کے ساتھہ بُرائي کا اِرادہ کرے اُس کي سزا سوا اس کے اور کیا هوگي که وہ قید کیا جائے یا اُس کو دردناك عذاب هو ؟ [۲٦] یوسف بولا که یهہ عورت مجھہ سے بدکاري کا اِرادہ کرتي تھي - اور اس عورت کے لوگوں میں سے ایک گواهي دینے والے نے گواهي یهہ ٹھهرائي که اگر اس مرد کي قمیص آگے سے پھٹي هے تو یهہ عورت سچ کهتي هے اور وہ مرد جھوٹا هے - [۲۷] اور اگر اس مرد کي قمیص پیچھے سے پھٹي هے تو یهہ عورت جھوٹ کهتي هے اور وہ مرد سچا هے - [۲۸] تو جب اُس نے اس کي قمیص پیچھے سے پھٹي دیکھي وہ بولا که یهہ تم عورتوں کے مکر هیں - تم عورتوں کے مکر بڑے هوتے هیں - [۲۹] اے یوسف اس سے درگزر کر اور اے عورت اپنے گناہ کے لئے اِستغفار کر - بے شك توهي خطا کار هے -

[۳۰] اور شهر میں عورتیں آپس میں کهنے لگیں که عزیز کي عورت اپنے غلام کو پھسلا کر اُس سے بدکاري کرنا چاهتي هے - وہ عشق میں فریفته هو گئي هے - هم تو اُس کو صریح غلطي پر دیکھتے هیں - [۳۱] تو جب اُس عورت نے اُن کے مکر کي باتیں سنیں تو اُن کو بلا بھیجا اور اُن کے لئے مسندیں تیار کیں اور اُن میں سے هر ایك کو ایك ایك چھري دي - اور اُس عورت نے کہا که (اے یوسف) نکل ان کے سامنے آ - پھر جب اُنھوں نے اُس کو دیکھا تو اُس کو واقعي بڑا حسین پایا اور اپنے هاتھہ کاٹ ڈالے - اور کہا که پاکي تو خدا هي کو هے - یهہ تو آدمي نهیں هے بلکه یهہ تو ایك نیك فرشته هے - [۳۲] وہ بولي که یهہ وهي هے جس کے بارے میں تم نے مجھکو

ملامت کي تھي - اور ميں نے ضرور اُس کو پھسلا کر اُس سے
بدکاري کرنا چاھا مگر اُس نے اپنے کو بچایا - اور اگر وہ نہ کریگا
جو ميں اُسے کہتي ھوں تو وہ ضرور قيد کيا جائيگا اور ذليل
ھوگا - [۳۳] اُس نے کہا اے ميرے پروردگار مجکو قيد زيادہ
پسند ھے بہ نسبت اُس بات کے جس کي طرف يہہ عورتيں
مجکو بلاتي ھيں - اور سوا اس کے کہ تو مجسے ان کا مکر
پھير دے ميں ان کي طرف مائل ھو جاؤنگا اور جاھل بن
جاؤنگا - [۳۴] تو اُس کے پروردگار نے اُس کي دعا قبول کي اور
اُس سے ان عورتوں کے مکر کو دور کيا - بے شك وہ سننے والا اور
جاننے والا ھے - [۳۵] پھر بھي نشانياں ديکھنے کے بعد اُن کو
مناسب معلوم ھوا کہ اس (يوسف) کو ايك وقت تك قيد رکھيں -
[۳۶] اور اُس کے ساتھہ دو جوان قيد خانے ميں داخل
ھوئے - ان ميں سے ايك نے کہا کہ ميں نے (خواب ميں) اپنے
تئيں شراب نچوڑتا ديکھا - اور دوسرے نے کہا کہ ميں نے اپنے
تئيں ديکھا کہ اپنے سر پر روٹياں اُٹھائے ھوں اور اُس ميں سے
پرند کھائے جاتے ھيں - ھم کو اس کي تعبير بتا دے - ھم
ديکھتے ھيں کہ تو ايك نيك شخص ھے - [۳۷] بولا کہ جو کھانے
تمھارے پاس آتے ھيں ميں ان سب کي تعبير تم کو بتا دونگا
قبل اس کے کہ وہ تمھارے پاس آئيں - يہہ ان چيزوں ميں سے
ھے جو ميرے پروردگار نے مجکو سکھايا ھے - ميں نے ان لوگوں
کا دين چھوڑ ديا ھے جو خدا پر ايمان نہيں رکھتے اور آخرت کے
بھي منکر ھيں - [۳۸] اور ميں نے اپنے باپ دادوں يعني ابراھيم
اور اسحاق اور يعقوب کي ملت کي پيروي کي - ھمارا کام نہيں
کہ ھم خدا کے ساتھہ کسي چيز کو شريك کريں - يہہ ھم پر اور
لوگوں پر خدا کا فضل ھے - ليکن اکثر لوگ شکر نہيں کرتے -

[۳۹] اے ميرے قيدخانے کے ساتھي کيا متفرق خاوند بہتر هيں يا خدا جو اکيلا غالب هے ؟ [۴۰] تم تو اُس کے سوا محض ناموں هي کي عبادت کرتے هو جو تم نے اور تمهارے باپ دادوں نے رکھہ لئے هيں - خدا نے تو اُن کے بارے ميں کوئي دليل نهيں اُتاري - حکومت تو صرف خدا هي کي هے - اس نے حکم ديا هے که اس کے سوا اور کسي کي عبادت نه کرو - يہي سيدها دين هے - ليکن اکثر لوگ نهيں جانتے - [۴۱] اے ميرے قيد خانے کے ساتھي - وه جو تم ميں بهلا هے وه اپنے آقا کو شراب پلائيگا - اور جو دوسرا هے وه سولي ديا جائيگا اور پرند اُس کا سر کهائينگے - جس بات کو تم پوچھتے تھے وه فيصل هو چکا هے - [۴۲] اور جس شخص کي نسبت اُس نے خيال کيا تھا که ان دونوں ميں سے چھوٹ جائيگا اس سے کہا که اپنے آقا کے پاس ميرا بھي ذکر کرنا - مگر شيطان نے اس کو اپنے آقا سے ذکر کرنا بهلا ديا تو وه (يوسف) کئي برس قيد خانے ميں ره گيا -

[۴۳] اور بادشاه نے کہا که ميں نے خواب ميں ديکھا هے که سات موٹے بيل هيں که ان کو سات ڈبلے کهائے جاتے هيں - اور سات سبز باليں هيں اور باقي سوکھي - اے سردارو اگر تم خواب کي تعبير دے سکتے هو تو ميرے خواب کي نسبت بتاؤ - [۴۴] اُنهوں نے کہا که يہه پريشان خواب هيں - اور هم خواب کي تعبير تو جانتے نهيں - [۴۵] اور جو شخص ان دو ميں سے بچ گيا تھا اس کو ايک مدت بعد ياد آيا (تو اُس نے کہا که) ميں تم کو اس کي تعبير بتاؤنگا - تو مجھکو جانے دو - [۴۶] اے يوسف اے سچ کہنے والے هم کو اس کے بارے ميں تو بتا دے که سات موٹے بيل هيں که اُن کو سات

ڈبلے کھائے جاتے ھیں اور سات سبز بالیں ھیں اور باقي
سوکھي تا کہ میں لوگوں کے پاس پھر جاؤں اور وہ (تجکو)
جان جائیں - [۴۷] اُس نے کہا کہ تم سات برس پے در پے
کھیتي کروگے تو تم جو کچھہ کاٹو اس کو اس کي بالوں میں
رھنے دو - مگر تھوڑا کہ تم اُس کو کھاؤ - [۴۸] پھر اس کے
بعد سخت قحط کے سات برس آئینگے کہ جو کچھہ تم نے
پہلے سے رکھا تھا یہہ اُس کو کھا جائینگے - مگر جو کچھہ تم
بچا رکھوگے - [۴۹] پھر اس کے بعد ایسا برس آئیگا کہ اس
میں لوگ بارش پائینگے اور شراب نچوڑینگے -

[۵۰] اور بادشاہ نے کہا کہ اس کو میرے پاس لے آؤ - تو
جب اس کے پاس ایلچي آیا تو اس (یوسف) نے کہا کہ تو اپنے
آقا کي طرف پھر جا اور اس سے پوچھہ کہ ان عورتوں کا کیا
حال ھے جنھوں نے اپنے ھاتھہ کاٹ ڈالے تھے ؟ بے شک میرا
پروردگار ان کے مکر کو خوب جانتا ھے - [۵۱] اس (بادشاہ) نے
کہا کہ تم عورتوں کي کیا بات تھي جب تم نے یوسف کو
پھسلا کر اس سے بدکاري کرني چاھي تھي ؟ وہ بولیں کہ پاکي
تو خدا ھي کو ھے - ھم اُس کي کوئي برائي نہیں جانتے -
عزیز کي عورت نے کہا کہ اب تو سچي بات کھل گئي - میں نے
اس کو پھسلا کر اس سے بدکاري کرني چاھي تھي - اور وہ ضرور
سچا ھے - [۵۲] یہہ (میں نے) اِس لئے کیا کہ وہ (میرا آقا)
جان جائے کہ میں نے غیبت میں اُس کي خیانت نہیں کي -
اور یہہ بھي کہ خدا خیانت کرنے والوں کے مکر کو چلنے نہیں
دیتا - ¶ [۵۳] اور میں اپنے تئیں بری نہیں کرتا - جي تو
برائي کے لئے اُبھارتا ھي رھتا ھے مگر جس پر میرا پروردگار رحم
کرے - بے شک میرا پروردگار بخشنے والا اور رحم کرنے والا ھے -

[۵۴] اور بادشاہ نے کہا کہ اس (یوسف) کو میرے پاس لاؤ کہ میں اس کو اپنے هي لئے رکھونگا - پھر جب اُس سے باتیں کیں تو اُس نے کہا آج کے دن سے تو همارے پاس مرتبے والا امانت والا هوا - [۵۵] بولا کہ مجکو ملکي خزانے پر مامور کر دے - میں (اُس کي) حفاظت بھي کر سکتا هوں اور (اس کام کو) خوب جانتا بھي هوں - [۵۶] اور اس طرح هم نے یوسف کو ملك میں جگہ دي کہ اس میں جہاں چاهے رهے - هم جس پر چاهیں اپني رحمت ڈالتے هیں - اور هم نیك لوگوں کے اجر کو ضائع نہیں کرتے - [۵۷] اور آخرت کا اجر تو ایمان رکھنے والوں اور پرهیز کرنے والوں کے لئے زیادہ بہتر هوگا -

[۵۸] اور یوسف کے بھائي آئے اور اُس کے پاس گئے تو اُس نے اُن کو پہچان لیا اور اُنھوں نے اُس کو نہ پہچانا - [۵۹] اور جب اُس نے ان کا سامان اُن کے لئے تیار کر دیا تو کہا کہ (اب کي) اپنے اُس بھائي کو جو تمہارے باپ کي طرف سے هے میرے پاس لانا - کیا تم نہیں دیکھتے کہ میں پوري پوري ماپ دیتا هوں اور یہہ کہ میں اچھا مہمان نواز بھي هوں ؟ [۶۰] اور اگر تم اس کو میرے پاس نہ لائے تو تم کو میرے هاں (غلے کي) ماپ بھي نہ ملیگي - اور تم میرے قریب نہ آنا - [۶۱] وہ بولے کہ هم فوراً اس کے باپ کو اس کے بارے میں پھسلائینگے - اور هم ضرور (ایسا هي) کرینگے - [۶۲] اور اُس نے اپنے غلاموں سے کہا کہ ان کي پونجي ان هي کي بوریوں میں رکھہ دو تا کہ جب یہہ اپنے لوگوں میں پھر جائیں تو اس کو پہچانیں - شاید یہہ پھر آئیں - [۶۳] تو جب یہہ اپنے باپ کے پاس پھر آئے تو کہا کہ اے همارے ابا - هم پر مپان بند کر دي گئي هے تو تو همارے بھائي کو همارے ساتھہ جانے دے کہ هم (غلہ)

ماپ کرا لائیں - اور هم ضرور اس کي حفاظت کرینگے -
[٦٤] وہ بولا میں تو اسے تمھارے حوالے نہیں کرنے کا مگر
جیسا میں نے پہلے اس کے بھائي کو تمھارے حوالے کیا تھا -
تو خدا سب سے بڑھ کر حفاظت کرنے والا هے اور وہ سب رحم
کرنے والوں سے بڑھ کر رحم کرنے والا هے - [٦٥] اور جب اُنھوں
نے اپنا اسباب کھولا تو اپني پونجي اپنے هي پاس پھیري هوئي
پائي - وہ بولے اے همارے ابا - هم اور کیا چاهیں ؟ یہہ
هماري پونجي بھي هم هي کو پھیر دي گئي هے - (اب هم
جائیں) اور اپنے لوگوں کے لئے اناج لائیں - اور هم اپنے بھائي
کي حفاظت کرینگے - اور ایك اُونت کي ماپ هم زیادہ لینگے -
یہہ ماپ تو آسان هوگي - [٦٦] وہ بولا کہ میں هرگز اس کو
تمھارے ساتھہ نہ بھیجونگا جب تك کہ تم خدا کو درمیان
رکھہ کر مجھے پکا قول نہ دوگے کہ تم اس کو ضرور میرے پاس لے
آؤگے - مگر یہہ کہ تم آپ هي گھر جاؤ - تو جب اُنھوں نے
اُس کو اپنا قول دیا تو وہ بولا کہ همارے قول پر خدا نگہبان
هے - [٦٧] اور وہ بولا کہ اے میرے بیٹے ایك دروازے سے
داخل نہ هونا بلکہ متفرق دروازوں سے داخل هونا - اور میں
تو خدا کے مقابلے میں تمھارے کچھہ بھي کام نہیں آ سکتا -
حکم کرنا تو خدا هي کا کام هے - میں نے اُسي پر توکل کیا اور
چاهئے کہ سب توکل کرنے والے اُسي پر توکل کریں - [٦٨] اور
جب وہ داخل هوئے جس طرح اُن کے باپ نے اُن کو داخل هونے
کو کہا تھا تو خدا کے مقابلے میں یہہ اُن کے کچھہ بھي کام نہ
ا سکتا تھا - مگر یہہ یعقوب کے جي کا تقاضہ تھا جس کو اُس نے
پورا کیا - اور وہ تو اس چیز کا علم رکھتا تھا جو هم نے اُس کو
سکھایا تھا - مگر اکثر لوگ علم نہیں رکھتے -

[۶۹] اور جب يهہ يوسف کے هاں پهنچے تو اُس نے اپنے بهائي
کو اپنے پاس بٹها ليا - اُس نے کها کہ ميں تيرا بهائي هوں - پس تو
اُن کے کئے کے لئے غم نہ کها - [۷۰] پهر جب اُس نے ان کو اُن
کے سامان تيار کر دئے تو اپنے بهائي کي بوري ميں آبخورہ رکهہ
ديا - پهر ايک پکارنے والے نے پکارا کہ اے قافلے والو تم هي چور
هو - [۷۱] وہ بولے اور اُن کي طرف منهہ پهير کر کهڑے هو
گئے تمهاري کيا چيز کهو گئي هے ؟ [۷۲] وہ بولے کہ بادشاہ کا
آبخورہ کهو گيا هے - اور جو کوئي يهہ لادېگا اُس کو ايک اونت
کا بوجهہ (غلہ) مليگا - اور ميں اُس کا ضامن هوں - [۷۳] وہ
بولے کہ بخدا تم تو جانتے هو کہ هم ملک ميں فساد کرنے
نهيں آئے - اور نہ هم چور هيں - [۷۴] بولے اگر تم جهوٹے
هوئے تو اس کي کيا سزا هوگي ؟ [۷۵] بولے کہ اُس کي سزا يهہ
کہ جس کسي کي بوري ميں يهہ ملے وہ اپني سزا آپ پائے -
هم ظالموں کو اِسي طرح سزا ديتے هيں - [۷۶] تو اُس نے
اپنے بهائي کے شليتے سے پهلے اُن کے شليتے ديکهنے شروع کئے
پهر اپنے بهائي کے شليتے سے آبخورہ نکالا - اِس طرح هم نے
يوسف کے لئے تدبير کي - بادشاہ کے قانون کے مطابق وہ اپنے
بهائي کو نهيں لے سکتا تها مگر يهہ خدا نے چاها - هم جس کے
چاهيں درجے بلند کرتے هيں - اور هر علم والے کے اوپر ايک
علم والا هے - [۷۷] وہ بولے کہ اگر اِس نے چرايا هے تو پهلے
بهي اِس کے بهائي نے چوري کي تهي - اور يوسف نے يهہ بات
اپنے هي جي ميں چهپا رکهي اور اُن پر اس کو ظاهر نہ کيا -
بولا کہ تم خانہ خراب هو - اور خدا خوب جانتا هے جو تم
بيان کرتے هو - [۷۸] وہ بولے اے عزيز اِس کا باپ بهت بوڑها
هے پس تو هم ميں سے ايک کو اس کي جگہ پکڑ رکهہ - هم

دیکھتے هیں کہ تو نیك آدمي هے - [۷۹] وہ بولا معاذالله که
جس کے پاس هم نے اپني چیز پائي هے اس کے سوا کسي اور کو
گرفتار کریں - تو تو هم ظالم هوئے -
[۸۰] تو جب یہہ اس سے نا اُمید هوئے تو مشورہ کرنے کے
لئے اکیلے میں جا بیٹھے - ان کے بڑے نے کہا کہ کیا تم نہیں
جانتے کہ تمھارے باپ نے خدا کو درمیان رکھہ کر تم سے عہد
لیا هے اور پہلے بھي یوسف کے بارے میں تم نے ایك تقصیر کي
هے - تو میں اس ملك سے نہیں ٹلنے والا جب تك کہ میرا باپ
مجکو اِجازت نہ دے یا خدا میرا فیصلہ نہ کر دے - اور وهي
سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا هے - [۸۱] تو تم اپنے باپ کے پاس
پھر جاؤ اور کہو کہ اے همارے ابا تیرے بیٹے نے چوري کي -
هم تو بس گواهي دیتے هیں اسي بات کي جو هم جانتے هیں -
اور هم غیب کي خبر تو رکھتے نہیں - [۸۲] اور تو اس بستي سے
جہاں هم تھے پوچھہ لے اور اس قافلے سے بھي جس میں هم آئے -
اور هم سچ کہتے هیں - [۸۳] بولا تمھارے جي نے ایك بات
بنا لي هے - خیر صبر بہتر هے - شاید خدا ان سب کو میرے
پاس لائیگا - بے شك وهي جاننے والا اور حکمت والا هے -
[۸۴] اور وہ ان کي طرف سے پھر گیا اور کہا هاے یوسف -
اور اُس کي آنکھیں غم سے سفید هو گئي تھیں - اورۂ وہ غم
سے چور هوا جاتا تھا - [۸۵] بولے بخدا تو تو همیشہ یوسف
هي کو یاد کرتا رهیگا یہاں تك کہ تو مضمحل یا هلاك هو
جائے - [۸۶] بولا میں تو خدا هي سے اپني بے قراري اور اپنے
غم کي شکایت کرتا هوں - اور خدا کي طرف سے میں وہ بات
جانتا هوں جو تم نہیں جانتے - [۸۷] اے میرے بیٹے جاؤ
اور یوسف اور اس کے بھائي کي خبر لو - اور خدا کي رحمت

سے نا اُمید نہ ھو - خدا کي رحمت سے تو بس کافر ھي لوگ
نا اُمید ھوتے ھیں - [۸۸] تو جب یہہ اُس کے ھاں پہنچے -
وہ بولے اے عزیز ھم پر اور ھمارے لوگوں پر سخت دن آ پڑے
ھیں اور ھم ایک حقیر پونجي لے کر آئے ھیں - تو ھم کو
(غلے کي) پوري ماپ دلا دے اور ھم کو خیرات بھي دے -
بے شک خدا خیرات کرنے والوں کو جزا دیتا ھے - [۸۹] بولا
کہ تم جانتے ھُو کہ جب تم جاھل تھے تو تم نے یوسف اور اس کے
بھائي کے ساتھہ کیا کیا تھا ؟ [۹۰] بولے کیا توھي یوسف
ھے ؟ وہ بولا میں ھي یوسف ھوں اور یہہ میرا بھائي ھے -
خدا نے ھم پر فضل کیا ھے - بے شک جو کوئي (بُرے کاموں سے)
بچتا اور صبر کرتا ھے تو خدا نیک لوگوں کے اجر کو ضائع
نہیں کرتا - [۹۱] بولے بخدا تجکو خدا نے ضرور ھم پر
برگزیدہ کیا ھے - اور ھم ھي خطا کار تھے - [۹۲] بولا آج کے
دن تم پر کوئي اِلزام نہیں - خدا تم کو بخشے - اور وھي
رحم کرنے والوں میں سب سے بڑھہ کر رحم کرنے والا ھے -
[۹۳] میري یہہ قمیص لے جاؤ اور اسے میرے ابا کے منہہ پر
ڈال دو - بینائي آ جائیگي - اور اپنے سب لوگوں کو میرے پاس
لے آؤ -

[۹۴] اور جب قافلہ چلا تو اُن کے باپ نے کہا کہ تم مجکو
بہکا ھوا نہ بتاؤ تو میں ضرور یوسف کي بو پاتا ھوں -
[۹۵] بولے بخدا تو اپني قدیمي غلطی پر ھے - [۹۶] پھر
جب خوش خبري دینے والا آیا اس نے اس (قمیص) کو اس کے
منہہ پر ڈالا تو پھر بینا ھو گیا - بولا کیا میں نے تم سے نہیں
کہا تھا کہ میں خدا کي طرف سے وہ بات جانتا ھوں جو تم
نہیں جانتے ؟ [۹۷] بولے اے ھمارے ابا ھمارے لئے ھمارے

گناهوں کي بخشش مانگ - اور هم خطا کار تھے - [۹۸] بولا
ابھي میں اپنے پروردگار سے تمھارے لئے بخشش مانگونگا - بے شك
وہ بخشنے والا اور رحم والا ھے - [۹۹] پھر جب یوسف کے پاس
پہنچے تو اُس نے اپنے ماں باپ کو اپنے پاس جگہ دي اور کہا کہ
مصر میں داخل ہو - خدا نے چاها تو امن میں رهوگے -
[۱۰۰] اور اپنے ماں باپ کو تخت پر چڑھایا اور وہ اس کے آگے
سجدے میں گر پڑے - اور وہ بولا اے میرے ابا یہہ میرے
پہلے خواب کي تعبیر ھے - میرے پروردگار نے اس کو سچ کر
دیا - اور اُس نے مجھپر اِحسان کیا کہ مجھکو قید سے نکالا اور
تمھیں جنگل سے لا ملایا حالانکہ شیطان نے مجھہ میں اور
میرے بھائیوں میں جھگڑا ڈال دیا تھا - بے شك میرا پروردگار
اس چیز کي خوب تدبیر کرتا ھے جو وہ کرنا چاھتا ھے - بےشك
وہ جاننے والا اور حکمت والا ھے - [۱۰۱] اے میرے پروردگار
تونے مجھکو سلطنت دي اور مجھکو باتوں کي تعبیر سکھائي -
اے آسمان اور زمین کے پیدا کرنے والے دنیا اور آخرت میں
توهي میرا دوست ھے - مجھکو مسلمان هي مرنے دے اور مجھکو
نیك لوگوں سے ملا دے - [۱۰۲] یہہ غیب کي باتیں هیں
جن کو هم تیري طرف وحي کرتے هیں - اور تو تو ان کے پاس
نہ تھا جب وہ اپنے کام کے بارے میں متفق هوئے تھے اور مکر
کر رھے تھے - [۱۰۳] اور اکثر لوگ هیں کہ تو حرص کرے تو
بھي ایمان نہیں لانے کے - [۱۰۴] اور نہ تو اس کے لئے ان سے
کچھہ اُجرت مانگتا ھے - یہہ تو بس تمام عالموں کے لئے
یاد دهاني ھے -

[۱۰۵] اور آسمان و زمین میں کتني هي نشانیاں هیں
جن پر سے یہہ گزرتے هیں اور جن سے یہہ چشم پوشي کرتے هیں -

[۱۰۶] اور ان میں اکثر خدا پر ایمان نہیں رکھتے بلکہ
شرک بھي کرتے هیں - [۱۰۷] تو کیا یہہ لوگ نڈر هو گئے
کہ خدا کا عذاب جو سب کو ڈھانك لیگا وہ اُن پر نہ آئیگا
یا وہ گھڑي اُن پر یکایك نہ آئیگي اور وہ نہ جانتے هونگے ؟
[۱۰۸] تو کہہ دے یہي تو میري راہ هے - میں خدا کي طرف
دلیل کے ساتھہ پکارتا هوں میں اور جو کوئي میري پیروي کرے
وہ بھي - اور خدا پاك هے - اور میں مشرکوں میں نہیں -
[۱۰۹] اور تجسے پہلے بھي هم نے بستي والے آدمي هي بھیجے
کہ هم نے اُن کي طرف وحي کي - تو کیا یہہ ملك میں سیر
نہیں کرتے کہ دیکھیں کہ جو لوگ ان سے پہلے تھے ان کا انجام
کیسا هوا ؟ اور آخرت کا گھر ان لوگوں کے لئے جو (بُرے کاموں
سے) بچتے هیں ضرور بہتر هوگا - پھر بھي کیا تم کو عقل
نہیں ؟ [۱۱۰] یہاں تك کہ جب رسول نا اُمید هو گئے اور
خیال کئے کہ ان سے جھوٹ بولا گیا تو هماري مدد آ پہنچي -
تو جس کو هم نے چاها بچا لیا - مگر همارا عذاب مجرم لوگوں
سے نہیں پھیرا جاتا - [۱۱۱] عقلمندوں کے لئے اُن کے قصے
میں عبرت هے - یہہ بنائي هوئي بات نہیں - بلکہ جو کچھہ
اس سے پہلے هے اس کي تصدیق کرتا هے اور هر چیز کي تفصیل
هے اور ایمان والوں کے لئے هدایت اور رحمت -

سورۂ رعد

مکي - ۴۳ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم هے

[۱] المر - یہہ کتاب کي آیتیں هیں - اور تیرے پروردگار
کي طرف سے جو کچھہ تجپر نازل کیا گیا هے وہ سچ هے - مگر

اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے - [۲] خدا وہ ھے جس نے آسمان
کو بغیر ستون کے کہ تم دیکھہ سکو اُونچا کیا - پھر عرش کي
طرف متوجہ ھوا اور چاند اور سورج کو مسخر کیا کہ سب
ایك وقت مقرر تك چلے جا رھے ھیں - وھي کاموں کي تدبیر
کرتا ھے - اور نشانیاں مفصل بیان کرتا ھے تا کہ تم کو اپنے
پروردگار سے ملاقات کا یقین ھو - [۳] اور وھي ھے جس نے
زمین کو بچھا دیا اور اس میں پہاڑ اور ندیاں بنا دیں - اور
اس میں ھر طرح کے میوے کي دو دو قسمیں بنا دیں - اور
وھي دن کو رات سے ڈھانك دیتا ھے - بے شك ان ھي میں غور
کرنے والے لوگوں کے لئے نشانیاں ھیں - [۴] اور زمین میں
ایك دوسرے کے نزدیك کتنے ھي قطعے ھیں اور انگور کے باغ اور
کھیتي اور کھجور کے درخت دو شاخے اور جو دو شاخے نہیں -
یہہ سب ایك ھي پاني پلائے جاتے ھیں - اور میووں میں ھم
ایك کو دوسرے پر افضل کرتے ھیں - بے شك ان میں عقل
والے لوگوں کے لئے ضرور نشانیاں ھیں - [۵] اور اگر تو
تعجب کرے تو اُن کا کہنا بھي عجب ھے کہ جب ھم مٹي
ھو جائینگے تو کیا پھر ھماري نئي خلقت ھوگي ؟ یہي
لوگ ھیں جو اپنے پروردگار سے کفر کئے اور یہي لوگ ھیں
جن کي گردنوں میں طوق ھونگے - اور یہي لوگ جہنم کي
آگ کے رھنے والے ھونگے - وہ اُسي میں ھمیشہ رھینگے -
[۶] اور بھلائي سے پہلے یہہ لوگ تجکو برائي کے لئے جلدي
کر رھے ھیں - حالانکہ اُن سے پہلے بھي مثالیں گزر چکي ھیں -
اور بے شك تیرا پروردگار آدمیوں کے لئے باوجود ان کے ظلم کے
صاحب مغفرت ھے اور بے شك تیرا پروردگار سخت عذاب کرنے
والا بھي ھے - [۷] اور جو لوگ کفر کرتے ھیں وہ کہتے ھیں

کہ اُس پر اُس کے پروردگار کي طرف سے کوئي نشاني کيوں نہيں
اُتاري گئي ؟ تو تو بس ڈرانے والا ھے اور ھر ايک قوم کا ايک
ھدايت کرنے والا ھوا ھے -
[٨] خدا ھي جانتا ھے جو ھر عورت حمل ميں رکھتي ھے
اور جو کچھہ اُن کے پيٹ سکوڑتے ھيں اور جو کچھہ بڑھاتے
ھيں - اور اُس کے پاس ھر چيز اندازہ کي ھوئي ھے - [٩] وھي
غيب اور ظاھر کا جاننے والا اور بڑا اور عالي شان ھے - [١٠] تم
ميں جو کوئي بات کو چھپائے اور جو کوئي اُس کو پکار کر کہے
اور جو رات کو چھپا رھے اور جو دن کو راہ چلے يہہ سب برابر
ھيں - [١١] اس کے لئے اس کے آگے اور اُس کے پيچھے فرشتے
مقرر ھيں جو خدا کے حکم سے اُس کي حفاظت کرتے ھيں -
خدا ھرگز کسي قوم کي حالت نہيں بدلنے کا يہاں تک کہ وہ
خود بدل ڈاليں جو اُن کي ذات ميں ھے - اور جب خدا کسي
قوم کي برائي کرني چاھتا ھے تو اُس کو پھيرا نہيں جا سکتا -
اور اُس کے سوا اُن کا کوئي حامي نہيں - [١٢] وھي ھے جو
ڈرانے اور اُميد دلانے کے لئے تم کو بجلي دکھاتا اور بھاري بادلوں
کو اُبھارتا ھے - [١٣] اور گرج اُس کي تعريف کے ساتھہ تسبيح
کرتي ھے اور فرشتے بھي اُس کے ڈر سے - اور وھي کڑک بھيجتا ھے
پھر جس پر چاھتا ھے لا ڈالتا ھے - اور يہہ خدا کے بارے ميں
جھگڑتے ھي ھوتے ھيں - اور وہ سخت عذاب والا ھے -
[١٤] اُسي کا پکارنا سچ ھے - اور جو لوگ اُس کے سوا (دوسروں
کو) پکارتے ھيں وہ ان کو کچھہ بھي نہيں جواب ديتے مگر
جيسے کوئي اپني ھتيلي پاني کي طرف پھيلائے تا کہ وہ اُس کے
منہہ ميں پہنچ جائے حالانکہ وہ اُس تک پہنچنے والا نہيں -
اور کافروں کي دعا تو بس بھکي ھي ھوتي ھے - [١٥] اور جو

كوئي آسمان اور زمين ميں هے سب خدا هي كو سجده كرتے
هيں خوشي سے هو يا ناخوشي سے اور اُن كے سائے بهي صبح اور
شام - [۱۶] تو كهه كه آسمان اور زمين كا پروردگار كون هے ؟ تو
كهه دے كه خدا - تو كهه كيا تم نے اُس كے سوا (اور بهي) كارساز
بنالئے جو اپنے نفع اور نقصان كے مالك نهيں ؟ تو كهه كيا اندها
اور ديكهنے والا برابر هے ؟ يا اندهيرا اور اُجالا برابر هے ؟ يا يهه
لوگ خدا كے ايسے شريك بنا ركهے هيں كه اُسي كي سي مخلوق
اُنهوں نے بهي پيدا كر ركهي هيں اور دونوں مخلوق اُن كے
نزديك مل گئي هيں ؟ تو كهه كه خدا هي هر چيز كا بنانے والا
هے اور وه اكيلا اور غالب هے - [۱۷] اُس نے آسمان سے پاني
اُتارا پهر اپنے اندازے پر نالے به نكلے پهر سيلاب نے اوپر كے
جهاگ كو اُٹهايا - اور جو كچهه وه زيور يا اور اسباب كے لئے
آگ ميں جلاتے هيں اُس ميں بهي اُسي كي مانند جهاگ هوتا
هے - اِس طرح خدا حق اور باطل كو بيان كرتا هے - پس جو
جهاگ هے وه تو بے كار هو جاتا هے اور جو لوگوں كو نفع ديتا
هے وه زمين ميں ره جاتا هے - خدا اِسي طرح مثاليں بيان كرتا
هے - [۱۸] جن لوگوں نے اپنے پروردگار كي بات ماني اُن كے لئے
نيكي هے - اور جن لوگوں نے اس كي بات نه ماني اگر سارا
اُن كا هو جو دنيا ميں هے اور اس كے ساتهه اتنا هي اور تو يهه
لوگ اسے بطور فديه دينگے - يهي لوگ هيں جن كا بُرا
حساب هوگا اور جن كا ٹهكانا جهنم هے اور وه رهنے كي بُري
جگه هے -

[۱۹] تو كيا جو شخص جانتا هے كه جو كچهه تيرے پروردگار
كي طرف سے تجهپر اُتارا گيا هے حق هے وه اس كي مانند هے جو
اندها هے ؟ صرف عقل والے هي غور كرتے هيں - [۲۰] جو

لوگ خدا کے عہد کو پورا کرتے هيں اور قول کو نهيں توڑتے -
[۲۱] اور جو لوگ (اس تعلق کو) ملائے رکھتے هيں جس کے
ملا رکھنے کا خدا نے حکم دیا هے - اور اپنے پروردگار سے ڈرتے اور
برے حساب سے بھي ڈرتے هيں - [۲۲] اور جو لوگ اپنے پروردگار
کے دیدار کے لئے صبر کرتے اور نماز پر قائم رهتے اور جو کچھہ
هم نے اُن کو دیا هے اس سے پوشیدہ اور علانیہ خرچ کرتے اور
بُرائي کو نیکي سے دفع کرتے هيں - یهي لوگ هيں جن کے
لئے عاقبت کا گھر هے - [۲۳] جنت عدن جن ميں وہ داخل
هونگے - وہ اور جو کوئي ان کے باپ دادوں ميں سے اور ان کي
بیویوں ميں سے اور ان کي اولاد ميں سے نیك کام کرتے هونگے -
اور هر دروازے سے فرشتے اُن کے پاس آئینگے - [۲۴] (کهینگے)
سلام علیکم اس لئے کہ تم نے صبر کیا - پس انجام بھي اچھا
هوا - [۲۵] اور جو لوگ خدا کے ساتھہ عہد کئے پیچھے عہد
شکني کرتے اور قطع کرتے جو کچھہ خدا نے ملا رکھنے کا
حکم دیا هے اور ملك ميں فساد کرتے - ان هي لوگوں پر لعنت
هے اور ان کے لئے برا ٹھکانا - [۲۶] خدا جس کا چاهے رزق
کشادہ کرتا هے - اور یهہ تو دنیا هي کي زندگي سے خوش
هيں - حالانکہ دنیا کي زندگي آخرت کے مقابلے ميں محض
تھوڑا فائدہ هے -

[۲۷] اور جو لوگ کفر کرتے هيں وہ کهتے هيں کہ اس پر
اس کے پروردگار کي طرف سے کوئي نشاني کیوں نهيں اُتاري
گئي؟ تو کهہ کہ خدا جس کو چاهتا هے گمراہ کرتا هے اور جو
(اس کي طرف) رجوع هو اس کو اپني طرف هدایت کرتا هے -
[۲۸] جو لوگ ایمان رکھتے اور جن کے دلوں کو خدا کي یاد
سے اطمینان هوتا هے - خدا کي یاد سے دلوں کو ضرور اِطمینان

هوتا هے - [۲۹] جو لوگ ايمان رکهتے اور نيك كام بهي كرتے
ان كے لئے خوش حالي هے اور اچها تهكانا - [۳۰] اسي طرح
هم نے تجهكو لوگوں كي طرف بهيجا هے جن سے پهلے اور لوگ
بهي گزر چكے هيں - تا كه جو هم نے تيري طرف وحي كي هے
تو اُن كو پڑهه كر سنائے - اور يهه لوگ رحم والے خدا سے كفر
كرتے هيں - تو كهه كه وهي ميرا پروردگار هے - اس كے سوا كوئي
خدا نهيں - ميں اسي پر توكل كرتا هوں اور اسي كي طرف
رجوع كرتا هوں - [۳۱] اور اگرچه كوئي قرآن ايسا هوتا كه
اس سے پهاڑ بهي سركا دئے جاتے يا اس سے زمين كاٹي جاتي
يا اس سے مردے بات كر سكتے (تو بهي يهه هدايت پر نهيں
آنے كے) - بلكه سارا كام خدا هي كا هے - تو كيا جو لوگ ايمان
ركهتے هيں وه نهيں جانتے كه اگر خدا چاهتا تو سب لوگوں
كو ضرور هدايت كرتا - اور جو لوگ كفر كرتے هيں ان پر هميشه
ان كے كئے كے سبب مصيبت ڈالي جائيگي يا وه ان كے گهروں كے
قريب آ پهنچيگي - يهاں تك كه خدا كا وعده آ جائے -
بے شك خدا وعده خلافي نهيں كرتا -

[۳۲] اور تجهسے پهلے بهي رسولوں سے ٹهٹها كيا گيا هے -
تو ميں نے كفر كرنے والوں كو مهلت دي پهر ان كو پكڑا - تو
ميرا عذاب كيسا هوا ؟ [۳۳] تو كيا جو هر شخص كے كئے
كا گواه هے (وه ان كے كام نهيں ديكهتا) ؟ اور يهه لوگ خدا
كے لئے شريك ٹههراتے هيں - تو كهه كه تم اُن كے نام بتاؤ -
كيا تم اس كو اس چيز كي خبر دينا چاهتے هو جو وه دنيا ميں
نهيں جانتا ؟ يا يهه (تمهاري) محض بات هے ؟ بلكه جو
لوگ كفر كرتے هيں ان كو ان كے مكر اچهے دكهائي ديتے اور
وه راه هدايت سے رك جاتے هيں - اور جس كو خدا گمراه كرے

اس کا کوئي هدایت کرنے والا نهیں - [۳۴] ان کے لئے دنیا کي زندگي میں عذاب هے اور ان کے لئے آخرت کا عذاب بہت زیادہ سخت هوگا - اور ان کو خدا سے بچانے والا کوئي نهیں - [۳۵] اُس بہشت کي صفت جس کا پرهیزگاروں سے وعدہ کیا گیا هے یہہ هے کہ اس کے نیچے سے نهریں جاري هونگي - اس کے میوے دائمي هونگے اور اس کا سایہ بهي - یہہ ان لوگوں کا انجام هے جو (برے کاموں سے) بچتے هیں اور کافروں کا انجام تو بس جهنم کي آگ هے - [۳۶] اور جن لوگوں کو هم نے کتاب دي هے وہ تو اس چیز سے خوش هوتے هیں جو تجهپر اُتاري گئي هے - اور دوسرے گروہ اس کي کچهہ باتوں سے اِنکار کرتے هیں - تو کہہ کہ مجکو حکم دیا گیا هے کہ میں خدا هي کي عبادت کروں اور اُس کے ساتهہ شرك نہ کروں - میں (تم کو) اسي کي طرف پکارتا هوں اور اسي کي طرف میرا ٹهکانا هے - [۳۷] اور اسي طرح هم نے اس کو حکم عربي نازل کیا هے - اور اگر تو ان کي خواهشوں کي پیروي کرے باوجود اس کے کہ تیرے پاس علم آ چکا هے تو خدا کے مقابلے میں تیرا حامي کوئي نهیں اور نہ کوئي بچانے والا -

[۳۸] اور تجهسے پہلے بهي هم نے رسول بهیجے - اور هم نے ان کو بیویاں اور اولاد بهي دیں - اور کسي رسول کي مجال نهیں کہ بے حکم خدا کوئي نشاني لا سکے - هر ایك میعاد کا وقت لکها هوا هے - [۳۹] خدا جو چاهتا هے متا دیتا هے اور (جو چاهتا هے) قائم رکهتا هے - اور اُسي کے پاس اصل کتاب * هے - [۴۰] اور جو هم نے ان سے وعدے کئے هیں اگر هم تجکو کچهہ اس میں سے دکهائیں یا تجکو (اُس سے پہلے هي) موت

* اُم الکتاب

دے دیں (تو کیا ؟) تجہپر تو بس پہنچا دینے کا ذمہ ھے اور
حساب لینا تو ھمارا کام ھے - [۴۱] کیا یہہ لوگ نہیں دیکھتے
کہ ھم ملك کو سب طرف سے گھٹاتے چلے آتے ھیں - اور خدا حکم
دیتا ھے - اُس کے حکم کو کوئي روك نہیں سکتا - اور وہ جلد
حساب لینے والا ھے - [۴۲ اور جو لوگ اُن سے پہلے تھے اُنھوں
نے بھي مکر کیا تھا - لیکن خدا سب مکر کا جاننے والا ھے -
وہ جانتا ھے جو ھر جي کماتا ھے - اور عنقریب کفار جان لینگے
کہ کس کا انجام بخیر ھوتا ھے - [۴۳] اور جو لوگ کفر کرتے
ھیں وہ کہتے ھیں کہ تو (خدا کي طرف سے) بھیجا نہیں
گیا - تو کہہ دے کہ میرے اور تمھارے درمیان خدا کي گواھی
بس ھے اور اُس کي گواھي جس کے پاس کتاب ھے -

سورۂ ابراھیم

مکي - ۵۲ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ھے

[۱] الر - یہہ کتاب ھے کہ ھم نے تجہپر نازل کي ھے تا کہ
تو لوگوں کو اُن کے پروردگار کے حکم سے اندھیروں سے نکال کر
اُجالے میں لائے یعني راہ زبردست تعریف کے لائق [۲] خدا کي
کہ اُسي کا ھے جو کچھہ آسمان اور جو کچھہ زمین میں ھے - اور
وائے ھے کافروں پر سخت عذاب کے سبب - [۳] جو لوگ آخرت
کے مقابلے میں دنیا کي زندگي کو پسند کرتے اور خدا کي راہ سے
(لوگوں کو) روکتے اور اُس میں کجي کرنا چاھتے ھیں - یہي
لوگ گمراھي میں دور جا پڑے ھیں - [۴] اور ھم نے کوئي
رسول نہیں بھیجا مگر اُس کي قوم کي زبان کے ساتھہ تا کہ وہ

اُن سے بیان کرے - اور خدا جس کو چاھتا ھے گمراہ کرتا ھے اور جس کو چاھتا ھے ھدایت کرتا ھے - اور وھي زبردست حکمت والا ھے - [٥] اور ھم نے موسیٰ کو اپني نشانیوں کے ساتھہ بھیجا کہ اپني قوم کو اندھیروں سے نکال کر اُجالے میں لا اور اُن کو خدا کے دن یاد دلا - بے شك ھر صبر کرنے والے اور شکر کرنے والے کے لئے ان میں نشانیاں ھیں - [٦] اور جب موسیٰ نے اپني قوم سے کہا کہ تمھارے حال پر خدا کي نعمتیں یاد کرو جب اُس نے تم کو فرعون کے لوگوں سے بچایا جو تم کو برا عذاب پہنچاتے تھے - اور تمھارے لڑکوں کو ذبح کرتے اور تمھاري بیٹیوں کو جینے دیتے - اور اُس میں تمھارے پروردگار کي طرف سے بڑي آزمایش تھي -

[٧] اور جب تمھارے پروردگار نے پکار دیا کہ اگر تم شکر کرو گے تو میں تم کو (اور بھي) زیادہ دونگا - اور اگر تم کفر کرو گے تو میرا عذاب سخت ھوگا - [٨] اور موسیٰ نے کہا کہ اگر تم اور جو کوئي دنیا میں ھیں سب کے سب کفر کرو تو خدا ضرور بے پروا اور لائق تعریف ھے - [٩] کیا تمھارے پاس اُن لوگوں کي خبر نہیں پہنچي جو تم سے پہلے تھے یعني نوح کي قوم اور عاد کي اور ثمود کي - اور جو لوگ اُن کے بعد ھوئے جن کو خدا کے سوا کوئي نہیں جانتا - اُن کے پاس ان کے رسول بین دلیلیں لے کر آئے تو اُنھوں نے ان کے ھاتھوں کو اُلٹا اُن ھي کے منھوں پر مارا اور بولے کہ جس چیز کو لے کر تم بھیجے گئے ھو ھم اُس سے اِنکار کرتے ھیں - اور جس کي طرف تم ھم کو بلاتے ھو ھم اُس کي نسبت شك میں ھیں - [١٠] اُن کے رسولوں نے کہا کیا (تم کو) خدا کے بارے میں شك ھے جو آسمان اور زمین کا پیدا کرنے والا ھے ؟ وہ تم کو بلاتا ھے تا کہ تمھارے گناہ بخش

دے اور ایك وقت مقرر تك تم كو ڈهيل دے - أنهوں نے
كها كه تم تو بس هم جيسے آدمي هو - چاهتے هو كه هم كو اُن
چيزوں سے روكو جن كي همارے باپ دادے عبادت كرتے تهے -
تو همارے پاس صاف سند لاؤ - [۱۱] ان كے رسولوں نے ان سے
كها كه هم تو بس تم هي جيسے آدمي هيں - مگر خدا اپنے
بندوں ميں سے جس پر چاهے إحسان كرے - اور ميرا كام نهيں
كه هم تم كو كوئي سند لاديں مگر حكم خدا سے - اور ايمان
والوں كو چاهئے كه خدا هي پر توكل كريں - [۱۲] اور هم كو
كيا هو گيا هے كه هم خدا پر توكل نه كريں حالانكه اُس نے هم
كو هماري راهوں كي هدايت كي - اور تم جو جو ايذائيں هم كو
ديتے هو هم ضرور اُن پر صبر كرينگے - اور توكل كرنے والوں كو
چاهئے كه خدا هي پر توكل كريں -

[۱۳] اور جو لوگ كفر كئے وہ اپنے رسولوں سے بولے كه هم
تم كو اپنے ملك سے ضرور نكال دينگے يا تم پهر هماري هي ملت
ميں آ جاؤگے - تو ان كے پروردگار نے اُن كي طرف وحي بهيجي
كه هم ظالموں كو ضرور هلاك كرينگے - [۱۴] اور اُن كے بعد
ضرور تم كو اس ملك ميں بسائينگے - يهہ اُس شخص كے لئے تها
جو ميرے سامنے كهڑے هونے سے ڈرا اور ميري دهمكي سے ڈرا -
[۱۵] اور اُنهوں نے فتح مانگي اور هر سركش اور دشمني كرنے
والا نامراد هو گيا - [۱۶] اس كے آگے جهنم هے اور اُس كو پيپ
كا پاني پلايا جائيگا - [۱۷] وہ اُس كو ايك ايك گهونٹ پئيگا
اور اُس كو گلے سے نه اُتار سكيگا - اور اُس كو هر طرف سے موت
آتي هوگي اور وہ نهيں مرنے كا - اور اُس كے آگے سخت عذاب
هوگا - [۱۸] مثال اُن لوگوں كي جو اپنے پروردگار سے كفر كرتے هيں
ايسي هے كه ان كے اعمال مانند راكهہ كے هيں - كه آندهي كے

دن اُس پر زور سے هوا چلي - جو کچهہ یهہ لوگ کما چکے هيں اُن ميں سے کسي چيز پر اُن کا اختيار نهيں - يهي تو گمراهي ميں دور جا پڑنا هے - [١٩] کيا تونے يهہ نهيں ديکها کہ خدا نے آسمان اور زمين کو (اپني) مشيئت سے پيدا کيا هے ؟ اگر وہ چاهے تو تم کو لے جائے اور ايک نئي خلقت کولے آئے - [٢٠] اور يهہ خدا پر کچهہ دشوار نهيں - [٢١] اور وہ سب خدا کے روبرو نکل کهڑے هونگے تو بے بس تکبر کرنے والوں سے کهينگے کہ هم تو تمهارے تابع تهے - تو کيا تم عذاب خدا کے مقابلے ميں همارے کچهہ بهي کام آسکتے هو ؟ وہ کهينگے کہ اگر هم کو خدا هدايت کرتا تو هم ضرور تم کو هدايت کرتے - اِضطراب کريں تو اور صبر کريں تو همارے لئے (دونوں) برابر هے - همارے بهاگنے کي تو جگہ نهيں -

[٢٢] اور جب بات طے هوجائيگي تو شيطان کهيگا کہ خدا نے تم سے سچا وعدہ کيا تها - اور ميں نے بهي تم سے وعدہ کيا تها مگر ميں نے تم سے وعدہ خلافي کي - اور ميرے پاس تمهارے لئے کوئي سند تو تهي نهيں مگر يهہ کہ ميں نے تم کو پکارا اور تم نے ميري سن لي - بس مجهکو نہ ملامت کرو بلکہ اپنے تئيں ملامت کرو - ميں تمهاري فرياد کو نهيں پهنچنے کا اور نہ تم ميري فرياد کو پهنچنے کے - ميں نهيں مانتا کہ تم مجهکو پهلے بهي شريک کرتے تهے - بے شک ظالموں کے لئے تو دردناک عذاب هے - [٢٣] اور جو لوگ ايمان رکهتے اور نيک کام بهي کرتے هيں وہ جنت ميں داخل کئے جائينگے - اُن کے نيچے سے نهريں جاري هونگي - اپنے پروردگار کے حکم سے وہ هميشہ اُن هي ميں رهينگے - وهاں اُن کي دعائے ملاقات سلام هوگي - [٢٤] کيا تونے نہ ديکها کہ خدا نے اچهي

باتوں كي كيسي مثال دى هے كه گويا ايك اچها درخت هے جس
كي جڑ مضبوط هے اور اس كي ڈالياں آسمان ميں هيں -
[۲۵] اپنے پروردگار كے حكم سے هر موسم ميں اپنا پهل لاتا هے -
اور خدا لوگوں كے لئے مثاليں بيان كرتا هے تا كه وہ غور كريں -
[۲۶] اور بري بات كي مثال برے درخت كي سي هے كه
زمين كے اوپر جما هوا هے - كه اُس كو قرار نهيں - [۲۷] جو
لوگ محكم بات پر ايمان ركهتے هيں اُن كو خدا دنيا كي
زندگي اور آخرت ميں ثابت قدم ركهتا هے - اور خدا ظالموں
كو گمراه كرتا هے - اور خدا كرتا هے جو وہ چاهتا هے -

[۲۸] كيا تونے ان كو نهيں ديكها جنهوں نے خدا كي
نعمت كو كفر سے بدل ڈالا اور اپني قوم كو تباهي كے گهر ميں
جا اُتارا ؟ [۲۹] يعني جهنم ميں - كه وہ اس ميں داخل
هونگے - اور وہ قرار كي بري جگه هے - [۳۰] اور انهوں نے خدا
كے برابر شريك ٹههرايا تا كه اس كي راه سے گمراه كر ديں - تو
كهه دے كه فائده اُٹهالو - تمهارا ٹهكانا تو جهنم كي آگ هے -
[۳۱] ميرے بندے جو ايمان ركهتے هيں ان سے كهه دے كه
وہ نماز پر قائم رهيں اور جو كچهه هم نے ان كو ديا هے اس
ميں سے پوشيده اور علانيه خرچ كريں قبل اس كے كه وہ دن
آ جائے جب نه تو خريد و فروخت هوگي اور نه دوستي -
[۳۲] خدا هي نے آسمان اور زمين كو پيدا كيا اور آسمان سے
پاني اُتارا پهر اس سے تمهارے كهانے كے لئے پهل نكالے - اور
كشتيوں كو تمهارے لئے مسخر كر ديا تا كه اُس كے حكم سے دريا
ميں چليں - اور نهروں كو تمهارے لئے مسخر كر ديا -
[۳۳] اور سورج اور چاند كو تمهارے لئے مسخر كر ديا كه
دونوں پهر رهے ميں - اور تمهارے لئے رات اور دن كو بهي

مسخر کر دیا - [۳۴] اور جو کچھہ تم نے اس سے مانگا وہ سب
تم کو دیا - اور اگر تم خدا کي نعمتوں کو گننے لگو تو هرگز
ان کو نهیں گن سکتے - بے شك آدمي تو ظلم کرنے والا اور
کفر کرنے والا هے -
[۳۵] اور جب إبراهیم نے کہا کہ اے میرے پروردگار اس شهر
کو امن کي جگہ کر دے اور مجکو اور میرے لڑکوں کو بتوں کي
عبادت کرنے سے باز رکھہ - [۳۶] اے میرے پروردگار انهوں نے
بهتوں کو گمراہ کیا هے - تو جو کوئي میري پیروي کرے وهي میرا
هے - اور جس نے مجسے سرکشي کي - تو هي بخشنے والا رحم
والا هے - [۳۷] اے همارے پروردگار میں نے تیرے بیت‌الحرام
کے پاس جہاں کھیتي نهیں اپني کچھہ اولاد بسائي هے - اے
همارے پروردگار تا کہ وہ نماز پر قائم رهیں - تو لوگوں کے دل
ان کي طرف مائل کر دے اور ان کو میوے کھانے کو دے تا کہ
وہ شکر گزار هوں - [۳۸] اے همارے پروردگار تو جانتا هے جو
هم چھپاتے هیں اور جو هم ظاهر کرتے هیں - اور خدا پر
کوئي چیز چھپي نهیں نہ زمین میں اور نہ آسمان میں -
[۳۹] تعریف خدا هي کو هے جس نے مجکو بڑھاپے میں
اسماعیل اور اسحاق بخشے - بے شك میرا پروردگار ضرور دعا
کا سننے والا هے - [۴۰] اے میرے پروردگار مجکو نماز پر قائم
رکھہ اور میري اولاد کو بھي - اور اے همارے پروردگار میري
دعا قبول کر - [۴۱] اے همارے پروردگار جس دن حساب هو
مجکو اور میرے ما باپ کو اور ایمان والوں کو بخش دے -
[۴۲] اور تو نہ خیال کر کہ خدا ظالموں کے کاموں سے
غافل هے وہ تو بس اُن کو اس دن تك ڈھیل دے رها هے جب کہ
نظریں تنج لگائے رہ جائینگي - [۴۳] اپنے سروں کو اُونچا کئے

هوئے دوڑتے هونگے - ان کي طرف ان کي نظریں نهیں پھر
آئینگي - اور ان کے دل گرے هوئے هونگے - [۴۴] اور لوگوں کو
اس دن سے ڈرا جب کہ اُن پر عذاب آ پڑیگا تو جو لوگ ظلم
کرتے هیں وہ کهینگے کہ اے همارے پروردگار هم کو تھوڑے دنوں
کي مهلت دے - هم تیرے پکار نے پر جواب دینگے - اور رسول
کي پیروي کرینگے - کیا تم پهلے نهیں قسم کھایا کرتے تھے کہ
تم کو زوال نهیں ؟ [۴۵] اور تم بھي رهے تھے ان هي لوگوں
کے گھروں میں جنھوں نے اپنے آپ پر ظلم کیا اور تم کو معلوم
هو چکا تھا کہ هم نے اُن کے ساتھہ کیسا کیا - اور هم نے
تمهارے لئے مثالیں بھي بیان کر دیں - [۴۶] اور وہ بھي اپني
چال چلے اور خدا تو اُن کي چال جانتا هے - حالانکہ اُن کي
چال ایسي تھیں کہ اُن سے بهاڑ بھي ٹل جائیں - [۴۷] پس تو
نہ خیال کر کہ خدا اپنے رسولوں سے وعدہ خلافي کریگا - بےشك
خدا زبردست اِنتقام لینے والا هے - [۴۸] جس دن زمین بدل کر
دوسري زمین کر دي جائیگي اور آسمان بھي اور وہ خدا کے
روبرو هونگے جو اکیلا غالب هے [۴۹] اور تو اس دن
گنهگاروں کو دیکھیگا کہ زنجیروں میں جکڑے هوئے هونگے
[۵۰] ان کے کرتے تار کول کے هونگے اور ان کے منهوں کو آگ
ڈھانکے هوگي - [۵۱] تا کہ خدا هر جان کو اُس کي کمائي
کي جزا دے - بے شك خدا جلد حساب لینے والا هے -
[۵۲] یهہ لوگوں کو پهنچا دینا هے تا کہ وہ اس سے ڈرائے
جائیں اور تاکہ وہ جانیں کہ بس وهي ایك خدا هے اور تا کہ
عقل والے غور کریں -

سورۂ حجر

مکي - ۹۹ آيتيں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحیم ھے

[۱] الر - یہہ کتاب اور واضح قرآن کي آيتيں هيں -
¶ [۲] جو لوگ کفر کرتے هيں وہ بہتیرے ھي آرزو کرینگے
کہ کاش مسلمان ھوتے - [۳] تو اُن کو چھوڑ دے کہ کھائیں
اور فائدہ اُٹھائیں اور آرزوئیں اُن کو غافل کریں - پھر تو وہ
جان ھي جائینگے - [۴] اور ھم نے کوئي بستي ھلاك نہيں
کي مگر اُس کے لئے ایك معیاد لکھي ھوئي تھي - [۵] کوئي
اُمت نہ اپنے وقت مقرر سے آگے بڑھہ سکتي ھے اور نہ پیچھے رہ
سکتي - [۶] اور وہ کہتے هيں اے وہ شخص جس پر یاد دلانے
والي چیز اُتاري گئي ھے تو تو دیوانہ ھے - [۷] اگر تو سچا ھے
تو ھمارے پاس فرشتے کیوں نہيں لاتا ؟ [۸] ھم فرشتے نہيں
اُتارتے مگر حق حق تصفیہ کے لئے - اور اُس وقت وہ ڈھیل
نہيں دئے جائینگے - [۹] ھم نے یہہ یاد دلانے والي چیز اُتاري
اور ھم ھي اُس کي حفاظت کرنے والے هيں - [۱۰] اور ھم نے
تجھسے پہلے بھي اگلي اُمتوں میں (رسول) بھیجے تھے -
[۱۱] اور جب کبھي اُن کے پاس کوئي رسول آتا تو وہ اُس سے
ٹھٹھا ھي کرتے - [۱۲] اِسي طرح ھم گنہگاروں کے دلوں میں
اِنکار بیٹھا دیتے هيں - [۱۳] یہہ اس پر نہيں ایمان لانے کے -
اور اگلوں کا نمونہ تو گزر ھي چکا ھے - [۱۴] اور اگر ھم ان
لوگوں کے لئے آسمان میں ایك دروازہ بھي کھول دیں اور یہہ
دن دو پہر اُس میں چڑھہ بھي جائیں [۱۵] تو یہہ ضرور

کہینگے کہ هماري انکهیں مخمور هو گئي هیں - نہیں هم لوگوں پر جادو کیا گیا هے -

[۱۶] اور هم نے آسمان میں برج بنائے اور دیکھنے والوں کے لئے اُس کو زینت دي [۱۷] اور هر شیطان مردود سے اُسکي حفاظت کي - [۱۸] مگر جو کوئي چوري سے کچھہ سن لے - تو اُس کے پیچھے ایك صاف شعلہ آ لگتا هے - [۱۹] اور هم نے زمین کو پھیلا دیا اور هم نے اُس میں پہاڑ ڈال دئے اور هم نے اُس میں هر ایك موزوں چیز اُگائي - [۲۰] اور هم نے تمھارے لئے اُس میں معاش کي چیزیں رکھہ دیں - اور اُن کے لئے بھي جن کو تم کھانے نہیں دیتے - [۲۱] اور جتني چیزیں هیں اُن سب کے خزانے همارے هي پاس هیں - اور یہہ هم محض بقدر معلوم اُتارتے هیں - [۲۲] اور هم هي بوجھل هوا بھیجتے اور آسمان سے پاني اُتارتے هیں - پھر یہي تم کو پلاتے هیں - اور تم تو اُس کو جمع کر کے نہیں رکھتے - [۲۳] اور هم هي حیات دیتے اور هم هي موت دیتے هیں اور هم هي (سب کے) وارث هیں - [۲۴] اور هم تم میں سے آگے بڑھہ جانے والوں کو جانتے هیں اور هم پیچھے رهنے والوں کو بھي جانتے هیں - [۲۵] اور بے شك تیرا پروردگار هي اُن کو اِکٹھا کریگا - بے شك وہ حکمت والا اور جاننے والا هے -

[۲۶] اور هم هي نے سڑے کیچڑ کي کھنکھناتي مٹي سے آدمي کو بنایا - [۲۷] اور اُس سے پہلے هم نے جنوں کو لوؤں کي آگ سے پیدا کیا تھا - [۲۸] اور جب تیرے پروردگار نے فرشتوں سے کہا کہ میں سڑي کیچڑ کي کھنکناتي مٹي سے ایك آدمي بنانے والا هوں - [۲۹] تو جب میں اُسے درست کر چکوں اور اُس میں اپني طرف سے روح پھونك دوں تو تم اُس کے سامنے

سجدے میں گر پڑنا - [۳۰] تو سب فرشتوں نے مل کر سجدہ
کیا [۳۱] مگر ابلیس کہ اُس نے سجدہ کرنے والوں کا ساتھ
دینے سے اِنکار کیا - [۳۲] فرمایا اے ابلیس تجکو کیا ہو گیا
ہے کہ تو سجدہ کرنے والوں کا ساتھ نہیں دیتا ؟ [۳۳] بولا
میں سجدہ نہیں کرنے والا ایک آدمی کا جس کو تونے سڑی
کیچڑ کی کھنکھناتی مٹی سے بنایا - [۳۴] فرمایا تو یہاں سے
نکل جا - تو مردود ہو گیا - [۳۵] اور روز جزا تک تجپر لعنت
رہیگی - [۳۶] بولا اے میرے پروردگار تو مجکو اُس دن تک
جب وہ پھر اُٹھائے جائینگے مہلت دے - [۳۷] فرمایا اچھا
تجکو مہلت دی گئی [۳۸] روز وقت مقرر تک - [۳۹] بولا اے
میرے پروردگار اِس لئے کہ تونے مجکو گمراہ کیا میں بھی ضرور
اُن لوگوں کو دُنیا میں (دُنیاوی چیزیں) اچھی کر دکھاؤنگا
اور ان سب کو ضرور گمراہ کرونگا - [۴۰] مگر ان میں سے تیرے
خالص بندے - [۴۱] فرمایا کہ یہی مجھہ تک سیدھی راہ
ہے - [۴۲] بے شک میرے بندوں پر تیرا کچھہ اختیار نہیں
مگر گمراہوں میں سے جس نے تیری پیروی کی - [۴۳] اور ان
سب کے لئے جہنم کا وعدہ ہے - [۴۴] اس کے سات دروازے
ہونگے - ہر دروازے کے لئے ان میں سے ایک حصہ مقرر ہوگا -
[۴۵] بے شک پرہیزگار باغوں اور چشموں میں ہونگے -
[۴۶] (اُن سے کہا جائیگا) سلامتی سے امن کے ساتھہ ان میں
داخل ہو - [۴۷] اور اُن کے دلوں میں جو کچھہ رنجش رہی
ہوگی ہم اُس کو نکال ڈالینگے - بھائی بنکر وہ تختوں پر آمنے
سامنے بیٹھے ہونگے - [۴۸] اُن کو اُس میں کوئی تکلیف نہ
چھوئیگی اور نہ پھر اُس سے نکالے جائینگے - [۴۹] میرے
بندوں کو خبر کر دے کہ میں بخشنے والا اور رحم والا ہوں -

[۵۰] اور یهہ بھي که میرا عذاب دردناك هوتا هے -
[۵۱] اور اُن کو اِبراهیم کے مهمانوں کي خبر دے [۵۲] که جب
وہ اُس کے پاس آئے تو کہا سلام - بولا هم تم سے ڈر گئے - [۵۳] وہ
بولے تو نه ڈر - که هم تجکو ایك لائق لڑکے کي خبر دیتے
هیں - [۵۴] کہا کیا تم مجکو خوش خبري دیتے هو باوجود
اس کے که مجکو بڑھاپے نے آ لیا هے ؟ پھر کس چیز کي حوش
حبري دیتے هو ؟ [۵۵] بولے که هم تجکو سچي خوش حبري
دیتے هیں - اور تو نا اُمید نه هو - [۵۶] کہا که گمراهوں کے
سوا اور کون اپنے پروردگار کي رحمت سے نااُمید هوتا هے ؟
[۵۷] کہا اے بھیجے هوؤ تمهارا مطلب کیا هے ؟ [۵۸] بولے
هم ایك گنهگار قوم کي طرف بھیجے گئے هیں [۵۹] مگر لوط
کے گھر والے که هم ان سب کو ضرور بچائینگے - [۶۰] مگر
اس کي بیوي که هم نے مقرر کر رکھا هے که وہ پیچھے رهنے والوں
میں هوگي -

[۶۱] پھر جب بھیجے هوئے لوط کے لوگوں کے پاس آئے -
[۶۲] اُس (لوط) نے کہا که تم تو اجنبي لوگ هو - [۶۳] وہ
بولے نهیں - بلکه جس چیز میں یهہ شك کرتے هیں هم وهي
لےکر آئے هیں - [۶۴] اور هم تیرے پاس (حدا کي) مشیئت
سے آئے هیں - اور هم سچ کہتے هیں - [۶۵] تو کچھہ رات
رهے تو اپنے لوگوں کو لے کر چل دے اور تو اُن کے پیچھے رهنا -
اور تم میں سے کوئي پھر کر نه دیکھے - اورچلے جاؤ جہاں تم کو
حکم دیا گیا هے - [۶۶] اور هم نے اس بات کو اُس کي طرف
قائم کر دیا که صبح هوتے هي ان کي جڑ کاٹي جائیگي -
[۶۷] اور شہر والے خوشیاں کرتے هوئے آئے - [۶۸] اس (لوط)
نے کہا که یهہ میرے مهمان هیں - پس مجکو فضیحت نه

کرو - [۶۹] اور خدا سے ڈرو - اور مجکو رسوا نه کرو -
[۷۰] وہ بولے کیا هم نے تجکو تمام دنیا کے لوگوں کے بارے
میں منع نهیں کیا تها ؟ [۷۱] بولا اگر تم کو کچهه کرنا هے
تو یهه میري لونڈیاں حاضر هیں - [۷۲] تیري جان کي قسم
یهه خماري میں بهکتے بهرتے هیں - [۷۳] اور سورج نکلتے
هي اُن کو ایك زور کي آواز نے آ لیا - [۷۴] پهر هم نے اُس کو
اُلٹ دیا اور اُن پر کنکروں کے پتهر برسائے - [۷۵] بے شك
جو لوگ چهرے سے پهچاننے والے هیں اُن کے لئے اُس میں
نشانیاں هیں - [۷۶] اور یهه همیشه کي راہ پر بهي هیں -
[۷۷] بے شك ایمان والوں کے لئے اس میں ایك نشاني هے -
[۷۸] اور ایکه والے بهي ظالم تهے - [۷۹] تو هم نے اُن سے
اِنتقام لیا - اور یهه دونوں صدر راستے پر هیں -

[۸۰] اور حجر والوں نے بهي رسولوں کو جهٹلایا -
[۸۱] اور هم نے اُن کو اپني نشانیاں دیں مگر وہ اُن سے منهه
پهیرا هي کئے - [۸۲] اور امن کے لئے پهاڑوں کو تراش کر گهر
بنایا کرتے تهے - [۸۳] مگر اُن کو بهي صبح هوتے هي ایك
زور کي آواز نے آ لیا - [۸۴] اور جو کچهه اُنهوں نے کمایا تها
کچهه بهي اُن کے کام نه آیا - [۸۵] اور هم نے آسمان اور
زمین اور جو کچهه ان دونوں کے درمیان هے محض (اپني)
مشیئت سے پیدا کئے هیں - اور بے شك وہ گهڑي آکر رهیگي -
پس تو نیکي کے ساتهه (اُن سے) درگزر کر - [۸۶] بے شك
تیرا پروردگار هي پیدا کرنے والا اور جاننے والا هے - [۸۷] اور
هم نے تجکو دهرائي جانے والي سات آیتیں دیں اور قرآن
عظیم - [۸۸] ان میں سے اکثر لوگوں کو هم نے جو کچهه
فائدہ دے رکها هے تو اپني آنکهیں اُن کي طرف نه دوڑا -

اور اُن کي وجه سے غم نه کها اور ایمان والوں کے سامنے اپنے کو جهکا دے * - [٨٩] اور کهه که میں صاف صاف ڈرانے والا هوں - [٩٠] (یهه ویسا هي هے) جیسا هم نے بانٹنے والوں پر اُتارا تها - [٩١] جنهوں نے کتاب کو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا - [٩٢] پس تیرے پروردگار کي قسم هم ان سب سے پوچهینگے [٩٣] اس چیز کے بارے میں جو اُنهوں نے کي - [٩٤] پس تجهکو حکم دیا جاتا هے که تو اُسے صاف صاف سنا دے - اور مشرکوں سے درگزر کر - [٩٥] ٹهٹها کرنے والوں کے مقابلے میں هم تجهکو بس هیں - [٩٦] جو لوگ خدا کے ساتهه دوسرے خدا ٹههراتے هیں - وہ جلد جان جائینگے - [٩٧] اور هم جانتے هیں که ان کي باتوں سے تو تنگ دل هوتا هے - [٩٨] پس تو اپنے پروردگار کي تعریف کے ساتهه تسبیح کر اور سجدہ کرنے والوں کے ساتهه هو - [٩٩] اور اپنے پروردگار کي عبادت کرتا رہ یهاں تک که تجهکو یقیني امر آ لے -

سورۂ نحل

مکي - ١٢٨ آیتیں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحیم هے

[١] خدا کا حکم آپهنچا - تو اُس کے لئے جلدي نه کرو - وہ پاک هے - اور اُن کے شرك سے بالا تر هے - [٢] وہ اپنے حکم سے فرشتوں کو وحي دے کر اپنے بندوں میں سے جس کي طرف چاهتا هے اُتارتا هے - که ڈراؤ که میرے سوا اور کوئي خدا نهیں - اور مجهي سے ڈرو - [٣] اُس نے آسمان اور زمین کو (اپني)

* لفظي معني یوں هونگے که اپنے بازو جهکا دے -

مشيئت سے پيدا كيا هے - وه أن كے شرك سے بالا تر هے - [۴] أس نے آدمي كو نطفے سے پيدا كيا - پهر بهي وه علانيه جهگڑتا هے - [۵] اور أس نے مويشي پيدا كئے - كه ان ميں تمهارے لئے جاڑے كے سامان اور اور فائدے بهي هيں - اور أن كو تم كهاتے بهي هو - [۶] اور تمهارے لئے أن ميں ايك خوبصورتي بهي هے جس وقت كه تم شام كو چرا لاتے هو اور جس وقت چرانے كو نكالتے هو - [۷] اور وه تمهارے بوجهه ايسے شهروں ميں أٹها لے جاتے هيں جن تك تم نهيں پهنچ سكتے مگر جان توڑ مشقت كے ساتهه - بے شك تمهارا پروردگار مهربان اور رحم والا هے - [۸] اور گهوڑے اور خچر اور گدهے - تا كه تم أن پر سوار هو اور واسطے زينت كے - اور وه پيدا كرتا هے جو تم نهيں جانتے - [۹] اور سيدهي راه خدا تك پهنچتي هے - اور أن ميں كج بهي هيں - اور اگر خدا چاهتا تو تم سب كو هدايت كرتا -

[۱۰] وهي هے جس نے آسمان سے پاني أتارا - جس ميں سے كچهه تمهارے پينے كا هے اور أس سے درخت هوتے هيں جن ميں تم جانوروں كو چراتے هو - [۱۱] اس سے تمهارے لئے كهيتي اور زيتون اور كهجور اور انگور اور هر طرح كے ميوے پيدا كئے - بے شك أس ميں غور كرنے والوں كے لئے ضرور ايك نشاني هے - [۱۲] اور أس نے رات اور دن اور سورج اور چاند كو تمهارے لئے مسخر كيا - اور تارے بهي أسي كے حكم سے مسخر هيں - بے شك أس ميں بهي جو لوگ عقل ركهتے هيں أن كے لئے نشانياں هيں - [۱۳] اور جو كچهه أس نے تمهارے لئے زمين ميں پيدا كيا هے أن كے مختلف رنگ هيں - بے شك أس ميں بهي دهيان كرنے والوں كے لئے ايك نشاني هے - [۱۴] اور وهي

هے جس نے دریا کو مسخر کر رکھا هے تا که اُس میں سے تم تازہ
گوشت کھاؤ اور اُس میں سے زیورات نکالو جن کو تم پہنتے
هو - اور تو کشتیوں کو دیکھتا هے که پھاڑتي هوئي اُس میں
چلي جاتي هیں که تم اُس کا فضل ڈھونڈو اور شکر گزار هو -
[١٥] اور زمین پر پہاڑ رکھه دئے که کہیں تم کو لے کر نه هل
جائے - اور نہریں اور راهیں تا که تم راه پاؤ - [١٦] اور راه
کي نشانیاں - اور تاروں سے بھي وہ راه پاتے هیں - [١٧] تو
کیا جو پیدا کر سکتا هے وہ مانند اُس کے هے که نہیں پیدا
کر سکتا ؟ کیا تم غور نہیں کرتے ؟ [١٨] اور اگر تم خدا کي
نعمتیں گننے لگو تو اُن کو گن نه سکو گے - بے شك خدا
بخشنے والا اور رحم والا هے - [١٩] اور خدا جانتا هے جو تم
چھپاتے هو اور جو تم ظاهر کرتے هو - [٢٠] اور خدا کے سوا
یہہ جن کو پکارتے هیں وہ کچھه بھي نہیں پیدا کر سکتے
بلکه خود هي پیدا کئے گئے هیں - [٢١] وہ مردے هیں -
زندہ نہیں - اور نہیں جانتے که کب (قیامت کے لئے) اُٹھائے
جائینگے -

[٢٢] تمھارا معبود ایك هي هے - مگر جو لوگ آخرت پر
ایمان نہیں رکھتے اُن کے دل اِنکار کرتے هیں اور وہ تکبر کرنے
والے هیں - [٢٣] اس میں شك نہیں که خدا جانتا هے جو
وہ چھپاتے هیں اور جو وہ ظاهر کرتے هیں - وہ تکبر کرنے والوں
کو پیار نہیں کرتا - [٢٤] اور جب اُن سے کہا جاتا هے که
تمھارے پروردگار نے کیا نازل کیا هے ؟ تو وہ کہتے هیں که اگلوں
کي کہانیاں [٢٥] تا که قیامت کے دن اپنے پورے بوجھه اُٹھائیں
اور جن لوگوں کو بے جانے گمراہ کرتے هیں اُن کے بوجھه
بھي - برا هے وہ بوجھه جو یہہ اُٹھا رهے هیں -

[۲۶] جو اُن سے پہلے تھے اُنھوں نے بھي مکر کیا تھا -
تو خدا نے اُن کي عمارت کي جڑ تک کي خبر لي - اور اُن هي
پر اُن کے اُوپر سے چھت گر پڑي اور جدھر سے اُن کو گمان تک
نہ تھا اُن پر عذاب آ پڑا - [۲۷] پھر قیامت کے دن وہ اُن کو
رسوا کریگا اور کہیگا کہ میرے شریک جن کے بارے میں تم
جھگڑا کرتے تھے وہ کہاں ہیں ؟ جن لوگوں کو علم دیا
گیا تھا وہ کہینگے کہ آج کے دن کافروں پر رسوائي اور خرابي
ھے - [۲۸] کہ جب فرشتوں نے اُن کو موت دي تھي یہہ اپني
جانوں پر ظلم کر رھے تھے تو یہہ صلح کا پیغام بھیجینگے
کہ ھم کچھہ برائي نہیں کرتے تھے - ھاں - خدا خوب جانتا
ھے جو تم کرتے ھو - [۲۹] پس جہنم کے دروازوں سے داخل ھو -
اسي میں ھمیشہ رھو - تکبر کرنے والوں کي جگہ تو ضرور بري
ھے - [۳۰] اور جو لوگ (برے کاموں سے) بچتے ھیں اُن سے
کہا جاتا ھے کہ تمھارے پروردگار نے کیا نازل کیا ھے ؟ وہ کہتے
ھیں کہ خیر کي بات - جن لوگوں نے نیکي کي اُن کے لئے اس
دنیا میں بھي نیکي ھے اور آخرت کا گھر تو ضرور ھي بہتر ھے -
اور پرھیزگاروں کا گھر کیسا اچھا ھے - [۳۱] جنت عدن جن
میں وہ داخل ھونگے - اُن کے نیچے سے نہریں جاري ھونگي -
جو کچھہ وہ چاھینگے وھاں اُن کو ملیگا - خدا اسي طرح
پرھیزگاروں کو جزا دیتا ھے - [۳۲] جن کو فرشتے پاکي کي
حالت میں موت دیتے ھیں وہ کہتے ھیں سلام علیکم
جنت میں داخل ھو بسبب اس کے جو تم کرتے تھے - [۳۳] کیا
وہ اسي کے منتظر ھیں کہ فرشتے ان کے پاس آ پہنچیں یا
تیرے پروردگار کا حکم آ جائے ؟ جو لوگ ان سے پہلے ھوئے ھیں
اُنھوں نے بھي اسي طرح کیا - اور خدا نے تو ان پر ظلم

کیا نہیں بلکہ وہ اپنے آپ پر ظلم کرتے رہے - [٣٤] پس ان کے
کئے کي برائي ان پر آ پڑي - اور جس سے وہ ٹھٹھا کیا کرتے تھے
اُس نے اُن کو آ گھیرا -

[٣٥] اور جو لوگ شرک کرتے هیں وہ کہتے هیں کہ اگر
خدا چاهتا تو هم اُس کے سوا اور کسي چیز کي عبادت هي نہ
کئے هوتے - نہ هم اور نہ همارے باپ دادے - اور نہ اُس کے
بغیر حکم هم کوئي چیز حرام کر ڈالتے - جو لوگ اُن سے
پہلے تھے وہ بھي اسي طرح کیا کرتے تھے - مگر رسولوں پر سوا
اس کے اور کیا هے کہ وہ صاف صاف پہنچا دیں ؟ [٣٦] اور هم نے
هر اُمت میں رسول بھیجے کہ خدا کي عبادت کرو اور طاغوت
سے باز آؤ - تو ان میں سے بعض کو خدا نے هدایت کي اور
اُن میں سے بعض پر گمراهي لاحق هوئي - پس دنیا میں سیر
کرو اور دیکھو کہ (رسولوں کو) جھٹلانے والوں کا انجام کیسا
هوا - [٣٧] اگر تو اُن کي هدایت چاهے تو خدا جس کو
گمراہ کرتا هے اُسے هدایت نہیں کرتا - اور اُس کا کوئي مددگار
نہیں - [٣٨] اور یہہ زوروں سے خدا کي قسم کھاتے هیں کہ
جو مر جاتے هیں اُن کو خدا نہیں اُٹھا کھڑا کرنے کا - هاں -
یہہ اُس کا سچا وعدہ هے - لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے -
[٣٩] تا کہ وہ اُن سے اُس چیز کے بارے میں بیان کرے جس میں
وہ اِختلاف کرتے هیں - اور تا کہ جو لوگ کفر کرتے هیں وہ
جانیں کہ وہ جھوٹے هیں - [٤٠] جب هم کسي چیز کا اِرادہ
کرتے هیں تو هم اس کي نسبت یہي کہتے هیں کہ هو جا -
اور وہ هو جاتي هے -

[٤١] اور جن لوگوں نے ظلم کئے جانے کے بعد خدا کي
راہ میں هجرت کي هم اُن کو دنیا میں ضرور اچھي جگہ

دینگے - اور آخرت کا اجر تو بڑھہ کر هوگا - اے کاش یہہ
جانتے - [۴۲] وہ لوگ جنھوں نے صبر کیا اور اپنے پروردگار پر
توکل کیا - [۴۳] اور تجھسے پہلے بھي هم نے آدمي هي بھیجے
که ان کي طرف هم نے وحي بھیجي - پس اگر تم نہیں جانتے
هو تو اهل کتاب سے پوچھو - [۴۴] بین دلیلیں اور کتاب
(لے کر بھیجے) - اور هم نے تجھپر کتاب نازل کی تا که تو
لوگوں سے بیان کر دے جو کچھہ اُن کي طرف نازل کیا گیا
هے اور تا که وہ غور کریں - [۴۵] تو کیا جو لوگ بري تدبیریں
کیا کرتے هیں وہ اِس بات سے نڈر هو گئے هیں که خدا اُن کو
زمین میں نه دھسادیگا یا اُن کے پاس عذاب نه آ پڑیگا جدھر
سے اُن کو گمان بھي نہیں ؟ [۴٦] یا اُن کے چلنے پھرنے میں
وہ اُن کو آ پکڑے ؟ اور وہ تو (اُس کو) عاجز نہیں کر سکتے -
[۴۷] یا وہ ڈرتے هوں اتنے هي میں اُن کو آ لے - مگر بے شك
تمھارا پروردگار مہربان اور رحم والا هے - [۴۸] کیا اُنھوں نے
ان چیزوں کي طرف نہیں دیکھا جو خدا نے پیدا کي هیں ؟
اُن کے سائے بھي داهني طرف سے اور بائیں طرف سے خدا هي
کو سجدہ کرتے پھرتے هیں - اور وہ بھي عاجز هیں - [۴۹] اور
جو کچھہ آسمان اور جو کچھہ زمین میں هے وہ سب خدا
هي کو سجدہ کرتے هیں - چلنے والے جانور اور فرشتے - اور وہ
تکبر نہین کرتے - وہ [۵۰] وہ اپنے پروردگار سے جو اُن کے اوپر هے
ڈرتے هیں اور کرتے هیں جو وہ حکم کئے جاتے هیں -

[۵۱] اور خدا نے کہا هے که دو معبود نه ٹھہراؤ - وهي تو
ایك معبود هے - پس مجھهي سے ڈرو - [۵۲] اور اُسي کا هے جو
کچھہ آسمان اور زمین میں هے اور اُسي کي عبادت لازم هے - تو
کیا تم خدا کے سوا کسي اور سے بھي ڈروگے ؟ [۵۳] اور جو کچھہ

نعمت تمھارے پاس ھے وہ خدا کي طرف سے ھے - پھر جب تم
کو تکلیف پہنچتي ھے تو اُسي کے حضور میں فریاد کرتے ھو -
[۵۴] پھر جب وہ تکلیف کو تم پر سے ٹال دیتا ھے تو اُسي
وقت تم میں سے ایک گروہ اپنے پروردگار کا شریک ٹھہراتا ھے -
[۵۵] تاکہ ھم نے جو کچھہ اُن کو دیا تھا اُس کي نا شکري
کریں - تو فائدہ اُٹھا لو - پھر تم جانوگے - [۵۶] اور ھم نے جو
کچھہ اُن کو دیا ھے اُس میں یہہ لوگ اُن کا حصہ بھي ٹھہراتے
ھیں جن کو وہ نہیں جانتے - بخدا جو کچھہ تم اِفترا کرتے
ھو تم سے ضرور اُن کے بارے میں پوچھا جائیگا - [۵۷] اور یہہ
لوگ خدا کي بیٹیاں ٹھہراتے ھیں - وہ پاک ھے - اور اپنے لئے
(ٹھہراتے ھیں) جو وہ چاھتے ھیں - [۵۸] اور جب اُن میں
سے کسي کو بیٹي کي خوش خبري دي جاتي ھے تو اُس کا منھہ
کالا ھو جاتا ھے اور وہ رنجیدہ ھوتا ھے - [۵۹] وہ جس چیز
کي خوش خبري دیا گیا ھے اُس کے سبب لوگوں سے چھپا پھرتا
ھے - آیا اُس کو باوجود ذلت کے رکھے یا اُس کو مٹي میں گاڑ
دے - یہہ کیسا برا فیصلہ کرتے ھیں - [۶۰] جو لوگ آخرت
پر ایمان نہیں رکھتے اُن کي صفت بُري ھے - اور خدا کي
صفت اعلیٰ ھے - اور وہ زبردست حکمت والا ھے -

[۶۱] اور اگر خدا لوگوں کو اُن کے ظلم کے سبب گرفتار
کرتا تو زمین پر کسي چلنے والي چیز کو نہ چھوڑتا - مگر وہ
ایک وقت مقرر تک اُن کو ڈھیل دیتا ھے - تو جب اُن کي اجل آ گئي
تو نہ وہ ایک گھڑي پیچھے رہ سکتے اور نہ آگے نکل سکتے ھیں -
[۶۲] اور جو اُن کو نا گوار ھے وھي یہہ خدا کے لئے ٹھہراتے
ھیں - اور اُن کي زبانیں جھوٹ بیان کرتي ھیں کہ اُن کي
بھلائي ھوگي - کوئي شک نہیں کہ اُن کے لئے (جہنم کي) آگ

هوگي اور وہ سب سے آگے هونگے - [۶۳] بخدا هم نے تجسے
پہلے بھي لوگوں کي طرف (رسول) بھیجے - تو شیطان نے اُن
کے کام اُن کو اچھے کر دکھائے - اور آج کے دن وهي اُن کا دوست
هوگا - اور اُن کے لئے دردناک عذاب هے - [۶۴] اور هم نے تو
تجپر کتاب اسي لئے نازل کي کہ جن باتوں میں وہ اِختلاف
کرتے هیں وہ تو اُن سے صاف صاف بیان کر دے - اور ایمان والوں
کے لئے یہہ هدایت اور رحمت هو - [۶۵] اور خدا نے آسمان سے پاني
اُتارا پھر زمین کے مرجانے پیچھے اُس کو اُس سے زندہ کیا - بے شک
اس میں سننے (سمجھنے) والوں کے لئے ایک نشاني هے -
[۶۶] اور بے شک مویشیوں میں بھي تمھارے لئے عبرت
هے کہ گوبر اور خون جو اُن کے پیٹ میں هے اُس سے هم تم کو
خالص دودھ پلاتے هیں کہ پینے والے اُسے بآساني پی جاتے
هیں - [۶۷] اور کھجور اور انگور کے میوے کہ تم اُن سے
مسکرات اور اچھے کھانے کي چیزیں بناتے هو - بے شک
اُس میں بھي عقل والوں کے لئے ایک نشاني هے - [۶۸] اور تیرے
پروردگار نے شہد کي مکھي کي طرف وحي بھیجي کہ پہاڑوں
میں اور درختوں میں اور جو لوگ اونچي ٹٹیاں بناتے هیں اُن
میں گھر بنا - [۶۹] پھر هر طرح کے میوے کھا اور اپنے پروردگار
کي مسخر راهوں پر چل - اُن کے پیٹ سے پینے کي چیز نکلتي
هے کہ اُس کے رنگ بھي مختلف هوتے هیں اور اُس میں لوگوں
کے لئے دوا هے - بے شک اس میں بھي غور کرنے والوں کے لئے ایک
نشاني هے - [۷۰] اور خدا نے تم کو پیدا کیا پھر وهي تمھاري
روح قبض کرتا هے اور تم میں سے کوئي تو نکمي عمر تک
پہنچایا جاتا هے کہ وہ جان کر بھي پھر نہیں جانتا - بے شک
خدا جاننے والا اور قدرت والا هے -

[٧١] اور خدا هي نے تم میں سے ایك كو ایك پر رزق کے اِعتبار سے فضیلت دي هے - مگر جن كو فضیلت دي گئي هے وہ اپنا رزق پهیر كر اُن لوگوں كو نهیں دیتے جن کے مالك اُن کے داهنے هاتهہ هیں - كه اس میں وہ بهي برابر هو جائیں - پهر بهي كیا یهہ خدا كي نعمتوں سے اِنكار كرتے هیں ؟ [٧٢] اور تم هي میں سے خدا نے تمهارے لئے بیویاں پیدا كیں اور تمهاري بیویوں سے تمهارے لئے بیٹے اور پوتے پیدا كئے اور تم كو اچهي چیزیں كهانے كو دیں - تو كیا یهہ جهوٹي باتوں پر ایمان ركهتے اور خدا كي نعمتوں سے كفر كرتے هیں ؟ [٧٣] اور یهہ خدا کے سوا ان چیزوں كي عبادت كرتے هیں جو آسمان اور زمین میں اُن كو رزق دینے كا بهي اختیار نهیں ركهتے اور نه طاقت ركهتے - [٧٤] تو خدا کے لئے مثالیں نه بیان كرو - بے شك خدا جانتا هے اور تم نهیں جانتے - [٧٥] خدا ایك مثال بیان كرتا هے كه ایك غلام هے دوسرے كي ملك - وہ كسي چیز پر اختیار نهیں ركهتا اور وہ شخص كه جس كو هم نے اپني طرف سے اچها رزق دے ركها هے اور وہ اس میں سے چهپا كر اور علانیه خرچ كرتا هے كیا یهہ دونوں برابر هیں ؟ تعریف خدا هي كو هے - لیكن ان میں اكثر نهیں جانتے - [٧٦] اور خدا ایك مثال بیان كرتا هے كه دو آدمي هیں ان میں كا ایك گونگا هے كه كسي چیز پر اُس كا اختیار نهیں اور وہ اپنے مالك پر بوجهہ بهي هے - وہ جهاں اس كو بهیجے اس سے كوئي كام نهیں هوتا - كیا یهہ اور وہ برابر هیں جو عدل كرنے كو كهتا اور خود سیدهي راہ پر هے ؟

[٧٧] اور آسمان اور زمین كي چهپي باتیں خدا هي كو معلوم هیں - اور (قیامت كي) گهڑي تو بس جیسے پلك كا

جھپکنا بلکه اس سے بھي زیادہ نزدیك ھے - بے شك خدا ھر
چیز پر قادر ھے - [۷۸] اور خدا نے تم کو تمھاري ماؤں کے پیٹ
سے نکالا - تم کچھہ بھي نہیں جانتے تھے - اور اُس نے تم کو
کان اور آنکھہ اور دل دئیے تا که تم شکر گزار ھو - [۷۹] کیا
یہہ لوگ پرندوں کو نہیں دیکھتے جو آسمان کي فضا میں
مسخر کئے ھوئے ھوتے ھیں - خدا ھي ان کو تھامے رھتا ھے -
بے شك جو لوگ ایمان رکھتے ھیں ان کے لئے اسي میں نشانیاں
ھیں - [۸۰] اور خدا ھي نے تمھارے لئے تمھارے گھروں کو
ٹھکانا بنایا اور مویشیوں کے چمڑوں سے تمھارے لئے گھر بنائے
که تم اپنے سفر کے وقت اور اپنے مقام کرنے کے وقت ان کو ھلکا پاتے
ھو - اور اُن کي اُون اور ان کے روؤں اور ان کے بالوں سے کتنے
اسباب اور فائدے کي چیزیں بنائیں جو ایك وقت تك (تمھارے
کام آتي ھیں) - [۸۱] اور خدا ھي نے تمھارے لئے اپني بنائي
ھوئي چیزوں کے سائے بنائے اور پہاڑوں سے تمھارے لئے چھپنے
کي جگہیں بنائیں - اور تمھارے لئے کرتے بنائے جو تم کو گرمي
سے بچائیں اور ایسے بھي کرتے بنائے جو تم کو ایك دوسرے کي
زیادتي سے بچائیں - اس طرح وہ تم پر اپني نعمتیں پوري
کرتا ھے تا که تم فرماں بردار ھو - [۸۲] پھر اگر یہہ بیٹھہ
پھیر لیں تو تجھپر تو بس صاف صاف پہنچا دینا ھے -
[۸۳] یہہ خدا کي نعمتوں کا اعتراف کرتے ھیں پھر اُن سے
اِنکار کرتے ھیں - اور اُن میں سے اکثر کافر بھي ھیں -

[۸۴] اور جب ھم ھر اُمت میں سے ایك گواہ کھڑا کرینگے
پھر جو لوگ کفر کئے اُن کو اِجازت نه ملیگي اور نه اُن سے
عذر کے لئے کہا جائیگا - [۸۵] اور جب ظالم عذاب کو
دیکھینگے تو نه یہہ اُن سے ھلکا کیا جائیگا اور نه وہ ڈھیل

دئے جائینگے - [٨٦] اور جب مشرك اپنے شریکوں کو دیکھینگے -
وہ کھینگے کہ اے ھمارے پروردگار یہہ ھیں ھمارے شریك جن
کو ھم تیرے سوا پکارا کرتے تھے - تو وہ اُن کي بات اُن ھي
پر مارینگے کہ تم جھوٹے ھو - [٨٧] اور وہ اُس دن خدا کے
آگے سر جھکا دینگے اور جو افترابردازیاں یہہ کیا کرتے تھے وہ
سب اُن سے گم ھو جائینگي - [٨٨] جو لوگ کفر کرتے اور
خدا کي راہ سے روکتے ھیں ھم اُن کو عذاب پر عذاب دئے
جائینگے اِس لئے کہ اُنھوں نے فساد کیا - [٨٩] اور جس دن
ھم ھر اُمت میں ان ھي میں کا ایك گواہ ان پر کھڑا کرینگے
اور (اے محمد) تجکو اُن لوگوں پر گواہ بنا کر لائینگے - اور
ھم نے تجپر کتاب نازل کی ھے جو ھر چیز کي بیان کرنے والي
ھے اور ھدایت اور رحمت اور مسلمانوں کے لئے خوش خبري -
[٩٠] خدا عدل کرنے کا حکم دیتا اوراِحسان کرنے کا اور قرابت
والوں کو دینے کا اور بے حیائي اور نامعقول بات اور سرکشي کرنے
سے منع کرتا ھے - وہ تم کو نصیحت کرتا ھے تاکہ تم یاد رکھو -
[٩١] اور خدا کے عہد کو پورا کرو جب تم عہد کر لو -
اور قسموں کو پکا کئے پیچھے نہ توڑو حالانکہ تم نے خدا کو
اپنے اُوپر ضامن ٹھہرایا ھے - بے شك خدا جانتا ھے جو تم کرتے
ھو - [٩٢] اور اُس عورت کے مانند نہ بنو جس نے اپنے سوت کاتے
پیچھے ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا - کہ تم اپني قسموں کو فساد کا
باعث بناؤ اِس لئے کہ ایك جماعت دوسري جماعت سے بڑھکر
ھے - خدا تو بس اِس سے تمھاري آزمایش کرتا ھے - اور وہ
قیامت کے دن ضرور تم سے وہ باتیں بیان کر دیگا جن میں تم
اِختلاف کرتے ھو - [٩٣] اور اگر خدا چاھتا تو وہ ضرور تم کو
ایك ھي اُمت بناتا - لیکن وہ جس کو چاھتا ھے گمراہ کرتا

هے - اور جس کو چاھتا ہے ھدایت کرتا ہے - اور تم جو کچھہ
کرتے ھو اُس کي نسبت تم سے ضرور پوچھا جائیگا - [۹۴] اور
اپني قسموں کو آپس کے فساد کا باعث نہ بناؤ کہ (لوگوں کے)
قدم ثابت ھوئے پیچھے ڈگ جائیں - اور تم بُرائي کا مزہ
چکھو اِس لئے کہ تم نے (ان کو) خدا کي راہ سے روکا - اور تم کو
بڑا عذاب ھو - [۹۵] اور خدا کے عہد کے بدلے تھوڑي قیمت
نہ لو - بے شك جو خدا کے پاس ھے وہ تمھارے لئے بہتر ھے
اگر تم جانو - [۹۶] جو کچھہ تمھارے پاس ھے وہ تمام ھو
جائیگا اور جو کچھہ خدا کے پاس ھے وھي باقي رھیگا - اور جو
لوگ صبر کرتے ھیں ھم اُن کو اُن کے بہترین کاموں کا بدلہ
ضرور دینگے - [۹۷] جو کوئي نیکي کریگا مرد ھو یا عورت اور
وہ ایمان بھي رکھتا ھو تو ھم اُس کو اچھي زندگي بسر کرائینگے
اور ھم اُن کو اُن کے بہترین کاموں کا اجر ضرور دینگے -
[۹۸] اور جب تو قرآن پڑھے تو شیطان مردود سے خدا کي پناہ
مانگ لے - [۹۹] جو لوگ ایمان رکھتے ھیں اور اپنے پروردگار
پر توکل کرتے ھیں اُن پر اُس کا کوئي غلبہ نہیں - [۱۰۰] جو
لوگ اُس کو دوست رکھتے اور جو اُس کو شریك ٹھہراتے ھیں
اُن ھي پر اُس کا غلبہ ھے -

[۱۰۱] اور جب ھم ایك آیت کي جگہ دوسري آیت لا دیتے
ھیں - اور خدا خوب جانتا ھے اس چیز کو جو وہ اُتارتا ھے -
وہ کہتے ھیں کہ تو تو افترا کرنے والا ھے - نہیں - بلکہ ان
میں اکثر نہیں جانتے - [۱۰۲] تو کہہ دے کہ اُس کو
روح القدس نے تیرے پروردگار کي طرف سے (اس کي) مشیئت
سے اُتارا ھے تا کہ اُن لوگوں کو جو ایمان رکھتے ھیں ثابت
(قدم) رکھے اور مسلمانوں کے لئے ھدایت اور خوش خبري ھو -

[١٠٣] اور هم جانتے هيں كه يهه كهتے هيں كه اُس كو تو كوئي آدمي سكهاتا هے - جس شخص كي طرف يهه گمان كرتے هيں اُس كي زبان تو عجمي هے اور يهه صاف عربي زبان هے - [١٠٤] جو لوگ خدا كي آيتوں پر ايمان نهيں ركهتے اُن كو خدا هدايت نهيں كرتا - اور اُن كے لئے دردناك عذاب هے - [١٠٥] جو لوگ خدا كي آيتوں پر ايمان نهيں ركهتے وه تو محض جهوت باندهتے هيں - اور يهي لوگ جهوتے هيں - [١٠٦] جو كوئي اپنے ايمان لانے كے بعد خدا سے كفر كرے سوا اس كے كه وه زبردستي كيا گيا هو اور اُس كا دل ايمان كي طرف سے مطمئن هو (تو كوئي حرج نهيں -) ليكن جس كسي نے اپنے دل كو كفر كے لئے كهول ديا تو اُن پر خدا كي طرف سے غضب هوگا اور اُن كے لئے بڑا عذاب هے - [١٠٧] يهه اِس لئے كه اُنهوں نے آخرت كے مقابلے ميں دنيا كي زندگي كو پسند كيا - اور اس لئے كه خدا كافر لوگوں كو هدايت نهيں كرتا - [١٠٨] يهي لوگ هيں جن كے دلوں پر اور كانوں پر اور آنكهوں پر خدا نے مهر كر دي هے - اور يهي لوگ غافل هيں - [١٠٩] اس ميں شك نهيں كه يهي آخرت ميں خساره اُتهانے والے هونگے - [١١٠] پهر جن لوگوں نے تكليف پانے كے بعد هجرت كي پهر جهاد كئے اور صبر كيا - بے شك تيرا پروردگار اس كے بعد ضرور بخشنے والا اور رحم كرنے والا هوگا -

[١١١] جس دن هر جان اپنے لئے جهگڑتا هوا آئيگا اور هر جان كو اس كے كئے كا پورا پورا بدله ديا جائيگا اور ان پر ظلم نه هوگا - [١١٢] اور خدا ايك بستي كي مثال بيان كرتا هے كه وه امن اور اِطمينان سے تهي - هر طرف سے با فراغت اُس كا رزق اس كے پاس چلا آتا تها - پهر اُس نے خدا كي نعمتوں سے كفر كيا

تو اُس کے کئے کے سبب خدا نے اُس کو بھوک اور خوف کے پہناوے
کا مزہ چکھایا - [۱۱۳] اور اُن کے پاس اُن ھي میں کا ایک
رسول آیا تو اُنھوں نے اُس کو جھٹلایا - پس ان کو عذاب نے
آ لیا جب وہ ظلم کر ھي رھے تھے- [۱۱۴] تو خدا نے جو کچھہ
تم کو حلال اور اچھي چیزیں دی ھیں ان کو کھاؤ - اور اگر تم
اُسي کي عبادت کرتے ھو تو خدا کي نعمت کا شکر کرو -
[۱۱۵] اُس نے تو تم پر مردار حرام کیا ھے اور لھو اور سؤر کا
گوشت اور وہ چیز جو خدا کے سوا کسي اور کے نامزد کي گئي ھو-
مگر جو کوئي بے بس ھو جائے نہ یہہ کہ سرکشي کرے اور نہ
یہہ کہ زیادتي کرے تو بے شک خدا بخشنے والا اور رحم والا
ھے - [۱۱۶] اور جھوٹ موٹ کو بھي جو کچھہ تمھاري زبان
پر آئے نہ کہہ بیٹھو کہ یہہ حلال ھے اور یہہ حرام تا کہ خدا
پر جھوٹ نہ باندھو- جو لوگ خدا پر جھوٹ باندھتے ھیں
وہ فلاح نھیں پانے کے - [۱۱۷] تھوڑا سا فائدہ ھے - اور اُن کے
لئے دردناك عذاب ھے - [۱۱۸] اور جو لوگ یہودي تھے اُن
پر بھي ھم نے وہ چیزیں جو ھم پہلے تجسے بیان کر چکے ھیں
حرام کر دي تھیں - اور ھم نے اُن پر ظلم نھیں کیا بلکہ وہ
خود اپنے آپ پر ظلم کئے -[۱۱۹] پھر جو لوگ بے جانے برے
کام کئے پھر اُس کے بعد توبہ کي اور (اپني) اِصلاح بھي کي تو
بے شك تیرا پروردگار اس کے بعد ضرور بخشنے والا اور رحم والا ھے -
[۱۲۰] بے شك اِبراھیم خدا کا فرماں بردار سیدھي راہ پر
چلنے والا تھا - اور وہ مشرك نہ تھا - [۱۲۱] اُس کي نعمتوں
کے لئے شکر گزار تھا - اُس نے اُس کو برگزیدہ کیا اور سیدھي راہ
کي ھدایت کي -[۱۲۲] اور ھم نے اُس کو دنیا میں نیکي دي -
اور وہ آخرت میں بھي ضرور نیك لوگوں میں ھوگا -[۱۲۳] پھر

هم نے تيري طرف وحي بهيجي كه سيدهي راه والے ابراهيم كي ملت كي بيروي كر - اور وه مشرك نه تها - [١٢٤] سبت كا دن تو اُن هي لوگوں پر لازم كيا گيا تها جنهوں نے اُس ميں اختلاف بهي كئے - اور جن باتوں ميں يهه لوگ اختلاف كرتے هيں قيامت كے دن تيرا پروردگار اُن ميں اُن كا فيصله كر ديگا - [١٢٥] حكمت اور نيك نصيحت سے اپنے پروردگار كي راه كي طرف (اُن كي) دعوت كر - اور اُن سے نهايت عمدگي كے ساتهه بحث كر - بے شك تيرا پروردگار هي خوب جانتا هے كه كون اُس كي راه سے گمراه هے - اور هدايت پانے والوں كو وهي خوب جانتا هے - [١٢٦] اور اگر تم سختي كرو تو ويسي هي سختي كرو جيسے تمهارے ساتهه كي گئي هو - اور اگر تم صبر كرو تو صبر كرنے والوں كے لئے يهي بهتر هے - [١٢٧] اور تو صبر كر - اور خدا كي توفيق بغير تو صبر كر هي نهيں سكتا - اور اُن كے لئے غمگين نه هو اور اُن كے مكر كے سبب تنگ دل نه هو - [١٢٨] جو لوگ (برے كاموں سے) بچتے اور نيك كام كرتے خدا بے شك اُن كا ساتهي هے -

سورۂ بني اسرائيل

مكي - ١١١ آيتيں

الله كے نام سے جو رحمان اور رحيم هے

¶ [١] پاك هے وه ذات جو اپنے بندے كو راتوں رات مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تك لے گيا جس كے گرد هم نے بركتيں دے ركهي هيں تا كه هم اُس كو اپني كچهه نشانياں دكهائيں - بے شك وه سننے والا اور ديكهنے والا هے - [٢] اور

هم نے موسی کو کتاب دي - اور اُس کو بني اسرائيل کے لئے
هدايت مقرر کيا - (اور اُن کو حکم ديا) کہ ميرے سوا کسي
کو اپنا کارساز نہ بناؤ - [۳] (تم) اُن کي اولاد هو جن کو
هم نے نوح کے ساتهہ (کشتي پر) چڑھا ليا تھا - وہ همارا
شکر گزار بندہ تھا - [۴] اور هم نے بني اسرائيل کو کتاب
ميں حکم ديا تھا کہ تم ضرور ملک ميں دو بار فساد کروگے اور
نهايت مغرور اور سرکش هو جاؤگے - [۵] تو جب اُن ميں سے
پهلا وعدہ آ پهنچا تو هم نے تم پر اپنے ايسے بندے اُٹھا کھڑے
کئے جو سخت زبردست تھے اور وہ گھروں ميں آ گھسے - اور
وعدہ پورا هوکر رها - [۶] پھر هم نے اُن پر تم کو غلبہ ديا
اور مال سے اور بيٹوں سے تمهاري مدد کي اور تم کو بڑي جماعت
بنا دي - [۷] اگر تم نے نيکي کي تو اپنے هي لئے نيکي کي -
اور اگر تم نے برائي کي تو بھي اپنے هي لئے - پھر جب دوسرا
وعدہ آ پهنچا (تو هم نے دوسرے لوگ کھڑے کئے) کہ وہ
تمهارے چهرے بگاڑ ديں اور تا کہ وہ مسجد ميں داخل هوں
جس طرح وہ پهلي بار داخل هوئے تھے - اور تا کہ جس
چيز پر وہ غالب آئيں اُس کو بالکل تباہ کر ڈاليں - [۸] شايد
تمهارا پروردگار تم پر رحم کرے - اور اگر تم پھر وهي کروگے تو
هم بھي وهي کرينگے - اور هم نے جهنم کو کافروں کے رهنے کي
جگہ بنائي هے - [۹] بے شک يہہ قرآن سب سے سيدهي راہ
کي هدايت کرتا هے - اور ايمان والوں کو جو نيک کام کرتے هيں
خوش خبري ديتا هے کہ اُن کو بڑا اجر مليگا - [۱۰] اور يہہ
کہ جو لوگ آخرت پر ايمان نهيں رکھتے اُن کے لئے هم نے
دردناک عذاب تيار کر رکھا هے -

[۱۱] اور آدمي جيسے دعاء خير کرتا هے ويسے هي دعاء بد

بھي كرتا ھے - اور اِنسان جلد باز ھے - [١٢] اور ھم نے رات
اور دن كو دو نشانيان قرار دي ھيں - پھر رات كي نشاني ھم
نے مٹا دي اور دن كي نشاني ھم نے دكھلانے والي بنائي تا كه
تم اپنے پروردگار كا فضل ڈھونڈو اور تا كه برسوں كي گنتي اور
حساب جانو - اور ھم نے سب چيزيں نہايت ھي مفصل طور پر
بيان كر دي ھيں - [١٣] اور ھم نے ھر آدمي كا شگون اُس كي
گردن پر لازم كر ديا ھے - اور قيامت كے دن ھم كتاب نكالينگے
جس كو وہ كھلا ھوا ديكھيگا - [١٤] اپني كتاب پڑھ - آج
كے دن تيرے مقابلے ميں تيري ھي جان حساب كے لئے كافي ھے -
[١٥] جس كسي نے ھدايت پائي تو اُس نے اپنے ھي لئے ھدايت
پائي - اور جو كوئي گمراہ ھوا تو اُس كي گمراھي اُسي پر پڑي -
اور كوئي بوجھ اُٹھانے والا دوسرے كا بوجھ نہيں اُٹھانے كا -
اور ھم بھي عذاب نہيں كرتے جب تك كه ھم رسول نه بھيج
ليں - [١٦] اور جب ھم كسي بستي كو ھلاك كرنے كا ارادہ كرتے
ھيں تو ھم اُس كے خوش حال لوگوں كو حكم ديتے ھيں - پھر
وہ اُس سے نافرماني كرتے ھيں پھر اُس پر بات صادق آتي ھے -
پھر ھم اُس كو بالكل تباہ كر ڈالتے ھيں - [١٧] اور نوح كے
بعد ھم نے كتنے قرن ھلاك كر ڈالے - اور تيرا پروردگار اپنے بندوں
كے گناہ كي خبر ركھنے اور ديكھنے كو بس ھے - [١٨] جو كوئي
فوري حاصل چاھے تو ھم جس كو چاھتے ھيں اور جو چاھتے
ھيں اسي (دنيا) ميں اس كو فوراً ديتے ھيں - پھر تو ھم نے
اُس كے لئے جہنم مقرر كر ركھا ھے - جس ميں وہ برے حالوں
راندہ ھو كر داخل ھوگا - [١٩] اور جو كوئي آخرت چاھے اور
اُس كے لئے كوشش كرے جيسي اُس كو كوشش كرني چاھئے اور
وہ ايمان والا بھي ھو - تو ان لوگوں كي كوشش مقبول ھوگي -

[٢٠] اُن کو اور اِن کو سب هي کو هم تيرے پروردگار کي
عنايت سے اِمداد ديتے هيں - اور تيرے پروردگار کي عنايت
بند نهيں - [٢١] ديکهه هم نے کس طرح ايك کو ايك پر
فضيلت دي هے اور آخرت تو ضرور درجے کے اِعتبار سے سب سے
بڑهه کر هوگي اور فضيلت ميں بهي سب سے بڑهه کر -
[٢٢] خدا کے ساتهه کوئي دوسرا خدا نه ٹهہرا - نهيں تو تو
ذلت اور تهلکے ميں پڑ جائيگا -

[٢٣] اور تيرا پروردگار حکم ديتا هے که (لوگو) تم اُس کے
سوا کسي کي عبادت نه کرو اور والدين کے ساتهه اِحسان کرو -
اگر ان دونوں ميں کا ايك يا دونوں تيرے سامنے بڑهاپے کو
پهنچيں تو اُن کو اُف بهي نه کر اور نه اُن کو ڈانٹ اور اُن سے
ادب کے ساتهه بات کر - [٢٤] اور رحم سے عاجزي کے ساتهه
اُن کے آگے جهك جا* - اور کهه که اے ميرے پروردگار ان
دونوں پر رحم کر جيسا انهوں نے مجهکو چهوٹے سے پالا -
[٢٥] تمهارا پروردگار خوب جانتا هے جو تمهارے دلوں ميں هے -
اگر تم نيك هو تو بے شك وه رجوع کرنے والوں کو بخشنے والا
هے - [٢٦] اور قرابت والے کو اُس کا حق دے اور مسکين کو
اور مسافر کو اور بے جا خرچ نه کر - [٢٧] بے شك بے جا
خرچ کرنے والے شيطانوں کے بهائي هيں - اور شيطان اپنے
پروردگار کا ناشکر هے - [٢٨] اور اگر تو اپنے پروردگار کي رحمت
کي اُميد ميں اُن سے منهه پهيرے تو اُن سے نرمي سے بات کر -
[٢٩] اور اپنے هاتهه کو اپني گردن ميں بندها هوا نه رکهه
اور نه اُس کو بالکل کهول دے - نهيں تو تو ملامت اور ندامت
ميں پڑ جائيگا - [٣٠] بے شك تيرا پروردگار جس کا چاهتا هے

* لفظي معني يهه هونگے که عاجزي کا بازو ان کے آگے جهکا لے -

رزق کشادہ کر دیتا ھے اور نپي تلي کر دیتا ھے - بے شك وہ
اپنے بندوں کي خبر رکھنے والا اور دیکھنے والا ھے -
[۳۱] اور افلاس کے ڈر سے اپني اولاد کو نہ مارو - ھم اُن کو
اور تم کو دونوں کو رزق دینگے - بے شك اُن کا قتل کرنا بڑا گناہ
ھے - [۳۲] اور زنا کے نزدیك نہ جاؤ - بے شك یہہ بے حیائي
ھے اور ایك بُرا طریقہ - [۳۳] اور اُس جان کو نہ مار ڈالو
جس کا مارنا خدا نے حرام کیا ھے مگر اِنصاف کے ساتھہ - اور
جو کوئي مظلوم مارا جائے تو ھم نے اُس کے ولي کو اختیار
دیا ھے - مگر چاھئے کہ وہ قتل میں زیادتي نہ کرے - بے شك
(یہہ) اُس کي حمایت ھے - [۳۴] اور یتیم کے مال کے پاس بھي
نہ جاؤ یہاں تك کہ وہ اپني عمر کو پہنچ جائے مگر بہت ھي
عنوان احسن کے ساتھہ - اور عہد پورا کرو - بے شك عہد
کي نسبت بھي پوچھا جائیگا - [۳۵] اور جب ماپ کرو تو
ماپ پوري کرو اور سیدھي ڈنڈي سے تولو - یہہ بہت ھي
اچھا ھے اور انجام بھي اچھا - [۳۶] اور اُس چیز کے پیچھے
نہ پڑ جا جس کا تجکو کوئي علم نہیں - بے شك کان اور
آنکھہ اور دل ان میں کے ھر ایك سے پوچھا جائیگا - [۳۷] اور
زمین میں اکڑتا ھوا مت چل - تو تو ھرگز زمین کو نہیں
پھاڑ سکتا اور نہ تو لمبائي میں پہاڑ کو پہنچ سکتا ھے -
[۳۸] ان سب باتوں میں سے جو بري ھیں وہ تیرے پروردگار
کے نزدیك مکروہ ھیں - [۳۹] یہہ ان حکمت کي باتوں میں
سے ھے جو تیرے پروردگار نے تیري طرف وحي کي ھے - اور
خدا کے ساتھہ دوسرا معبود نہ ٹھہرا - ورنہ تو ملامت کے
ساتھہ راندہ ھو کر جہنم میں ڈالا جائیگا - [۴۰] کیا
تمھارے پروردگار نے تمھارے لئے بیٹے پسند کئے ھیں اور آپ

فرشتوں میں سے بیٹیاں لي هیں ؟ تم نے واقعي سخت بات کہي -

[۴۱] اور هم نے اس قرآن میں بات کو پھیر پھیر کر بیان کیا هے تا کہ وہ یاد رکھیں - مگر یہہ اُن کي نفرت هي بڑھاتي هے - [۴۲] تو کہہ دے کہ اگر اُس کے ساتھہ اور بھي خدا هوتے جیسا کہ وہ کہتے هیں تو اس حالت میں یہہ ضرور صاحب عرش تك پہنچنے کي راہ ڈھونڈتے - [۴۳] وہ پاك هے - اور جو کچھہ وہ کہتے هیں اس سے کہیں بالاتر اور بڑھہ کر هے - [۴۴] ساتوں آسمان اور زمین اور جو کوئي اُس میں هیں وہ سب اُس کي تسبیح کرتے هیں - اور کوئي چیز ایسي نہیں جو تسبیح کے ساتھہ اُس کي تعریف نہ کرتي هو - لیکن تم اُن کي تسبیح نہیں سمجھتے - بے شك وہ تحمل والا اور بخشنے والا هے - [۴۵] اور جب تو قرآن پڑھتا هے تو هم تیرے اور اُن لوگوں کے درمیان جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ایك گاڑھا پردہ ڈال دیتے هیں - [۴۶] اور هم اُن کے دلوں پر بھي پردہ ڈال دیتے هیں تا کہ وہ اُس کو نہ سمجھیں - اور اُن کے کانوں میں ایك بوجھہ - اور جب تو قرآن میں اپنے ایك هي پروردگار کا ذکر کرتا هے تو وہ لوگ اپني پیٹھہ پھیر کر بھاگتے هیں - [۴۷] هم خوب جانتے هیں جس لئے وہ اُس کو سنتے هیں جب کبھي وہ تیري طرف کان رکھتے هیں اور جب وہ مشورہ کرتے هیں اور ظالم کہتے هیں کہ تم تو ایك سحر کئے هوئے شخص کي پیروي کرتے هو - [۴۸] دیکھہ وہ کس طرح تیري مثالیں بیان کرتے هیں - مگر وہ گمراہ هو گئے اور راہ نہیں پاتے - [۴۹] اور وہ کہتے هیں کہ کیا جب هم هڈي اور گلي هوئي چیز هو جائینگے تو کیا هم پھر نئے طور سے

کھڑے کئے جائینگے ؟ [٥٠] تو کہہ دے کہ تم پتھر هو یا لوھا
[٥١] یا اور کوئي خلقت جو تم کو بڑي معلوم هو - وہ کہینگے
کہ هم کو کون پھیر لائیگا ؟ تو کہہ دے کہ جس نے تم کو پہلي
بار پیدا کیا تھا (وهي پھر پیدا کریگا) - پھر وہ تیرے سامنے اپنے
سر هلائینگے اور کہینگے یہہ کب هوگا ؟ تو کہہ دے کہ شاید
یہہ قریب هے - [٥٢] جس دن وہ تم کو بلائیگا اور تم اُس کي
تعریف کے ساتھہ جواب دوگے اور تم گمان کروگے کہ تم تو بس
تھوڑي دیر رهے -

[٥٣] اور میرے بندوں سے کہہ دے کہ نہایت خوش‌اخلاقي
سے بات کریں - شیطان اُن لوگوں میں وسوسہ ڈالتا هے - بےشك
شیطان اِنسان کا صریح دشمن هے - [٥٤] تمھارا پروردگار
تم کو خوب جانتا هے - اگر وہ چاهے تو تم پر رحم کرے یا اگر
وہ چاهے تو تم پر عذاب کرے - اور هم نے تجھکو اُن پر وکیل
بنا کر نہیں بھیجا - [٥٥] اور جو کوئي آسمان اور زمین
میں هیں ان سب کو تیرا پروردگار خوب جانتا هے - اور هم نے
بعض نبیوں کو بعض پر فضیلت دی اور هم هي نے داؤد کو
زبور دیا - [٥٦] تو کہہ دے کہ اُس کے سوا جن کو تم (خدا
کا شریك) سمجھتے هو اُن کو بلاؤ - تو نہ تو یہہ تم سے
تکلیف کو دور کر سکتے هیں اور نہ (اُس کو) بدل سکتے
هیں - [٥٧] یہہ لوگ جن کو پکارتے هیں وہ خود اپنے
پروردگار کي طرف وسیلہ ڈھونڈتے هیں کہ کون ان میں سے
زیادہ مقرب هے - اور یہہ اُس کي رحمت کے اُمیدوار هیں اور
اُس کے عذاب سے ڈرتے هیں بے شك تیرے پروردگار کاعذاب
خوفناك هوگا - [٥٨] اور جتني بستیاں هیں روز قیامت سے
پہلے هم اُن کو هلاك کر ڈالینگے - یا اُس کو سخت عذاب

دينگے - يهہ كتاب میں لکھا هوا هے - [٥٩] اور هم كو نشانياں بهيجنے سے اور كچهہ مانع نهيں هوا مگر يهہ كہ اگلوں نے اُن كو جهٹلايا - اور هم نے ثمود كو دليل كے طور پر اونٹني دي تهي - پهر بهي اُنهوں نے اُس پر ظلم كيا - اور هم تو نشانياں صرف ڈرانے كے لئے بهيجتے هيں - [٦٠] اور جب هم نے تجهسے كہا كہ تيرے پروردگار نے لوگوں كو گهير ركها هے - اور جو خواب هم نے تجهكو دكهايا وه تو بس لوگوں كي آزمايش كے لئے تها اور وه درخت بهي حس پر قرآن ميں لعنت كي گئي هے - اور هم اُن كو ڈراتے هيں - مگر يهہ اُن كو صرف سركشي هي ميں بڑهاتا هے -

[٦١] اور جب هم نے فرشتوں سے كہا كہ آدم كو سجده كرو تو اُنهوں نے سجده كيا مگر اِبليس - وه بولا كہ كيا ميں اس كو سجده كروں حس كو تونے مٹي سے بنايا هے ؟ [٦٢] وه بولا كيا تونے (غور كيا اور) ديكها كہ يهي وه هے حس كو تونے مجهپر بڑائي دي ؟ اگر تو مجهكو روز قيامت تك ڈهيل ديگا تو ميں اُس كي اولاد كو ضرور هلاك كرونگا مگر تهوڑے - [٦٣] فرمايا جا - ان ميں سے جو كوئي تيري پيروي كريگا تو بس جهنم هي تمهارا پورا بدله هوگا - [٦٤] اور ان ميں سے تو جس كو اپني آواز سے (بهكا) سكے اُس كو بهكا - اور اُن پر اپنے سوار اور پيادے لا اور ان كے مال ميں اور (اُن كي) اولاد ميں اُن كا شريك بن - اور اُن كو وعده دے - اور شيطان تو بس اُن كو فريب هي دينے كا وعده كرتا هے - [٦٥] بے شك ميرے بندوں پر تيرا كوئي غلبه نهيں - اور تيرا پروردگار وكيل بس هے - [٦٦] تمهارا پروردگار وه هے جو تمهارے لئے دريا ميں كشتي چلاتا هے - تا كہ تم اس كا فضل

ڈھونڈو - بے شك وہ تم پر رحم كرنے والا ھے - [٦٧] اور جب دريا ميں تم پر كوئي تكليف آ پهنچتي هے تو جن كو تم پكارتے هو وہ سب گم هو جاتے هيں مگر وهي - پهر جب وہ تم كو خشكي كي طرف بچا لاتا هے تو تم منهه پهير ليتے هو - اور آدمي تو كفر كرنے والا هے هي - [٦٨] تو كيا تم اس سے نڈر هو گئے كه وہ تم كو خشكي كي طرف لے جا كر دهنسا نه ديگا يا تم پر پتهروں كا مينهه نه بهيجيگا - پهر تو تم اپنے لئے كوئي كارساز نهيں پاؤگے - [٦٩] يا تم اس سے نڈر هو گئے كه وہ پهر تم كو لوٹا كر دوسري بار اُسي طرف نه لے جائيگا اور تم پر آندهي كا جهونكا نه بهيجيگا اور تم كو غرق نه كر ديگا اِس لئے كه تم نے كفر كيا - پهر تو تم كسي كو نه پاؤگے جو اُس پر همارا پيچها كرے - [٧٠] اور هم نے بني آدم كو عزت دي - اور خشكي اور تري ميں هم نے اُن كو چڑها كر پهرايا اور ان كو اچهي چيزيں كهانے كو ديں اور جو جو چيزيں هم نے پيدا كي هيں اُن ميں سے بهتيروں پر هم نے اُن كو بڑي فضيلت دي -

[٧١] جس دن هم سب لوگوں كو اُن كے اماموں كے ساتهه بلائينگے - تو جن كي كتاب اُن كے داهنے هاتهه ميں دي جائيگي وہ اپني كتاب كو پڑهينگے اور اُن پر ايك تاگے كے برابر بهي ظلم نه كيا جائيگا - [٧٢] اور جو كوئي اِس (دنيا) ميں اندها رها وہ آخرت ميں بهي اندها رهيگا اور راہ سے بهت بهٹكتا هوا - [٧٣] اور وہ تو تجهے اُس چيز سے جو هم نے تيري طرف وحي كي تهي بهكاتے هي كو تهے تا كه تو هم پر دوسري باتيں باندهه لے - اور اُس وقت وہ تجهكو دوست ٹههراتے - [٧٤] اور اگر هم تجهكو ثابت قدم نه ركهتے تو عنقريب تو اُن

کي طرف کچھہ تو جھك هي جاتا - [٧٥] اُس وقت هم تجکو
زندگي میں دونا مزه چکھاتے اور موت میں دونا - پھر تو همارے
مقابلے میں اپنے لئے کسي کو مددگار نه پاتا - [٧٦] اور یہہ لوگ
تو عنقریب تجکو اس زمین سے دل برداشته کر هي چکے تھے
تا که تجکو اُس سے نکال دیں - اور اُس وقت یہہ لوگ بھي
تیرے پیچھے چند روز سے زیاده نه ٹھہرنے پاتے - [٧٧] یہہ
دستور هے همارے ان رسولوں کا جن کو هم نے تجسے پہلے
بھیجا - اور تو همارے دستور میں کوئي تبدیلي نه پائیگا -

[٧٨] سورج کے ڈھلنے سے رات کے اندھیرے تک نماز پر قائم
ره اور صبح کا پڑھنا بھي (قائم رکھہ) - بے شك صبح کا پڑھنا
حضور (قلب) کا وقت هے - [٧٩] اور رات کو بھي تہجد پڑھا
کر - یہہ تیرے لئے نفل هے - شاید تیرا پروردگار تجکو مقام
محمود پر پہنچائے - [٨٠] اور کہہ اے میرے پروردگار مجکو
اچھي جگه جا پہنچا اور مجکو اچھي طرح سے لے چل - اور
اپني طرف سے مجکو مدد کے ساتھہ غلبه دے - [٨١] اور
تو کہہ دے که سچ آ گیا اور جھوٹ دور هوا - جھوٹ تو ضرور
دور هونے والا هي هے - [٨٢] اور هم قرآن میں وه چیزیں اُتارتے
هیں جو ایمان والوں کے لئے شفا اور رحمت هیں - اور ظالموں
کو تو یہہ اور بھي خسارے میں ڈالینگي - [٨٣] اور جب هم
اِنسان کو کوئي نعمت دیتے هیں تو وه منہہ پھیر لیتا اور
پہلو تہي کرتا هے - اور جب اُس کو سختي آ پہنچتي هے تو وه
نا اُمید هو جاتا هے - [٨٤] تو کہہ دے که هر ایك اپنے طریق
پر عمل کرتا هے - اور تمھارا پروردگار خوب جانتا هے کون راه کے
اِعتبار سے هدایت پر هے -

[٨٥] اور وه تجسے روح کي نسبت پوچھتے هیں - تو کہہ

دے کہ روح بھي ميرے پروردگار کے حکم سے ھے - اور تم کو تو
تھوڑا ھي سا علم ديا گيا ھے - [۸۶] اور اگر ھم چاھيں تو
جو کچھہ ھم نے تيري طرف وحي کي ھے اُس کو چھين ليں -
پھر تو ھمارے مقابلے ميں کسي کو بھي اپنا وکيل نہ پائيگا
[۸۷] مگر تيرے پروردگار کي رحمت سے - بے شك تجھپر اس کا
بڑا فضل ھے - [۸۸] تو کہہ دے کہ اگر آدمي اور جن اس بات
پر متفق ھوں کہ اس قرآن کے مانند (ايك دوسرا) لے آئيں تو
وہ ھرگز اس کے مانند (دوسرا) نہيں لاسکينگے اور اگرچہ بھي
ان ميں ايك دوسرے کي پشت پناھي کريں - [۷۹] اور ھم نے
اس قرآن ميں لوگوں کے لئے ھر طرح کي مثاليں پھير پھير کر
بيان کي ھيں - مگر اکثر لوگ تو کفر کے سبب اِنکار ھي کرتے
ھيں - [۹۰] اور وہ کہتے ھيں کہ ھم ھرگز تجھپر ايمان نہيں
لانے کے يہاں تك کہ تو زمين سے ھمارے لئے چشمے بہا دے -
[۹۱] يا تيرے لئے کھجوروں اور انگوروں کا باغ ھو اور اُس کے
درمياں نہريں بہا لائے - [۹۲] يا تو ھم پر آسمان کو ٹکڑے
ٹکڑے کر کے گرا دے جيسا تو کہا کرتا ھے - يا تو خدا اور
فرشتوں کو سامنے لے آ - [۹۳] يا تيرے لئے ايك سونے کا گھر
ھو يا تو آسمان ميں چڑھہ جائے - اور ھم تيرے چڑھہ جانے
پر بھي ايمان نہيں لانے کے يہاں تك کہ تو ھم پر کوئي کتاب
اُتار لائے جس کو ھم پڑھہ سکيں - تو کہہ دے کہ ميرا پروردگار
پاك ھے - ميں تو بس ايك آدمي رسول ھوں -

[۹۴] اور جب لوگوں کے پاس ھدايت آگئي تو اور کوئي
چيز اُن کو اُس سے مانع نہ ھوئي کہ وہ ايمان لائيں مگر يہہ کہ
وہ کہنے لگے کہ کيا خدا نے ايك آدمي کو رسول بنا کر بھيجا ؟
[۹۵] تو کہہ دے کہ اگر دنيا ميں فرشتے اِطمينان سے چلتے

پهرتے هوتے تو هم ضرور اُن کے پاس آسمان سے فرشتوں هي کو رسول بنا کر اُتارتے - [٩٦] تو کهه دے که میرے اور تمهارے درمیان خدا هي گواه بس هے - بےشك وه اپنے بندوں کي خبر رکهتا اور (اُن کو) دیکهتا هے - [٩٧] اور جس کو خدا هدایت کرے وهي هدایت پاتا هے اور جس کو وه گمراه کرے تو هرگز اُس کے سوا کسي اور کو اُن کا حامي نه پائیگا - اور قیامت کے دن هم اُن کو اُن کے منهه کے بل اُٹها کر اکٹها کرینگے - اندهے اور گونگے اور بهرے - اُن کا ٹهکانا جهنم هے - جب جب (اُس کي آگ) بجهنے لگیگي هم اُس کو زیاده دهکا دینگے - [٩٨] یهه اُن کي جزا هوگي - اِس لئے که اُنهوں نے هماري آیتوں سے کفر کیا اور کهتے تهے که جب هم هڈي اور خاك هو جائینگے تو کیا پهر هم نئي خلقت بنا کر کهڑے کئے جائینگے ؟ [٩٩] کیا اُنهوں نے یهه نهیں دیکها که خدا جس نے آسمان اور زمین کو بنایا وه اِس بات پر بهي قادر هے که اُن کي مانند پیدا کرے ؟ اور اُس نے اُن کے لئے ایك وقت مقرر کیا هے جس میں کوئي بهي شك نهیں - مگر ظالم تو محض کفر کے خیال سے اِنکار کرتے هیں - [١٠٠] تو کهه دے که اگر تم میرے پروردگار کي رحمت کے خزانے کے مالك هوتے اُس وقت بهي تم خرچ هو جانے کے ڈر سے (اُن کو) بند کر رکهتے - اور آدمي تو تنگ دل هے هي -

[١٠١] اور هم نے موسىٰ کو نو بین آیتیں دیں - پس بني اسرائیل سے پوچهه - جب وه اُن کے پاس آیا تو فرعون نے اُس سے کها که اے موسىٰ میں تو تجهکو سحر کیا هوا خیال کرتا هوں - [١٠٢] کها که تو جانتا هے که ان نشانیوں کو سوا آسمان اور زمین کے پروردگار کے اور کسي نے نهیں اُتارا - یهه سمجهانے کے لئے هیں - اور اے فرعون میں تو تجهکو تباه

هونے والا سمجھتا هوں - [١٠٣] پھر اُس نے چاها كه ان كو
ملك سے نكال دے تو هم نے اُس كو اور جو كوئي اُس كے ساتھ
تھے ان سب كو غرق كر ديا - [١٠٤] اور اُس كے بعد هم نے
بني اسرائيل سے كہا كه ملك ميں رهو پھر جب آخرت كا وعدہ
آ جائيگا تو هم تم سب كو سميٹ كر لے آئينگے - [١٠٥] اور
اس كو هم نے سچ كے ساتھ نازل كيا اور سچ هي كے ساتھ يہه
اُترا - اور هم نے تجكو تو بس خوش خبري دينے والا اور ڈرانے
والا بنا كر بھيجا- [١٠٦] اور قرآن كو هم نے جدا جدا اُتارا
تا كه تو اُس كو لوگوں كو آهسته آهسته پڑھ كر سنائے - اور
هم نے اُس كو آهسته آهسته اُتارا - [١٠٧] تو كہه دے كه تم
اس پر ايمان لاؤ يا نه ايمان لاؤ جن لوگوں كو اس سے پہلے علم
ديا گيا تھا جب اُن كو يہه پڑھ كر سنايا جاتا هے تو وہ ٹھوڑيوں
كے بل سجدہ كرتے هوئے گر پڑے - [١٠٨] اور وہ كہتے تھے كه
پاك هے همارا پروردگار - همارے پروردگار كا وعدہ ضرور پورا هوكر
رهيگا - [١٠٩] اور وہ ٹھوڑيوں كے بل روتے هوئے گر پڑتے تھے
اور يہه اُن كي عاجزي كو اور بھي زيادہ كرتا تھا - [١١٠] تو
كہه دے كه تم خدا كو پكارو يا رحمان كو پكارو - جس كسي
طرح تم پكارو اُسي كے هيں اچھے نام - اور نماز ميں آواز بلند
نه كر اور نه اُس ميں ايك بارگي چپ رہ - بلكه ان دونوں كے
درميان ايك راہ اختيار كر - [١١١] اور كہه تعريف هے خدا هي
كو جو كوئي اولاد نهيں ركھتا اور نه سلطنت ميں كوئي اُس كا
شريك هے - اور نه اُس كو ذلت سے بچانے والا كوئي دوست
چاهئے - اور اُس كي بڑائي كرتا رہ -

سورهٔ کہف

مکي - ۱۱۰ آیتیں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحیم ھے

[۱] سب تعریف خدا ھي کو ھے جس نے اپنے بندے پر
کتاب اُتاری اور اس میں کجي نہ رکھي - [۲] سیدھي ھے -
تا کہ یہہ اُس کي طرف سے سخت عذاب سے ڈرائے اور ایمان
والوں کو بشارت دے جو نیک کام کرتے ھیں کہ اُن کے لئے اجر
نیک ھے - [۳] اس میں وہ ھمیشہ رھینگے - [۴] اور تا کہ یہہ
اُن لوگوں کو ڈرائے جو کہتے ھیں کہ خدا اولاد رکھتا ھے -
[۵] اُن کو اس کا کوئي علم نہیں - اور نہ اُن کے باپ دادوں
کو - یہہ سخت بات ھے جو اُن کے منھوں سے نکلتي ھے - وہ
تو بس جھوت کہتے ھیں - [۶] شاید تو اُن کے پیچھے اپني
جان مارے غم کے ھلاک کر ڈالے اس لئے کہ وہ اس بات پر
ایمان نہیں لاتے - [۷] جو کچھہ زمین پر ھے ھم نے اُس کو
اُس کي زینت بنایا ھے تا کہ اُن کو آزمائیں کہ ان میں کون
عمل کے اِعتبار سے بہتر ھے - [۸] اور جو کچھہ اس پر ھے ھم
سب کو بنجر زمین بنا دینگے - [۹] کیا تونے گمان کیا ھے
کہ اصحاب کہف و رقیم ھماري نشانیوں میں سے عجیب تھے ؟
[۱۰] جب وہ جوان غار میں پناہ لئے اور بولے کہ اے ھمارے
پروردگار ھم کو اپني طرف سے رحمت دے اور ھمارے لئے ھمارے
کام سنوار دے - [۱۱] تو گنتي کے کئي برس تک ھم نے
غار میں اُن کے کانوں پر پردہ مارا - [۱۲] پھر ھم نے اُن کو
اُتھا کھڑا کیا تا کہ ھم جانیں کہ دونوں جماعتوں میں سے
کون اس مدت کو کہ وہ رھے تھیک گن سکتا ھے -

[۱۳] هم تجسے ان کا قصه تحقیق بیان کرینگے - وہ کئي جوان تھے جو اپنے پروردگار پر ایمان لائے تھے اور هم نے اُن کو اور بھي هدایت دي تھي - [۱۴] اور هم نے اُن کے دلوں پر گرہ لگا دي که جب وہ اُتھہ کھڑے هوئے تو اُنھوں نے کہا که همارا پروردگار آسمان اور زمین کا پروردگار هے - اس کے سوا هم کسي اور معبود کو هرگز نه پکارینگے - تو تو هم نے بے جا بات کہي - [۱۵] هماري اس قوم نے اس کے سوا دوسرے معبود بنا لئے هیں - وہ ان کے بارے میں کوئي بین دلیل کیوں نہیں لاتے ؟ تو اس شخص سے بڑھہ کر کون ظالم هوگا جو خدا پر جھوت باندھہ لے ؟ [۱۶] اور جب تم ان سے اور خدا کے سوا جن چیزوں کي وہ عبادت کرتے هیں ان سے علحدہ هو جاؤ تو غار میں پناہ لو که تمھارا پروردگار تم پر اپني رحمت پھیلائے اور تمھارے لئے تمھارے کام سہولت کے ساتھہ سنوار دے - [۱۷] اور جب سورج نکلے تو تو دیکھیگا که وہ ان کے غار سے داهني طرف کو جھکا هوا رهتا هے - اور جب ڈوبتا هے تو ان سے بائیں طرف کو کترا جاتا هے - اور وہ اس کے کشادہ حصه میں هیں - یہہ خدا کي آیتوں میں سے هے - جس کو خدا هدایت کرے وهي هدایت پاتا هے اور جس کو وہ گمراہ کرے تو تو کسي کو بھي تو اُس کا دوست یا مرشد نه پائیگا -

[۱۸] اور تو گمان کریگا که وہ جاگتے هیں حالانکه وہ سوتے هیں - اور هم اُن کو داهني طرف اور بائیں طرف پھیرتے جاتے هیں - اور اُن کا کتا چوکھت پر اپنے دونوں هاتھہ پھیلائے هے - اگر تو اُن کو جھانکے تو ضرور اُن سے پیٹھہ پھیر کر بھاگے اور اُن سے تجکو ایک دهشت سما جائے - [۱۹] اور اسي طرح هم نے اُن کو اُتھا کھڑا کیا تا که اپنے آپس میں پوچھیں -

ان میں سے ایک کہنے والا کہہ اُٹھا تم کتنی دیر ٹھہرے ؟ وہ
بولے ہم ایک دن یا ایک دن سے بھی کم ٹھہرے - اُنھوں نے
کہا کہ تمھارا پروردگار خوب جانتا ہے کہ تم کتنی دیر رہے - تو
اب اپنے میں سے ایک کو اپنے یہہ روپئے دے کر شہر کو بھیجو
کہ وہ دیکھے کہ کس کے ہاں اچھا کھانا ہے - اور وہ اُس میں سے
تمھارے پاس کھانے لے آئے - اور وہ نرمی سے بولے اور کسی کو
تمھارے بارے میں نہ جاننے دے - [۲۰] اگر وہ لوگ تم کو
جان جائینگے تو تم کو سنگسار کر دینگے یا تم کو اپنی ملت
میں پھیر لے جائینگے - اور اس وقت تم پھر کبھی بھی فلاح
نہیں پانے کے - [۲۱] اور اسی طرح ہم نے (لوگوں کو) ان پر
مطلع کر دیا تا کہ وہ جانیں کہ خدا کا وعدہ سچا ہے اور یہہ
بھی کہ اس گھڑی کے بارے میں کوئی بھی شك نہیں - جب وہ
لوگ آپس میں ان کی نسبت جھگڑنے لگے - اور اُنھوں نے
کہا کہ ان پر ایک عمارت بناؤ - اُن کا پروردگار اُن کو خوب
جانتا ہے - جن لوگوں کی بات اُن کے بارے میں غالب رہی وہ
کہنے لگے کہ ہم ضرور ان پر ایک مسجد بنائینگے - [۲۲] وہ
کہتے ہیں کہ یہہ تین تھے ان کا چوتھا ان کا کتا تھا - اور وہ
کہتے ہیں کہ یہہ پانچ تھے ان کا چھٹا ان کا کتا تھا - یہہ
سب غیب کی باتوں پر تکے لگاتے ہیں - اور وہ کہتے ہیں کہ
یہہ سات تھے اور ان کا آٹھواں انٰ کا کتا تھا - تو کہہ دے کہ
میرا پروردگار ان کی گنتی خوب جانتا ہے - اُن کی گنتی نہیں
جانتے مگر تھوڑے لوگ - پس تو ان کے بارے میں نہ جھگڑ
مگر سرسری طور پر - اور ان کے بارے میں ان میں سے کسی
سے نہ پوچھہ -

[۲۳] اور کسی چیز کی نسبت یہہ نہ کہہ کہ میں کل ضرور

کرونگا - [۲۴] مگر يهه که خدا چاهے - اور جب تو بهول جائے تو اپنے پروردگار کو ياد کر - اور کهه دے که شايد ميرا پروردگار اس سے بهي زيادہ مجهکو هدايت کرے -- [۲۵] اور وہ اپنے غار ميں تين سو برس رهے اور نو برس زيادہ - [۲۶] تو کهه دے که خدا خوب جانتا هے وہ کتنے دنوں رهے - آسمان اور زمين کي چهپي باتيں سب اُس کے علم ميں هيں - کيا خوب ديکهنے والا هے اور کيا خوب سننے والا - اس کے سوا ان کا کوئي دوست نهيں - اور وہ اپنے علم ميں کسي کو شريك نهيں کرتا - [۲۷] اور تيرے پروردگار کي کتاب جو تيري طرف وحي کي گئي هے اُس کو پڑهه - اُس کي باتوں کا بدلنے والا کوئي نهيں-اور اُس کے سوا تو پناہ کي جگه بهي نهيں پائيگا - [۲۸] اور جو لوگ صبح کو اور شام کو اپنے پروردگار کو پکارتے اور اُسي کا ديدار چاهتے هيں اُن کے سانهه اپنے نفس کو مار - اور تيري دونوں آنکهيں اُن سے نه پهر جائيں که تو دنيا کي زندگي کي زينت چاهے- اور نه پيروي کر اُس شخص کي جس کے دل کو هم نے اپني ياد سے غافل کر ديا هے اور جس نے اپني خواهشوں کي پيروي کي اور جس کا کام حد سے بڑها هوا هے - [۲۹] اور تو کهه دے که سچ تو تمهارے پروردگار کي طرف سے هے - تو جو کوئي چاهے ايمان لائے اور جو کوئي چاهے کفر کرے - هم نے تو ظالموں کے لئے آگ تيار کر رکهي هے که اُس کي قناتيں ان کو گهير لينگي - اور اگر وہ فرياد کريں تو پاني سے اُن کي فرياد رسي کي جائيگي که جيسے پگهلا هوا تانبا که وہ مونهوں کو بهون ڈاليگا - يهه بُري پينے کي چيز هے - اور فائدہ کے اعتبار سے بهي بري هے - [۳۰] بے شك جو لوگ ايمان لائے اور نيك کام کئے جو کوئي اچها کام کرتا هے هم اُس کا اجر ضايع

نهيں کرتے - [٣١] ان هي لوگوں کے لئے جنات عدن هيں
که اُن کے نیچے سے نهریں جاري هونگي - وهاں اُن کو سونے کے
کنگن پہنائے جائینگے اور وہ مہین اور دبیز ریشمي سبز کپڑے
پہنینگے - وهاں وہ تختوں پر تکیه لگائے بیٹھے هونگے - اچھا
ثواب هے - اور فائدے کي بهي اچھي جگه -

[٣٢] اور اُن کے لئے دو آدمیوں کي مثال بیان کر دے
جن میں سے ایك کو هم نے انگور کے دو باغ دئے تھے اور هم نے
اُن کو کھجوروں کے درخت سے گھیر دیا تھا - اور هم نے دونوں
کے درمیان کھیتي لگا دي تھي - [٣٣] دونوں باغ اپنے پھل لائے
اور اس میں کچھ بھي کمي نه کي اور دونوں کے درمیان هم نے
نهریں بھي جاري کر رکھي تھیں - [٣٤] اور میوے اُس کے هوتے
تھے - تو اُس نے اپنے ساتھي سے کہا اور حجت کرنے لگا که میں
مال میں تجسے بڑھ کر هوں اور آدمیوں میں بھيْ زیاده
عزت والا - [٣٥] اور وہ اپنے باغ میں گیا اور وہ اپنے آپ پر ظلم
کر هي رها تھا - اس نے کہا که میں نهیں خیال کرتا که یه
باغ کبھي بھي برباد هوگا - [٣٦] اور میں نهیں خیال کرتا که
وہ گھڑي کبھي بھي آئیگي - اور اگر میں اپنے پروردگار کي طرف
پھیرا گیا تو میں ضرور اس سے بڑھ کر ٹھکانا پاؤنگا -
[٣٧] اس کے ساتھي نے اس سے کہا اور بحث کرنے لگا که کیا
تو اس سے کفر کرتا هے جس نے تجکو مٹي سے بنایا پھر نطفے سے
پھر تجکو پورا آدمي بنا دیا ؟ [٣٨] لیکن میں کہتا هوں
که وهي خدا میرا پروردگار هے اور میں اپنے پروردگار کے ساتھ
کسي کو بھي شریك نهیں کرتا - [٣٩] اور جب تو اپنے باغ
میں داخل هوا تو تونے کیوں نهیں کہا که جو خدا چاهے -
قوت تو بس خدا هي سے هے - اگر تو مجکو مال میں اور

اولاد میں اپنے سے کم دیکھتا ہے [۴۰] تو شاید میرا پروردگار مجکو تیرے باغ سے بھي بڑھ کر دے اور اِس پر آسمان سے عذاب بھیجے اور پھر چٹیل میدان ہو جائے - [۴۱] یا اُس کا پاني خشك ہو جائے - پھر تو اُس کو ہرگز طلب کر نہ سکے - [۴۲] اور اُس کے میوے (عذاب سے) گھر گئے - اور جو کچھہ اُس نے اُس پر خرچ کیا تھا صبح کو وہ اس پر اپني ہتیلیاں هي ملتا رہ گیا - اور وہ (باغ) اپني چھتریوں پر گرا پڑا تھا - اور وہ کہتا تھا کہ اے کاش میں اپنے پروردگار کے ساتھہ کسي کو شریك نہ کرتا - [۴۳] اور اُس کا کوئي گروہ نہ تھا کہ خدا کے سوا اُس کي مدد کرتا - اور نہ وہ خود اپني مدد کر سکا - [۴۴] اس جگہ (معلوم ہوا) کہ خدا هي کا حکم برحق ہے - وہ ثواب دینے میں بھي بڑھہ کر ہے اور بدلا دینے میں بھي بڑھہ کر ہے -

[۴۵] اور اُن سے بیان کر دے کہ دنیا کي زندگي کي مثال پاني کي سي ہے - کہ ہم نے اُس کو آسمان سے اُتارا تو زمین کي روئیدگي اس کے ساتھہ مل گئي - پھر چور چور ہو گیا جسے ہوا نے اُڑا دی - اور خدا ہر چیز پر قادر ہے - [۴۶] مال اور اولاد دنیا کي زندگي کي زینت ہیں - اور تیرے پروردگار کے نزدیك باقي رہنے والي نیکیاں ثواب کے اِعتبار سے بڑھہ کر ہیں اور توقع کے اِعتبار سے بھي بہتر ہیں - [۴۷] اور جس دن ہم پہاڑوں کو چلا دینگے اور تو زمین کو کھلا میدان دیکھیگا اور ہم اُن کو اکٹھا کرینگے اور ہم ان میں سے کسي کو بھي نہ چھوڑینگے - [۴۸] اور وہ تیرے پروردگار کے روبرو صف باندھہ کر کھڑے کئے جائینگے - " اب تو تم ہمارے پاس چلے آئے جیسا ہم نے تم کو پہلي بار پیدا کیا تھا - بلکہ تم نے گمان کیا

تها کہ هم تمهارے لئے هرگز کوئي وقت نہ ٹهہرائینگے " -
[۴۹] اور کتاب رکهي جائیگي - اور تو گنہگاروں کو دیکهیگا
کہ جو کچهہ اس میں هے اس سے ڈرتے هونگے - اور وہ کہتے
هونگے کہ اے واے هم کو - یہہ کیسي کتاب هے کہ بے گنے نہ
کسي چهوٹي بات کو چهوڑتي هے اور نہ بڑي بات کو - اور
جو کچهہ انهوں نے کیا تها وہ سب حاضر پائینگے - اور تیرا
پروردگار کسي پر ظلم نهیں کرتا -

[۵۰] اور جب هم نے فرشتوں سے کہا کہ آدم کو سجدہ
کرو - تو اُنهوں نے سجدہ کیا مگر ابلیس کہ وہ شیطان
هوگیا اور اپنے پروردگار کے حکم کي نافرماني کي - تو کیا تم
میرے سوا اُس کو اور اُس کي اولاد کو دوست بناتے هو حالانکہ
وہ تمهارا دشمن هے ؟ ظالموں کا بدلہ برا هوگا - [۵۱] آسمان
اور زمین کے پیدا کرتے وقت میں نے ان کو تو گواہ نهیں بنایا -
اور نہ خود اُن کے پیدا کرتے وقت - اور نہ میں نے گمراہ کرنے
والوں کو اپنا قوت بازو سمجها - [۵۲] اور جس دن وہ کہیگا
کہ جن کو تم میرے شریک سمجهتے تهے اُن کو بلاؤ - پهر
وہ اُن کو بلائینگے - مگر وہ اُن کو جواب نہ دینگے - اور اُن کے
درمیان هم ایک هلاکت کي آڑ کر دینگے - [۵۳] اور گنہگار
آگ کو دیکهینگے اور خیال کرینگے کہ وہ اُس میں گرنے والے
هیں اور وہ اُس سے بهاگنے کي جگہ نہ پائینگے -

[۵۴] اور هم نے اِس قرآن میں لوگوں کے لئے هر طرح
کي مثالیں پهیر پهیر کر بیان کي هیں - مگر آدمي سب چیز
سے بڑهہ کر جهگڑالو هے - [۵۵] اور کوئي چیز لوگوں کو اس سے
مانع نہ هوئي کہ جب اُن کے پاس هدایت آچکي تو وہ ایمان
نہ لائیں اور اپنے پروردگار سے اِستغفار نہ کریں مگر یہہ کہ

اگلوں کي بات اُن کو پیش آئے یا اُن کے سامنے عذاب
آ پہنچے - [۵۶] اور هم رسول تو صرف خوش خبري دینے اور
ڈرانے کے لئے بھیجتے هیں - اور جو لوگ کفر کرتے هیں وہ
جھوٹي باتوں سے جھگڑتے هیں تا کہ اُس سے حق کو هلا دیں -
اور اُنھوں نے میري آیتوں کو اور جس سے اُن کو ڈرایا جاتا هے
اُس کو ٹھٹھا بنا رکھا هے - [۵۷] اور اس سے بڑھ کر ظالم
اور کون هوگا جس کو اُس کے پروردگار کي آیتیں یاد دلائي
جائیں اور وہ اُن سے منہہ پھیر لے اور بھول جائے جو اُس کے
هاتھوں نے پہلے سے کر رکھا هے ؟ هم نے اُن کے دلوں پر پردے
ڈال رکھے هیں تا کہ کہیں وہ اُس کو نہ سمجھہ لیں - اور
اُن کے کانوں میں ایك بوجھہ هے - اور اگر تو اُن کو هدایت
کي طرف بلائے تو یہہ کبھي بھي هدایت نہیں پانے کے -
[۵۸] اور تیرا پروردگار بخشنے والا اور صاحب رحم هے -
اگر وہ اُن کي کمائي کے سبب اُن کو پکڑتا تو وہ اُن پر جلد
عذاب لاتا - لیکن اُن کے لئے ایك وقت مقرر هے کہ اس کے ادھر
کہیں پناہ نہیں پا سکتے - [۵۹] اور یہہ بستیاں - انھوں
نے بھي جب ظلم کیا تو هم نے ان کو هلاك کر ڈالا اور اُن کي
هلاکت کا بھي هم نے ایك وقت مقرر کر رکھا تھا -

[۶۰] اور جب موسي نے اپنے غلام سے کہا کہ جب تك میں
دونوں دریاؤں کے ملنے کي جگہ پر نہ پہنچوں میں باز نہیں
آنے کا - یا تو میں برسوں چلتا هي رهونگا - [۶۱] پھر جب
یہہ دونوں (دریاؤں کے) ملنے کي جگہ پر پہنچے اپني مچھلي
بھول گئے - تو اُس نے دریا میں سرنگ بنا کر اپني راہ نکال لي -
[۶۲] پھر جب وہ آگے نکل گئے تو اُس نے اپنے غلام سے کہا کہ
همارا صبح کا کھانا هم کو لا دے - همارے اس سفر سے تو

هم کو بڑي تکليف هوئي - [٦٣] وہ بولا کيا تونے يہہ بھي
ديکھا کہ جب هم اس پتھر کے پاس ٹھہرے تو میں مچھلي
بھول گيا - اور شيطان هي نے مجکو بھلا ديا کہ میں اس کا
ذکر کرتا - اور اس نے عجيب طور سے دريا میں اپني راہ لي -
[٦٤] کہا کہ وهي هے جس کو هم ڈھونڈتے تھے - پھر دونوں
اپنے اپنے پاؤں کے نشان ديکھتے ديکھتے پھر آئے - [٦٥] تو
اُنھوں نے همارے بندوں میں سے ايک بندے کو پايا جس کو
هم نے اپني طرف سے رحمت دي تھي اور اپني طرف سے اُس کو
ايک علم سکھايا تھا - [٦٦] موسى نے اُس سے کہا کہ کيا میں
تيري پيروي کروں اِس شرط پر کہ جو بھلائي کي بات تجکو
سکھائي گئي هے اُس میں سے کچھہ تو مجکو بھي سکھا
دے - [٦٧] اُس نے کہا کہ تو هرگز میرے ساتھہ صبر نہيں
کر سکيگا - [٦٨] اور تو کيونکر صبر کريگا اُس چيز پر جو
تيري سمجھہ سے باهر هے ؟ [٦٩] بولا اگر خدا نے چاها تو
تو مجکو صبر کرنے والا پائيگا - اور میں تيرے کسي حکم کي
نافرماني نہ کرونگا - [٧٠] اُس نے کہا اگر تجکو ميري پيروي
هي کرني هے تو مجسے کسي چيز کے بارے میں نہ سوال کرنا
يہاں تک کہ میں خود تجسے اُس کا ذکر کروں -

[٧١] تو دونوں چلے يہاں تک کہ جب وہ ايک کشتي پر
سوار هوئے تو اُس نے اُس کو پھاڑ ديا - وہ بولا کيا تونے اس کو
پھاڑ ڈالا تا کہ اس کے لوگوں کو غرق کر ڈالے - يہہ تو تونے بڑي
سخت بات کي - [٧٢] اُس نے کہا کيا میں نے نہيں کہا تھا
کہ تو هرگز میرے ساتھہ صبر نہيں کرسکيگا ؟ [٧٣] بولا کہ
نہ گرفت کر مجکو اس بارے میں کہ میں بھول گيا اور نہ
میرے بارے میں تو مجپر دشواري ڈال - [٧٤] پھر دونوں

چلے یہاں تک کہ جب وہ ایک لڑکے سے ملے تو اُس نے اُس کو
مار ڈالا - بولا کیا تونے ایک بے گناہ شخص کو مار ڈالا اور وہ
کسي کے بدلے میں بھي نہیں ؟ تونے تو یہہ سخت بات کي -
¶ [۷۵] اُس نے کہا کیا میں نے تجسے نہیں کہا تھا کہ تو
ھرگز میرے ساتھہ صبر نہیں کر سکیگا ؟ [۷۶] بولا اگر میں
اس کے بعد پھر تجسے کوئي سوال کروں تو تو مجکو اپنے
ساتھہ نہ رکھنا کہ اب تو میري طرف سے عذر کو پہنچ چکا -
[۷۷] پھر وہ دونوں چلے یہاں تک کہ جب ایک گاؤں والوں کے
پاس آئے تو اس کے لوگوں سے کھانا مانگا - مگر اُنھوں نے
اُن کي ضیافت کرنے سے اِنکار کیا - تو اُنھوں نے وھاں ایک
دیوار دیکھي جو ٹوٹنا ھي چاھتي تھي تو اس نے اُس کو سیدھا
کھڑا کر دیا - اس نے کہا اگر تو چاھتا تو اس کے لئے مزدوري بھي
پاسکتا تھا - [۷۸] کہا بس اب مجھہ میں اور تجھہ میں
جدائي ھو گئي - مگر میں تجکو ان باتوں کي تعبیر بتا دونگا
جن پر تو صبر نہ کر سکا - [۷۹] وہ جو کشتي تھي وہ غریبوں
کي تھي - وہ دریا میں کام کرتے تھے تو میں نے چاھا اس میں
ایک عیب لگا دوں اور ان کے سامنے کي طرف ایک بادشاہ تھا
کہ وہ ھر ایک کشتي زبردستي چھین لیتا تھا - [۸۰] اور وہ
جو لڑکا تھا اس کے ماں باپ ایمان والے تھے تو ھم کو یہہ ڈر ھوا
کہ کہیں سرکشي اور کفر سے اُن کو تکلیف نہ دے - [۸۱] تو
ھم نے چاھا کہ ان کا پروردگار اس کے بدلے میں اس سے زیادہ
پاک نفس اور زیادہ محبت والا لڑکا دے - [۸۲] اور وہ جو
دیوار تھي وہ شہر کے دو یتیم لڑکوں کي تھي اور اُس کے نیچے
ان کا خزانہ تھا - اور ان دونوں کا باپ نیک آدمي تھا - اور
تیرے پروردگار نے چاھا کہ وہ دونوں اپني جواني کو پہنچیں

اور اپنا خزانه نکال لیں - یهه تیرے پروردگار کي رحمت تهي -
اور میں نے یهه کام اپنے جي سے نهیں کیا - یهه هے تعبیر ان
باتوں کي جن پر تو صبر نه کر سکا -

[٨٣] اور یهه تجسے ذوالقرنین کے بارے میں پوچهتے
هیں - تو کهه دے که میں تم کو اس کا ذکر پڑهه کر سناتا
هوں - [٨٤] بے شك هم نے اس کو زمین پر بڑي قدرت دي
تهي - اور هم نے اُس کو هر طرح کے اسباب بهي دئے تهے -
[٨٥] تو وه ایك بات کے پیچهے لگا [٨٦] یهاں تك که جب وه
سورج کے ڈوبنے کي جگه پر پهنچا تو اُس نے اُس کو (گویا)
کالي کیچڑ کے چشمے میں ڈوبتا پایا - اور اُس نے اُس کے پاس
ایك قوم کو پایا - هم نے کها که اے ذوالقرنین یا تو عذاب
کر یا اُن سے بهلائي کر - [٨٧] بولا که جو کوئي ظلم کریگا
هم اُس پر عذاب کرینگے - پهر وه اپنے پروردگار کي طرف پهیرا
جائیگا اور وه اُس کو بُرا عذاب دیگا - [٨٨] اور جو کوئي
ایمان لائیگا اور نیکي کریگا اس کے لئے اچهي جزا هے - اور هم
اُس کو اپنے آسان کام کرنے کو کهینگے - [٨٩] پهر وه ایك بات
کے پیچهے لگا [٩٠] یهاں تك که جب وه سورج کے نکلنے کي
جگه جا پهنچا اور اُس کو ایك ایسي قوم پر نکلتا پایا جن کے
لئے هم نے اس کے ادهر کوئي پرده نهیں رکها تها - [٩١] اسي
طرح هوا - اور جو کچهه اُس کے پاس تها هم کو ان سب کي
خبر تهي - [٩٢] پهر وه ایك بات کے پیچهے لگا [٩٣] یهاں
تك که جب وه دو دیوار کے درمیان جا پهنچا تو اُن کے اس پار
ایك ایسي قوم کو پایا که وه بات تك نهیں سمجهتي تهي -
[٩٤] اُنهوں نے کها که اے ذوالقرنین یاجوج اور ماجوج ملك
میں فساد کرتے هیں تو کیا هم سب تجکو خراج دیں که تو

اُن کے اور ہمارے درمیان ایک روک بنا دیگا ؟ [٩٥] بولا کہ
جن چیزوں پر میرے پروردگار نے مجھکو قدرت دي هے وہ بڑھ
کر هے - مگر* قوت سے میري اِعانت کرو کہ میں تمھارے اور
اُن کے درمیان ایک موٹي دیوار بنادوں - [٩٦] میرے پاس لوهے
کے ٹکڑے لاؤ - یہاں تک کہ جب اُس نے دونوں پہاڑوں کے
درمیان برابر کردیا تو کہا کہ اس کو (آگ میں) پھونکو - یہاں
تک کہ جب اس کو آگ کر دیا - تو اُس نے کہا کہ اس کو میرے
پاس لاؤ کہ میں اس پر گلا هوا تانبا ڈالوں - [٩٧] پھر تو
وہ اس پر چڑھ نہیں سکتے تھے اور نہ اس میں سوراخ کرسکتے
تھے - [٩٨] اُس نے کہا کہ یہہ میرے پروردگار کي طرف سے
رحمت هے - مگر جب میرے پروردگار کا وعدہ آ پہنچیگا تو وہ
اس کو چور چور کر دیگا - اور میرے پروردگار کا وعدہ سچا هے -
[٩٩] اور هم اس دن ایک کو ایک میں موج مارتا چھوڑ دینگے -
اور صور پھونکا جائیگا - پھر هم ان سب کو جمع کرینگے -
[١٠٠] اور اس دن هم جہنم کو کافروں کے روبرو لائینگے -
[١٠١] جن کي آنکھیں میري یاد سے پردے میں تھیں اور
وہ سن نہ سکتے تھے -

[١٠٢] کیا جو لوگ کفر کرتے هیں وہ خیال کرتے هیں کہ
وہ میرے سوا میرے بندوں کو دوست بنائینگے ؟ هم نے تو
کافروں کي مہمانداري کے لئے جہنم تیار کر رکھا هے - [١٠٣] تو
کہہ دے کہ کیا هم تم کو خبر دیں کہ کام کے اِعتبار سے کون
سب سے خسارے میں هیں ؟ [١٠٤] وہ لوگ جن کي دنیا کي
زندگي کي کوششیں سب اکارت گئیں اور وہ گمان کرتے هیں
کہ وہ اچھے کام کر رهے هیں - [١٠٥] یہي لوگ هیں جنھوں
نے اپنے پروردگار کي آیتوں سے اور اُس کي ملاقات سے کفر کیا - تو

اُن کے کئے اکارت گئے - اور قيامت کے دن هم اُن کے لئے کوئي
بهي وزن نه قائم رکهينگے -[۱۰۶] يهہ جهنم اُن کی جزا هے -
اس لئے کہ اُنهوں نے کفر کيا اور ميري آيتوں کو اور ميرے
رسولوں کو ٹهٹها بنايا -[۱۰۷] بے شك جو لوگ ايمان رکهتے
اور نيك کام بهي کرتے هيں اُن کي مهماني کے لئے جنت فردوس
هے - [۱۰۸] که وہ اُس ميں هميشه رهينگے اور وهاں سے هلنا
نهيں چاهينگے -[۱۰۹] تو کهہ دے که اگر ميرے پروردگار کي
باتوں کے لئے دريا سياهی هو جائے تو اس سے پهلے که ميرے
پروردگار کي باتيں تمام هوں دريا تمام هو جائے - اگرچه بهي
هم اُسي کے برابر (اور دريا بهي اُس کي) مدد کو لائيں -
[۱۱۰] تو کهہ دے کہ ميں تو بس تمهاري هي طرح ايك آدمي
هوں - ميري طرف وحي کي گئي هے که تمهارا معبود ايك هي
معبود هے - تو جو کوئي اپنے پروردگار سے ملاقات کي اُميد رکهے
تو چاهئے کہ وہ نيك کام کرے اور عبادت ميں اپنے پروردگار کے
ساتهہ کسي کو شريك نه کرے -

سورۂ مريم

مکي - ۹۸ آيتيں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحيم هے

[۱] کهيعص -[۲] تيرے پروردگار کي رحمت کا ذکر جو اُس
نے اپنے بندے زکريا پر کيا - [۳] جب اُس نے اپنے پروردگار کو
آهسته آهسته پکارا [۴] اور کہا کہ اے ميرے پروردگار ميري هڈياں
سست پڑ گئي هيں اور بڑهاپے سے سر آگ کے مانند هو گيا هے-
اور اے ميرے پروردگار تجهسے دعا کرکے ميں کبهي محروم نهيں

هوا - [۵] اور اپنے پیچھے میں اپنے وارثوں سے ڈرتا هوں اور میري
بیوی بانجهہ هے - تو اپني طرف سے مجکو ایك وارث دے -
[۶] که وہ میرا وارث هو اور اولاد یعقوب کا بهی وارث هو - اور
اے میرے پروردگار اُس کو عام پسندیدہ کر - [۷] اے زکریا
هم تجکو ایك لڑکے کي خوش خبری دیتے هیں - اُس کا نام هوگا
یحیٰی که پہلے هم نے اس نام کا کسي کو نه بنایا - [۸] کہا اے
میرے پروردگار میرے لڑکا کیونکر هوگا اور میری بیوی تو بانجهہ
هے - اور میں بہت زیادہ بڑهاپے کو پہنچ گیا هوں - [۹] کہا
اسي طرح هوگا - تیرا پروردگار کہتا هے که یہہ بات میرے لئے
آسان هے - اور پہلے بهي میں نے هی تجکو پیدا کیا حالانکه تو
کچهہ بهي نه تها - [۱۰] بولا اے میرے پروردگار مجھے کوئي
نشاني دے - فرمایا تیری نشانی یہہ هوگي که تو لوگوں سے
برابر تین رات (اور تین دن) بات نه کریگا - [۱۱] پهر وہ
حجرے سے نکل کر اپنے لوگوں کے پاس آیا اور اشارے سے کہا که
صبح کو اور شام کو (خدا کی) تسبیح کرو - [۱۲] اے یحیٰی
کتابَ کو مضبوطی سے پکڑ - اور هم نے اُس کو لڑکپن هي سے
حکم دیا تها - [۱۳] اور اپني طرف سے رحم دلی اور پاکیزگي
دي تهي - اور وہ پرهیزگار تها - [۱۴] اور اپنے ماں باپ کے
ساتهہ اچها سلوك کرنے والا - اور سرکش اور نافرمان نه تها -
[۱۵] اور اُس پر سلام هو جس دن وہ پیدا هوا اور جس دن
وہ مریگا اور جس دن وہ زندہ هو کر اُٹهیگا -

[۱۶] اور کتاب میں مریم کا ذکر کر دے - که جب وہ اپنے
لوگوں سے هٹ کر پورب کي ایك جگه جا بیٹهي - [۱۷] اور اُن
سے پردہ کر لیا - تو هم نے اپني روح کو اُس کی طرف بهیجا
تو وہ ایك پورے آدمي کي شکل بن کر اُس کے آگے آیا -

[۱۸] بولي اگر تو (خدا سے) ڈرتا ھے تو میں تجھسے اسي رحم والے (خدا) کي پناہ مانگتي ھوں - [۱۹] بولا کہ میں تو بس تیرے پروردگار کا بھیجا ھوا ھوں تا کہ تجکو ایک پاک صاف لڑکا دوں - [۲۰] بولی میرے لڑکا کیونکر ھوگا حالانکہ مجکو کسي بشر نے چھوا تک نہیں - اور نہ میں بدکار ھوں - [۲۱] کہا اسي طرح (ھوگا) - تیرا پروردگار کہتا ھے کہ یہہ بات میرے لئے آسان ھے - اور تا کہ ھم اُس کو لوگوں کے لئے ایک نشاني بنا دیں - اور اپني طرف سے رحمت - اور یہہ بات مقرر ھو چکي ھے - [۲۲] تو وہ اُس سے حاملہ ھو گئي - اور اُس کو لےکر وہ دور جا بیٹھي - [۲۳] اور اُس کو ایک کھجور کے درخت کي جڑ کے پاس درد زہ آ پہنچا - بولي اے کاش میں اس سے پہلے مر گئي ھوتي - اور بھولي بسري ھوگئي ھوتي - [۲۴] پھر اُس نے اس کے نیچے سے اس کو پکارا کہ تو غمگین نہ ھو - تیرے پروردگار نے تیرے نیچے چشمہ بنا دیا ھے - [۲۵] اور کھجور کي جڑ کو پکڑ کر اپني طرف ھلا دے تجپر پکي تازہ کھجوریں گرینگي - [۲۶] اور کھا اور پي اور (اپني) آنکھیں ٹھنڈي کر - اور اگر تو آدمیوں میں سے کسي کو دیکھے تو کہہ دے کہ میں نے رحم والے (خدا) کے لئے روزے کي منت ماني ھے - تو میں آج کے دن کسي آدمي سے نہ بولونگي - [۲۷] پھر وہ اُس کو لےکر اپنے لوگوں کے پاس آئي - اُنھوں نے کہا کہ اے مریم تونے تو بڑي بات کي - [۲۸] اے ھارون کي بہن تیرا باپ تو برا آدمي نہ تھا اور نہ تیري ماں بدکار تھي - [۲۹] تو اُس نے اُس کي طرف اشارہ کیا - وہ بولے کہ ھم اس سے کیوں بات کرنے لگے جو ابھي گود میں بچہ ھے - [۳۰] اس نے کہا کہ میں خدا کا بندہ ھوں - اُس نے مجکو کتاب دي

هے اور مجکو نبي بنایا هے - [۳۱] اور میں کہیں بهي هوں
مجکو برکت والا بنایا هے - اور مجهہ سے نماز اور زکوۃ کے بارے
میں کہہ رکھا هے جب تك میں زندہ رهوں [۳۲] اور اپني ماں کے
ساتهہ خوش سلوك کرنے کو - اور مجکو سرکش اور بد بخت
نہیں بنایا - [۳۳] اور مجهہ پر سلام هے جس دن میں پیدا
هوا اور جس دن میں مرونگا اور جس دن میں پهر زندہ
هوکر اُٹھونگا - [۳۴] یہہ هے عیسی بن مریم - یہہ تحقیق
بات هے جس میں یہہ لوگ شك کرتے هیں - [۳۵] خدا ایسا
نہیں کہ ایك بیٹا بنالے - وہ پاك هے - جب وہ کسي کام کا
قصد کر لیتا هے تو بس وہ اس کي نسبت کہتا هے کہ هو جا -
اور وہ هو جاتا هے - [۳۶] اور بے شك خدا میرا پروردگار هے اور
تمہارا بهي پروردگار هے - تو اس کي عبادت کرو - یہي سیدهي
راہ هے - [۳۷] مگر فرقوں نے آپس میں اختلاف کیا - تو واے
هے ان لوگوں پر جنهوں نے کفر کیا بسبب اس کے کہ وہ بڑے
دن کو حاضر هونگے - [۳۸] جس دن وہ همارے پاس آئینگے کیا
خوب سنتے هونگے اور کیا خوب دیکھتے هونگے - لیکن آج کے
دن ظالم صریح گمراهي میں هیں - [۳۹] اور اُن کو حسرت
کے دن سے ڈرا جب بات تصفیہ هو جائیگي اور یہہ تو غفلت
میں هیں اور ایمان نہیں لانے کے - [۴۰] هم هي زمین کے
وارث هونگے اور اُن لوگوں کے بهي جو اس پر هیں اور هماری
هي طرف اُن کو پهر آنا هوگا -

[۴۱] اور کتاب میں اِبراهیم کا بهي ذکر کر دے کہ وہ بهی
ایك سچا نبي تها - [۴۲] جب اُس نے اپنے باپ سے کہا کہ اے
میرے باپ تو کیوں عبادت کرتا هے اس چیز کی کہ نہ سن سکے
اور نہ دیکھے اور نہ تیرے کچھہ بهي کام آئے ؟ [۴۳] اے

ميرے باپ مجكو وہ علم ملا هے جو تجكو نهيں ملا - تو
ميري پيروي كركه ميں تجكو سيدهي راه دكهاؤنگا - [٤٤] اے
ميرے باپ شيطان كي عبادت نه كر - بے شك شيطان رحم والے
(خدا) كا نافرمان هے - [٤٥] اے ميرے باپ ميں ڈرتا هوں
كهيں تجهه پر رحم والے (خدا) كي طرف سے عذاب نه آجائے اور
تو شيطان كا دوست نه بن جائے - [٤٦] بولا اے اِبراهيم كيا تو
ميرے معبودوں سے منهه پهيرتا هے ؟ اگر تو باز نه آيا تو تجكو
ضرور سنگ سار كرونگا اور ايك وقت تك ميرے پاس سے دور هو
جا - [٤٧] كها سلام عليك - ابهي ميں اپنے پروردگار سے تيرے
لئے بخشش مانگونگا - بے شك وہ مجهه پر بڑا مهربان هے -
[٤٨] اور ميں تمكو اور اُن چيزوں كو جن كو تم خدا كے سوا
پكارتے هو چهوڑتا هوں - اور ميں اپنے پروردگار كو پكارونگا -
شايد ميں اپنے پروردگار سے دعا مانگ كر محروم نه رهونگا -
[٤٩] تو جب وہ اُن سے اور اس سے جن كي يهه خدا كے سوا
عبادت كرتے تهے عليحده هوا تو همنے اُس كو اِسحاق اور
يعقوب دئے - اور هر ايك كو هم نے نبي بنايا - [٥٠] اور اپني
رحمت بهي هم نے اُن كو دي - اور اُن كے لئے اعلىٰ ذكر خير
مقرر كيا -

[٥١] اور كتاب ميں موسىٰ كا بهي ذكر كر دے - بے شك
وہ بهي خاص بندہ تها - اور رسول اور نبي بهي تها - [٥٢] اور
هم نے اُس كو طور كي داهني طرف سے پكارا اور بات كرنے كے
لئے هم نے اُس كو نزديك بلايا - [٥٣] اور اپني رحمت سے اُس كے
بهائي هارون كو نبي بناكر اس كو ديا - [٥٤] اور كتاب ميں
اسمعيل كا ذكر كر دے - بے شك وہ وعدے كا سچا تها اور
رسول اور نبي بهي تها - [٥٥] اور اپنے لوگوں كو نماز پڑهنے كو

اور زکوۃ دینے کو کہا کرتا تھا اور اپنے پروردگار کے ہاں پسندیدہ تھا - [۵۶] اور کتاب میں ادریس کا ذکر کر دے - بے شک وہ بھي سچا نبي تھا - [۵۷] اور ہم نے اُس کو بلند مرتبے پر پہنچایا - [۵۸] یہہ وہ لوگ ہیں جو اولاد آدم میں سے نبي ہوئے جن پر خدا نے نعمتیں کیں اور اُن کي اولاد جن کو ہم نے نوح کے ساتھہ (کشتي پر) چڑھا لیا تھا اور اِبراہیم اور اسرائیل کي اولاد ہیں اور اُن لوگوں میں سے ہیں جن کو ہم نے ہدایت کي اور چن لیا - جب رحم والے (خدا) کي آیتیں اُن کو پڑھہ کر سنائي جاتي تھیں وہ سجدے میں گر پڑتے تھے اور رو دیتے تھے - [۵۹] پھر اُن کے بعد ایسے ناخلف لوگ ہوئے جنھوں نے نماز ضائع کر دی اور (اپني) خواہشوں کي پیروي کي - تو گمراہي اُن کے سامنے آئي - [۶۰] مگر جس نے توبہ کي اور ایمان لایا اور اچھے کام کئے تو یہہ لوگ جنت میں داخل ہونگے - اور کسی طرح کا اُن پر ظلم نہ ہوگا - [۶۱] جنت عدن جس کا وعدہ غیب سے رحم والے (خدا) نے اپنے بندوں سے کیا ہے - بے شک اُس کا وعدہ پورا ہوکر رہیگا - [۶۲] اس میں وہ کوئي لغو بات نہ سنینگے مگر صرف سلام - اور وہاں ان کو صبح و شام اُن کا کھانا ملیگا - [۶۳] یہي جنت ہے جس کے وارث ہم اُس کو بناتے ہیں جو ہمارے بندوں میں سے پرہیزگار ہوتا ہے - [۶۴] اور ہم تو بغیر تیرے پروردگار کے حکم کے آہي نہیں سکتے - اسي کا ہے جو کچھہ ہمارے آگے ہے اور جو کچھہ ہمارے پیچھے ہے اور جو کچھہ ان دونوں کے درمیان میں ہے - اور تیرا پروردگار نہیں بھولنے والا - [۶۵] آسمان اور زمین اور جو کچھہ ان دونوں کے درمیان میں ہے سب کا پرور دگار ہے - تو اُسي کي

عبادت کر - اور اُس کي عبادت ميں صبر کر - کيا تو کسي کو اُس کا همنام بهي جانتا هے ؟

[٦٦] اور آدمي کہتا هے که جب ميں مر جاؤنگا تو کيا پهر زنده کر کے نکالا جاؤنگا ؟ [٦٧] کيا آدمي کو ياد نهيں که هم هي نے اس کے قبل اُس کو پيدا کيا تها حالانکه وه کچهه بهي نه تها - [٦٨] تو تيرے پروردگار کي قسم هم ضرور ان کو اور شيطانوں کو اکٹها کرينگے - پهر هم ضرور اُن کو جهنم کے گرد زانوؤں پر گرے هوئے حاضر کرينگے - [٦٩] پهر هم هر جماعت ميں سے اُن لوگوں کو نکالينگے جو رحم والے (خدا) سے بهت زياده سرکشي کرتے تهے - [٧٠] پهر هم ان لوگوں کو بهي خوب جانتے هيں جو جهنم کے لائق هيں - [٧١] اور تم ميں سے کوئي ايسا نهيں جو اس ميں نه پهنچے - يهه تو تيرے پروردگار پر لازم هے اور تصفيه کيا هوا هے - [٧٢] پهرهم ان لوگوں کو نجات دينگے جو پرهيزگاري کرتے هيں اور هم ظالموں کو اسي ميں زانوؤں پر گرے هوئے چهوڑ دينگے - [٧٣] اور جب ان پر هماري بين آيتيں پڑهي جاتي هيں تو جو لوگ کفر کرتے هيں وه ايمان والوں سے پوچهتے هيں که دو فرقوں ميں سے کون سا موجوده حالت کے اِعتبار سے بهتر هے اور مجلسوں کے اِعتبار سے اچها ؟ [٧٤] اور هم نے ان سے پہلے کتنے هي قرن هلاك کر ڈالے جو (ان سے) ساز و سامان اور نمود ميں بڑهه کر تهے - [٧٥] تو کهه دے که جو کوئي گمراهي ميں هے تو رحم والا (خدا) اس کو اور بهي ڈهيل ديتا هے - يهانتک که جب وه ديکهه ليں جس کا ان سے وعده کيا گيا هے - يا عذاب يا (قيامت کي) گهڑي - تب وه جانينگے کون موجوده حالت کے اعتبار سے برا هے اور جماعت کے اِعتبار سے کمزور - [٧٦] اور جو

لوگ هدایت پا گئے هیں خدا ان کو اور بھي زیادہ هدایت کرتا هے - اور نیك کام جو همیشه باقي رهتے هیں تیرے پروردگار کے نزدیك ثواب کے اِعتبار سے بهتر هیں اور انجام کے اِعتبار سے بھي بهتر هیں - [۷۷] تو کیا تونے اُس شخص کو بھي دیکھا هے جس نے هماری آیتوں سے کفر کیا اور کہا کہ مجھکو ضرور مال اور اولاد ملینگے - [۷۸] کیا اُس نے غیب کو جھانك کر دیکھ لیا هے یا اُس نے رحم والے (خدا) سے عهد لے رکھا هے ؟ [۷۹] هرگز نهیں - هم ضرور لکھ ڈالینگے جو وہ کهتا هے - اور هم اُس کے لئے عذاب بڑھاتے هي جائینگے - [۸۰] اور هم هي اس چیز کے وارث هونگے جو یهه کهتا هے اور وہ همارے پاس اکیلا چلا آئیگا - [۸۱] اور وہ خدا کے سوا معبود بناتے هیں تا کہ یهه ان کي قوت هوں - [۸۲] هرگز نهیں - وہ ضرور ان کي عبادت سے کفر کرینگے اور ان کے مخالف هو جائینگے -

[۸۳] کیا تونے نهیں دیکھا کہ هم شیطانوں کو کافروں پر بھیجتے هیں کہ وہ اُن کو بهکاتے هیں - [۸۴] تو ان کے لئے جلدي نہ کر - هم تو بس ان کے لئے (دن) گن رهے هیں - [۸۵] جس دن هم پرهیزگاروں کو رحم والے (خدا) کے سامنے مهمان بنا کر اکٹھا کرینگے - [۸٦] اور هم مجرموں کو جهنم کي طرف پیاسے هانکینگے [۸۷] کسي کو شفاعت کرنے کا اختیار نہ هوگا - مگر اس کي جس نے رحم والے خدا سے وعدہ لے لیا هوگا - [۸۸] اور وہ کهتے هیں کہ رحم والا (خدا) اولاد رکھتا هے - [۸۹] تم نے بڑي بھاري بات کهي - [۹۰] قریب هے اس سے کہ آسمان پھٹ پڑے اور زمین شق هو جائے اور پهاڑ ٹوٹ کر گر پڑے - [۹۱] اس لئے کہ اُنھوں نے رحم والے (خدا) کے لئے اولاد کا دعوے کیا - [۹۲] حالانکہ رحم

والے (خدا) کے لائق نہیں کہ وہ اولاد رکھے - [٩٣] جو کوئی آسمان اور زمین میں ہیں سب رحم والے (خدا) کے پاس بندے بن کر آتے ہیں - [٩٤] اس نے ان کو گھیر رکھا ہے اور ان کو گن رکھا ہے - [٩٥] اور وہ سب قیامت کے روز اس کے پاس ایک ایک کر کے آئینگے - [٩٦] بے شک جو لوگ ایمان رکھتے اور نیک کام کرتے ہیں رحم والا (خدا) ان کے لئے محبت پیدا کر دیگا - [٩٧] اور ہم نے تو اس کو تیری ہی زبان میں آسان کر دیا ہے تا کہ تو اُس سے پرہیزگاروں کو خوش خبری دے اور اس سے جھگڑالو لوگوں کو ڈرائے - [٩٨] اور ان سے پہلے ہم نے کتنے ہی قرن ہلاک کر ڈالے - کیا (اب) تو ان میں سے کسی کو بھی دیکھتا ہے یا ان کی آواز سنتا ہے ؟

سورۂ طٰہ

مکی - ١٣٥ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ہے

[١] طٰہ - [٢] (اے نبی) ہم نے تجھ پر تو قرآن اِس لئے نہیں اُتارا کہ تو تکلیف اٹھائے - [٣] مگر یہہ تو یاد دلانا ہے اُس کو جو ڈر رکھتا ہے - [٤] یہہ اُس کا اُتارا ہوا ہے جس نے زمین اور اُونچے آسمان بنائے - [٥] رحم والا (خدا) جو عرش پر بیٹھا ہے - [٦] اُسی کا ہے جو کچھہ آسمان میں ہے اور جو کچھہ زمین میں ہے - اور جو کچھہ ان دونوں کے بیچ میں ہے اور جو کچھہ مٹی کے نیچے ہے - [٧] اور اگر تو پکار کر بات کہتا ہے تو بھی (جان رکھہ) کہ وہ چھپی باتیں اور اس سے بڑھہ کر چھپی باتیں بھی جانتا ہے -

[۸] خدا وہ ہے جس کے سوا کوئي معبود نہیں - اُسي کے ہیں
اچھے سے اچھے نام - [۹] اور کیا تیرے پاس موسیٰ کي خبر آئي
ہے ؟ [۱۰] جب اُس نے آگ دیکھي اور اپنے گھروالوں سے کہا
کہ ٹھہرو - میں نے آگ دیکھی ہے - شاید میں اُس میں سے
تمھارے لئے چنگاري لے آؤں یا آگ پر پتہ پاجاؤں - [۱۱] پھر
جب وہ اُس کے پاس آیا تو اُس کو آواز آئي کہ اے موسیٰ
[۱۲] میں ہوں تیرا پروردگار - تو اپني جوتیاں اُتار ڈال - تو
تو طویٰ کے مقدس وادي میں ہے - [۱۳] اور میں نے تجھکو
پسند کر لیا ہے - تو سن لے جو (تجھپر) وحي کي جاتي
ہے - [۱۴] بے شك میں ہي خدا ہوں - میرے سوا کوئي
خدا نہیں - تو میری عبادت کر - اور میری یاد کے لئے نماز
پر قائم رہ - [۱۵] بے شك وہ گھڑي آنے والي ہے - عنقریب
میں اُسے چھپائے ہوں کہ ہر شخص اپنی کوشش کي جزا
پائے - [۱۶] تو جو کوئي اس پر ایمان نہیں رکھتا اور اپني
خواہش کي پیروی کرتا ہے کہیں پہہ تجھکو اس سے نہ روکے
کہ تو ہلاك ہو جائے - [۱۷] اور اے موسیٰ تیرے داہنے
ہاتھہ میں یہہ کیا ہے ؟ [۱۸] بولا یہہ میرا عصا ہے - میں
اس پر ٹیك لگاتا ہوں اور اپني بکریوں کے لئے اس سے پتے
جھاڑتا ہوں - اور اس سے میرے اور بھي کام نکلتے ہیں -
[۱۹] فرمایا اے موسیٰ اس کو ڈال دے - [۲۰] تو اُس نے اُس کو
ڈال دیا - تو اُسي وقت وہ ایك سانپ ہو گیا کہ دوڑنے لگا -
[۲۱] فرمایا اس کو پکڑ لے اور مت ڈر - ابھي ہم اس کو
اس کي پہلي حالت میں پھیر دینگے - [۲۲] اور اپنے ہاتھہ
کو اپنے بازو سے ملا دے - یہہ سفید ہوکر نکل آئیگا بغیر کسي
برائي کے - یہہ دوسري نشاني ہے - [۲۳] تاکہ ہم تجھکو

اپني بڑي نشانياں دکھائيں - [۲۴] فرعون کے پاس جا -
اُس نے سرکشي کي هے -
[۲۵] بولا اے ميرے پروردگار ميرا سينه کھول دے -
[۲٦] اور ميرے لئے ميرا کام آسان کر دے - [۲۷] اور ميري
زبان کي گره کھول دے [۲۸] که وه ميري بات سمجھے -
[۲۹] اور ميرے لئے ميرے هي لوگوں ميں سے ايک کو وزير بنا
دے [۳۰] يعني ميرے بھائي هارون کو - [۳۱] اس سے مجکو
قوت دے - [۳۲] اور اُس کو ميرے کام ميں لگا دے [۳۳] که
هم خوب تيري تسبيح کريں [۳۴] اور تجکو خوب ياد کريں -
[۳۵] بے شک تو هم کو ديکھنے والا هے - [۳٦] فرمايا اے
موسی توني جو سوال کيا وه تجکو ملا - [۳۷] اور هم نے تجھه
پر ايک بار اور احسان کيا تھا - [۳۸] جب هم نے تيري ماں
کي طرف وحي بھيجي تھي جو کچھه (اُس کي طرف) وحي
بھيجي تھي - [۳۹] که اُس کو صندوق ميں رکھه دے - اور
اس کو دريا ميں ڈال دے - پھر دريا اس کو کنارے پر ڈال
ديگا - اُس کو ميرا دشمن اور اس کا دشمن (اُٹھا) ليگا - اور
ميں نے تجھه پر اپني طرف سے محبت ڈال دي که تو ميري
نظروں کے سامنے پرورش پائے - [۴۰] جب تيري بهن کھتي
چلي جاتي تھي که کيا ميں تم کو ايسے لوگ بتا دوں جو
اس کي پرورش کرينگے ? پھر هم تجکو تيري ماں کے پاس پھير
لائے که اُس کي آنکھيں ٹھنڈي هوں اور وه غم نه کھائے - اور
توني ايک شخص کو مار ڈالا تھا - تو هم نے تجکو غم سے بچا
ليا اور تيري آزمايش کي - پھر تو کئي برس مدين کے لوگوں
ميں رها - پھر اے موسی تو (عمر کي) حد کو پهنچ گيا -
[۴۱] اور تجکو ميں نے اپنے لئے پسند کر ليا هے - [۴۲] تو

اور تيرا بھائي ميري نشانياں لے کر جاؤ - اور ميري يادؔ سے
غفلت نه کرو - [٤٣] فرعون کے پاس جاؤ - اُس نے سرکشي کي
هے - [٤٤] اور اُس سے نرم بات کرو - شايد وه غور کرے يا
(خدا کے غضب سے) ڈرے - [٤٥] بولے اے همارے پروردگار هم
ڈرتے هيں کهيں وه هم پر زيادتي نه کرے يا کهيں وه سرکشي
نه کرنے - [٤٦] فرمايا مت ڈرو - ميں تمهارے ساتھه ديکهتا
اور سنتا رهونگا - [٤٧] تو اُس کے پاس جاؤ - اور کهو که هم
دونوں تيرے پروردگار کے بهيجے هوئے هيں - تو همارے ساتهه
بني‌اسرائيل کو جانے دے - اور ان پر عذاب نه کر - هم تيرے
پاس تيرے پروردگار کي طرف سے نشانياں لے کر آئے هيں - اور
سلامتي اُس کي هے جو هدايت کي پيروي کرے - [٤٨] هماري
طرف وحي کي گئي هے که جو شخص جهٹلائے اور پيٹهه پهير
دے اس پر عذاب هوگا - [٤٩] بولا اے موسىٰ تمهارا پروردگار
کون هے ؟ [٥٠] کها همارا پروردگار وه هے جس نے هر چيز کو
اس کي بناوٹ عطا کي اور هدايت کي - [٥١] اور پهلے قرنوں
کا کيا حال هے ؟ [٥٢] کها که اُس کا علم ميرے پروردگار کے پاس
کتاب ميں هے - ميرا پروردگار نه بهکتا هے اور نه بهولتا هے -
[٥٣] وه جس نے تمهارے لئے زمين کو بچهونا بنايا اور اُس
ميں تمهارے لئے راهيں نکاليں - اور آسمان سے پاني اُتارا -
اور هم نے اُس سے مختلف قسم کے نباتات نکالے - [٥٤] کهاؤ
اور اپنے مويشيوں کو چراؤ - بے شك اس ميں بهي عقل والوں
کے لئے نشانياں هيں -

[٥٥] اسي سے هم نے تم کو پيدا کيا اور اسي ميں تم کو
پهير کر لے جائينگے - اور اسي سے تم کو پهر دوسري بار
نکالينگے - [٥٦] اور هم نے اُس کو اپني سب نشانياں

دکھائیں - پھر بھي أس نے جھٹلایا اور اِنکار کیا - [۵۷] بولا
اے موسیٰ کیا تو همارے پاس آیا هے کہ اپنے جادو سے هم کو
همارے ملك سے نکال دے - [۵۸] تو هم بھي اسي کے مانند
ایك جادو تیرے پاس لائینگے - تو هم میں اور تجھہ میں ایك
وقت مقرر کر کہ نہ هم أس کے خلاف کریں اور نہ تو - ایك
صاف میدان میں هو - [۵۹] کہا تمھارے لئے تیوهار کا دن
مقرر رها - اور یہہ کہ لوگ دن چڑھے جمع هوں - [۶۰] پھر
فرعون پیٹھہ پھیر کر چل دیا - پھر أس نے اپنا مکر جمع کیا -
پھر آیا - [۶۱] موسیٰ نے أن سے کہا کہ تم پر افسوس هے -
خدا پر جھوت نہ باندهو - دیہیں تو وہ عذاب لاکر تم کو
نیست و نابود کر دیگا - اور جس نے جھوت باندها وہ بے شك
نامراد هوا - [۶۲] پھر وہ اس بارے میں آپس میں جھگڑنے
لگے اور چھپا کر مشورہ کرنے لگے - [۶۳] أنھوں نے کہا یہہ
دونوں تو ضرور جادوگر هیں - یہہ چاهتے هیں کہ اپنے جادو سے
تم کو تمھارے ملك سے نکال دیں - اور تمھارے اچھے طریقے کو
دور کر دیں - [۶۴] تو تم بھي اپني تدبیریں جمع کرو پھر
صف باندھہ کر آؤ - اور جو آج کے دن غالب آیا أسي نے فلاح
پائي - [۶۵] أنھوں نے کہا کہ اے موسیٰ یا تو ھي (اپنا عصا)
ڈال یا هم ھي پہلے (اپنا عصا) ڈالیں - [۶۶] کہا بلکہ تم ھي
(اپنا عصا) ڈالو - تو أسي وقت أس کو أن کے جادو کے سبب
معلوم هوا کہ أن کي رسیاں اور أن کے عصا دوڑ رهے هیں -
[۶۷] تو موسیٰ اپنے دل میں ڈرا - [۶۸] هم نے فرمایا ڈر مت -
تو ھي ضرور غالب آئیگا - [۶۹] اور جو تیرے داهنے هاتھہ
میں هے أسے ڈال دے کہ جو کچھہ أنھوں نے بنا رکھا هے أن
سب کو یہہ نگل جائیگا - جو کچھہ أنھوں نے بنا رکھا هے یہہ

تو جادو کا مکر ھے - اور جادوگر کہیں بھي آئے وہ فلاح نہیں
پانے کا - [۷۰] تو جادوگر سجدے میں گر پڑے - اور کہنے
لگے کہ ھم ھارون اور موسیٰ کے پروردگار پر ایمان لائے - [۷۱] بولا
کیا تم اُس پر ایمان لائے قبل اِس کے کہ میں تم کو اس کي اِجازت
دوں ؟ بے شك یہہ تمہارا بڑا ھے جس نے تم کو جادو سکھایا
ھے - تو میں ضرور تمہارے ھاتھہ اور تمہارے پاؤں اُلٹے سیدھے
کاٹ ڈالونگا - اور میں تم کو کھجوروں کے شاخوں پر سولي
دونگا - اور تب تم ضرور جانوگے ھم میں سے کس کا عذاب زیادہ
سخت اور باقي رھنے والا ھے - [۷۲] بولے ھم تو ھرگز تجکو
ان بین دلیلوں پر اور اس پر جس نے ھم کو پیدا کیا ترجیح
نہیں دینے کے - تو حکم کر دے جو تو حکم کرنے والا ھے - تو تو
بس اسي دنیا کي زندگي میں حکم کر سکتا ھے - [۷۳] ھم
اپنے پروردگار پر ایمان لائے تا کہ وہ ھم کو ھماری خطائیں بخش
دے اور جادو جس پر تونے ھم کو مجبور کیا - اور خدا سب
سے بہتر اور باقي رھنے والا ھے - [۷۴] بے شك جو کوئي مجرم
کي حالت میں اپنے پروردگار کے پاس آئیگا اُس کے لئے جہنم ھے -
نہ وہ وھاں مریگا اور نہ زندہ ھي رھیگا - [۷۵] اور جو کوئي
ایمان والے کي حالت میں اُس کے پاس آئیگا اور اُس نے اچھے
کام بھي کئے ھونگے - تو ان ھي لوگوں کے بڑے درجے ھونگے -
[۷۶] یعني جنت عدن جن کے نیچے سے نہریں جاری ھونگي -
اور جس میں وہ ھمیشہ رھینگے - اور یہي جزا ھے اُن لوگوں
کي جو (اپنے تئیں) پاك رکھتے ھیں -

[۷۷] اور ھم نے موسیٰ کي طرف وحي بھیجي کہ ھمارے
بندوں کو لے کر راتوں رات چل دے - اور دریا میں اُن کو
لے کر سوکھي راہ سے چل دے - تو تعاقب سے نہ ڈر اور نہ خوف

کہا - [۷۸] پھر فرعون نے اپنی فوج کے ساتھ ان کا پیچھا
کیا - پھر دریا کا جو کچھ ان پر آیا سو آیا - [۷۹] اور
فرعون نے اپنی قوم کو گمراہ کیا اور ہدایت نہ کی - [۸۰] اے
بنی‌اسرائیل ہم نے تم کو تمہارے دشمن سے نجات دی - اور
ہم نے تم سے طور کی داہنی طرف کا وعدہ کیا اور ہم نے تم پر
من اور سلوی اُتارا - [۸۱] کھاؤ جو کچھ اچھی چیزیں
ہم نے تم کو دی ہیں اور اس میں زیادتی نہ کرو - نہیں تو
تم پر میرا غضب آ پڑیگا - اور جس کسی پر میرا غضب آ پڑا
تو وہ جا گرا - [۸۲] اور بے شک میں بخشنے والا ہوں اس
شخص کو جو توبہ کرے اور ایمان لائے اور اچھے کام کرے اور
پھر ہدایت پر رہے - [۸۳] اور اے موسی تو اپنی قوم سے کیوں
آگے چلا آیا ؟ [۸۴] بولا وہ لوگ بھی میرے پیچھے پیچھے
آ ہی رہے ہیں - اور اے میرے پروردگار میں نے تیری طرف آنے
میں جلدی کی تا کہ تو راضی رہے - [۸۵] فرمایا کہ ہم نے
تیری قوم کو تیرے پیچھے بلا میں ڈالا اور سامری نے اُن کو
گمراہ کر دیا - [۸۶] تو موسی غصے اور افسوس کی حالت میں
اپنی قوم کی طرف پھر آیا - بولا کہ اے میری قوم کیا تمہارے
پروردگار نے تم سے اچھا وعدہ نہیں کیا تھا ؟ تو کیا تم کو
مدت لمبی معلوم ہوئی ؟ یا تم نے چاہا کہ تم پر تمہارے
پروردگار کا غضب آپڑے پس تم نے مجھ سے وعدہ خلافی کی ؟
[۸۷] بولے کہ ہم نے اپنے اختیار سے تجھ سے وعدہ خلافی
نہیں کی بلکہ قوم کے زیوروں کا بوجھ ہم سے اُٹھوایا گیا تھا -
تو ہم نے اُس کو ڈال دیا - اور اسی طرح سامری نے بھی ڈالا -
[۸۸] تو اُس نے اُن کے لئے ایک گائے کا بچہ نکالا - وہ ایک
دھڑ تھا جس کی آواز گائے کی آواز تھی - تو اُنھوں نے کہا کہ

يهہ تمهارا پروردگار هے اور موسىٰ كا پروردگار - اور وہ بهول گيا
هے - [۸۹] تو كيا اُنهوں نے نهيں ديكها كه يهہ اُن كو جواب
تك نهيں دے سكتا تها - اور نه اُن كے نقصان پر اس كا
اختيار تها اور نه نفع پر -
[۹۰] اور هارون نے اس سے پهلے ان سے كها تها كه اے
ميري قوم اس سے تو تمهاري آزمايش هوئي هے - اور تمهارا
پروردگار رحم والا (خدا) هے تو ميري پيروي كرو اور ميرا كها
مانو - [۹۱] وہ بولے كه هم برابر اسي پر جمے رهينگے يهاں
تك كه موسىٰ همارے پاس پهر آئے - [۹۲] كها اے هارون
جب تونے ان كو گمراہ هوتے ديكها تو تجكو كيا وجه مانع
هوئي [۹۳] كه تونے ميري پيروي نه كي ؟ تو كيا تونے ميرے
كهے كي نافرماني كي ؟ [۹۴] بولا اے ميرے ماں جائے ميري
داڑهي نه پكڑ اور نه ميرا سر - ميں اس سے ڈرا كه تو (مجهه سے)
كهے كه تونے بني اِسرائيل ميں تفرقه ڈال ديا - اور ميرے قول
كا اِنتظار نه كيا - [۹۵] كها اے سامري تيرا حال كيا هے ؟
[۹۶] بولا كه ميں نے وہ چيز ديكهي جو دوسروں نے نه ديكهي -
تو ميں نے رسول كے قدم سے ايك مٹهي خاك بهر لي اور ميں نے
اس كو ڈال ديا - اور ميرے دل ميں مجكو يهي اچها معلوم
هوا - [۹۷] كها چلا جا - زندگي ميں تيرا يهہ حال هوگا كه
تو كها كريگا كه (مجكو) نه چهونا - اور تيرے لئے ايك اور
وعدہ بهي هے كه تو اس سے چهٹكارا نه پائيگا - اور اپنے معبود
كي طرف ديكهہ جس پر تو جما بيٹها تها - هم اس كو ضرور
جلادينگے پهر هم اس كو دريا ميں خاك بنا كر اُڑا دينگے -
[۹۸] تمهارا معبود تو خدا هے جس كے سوا كوئي خدا نهيں -
وہ هر چيز كو علم سے گهيرے هوے هے - [۹۹] اسي طرح

هم تجهسے گزشته خبريں بيان کرتے هيں اور هم نے تجهکو
اپنے پاس سے ياد دلانے والي کتاب دي - [١٠٠] جو کوئي اس سے
منهہ پهيرے وہ قيامت کے دن ضرور ايك بوجهہ اُٹهائے هوگا -
[١٠١] وہ اسي حالت ميں برابر رهيگا - اور برا هوگا بوجهہ جو
يهہ قيامت کے دن اُٹهائے هونگے - [١٠٢] جس دن صور پهونکا
جائيگا اور جس دن هم مجرموں کو اکٹها کرينگے نيلي نيلي
آنکهوں والے - [١٠٣] وہ آپس ميں آهسته آهسته کهتے هونگے
تم تو دنيا ميں بس دس دن ٹهہرے هوگے - [١٠٤] هم خوب
جانتے هيں جو وہ کهينگے جب ان ميں کا زيادہ هدايت
پانے والا کهيگا که تم تو بس ايك هي روز ٹهہرے -

[١٠٥] اور يهہ تجهسے پهاڑوں کي بابت پوچهتے هيں - تو
کهہ دے که ميرا پروردگار اُن کو ريزہ ريزہ کر کے اُڑا ديگا -
[١٠٦] اور اس (زمين) کو صاف ميدان بنا کر چهوڑ ديگا -
[١٠٧] تو اس ميں نه تو کجي ديکهيگا اور نه اونچان -
[١٠٨] اس دن يهہ پکارنے والے کے پيچهے چلينگے اور کجي نه
کرينگے - اور رحم والے (خدا) کے سامنے (ان کي) آوازيں نيچي
هو جائينگي - اور تو آهسته آواز کے سوا اور کچهہ نه سنيگا -
[١٠٩] اس دن شفاعت نفع نه ديگي مگر جس کو رحم والا
(خدا) اجازت دے اور جس کي بات اُس کو خوش آئے -
[١١٠] وہ جانتا هے جو کچهہ اُن کے سامنے هے اور جو کچهہ
اُن کے پيچهے هے - اور وہ (اپنے) علم سے اس پر حاوي نهيں -
[١١١] اور زندہ اور قائم (خدا) کے آگے سب منهہ جهك
جائينگے - اور جس کسي نے ظلم کا بوجهہ اُٹهايا وہ برباد
هوا - [١١٢] اور جو کوئي اچهے کام کرے اور وہ ايمان والا بهي
هو تو اُس کو ظلم کا ڈر نهيں اور نه حق تلفي کا - [١١٣] اور

اسي طرح هم نے اس کو عربي قرآن أتارا اور اس ميں هم نے
پهير پهير کر دهمکياں دي هيں تاکه وه (برے کاموں سے)
بچيں - يا اس سے ان کو نصيحت هو جائے - [۱۱۴] پس
خدا بادشاه حقيقي بهت بلند مرتبه هے - اور قرآن کے لئے
جلدی نه کر قبل اِس کے که أس کي وحي تيري طرف پوري
هو چکے - اور کهه که اے ميرے پروردگار مجکو علم ميں زياده
کر - [۱۱۵] اور اس سے پهلے هم نے آدم سے ايك عهد ليا تها -
مگر وه بهول گيا - اور هم نے اس ميں عزم نه پايا -
[۱۱۶] اور جب هم نے فرشتوں سے کها که آدم کو سجده
کرو - تو وه سجده کئے مگر ابليس که أس نے اِنکار کيا -
[۱۱۷] تو هم نے کها که اے آدم يهه تيرا اور تيری بيوي کا دشمن
هے - کهيں ايسا نه هو که وه تم دونوں کو جنت سے نکلوا دے
اور تو مشقت ميں پڑ جائے - [۱۱۸] تجکو يهاں نه بهوك هے
اور نه عرياني - [۱۱۹] اور نه تو يهاں پياسا رهيگا اور نه دهوپ
کهائيگا - [۱۲۰] مگر شيطان نے اس کو (آدم کو) وسوسه ديا -
بولا اے آدم کيا ميں تجکو هميشگي کا درخت دکها دوں اور
وه سلطنت جو پراني نه هو - [۱۲۱] تو دونوں نے اس ميں سے
کهايا - تو أن پر أن کي شرمگاهيں ظاهر هو گئيں - اور
دونوں اپنے أوپر باغ کے پتے تانکنے لگے - اور آدم نے اپنے پروردگار
سے سرکشي کي - اور گمراه هو گيا - [۱۲۲] پهر أس کو أس کے
پروردگار نے برگزيده کيا - اور أس کي توبه قبول کي اور (أس کو)
هدايت کي - [۱۲۳] فرمايا که تم سب کے سب يهاں سے أتر
جاؤ - تم ايك کے دشمن ايك - اور جو ميری طرف سے تمهارے
پاس هدايت آئے تو جو کوئي ميري هدايت کي پيروي کريگا تو
وه نه گمراه هوگا اور نه مشقت أتهائيگا - [۱۲۴] اور جو کوئي

میري یاد سے منہہ پھیریگا تو اُس کي معیشت تنگ ھوگي اور
قیامت کے دن ھم اُس کو اندھا کر کے اُٹھائینگے - [۱۲۵] وہ
کہیگا کہ اے میرے پروردگار تونے مجھکو اندھا کر کے کیوں
اُٹھایا حالانکہ میں دیکھنے والا تھا - [۱۲۶] فرمائیگا کہ
اِس طرح اِس لئے کہ تیرے پاس ھماري نشانیاں آئیں مگر تو
اُن کو بھول گیا - اور اسي طرح آج کے دن تو بھي بھلا دیا
گیا - [۱۲۷] اور اسي طرح ھم جزا دیتے ھیں اس شخص کو
جو زیادتي کرتا ھے اور جو اپنے پروردگار کي آیتوں پر ایمان نہیں
لاتا - اور آخرت کا عذاب تو بہت سخت ھے اور بہت باقي
رھنے والا - [۱۲۸] کیا اِس سے اُن کو ھدایت نہیں ھوتي کہ
اُن سے پہلے ھم نے کتنے ھي قرن ھلاك کر ڈالے ؟ یہہ تو ان ھي
کے رھنے کي جگہوں میں چلتے پھرتے ھیں - بے شك اسي
میں عقل والوں کے لئے نشانیاں ھیں -

[۱۲۹] اور اگر تیرے پروردگار کي طرف سے ایك حکم صادر
نہ ھوا ھوتا اور نہ ایك وقت مقرر تو ضرور عذاب کا آنا
لازمي تھا - [۱۳۰] تو جو کچھہ باتیں یہہ کہتے ھیں اُن پر
صبر کر اور سورج کے نکلنے سے پہلے اور اُس کے ڈوبنے سے پہلے
اپنے پروردگار کي حمد کے ساتھہ تسبیح کر - اور رات کي
گھڑیوں میں اور دن کے دونوں وقت تسبیح کر تاکہ تو
خوش ھو - [۱۳۱] اور اپني آنکھیں اُن چیزوں پر نہ دوڑا
جو ھم نے اُن میں سے اکثر لوگوں کو دنیا کي زندگي کي
آرایش کے لئے دے رکھي ھیں - (یہہ تو اسلئے ھے) کہ ھم
اُن کو اس سے آزمائیں - اور تیرے پروردگار کا رزق سب سے
بڑھہ کر ھے اور باقي رھنے والا - [۱۳۲] اور اپنے گھر والوں کو
نماز کے لئے کہہ دے - اور خود اُس پر قائم رہ - ھم تجھسے

رزق نہیں مانگتے - ہم ہي تجکو رزق دیتے ہیں - اور انجام تو پرہیزگاري ہي کا ہے -[۱۳۳] اور وہ کہتے ہیں کہ وہ اپنے پروردگار کي طرف سے ہمارے پاس کوئي نشاني کیوں نہیں لاتا ؟ کیا اگلي کتابوں میں جو بین دلیلیں ہیں وہ اُن کے پاس نہیں آئیں ؟ [۱۳۴] اور اگر ہم اِس سے پہلے اُن کو کسي عذاب سے ہلاك کر دیتے تو یہہ ضرور کہتے کہ اے ہمارے پروردگار تونے ہماري طرف کوئي رسول کیوں نہ بھیجا کہ ہم تیری آیتوں کي پیروی کرتے قبل اِس کے کہ ہم ذلیل اور رسوا ہوئے ؟ [۱۳۵] تو کہہ دے سب اِنتظار کر رہے ہیں - تو تم بھي اِنتظار کرو - تو تم کو معلوم ہو جائیگا کہ کون سیدھي راہ والے اور کون ہدایت پر ہیں -

سورۂ انبیاء

مکي - ۱۱۲ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ہے

¶[۱] لوگوں کا حساب قریب آگیا - پھر بھي وہ غفلت میں منہہ پھیرے پڑے ہیں - [۲] جو کوئي یاد دلانے والي بات اُن کے پاس نئي آتي ہے تو بس وہ اُس کو سنتے اور کھیل میں اُڑا دیتے ہیں -[۳] اُن کے دل غفلت میں ہیں - اور ظالم چھپاکر مشورے کرتے ہیں - یہہ تو بس تمہارے ہي جیسا آدمي ہے - تو کیا تم دیکھہ کر بھي جادو کي طرف چلے آتے ہو ؟ [۴] کہا میرا پروردگار آسمان اور زمین کي سب باتیں جانتا ہے - اور وهي سننے والا اور جاننے والا ہے - [۵] نہیں - وہ تو کہتے ہیں کہ یہہ پریشان خیال ہیں -

نهيں - اِس نے جهوت باندهہ لي هے - نهيں - وہ تو شاعر
هے - تو جس طرح اگلے رسول بهيجے گئے اسي طرح يہہ بهي
همارے پاس كوئي نشاني لے كر آئے - [٦] ان سے پهلے
جن بستيوں كو هم نے هلاك كر ڐالا وہ تو ايمان نہ لائيں -
تو كيا يہہ ايمان لائينگے ؟ [٧] اور تجهہ سے پهلے بهي تو
هم نے بس آدمي هي بهيجے كہ اُن كي طرف هم نے وحي
بهيجي - اگر تم نهيں جانتے تو اهل كتاب سے پوچهو -
[٨] اور هم نے اُن كے ايسے بدن تو بنائے نهيں تهے كہ وہ
كهانا نہ كهاتے - اور نہ وہ هميشہ رهنے والے هي تهے -
[٩] پهر هم نے اُن سے (اپنا) وعدہ سچا كيا اور هم نے
اُن كو اور جس كو چاها بچا ليا اور زيادتي كرنے والوں كو
هلاك كر ڐالا - [١٠] هم نے تمهاري طرف كتاب نازل كي هے
كہ اِس ميں تمهارا ذكر هے - پهر بهي كيا تم عقل نهيں
ركهتے ؟

[١١] اور هم نے كتني هي بستياں ويران كرديں كہ وہ
ظلم كرنے والي تهيں اور اُن كے بعد هم نے دوسري قوميں
پيدا كيں - [١٢] تو جب اُنهوں نے هماري سختي معلوم كي
تو اُسي وقت اس سے بهاگنے لگے - [١٣] بهاگو مت - بلكہ
اُسي كي طرف پهر جاؤ جس ميں تم كو آرام ملتا تها اور
اپنے گهروں كي طرف تاكہ تم پوچهے جاؤ - [١٤] بولے اے
واۓ هم كو - هم واقعي ظالم تهے - [١٥] اور هميشہ يهي
اُنكا پكارنا رها يهانتك كہ هم نے اُن كو جڑ سے كاٹ ڐالا
اور بجها ديا - [١٦] اور هم نے آسمان اور زمين اور جو
كچهہ ان دونوں كے درميان هے كهيل كے لئے نهيں بنايا -
[١٧] اگر هم چاهتے كہ كهيل بنا ليں تو هم اپنے پاس سے

کچھہ بنا لیتے اگر ہم کو یہي کرنا ہوتا - [۱۸] نہیں بلکہ
ہم تو حق کو باطل پر پھینک مارتے ہیں - اور وہ اُس کے
سر کو کچل ڈالتا ہے - اور اُسي وقت وہ دور ہو جاتا ہے -
اور تم جو بیان کرتے ہو اُس کے لئے تم پر افسوس ہے -
[۱۹] اور اُسي کا ہے جو کوئي آسمان اور زمین میں ہے -
اور جو اُس کے پاس ہیں وہ اُس کي عبادت سے تکبر نہیں کرتے
اور نہ تھکتے ہیں - [۲۰] وہ رات دن تسبیح کرتے ہیں
اور نہیں تھمتے - [۲۱] کیا یہہ ایسے معبود ٹھہراتے ہیں
جن کو یہہ خود مٹي سے بنالیتے ہیں - [۲۲] اگر اِن دونوں
(آسمان اور زمین) میں خدا کے سوا اور بھي معبود ہوتے تو
دونوں خراب ہوگئے ہوتے - پس پا کي خدا ہي کو ہے
جو عرش کا پروردگار ہے بخلاف اُس کے جو یہہ بیان کرتے ہیں -
[۲۳] وہ جو کرتا ہے اُس کے بارے میں نہیں پوچھا جائیگا
بلکہ یہي لوگ پوچھے جائینگے - [۲۴] کیا اُنھوں نے اُس کے
سوا معبود بنا لیا ہے ؟ تو کہہ دے کہ اپني سند لاؤ - یہہ ہے
یاد داشت اُن کي جو میرے ساتھہ ہیں اور یاد داشت اُن کي
جو مجھہ سے پہلے تھے - نہیں - اُن میں اکثر تو سچ جانتے
ہي نہیں - اور وہ منہہ پھیر لیتے ہیں - [۲۵] اور ہم نے
تجھہ سے پہلے جتنے رسول بھیجے اُن سب پر ہم نے یہي
وحي بھیجي کہ میرے سوا کوئي معبود نہیں - تو میري ہي
عبادت کرو - [۲۶] اور یہہ کہتے ہیں کہ رحم والے (خدا) نے
اولاد بنا لي ہے - وہ پاک ہے - نہیں - (یہہ سب) اُس کے
معزز بندے ہیں - [۲۷] یہہ اُس کے آگے بڑھہ کر بات نہیں
کرتے - اور اُسي کے حکم کي تعمیل کرتے ہیں - [۲۸] وہ جانتا
ہے جو کچھہ اُن کے آگے ہے اور جو کچھہ اُن کے پیچھے ہے -

اور یہہ شفاعت نہیں کر سکتے مگر جس سے وہ خوش ہو -
اور وہ اُس کے ڈر سے کانپتے رہتے ہیں - [۲۹] اور جو کوئي
اُن میں سے کہے کہ میں بھي اُس کے سوا خدا ہوں تو ہم
اُس کو جہنم کي سزا دینگے - اِسي طرح ہم ظالموں کو
سزا دیتے ہیں -

[۳۰] کیا جو لوگ کفر کرتے ہیں اُنھوں نے یہہ نہ دیکھا
کہ آسمان اور زمین دونوں ملے ہوئے تھے - تو ہم نے اُن
دونوں کو جدا کیا - اور ہم نے پاني سے ہر جاندار چیزیں
بنائیں - پھر بھي کیا وہ اِیمان نہیں لائینگے ؟ [۳۱] اور
ہم نے زمین میں بوجھل (پہاڑ) رکھہ دئے کہ اُن کو لے کر
نہ ہل جائے - اور اُس میں ہم نے کشادہ راہیں رکھیں تا کہ
وہ راہ پائیں - [۳۲] اور ہم نے آسمان کو ایك محفوظ
چھت بنایا - پھر بھي یہہ لوگ اُس کي نشانیوں سے منھہ
پھیرتے ہیں - [۳۳] اور وہی ہے جس نے رات اور دن اور
چاند اور سورج بنائے - سب (اپنے) فلك میں پڑے تیر رہے
ہیں - [۳۴] اور تجھہ سے پہلے بھي ہم نے کسي بشر کو
ہمیشہ رہنے نہیں دیا - تو اگر تو مر جائیگا تو کیا
یہہ لوگ ہمیشہ رہینگے ؟ [۳۵] ہر جاندار موت کا مزہ
چکھیگا - اور ہم تم کو بُرائي اور بھلائي دونوں سے آزماتے
ہیں - اور تم ہماری ہي طرف پھیرے جاؤگے - [۳۶] اور
جب کافر تجھکو دیکھتے ہیں تو تجھسے ٹھٹھا کرتے ہیں -
کیا یہي ہے جو تمھارے معبودوں کا ذکر کرتا ہے ؟ اور وہ
خدا کي یاد سے کفر کرتے ہیں - [۳۷] آدمي تو جلد باز
پیدا ہي کیا گیا ہے - میں ضرور تم کو اپني نشانیاں
دکھاؤنگا - پس مجھہ سے جلدي نہ کرو - [۳۸] اور وہ

کہتے ہیں کہ اگر تم سچ کہتے ہو تو اس کا وقت کب ہے؟
[۳۹] اے کاش یہہ کافر جانتے جب کہ وہ اپنے مونہوں سے
آگ کو نہ روک سکینگے اور نہ اپني پیٹھہ سے - اور نہ وہ مدد
دئے جائینگے - [۴۰] نہیں - یہہ تو اُن پر یکایک آ پڑیگا -
اور یہہ اُن کو ھکا بکا کردیگا - پھر تو یہہ اُس کو نہ
پھیر سکینگے - اور نہ وہ ڈھیل دئے جائینگے - [۴۱] اور
تجھہ سے پہلے بھي رسولوں سے ٹھٹھا کیا گیا - مگر اُن
میں سے جن لوگوں نے ٹھٹھا کیا وہ جس چیز سے ٹھٹھا کرتے
تھے اُسي نے اُن کو آ گھیرا -

[۴۲] تو کہہ دے کہ رات دن رحم والے (خدا) کے مقابلے
میں تمھاری کون نگہباني کریگا؟ نہیں وہ تو اپنے پروردگار کي
یاد سے منہہ پھیرتے ہیں - [۴۳] کیا ھمارے سوا اُن کے اور بھي
معبود ہیں جو اُن کو بچا سکیں؟ وہ اپنے تئیں مدد نہیں
کرسکتے اور نہ وہ ھمارے مقابلے میں رفاقت کئے جائینگے -
[۴۴] نہیں - ھم نے اُن کو اور اُن کے باپ دادوں کو فائدہ
اُٹھانے دیا یہانتک کہ اُن کي عمر دراز ھوگئي - تو کیا یہہ
نہیں دیکھتے کہ ھم زمین کو (اُن کے لئے) اُس کے (چاروں)
طرف سے تنگ کئے آتے ہیں؟ تو کیا پھر بھی یہہ ھي
غالب رہینگے؟ [۴۵] تو کہہ دے کہ میں تو تم کو بس
وحي سے ڈراتا ھوں - اور جب ڈرائے جاتے ہیں تو بہرے
پکارنا نہیں سنتے - [۴۶] اور اگر اُن کو تیرے پروردگار کے
عذاب کي لو لگ جائے تو وہ ضرور کہینگے کہ اے وائے
ھم کو - ھم واقعی ظالم تھے - [۴۷] اور قیامت کے دن ھم
عدل کي ترازوئیں لگائینگے اور کوئي متنفس پر کسي طرح کا
بھي ظلم نہ ھوگا - اور اگر (اُس کا عمل) رائي کے دانے کے

برابر بھي ھوگا تو ھم اُس کو لے آئینگے - اور ھم حساب لینے کے لئے کافي ھیں - [۴۸] اور ھم نے موسیٰ اور ھارون کو (سچ اور جھوٹ کے) پہچاننے کي کتاب اور روشني دي - اور پرھیزگاروں کے لئے یاد دھاني - [۴۹] جو اپنے پروردگار سے غائبانہ ڈرتے ھیں اور جو (قیامت کي) گھڑي سے ڈرتے ھیں - [۵۰] اور یہہ مبارک یاد دھاني کي چیز ھے جس کو ھم نے نازل کیا ھے - پھر بھي کیا تم اس سے اِنکار کروگے ؟

[۵۱] اور اس سے پہلے ھم نے اِبراھیم کو عقل سلیم دي تھي - اور ھم اس کو جانتے تھے - [۵۲] جب اس نے اپنے باپ اور اپني قوم سے کہا کہ یہہ مورتیں جن پر تم اڑے بیٹھے ھو کیا ھیں ؟ [۵۳] وہ بولے ھم نے اپنے باپ دادوں کو ان ھي کي عبادت کرتے دیکھا - [۵۴] کہا کہ تم اور تمھارے باپ دادے صریح گمراھي میں پڑے رھے - [۵۵] وہ بولے کیا تو ھمارے پاس سچي بات لے کر آیا ھے یا تو کھیل کرتا ھے ؟ [۵۶] کہا نہیں - تمھارا پروردگار آسمان اور زمین کا پروردگار ھے جس نے اُن کو پیدا کیا ھے - اور میں اس بات کا گواہ ھوں - [۵۷] اور بخدا میں تمھارے بتوں کے بارے میں ایك مکر نکالونگا بعد اس کے کہ تم پیٹھہ پھیر کر چل دو - [۵۸] پھر اُس نے اُن کو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا - مگر اُن کے بڑے کو - شاید وہ اُس کي طرف رجوع کریں - [۵۹] وہ بولے کہ ھمارے معبودوں کے ساتھہ یہہ کس نے کیا ؟ وہ تو ضرور ظالم ھے - [۶۰] وہ بولے کہ ھم نے ایك نوجوان کو ان کا ذکر کرتے سنا - اُسے اِبراھیم کہتے ھیں - [۶۱] بولے تو اُس کو لوگوں کي نظروں کے سامنے لاؤ تا کہ وہ گواھي دیں - [۶۲] وہ بولے کہ اے اِبراھیم کیا تونے ھمارے معبودوں کے ساتھہ ایسا کیا ؟ [۶۳] کہا نہیں - یہہ جو

اِن میں بڑا ھے اُسي نے ایسا کیا ھے - اور ان ھي سے پوچھو
اگر یہہ بول سکیں - [۶۴] تو وہ اپنے جي میں غور کئے اور
بولے کہ واقعي تم ظالم ھو - [۶۵] پھر وہ اپنے سروں کے بل
اُلٹے گرے (اور بولے) کہ تو جانتا ھے کہ یہہ نہیں بولتے -
[۶۶] کہا تو کیا تم خدا کے سوا اس چیز کي عبادت کرتے ھو
جو تم کو کچھہ بھي نفع نہیں دے سکتي اور نہ تم کو ضرر
پہنچا سکتي ھے ؟ [۶۷] تف ھے تم پر اور اُن پر جن کي تم
خدا کے سوا عبادت کرتے ھو - پھر بھي کیا تم کو عقل نہیں؟
[۶۸] وہ بولے کہ اگر تم کو کچھہ کرنا ھے تو اس کو جلا دو
اور اپنے معبودوں کی مدد کرو - [۶۹] ھم نے کہا اے آگ تو
اِبراھیم کے لئے ٹھنڈی اور سلامتي کا باعث ھو جا - [۷۰] اور
اُنھوں نے اُس سے مکر کرنا چاھا تو ھم نے اُن ھی کو خسارے
میں رکھا - [۷۱] اور ھم نے اُس کو اور لوط کو نجات کر اس
ملك میں لایا جس میں ھم نے دنیا جہان کے لوگوں کے لئے
برکتیں رکھي تھیں - [۷۲] اور ھم نے اُس کو اِسحاق عطا
کیا - اور یعقوب بھي اِنعام میں - اور سبھوں کو ھم نے نیك
بنایا - [۷۳] اور ھم نے اُن کو پیشوا بنایا کہ ھمارے کہے کے
مطابق (لوگوں کو) ھدایت کریں - اور ھم نے اُن کي طرف
بھلائي کرنے اور نماز پڑھنے اور زکواۃ دینے کے لئے وحي بھیجي
اور وہ ھماری عبادت کرنے والے تھے - [۷۴] اور لوط کو ھم نے
حکم اور علم دئے - اور ھم نے اُس کو اس بستي سے بچایا
جہاں کے لوگ بُرے کام کیا کرتے تھے - وہ تو بُرے اور بدکار
لوگ تھے ھي - [۷۵] اور اُس کو ھم نے اپني رحمت میں
داخل کیا - بے شك وہ نیك شخص تھا -

[۷۶] اور نوح - جب اُس نے اس سے پہلے پکارا تو ھم نے

اُس كي دعا قبول كي اور اُس كو اور اُس كے لوگوں كو بڑي
مصيبت سے بچايا - [٧٧] اور جو لوگ هماري آيتوں كو
جھٹلايا كرتے تھے اُن كے مقابلے ميں هم نے اُس كي مدد كي -
بے شك يهه بُرے لوگ تھے - پس هم نے اُن سب كو غرق
كرديا - [٧٨] اور داؤد اور سليمان - جب وہ دونوں ايك
كھيتي كے بارے ميں جس ميں كچھه لوگوں كي بكرياں
چرگئي تھيں فيصلہ كر رهے تھے - اور هم اُن كے فيصلے ميں
حاضر تھے - [٧٩] تو هم نے يهه سليمان كو سمجھا ديا -
اور هر ايك كو هم نے حكم اور علم ديا - اور هم نے پهاڑوں كو
داؤد كا مسخر كرديا - كہ وہ تسبيح كرتے تھے - اور پرند
بھي - اور هم هي كرنے والے تھے - [٨٠] اور هم نے اُس كو
تمھارے لئے ايك لباس بنانے كي صنعت بھي سكھادي تھي
كہ تم كو ايك دوسرے كي سختي سے بچائے - پھر بھي كيا تم
شكرگزار نہ هوگے؟ [٨١] اور زور كي هوا سليمان كے (مسخر كيا)
كہ وہ اُس كے حكم سے اُس ملك كي طرف چلتي تھي جس ميں
هم نے بركتيں ركھي تھيں - اور هم چيزوں كے جاننے والے
تھے - [٨٢] اور شيطانوں ميں ايسے بھي تھے جو اُس كے لئے
غوطے لگاتے تھے اور اِس كے سوا اور بھي كام كرتے تھے - اور
هم هي اُن كي نگهباني كرتے تھے - [٨٣] اور ايوب - كہ
جب اُس نے اپنے پروردگار كو پكارا كہ مجھكو ايذا پهنچي هے -
اور تو هي رحم كرنے والوں ميں سب سے بڑھه كر رحم والا هے -
[٨٤] تو هم نے اُس كي دعا قبول كرلي اور جو ايذا اُس كو
پهنچي تھي اُس كو دور كيا - اور هم نے اُس كو اپني
رحمت سے اُس كے اهل و عيال دئے اور اُن كے ساتھه ويسے هي
اور بھي - اور عبادت كرنے والوں كے لئے ياد دهاني -

[۸۵] اور اِسمعیل اور ادریس اور ذوالکفل - یہہ سب صبر
کرنے والے تھے - [۸۶] اور هم نے اُن کو اپني رحمت میں
داخل کیا - بے شك وہ نیك لوگ تھے - [۸۷] اور ذوالنون -
جب وہ غضب ناك هوکر چل دیا - اور خیال کیا کہ هم
اُس پر قادر نہیں هونگے - تو وہ اندهیرے میں پکارا کہ
تیرے سوا کوئي معبود نہیں - تو هي پاك هے - میں نے
واقعي ظلم کیا - [۸۸] تو هم نے اُس کي دعا قبول کي -
اور اُس کو غم سے نجات دي - اور هم اسي طرح ایمان
والوں کو بچا لیتے هیں - [۸۹] اور زکریا - جب اُس نے
اپنے پروردگار کو پکارا کہ اے میرے پروردگار مجکو اکیلا نہ
چھوڑ - اور تو هي سب سے بڑھہ کر وارث هے - [۹۰] پھر
هم نے اُس کي دعا قبول کي - اور اُس کو یحیی عطا فرمایا -
اور اُس کي بیوي کو اُس کے لئے درست کردیا - بے شك یہہ
لوگ خیر کے کاموں میں جلدي کرتے تھے اور هم کو رغبت
اور ڈر سے پکارتے تھے - اور همارے سامنے عاجزي کرتے تھے -
[۹۱] اور وہ عورت جس نے اپني عصمت کي حفاظت دي -
تو هم نے اُس میں اپني روح پھونك دي - اور هم نے اُس کو
اور اُس کے بیٹے کو دنیا جہان کے لوگوں کے لئے ایك نشاني
بنائي - [۹۲] یہہ سب تمھاري اُمتیں ایك هي امت هیں -
اور میں تمھارا پروردگار هوں - پس میري هي عبادت کرو -
[۹۳] اور اُنھوں نے آپس میں اپنے معاملے قطع کر ڈالے -
سب همارے هي طرف پھر آئینگے -

[۹۴] تو جو کوئي نیك کام کرے اور وہ ایمان والا بھي هو
تو اُس کي کوشش کي ناقدري نہ کي جائیگي - اور هم یہہ
سب لکھہ رکھتے هیں - [۹۵] اور جس بستي کو هم نے هلاك

کر ڈالا ممکن نہیں کہ وہ پھر کر نہ آئے [٩٦] يہاں تك کہ
جب ياجوج اور ماجوج کھول دئے جائینگے اور وہ ہر اُونچان
سے دوڑتے ہونگے [٩٧] اور سچا وعدہ نزديك آ جائیگا تو
اُسي وقت کافروں کي آنکھیں چڑھ جائینگي - اے وائے ہے
ہم پر - کہ ہم نے اس سے غفلت کي - بلکہ ہم تو ظالم تھے -
[٩٨] بے شك تم اور جن چيزوں کي تم خدا کے سوا عبادت
کرتے تھے وہ سب جہنم کے ايندھن ہونگے - تم کو وہاں جانا
ہوگا - [٩٩] اگر يہہ سب معبود ہوتے تو اُس ميں نہ
جاتے - اور (تم) سب کو اُسی میں رہنا ہوگا - [١٠٠] وہ بس
اُس میں بڑے چلایا کرینگے اور وہ اُس میں کچھہ نہ
سنینگے - [١٠١] بے شك جن لوگوں کے لئے ہماري طرف سے
پہلے سے نیکی دی گئي ہوگي وہي اِس سے دور رکھے جائینگے -
[١٠٢] وہ اِس کي آہٹ بھي نہ سنينگے - اور وہ ہمیشہ اُسي
میں رہینگے جس میں اُن کا جي چاہیگا - [١٠٣] اُن کو بڑا
بھاری ڈر بھي نہ غمگین کریگا اور اُن کو فرشتے لینے آئینگے -
يہي تو تمہارا دن ہے جس کا تم سے وعدہ کیا گیا تھا -
[١٠٤] جس دن ہم آسمان کو لپیٹ لینگے جس طرح نوشتوں
کو طومار لپیٹتا ہے - جس طرح ہم نے پہلے پیدا کیا تھا
اُسي طرح اس کو دوبارہ (پیدا) کرینگے - يہہ ہمارے ذمے
وعدہ ہے - ہم يہہ ضرور کرینگے - [١٠٥] اور ہم زبور میں
نصیحت کے بعد لکھہ چکے ہیں کہ میرے نیك بندے دنیا کے
وارث ہونگے - [١٠٦] بے شك اس میں عبادت کرنے والے لوگوں
کے لئے ایك حکم ہے - [١٠٧] اور ہم نے تو تجکو بس دنیا جہان
کے لئے رحمت بنا کر بھیجا ہے - [١٠٨] تو کہہ دے میري طرف
تو بس يہي وحي کي گئي ہے کہ تمہارا پروردگار اکیلا معبود

هے - تو کیا تم مسلمان هوتے هو ؟ [۱۰۹] پس اگر وہ پیٹھہ
پھیر لیں تو کہہ دے کہ میں نے تم کو یکساں طور پر سنا دیا
اور میں نہیں جانتا کہ جو تم سے وعدہ کیا گیا هے آیا وہ
نزدیک هے یا دور - [۱۱۰] بے شك وہ چلا کر بات کرنے کو بھي
جانتا هے اور جو تم چھپاتے هو وہ بھي جانتا هے - [۱۱۱] اور
میں نہیں جانتا شاید اس سے تمھاری آزمایش هو - اور یہہ
هو کہ ایك وقت تك (تم کو) فائدہ پہنچے - [۱۱۲] کہا اے
میرے پروردگار حق حق حکم کر دے - اور همارا پروردگار
(اسي سے) ان باتوں پر جو تم رحم والا هے مدد مانگا جاتا هے
بیان کرتے هو -

سورۂ حج

مکي - ۷۸ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم هے

[۱] اے لوگو اپنے پروردگار سے ڈرو - بے شك اس گھڑی کا
زلزلہ ایك بڑا واقعہ هوگا - [۲] جس دن تم اس کو دیکھو گے
اس دن هر دودھہ پلانے والي ماں اپنے دودھہ پیتے (بچے) کو
بھول جائیگي - اور هر حاملہ عورت اپنا حمل گرا دیگي - اور
تو لوگوں کو متوالا دیکھیگا حالانکہ وہ متوالے نہ هونگے - بلکہ
(اس دن) خدا کا عذاب سخت هوگا - [۳] اور کچھہ لوگ
ایسے هیں جو جہالت سے خدا کے بارے میں جھگڑتے اور هر
شیطان سرکش کي پیروي کرتے هیں [۴] جس کے حق میں لکھا
گیا هے کہ جو کوئي اس کا دوست هوا تو یہہ اُس کو ضرور گمراہ
کریگا اور عذاب دوزخ کي طرف لے جائیگا - [۵] اے لوگو

ا گر تم کو (مرنے کے بعد) پھر جي اُٹھنے ميں شك هے تو هم
هي نے تم کو مٹي سے بنايا پھر نطفے سے پھر جمے هوئے خون
سے پھر مضغه سے جو صورت بني هوئي تھي اور بے بني هوئي
تھي - تا که تم سے بيان کريں - اور هم جو کچھه
چاهتے هيں ايك وقت مقرر تك پيٹ ميں ٹھهرائے رکھتے
هيں - پھر تم کو بچه بنا کر نکالتے هيں پھر (تم کو بڑھاتے
هيں) تا که تم اپني جواني کو پهنچو - اور تم ميں سے کوئي
تو مر جاتا هے اور تم ميں سے کوئي تو سب سے زيادہ نکمي
عمر تك پهنچايا جاتا هے - يهاں تك که جاننے کے بعد پھر وہ
کچھه بھي نهيں جانتا - اور تو زمين کو خشك ديکھتا هے -
پھر جب هم اس پر پاني اُتارتے هيں تو وہ لهلهانے اور اُبھرنے
لگتي هے اور هر قسم کي نفيس چيزيں اُگاتي هے - [٦] يهه اس
لئے هے که خدا هي سچا هے اور يهه که وهي مردوں کو جلاتا هے
اور وهي هر چيز پر قادر هے - [٧] اور يهه که وہ گھڑي آکر
رهيگي - اس ميں کوئي شك نهيں - اور يهه که جو قبروں ميں
پڑے هيں خدا اُن کو جلا اُٹھائيگا - [٨] اور لوگوں ميں وہ
بھي هے جو بے جانے خدا کے بارے ميں جھگڑتا هے اور نه خود
هدايت رکھتا اور نه کوئي روشن کتاب - [٩] اپنے شانے کو موڑتا
هے تا که خدا کي راہ سے (لوگوں کو) گمراہ کرے - اس کے
واسطے دنيا ميں رسوائي هے اور قيامت کے دن هم اس کو جلنے
کا مزہ چکھائينگے - [١٠] يهه به سبب اس کے هے جو تيرے
هاتھوں نے پهلے سے بھيج رکھا هے - اور اس لئے که خدا بندوں
پر ظلم نهيں کرتا -

[١١] اور لوگوں ميں کوئي تو ايسا بھي هے که کنارے پر کھڑا
خدا کي عبادت کرتا هے - تو ا گر اُس کو کوئي بھلائي پهنچ

گئي تو اس سے اس کو اِطمينان هوا اور اگر اُس پر کوئي تکليف آ پڑي تو اپنا منهه لے کر پلٹ جاتا هے - اُس نے دنيا ميں خساره اُٹهايا اور آخرت ميں بهي - يهي تو صريح خساره هے - [۱۲] خدا کے سوا اُس چيز کو پکارتا هے جو نه اُس کو ضرر هي پهنچا سکتي هے اور نه اُس کو نفع هي دے سکتي هے - يهي پرلے درجے کي گمراهي هے - [۱۳] وه اُس کو بلاتا هے جس کا ضرر اُس کے نفع سے بهت زياده قريب هے - يهه دوست بهي برا هے اور يهه همنشين بهي برا هے - [۱۴] بے شك جو لوگ ايمان رکهتے اور نيك کام کرتے هيں اُن کو خدا جنت ميں داخل کريگا که اُن کے نيچے سے نهريں جاري هونگي - بے شك خدا کرتا هے جو وه چاهتا هے - [۱۵] جو کوئي گمان کرے که دنيا اور آخرت ميں خدا اُس کي هرگز مدد نه کريگا تو اُس کو چاهئے که اُوپر کي طرف کو ايك رسي لٹکائے پهر کاٹ ڈالے اور ديکهے آيا اُس کي تدبير اُس چيز کو رفع کرتي هے جس نے اُس کو غصه دلايا - [۱۶] اور اِسي طرح هم نے اُس کو بين دليل بنا کر اُتارا هے - اور اِس لئے که خدا جس کو چاهے هدايت کرے - [۱۷] جو لوگ ايمان لائے اور جو يهودي هيں اور صابي اور نصاري اور مجوس اور جو لوگ شرك کرتے هيں - بے شك قيامت کے دن خدا ان ميں فيصله کر ديگا - بے شك خدا هر چيز پر گواه هے - [۱۸] کيا تونے نهيں ديکها که خدا هي کو سجده کرتے هيں جو کوئي آسمان اور جو کوئي زمين ميں هيں - اور سورج اور چاند اور تارے اور پهاڑ اور درخت اور چلنے والے جانور اور بهت سے آدمي بهي ؟ اور بهت سے هيں که اُن پر عذاب واجب هوا - اور جس کو خدا ذليل کرے تو کوئي اُس کو عزت دينے والا نهيں - بے شك

خدا کرتا ہے جو وہ چاہتا ہے - [١٩] یہہ دو جھگڑنے والے ہیں کہ اپنے پروردگار کے بارے میں جھگڑتے ہیں - مگر جو لوگ کفر کرتے ہیں اُن کے لئے آگ کے کپڑے بیونتے جائینگے - اُن کے سروں پر گرم پانی ڈالا جائیگا - [٢٠] جو کچھہ اُن کے پیٹ میں ہے اور چمڑے سب گلائے جائینگے - [٢١] اور ان کے لئے لوہے کے ہتوڑے ہونگے - [٢٢] جب کبھی وہ اس غم سے نکلنے کا اِرادہ کرینگے تو اُن کو اُسي میں پھیر دیا جائیگا اور اُن کو جلنے کا عذاب چکھایا جائیگا -

[٢٣] بے شك جو لوگ ایمان رکھتے اور نیك کام کرتے ہیں خدا اُن کو جنت میں داخل کریگا جن کے نیچے سے نہریں جاري ہونگي - وہاں اُن کو سونے کے کنگن پہنائے جائینگے اور موتي - اور وہاں اُن کا لباس ریشمي ہوگا - [٢٤] اور اُن کو اچھي بات کي طرف راہ دکھائي گئي تھي - اور اُن کو قابل تعریف (خدا) کي راہ دکھائي گئي تھي - [٢٥] جو لوگ کفر کرتے اور خدا کي راہ سے (لوگوں کو) روکتے اور مسجد حرام سے بھي جس کو ہم نے لوگوں کے لئے برابر بنایا ہے وہاں جمے بیٹھے ہوں یا باہر کے ہوں - اور جو کوئي وہاں ظلم سے کجراہي کرنا چاہے اُس کو ہم عذاب دردناك کا مزہ چکھائینگے -

[٢٦] اور جب ہم نے اِبراہیم کے لئے بیت الحرام کي جگہ مقرر کر دي کہ میرے ساتھہ کسي چیز کو شریك نہ کر اور میرے گھر کو طواف کرنے والوں اور قیام اور رکوع اور سجدہ کرنے والوں کے لئے پاك صاف رکھہ - [٢٧] اور لوگوں میں حج کے لئے پکار دے کہ وہ تیرے پاس پیدل اور ہر طرح کے تیز اُونٹوں پر چلے آئیں - کہ وہ ہر دور دراز سے آئیں - [٢٨] تا کہ وہ اپنے منافع کے لئے حاضر ہوں اور خدا نے جو مویشي چارپائے

اُن کو دئیے هیں وقت مقرر پر اُن کے لئیے اُس کا نام یاد کریں -
تو اُن کو کهاؤ اور بهوکے محتاج کو کهلاؤ - [۲۹] پهر وہ
اپنے میل دور کریں اور اپني نذریں پوری کریں اور اس قدیم
مکان کا طواف کریں - [۳۰] یهہ هو - اور جو کوئي خدا
کي حرمت کي چیزوں کي تعظیم کرے تو یهہ اُس کے پروردگار کے
هاں اُس کے لئیے بهتر هوگا - اور تمهارے لئیے مویشي حلال کئیے
گئیے هیں مگر وہ جن کے بارے میں تم کو پڑهہ کر سنایا جاچکا
هے - تو بتوں کي پلیدی سے بچو - اور جهوٹ کهنے سے بچو-
[۳۱] خدا کے آگے سیدهے رهو - اُس کے ساتهہ شرک نہ کرو -
اور جو کوئي خدا کے ساتهہ شرک کرے تو گویا کہ وہ آسمان سے
گر پڑا - اور اُس کو پرندے اُچک لے جاتے هیں - یا اُس کو
هوا کسي دور جگہ پر پهینک دیتي هے - [۳۲] یهہ هے بات -
اور جو کوئي شعائراللہ کي تعظیم کرے - تو یهہ دل کي
پرهیزگاري هے - [۳۳] ان میں ایک وقت مقرر تک تمهارے لئیے
فائدے هیں - پهر تو اُن کو قدیم ٹهکانے پر پهنچنا چاهئیے-
[۳۴] اور هر اُمت کے لئیے هم نے طریقہ عبادت مقرر کر رکها
هے تا کہ وہ اُن مویشي چارپایوں پر جو خدا نے اُن کو دئیے
هیں اُس کا نام لیں - اور تمهارا معبود ایک هے - پس
اُسي کے مطیع هو جاؤ - اور عاجزی کرنے والوں کو خوش خبري
دے - [۳۵] ان لوگوں کو کہ جب خدا یاد آئیے تو اُن کے دل
دهل جاتے هیں اور جو کچهہ اُن پر آ پڑے اُس پر صبر کرتے
اور نماز پر قائم رهتے - اور جو کچهہ هم نے اُن کو دے رکها
هے اُس میں سے خرچ کرتے هیں - [۳۶] اور هم نے قرباني کے
اُونٹوں کو تمهارے لئیے شعائراللہ بنایا هے - ان میں تمهارے
لئیے فائدے هیں - تو اُن کو صف میں کهڑا کر کے اُن پر خدا کا

نام لو - پهر جب وه اپنے پہلو كے بل گر پڑيں تو أن كو كهاؤ اور قانع لوگوں كو اور مانگنے والوں كو كهلاؤ - إسي طرح هم نے أن كو تمهارے لئے مسخر كيا هے تا كه تم شكر گزار هو - [٣٧] خدا كو ان كا گوشت تو پهنچتا نهيں اور نه ان كا خون بلكه أس كو تمهاري پرهيزگاري هي پهنچيگي - إسي طرح أس نے تمهارے لئے أن كو مسخر كيا هے تا كه تم خدا كي بڑائي كرو - اس لئے كه أس نے تم كو هدايت كي هے - اور نيك لوگوں كو خوش خبري دے - [٣٨] بے شك خدا ايمان والوں كي تكليف دور كريگا - خدا كسي خيانت كرنے والے اور كفر كرنے والے كو پيار نهيں كرتا -

[٣٩] جن سے لوگ لڑائي كرتے هيں أن كو بهي (لڑائي كي) إجازت دي جاتي هے إس لئے كه أن پر ظلم كيا گيا هے - اور بے شك أن كو مدد كرنے پر خدا قادر هے - [٤٠] أن لوگوں كو جو اپنے ديار سے ناحق نكال دئے گئے محض إس لئے كه وه كهتے تهے كه همارا پروردگار خدا هے - اور اگر خدا آدميوں كو ايك كو ايك سے نه هٹاتا تو راهبوں كے عبادت خانے اور گرجے اور يهوديوں كے عبادت خانے اور مسجديں جن ميں بهت زياده خدا كا نام ليا جاتا هے ضرور منهدم هو گئے هوتے - اور خدا ضرور مدد كريگا أس شخص كي جو أس كي مدد كريگا - بے شك خدا قوي اور زبردست هے - [٤١] وه لوگ كه اگر هم ان كو ملك ميں آباد كر ديں تو وه نماز پر قائم رهينگے اور زكواة دينگے اور اچهے كام كے لئے كهينگے اور برے كاموں سے منع كرينگے - اور كاموں كا انجام تو خدا هي كے هاتهه ميں هے - [٤٢] اور اگر يهه تجكو جهٹلائيں تو ان سے پهلے بهي نوح كي قوم اور عاد اور ثمود نے جهٹلايا تها - [٤٣] اور إبراهيم

کي قوم اور لوط کي قوم نے بھي - [۴۴] اور مدين والے بھئ -
اور موسیٰ بھي جھٹلايا هي گيا تھا - تو ميں نے کافروں کو
ڈھيل دي - پھر ان کو پکڑا - تو ميرا عذاب کيسا تھا ؟
[۴۵] تو کتني هي بستياں تھيں کہ هم نے ان کو هلاك کر ڈالا
جب وہ ظلم کرنے لگيں - اور وہ اپني چھتوں پر گري پڑي
هيں -- اور کوئيں کہ بے کار پڑے هيں اور اونچے محل -
[۴۶] تو کيا وہ ملك ميں سير نهيں کرتے ؟ تو ان کے دل هوتے
کہ ان سے ان کو عقل هوتي اور کان کہ ان سے يهہ سنتے - تو
واقعي (ان کي) آنکھيں اندھي نهيں بلکہ ان کے دل جو
ان کے سينوں ميں هيں وہ اندھے هيں - [۴۷] اور يهہ لوگ
تجھہ سے عذاب کے لئے جلدي کرتے هيں - مگر خدا هرگز اپنے
وعدے کے خلاف نهيں کرنے کا - اور تيرے پروردگار کے هاں ايك
روز جيسا تم گنتے هو مانند هزار برس کے هے - [۴۸] اور کتني
هي بستياں تھيں کہ ميں نے ان کو ڈھيل دي تھي حالانکہ
وہ ظالم تھيں - پھر ميں نے ان کو پکڑا - اور (ان کو)
ميري هی طرف پھر آنا هوا -

[۴۹] تو کهہ دے کہ اے لوگو ميں تو بس تم کو صاف
صاف ڈرانے والا هوں - [۵۰] تو جو لوگ ايمان رکھتے اور نيك
کام بھي کرتے هيں ان کے لئے بخشش اور عزت کا رزق هے -
[۵۱] اور جو لوگ هماري آيتوں کے عاجز کرنے ميں کوشش کرتے
هيں - يهي لوگ دوزخ کے رهنے والے هيں - [۵۲] اور هم نے
تجھہ سے پهلے کوئي ايسا رسول نهيں بھيجا اور نہ نبي مگر
يهہ کہ جب اُس نے آرزو کي شيطان نے اُس کي آرزو ميں وسوسہ
ڈالا - مگر خدا نے دور کر ديا جو شيطان نے وسوسہ ڈالا تھا
اور پھر خدا اپنی آيتوں کو محکم کر ديتا هے - اور خدا جاننے

والا اور حکمت والا هے - [٥٣] تاکه جو کچهه شیطان نے وسوسه ڈالا هے اس کو ان لوگوں کے لئے جن کے دلوں میں مرض هے اور جن کے دل سخت هیں آزمایش ٹهہراتے - اور ظالم تو مخالفت میں بہت دور جا پڑے هیں - [٥٤] اور تاکه جن لوگوں کو علم دیا گیا هے وہ جانیں که یهه سچ بات تیرے پروردگار کي طرف سے هے اور اُس پر ایمان لائیں اور اُن کے دل اُس کے آگے عاجزي کرنے لگیں - اور بے شك جو لوگ ایمان رکھتے هیں خدا اُن کو سیدهي راہ کي هدایت کریگا - [٥٥] اور جو لوگ کفر کرتے هیں وہ تو برابر اُس کي طرف سے شك میں رهینگے یہاں تك که اُن پر یکایك وہ گهڑي آ پڑے یا اُن پر منحوس دن کا عذاب آ پڑے - [٥٦] اُس دن سلطنت خدا هي کي هوگي - وہ اُن میں فیصله کردیگا - اور جو لوگ ایمان رکھتے اور نیك کام کرتے هیں وہ تو نعمت والي جنت میں هونگے - [٥٧] اور جو لوگ کفر کرتے اور هماري آیتوں کو جهٹلاتے هیں - اُن هي کے لئے تو ذلت کا عذاب هوگا -

[٥٨] اور جن لوگوں نے خدا کي راہ میں هجرت کي اور پهر مارے گئے یا مر گئے خدا اُن کو ضرور اچها رزق دیگا - اور بے شك خدا هي سب سے اچها رزق دینے والا هے - [٥٩] وہ اُن کو اس جگه داخل کریگا جس کو وہ پسند کرینگے - اور بے شك خدا خوب جاننے والا اور تحمل والا هے - [٦٠] یهه تو هوا - اور جو کوئي سختي کرے مانند اس کے که اس سے سختي کي گئي هے اور پهر اُس پر زیادتي کي جائے تو اُس کو خدا ضرور مدد دیگا - بے شك خدا معاف کرنے والا اور بخشنے والا هے - [٦١] یهه اِس لئے که خدا رات کو دن میں داخل کرتا هے اور دن کو رات میں داخل کرتا هے - اور اس لئے که خدا سننے

والا اور دیکھنے والا ھے - [۶۲] یہہ اس لئے کہ خدا ھي سچا
ھے اور اُس کے سوا جس کو وہ پکارتے ھیں وہ باطل ھے - اور خدا
ھي عالي شان اور بڑا مرتبے والا ھے - [۶۳] کیا تونے نہیں
دیکھا کہ خدا نے آسمان سے پاني اُتارا - تو زمین سبز ھوگئي ؟
بے شك خدا بڑا لطیف اور خبر رکھنے والا ھے - [۶۴] اُسي کا
ھے جو کچھہ آسمان اور جو کچھہ زمین میں ھے - اور بے شك
خدا ھي غني اور تعریف کے لائق ھے -
[۶۵] کیا تونے نہ دیکھا کہ جو کچھہ زمین میں ھے خدا
نے اُن سب کو تمھارے لئے مسخر کر دیا ھے - اور کشتیوں کو
بھي کہ دریا میں اُس کے حکم سے چلتي ھیں - اور آسمان کو
تھام رکھا ھے کہ کہیں زمین پر نہ گر پڑے - مگر اُس کے حکم
سے - بے شك حدا لوگوں پر مہربان ارر رحم والا ھے - [۶۶] اور
وھي ھے حس نے تم کو حلایا پھر تم کو ماریگا پھر تم کو جلائیگا -
آدمي تو بس ناشکر ھے - [۶۷] ھر اُمت کے لئے ھم نے ایك
عبادت کا طریقہ مقرر کر رکھا ھے کہ وہ اُس کي پیروي کرتے
ھیں - تو چاھئے کہ وہ تجھہ سے اس بارہ میں نہ جھگڑیں -
اور اپنے پروردگار کي طرف (لوگوں کي) دعوت کر - بے شك تو
سیدھي ھدایت پر ھے - [۶۸] اور اگر وہ تجھہ سے جھگڑیں
تو کہہ دے کہ خدا خوب جانتا ھے حو تم کرتے ھو -
[۶۹] قیامت کے دن خدا تم میں ان باتوں کا فیصلہ کر دیگا
جس میں تم احتلاف کرتے رھے - [۷۰] کیا تو نہیں جانتا کہ
خدا جانتا ھے جو کچھہ آسمان اور زمین میں ھے ؟ بے شك
یہہ سب کتاب میں ھے - یہہ خدا کے لئے آسان ھے - [۷۱] اور
وہ خدا کے سوا ان چیزوں کي عبادت کرتے ھیں جن کے لئے اُس
نے کوئي سند نہیں اُتاري اور ان چیزوں کي جن کا ان کو علم

نهیں - اور ظالموں کا کوئي مددگار نهیں - [٧٢] اور جب ان
کو هماري بین دلیلیں پڑهـ کر سنائي جاتي هیں تو تو کافروں
کے چهروں پر ناخوشي دیکهیگا - عنقریب هےکه یهه لوگ حمله
کر بیٹهیں ان لوگوں پر جو ان کو هماري آیتیں پڑهـ کر سناتے
هیں - تو کهه دے کیا میں تم کو اس سے بهي بدتر خبر
دوں ؟ (وه دوزخ کي) آگ هے جس کا وعده خدا کافروں سے
کرتا هے - اور وه برا ٹهکانا هے -

[٧٣] اے لوگو ایك مثال بیان کي جاتي هے - پس اس
کو سنو - خدا کے سوا جن کو تم پکارتے هو وه ایك مکهي بهي
نهیں بنا سکتے اگر چه وه سب اس کے لئے جمع هو جائیں -
اور اگر مکهي ان سے کچهه چهین لے جائے تو یهه اس کو بهي
اُس سے نهیں چهڑا سکتے - ضعیف هیں طالب اور مطلوب -
[٧٤] اُنهوں نے خدا کي قدر نهیں کي جیسا که اُس کا حق
هے - بے شك خدا قوي اور زبردست هے - [٧٥] خدا فرشتوں
میں سے اور لوگوں میں سے پیغام پهنچانے والا چن لیتا هے -
بے شك خدا سننے والا اور دیکهنے والا هے - [٧٦] وه جانتا هے
جو کچهه اُن کے آگے هے اور جو کچهه اُن کے پیچهے هے - اور
کاموں کا انجام خدا کے هاتهه میں هے - [٧٧] اے لوگو جو
ایمان لائے هو رکوع کرو اور سجده کرو اور اپنے پروردگار کي
عبادت کرو - اور نیك کام کرو - تا که تم فلاح پاؤ - [٧٨] اور
خدا کے بارے میں کوشش کرو جیسي اُس کے لئے کوشش کرني
چاهئے - اُسي نے تم کو برگزیده کیا اور تم پر دین کے بارے
میں کوئي سختي نهیں ڈالي - (یهه تو) تمهارے باپ إبراهیم
کا دین هے - اُس نے تمهارا نام مسلمان رکها - اس سے پهلے
اور اب بهي - تا که رسول تم پر گواه هو اور تم لوگوں پر گواه

هو - تو نماز پر قائم رهو اور زکواۃ دو اور خدا کو مضبوطي
سے پکڑو - وهي تمهارا آقا هے - اور اچھا آقا - اور سب سے
اچھا مددگار -

سورۂ مؤمنون

مکي - ۱۱۸ آیتیں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحیم هے

¶ [۱] ایمان والے فلاح پا گئے - [۲] وہ لوگ جو اپنی
نمازوں میں عاجزی کرتے [۳] اور جو لغو باتوں سے منهہ پھیر
لیتے [۴] اور خیرات کرتے [۵] اور اپني شرمگاہ کی حفاظت
کرتے هیں [۶] مگر اپني بیویوں سے یا اُن سے جو اُن کے هاتهوں
میں آچکي هیں - ان پر تو کوئی ملامت نہیں - [۷] اور جو
کوئي اس کے سوا اور چاهے تو وهي لوگ حد سے نکل جانے والے
هیں - [۸] اور وہ لوگ جو اپنی امانتوں اور اپنے عهد کو پورا
کرتے [۹] اور جو لوگ اپني نمازوں میں خبردار رهتے هیں -
[۱۰] یهي لوگ وارث هیں - [۱۱] جو فردوس کے وارث
هونگے - وہ اُسي میں همیشه رهینگے - [۱۲] اور هم نے آدمي
کو مٹي کے ست سے بنایا - [۱۳] پهر هم نے اُس کو قرارگاہ میں
نطفه بنا کر رکھا - [۱۴] پهر هم نے نطفے کو جما هوا لهو
بنایا - پهر جمے هوئے لهو کو مضغه بنایا - پهر مضغے کو هڈي
بنایا پهر هم نے هڈیوں پر گوشت چڑهایا - پهر هم نے اُس کو
ایک دوسری مخلوق بنا دی - تو خدا هي برکت والا هے جو
سب سے اچھا پیدا کرنے والا هے - [۱۵] پهر اس کے بعد تم
مروگے [۱۶] پهر قیامت کے دن تم کو اُٹھا کھڑا کیا جائیگا -

[۱۷] اور هم هي نے تمهارے اُوپر سات راهيں بنا ديں - اور هم (اپني) مخلوق سے غافل نهيں - [۱۸] اور هم نے ايك اندازے سے آسمان سے پاني اُتارا پهر هم نے اُس کو زمين ميں تههرايا - اور هم اُس کے لے جانے پر ضرور قادر هيں - [۱۹] پهر اُس سے هم نے تمهارے لئے کهجور اور انگور کے باغ پيدا کئے جس ميں بهت سے ميوے هوتے هيں اور اُن کو تم کهاتے هو - [۲۰] اور درخت جو طور سينا ميں پيدا هوتا هے - يهه کهانے والوں کے لئے روغن اور سالن پيدا کرتا هے - [۲۱] اور تمهارے لئے مويشيوں ميں بهي عبرت هے - که هم تم کو پلاتے هيں جو اُن کے پيٹوں ميں هے اور اُن ميں تمهارے لئے بهت سے فائدے هيں اور اُن کو تم کهاتے بهي هو - [۲۲] اور ان پر اور کشتيوں پر چڑهتے هو -

[۲۳] اور هم نے نوح کو اُس کي قوم کي طرف بهيجا - تو اُس نے کها که اے ميري قوم خدا کي عبادت کرو - اُس کے سوا تمهارا کوئي معبود نهيں - تو کيا تم کو (خدا) کا ڈر نهيں هے ؟ [۲۴] تو اُس کي قوم کے سردار جو کافر تهے وہ کهنے لگے که يهه تو بس تمهاري هي طرح ايك آدمي هے جو تم پر فضيلت چاهتا هے - اور اگر خدا چاهتا تو وہ ضرور فرشتے اُتارتا - يهه تو هم نے اپنے اگلے باپ دادوں ميں هوتا سنا نهيں - [۲۵] وہ تو ايك آدمي هے که اُس کو جنون هو گيا هے - تو اُس کے لئے ايك وقت تك اِنتظار کرو - [۲۶] اُس نے کها اے ميرے پروردگار ميري مدد کر - اِس لئے که يهه مجهکو جهٹلاتے هيں - [۲۷] تو هم نے اُس کي طرف وحي بهيجي که هماري نظروں کے سامنے اور هماري وحي کے مطابق ايك کشتي بنا - پهر جب همارا حکم آ جائے اور تنور جوش مارے - تو اُس ميں هر ايك کا دو دو کا

جوڑا بٹھا لے - اور اپنے لوگوں کو بھي - مگر ان میں سے جس پر
پہلے سے حکم ہو چکا ھے - اور جو لوگ ظلم کرتے ھیں اُن کے
بارے میں مجھہ سے کچھہ نہ کہہ - وہ ضرور غرق کئے جائینگے -
[۲۸] اور حب تو اور جو کوئي تیرے ساتھہ ھیں کشتي پر
سوار ھو تو کہہ تعریف خدا ھي کو ھے حس نے ھم کو ظالم
لوگوں سے بچایا - [۲۹] اور تو کہہ کہ اے میرے پروردگار
مجکو برکت کے ساتھہ اُتار - اور توھي تو سب سے بہتر اُتارنے
والا ھے - [۳۰] بے شك اس میں بھي نشانیاں ھیں - اور ھم
ضرور آزمایش کرینگے - [۳۱] پھر ھم نے اُن کے بعد اور قرن
پیدا کئے - [۳۲] اور ان میں اُن ھي میں کے رسول بھیجے کہ
خدا کي عبادت کرو - اُس کے سوا تمھارا کوئي معبود نہیں -
پھر بھي کیا تم (خدا سے) نہیں ڈرتے ؟
[۳۳] اور اُس کي قوم کے سردار حو کافر تھے اور آخرت کي
ملاقات کو جھٹلاتے تھے اور حن کو ھم نے دنیا کي زندگي میں
آرام دے رکھا تھا وہ کہنے لگے کہ یہہ تو بس تمھاري ھي طرح
ایك آدمي ھے - وہ کھاتا ھے جو تم کھاتے ھو - اور پیتا ھے جو
تم پیتے ھو - [۳۴] اور اگر تم نے اپنے ھي مانند ایك آدمي کي
پیروي کي تو ضرور تم گھاٹے میں رھے - [۳۵] کیا وہ تم سے
وعدہ کرتا ھے کہ جب تم مرجاؤگے اور تم مٹي اور ھڈي ھوجاؤگے
تو تم نکالے جاؤگے ؟ [۳۶] یہہ بات جو تم وعدہ دئے جاتے ھو
دور ھے بہت دور ھے - [۳۷] ھماري تو بس یہي دنیا کي زندگي
ھے - ھم مرتے ھیں اور ھم جیتے ھیں اور ھم اُٹھائے نہیں
جائینگے - [۳۸] یہہ تو بس ایك آدمي ھے کہ حدا پر جھوٹ
باندھتا ھے - اور ھم اُس پر ایمان نہیں لانے والے - [۳۹] اُس
نے کہا اے میرے پروردگار میري مدد کر - اِس لئے کہ یہہ مجکو

جھٹلاتے ھیں - [۴۰] فرمایا تھوڑي دیر میں وہ ضرور نادم
ھونگے - [۴۱] تو اُن کو سچے وعدے کے مطابق آواز تند نے
آ لیا اور ھم نے اُن کو ریزہ ریزہ کر ڈالا - اور ظالم لوگوں پر
(خدا کي) مار - [۴۲] پھر ھم نے اُن کے بعد اور قرن پیدا
کئے - [۴۳] کوئي اُمت اپني اجل سے آگے نہیں نکل سکتي
اور نہ پیچھے رہ سکتي ھے - [۴۴] پھر ھم نے پئے درپئے رسول
بھیجے - جب کبھي کسي اُمت کے پاس اُس کا رسول آیا تو وہ
اُس کو جھٹلاتے تو ھم بھي ایک کو ایک کے پیچھے کرتے گئے اور
ھم نے اُن کو افسانے بنا دئے - تو جو لوگ ایمان نہیں لاتے
اُن پر (خدا کي) مار - [۴۵] پھر ھم نے موسیٰ اور اُس کے
بھائي ھارون کو اپني نشانیاں اور صاف سندیں دیکر بھیجا
[۴۶] فرعون اور اس کے سردار کي طرف - تو وہ تکبر کئے -
اور سرکش ھو گئے - [۴۷] اور اُنھوں نے کہا کہ کیا ھم اپنے
مانند دو آدمیوں پر ایمان لائیں حالانکہ اُن کي قوم ھماري
محکوم ھے ؟ [۴۸] اور اُنھوں نے ان دونوں کو جھٹلایا اور
ھلاک ھو گئے - [۴۹] اور ھم نے موسیٰ کو کتاب دي تا کہ یہہ
لوگ ھدایت پائیں - [۵۰] اور ھم نے ابن مریم اور اُس کي
ماں کو نشاني بنایا اور ان دونوں کو ایک اونچي جگہ پر جو
رھنے کے قابل اور چشمے کي جگہ تھي پناہ دي -

[۵۱] اے رسولو اچھي چیزیں کھاؤ اور نیکي کرو -
میں خوب جانتا ھوں جو تم کرتے ھو - [۵۲] اور یہہ تمھاري
اُمتیں ایک ھي اُمت ھیں - اور میں تمھارا پروردگار ھوں -
تو مجھي سے ڈرو - [۵۳] پھر اُنھوں نے اپنا معاملہ آپس میں
قطع کر ڈالا - ھر گروہ اُسي میں خوش ھے جو اُس کے پاس ھے-
[۵۴] تو اُن کو ایک وقت تک اُن کي غفلت میں چھوڑ دے -

[۵۵] کیا یہہ خیال کرتے هیں کہ هم جو مال اور اولاد سے اُن کي
مدد کرتے هیں [۵۶] (اِس سے) هم اُن کي بھلائی میں
جلدي کرتے هیں ؟ نہیں - یہہ نہیں سمجھتے - [۵۷] جو
لوگ اپنے پروردگار کے خوف سے لرزتے هیں [۵۸] اور جو لوگ
اپنے پروردگار کي آیتوں پر ایمان رکھتے [۵۹] اور جو (کسي کو)
اپنے پروردگار کا شریك نہیں کرتے [۶۰] اور جو کچھہ دے
سکتے هیں دیتے هیں - اور اُن کے دل کو ڈر لگا رهتا هے کہ
اُن کو اپنے پروردگار کی طرف پھر جانا هے - [۶۱] یہي لوگ
نیك کاموں میں جلدي کرتے اور اُن کے لئے سبقت لے جاتے
هیں - [۶۲] اور هم کسي جاندار کو اُس کي بساط سے بڑھہ کر
تکلیف نہیں دیتے - اور همارے پاس کتاب هے جو سچ سچ
بیان کرتي هے - اور اُن پر ظلم نہ هوگا - [۶۳] نہیں - اُن
کے دل اس بات سے غفلت میں هیں - اور اس کے سوا ان کے
اور بھي کام هیں جو یہہ کرتے هیں - [۶۴] یہاں تك کہ جب
هم اُن میں سے دولتمند لوگوں کو عذاب میں گرفتار کرینگے
تو اُسي وقت رونے لگتے هیں - [۶۵] آج کے دن روؤ مت -
تم کو تو هم سے مدد نہیں ملیگي - [۶۶] میري آیتیں تم کو
پڑھہ کر سنائي جاتي تھیں تو تم اُلٹے پاؤں پھر جاتے تھے -
[۶۷] اُس سے تکبر کرتے تھے - باتیں بناتے تھے - بیہودہ بکتے
تھے - [۶۸] کیا یہہ لوگ بات پر غور نہیں کرتے یا اُن کے
پاس کوئي ایسي بات آئي هے جو اُن کے اگلے باپ دادوں کے
پاس نہیں آئي تھي ؟ [۶۹] یا یہہ اپنے رسول کو نہیں
پہچانتے اِس لئے اس سے منکر هیں ؟ [۷۰] یا یہہ کہتے هیں
کہ اس کو جنون هو گیا هے ؟ نہیں - وہ ان کے پاس سچي
بات لے کر آیا هے لیکن ان میں اکثر کو سچ ناگوار هے -

[٧١] اور اگر حق اُن کي خواهشوں کي پيروي کرتا تو آسمان اور زمين اور جو کوئي اُن ميں هيں سب برباد هو گئے هوتے- بلکه هم اُن کے پاس ان کا ذکر لائے هيں - مگر وہ اپنے ذکر سے منهہ پهيرتے هيں - [٧٢] يا تو ان سے خراج مانگتا هے ؟ مگر تيرے پروردگار کا خراج بهتر هے - اور وهي سب سے بڑهہ کر رزق دينے والا هے - [٧٣] اور تو تو اُن کو سيدهي راہ کي طرف بلاتا هے - [٧٤] مگر جو لوگ آخرت پر ايمان نهيں رکهتے وهي راہ سے مڑ جاتے هيں - [٧٥] اور اگر هم اُن پر رحم کريں اور اُن کي سختياں دور بهي کر ديں تو بهي يهہ اپني سرکشي ميں جمے هوئے سرگرداں رهينگے - [٧٦] اور هم نے اُن کو گرفتار عذاب بهي کيا - پهر بهي يهہ اپنے پروردگار کے آگے نه گڑگڑائے اور نه عاجزي کي - [٧٧] يهاں تک که جب هم نے اُن پر سخت عذاب کا دروازہ کهول ديا - بس اُسي وقت وہ ناامید هو گئے -

[٧٨] اور وهي هے جس نے تمهارے لئے کان اور آنکهيں اور دل بنادئے - (پهر بهي) تم بهت کم شکر گزار هو - [٧٩] اور وهي هے جس نے تم کو زمين ميں پهيلا ديا هے اور تم اُسي کي طرف لاکر اِکتها کئے جاؤگے - [٨٠] اور وهي هے جو زندہ کرتا اور موت ديتا هے - اور رات اور دن کا آنا جانا بهي اُسي کا هے - پهربهي کيا تم کو عقل نهيں؟ [٨١] نهيں - يهہ کهتے هيں جيسا اگلے کها کرتے تهے - [٨٢] وہ کهتے هيں که جب هم مر جائينگے اور مٹي اور هڈي هو جائينگے تو کيا پهر هم اُٹها کر کهڑے کئے جائينگے ؟ [٨٣] اِس سے پهلے بهي هم سے اور همارے باپ دادوں سے يهہ وعدہ کيا گيا تها - يهہ تو بس اگلوں کي کهانياں هيں - [٨٤] تو کهہ که اگر تم جانتے هو تو يهہ

زمین اور جو کوئي اس میں هیں یهہ کس کے هیں ؟ [۸۵] وہ
ضرور کهینگے که خدا کے - تو کهہ دے که پهر بهي کیا تم
نهیں غور کرتے ؟ [۸۶] تو کهہ آسمان اور زمین کا پروردگار
کون هے ؟ اور بڑے عرش کا پروردگار ؟ [۸۷] وہ ضرور کهینگے که
یهہ سب خدا هي کے هیں - تو کهہ پهر بهي کیا تم (خدا سے)
نهیں ڈرتے ؟ [۸۸] تو کهہ که اگر تم جانتے هو تو کون هے
جس کے هاتهہ میں هر چیز کي سلطنت هے جو پناہ دیتا هے اور
جس کے خلاف کوئي پناہ نهیں دیتا ؟ [۸۹] وہ ضرور کهینگے
که یهہ تو خدا هي هے - تو کهہ پهر کهاں سے تم پر جادو
چلا ؟ [۹۰] نهیں - هم اُن کے پاس حق لے کر آئے هیں - اور
وہ تو جهوٹے هیں - [۹۱] خدا اولاد نهیں رکهتا اور نه اُس کے
ساتهہ کوئي معبود هے - تو تو هر ایك معبود اپنا بنایا
هوا لے کر چل دیتا - اور ان میں ایك دوسرے پر ضرور چڑهائي
کرتا - پاك هے خدا اس بات سے جو یهہ بیان کرتے هیں -
[۹۲] جاننے والا هے غیب کا اور ظاهر کا - اور وہ اُن کے شرك
سے بالا تر هے -

[۹۳] تو کهہ که اے میرے پروردگار اگر تو مجهکو دکهائے
جو اُن سے وعدہ کیا گیا هے [۹۴] مگر اے میرے پروردگار مجهکو
ظالم لوگوں میں نه رکهہ - [۹۵] اور هم ضرور قدرت رکهتے هیں
که تجهکو دکهلائیں جو هم نے اُن سے وعدہ کیا هے - [۹۶] بدي
کو بهلائي سے دفع کر - هم خوب جانتے هیں جو یهہ کهتے
هیں - [۹۷] اور تو کهہ اے میرے پروردگار میں شیطانوں
کے وسوسے سے تیري پناہ مانگتا هوں - [۹۸] اور اے میرے
پروردگار میں تیري پناہ مانگتا هوں که وہ میرے پاس نه آئیں -
[۹۹] یهاں تك که جب اُن میں سے ایك کو موت آ جائیگي تو

کهيگا که اے ميرے پروردگار مجکو پهر جانے دے [۱۰۰] که
ميں نيك کام کروں اُس حالت ميں جس کو ميں چهوڑ آيا هوں-
هرگز نهيں - يهه تو ايك بات هے که وہ کهے هي گا - اور اُن کے
پيچهے برزخ هوگا - که (اُس ميں وہ) اس دن تك جب وہ اُٹها
کر کهڑے کئے جائينگے (رهينگے) -[۱۰۱] پهرجب صور پهونکا
جائيگا تو اُن ميں کوئي تعلق نه رهيگا اور نه وہ بات پوچهينگے-
[۱۰۲] پهرجس کا پله بهاري هوگا وهي فلاح پائيگا-[۱۰۳] اور
جس کا پله هلکا هوگا-تو يهي لوگ هيں جنهوں نے اپنا آپ
نقصان کيا - که هميشه جهنم ميں رهينگے - [۱۰۴] آگ اُن کے
چهروں کو جهلس ديگي - اور وہ اُس ميں منهه بنائے هونگے -
[۱۰۵] کيا تم کو ميري آيتيں پڑهه کرسنائي نهيں گئيں؟ مگر تم نے
اُن کو جهٹلايا - [۱۰۶] وہ کهينگے اے همارے پروردگار هم پر
هماري بد بختي غالب رهي - اور هم گمراہ هوگئے- [۱۰۷] اے
همارے پروردگار هم کو اس سے نکال - پهر اگر هم ايسا کريں
تو هم ضرور ظالم هيں-[۱۰۸] فرمائيگا دور هو-اُس ميں حا-
اور مجهه سے بات نه کر-[۱۰۹] ميرے بندوں ميں ايك گروہ
تها که کها کرتا تها اے همارے پروردگار هم ايمان لائے تو هم کو
بخش دے - اور هم پر رحم کر - اور توهي تو سب سے بڑهه کر
رحم کرنے والا هے - [۱۱۰] تو تم نے اُن سے ٹهٹها کيا يهاں تك
که اُنهوں نے تم کو ميري ياد بهلا دي - اور تم اُن سے مضحکه
کرتے رهے -[۱۱۱] آج کے دن هم نے اُن کو جزاے خير دي اس
لئے که وہ صبر کئے اور مراد کو پهنچے -[۱۱۲] فرمائيگا تم کتنے
برس دنيا ميں رهے ؟ [۱۱۳] کهينگے هم تو بس ايك دن يا اُس
سے بهي کچهه کم هي رهے - تو تو گننے والوں سے پوچهه لے -
[۱۱۴] فرمائيگا تم تو بس تهوڑي هي دير رهے - اے کاش تم

جانتے ہوتے - [۱۱۵] کیا تم خیال کرتے ہو کہ ہم نے تم کو بے فائدہ بنایا ہے ؟ اور یہہ کہ تم ہماري طرف پھر کر نہیں آؤگے ؟ [۱۱۶] تو خدا بادشاہ حقیقي بہت بالا تر ہے - اس کے سوا کوئي معبود نہیں - پروردگار ہے عرش بزرگ کا - [۱۱۷] اور جو کوئي خدا کے ساتھہ دوسرے معبودوں کو پکارے جس کي اُس کے پاس کوئي سند نہیں تو اُس کا حساب اُس کے پروردگار کے ہاں ہوگا - بے شک کافر فلاح نہیں پانے کے - [۱۱۸] اور تو کہہ اے میرے پروردگار (مجکو) بخش اور (مجھہ پر) رحم کر - اور تو ہي سب سے بڑھہ کر رحم کرنے والا ہے -

سورۂ نور

مکي - ۶۴ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ہے

[۱] یہہ ایک سورۃ ہے جو ہم نے نازل کي ہے - اور جو ہم نے فرض کیا ہے - اور ہم نے اس میں بین دلیلیں نازل کي ہیں تا کہ تم غور کرو - [۲] زانیہ اور زاني ہر ایک کو ان میں سے سو درے لگاؤ - اور اگر تم خدا اور روز آخرت پر ایمان رکھتے ہو تو خدا کے قانون میں ان دونوں کے بارے میں کہیں تم کو مہرباني نہ آ جائے - اور چاہئے کہ ان کے سزا دینے کے وقت مسلمانوں کا ایک گروہ حاضر رہے - [۳] زاني نہیں نکاح کرتا مگر عورت زانیہ یا مشرکہ سے - اور زانیہ نہیں نکاح کرتي مگر مرد زاني یا مشرک سے - اور یہہ بات مسلمانوں پر حرام ہے - [۴] اور جو لوگ پاک دامن عورتوں پر تہمت لگائے اور پھر چار گواہ نہیں لا سکتے تو اُن کو اسّي درے لگاؤ - اور کبھي

بھي اُن کي گواھي نہ لو- اور يھي لوگ فاسق ھيں-[۵] مگر وہ لوگ جو اُس کے بعد توبہ کریں اور اپني اِصلاح کریں - تو خدا بخشنے والا اور رحم والا ھے - [۶] اور جو لوگ اپني بیویوں پر تہمت لگاتے اور اُن کے سوا اُن کا کوئي گواہ نہ ھو- تو اُن میں سے ھر ایک کي گواھي بس یھي ھوگي کہ وہ چار بار خدا کي قسم کھاکر کہے کہ وہ بے شك سچ کہتا ھے -[۷] اور پانچویں بار کہے اگر وہ جھوٹا ھے تو اُس پر خدا کي لعنت - [۸] اور اُس عورت پر سے عذاب ٹل سکتا ھے اگر وہ چار بار خدا کي قسم کھا کر کہے کہ وہ جھوٹا ھے -[۹] اور پانچویں بار یہہ کہ اگر وہ مرد سچا ھے تو خدا کا غضب اُس عورت پر- [۱۰] اور اگر تم پر خدا کا فضل اور اُس کي رحمت نہ ھوتي اور یہہ کہ خدا توبہ کرنے والا اور حکمت والا ھے (تو تم پر سخت عذاب نازل ھوتا) -

[۱۱] جن لوگوں نے طوفان اُٹھایا ھے وہ تم ھي میں کا ایك گروہ ھے - اس کو اپنے لئے برا نہ سمجھو- نہیں - یہہ تمھارے لئے اچھا ھے - ان میں سے ھر شخص کو ملیگا جو کچھہ اُس نے گناہ بٹورا ھوگا- اور جس نے ان میں سے اُس کي بڑي کارسازي کي اُس کے لئے بڑا عذاب ھے - [۱۲] جب تم نے یہہ سنا تو ایمان والے مردوں اور ایمان والي عورتوں نے اپنے دل میں نیك گمان کیوں نہ کیا اور کیوں نہ کہہ اُٹھے کہ یہہ صریح طوفان ھے ؟ [۱۳] وہ کیوں نہیں اس بات پر چار گواہ لائے ؟ تو جب یہہ گواہ نہ لا سکے تو خدا کے ھاں یھي جھوٹے ھیں - [۱۴] اور اگر تم پر دنیا اور آخرت میں خدا کا فضل اور اُس کي رحمت نہ ھوتي تو جو بات تم نے نکالي تھي اُس سے تو تم کو بڑا عذاب چھو جاتا - [۱۵] جب تم یہہ بات اپني

زبانوں پر لاتے تھے اور اپنے مونھوں سے ایسي باتیں کرتے تھے
جن کا تم کو علم نہ تھا اور تم اُس کو آسان سمجھے تھے حالانکہ
خدا کے نزدیک یہہ ایک بڑي بات تھي - [۱۶] اور جب تم نے
یہہ سنا تو کیوں نہ کہا کہ یہہ ہمارا کام نہیں کہ ہم ایسي
بات کہیں - (اے خدا) تو پاک ہے - یہہ بڑا بہتان ہے -
[۱۷] خدا تم کو نصیحت کرتا ہے کہ اگر تم ایمان رکھتے ہو
تو پھر کبھي ایسا نہ کرو - [۱۸] اور خدا تم سے (اپني) آیتیں
صاف صاف بیان کرتا ہے - اور خدا جاننے والا اور حکمت والا
ہے - [۱۹] جو لوگ چاہتے ہیں کہ مومنوں میں بےحیائي
پھیلے اُن کے لئے دنیا اور آخرت میں درد ناک عذاب ہے -
اور خدا جانتا ہے اور تم نہیں جانتے - [۲۰] اور اگر تم پر
خدا کا فضل اور اُس کي رحمت نہ ہوتي اور یہہ کہ خدا مہربان
اور رحم والا ہے (تو تم پر سخت عذاب نازل ہوتا -)
[۲۱] مومنو - شیطان کے قدم بقدم نہ چلو - اور جو کوئي
شیطان کے قدم بقدم چلے تو وہ (اُس کو) بےحیائي اور بري
بات کرنے کو کہیگا - اور اگر تم پر خدا کا فضل اور اُس کي
رحمت نہ ہوتي تو تم میں سے کوئي بھي کبھي پاک نہ ہوتا -
لیکن خدا پاک کرتا ہے جس کو چاہتا ہے - اور خدا سننے والا اور
جاننے والا ہے - [۲۲] اور تم میں جو لوگ بزرگ ہیں اور
مقدرت رکھتے ہیں اُن کو چاہئے کہ قرابت والوں کو اور غریبوں
کو اور مہاجرین کو خدا کي راہ میں نہ دینے کي قسم نہ کھائیں -
اور اُن کو چاہئے کہ معاف کر دیں اور درگزر کریں - کیا تم نہیں
چاہتے کہ خدا تم کو بخش دے - اور خدا بخشنے والا اور رحم
والا ہے - [۲۳] جو لوگ پاک دامن عورتوں پر جو کچھہ جانتي
ہي نہیں اور جو ایمان رکھتي ہیں تہمت لگاتے ہیں اُن پر

دنیا اور آخرت میں لعنت هے - اور اُن کے لئے بڑا عذاب هے -
[٢٤] جس دن ان كي زبانیں اور اُن کے هاتهه اور اُن کے پاؤں
اُن دے خلاف گواهي دینگے جو وہ کرتے تھے [٢٥] اس دن خدا
ان کو اُن کي واجبي جزا پوري پوري دیگا - اور وہ جان لینگے
که خدا هي صریح سچا هے - [٢٦] خبیث عورتیں خبیث
مردوں کے لئے اور خبیث مرد خبیث عورتوں کے لئے اور پاك عورتیں
پاك مردوں کے لئے اور پاك مرد پاك عورتوں کے لئے هیں - یهه
لوگ بري هیں اس بات سے جو وہ کہتے هیں - اُن کے لئے
بخشش اور عزت کي روزي هے -
[٢٧] مومنو - اپنے گھروں کے سوا دوسرے گھروں میں نه
داخل هو یہاں تك که تم اجازت پاؤ اور اُس کے رهنے والوں کو
سلام کر چکو - یهه تمهارے لئے اچها هے - شاید تم غور کرو -
[٢٨] اور اگر تم اس میں کسي کو نه پاؤ تو داخل نه هو
یہاں تك که تم کو اجازت مل چکي هو - اور اگر تم سے کہا
جائے که پھر جاؤ - تو پھر جاؤ - یهه تمهارے لئے بہتر هوگا -
اور خدا خوب جانتا هے جو تم کرتے هو - [٢٩] تم پر کوئي
گناہ نہیں اگر تم داخل هو ایسے مکان میں جس میں کوئي
نہیں رهتا اور جس میں تمهارا اسباب رکھا هے - اور خدا
جانتا هے جو تم ظاهر کرتے هو اور جو کچھه تم چھپاتے هو -
[٣٠] تو مومن مردوں سے کہه دے که اپني آنکھیں نیچي
رکھیں اور اپني شرمگاهوں کي حفاظت کریں - یهه اُن کے لئے
زیادہ پاکیزگي کا باعث هوگي - بے شك خدا خبر رکھتا هے
جو کچھه وہ کیا کرتے هیں - [٣١] اور تو مومن عورتوں سے
کہه دے که اپني آنکھیں نیچي رکھیں اور اپني شرمگاهوں
کي حفاظت کریں اور اپني زینت کو ظاهر نه کریں مگر جو

اس میں سے ظاہر ھے - اور چاھئے کہ وہ اپني اوڑھنیاں اپنے
گریبان پر ڈالے رکھیں - اور اپني زینت ظاہر نہ کریں مگر اپنے
خاوندوں کے سامنے یا اپنے باپ دادوں کے سامنے یا اپنے خاوندوں
کے باپ دادوں کے سامنے یا اپنے بیٹوں کے سامنے یا اپنے خاوندوں
کے بیٹوں کے سامنے یا اپنے بھائیوں کے سامنے یا اپنے بھائیوں کے
بیٹوں کے سامنے یا اپني بہنوں کے بیٹوں کے سامنے یا اپني
عورتوں کے سامنے یا اُن کے سامنے جو اُن کے ھاتھوں میں ھیں
یا نوکروں کے سامنے کہ مرد ھیں اور حاجت نہیں رکھتے یا
لڑکوں کے سامنے جو عورتوں کي چھپي باتیں جانتے بھي نہیں-
اور وہ اپنے پاؤں (زمین پر) نہ ماریں تا کہ جو کچھہ زینتیں
وہ چھپاتي ھیں ظاہر نہ ھو جائیں - اور اے مومنو تم سب
خدا کے آگے توبہ کرو تا کہ تم فلاح پاؤ - [۳۲] اور اپني رانڈوں
کے نکاح کر دو اور اپنے نیك غلاموں اور لونڈیوں کے بھي - اگر
یہہ غریب ھونگے تو خدا اپنے فضل سے اُن کو غني کر دیگا -
اور خدا گنجایش والا اور خوب جاننے والا ھے - [۳۳] اور
چاھئے کہ جو لوگ نکاح کرنے کا مقدور نہیں رکھتے وہ ضبط
کریں یہاں تك کہ خدا اُن کو اپنے فضل سے غني کر دے - اور
وہ لوگ جو تمہارے ھاتھہ میں ھیں اگر وہ آزادي کي تحریر
چاھیں تو اُن کو آزادي کي تحریر لکھہ دو - اگر تم اُن کے
بارے میں اچھا سمجھو - اور خدا کے مال میں سے جو اُس نے
تم کو دے رکھا ھے اُن کو دو - اور جو تمھاري لونڈیاں پاك
دامن رھنا چاھیں تو اُن کو بدکاري پر مجبور نہ کرو کہ تم
دنیا کي زندگي کے عارضي فائدے چاھو - اور جو کوئي اُن کو
مجبور کریگا تو اُن کے مجبور کئے جانے کے بعد بھي خدا
اُن کو بخشیگا اور اُن پر رحم کریگا - [۳۴] اور ھم نے تمھارے

پاس بین دلیلیں اُتاریں اور جو لوگ تم سے پہلے ہو گزرے
ہیں اُن کي مثالیں اور متقیوں کے لئے نصیحت -
[۳۵] خدا آسمان اور زمین کا نور ہے - اُس کے نور کي
مثال مانند ایك طاق کے ہے کہ اُس میں ایك چراغ ہے - اور وہ
چراغ ایك شیشے کي قندیل میں ہے - اور وہ قندیل گویا ایك
چمکتا ہوا تارا ہے - وہ زیتون کے ایك مبارك درخت سے روشن
کیا جاتا ہے جو نہ پورب کا ہے اور نہ پچھم کا - عنقریب ہے
کہ اُس کا تیل خود بخود روشن ہو جائے اگرچہ بھي اُس کو
آگ نہ چھوئے - نور پر نور ہے - خدا اپنے نور کي طرف جس کو
چاہے ہدایت کرے - اور خدا لوگوں کے لئے مثالیں بیان کرتا
ہے - اور خدا ہر چیز کا خوب جاننے والا ہے - [۳۶] (وہ چراغ)
اُن گھروں میں ہے جن کے اُٹھائے جانے کا خدا نے حکم دیا
ہے اور یہہ کہ اُن میں اُس کا نام لیا جائے - اُس میں صبح و
شام لوگ اُس کي تسبیح کیا کرتے ہیں - [۳۷] وہ لوگ
جن کو نہ تجارت اور نہ خرید و فروخت خدا کي یاد سے اور
نماز پر قائم رہنے سے اور زکواۃ دینے سے غافل کرتي ہے - وہ اُس
دن سے ڈرتے ہیں جس دن دل اور آنکھیں پھر جائینگي -
[۳۸] تاکہ خدا اُن کو اُن کے کئے کي بہترین جزا دے - اور
اُن پر اپنا فضل زیادہ کرے - اور خدا جس کو چاہتا ہے
بےحساب رزق دیتا ہے - [۳۹] اور جو لوگ کفر کرتے ہیں اُن کے
کام جیسے میدان میں سراب ہے کہ پیاسا اُس کو پاني سمجھتا
ہے یہاں تك کہ جب وہ اُس کے پاس آجاتا ہے تو اُس کو نہیں
پاتا اور خدا ہي کو اپنے پاس پاتا ہے - اور وہ اُس کو اُس کا
حساب پورا پورا دیگا - اور خدا تو جلد حساب لینے والا ہے -
[۴۰] یا جیسے گہرے دریا کے اندھیرے کي طرح کہ اُس کو

موج نے ڈھانك رکھا ھے کہ اُس کے اُوپر بھي موج ھے اُس کے اُوپر
بادل - اندھیرے ھیں ایك پر ایك - جب اپنا ھاتھہ نکالے تو
اُس کو تك نہ دیکھہ سکے - اور جس کسي کو خدا (اپنا) نور
نہ دے تو اُس کے لئے نور نہیں -
[۴۱] کیا تونے نہیں دیکھا کہ خدا ھي کي تسبیح کرتے
ھیں جو کوئي آسمان اور زمین میں ھیں اور پرند بھي صف
باندھے ھوئے ؟ ھر ایك اپني نماز اور اپنی تسبیح جانتا ھے -
اور خدا خوب جانتا ھے جو وہ کرتے ھیں - [۴۲] اور آسمان
اور زمین کي سلطنت خدا ھي کي ھے - اور خدا ھي کي طرف
پھر جانا ھے - [۴۳] کیا تونے یہہ نہیں دیکھا کہ خدا بادلوں
کو چلاتا ھے پھر اُن کو ملا دیتا ھے پھر اُس کو تہہ بہ تہہ کر
دیتا ھے - اور تو اُس کے بیچ سے مینہہ کو نکلتا ھوا دیکھتا
ھے - اور وھي آسمان کے پہاڑوں سے اولے اُتارتا ھے - اور اُن کو
جس پر چاھتا ھے لا ڈالتا ھے - اور جس سے چاھتا اُن کو پھیر
دیتا ھے - عنقریب ھوتا ھے کہ اُس کے بجلي کي چمك آنکھیں
اُچك لے جائے - [۴۴] خدا رات اور دن کو پھیرتا رھتا ھے -
بے شك اس میں بھي آنکھہ والے لوگوں کے لئے عبرت ھے -
[۴۵] اور خدا نے ھر جاندار کو پاني سے بنایا - پھر ان میں
وہ ھیں کہ اپنے پیت پر چلتے اور ان میں وہ ھیں کہ دو پاؤں
پر چلتے - اور ان میں وہ ھیں جو چار پاؤں پر چلتے ھیں -
خدا بناتا ھے جو چاھتا ھے - بے شك خدا ھر چیز پر قادر ھے -
[۴۶] ھم نے بین دلیلیں اُتاري ھیں - اور خدا جس کو
چاھتا ھے سیدھي راہ کي طرف ھدایت کرتا ھے - [۴۷] اور
یہہ لوگ کہتے ھیں کہ ھم نے خدا پر ایمان لایا اور رسول پر
اور ھم اطاعت کرینگے - پھر اس کے بعد بھي ان میں کا ایك

گروہ پیٹھہ پھیر دیتا ہے - اور یہہ لوگ ایمان والے نہیں - [۴۸] اور جب وہ خدا اور اس کے رسول کي طرف بلائے جاتے ہیں کہ وہ ان میں فیصلہ کر دے تو اُسي وقت ایک گروہ منہہ پھیر لیتا ہے - [۴۹] اور اگر ان کا حق ہو تو اُس کي طرف مطیع بنکر چلے آتے ہیں - [۵۰] کیا اُن کے دلوں میں بیماري ہے یا وہ شک کرتے ہیں یا ڈرتے ہیں کہ کہیں خدا اور اُس کا رسول ان پر ستم نہ ڈھائے - نہیں - یہہ لوگ خود ظالم ہیں - [۵۱] مومنوں کا قول تو بس جب وہ خدا اور اُس کے رسول کي طرف بلائے جاتے ہیں کہ وہ اُن میں فیصلہ کر دے بس یہي ہے کہ ہم نے سنا اور ہم اطاعت کرینگے - اور یہي فلاح پانے والے ہیں - [۵۲] اور جو کوئي خدا اور اُس کے رسول کي اِطاعت کرے اور خدا سے ڈرے اور پرہیزگاری کرے - تو یہي لوگ مراد پانے والے ہونگے - [۵۳] اور انھوں نے بڑے زوروں سے قسم کھائي کہ اگر تو اُن کو حکم دے تو وہ ضرور نکل کھڑے ہونگے - تو کہہ کہ مت قسم کھاؤ - اِطاعت کرني بہتر ہے - بے شک خدا خبر رکھتا ہے جو تم کرتے ہو - [۵۴] تو کہہ کہ خدا کي اِطاعت کرو اور رسول کي اِطاعت کرو - اور اگر تم پیٹھہ پھیر دو گے تو اس پر ہے جو بوجھہ اُس پر ڈالا گیا ہے اور تم پر ہے جو بوجھہ تم پر ڈالا گیا ہے - اور اگر تم اُس کي اِطاعت کرو گے تو ہدایت پاؤگے - اور رسول پر تو بس صاف صاف پہنچا دینا ہے - [۵۵] جو لوگ تم میں سے ایمان رکھتے اور نیک کام کرتے ہیں خدا ان سے وعدہ کرتا ہے کہ اُن کو ضرور ملک میں جانشین بنائیگا جس طرح اُس نے اُن لوگوں کو جو ان سے پہلے ہوئے تھے جانشین بنایا اور ان کو اس دین پر ثابت قدم کر دیگا جو اُس نے اُن کے لئے پسند کر رکھا ہے - اور

ان کے خوف کو امن سے بدل دیگا - وہ میری عبادت کرینگے اور
میرے ساتھہ کسی چیز کو شریک نہ کرینگے - اور جو کوئی اُس
کے بعد پھر کفر کرے تو یہی لوگ بدکار ھیں - [٥٦] اور نماز
پر قائم رھو اور زکواۃ دو اور رسول کی اِطاعت کرو تاکہ تم پر
رحم کیا جائے - [٥٧] جو لوگ کفر کرتے ھیں اُن کو تو دنیا
میں عاجز کرنے والا نہ سمجھہ - اُنکا ٹھکانا تو (دوزخ کی)
آگ ھے - اور وہ پھر جانے کی بُری جگہ ھے -

[٥٨] مومنو - جو لوگ تمھارے ھاتھہ میں ھیں اور جو
تم میں سے بلوغ کو نہیں پہنچے اُن کو چاھئے کہ تین وقت
(تمھارے پاس آنے سے پہلے) تم سے اِجازت لے لیں - فجر کی
نماز سے پہلے اور جس وقت تم دو پہر کو اپنے کپڑے اُتار دیتے اور
عشا کی نماز کے بعد - یہہ تین وقت تمھارے پردے کے ھیں -
ان کے بعد تم پر کوئی گناہ نہیں جب تم ایک دوسرے کے پاس
جاتے ھو - اس طرح خدا تم سے آیتیں بیان کرتا ھے - اور خدا
جاننے والا اور حکمت والا ھے - [٥٩] اور جب تمھارے لڑکے
بلوغ کو پہنچیں تو چاھئے کہ وہ بھی اِجازت مانگیں جیسا
ان سے اگلے اِجازت مانگا کرتے ھیں - اس طرح خدا اپنی
آیتیں تم سے بیان کرتا ھے - اور خدا جاننے والا اور حکمت والا
ھے - [٦٠] اور بیٹھہ رھنے والی عورتیں جو نکاح کی اُمید
نہیں رکھتیں اُن پر کوئی گناہ نہیں اگر وہ اپنے کپڑے اُتار
دیں مگر نہ اِس لئے کہ (اپنی) زینت دکھائیں - اور اگر یہہ
(اس سے بھی) بچیں تو اُن کے لئے بہتر ھوگا - اور خدا سننے
والا ھے اور خوب جانتا ھے - [٦١] اندھے آدمی کے لئے حرج
نہیں اور نہ لنگڑے کے لئے اور نہ مریض کے لئے اور نہ تم لوگوں
کے لئے کہ تم اپنے گھروں سے کھاؤ یا اپنے باپوں کے گھروں سے یا اپنی

ماؤں کے گھروں سے یا اپنے بھائیوں کے گھروں سے یا اپني بہنوں کے گھروں سے یا اپنے چچاؤں کے گھروں سے یا اپني پھوپھیوں کے گھروں سے یا اپنے ماموؤں کے گھروں سے یا اپني خالاؤں کے گھروں سے یا جن مکانوں کي کنجیاں تمھارے ھاتھہ میں ھیں یا اپنے دوستوں کے ھاں سے - تم پر کوئي گناہ نہیں کہ تم سب ملکر کھاؤ یا الگ الگ - اور جب تم گھروں میں داخل ھو تو ایك دوسرے پر سلام بھیجو - یہہ دعا خدا کي طرف سے مقرر کي گئي ھے برکت والي اور اچھي - اسي طرح خدا تم سے آیتیں بیان کرتا ھے تا کہ تم کو عقل ھو -

[۶۲] ایمان والے تو وہ لوگ ھیں جو خدا پر ایمان رکھتے اور اُس کے رسول پر اور جب کسي ضروري بات کے لئے اُس کے پاس ھوتے ھیں تو نہیں چل دیتے یہاں تك کہ اُس سے اِجازت لے لیں - جو لوگ تجھہ سے اجازت مانگتے ھیں وھي لوگ ھیں جو خدا پر اور اُس کے رسول پر ایمان رکھتے ھیں - تو جب یہہ تجھہ سے اپنے کسي کام کے لئے اجازت مانگیں تو اُن میں سے جس کو چاھے اِجازت دیدے - اور خدا سے اُن کے لئے اِستغفار کر - بے شك خدا بخشنے والا اور رحم والا ھے - [۶۳] رسول کے بلانے کو آپس میں ایك کو ایك کا بلانا نہ سمجھو - خدا جانتا ھے جو لوگ تم میں سے نظر بچا کر نکل جاتے ھیں - تو چاھئے کہ جو لوگ اُس کے حکم کي مخالفت کرتے ھیں وہ اس بات سے ڈریں کہ کہیں ان پر بلا نہ آ پڑے یا اُن پر عذاب درد ناك نہ آ پڑے - [۶۴] خدا ھي کا ھے جو کچھہ آسمان اور زمین میں ھے - وہ جانتا ھے جس بات پر تم ھو - اور جس دن یہہ اُس کي طرف پھیرے جائینگے تو وہ بتا دیگا جو کچھہ انھوں نے کیا ھوگا - اور خدا ھر چیز کو خوب جانتا ھے -

سورۂ فرقان

مکي - ۷۷ آيتيں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحيم ھے

[۱] بہت برکت والا ھے جس نے اپنے بندے پر (بھلے برے کی) پہچان اُتاري - تا کہ وہ تمام دنيا جہان کے لئے ڈرانے والا ھو - [۲] آسمان اور زمين کي سلطنت اُسي کي ھے - اور وہ کوئي اولاد نہيں رکھتا - اور نہ سلطنت ميں کوئي اُس کا شريک ھے اور اُسي نے ھر چيز کو پيدا کيا - پھر ايک انداز سے اُس کا اندازہ کيا - [۳] اور يہہ تو اُس کے سوا معبود لئے بيٹھے ھيں - جو کوئي چيز بھي نہيں بنا سکتے بلکہ وہ خود بنائے ھوئے ھيں - اور وہ اپنے نقصان اور نفع کا بھي اختيار نہيں رکھتے - اور نہ موت اور نہ حيات اور نہ جي اُٹھنا اُن کے اختيار ميں ھے - [۴] اور جو لوگ کفر کرتے ھيں وہ کہتے ھيں يہہ تو بس ايک طوفان ھے جو اُس نے باندھہ ليا ھے اور دوسرے لوگوں نے اس ميں اس کي مدد کي ھے - يہہ لوگ تو ظلم اور جھوٹ لے کر آئے - [۵] اور کہتے ھيں کہ يہہ تو اگلے لوگوں کي کہانياں ھيں جس کو اُس نے لکھوا ليا ھے - اور وھي اُس کو صبح و شام پڑھہ کر سنائي جاتي ھيں - [۶] تو کہہ دے کہ يہہ اُس نے اُتارا ھے جو آسمان اور زمين کي چھپي باتيں جانتا ھے - بے شک وہ بخشنے والا اور رحم والا ھے - [۷] اور يہہ کہتے ھيں کہ اِس رسول کو کيا ھوا ھے کہ يہہ کھانا کھاتا اور بازاروں ميں پھرتا بھي ھے - اُس کي طرف کوئي فرشتہ کيوں نہيں اُتارا گيا کہ اُس کے ساتھہ وہ بھي

ڈرانے والا ہوتا - [۸] یا اُس پر کوئی خزانہ ہی ڈال دیا گیا ہوتا - یا اُس کے لئے باغ ہوتا کہ یہہ اُس میں سے کھاتا - اور ظالم کہتے ہیں کہ تم تو بس ایک جادو کئے ہوئے آدمی کی پیروی کرتے ہو - [۹] دیکھہ تو یہہ تیرے لئے کیسی مثالیں بیان کرتے ہیں - مگر یہہ گمراہ ہوئے اور راہ نہیں پاسکتے -

[۱۰] بہت برکت والا ہے وہ کہ اگر وہ چاہے تو تیرے لئے اس سے بہتر باغ بنا دے جن کے نیچے سے نہریں جاری ہونگی - اور تیرے لئے محل بنا دے - [۱۱] نہیں - وہ اس گھڑی کو جھٹلاتے ہیں اور جو کوئی (قیامت کی) گھڑی کو جھٹلائے اس کے لئے ہم نے (دوزخ کی) آگ تیار کر رکھی ہے - [۱۲] جب وہ اُن کو دور ہی سے دیکھیگی تو یہہ اُس کا غصہ اور چلانا سنینگے - [۱۳] اور جب یہہ جکڑے ہوئے کسی تنگ جگہ میں ڈال دئے جائینگے تو بس یہہ وہاں پر موت ہی کو پکارینگے - [۱۴] آج کے دن ایک موت کو نہ پکارو بلکہ بہت سی موتوں کو پکارو - [۱۵] تو کہہ کہ یہہ بہتر ہے یا برابر کی بہشت جس کا پرہیزگاروں سے وعدہ کیا گیا ہے کہ وہ اُن کی جزا اور پھر جانے کی جگہ ہوگی ؟ [۱۶] جو وہ چاہینگے وہاں اُن کو ملیگا - اور وہ ہمیشہ رہینگے - یہہ تیرے پروردگار کا وعدہ ہے جو مانگا جا سکتا ہے - [۱۷] اور جس دن وہ اُن کو اور جن کی یہہ خدا کے سوا عبادت کرتے ہیں اکٹھا کریگا اور کہیگا کہ کیا میرے اِن بندوں کو تم نے گمراہ کیا تھا ؟ یا یہہ خود راہ سے بھٹک گئے ؟ [۱۸] وہ کہینگے کہ تو پاک ہے - یہہ ہمارا کام نہیں کہ ہم تیرے سوا کسی اور کو (اپنا) کارساز بنائیں - لیکن تونے اُن کو اور اُن کے باپ دادوں کو فائدے اُٹھانے دیا یہاں تک کہ وہ نصیحت کو بھول گئے - اور ہلاک ہونے والی قوم ہوگئے -

[۱۹] اب تو اُنھوں نے تمھاري باتوں کو جھتلایا - اب نہ
تو تم پھیر سکتے ھو اور نہ مدد کر سکتے ھو - اور تم
میں سے جو کوئی ظلم کریگا تو ھم اُس کو بڑا عذاب
چکھائینگے - [۲۰] اور ھم نے تجھہ سے پہلے جو رسول
بھیجے وہ تو ضرور کھانا بھي کھاتے تھے اور بازاروں میں
پھرتے تھے - اور ھم نے تم میں سے ایک کو ایک کي آزمایش
ٹھہرائي - تو کیا تم صبر کروگے ؟ تیرا پروردگار دیکھنے والا ھے -
¶ [۲۱] اور جو لوگ ھم سے ملنے کي اُمید نہیں رکھتے
وہ کہتے ھیں کہ ھم پر فرشتے کیوں نہیں اُتارے گئے ؟ یا ھم
اپنے پروردگار کو دیکھیں - یہہ اپنے دلوں میں تکبر کرتے ھیں
اور بڑي بھاري سرکشي کرتے ھیں - [۲۲] جس دن یہہ
فرشتوں کو دیکھینگے اُس دن اُن گنہگاروں کے لئے تو کوئي
خوش خبري ھوگي نہیں اور وہ کہینگے کہ دور ھو دور ھو -
[۲۳] اور جو کچھہ یہہ لوگ کئے ھونگے ھم اُس کي
طرف پہنچ جائینگے اور اُن کو پراگندہ ذرے بنا دینگے -
[۲۴] جنت کے رھنے والے وہ تو اُس دن اچھے ٹھکانے میں
ھونگے اور وہ دوپہر کاٹنے کي بھي اچھي جگہ ھوگي -
[۲۵] اور جس دن آسمان بدلي پر سے پھٹ جائیگا اور
فرشتے اُتارے جائینگے - [۲۶] اُس دن سچي سلطنت تو
خداے رحمان کي ھوگي - اور وہ دن کافروں پر سخت ھوگا -
[۲۷] اور جس دن ظالم اپنے ھاتھہ کات کھائیگا اور کہیگا
کہ اے کاش میں رسول کے ساتھہ راہ لیتا - [۲۸] اے وائے
ھے مجکو - اے کاش میں فلاں کو دوست نہ بناتا -
[۲۹] اُسي نے مجکو نصیحت سے گمراہ کیا بعد اس کے یہہ
میرے پاس آچکي تھي - اور شیطان تو آدمي کو ھلاکت

میں ڈالنے والا ھے - [۳۰] اور رسول کہیگا کہ اے میرے
پروردگار میری قوم نے اس قرآن کو بہت دور چھوڑ دیا -
[۳۱] اور اسی طرح ھم گنہگاروں کو ھر نبی کا دشمن
بناتے ھیں - اور تیرا پروردگار ھدایت کرنے کو اور مدد
دینے کو بس ھے - [۳۲] اور جو لوگ کفر کرتے ھیں وہ کہتے
ھیں کہ اس کے اوپر قرآن ایک بار مکمل کیوں نہیں اُتارا
گیا؟ اس طرح (اس لئے اُتارا) کہ اس سے تیرے دل کو
ثابت رکھیں - پس ھم نے اُس کو رفتہ رفتہ اُتارا -
[۳۳] اور یہہ تیرے پاس کوئی بھی بات لائیں تو ھم تیرے
پاس (اس کی حقیقت) اور سب سے بہتر بیان لا دیتے ھیں -
[۳۴] جو لوگ اپنے مونہوں کے بل جہنم میں اکٹھے کئے
جائینگے - یہی لوگ بری جگہ میں ھونگے اور راہ سے بھٹکے
ھوئے -

[۳۵] اور ھم نے موسی کو کتاب دی اور اُس کے بھائی
ھارون کو اُس کا وزیر بنایا - [۳۶] پھر ھم نے کہا کہ تم
دونوں ان لوگوں کی طرف جاؤ جو ھماری آیتوں کو جھٹلاتے
ھیں - تو ھم نے اُن کو ایک بارگی ھلاک کرڈالا - [۳۷] اور
نوح کی قوم - جب اُنھوں نے رسولوں کو جھٹلایا تو ھم نے
اُن کو غرق کردیا اور اُن کو لوگوں کے لئے ایک نشان
بنا دیا - اور ھم نے ظالموں کے لئے دردناک عذاب تیار
کر رکھا ھے - [۳۸] اور عاد اور ثمود اور رس کے رھنے والے اور
بہت اُن کے بیچ کے قرن (ھم نے ھلاک کرڈالے) - [۳۹] اور
ھر ایک کو ھم نے مثالیں دیں - اور ھم نے ھر ایک کو
ایک بارگی ھلاک کرڈالا - [۴۰] اور یہہ ضرور ان بستیوں پر
سے گزرتے ھیں جن پر بُرا مینہہ برسایا گیا تھا - تو کیا یہہ

اس کو نہیں دیکھتے ؟ نہیں - بلکہ یہہ پھر جي اُٹھنے کي
اُمید نہیں رکھتے - [۴۱] اور جب یہہ تجکو دیکھتے ھیں
تو تجھہ سے بس ٹھٹھا کرتے ھیں - کیا یہي ھے جس کو
خدا نے رسول بناکر بھیجا ھے ؟ [۴۲] اگر ھم اپنے معبودوں
پر جمے نہ رھتے تو عنقریب یہہ ھم کو اُن سے گمراہ کرھي
چکا تھا - اور جس وقت وہ عذاب دیکھینگے اُس وقت
جانینگے کہ کون راہ سے بھٹکا ھوا ھے ؟ [۴۳] کیا تونے
اس کو دیکھا جو اپني خواھشوں کو اپنا معبود بناتے ھیں ؟
تو کیا تو اس پر داروغہ بن سکتا ھے ؟ [۴۴] کیا تو گمان
کرتا ھے کہ ان میں اکثر سنتے اور عقل رکھتے ھیں ؟ یہہ
تو بس مویشیوں کے مانند ھیں - بلکہ یہہ راہ کے اعتبار سے
زیادہ گمراہ ھیں -

[۴۵] کیا تونے اپنے پروردگار کو نہیں دیکھا کہ وہ کیونکر
سایہ کو پھیلاتا ھے ؟ اور اگر وہ چاھے تو اُس کو ساکن کردے -
پھر ھم نے سورج کو اُس کي دلیل بنایا - [۴۶] پھر ھم اُس کو
اپني طرف آھستہ آھستہ کھینچ لیتے ھیں - [۴۷] اور وھي
ھے جس نے تمھارے لئے رات کو لباس اور نیند کو آرام کا باعث
بنایا - اور اسي نے دن کو چلنے پھرنے کے لئے مقرر کیا - [۴۸] اور
وھي ھے جو اپني رحمت سے آگے ھواؤں کو خوش خبري دینے کے
لئے بھیجتا ھے - اور ھم نے آسمان سے پاک کرنے کے لئے پاني
اُتارا [۴۹] تاکہ اُس سے مردہ زمین کو زندہ کر دیں اور
جن کو ھم نے بنایا ھے یعني بہت سے مویشي اور آدمي اُن کو
اُس سے پلائیں - [۵۰] اور ھم نے اس کو ان میں پھیر پھیر کر
بیان کیا تاکہ یہہ یاد رکھیں - مگر اکثر لوگوں نے محض کفر
کے سبب اِنکار کیا - [۵۱] اور اگر ھم چاھتے تو ھر بستي میں

ايك ڌرانے والا (نبي) بهيجتے - [٥٢] تو كافروں كا كہا نه
مان - اور اِس سے بڑے زوروں كے ساتهہ ان كا مقابله كر -
[٥٣] اور وهي هے جس نے دو دریاؤں كو ملا دیا - يهہ ميٹها
پياس بجهانے والا اور وہ كهاري كڑوا - اور دونوں كے درميان ايك
آڑ ركهہ دي كه بس (ايك دوسرے سے) ركا هوا هے - [٥٤] اور
وهي هے جس نے پاني سے آدمي بنايا - پهر (اُس كو) كسي كي
اولاد اور كسي كا رشته‌دار بنايا - اور تيرا پروردگار قادر هے -
[٥٥] اور يهہ خدا كے سوا ان چيزوں كي عبادت كرتے هيں
جو ان كو نفع نهيں دے سكتيں اور نه ان كا نقصان كرسكتي
هيں - اور كافر تو اپنے پروردگار كو پيٹهہ دينے والا هے - [٥٦] اور
هم نے تو تجكو بشارت دينے كے لئے اور ڌر سنانے كے لئے بهيجا
هے - [٥٧] تو كہہ دے كه ميں تم سے اس كے لئے كوئي اُجرت
نهيں مانگتا - مگر يهہ كه جو كوئي چاهے وہ اپنے پروردگار تك
پهنچنے كي راہ اختيار كرلے - [٥٨] اور تو اُس زندہ (خدا)
پر توكل كر جو نهيں مرتا اور اُس كي حمد كے ساتهہ تسبيح
كرتا رہ - اور اپنے بندوں كے گناهوں سے اُس كا خبردار هونا بس
هے - [٥٩] (وهي هے) جس نے آسمان اور زمين اور جو كچهہ
اِن دونوں كے بيچ ميں هے چهہ دن ميں پيدا كيا - پهر عرش
پر جا بيٹها - (يهي) رحم والا (خدا) هے - تو اُس كے بارے ميں
خبر ركهنے والوں سے پوچهہ - [٦٠] اور جب اُن سے كہا جاتا
هے كه رحم والے (خدا) كو سجدہ كرو تو كہتے هيں رحم والا
(خدا) كيا ؟ كيا هم سجدہ كريں جس كو تو كہے ؟ اور اس
سے اُن كي نفرت اور زيادہ هوتي هے -

[٦١] بركت والا هے جس نے آسمان ميں برج بنائے اور اُس
ميں چراغ اور روشن چاند بنايا - [٦٢] اور وهي هے جس نے

رات اور دن کو آگے پیچھے آنے والے بنائے - (یہہ) اِس لئے کہ
جو کوئي غور کرنا چاهے اور شکر کرنا (وہ غور کرے اور شکر
کرے) - [۶۳] اور رحم والے (خدا) کے بندے تو وہ هیں
جو زمین پر آهستہ چلتے - اور جب اُن سے جاهل بات کرتے
هیں تو وہ کہتے هیں سلام - [۶۴] اور جو راتوں کو اپنے
پروردگار کو سجدہ کرتے اور (اُس کے آگے) کھڑے رهتے هیں -
[۶۵] اور جو لوگ کہتے هیں کہ اے همارے پروردگار هم سے
جہنم کا عذاب پھیر دے - بے شک اُس کا عذاب چمٹ
جانے والا هے - [۶۶] بے شك یہہ ٹھہرنے کي اور رهنے کي
بُري جگہ هے - [۶۷] اور وہ لوگ کہ جب خرچ کرتے هیں
نہ تو بیجا خرچ کرتے اور نہ کم - بلکہ ان دونوں کے درمیان
قائم رهتے هیں - [۶۸] اور جو لوگ خدا کے ساتھہ دوسرے
معبودوں کو نہیں پکارتے اور کسي جان کو نہیں مارتے
جس کو خدا نے منع کیا هے مگر ساتھہ حق کے - اور نہ
زنا کرتے - اور جو کوئی ایسا کرے اُس کو بڑے وبال کا سامنا
هوگا - [۶۹] قیامت کے دن اُس کا عذاب دونا کیا جائیگا
اور وہ اُس میں رسوا هوکر پڑا رهیگا - [۷۰] مگر جس نے
توبہ کي اور ایمان لایا اور نیکی کي - تو اُن لوگوں کي
بُرائیوں کو خدا نیکیوں سے بدل دیگا - اور خدا بخشنے والا
اور رحم والا هے هي - [۷۱] اور جو کوئي توبہ کرے اور نیك کام
کرے تو یہي خدا کے آگے سچي توبہ کرتا هے - [۷۲] اور
جو لوگ جھوٹ گواهی نہیں دیتے - اور جب لغو بات کے
پاس هوکر گزرتے هیں تو خوبصورتي کے ساتھہ گزرتے هیں -
[۷۳] اور وہ لوگ کہ جب اُن کو اُن کے پروردگار کی آیتیں
یاد دلائي جاتي هیں تو اُن پر اندھے اور بہرے هوکر نہیں

گرتے - [٧٤] اور جو لوگ کہتے هیں که اے همارے پروردگار
هم کو هماري بیویوں سے اور هماري اولاد سے آنکھوں کي
ٹھنڈك دے - اور هم کو پرهیزگاروں کا امام بنا - [٧٥] یهي
لوگ هیں جن کو اُن کے صبر کي جزا میں بالا خانے ملینگے
اور اُن کو وهاں دعا اور سلام کے ساتھہ پہنچایا جائیگا -
[٧٦] وہ همیشه اُسي میں رهینگے - یهه اچھي جگه هے
ٹھہرنے کي اور رهنے کي - [٧٧] تو کهدے که وہ تمهاري
پروا نهیں کرتا هے اگرچه بهي تم (اُس کو) نه پکارو - اور
تم نے (اُس کو) جهتلایا - مگر اس کا وبال ضرور (تم پر)
پڑیگا -

سورۃ شعراء

مکي - ٢٢٧ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم هے

[١] طسم - [٢] یهه اُسي بیان کرنے والي کتاب کي
آیتیں هیں - [٣] شاید تو اپني جان هلاك کر ڈالے اِس لئے
که یهه لوگ ایمان نهیں لاتے - [٤] اگر هم چاهیں تو اُن پر
آسمان سے ایك نشاني اُتار دیں اور ان کي گردنیں اُس کے آگے
نیچي هو جائیں - [٥] اور رحم والے (خدا) کي طرف سے
اُن کے پاس کوئي ایسا نیا ذکر نهیں آتا که یهه اُس سے منهه
نه پھیریں - [٦] اور اُنهوں نے جهتلا دیا - مگر عنقریب
اُن کے پاس وہ خبر آکر رهیگي جس سے یهه ٹھٹھا کرتے هیں -
[٧] کیا اُنهوں نے زمین کو نهیں دیکھا که هم نے اس میں
هر قسم کي نفیس چیزیں اُگائیں - [٨] بے شك اِس میں

بهي ايك نشاني هے - مگر ان ميں اكثر ايمان نهيں لانے كے -
[۹] اور بے شك تيرا پروردگار زبردست رحم والا هے -
[۱۰] اور جب تيرے پروردگار نے موسیٰ كو بلايا كه ظالم
لوگوں كے پاس جا - [۱۱] يعني فرعون كي قوم (كے پاس) -
كيا يهه نهيں ڈرينگے ؟ [۱۲] بولا اے ميرے پروردگار ميں
ڈرتا هوں كه وه مجكو جهٹلائيں - [۱۳] اور ميرا دل تنگ
هوتا هے اور ميري زبان نهيں چلتي - بس هارون كو بهي حكم
دے - [۱۴] اور ميرے اوپر اُن كا ايك گناه بهي هے - تو ميں
ڈرتا هوں كه وه مجكو مار نه ڈاليں - [۱۵] فرمايا هرگز نهيں -
تم دونوں هماري آيتيں لے كر جاؤ - هم بهي تمهارے ساتهه
هوكر سنتے رهينگے - [۱۶] تو فرعون كے پاس جاؤ - اور كهو
كه هم پروردگار عالم كے بهيجے هوئے هيں - [۱۷] اِس لئے تو
همارے ساتهه بني اِسرائيل كو جانے دے - [۱۸] كها كيا
هم نے تجكو (اے موسیٰ) اپنے هاں بچے سے نهيں پالا تها ؟
اور تو همارے هاں اپني عمر كے كئي برس ره چكا هے - [۱۹] اور
تونے جو كچهه كيا سو كيا - اور تو ناشكر هے - [۲۰] ميں نے
اُس وقت وه كيا تها جب ميں گمراه تها - [۲۱] اور جب مجكو
تم سے ڈر لگا تو ميں تم سے بهاگ گيا - اب ميرے پروردگار نے
مجكو حكم عطا كيا اور مجكو رسول بنا كر بهيجا هے -
[۲۲] اور يهه كيا نعمت هے جس كا تونے مجهه پر احسان
جتايا كه تونے بني اِسرائيل كو غلام بنا ركها هے ؟ [۲۳] فرعون
نے كها كه پروردگار عالم كيا هے ؟ [۲۴] بولا پروردگار آسمان كا
اور زمين كا اور ان چيزوں كا جو ان دونوں كے درميان ميں
هيں - اگر تم كو يقين كرنا هے تو - [۲۵] جو لوگ اس كے گرد
تهے اُن سے كها تم سنتے هو ؟ [۲۶] كها (وهي) تمهارا پروردگار

اور تمھارے اگلے باپ دادوں کا پروردگار ھے - [۲۷] کہا یہہ تمھارا رسول جو تمھاري طرف بھیجا گیا ھے ضرور مجنون ھے - [۲۸] کہا وہ پروردگار ھے پورب کا اور پچھم کا اور جو کچھہ ان دونوں کے بیچ میں ھے (اُن کا) - اگر تم کو عقل ھے - [۲۹] بولا اگر تو میرے سوا کسي اور کو معبود بنائے تو میں ضرور تجکو قید کردونگا - [۳۰] کہا کیا اگر میں تیرے پاس صاف چیزبں بھي لاؤں ؟ [۳۱] بولا اگر تو سچا ھے تو لا - [۳۲] اور اُس نے اپنا عصا ڈال دیا اور اُسي وقت وہ صریح ایك اژدھا ھوگیا - [۳۳] اور اُس نے اپنا ھاتھہ نکالا تو بس وہ دیکھنے والوں کو سفید معلوم ھوا -

[۳۴] سرداروں سے جو اُس کے گرد تھے کہا کہ یہہ ضرور کوئي ھوشیار جادوگر ھے - [۳۵] چاھتا ھے کہ اپنے جادو سے تم کو تمھارے ملك سے نکال دے - تو اب تم کیا کرنے کہتے ھو ؟ [۳۶] بولے اس کو اور اس کے بھائي کو ڈھیل دے اور شہروں میں (لوگوں کو) اکٹھا کرنے کے لئے آدمي بھیج - [۳۷] کہ وہ ھر ھوشیار جادوگر کو تیرے پاس لائیں - [۳۸] تو روز مقرر کے وعدے پر جادوگر جمع کئے گئے - [۳۹] اور لوگوں سے کہہ دیا گیا کہ تم بھي جمع ھوتے ھو ؟ [۴۰] اگر جادوگر غالب رھے تو شاید ھم ان ھي کي پیروي کریں - [۴۱] تو جب جادوگر آئے - تو اُنھوں نے فرعون سے کہا کہ اگر ھم غالب رھے تو کیا ھم لوگوں کو کچھہ انعام بھي ملیگا ؟ [۴۲] بولا ھاں - اور اس حالت میں تم (میرے) مقرب ھوگے - [۴۳] موسیٰ نے اُن سے کہا کہ تم کو جو کچھہ ڈالنا ھے ڈالو - [۴۴] تو اُنھوں نے اپني رسیاں اور

اپني لاٹھیاں ڈال دیں اور بولے فرعون کے اقبال سے ہم ضرور غالب ہیں - [۴۵] تو موسیٰ نے اپني لاٹھي ڈالي تو جو کچھ یہہ لوگ جھوٹ بناکر لائے تھے اُس کو یہہ نگلنے لگا - [۴۶] پھر تو جادوگر سجدہ میں گر پڑے - [۴۷] بولے ہم پروردگار عالم پر ایمان لائے [۴۸] جو پروردگار موسیٰ کا اور ہارون کا ہے - [۴۹] بولا کیا تم ایمان لائے قبل اس کے کہ میں تم کو اجازت دوں ؟ وہ ضرور تمہارا اُستاد ہے جس نے تم کو جادو سکھایا ہے - مگر تم کو ابھي معلوم ہوگا - میں ضرور تمہارے ہاتھہ اور تمہارے پاؤں اُلٹے سیدھے کاٹونگا اور میں ضرور تم سب کو سولي دونگا - [۵۰] بولے کوئي حرج نہیں - ہم کو تو اپنے پروردگار کي طرف ضرور ہي پھر جانا ہے - [۵۱] ہم اُمید رکھتے ہیں کہ ہمارا پروردگار ہم کو ہمارے گناہ بخش دیگا اسلئے کہ ہم سب سے پہلے ایمان لائے -

[۵۲] اور ہم نے موسیٰ کي طرف وحي بھیجي کہ میرے بندوں کو لیکر رات کے وقت چل دے - تم سب ضرور پیچھا کئے جاؤگے - [۵۳] تو فرعون نے (لوگوں کو) اکٹھا کرنے کے لئے شہروں میں آدمي بھیجے - [۵۴] کہ یہہ لوگ تو ایک چھوٹي جماعت ہیں - [۵۵] اور اُنھوں نے ہم کو غصہ دلایا ہے - [۵۶] اور ہم ایک با اسباب جماعت ہیں - [۵۷] پھر تو ہم نے اُن کو باغوں سے اور چشموں سے نکال باہر کیا [۵۸] اور خزانوں سے اور عزت کي جگہ سے - [۵۹] اسي طرح ہوا - اور ہم نے بني اسرائیل کو اُن سب کا وارث بنایا - [۶۰] تو اُنھوں نے سورج نکلتے وقت اُن کا پیچھا کیا - [۶۱] تو جب دونوں جماعتیں ایک دوسرے کو دیکھنے

لگیں تو موسی کے ساتھیوں نے کہا کہ ہم کو تو اُنھوں نے
آ لیا - [۶۲] بولا ہرگز نہیں - میرے ساتھ میرا پروردگار
ھے - وہ مجکو راہ دکھائیگا - [۶۳] پھر ہم نے موسی کی
طرف وحی بھیجی کہ اپنی لاٹھی دریا پر مار - تو دریا
پھٹ گیا اور ہر ایک ٹکڑا گویا ایک بڑا پہاڑ تھا - [۶۴] اور
ہم نے اس جگہ دوسروں کو نزدیک کردیا - [۶۵] اور موسی کو
اور جو لوگ اُس کے ساتھ تھے اُن سب کو نجات دی -
[۶۶] پھر دوسروں کو غرق کردیا - [۶۷] بے شک اس میں
بھی ایک نشانی ھے - مگر ان میں اکثر ایمان نہیں رکھتے-
[۶۸] اور بے شک تیرا پروردگار زبردست اور رحم والا ھے -
[۶۹] اور ان کو اِبراھیم کی خبر پڑھکر سنا دے - [۷۰] کہ
جب اُس نے اپنے باپ اور اپنی قوم سے کہا کہ تم کس چیز کی
عبادت کرتے ہو ؟ [۷۱] بولے کہ ہم بتوں کی عبادت کرتے ہیں
اور ان ہی کے لئے اِعتکاف کئے بیٹھے ہیں - [۷۲] کہا کہ جب
تم پکارتے ہو تو کیا یہہ تمھاری سنتے بھی ہیں ؟ [۷۳] یا تم
کو یہہ نفع بھی پہنچا سکتے ہیں یا نقصان ؟ [۷۴] بولے
نہیں - بلکہ ہم نے اپنے باپ دادوں کو اسی طرح کرتے پایا -
[۷۵] کہا مگر کیا تم نے ان کو دیکھا ھے جن کی تم عبادت
کرتے ہو [۷۶] تم اور تمھارے اگلے باپ دادے ؟ [۷۷] یہہ تو
میرے دشمن ہیں مگر پروردگار عالم [۷۸] جس نے مجکو بنایا
پھر مجکو ہدایت کی - [۷۹] اور جو مجکو کھلاتا ھے اور
مجکو پلاتا ھے - [۸۰] اور جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہی
مجکو شفا دیتا ھے - [۸۱] اور جو مجکو مار ڈالیگا اور پھر
مجکو جلائیگا - [۸۲] اور جو میں اُمید رکھتا ہوں کہ روز جزا
کو میری خطائیں مجکو بخش دیگا - [۸۳] اے میرے پروردگار

مجھکو حکم عطا کر - اور مجھکو نیك لوگوں سے ملا دے -
[٨٤] اور پچھلے لوگوں میں میرا ذکر خیر جاري رکھ -
[٨٥] اور مجھکو نعمت کي بهشت کا وارث کر - [٨٦] اور میرے
باپ کو بخش دے که وہ گمراهوں میں سے هے - [٨٧] اور
مجھکو رسوا نه کر جس دن لوگ أٹھا کھڑے کئے جائینگے -
[٨٨] جس دن نه مال هي نفع دیگا اور نه بیٹے - [٨٩] مگر
جو خدا کے پاس بے عیب دل لے کر آئیگا - [٩٠] اور جنت
پرهیزگاروں کے نزدیك کي جائیگي - [٩١] اور گمراهوں کے لئے
(جهنم کي) آگ ظاهر کي جائیگي - [٩٢] اور ان سے کها
جائیگا کهاں هیں وہ جن کي تم عبادت کرتے تھے [٩٣] خدا
کے سوا ؟ کیا وہ تمهاري مدد کرتے هیں یا اپني آپ مدد کر
سکتے هیں ؟ [٩٤] تو وہ اور گمراہ اس میں اوندھے ڈال دئے
جائینگے - [٩٥] اور ابلیس کا لشکر بھي سب کے سب - [٩٦] اور
وہ اس میں جھگڑینگے اور کهینگے [٩٧] بخدا هم توصریح
گمراهي میں تھے [٩٨] که هم نے تم کو پروردگار عالم کے برابر
سمجھا - [٩٩] اور هم کو تو گنهگاروں نے گمراہ کیا -
[١٠٠] تو هماري شفاعت کرنے والا کوئي نهیں - [١٠١] اور
نه یار غمگسار - [١٠٢] اے کاش هم پھر جاسکتے تو هم ضرور
ایمان والوں میں هوتے - [١٠٣] بے شك اس میں ایك نشاني
هے - مگر ان میں اکثر ایمان نهیں لانے کے - [١٠٤] اور
بے شك تیرا پروردگار زبردست اور رحم والا هے -

[١٠٥] نوح کي قوم نے رسولوں کو جھٹلایا - [١٠٦] جب
اُن سے ان کے بھائي نوح نے کها که کیا تم (خدا سے) نهیں
ڈرتے ؟ [١٠٧] میں تمهارا رسول امین هوں - [١٠٨] تو خدا سے
ڈرو اور میري اطاعت کرو - [١٠٩] اور میں تو اُس کے لئے تم سے

كوئي اُجرت مانگتا نهيں - ميري اجرت تو بس پروردگار عالم
هي كے ذمے هے - [۱۱۰] تو خدا سے ڈرو - اور ميري اِطاعت كرو -
[۱۱۱] بولے كيا هم تجهه پر ايمان لائيں حالانكه تيري پيروي
تو ارذل هي لوگ كرتے هيں ؟ [۱۱۲] بولا اور ميں كيا جانوں
يهه كيا كرتے تهے - [۱۱۳] ان كا حساب تو ميرے پروردگار كا كام
هے - اے كاش تم سمجهتے - [۱۱۴] اور ميں ايمان والوں كو تو
نكال دونگا نهيں - [۱۱۵] ميں تو بس صاف صاف ڈر سنانے والا
هوں - [۱۱۶] بولے اے نوح اگر تو باز نه آيا تو تجهكو هم
ضرور سنگ سار كرينگے - [۱۱۷] بولا اے ميرے پروردگار ميري
قوم نے مجهكو جهٹلايا - [۱۱۸] تو اُن كے اور ميرے درميان
فيصله كر دے اور مجهكو اور جو كوئي ايمان والے ميرے ساتهه
هيں اُن كو نجات دے - [۱۱۹] تو هم نے اُس كو اور جو
كوئي اُس كے ساتهه بهري هوئي كشتي ميں تهے سب كو بچا
ليا - [۱۲۰] اور پهر اُس كے بعد باقي لوگوں كو غرق كرديا -
[۱۲۱] بے شك اس ميں بهي ايك نشاني هے - مگر ان ميں
اكثر ايمان نهيں لانے كے - [۱۲۲] اور تيرا پروردگار زبردست اور
رحم والا هے -

[۱۲۳] عاد نے بهي رسولوں كو جهٹلايا - [۱۲۴] جب اُن
سے اُن كے بهائي هود نے كها كيا تم (خدا سے) نهيں ڈرتے ؟
[۱۲۵] ميں تمهارا رسول امين هوں - [۱۲۶] تو خدا سے ڈرو
اور ميري اِطاعت كرو - [۱۲۷] اور ميں اس كے لئے تم سے كوئي
اُجرت تو مانگتا نهيں - ميرا اجر تو بس پروردگار عالم هي كے
ذمے هے - [۱۲۸] كيا تم كهيل كے طور پر هر ٹيلے پر ايك نشان
بنا ليتے هو ؟ [۱۲۹] اور مكان بناتے هو گويا كه تم هميشه
رهوگے ؟ [۱۳۰] اور جب پكڑتے هو تو بڑي سختي سے پكڑتے

هو - [١٣١] تو خدا سے ڈرو اور میري اطاعت کرو - [١٣٢] اور
اُس سے ڈرو جس نے تمهاري ان چیزوں سے مدد کي هے جو تم
جانتے هو - [١٣٣] تم کو مویشیوں سے اور بیتوں سے مدد دي -
[١٣٤] اور باغ اور چشمے دئے - [١٣٥] مجکو تمهاري نسبت
ایك بڑے دن کے عذاب کا ڈر هے - [١٣٦] بولے همارے لئے
برابر هے خواہ تو نصیحت کرے یا نصیحت نہ کرے -
[١٣٧] یهہ تو بس اگلوں کي ایك عادت هے - [١٣٨] اور هم
کو سزا نهیں دي جائیگي - [١٣٩] تو اُنهوں نے اُس کو جهتلایا
اور هم نے اُن کو هلاك کر ڈالا - بے شك اس میں بهي ایك
نشاني هے - مگر ان میں اکثر ایمان نهیں لانے کے - [١٤٠] اور
تیرا پروردگار زبردست اور رحم والا هے -
[١٤١] ثمود نے رسولوں کو جهتلایا - [١٤٢] جب اُن کے
بهائي صالح نے کہا کیا تم (خدا سے) نهیں ڈرتے ؟ [١٤٣] میں
تمهارا رسول امین هوں - [١٤٤] تو خدا سے ڈرو اور میري اطاعت
کرو - [١٤٥] اور میں تو تم سے اس کے لئے کوئي اُجرت نهیں
مانگتا - میرا اجر تو بس پروردگار عالم کے ذمے هے - [١٤٦] کیا
تم یهیں کي چیزوں میں اطمینان سے چهوڑ دئے جاؤگے ؟
[١٤٧] باغوں میں اور چشموں میں - [١٤٨] اور کهیتوں
میں اور کهجوروں میں کہ خوشے اُن کے توٹے پڑتے هیں ؟
[١٤٩] اور تم خوشي کے ساتهہ پهاڑوں کو تراش کر مکان
بناتے هو - [١٥٠] تو خدا سے ڈرو اور میري اطاعت کرو -
[١٥١] اور زیادتي کرنے والوں کا کہا نہ مانو - [١٥٢] جو ملك
میں فساد کرتے اور اصلاح نهیں کرتے - [١٥٣] بولے تو
تو بس جادو کیا گیا هے - [١٥٤] تو تو بس هماري طرح
آدمي هي هے اور اگر تو سچا هے تو کوئي نشاني لے آ -

[۱۵۵] کہا یہہ اونتني ھے اس کو ایك بار پینے دو اور تم
ایك روز مقرر پر پیؤ - [۱۵۶] اور اُس کو کوئي بُرائي نہ
پہنچاؤ - نہیں تو تم کو بڑے دن کا عذاب آ لیگا -
[۱۵۷] تو اُنھوں نے اُس کے پاؤں کات ڈالے اور پھر نادم
ھوئے - [۱۵۸] اور اُن کو عذاب نے آ لیا - بے شك اس میں
بھي ایك نشاني ھے - مگر ان میں اکثر ایمان نہیں لانے کے -
[۱۵۹] اور بے شك تیرا پروردگار زبردست اور رحم والا ھے -
[۱۶۰] لوط کي قوم نے رسولوں کو جھتلایا [۱۶۱] جب
اُن سے اُن کے بھائي لوط نے کہا کیا تم (خدا سے) نہیں ڈرتے ؟
[۱۶۲] میں تمہارا رسول امین ھوں - [۱۶۳] تو خدا سے ڈرو
اور میري اطاعت کرو - [۱۶۴] اور میں تو تم سے اس کے لئے
کوئي اُجرت مانگتا نہیں - میرا اجر تو پروردگار عالم کے ذمے
ھے - [۱۶۵] کیا تم دنیا جہان کے مردوں پر دوڑتے ھو ؟ [۱۶۶] اور
تمہارے پروردگار نے جو تمہارے لئے بیویاں پیدا کي ھیں
اُن کو چھوڑ دیتے ھو ؟ بلکہ تم تو زیادتي کرنے والے لوگ
ھو - [۱۶۷] وہ بولے اے لوط اگر تو باز نہ آئیگا تو تو ضرور
نکال دیا جائیگا - [۱۶۸] کہا میں تمہارے کام پسند نہیں
کرتا - [۱۶۹] اے میرے پروردگار اُن کے کام سے مجھکو اور
میرے لوگوں کو بچا - [۱۷۰] تو ھم نے اُس کو اور اُس کے
لوگوں کو سب کو بچا لیا - [۱۷۱] مگر ایك بڑھیا کہ وہ
پیچھے رہ گئي - [۱۷۲] پھر ھم نے دوسروں کو ھلاك کر ڈالا -
[۱۷۳] اور اُن کے اوپر مینہہ برسایا - اور جو لوگ ڈرائے گئے
تھے اُن پر برا مینہہ برسا - [۱۷۴] بے شك اس میں بھي
ایك نشاني ھے - مگر ان میں اکثر ایمان نہیں لانے کے -
[۱۷۵] اور بے شك تیرا پروردگار زبردست اور رحم والا ھے -

[۱۷۶] ایکہ والوں نے بھي رسولوں کو جھٹلایا -
[۱۷۷] جب ان سے شعیب نے کہا کیا تم (خدا سے) نہیں
ڈرتے ؟ [۱۷۸] میں تمھارا رسول امین ھوں - [۱۷۹] پس
خدا سے ڈرو اور میري اطاعت کرو - [۱۸۰] اور میں تو تم سے
اس کے لئے کوئي اُجرت مانگتا نہیں - میرا اجر تو بس
پروردگار عالم کے ذمے ھے - [۱۸۱] ماپ پورا کرو اور (لوگوں کو)
خسارہ نہ دلاؤ - [۱۸۲] ترازو سیدھي رکھہ کر تولو -
[۱۸۳] اور لوگوں کو اُن کي چیز کم نہ دو - اور دنیا میں
فساد کرتے نہ پھرو - [۱۸۴] اور اُس سے ڈرو جس نے تم کو
اور اگلي خلقت کو پیدا کیا - [۱۸۵] بولے تو تو بس جادو
کیا گیا ھے - [۱۸۶] اور تو تو ھماري ھي طرح ایك آدمي ھے
اور ھم تو تجھکو بس جھوٹا سمجھتے ھیں - [۱۸۷] اور
اگر تو سچا ھے تو ھم پر آسمان کا ایك ٹکڑا ڈال دے -
[۱۸۸] بولا میرا پروردگار خوب جانتا ھے جو تم کرتے ھو -
[۱۸۹] تو اُنھوں نے اُس کو جھٹلایا پھر تو اُن کو واقعہ
سائبان کے عذاب نے آ لیا - وہ ایك بڑے دن کا عذاب
تھا - [۱۹۰] بے شك اس میں ایك نشاني ھے - مگر ان میں
اکثر ایمان نہیں لانے کے - [۱۹۱] اور بے شك تیرا پروردگار
زبردست اور رحم والا ھے -

[۱۹۲] اور بے شك یہہ پروردگار عالم کا نازل کیا ھوا ھے -
[۱۹۳] اس کو روح الامین نے اُتارا ھے [۱۹۴] تیرے دل پر -
تا کہ تو (لوگوں کو) ڈرائے - [۱۹۵] صاف عربي زبان میں -
[۱۹۶] اور بے شك یہي اگلي کتابوں میں بھي ھے - [۱۹۷] کیا
اُن کے لئے یہہ ایك نشاني نہیں کہ بني اسرائیل کے علما اس کو
جانتے ھیں ؟ [۱۹۸] اور اگر ھم اس کو کسي دوسري زبان

والے پر اُتارتے [۱۹۹] اور وہ اسے ان کو پڑھہ دیتا تو یہہ اس
پر ایمان نہ لاتے - [۲۰۰] اسي طرح هم اس کو گنہگاروں کے
دلوں میں ڈال دیتے هیں -[۲۰۱] وہ اس پر ایمان نہیں لانے
کے - یہاں تك کہ وہ عذاب دردناك دیکھیں - [۲۰۲] کہ وہ
یکایك اُن پر آپڑے اور وہ نہ سمجھتے هوں - [۲۰۳] تو وہ
کہینگے کہ هم کو کچھہ ڈھیل تو دي جائے - [۲۰۴] کیا پھر
بھي یہہ همارے عذاب کو جلدي کرنا چاهتے هیں ؟ [۲۰۵] تو
کیا تونے دیکھا کہ اگر هم اُن کو کچھہ برس فائدہ اُتھانے دیں
[۲۰۶] پھر جو اُن سے وعدہ کیا گیا هے وہ اُن کے پاس آجائے
[۲۰۷] توجو اُن کو فائدہ اُتھانے دیا گیا هے وہ ان سے کیوں کر
کفایت کر سکتا هے ؟ [۲۰۸] اور هم نے کوئی بستي نہیں هلاك
کي مگر اُس کو ڈرانے والے بھي بھیجے [۲۰۹] تاکہ اس سے (اُن
کو) نصیحت هو - اور هم تو ظالم نہیں هیں - [۲۱۰] اور
اس کو لے کر تو شیطان نہیں اُترے - [۲۱۱] اور نہ یہہ اُن
کے لایق تھا - اور نہ وہ کر سکتے هیں - [۲۱۲] وہ تو سننے سے
روك رکھے گئے هیں - [۲۱۳] تو خدا کے ساتھہ دوسرے معبودوں
کو نہ پکار - نہیں تو عذاب میں پڑ جائیگا - [۲۱۴] اور اپنے
نزدیك کے رشتہداروں کو ڈرا - [۲۱۵] اور جو ایمان والے تیري
پیروي کریں اُن کے آگے اپنا بازو بیچھا کردے - [۲۱۶] اور اگر
وہ تیري نافرماني کریں تو کہہ دے کہ میں تمھارے کاموں سے
بري هوں - [۲۱۷] اور زبردست رحم والے (خدا) پر توکل کر -
[۲۱۸] وہ تجکو دیکھتا هے جب تو کھڑا هوتا هے [۲۱۹] اور
سجدہ کرنے والوں میں چلتا پھرتا هے - [۲۲۰] بے شك وہ
سننے والا اور جاننے والا هے - [۲۲۱] کیا میں تم کو بتاؤں کہ
کن پر شیطان اُترتے هیں - [۲۲۲] وہ هر جھوٹے گنہگار پر

أترتے هیں - [۲۲۳] اُن پر سني هوئي باتیں ڈال دیتے هیں - اور ان میں اکثر جھوٹے هي هیں - [۲۲۴] اور شاعروں کي پیروی تو گمراہ هی کیا کرتے هیں - [۲۲۵] کیا تو نہیں دیکھتا کہ یہہ هر گھاٹي میں سر گرداں رهتے هیں ؟ [۲۲۶] اور یہہ بھي کہ وہ کہتے هیں جو کرتے نہیں ؟ [۲۲۷] مگر جو لوگ ایمان رکھتے اور نیك کام کرتے اور خدا کو بہت یاد کرتے - اور ظلم کئے جانے کے بعد اپنی مدد کرتے هیں - اور عنقریب ظالم جانیں گے کسي جگہ وہ پھیرے جانے والے هیں -

سورهٔ نمل

مکي - ۹۳ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ھے

[۱] طس - یہہ قرآن اور کتاب روشن کي آیتیں هیں - [۲] ایمان والوں کے لئے هدایت اور خوش خبري - [۳] جو لوگ نماز کو قائم رکھتے اور زکواۃ دیتے اور آخرت کا بھي یقین رکھتے هیں - [۴] جو لوگ آخرت کا یقین نہیں رکھتے هم اُن کو اُن کے کام اچھے دکھاتے هیں اور وہ سر گرداں پھرتے هیں - [۵] اُن هي لوگوں کے لئے بُرا عذاب ھے - اور یهي لوگ آخرت میں سب سے بڑھ کر خسارہ اُٹھائینگے - [۶] اور تجھکو حکمت والے اور جاننے والے (خدا) کي طرف سے یہہ قرآن سکھلایا گیا ھے - [۷] جب موسی نے اپنے لوگوں سے کہا کہ میں نے آگ دیکھي ھے - میں ابھي وهاں کي خبر لاتا هوں یا ایك جلتا

هوا انگارہ تمھارے پاس لے کر آتا هوں تا که تم سینکو -
[٨] تو جب وہ اُس کے پاس آیا تو اُس کو آواز آئي که
بہت برکت والا ہے وہ جو اس آگ میں ہے اور وہ جو اُس کے
گرد میں هیں - اور خدا پروردگار عالم پاک ہے - [٩] اے
موسی یہہ تو میں خدا هوں زبردست حکمت والا -
[١٠] اور اپني لاٹھي تو ڈال دے - تو جب اُس نے اُس کو
چلتا دیکھا گویا وہ سانپ تھا تو وہ پیٹھہ پھیر کر بھاگا
اور پیچھے نه پھرا - اے موسی ڈر مت - میرے پاس رسول
نهیں ڈرتے - [١١] مگر جو کوئي ظلم کرے پھر بُرائي کے
بعد اُس کو نیکي سے بدل ڈالے تو میں بخشنے والا اور
رحم والا هوں - [١٢] اور اپنا هاتھه اپنے گریبان میں
داخل کر تو وہ بے کسي بُرائي کے سفید نکل آئیگا - یہہ
نو نشانیوں میں سے هیں جن کو لے کر (تجکو) فرعون
اور اُس کي قوم کي طرف (جانا ہے) - وہ ایک بدکار قوم
ہے - [١٣] تو جب اُس کے پاس هماري نشانیاں آئیں جن سے
وہ دیکھہ سکتے تو بولے که یہہ تو صریح جادو ہے -
[١٤] اور اُنھوں نے اُن سے ناحق تکبر کرکے اِنکار کیا حالانکه
اُن کے دل اُن کو یقین کرچکے تھے - تو دیکھہ فساد کرنے
والوں کا انجام کیسا هوا؟

[١٥] اور هم نے داؤد کو اور سلیمان کو علم دیا - اور
دونوں نے کہا که تعریف ہے خدا هي کو جس نے هم کو اپنے
بہت سے ایمان والے بندوں پر فضیلت دي - [١٦] اور
سلیمان داؤد کا وارث هوا - اور اُس نے کہا که اے لوگو

* عربي میں لفظ طیر ہے جس کے ایک معني پرند کے بھي هیں -
† اِس کے ایک معني چیونٹي کے بھي هیں -

هم کو منطق‌الطیر سکھایا گیا ہے اور ہم کو ہر چیز دي
گئي ہے - بے شك یہہ صریح فضل ہے - [۱۷] اور سلیمان کے
لشکر جن اور انس اور تیز گھوڑے* سب اس کے لئے جمع
کئے گئے اور وہ مثل بمثل اُن کے سامنے کھڑے کئے گئے -
[۱۸] یہاں تك کہ جب وہ نمل† کي گھاٹي پر آئے تو ایك
نمل نے کہا اے نمل اپنے گھروں میں گھس جاؤ کہ سلیمان
اور اُس کا لشکر تم کو نہ کچل ڈالے اور تم نہ جاننے پاؤ -
[۱۹] اس کي بات سے وہ مسکرایا اور ہنسا اور بولا اے میرے
پروردگار مجکو توفیق دے کہ میں تیری نعمتوں کا شکر
کروں جو تونے مجھہ پر اور میرے باپ پر کئے ہیں اور یہہ
کہ میں نیکی کروں کہ تجکو وہ پسند آئے اور مجکو اپني
رحمت سے نیك بندوں میں داخل کر - [۲۰] اور اُس نے
سواروں کے لشکر کا جایزہ لیا اور کہا کیا سبب ہے کہ میں
ہدہد کو نہیں دیکھتا ؟ کیا وہ غائب ہے ؟ [۲۱] میں
اُس کو ضرور سخت عذاب کرونگا یا اُس کو مار ڈالونگا یا وہ
میرے پاس کوئي خاص وجہ لائے - [۲۲] اُس نے اور زیادہ دیر
نہ کي بلکہ (آ گیا اور) کہنے لگا کہ میں نے وہ بات معلوم کي
ہے جو تجکو معلوم نہیں - اور میں تیرے پاس سبا سے ایك
تحقیق خبر لے کر آیا ہوں - [۲۳] میں نے ایك عورت کو
پایا کہ وہ اُن لوگوں پر بادشاہت کر رہي ہے اور اُس کو ہر چیز
دي گئي ہے اور اُس کا ایك بڑا تخت ہے - [۲۴] اور میں نے
اُس کو اور اُس کي قوم کو خدا کے سوا سورج کو سجدہ کرتے
پایا - اور شیطان نے اُن کے لئے اُن کے کام اچھے کر دکھائے
ہیں - اور اُن کو راہ سے روك لیا ہے - اور وہ ہدایت نہیں
پاتے - [۲۵] کہ خدا ہي کو سجدہ کریں جو آسمان اور

زمين كي چهپي چيزوں كو نكالتا هے اور جانتا هے جو تم
چهپا كر كرتے هو اور جو تم ظاهر كرتے هو - [٢٦] خدا كے
سوا جو بڑے عرش كا پروردگار هے كوئي معبود نهيں -
[٢٧] بولا هم ابهي ديكهے ليتے هيں كه تو سچ كهتا هے يا
جهوٹا هے - [٢٨] ميرے اس خط كو لے كر جا اور اُن كي طرف
ڈال دے - پهر اُن كي طرف سے پهر آ اور ديكهه وه كيا جواب
ديتے هيں - [٢٩] اُس عورت نے كها اے سردارو ميرے پاس
ايك معزز خط پهنچا هے - [٣٠] يهه سليمان كي طرف سے هے
اور يهه كه خدا كے نام سے جو رحمان اور رحيم هے - [٣١] يهه
كه مجهه سے سركشي نه كرو - اور ميرے پاس فرماں بردار
بن كر چلے آؤ -

[٣٢] بولي اے سردارو مجكو ميرے معاملے ميں مشوره
دو - ميں تو كوئي كام نهيں كرتي جب تك تم بهي حاضر نه
هو - [٣٣] بولے كه هم قوي اور سخت لڑنے والے هيں - بس
تيرا حكم چاهئے - تو ديكهه جو تو حكم دے -[٣٤] بولي كه
جب بادشاه كسي بستي ميں داخل هوتے هيں تو اُس كو خراب
كر ڈالتے هيں اور اُس كے معزز لوگوں كو ذليل كر ڈالتے هيں -
اور اِسي طرح يهه بهي كرينگے - [٣٥] اور ميں اُن كے پاس
ايك هديه بهيجتا هوں اور ديكهوں (ميرے) بهيجے هوئے
كيا لے كر آتے هيں - [٣٦] تو جب وه سليمان كے پاس آيا تو
اُس نے كها كيا تم مال سے ميري مدد كرنا چاهتے هو ؟ مگر جو
كچهه خدا نے مجكو ديا هے وه بهتر هے اُس چيز سے جو اُس
نے تم كو ديا هے - بلكه تم هي اپنے هدئے سے خوش هوئے
هو گے - [٣٧] تو اُن كے پاس پهر جا - هم ضرور ان پر ايسي
فوج لے كر آئينگے جن سے وه مقابله نهيں كر سكتے اور هم ان

کو اس سے ذلیل کر کے نکال باهر کرینگے - اور وہ رسوا هو جائینگے - [۳۸] بولا اے سردارو تم میں کون هے جو اُس کے تخت کو میرے پاس لے آئے قبل اِس کے کہ وہ میرے پاس فرماں‌بردار بن کر چلے آئیں - [۳۹] جنوں میں سے عفریت نے کہا کہ میں اُس کو تیرے پاس لا دونگا قبل اِس کے کہ تو اپني جگہ سے اُٹھے - اور میں اس کی طاقت رکھتا هوں اور با امانت هوں - [۴۰] ایك شخص جو کتاب کا جاننے والا تھا اُس نے کہا کہ میں اُس کو تیرے پاس لا دیتا هوں قبل اِس کے کہ تیري آنکھہ جھپك سکے - تو جب اس نے اُس کو اپنے پاس رکھا هوا دیکھا تو بولا کہ یہہ میرے پروردگار کا فضل هے تا کہ وہ مجھکو آزمائے کہ آیا میں شکر کرتا هوں یا کفر کرتا هوں - اور جو کوئي شکر کرے وہ اپنے هي لئے شکر کرتا هے - اور جو کوئي کفر کرتا هے تو میرا پروردگار (اُس سے) بے پروا اور کرم کرنے والا هے - [۴۱] بولا اُس کے لئے اس کا تخت بدل ڈالو دیکھیں آیا وہ راہ پاتي هے بھي یا جو لوگ راہ نہیں پاتے یہہ بھي اُن هي میں سے هے - [۴۲] تو جب وہ آئي تو اُس سے کہا گیا کہ کیا تیرا تخت بھي اِسي طرح کا هے ؟ بولي گویا کہ یہہ وهي هے - اور هم کو تو اس سے پہلے معلوم هو چکا تھا اور هم مسلمان تھے - [۴۳] اور خدا کے سوا وہ جس چیز کي عبادت کرتي تھي اُسي نے اس کو روك رکھا تھا - وہ کافر لوگوں میں سے تھي - [۴۴] اُس سے کہا گیا کہ محل میں داخل هو - تو جب اُس نے وہ * دیکھا تو اس نے اس کو گہرا پاني سمجھا اور بہت گھبرا گئي † - بولا یہہ تو محل هے جس میں شیشے منڈھے

* شیشے کا فرش

† لفظي معني یہ هونگے کہ اُس نے اپني دونوں پنڈلیاں کھول دیں - مگر یہ ایک عربي محاورہ هے جس سے سخت گھبراهٹ کے معني سمجھے جاتے هیں -

هيں - بولي اے ميرے پروردگار ميں نے اپنے آپ پر ظلم كيا
اور ميں سليمان كے ساتھہ پروردگار عالم كي مطيع هوئي -
[۴۵] اور هم نے ثمود كي طرف اُن كے بهائي صالح كو
بهيجا كه خدا كي عبادت كرو - مگر اسي وقت وہ دو فريق
هو گئے كه جهگڑنے لگے - [۴۶] كہا اے ميري قوم - نيكي سے
پہلے تم برائي كے لئے كيوں جلدي كرتے هو ؟ خدا سے استغفار
كيوں نهيں كرتے كه تم پر رحم كيا جائے ؟ [۴۷] بولے هم نے
تجكو اور جو تيرے ساتهہ هيں اُن كو منحوس پايا - بولا
تمهاري نحوست خدا هي كي طرف سے هے - نهيں تم لوگ
تو بلا ميں گرفتار هونے والے هو - [۴۸] اور شهر ميں نو آدمي
تهے جو ملك ميں فساد كرتے تهے اور اِصلاح نهيں كرتے -
[۴۹] بولے كه خدا كي قسم كهاؤ كه هم ضرور اُس كو اور اُس كے
لوگوں كو شب خون مارينگے پهر هم اُس كے وارثوں سے كهينگے
كه اُس كے لوگوں كے هلاك هوتے وقت هم تو حاضر هي نه تهے -
اور هم سچ كهتے هيں - [۵۰] اور اُنهوں نے ايك تدبير كي
اور هم نے بهي ايك تدبير كي - اور وہ نهيں جانتے تهے -
[۵۱] تو ديكهہ اُن كے مكر كا كيا انجام هوا ؟ يهہ هوا كه هم
نے اُن كو اور اُن كي قوم كو سب كو ايك بارگي هلاك كر ڈالا -
[۵۲] اور يهہ اُن كے گهر خالي پڑے هيں اِس لئے كه اُنهوں نے
ظلم كيا تها - بے شك اس ميں بهي جاننے والوں كے لئے ايك
نشاني هے - [۵۳] اور جو لوگ ايمان لائے اور پرهيزگاري كئے
هم نے اُن كو بچا ليا - [۵۴] اور لوط - جب اُس نے اپني قوم
سے كها كه كيا تم بے حيائي كرتے هو حالانكه تم ديكهتے هو -
[۵۵] كيا تم عورتوں كے سوا مردوں پر بهي شهوت راني كے لئے
دوڑتے هو - بلكه تم ايك جاهل قوم هو - [۵۶] تو اُس كي قوم

کا اور کچھہ جواب نہ ھوا کہ وہ بولے کہ لوط کے لوگوں کو اپني
بستي سے نکال دو - یہہ لوگ پاك صاف رھنا چاھتے ھیں -
[۵۷] تو ھم نے اُس کو اور اُس کے لوگوں کو بچا لیا - مگر اُس
کي عورت کہ ھم نے اُس کو پیچھے رھنے والي ٹھہرایا تھا -
[۵۸] اور ھم نے اُن پر مینھہ برسایا - اور جن لوگوں کو ڈرایا
جا چکا تھا اُن کے حق میں بہہ کیا برا مینھہ تھا -

[۵۹] تو کہہ دے کہ تعریف ھے خدا ھي کو اور سلام ھے
اُس کے بندوں پر جن کو اُس نے برگزیدہ کیا - خدا بہتر ھے یا
وہ جن کو یہہ شریک کرتے ھیں ؟ ¶ [۶۰] کس نے آسمان اور
زمین پیدا کیا اور آسمان سے تمھارے لئے پاني اُتارا ؟ پھر ھم نے
اُس سے رونق‌دار باغ اُگائے - یہہ تمھارا کام نہ تھا کہ تم اُس کے
درختوں کو اُگاتے - کیا خدا کے ساتھہ کوئي اور معبود بھي
ھے ؟ نہیں - وہ لوگ ٹیڑھے چلنے والے ھیں - [۶۱] کس نے
زمین کو ٹھکانا بنایا اور اُس میں نہریں بنائیں اور اُس کے
لئے بوجھل پہاڑ بنائے اور دو دریاؤں میں ایك آڑ رکھي ؟ کیا
خدا کے ساتھہ کوئي اور معبود بھي ھے ؟ نہیں - بلکہ ان
میں اکثر نہیں جانتے - [۶۲] کون ھے کہ مضطر کي دعا
قبول کرتا ھے جب وہ اُس کو پکارتا ھے ؟ اور برائي کو دور کرتا
ھے اور تم کو دنیا میں جانشین بناتا ھے ؟ کیا خدا کے ساتھہ
کوئي اور معبود بھي ھے ؟ تم بہت کم غور کرتے ھو - [۶۳] کون
ھے جو تم کو خشکي اور تري کے اندھیروں میں راہ دکھاتا ھے
اور کون اپني رحمت سے پہلے ھواؤں کو خوش خبري دینے کو
بھیجتا ھے ؟ کیا خدا کے ساتھہ کوئي اور معبود بھي ھے ؟
خدا اُن کے شرك سے بہت بلند ھے - [۶۴] کس نے پہلي بار
پیدا کیا اور پھر اُس کو دوبارہ پیدا کرتا ھے اور تم کو آسمان

اور زمین سے کون رزق دیتا ھے ؟ کیا خدا کے ساتھہ کوئي
اور معبود بھي ھے ؟ تو کہہ دے کہ اگر تم سچ کہتے ھو تو
اپني دلیل لاؤ - [۶۵] تو کہہ دے کہ جو کوئي آسمان اور
زمین میں ھیں کوئي غیب کي بات نہیں جانتا مگر خدا -
اور یہہ لوگ نہیں جانتے کہ کب اُٹھائے جائینگے - [۶۶] بلکہ
آخرت کے بارے میں ان کا علم عاجز رہ گیا ھے - نہیں - وہ
تو اس کي نسبت شك میں ھیں - نہیں - وہ اس کي نسبت
اندھے ھیں -

[۶۷] اور جو لوگ کفر کرتے ھیں وہ کہتے ھیں کہ کیا
جب ھم مٹي ھو جائینگے اور ھمارے باپ دادے بھي (جو مٹي
ھو گئے ھیں) کیا ھم سب پھر نکال کھڑے کئے جائینگے ؟
[۶۸] اس سے پہلے بھي ھم سے اور ھمارے باپ دادوں سے یہي
وعدہ کیا گیا تھا - یہہ تو بس اگلوں کي کہانیاں ھیں -
[۶۹] تو کہہ دے دنیا میں سیر کرو اور پھر دیکھو کہ
گنہگاروں کا انجام کیسا ھوا - [۷۰] اور اُن کے بارے میں
غم نہ کھا اور اُن کے مکر سے تنگ دل نہ ھو - [۷۱] اور یہہ
کہتے ھیں کہ اگر تم سچ کہتے ھو تو یہہ وعدہ کب ھوگا ؟
[۷۲] تو کہہ دے کہ شاید جس کي تم جلدي کر رھے ھو وہ
تمھارے پیچھے آھي لگا ھے - [۷۳] اور تیرا پروردگار لوگوں
پر بڑا فضل کرنے والا ھے - مگر ان میں اکثر شکر نہیں
کرتے - [۷۴] اور بے شك تیرا پروردگار جانتا ھے جو اُن کے سینے
چھپاتے ھیں اور جو وہ ظاھر کرتے ھیں - [۷۵] اور آسمان اور
زمین میں کوئي چیز پوشیدہ نہیں مگر وہ کتاب میں صاف
(لکھي ھوئي) ھے - [۷۶] بے شك یہہ قران بني اسرائیل
کي اکثر وہ باتیں بیان کرتا ھے جن میں وہ اِختلاف کرتے

هیں - [۷۷] اور ایمان والوں کے لئے یہہ ضرور هدایت اور
رحمت هے - [۷۸] بے شک تیرا پروردگار اپنے حکم سے اُن میں
فیصلہ کر دیگا - اور وہ زبردست اور جاننے والا هے -
[۷۹] تو خدا پر توکل کر - بے شک تو صریح حق پر هے -
[۸۰] تو تو مردوں کو نہیں سنا سکتا اور نہ تو بہروں کو
پکارنا سنا سکتا هے جب وہ بیٹھہ پھیر کر چل دیتے هیں -
[۸۱] اور تو اندهوں کو اُن کی گمراهی سے نکال نہیں سکتا -
تو تو بس اسی کو سنا سکتا هے جو هماری آیتوں پر ایمان
لائے اور مسلمان هوئے - [۸۲] اور جب اُن پر بات آن پڑے گی
تو هم اُن کے لئے زمین سے ایک جانور نکالینگے جو اُن سے بول
دیگا کہ لوگ هماری آیتوں کا یقین نہیں کرتے تھے - [۸۳] اور
جس دن هم هر ایک اُمت میں سے اُس جماعت کو جمع کرینگے
جو هماری آیتوں کو جھٹلایا کرتے تھے - پھر وہ فرقہ فرقہ اِکٹھے
کئے جائینگے - [۸۴] یہاں تک کہ جب وہ آئینگے وہ فرمائیگا
کیا تم نے میری آیتوں کو جھٹلایا حالانکہ تم اس کا علم نہیں
رکھتے تھے - ایا تم کیا کرتے تھے ؟ [۸۵] اور اُن پر بات آن
پڑیگی اِس لئے کہ اُنھوں نے ظلم کیا - اور وہ نہیں بول
سکینگے - [۸۶] کیا اُنھوں نے یہہ نہیں دیکھا کہ هم نے
رات بنایا تا کہ وہ اس میں آرام کریں اور دن تا کہ دیکھیں
بھالیں - بے شک اس میں بھی ایمان والوں کے لئے نشانیاں
هیں - [۸۷] اور جس دن صور پھونکا جائیگا تو جو
کوئی آسمان اور جو کوئی زمین میں هے سب ڈر جائینگے
مگر جس کو خدا چاهے - اور اُس کے آگے سب ذلیل هو کر
آئینگے - [۸۸] اور تو پہاڑوں کو دیکھیگا کہ تو اُن کو جما
هوا خیال کرتا هے وہ بھی بادلوں کی طرح اُڑ جائینگے -

یهہ خدا کي کاري گري هے جس نے هر چیز کو محکم کیا هے -
بے شك جو کچهہ تم کرتے هو - وہ اُس کي خبر رکهتا هے -
[۸۹] جو کوئي نیکي لے کر آئے تو اُس کو اس سے بهتر ملیگا -
اور وہ اس دن ڈر سے بچے رهینگے - [۹۰] اور جو کوئي برائي
لے کر آئے تو وہ اپنے مونهوں کے بل (جهنم کي) آگ میں ڈالے
جائینگے - تم تو بس اپنے هي کئے کي جزا دئے جاؤگے -
[۹۱] مجکو تو بس یهي حکم ملا هے کہ میں اس شهر کے
پروردگار کي عبادت کروں جس نے اس کو حرمت دي هے - اور
سب کچهہ تو اُسي کا هے - اور مجکو حکم هوا هے کہ میں
مسلمان هوں - [۹۲] اور یهہ کہ میں قرآن پڑهہ کر سناؤں -
تو جس نے هدایت پائي تو اُس نے اپنے هي لئے هدایت پائي -
اور جو کوئي گمراہ هوا تو کهہ دے کہ میں تو بس ڈرانے والا
هوں - [۹۳] اور تو کهہ کہ تعریف خدا هي کو هے - وہ تم کو
ضرور اپني نشانیاں دکهائیگا - اور تم اُن کو پهچان لوگے -
اور جو کچهہ تم کرتے هو تیرا پروردگار اُس سے غافل نهیں -

سورهٔ قصص

مکي - ۸۷ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم هے

[۱] طسم - [۲] یهہ آیتیں هیں بیان کرنے والي
کتاب کي - [۳] هم اُن لوگوں کے لئے جو ایمان رکهتے هیں
موسی اور فرعون کي کچهہ تحقیق خبریں تجکو پڑهہ کر
سناتے هیں - [۴] فرعون ملك میں مغرور هوا جاتا تها
اور اُس نے وهاں کے لوگوں کو مختلف گروہ کر رکها تها -

اُن میں سے ایک گروہ کو کمزور بنا رکھا تھا - اُن کے بیٹوں کو
ذبح کر ڈالتا اور اُن کي عورتوں کو جیتا رهنے دیتا - وہ
بڑا مفسد تھا - [٥] اور هم نے چاها کہ جو ملك میں
کمزور تھے اُن پر احسان کریں اور اُن کو پیشوا بنائیں اور
اُن کو (ملك کا) وارث بنائیں - [٦] اور اُن کو ملك میں
قدرت دیں اور فرعون کو اور هامان کو اور اُن کي فوج کو
اُن کے هاتھہ سے وہ چیزیں دکھائیں جس سے وہ ڈرتے تھے -
[۷] اور هم نے موسیٰ کي ماں کي طرف وحي بھیجي
کہ تو اُس کو دودھہ پلاتے جا - تو جب تجھکو اُس کي
نسبت ڈر هو تو اُس کو دریا میں ڈال دے - اور ڈر مت -
اور نہ غم کھا - هم اُس کو تیري طرف پھیر لائینگے اور هم
اُس کو (اپنا) رسول بنائینگے - [٨] تو اُس کو فرعون کے
لوگوں نے اُٹھا لیا تاکہ یہہ اُن کا دشمن اور غم کا باعث
هو - فرعون اور هامان اور اُن کي فوج خطا کار تھي -
[٩] اور فرعون کي بیوي نے کہا کہ یہہ میری اور تیري
آنکھوں کي ٹھنڈك هوگا - اس کو نہ مارو - شاید یہہ هم کو
نفع پہنچائے یا هم اس کو (اپنا) بیٹا بنا لیں - اور وہ
نہ سمجھے - [١٠] اور موسیٰ کي ماں کا دل (ڈر سے) سون
هوگیا - عنقریب وہ اُس کو ظاهر کردیتي اگر هم اُس کے
دل کو نہ مضبوط کردیتے - تاکہ وہ (میري بات کو) مانے -
[١١] اور اُس نے اپني بہن سے کہا کہ اس کے پیچھے پیچھے
چلي جا - اور وہ اُس کو دور سے دیکھتي تھي - اور وہ نہیں
سمجھتے تھے - [١٢] اور هم نے اِس سے پہلے اُس پر دودھہ
بند رکھا تھا - تو اُس نے کہا کیا میں تم کو ایك ایسے
گھر کے لوگوں کے پاس لے جاؤں جو تمھارے لئے اُس کو پالیں -

اور جو اُس کے خیر خواہ بھي ھوں - [۱۳] تو ھم اُس کو
اُس کي ماں کي طرف پھیر لائے تاکہ اُس کي آنکھیں
ٹھنڈی ھوں اور وہ غم نہ کھائے اور تاکہ وہ جانے کہ خدا کا
وعدہ سچا ھے - لیکن ان میں اکثر نہیں جانتے -
[۱۴] اور جب وہ اپني جواني کو پہنچا اور پورا (آدمي)
ھوا تو ھم نے اُس کو حکم اور علم دیا - اور نیک لوگوں کو
ھم اسي طرح جزا دیتے ھیں - [۱۵] اور وہ شہر میں
ایسے وقت داخل ھوا کہ جب اُس کے رھنے والے غفلت میں
پڑے (سوتے) تھے - تو اُس نے اُس میں دو آدمیوں کو لڑتا
پایا - ایک اُس کي قوم کا تھا اور دوسرا اُس کے دشمن کي
قوم کا - تو جو اُس کي قوم کا تھا اُس نے اُس سے اپنے دشمن
کي قوم کے شخص کے مقابلے میں فریاد کي - تو موسیٰ نے
اُس کو ایک گھونسا مارا اور اُس کا خاتمہ کرڈالا - بولا کہ یہہ
تو شیطان کا کام ھوا - بے شک وھي صریح دشمن اور
گمراہ کرنے والا ھے - [۱۶] بولا اے میرے پروردگار میں نے
اپنے آپ پر ظلم کیا ھے - تو تو مجھکو بخش دے - تو
اُس نے اُس کو بخش دیا - بے شک وہ بخشنے والا اور رحم
کرنے والا ھے - [۱۷] بولا اے میرے پروردگار اسلئے کہ تونے
مجھہ پر احسان کیا ھے میں اب ھرگز کسي گنھگار کي
پشت پناھي نہ کرونگا - [۱۸] تو وہ صبح کو ڈرتا ھوا
شہر میں گیا کہ دیکھے تو وھی شخص جس نے کل اُس سے
مدد مانگي تھی اُس کو پکار رھا ھے - موسیٰ نے اُس سے کہا
کہ تو ضرور صریح گمراہ ھے - [۱۹] تو جب اُس نے چاھا
کہ اُس شخص کو جو اُن دونوں کا دشمن تھا پکڑے تو وہ
بولا کہ اے موسیٰ جس طرح تونے کل ایک شخص کو

مار ڈالا ہے اُسي طرح کیا مجکو بھي مار ڈالیگا؟ تو تو بس ملک میں سرکشي کرنا چاھتا ھے اور اصلاح نہیں کرنا چاھتا - [۲۰] اور شہر کے دوسري طرف سے ایک شخص دوڑتا ھوا آیا - کہا کہ اے موسیٰ سردار تیري نسبت مشورہ کرتے ھیں کہ تجکو مار ڈالیں - تو نکل بھاگ - میں تیرا خیر خواہ ھوں - [۲۱] تو وہ ڈرتا ھوا اور دیکھتا ھوا اس سے نکل بھاگا - کہا اے میرے پروردگار مجکو ظالم لوگوں سے بچا -

[۲۲] اور جب وہ مدین کي طرف چلا تو کہا کہ شاید میرا پروردگار مجکو سیدھي راہ دکھائے - [۲۳] اور جب وہ مدین کے پاني پینے کي جگہ پر پہنچا تو وھاں آدمیوں کے ایک گروہ کو دیکھا کہ وہ (اپنے مویشي کو) پاني پلا رھے تھے - اور اُس کے پرلے سرے میں دو عورتوں کو دیکھا کہ وہ (اپنے مویشي کو) روکے کھڑي تھیں - بولا تمھارا کیا حال ھے؟ وہ بولیں کہ ھم پاني نہیں پلا سکتے جب تک کہ چرواھے (اپنے مویشي) ھٹا نہ لے جائیں - اور ھمارا باپ بہت بوڑھا ھے - [۲۴] تو اُس نے اُن کے (مویشي) کو پاني پلا دیا اور سائے کي طرف پھر آیا - اور کہا اے میرے پروردگار میں محتاج ھوں اس بھلائي کا جو تو میري طرف نازل کرنے والا ھے - [۲۵] تو اُن دونوں میں سے ایک شرماتي ھوئي اُس کے پاس آئي - بولي میرا باپ تجکو بلاتا ھے کہ جو تونے ھم لوگوں کے (مویشي) کو پاني پلا دیا ھے اس کے لئے تجکو اِنعام دے - تو جب وہ اُس کے پاس آیا اور اپنا قصہ بیان کیا تو وہ بولا ڈر مت - تونے ظالم لوگوں سے نجات پائي - [۲۶] اُن دونوں میں سے ایک نے کہا کہ اے میرے ابا اس کو

نوکر رکھہ لے - سب سے اچھا آدمي جو تو نوکر رکھیگا قوي
اور امین ھونا چاھئے - [۲۷] بولا کہ میں چاھتا ھوں کہ
میري ان دو بیٹیوں میں سے ایک کا نکاح تیرے ساتھہ
کردوں اِس شرط پر کہ تو آتھہ برس میري نوکري کرے اور
اگر تو دس برس پورے کردے تو یہہ تیري طرف سے ھوگا -
اور میں نہیں چاھتا کہ تیرے اوپر زیادہ محنت ڈالوں - اگر
خدا نے چاھا تو تو مجکو نیك آدمي پائیگا - [۲۸] کہا کہ
میرے اور تیرے درمیان یہي بات رھي - ان دو مدتوں میں
سے کوئي سي میں پوري کروں میرے اوپر کوئي جبر نہیں -
اور جو کچھہ ھم کہتے ھیں خدا اُس پر نگہبان ھے -

[۲۹] تو جب موسی نے مدت پوري کردي اور اپني بیوي کو
لے کر چلا تو اُس نے طور کي جانب ایك آگ دیکھي -
اپني بیوي سے کہا کہ ٹھہر جاؤ - میں نے آگ دیکھي ھے -
شاید میں اس میں سے تمھارے پاس کوئي خبر لاؤں یا
ایك چنگاري آگ کي - تاکہ تم سینکو - [۳۰] تو جب وہ
اُس کے پاس آیا تو زمین مبارك میں میدان کے داھنے کنارے کے
درخت سے اُس کو آواز آئي کہ اے موسی میں خدا ھوں
دنیا جہان کا پروردگار - [۳۱] اور اپني لاتھي تو ڈال دے -
تو جب اُس نے لاتھي کو ھلتے ھوئے دیکھا گویا کہ وہ
سانپ تھا تو وہ پیتھہ پھیر کر چلا اور پیچھے پھر کر نہ
دیکھا - اے موسی (اس کے) آگے آ - اور ڈر مت - تو امن
میں ھے - [۳۲] اپنا ھاتھہ اپنے گریبان میں ڈال - بغیر
کسي بُرائي کے یہہ سفید ھوکر نکل آئیگا - اور خوف کے
سبب اپنا بازو اپني طرف ملا لے - فرعون اور اُس کے سرداروں
کے لئے تیرے پروردگار کي طرف سے یہہ دونوں دلیلیں ھیں -

وہ لوگ بدکار ہیں - [۳۳] کہا اے میرے پروردگار میں نے
ان میں سے ایک شخص کو مارڈالا ہے - اسلئے ڈرتا ہوں
کہ کہیں وہ مجکو نہ مارڈالیں - [۳۴] اور میرا بھائي
ہارون زبان کے اعتبار سے وہ مجھہ سے زیادہ فصیح ہے - تو
تو اُس کو مرے ساتھہ مدد دینے کے لئے بھیج دے کہ وہ
میري تصدیق کرے - میں ڈرتا ہوں کہ کہیں وہ مجکو نہ
جھٹلائیں - [۳۵] بولا ہم ابھي تیرے بھائي سے نبرا بازو
قوي کرینگے اور ہم تمھارے لئے دلیل رکھینگے - تو وہ تم تك
نہیں پہنچ سکینگے - ہماري آیتیں لے کر جاؤ - تم دونوں
اور جو کوئي تمھاري پیروي کریگا وہي غالب رہیگا -
[۳۶] تو جب اُن کے پاس موسیٰ ہماري بین دلیلیں لے کر
آیا تو وہ بولے کہ یہہ تو بس جادو ہے کہ باندھہ لیا گیا ہے -
اور ہم نے یہہ تو اپنے اگلے باپ دادوں میں نہیں سنا -
[۳۷] اور موسیٰ نے کہا کہ جو شخص اُس کي طرف سے
ہدایت لے کر آیا ہے اور جس کا انجام بخیر ہوگا میرا
پروردگار اس کو خوب جانتا ہے - ظالم کبھي فلاح نہیں
پانے کے - [۳۸] اور فرعون نے کہا کہ اے سردارو میں تو
نہیں جانتا کہ میرے سوا تمھارا کوئي معبود ہے - اور
اے ہامان میرے لئے متي پکا اور میرے لئے ایك محل بنا
کہ میں چڑھہ جاؤں اور موسیٰ کے پروردگار کو جھانك کر
دیکھوں - اور میں تو اُس کو ضرور جھوٹا سمجھتا ہوں -
[۳۹] اور وہ اور اُس کے لشکر نے دنیا میں ناحق تکبر کیا
اور خیال کرتے تھے کہ وہ ہماري طرف نہیں پھیرے جائینگے -
[۴۰] تو ہم نے اُس کو اور اُس کے لشکر کو گرفتار کیا -
اور اُن کو دریا میں ڈال دیا - اور دیکھہ ظالموں کا انجام

کیسا ہوا ؟ [۴۱] اور ہم نے اُن کو پیشوا بنایا کہ وہ (لوگوں کو جہنم کي) آگ کي طرف بلاتے تھے - اور قیامت کے روز اُن کو مدد نہ دي جائیگي - [۴۲] اور ہم نے اُن کے پیچھے اس دنیا میں لعنت لگادي اور قیامت کے روز وہ بُرے حال میں ہونگے -

[۴۳] اور اگلے قرن ہلاك کرنے کے بعد ہم نے موسيٰ کو کتاب دی جو لوگوں کے لئے سوجھہ اور ہدایت اور رحمت ہے - شاید وہ غور کریں - [۴۴] اور جب ہم نے یہہ کام موسيٰ کے حوالے کیا تو تو (طور کے) پچھم طرف نہ تھا - اور نہ تو حاضرین میں سے تھا - [۴۵] مگر ہم نے بہت سے قرن پیدا کئے اور ان پر سے مدتیں گزر گئیں - اور نہ تو مدین کے رہنے والوں میں سے تھا کہ ان کو ہماری آیتیں پڑھہ کر سناتا - لیکن ہم ہي نے رسول بھیجے - [۴۶] اور جب ہم نے (موسيٰ کو) پکارا تھا تو تو طور کي طرف نہ تھا - بلکہ یہہ تیرے پروردگار کي رحمت ہے تا کہ تو ان لوگوں کو ڈرائے جن کے پاس تجھہ سے پہلے کوئي ڈرانے والا نہیں آیا - شاید یہہ لوگ غور کریں - [۴۷] اور یہہ (اس لئے بھیجا) کہ کہیں ان کے اپنے کئے کے سبب ان پر کوئي مصیبت آپڑے تو یہہ نہ کہیں کہ اے ہمارے پروردگار تونے ہمارے پاس کوئي رسول کیوں نہ بھیجا ؟ تو تو ہم تیری آیتوں کي پیروي کرتے اور ایمان والوں میں ہوتے - [۴۸] پھر جب ہماری طرف سے ان کے پاس حق آپہنچا تو وہ بولے کہ اس کو کیوں نہیں ملا جو موسيٰ کو ملا تھا - کیا جو پہلے موسيٰ کو ملا تھا اس سے (لوگوں نے) کفر نہ کیا ؟ وہ تو بولے کہ یہہ دو جادوگر ہیں ایك دوسرے کے پشت پناہ - اور بولے کہ ہم کسي کو نہیں مانتے

ھیں - [۴۹] اور تو کہہ دے کہ خدا کے پاس سے کوئي کتاب لاؤ جو ان سے بڑھ کر ھدایت کرنے والي ھو - میں بھي اُس کی پیروی کرونگا اگر تم سچے ھوئے - [۵۰] تو اگر وہ تیری بات نہ سنیں تو جان رکھہ کہ وہ تو بس اپني خواھشوں کي پیروی کرتے ھیں - اور اس سے بڑھہ کر کون گمراہ ھوگا جو بغیر خدا کي ھدایت کے اپني خواھشوں کي پیروی کرے ؟ خدا ظالم لوگوں کو ھدایت نہیں کرتا -

[۵۱] اور ھم نے پے درپے ان سے باتیں کیں تا کہ وہ غور کریں - [۵۲] جن لوگوں کو اس سے پہلے ھم نے کتاب دی وہ تو اس پر ایمان رکھتے ھیں - [۵۳] اور جب یہہ اُن کو پڑھہ کر سنایا جاتا ھے تو وہ کہتے ھیں کہ ھم اس پر ایمان لائے - یہہ ھمارے پروردگار کي طرف سے برحق ھے - ھم تو اس سے پہلے بھي مسلمان تھے - [۵۴] یہي لوگ ھیں جن کو دُھرا اجر دیا جائیگا اسلئے کہ وہ صبر کئے اور بُرائي کو بھلائي سے ٹال دئے اور خرچ کیا جو کچھہ ھم نے اُن کو دیا - [۵۵] اور جب وہ لغو بات سنے تو اُس سے منہہ پھیر لئے اور بولے کہ ھمارے کئے ھم کو ملینگے اور تمھارے کئے تم کو ملینگے - تم کو سلام - ھم جاھلوں کو نہیں چاھتے - [۵۶] تو نہیں ھدایت کر سکتا جس کو تو چاھے - بلکہ خدا ھدایت کرتا ھے جس کو وہ چاھے - اور وھي ھدایت پانے والوں کو خوب جانتا ھے - [۵۷] اور یہہ کہتے ھیں کہ اگر ھم تیرے ساتھہ ھدایت کي پیروی کریں تو تو ھم اپني زمین سے نکال دئے جائینگے - کیا ھم نے اُن کو حرم میں امن کي جگہ نہیں دي کہ اس طرف ھمارے پاس سے کھانے کے لئے ھر طرح کے میوے کھنچے چلے آتے ھیں - لیکن ان میں اکثر

لوگ علم نهیں رکهتے - [۵۸] اور هم نے کتنی بستیاں جو
اپنی معیشت پر اِترانی تهیں هلاك کر ڈالیں - اور یهه هیں
ان کے گهر که ان کے بعد ان میں کوئی نه رها - مگر تهوڑے -
اور هم هی (ان کے) وارث هوئے - [۵۹] اور تیرا پروردگار
ایسا نهیں کو وہ کسی بستی کو هلاك کرڈالے قبل اس کے
که وہ اس کے بڑے شهر میں ایك رسول بهیجے جو اُن لوگوں کو
هماری آیتیں پڑهه کر سنائے - اور نه هم نے بستیوں کو
هلاك کیا مگر اسلئے که ان کے رهنے والے ظالم تهے -
[۶۰] اور جو کچهه چیزیں تم کو دی گئی هیں وہ دنیا کی
زندگی کے فائدے اور اُس کی زینت هیں - اور جو کچهه خدا
کے هاں هے وہ بهتر هے اور باقی رهنے والی - کیا پهر بهی
تم کو عقل نهیں ؟

[۶۱] کیا وہ شخص جس سے هم نے وعدۂ نیك کیا هے
اور جس کو وہ مل کر رهیگا کیا وہ اس شخص کی طرح هے
جس کو هم نے دنیا کی زندگی کے فائدے دے رکهے هیں اور
جو پهر قیامت کے دن حاضر کیا جائیگا ؟ [۶۲] اور جس دن
وہ اُن کو بلادیگا اور کهیگا که جن کو تم همارے شریك
سمجهتے تهے وہ کهاں هیں ؟ [۶۳] جن لوگوں پر بات
آ پڑے گی وہ کهینگے که اے همارے پروردگار یهه لوگ هیں
جن کو هم نے گمراہ کیا تها - هم تیرے سامنے اپنے کو بری
کرتے هیں - یهه لوگ هماری تو عبادت نهیں کرتے تهے -
[۶۴] اور اُن سے کها جائیگا که اپنے شریکوں کو بلاؤ - اور وہ
اُن کو بلائینگے - تو وہ اُن کو جواب نه دینگے اور وہ عذاب
دیکهینگے - اے کاش وہ هدایت پائے هوتے - [۶۵] اور جس
دن وہ اُن کو پکاریگا اور کهیگا که تم نے رسولوں کو کیا جواب

ديا تها ؟ [٦٦] تو أن كو أس دن كوئي بات نه سوجهه پڙيگي اور وه ايك دوسرے سے پوچهه بهي نه سكينگے - [٦٧] مگر جو كوئي توبه كرے اور ايمان لائے اور نيك كام كرے تو شايد وه فلاح پاجائے - [٦٨] اور تيرا پروردگار پيدا كرتا هے جو وه چاهے اور پسند كرتا هے (جس كو چاهے) - أن كا كوئي اختيار نهيں - خدا پاك هے - اور أن كے شرك سے بهت بالا تر - [٦٩] اور تيرا پروردگار جانتا هے جو كچهه أن كے سينے چهپاتے هيں اور جو كچهه وه ظاهر كرتے هيں - [٧٠] اور وهي خدا هے - أس كے سوا كوئي خدا نهيں - دنيا اور آخرت ميں أسي كي تعريف هے - اور أسي كا حكم هے - اور تم كو أس كي طرف پهر جانا هے - [٧١] تو كهه دے كه كيا تم نے ديكها كه اگر خدا قيامت كے دن تك تم پر هميشه رات كئے رهے تو خدا كے سوا كون ايسا معبود هے جو تمهارے لئے روشني لادے ؟ پهر بهي كيا تم نهيں سنتے ؟ [٧٢] تو كهه دے كه كيا تم نے ديكها كه اگر خدا قيامت كے دن تك تم پر هميشه دن كئے رهے تو خدا كے سوا كون ايسا معبود هے كه تمهارے لئے رات لادے تا كه تم اس ميں آرام كرو ؟ پهر بهي كيا تم نهيں ديكهتے ؟ [٧٣] اور اپني رحمت سے أس نے تمهارے لئے رات اور دن كو بنايا تا كه تم أس ميں آرام كرو اور تا كه أس كا فضل ڈهونڈو - اور تا كه تم شكر گزار هو - [٧٤] اور جس دن وه أن كو بلائيگا اور كهيگا كه جن كو تم ميرے شريك سمجهتے تهے وه كهاں هيں ؟ [٧٥] اور هر أمت ميں سے هم ايك گواه نكال كهڑا كرينگے اور كهينگے كه اپني سنديں لاؤ - اور وه جان جائينگے كه حق تو خدا هي كا هے - اور جو كچهه وه جهوٹ باندها كرتے هيں وه سب أن سے كهو جائيگا -

[۷۶] قارون موسیٰ کي قوم سے تھا - مگر اُس نے ان سے
سرکشي کي - اور هم نے اُس کو اِتنے خزانے دئے تھے کہ اُس کي
کنجیاں کئي قوی آدمیوں پر بھي بھاری هوتي تھیں - جب
اُس کي قوم نے اُس سے کہا کہ زیادہ خوش مت هو - خدا زیادہ
خوش هونے والوں کو پیار نہیں کرتا - [۷۷] اور جو تجکو
خدا نے دیا هے اُس کے ذریعہ سے آخرت کا گھر ڈھونڈ - اور
دنیا میں اپنا حصہ نہ بھول جا - اور نیکي کر جس طرح
خدا نے تجھہ سے نیکي کی هے - اور دنیا میں فساد نہ
ڈھونڈ - خدا فساد کرنے والوں کو پیار نہیں کرتا - [۷۸] بولا
مجکو تو یہہ میرے علم کے سبب ملا هے - کیا وہ نہیں جانتا
کہ خدا نے اس سے پہلے کتنے هي قرن هلاك کر ڈالے جو ان سے
زیادہ قوی تھے اور ان سے زیادہ جمع رکھتے تھے ؟ اور گنہگاروں
سے تو اُن کے گناہ کے بارے میں پوچھا نہیں جاتا - [۷۹] تو
وہ اپني آرایش کے ساتھہ اپني قوم کے آگے آنکلا - جو لوگ
دنیا کي زندگي چاهتے تھے وہ بولے کہ اے کاش هم کو بھي
ملتا جیسا قارون کو ملا هے - وہ تو بڑا نصیبور هے -
[۸۰] اور جن کو علم دیا گیا تھا وہ بولے کہ تم پر واے هے -
جو شخص ایمان رکھتا اور نیك کام کرتا هے اُس کے لئے خدا کا
ثواب اس سے بڑھہ کر هے - اور یہہ بات تو صرف صبر کرنے والوں
کو سکھائي جاتي هے - [۸۱] تو هم نے اُس کو اور اُس کے گھر
کو زمین میں دھنسا دیا - پھر تو خدا کے سوا کوئي جماعت
نہ تھي کہ اُس کي مدد کر سکتي - اور نہ وہ آپ اپني مدد
کر سکا - [۸۲] اور جو لوگ کل اُس کے مرتبے کي آرزو کرتے تھے
وہ صبح کو اُٹھے - بولے اے غضب یہہ تو خدا هي اپنے بندوں
میں سے جس کا رزق چاهتا هے کشادہ کرتا هے اور تنگ کرتا

هے - اگر هم پر خدا کا احسان نه هوتا تو وہ هم کو بھي دھنسا دیتا - اے غضب کافر فلاح نهيں پانے کے -

[۸۳] یهہ آخرت کا گھر هم نے اُن لوگوں کے لئے بنا رکھا هے جو دنیا میں تکبر کرنا نهيں چاهتے اور نه فساد - اور عاقبت تو پرهيزگاروں کے لئے هے - [۸۴] جو کوئي نیکي لے کر آئيگا اُس کو اُس سے بهتر ملیگا - اور جو کوئي بُرائي لے کر آئيگا تو جو لوگ بُرائی کرتے هيں اُن کو تو بس اُن هي کے کئے کي جزا دی جائيگي - [۸۵] بے شك جس نے تیرے لئے قرآن مقرر کیا هے وہ ضرور تجھکو ٹھکانے سے لگا دیگا - تو کهہ دے که میرا پروردگار خوب جانتا هے کون هدایت لے کر آتا هے اور کون صریح گمراهي میں هے - [۸۶] اور تو اس کي اُمید نه کرسکتا تھا که تجھکو کتاب دی جائے مگر یهہ تو تیرے پروردگار کي رحمت تھي - تو کافروں کي پشت پناهي نه کر - [۸۷] اور کهیں یهہ لوگ اس کے تجھہ پر نازل کئے جانے کے بعد بھي تجھکو خدا کي آیتوں سے نه روکیں بلکه تو اپنے پروردگار کي طرف (لوگوں کو) بلاتا رہ اور مشرك نه بن - [۸۸] اور خدا کے ساتھہ کسی دوسرے معبود کو نه پکار - اُس کے سوا کوئي خدا نهيں - هر چیز هلاك هو جائيگي مگر اُسي کي ذات - اُسي کا حکم هے - اور اُسي کي طرف تم کو پھر کر جانا هوگا -

سورۂ عنکبوت

مکي - ٦٩ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم هے

[۱] الم - [۲] کیا لوگوں نے یهہ گمان کر رکھا هے که بس یهہ کهنے سے چھوٹ جائینگے که هم ایمان رکھتے هيں ؟ اور وہ

آزمائے نہ جائینگے ؟ [۳] اور ہم نے اُن لوگوں کو بھي آزمایا تھا جو ان سے پہلے تھے - تو خدا ان لوگوں کو ضرور جان لیگا جو سچے ہیں - اور وہ جھوٹوں کو بھي ضرور جان لیگا - [۴] کیا جو لوگ بُرائي کرتے ہیں وہ یہہ سمجھتے ہیں کہ ہم سے آگے نکل جائینگے ؟ بُرا ہے جو وہ فیصلہ کرتے ہیں - [۵] جو کوئي خدا کي ملاقات کي اُمید رکھتا ہے - تو خدا کا وعدہ ضرور آ کر رهیگا - اور وہ سننے والا اور جاننے والا ہے - [۶] اور جو کوئی کوشش کرتا ہے وہ تو بس اپنے ہی لئے کوشش کرتا ہے - بے شك خدا تمام عالموں سے بے نیاز ہے - [۷] اور جو لوگ ایمان رکھتے اور نیك کام کرتے ہیں ہم اُن سے ضرور اُن کي بُرائیاں دور کرینگے اور اُن کو ضرور اُن کے کاموں کي بہترین جزا دینگے - [۸] اور ہم نے آدمي کو اپنے ماں باپ سے حسن سلوك کرنے کا حکم دیا ہے - اور اگر وہ کوشش کریں کہ تو میرے ساتھہ اُس چیز کو شریك کرے جس کا تجھکو علم نہیں ہے تو اُن کا کہا نہ مان - تم کو میری هي طرف پھر آنا ہے تو پھر میں تم کو تمھارے کاموں کي خبر دونگا - [۹] اور جو لوگ ایمان رکھتے اور نیك کام کرتے ہیں ہم اُن کو ضرور نیك لوگوں میں داخل کرینگے - [۱۰] اور لوگوں میں وہ بھي ہے جو کہتا ہے کہ ہم خدا پر ایمان رکھتے ہیں مگر جب اُس کو خدا کي راہ میں کچھہ ایذا پہنچتي ہے تو وہ لوگوں کي آزمایش کو گویا خدا کا عذاب ٹھہراتا ہے - اور اگر تیرے پروردگار کي طرف سے مدد پہنچے تو یہہ ضرور کہینگے کہ ہم تو تمھارے ساتھہ تھے - کیا خدا لوگوں کے دلوں کي بات خوب نہیں جانتا ؟ [۱۱] اور خدا اُن لوگوں کو ضرور جانتا ہے جو ایمان رکھتے ہیں اور وہ منافقوں کو بھي ضرور جانتا

هے - [۱۲] اور جو لوگ کفر کرتے هيں وہ ايمان والوں سے
کہتے هيں کہ هماري راہ کي پيروي کرو - هم تمهاري خطائيں
اُٹھا لينگے - مگر يهہ اُن کي کوئي بهي خطا نهيں اُٹھانے کے -
وہ تو جهوٹے هيں - [۱۳] اور يهہ اپنے بوجهہ اُٹھائينگے اور
اپنے بوجهہ کے ساتهہ دوسرے بوجهہ بهي - اور قيامت کے دن
وہ ضرور اپني افترا پردازيوں کے بارے ميں بوجهے جائينگے -
[۱۴] اور هم نے نوح کو اُس کي قوم کي طرف بهيجا -
اور وہ اُن ميں پچاس برس کم ايك هزار برس رها - پهر اُن کو
طوفان نے آ ليا جب وہ ظلم کرنے لگے - [۱۵] تو هم نے اُس کو
اور جو اُس کے ساتهي کشتي ميں تھے اُن کو بچا ليا - اور هم نے
اُس کو لوگوں کے لئے ايك نشاني بنا دی - [۱۶] اور اِبراهيم -
جب اُس نے اپني قوم سے کہا کہ خدا کي عبادت کرو اور اُس سے
ڈرو - اگر تم کو سمجهہ هے تو يهي تمهارے لئے بهتر هوگا -
[۱۷] تم تو بس خدا کے سوا بتوں کي عبادت کرتے اور
جهوٹ بنا ليتے هو - خدا کے سوا جن کی تم عبادت کرتے هو
وہ تمهارے لئے رزق کا بهي اختيار نهيں رکهتے - تو خدا هي
سے رزق مانگو اور اُسي کی عبادت کرو اور اُسي کا شکر کرو -
تم کو اُسي کي طرف پهر جانا هے - [۱۸] اور اگر تم جهٹلاؤ
تو تم سے پهلے بهي لوگوں نے جهٹلايا هے - اور رسول کا ذمہ
تو بس صاف صاف پہنچا دينا هے - [۱۹] کيا اُنهوں نے
نهيں ديکها کہ خدا نے کيوں کر پهلي بار پيدايش شروع
کي ؟ پهر اسي طرح بار بار کرتا هے - يهہ تو خدا کے لئے
آسان هے - [۲۰] تو کہہ دے کہ دنيا ميں سير کرو اور پهر
ديکهو کہ خدا نے کيوں کر پهلي بار پيدا کيا - پهر آخرت
ميں بهي خدا هي پيدا کريگا - بے شك خدا هر چيز پر

قادر ھے - [۲۱] عذاب کرتا ھے جس کو چاھتا ھے اور رحم کرتا ھے جس پر چاھے - اور تم کو اُسي کي طرف پھر کر جانا ھے - [۲۲] اور دنیا میں اور آسمان میں تم (خدا کو) عاجز نہیں کر سکتے - اور نہ خدا کے سوا تمھارا کوئي دوست ھے اور نہ مددگار -

[۲۳] اور جو لوگ خدا کي آیتوں سے اور اُس کي ملاقات سے کفر کرتے ھیں تو یہي لوگ میري رحمت سے ناأمید ھوئے - اور اُن ھي لوگوں کے لئے دردناک عذاب ھے - [۲۴] اور اُس کي قوم کا جواب تو بس یہي تھا کہ اُنھوں نے کہا کہ اس کو مار ڈالو یا اُس کو جلا ڈالو - اور خدا نے اس کو آگ سے بچایا - ایمان والوں کے لئے تو اس میں بھي نشانیاں ھیں - [۲۵] اور اُس نے کہا کہ تم نے تو خدا کے سوا بس بتوں کو اختیار کر رکھا ھے - یہہ تو دنیا کي زندگي میں دوستي کے لحاظ سے ھے - پھر قیامت کے دن تم میں سے ایک کو ایک اِنکار کریگا اور ایک کو ایک لعنت کریگا - اور تمھارا ٹھکانا تو (جھنم کي) آگ ھے - اور تمھارا کوئي مددگار نہیں - [۲۶] تو لوط اس پر ایمان لایا - اور کہا کہ میں اپنے پروردگار کے لئے ھجرت کرتا ھوں - بے شک وہ زبردست اور حکمت والا ھے - [۲۷] اور ھم نے اُس کو اِسحاق اور یعقوب عطا فرمایا - اور اُس کي اولاد میں نبوت اور کتاب رکھي اور ھم نے دنیا میں اُس کو اُس کا اجر دیا - اور آخرت میں بھي وہ نیک لوگوں میں ھوگا - [۲۸] اور لوط - جب اُس نے اپني قوم سے کہا کہ کیا تم ایسي بے حیائي کرتے ھو جو تم سے پہلے دنیا میں کسي نے بھي نہیں کي ؟ [۲۹] کیا تم مَردوں کے پاس آتے ھو اور راہ قطع کرتے ھو ؟ اور اپني مجلسوں میں بے حیائي کرتے ھو ؟ تو اُس کي قوم کا جواب بس یہي تھا

که اُنھوں نے کہا که اگر تو سچا ھے تو ھمارے اوپر خدا کا عذاب لے آ - [۳۰] بولا اے میرے پروردگار فساد کرنے والوں کے مقابلے میں میري مدد کر -

[۳۱] اور جب ھمارے بھیجے ھوئے اِبراھیم کے پاس خوش خبري لے کر آئے تو وہ بولے که ھم اس بستي کے لوگوں کو ھلاک کرنے والے ھیں - اُس کے رھنے والے ظالم ھیں - [۳۲] بولا اس میں لوط بھي ھے - بولے که ھم خوب جانتے ھیں جو اس میں ھیں - اُس کو اور اُس کے لوگوں کو ھم ضرور بچائینگے - مگر اُس کي بیوي که وہ پیچھے رھنے والوں میں سے ھوگي - [۳۳] اور جب ھمارے بھیجے ھوئے لوط کے پاس آئے تو وہ اُن سے ناخوش ھوا اور اُن کے سبب دل تنگ ھوا - تو اُنھوں نے کہا که ڈر مت - اور نه غم کھا - ھم تجھکو اور تیرے لوگوں کو نجات دینے والے ھیں مگر تیري بیوي که وہ پیچھے رھنے والوں میں سے ھوگي - [۳۴] ھم اُس بستي کے رھنے والوں پر آسمان سے عذاب اُتارنے والے ھیں اِس لئے که یہہ لوگ بدکار ھیں - [۳۵] اور جو لوگ عقل رکھتے ھیں ھم نے اُن کے لئے اس کو بین دلیل بنا کر چھوڑ دیا - [۳۶] اور مدین کي طرف اُن کے بھائي شعیب (کو بھیجا) - اور اُس نے کہا که اے میري قوم خدا کي عبادت کرو اور روز آخرت کے اُمیدوار رھو - اور دنیا میں فساد کرتے نه پھرو - [۳۷] تو اُنھوں نے اُس کو جھٹلایا - تو اُن کو زلزلے نے آ لیا - اور صبح کے وقت وہ اپنے گھروں میں زانوؤں پر پڑے تھے - [۳۸] اور عاد اور ثمود - اور تم کو تو اُن کے گھر معلوم ھي ھیں - اور شیطان نے اُن کے کام ان کو اچھے کر دکھائے اور اُن کو راہ سے روکا حالانکه وہ دیکھہ سکتے تھے - [۳۹] اور قارون اور فرعون اور ھامان - اُن کے پاس تو موسیٰ بین دلیلیں

لے کر آیا - اور وہ ملك میں تکبر کرتے تھے - مگر (هم سے) نکل
نهیں سکتے تھے - [۴۰] تو هم نے هر ایك كو اُس کے گناہ کے
سبب گرفتار کیا تو اُن میں سے کسي پر تو هم نے پتھروں کا
مینهہ برسایا اور اُن میں سے کسي کو تو آواز تند نے آ لیا - اور
اُن میں سے کسي کو تو هم نے زمین میں دهنسا دیا - اور اُن
میں سے کسي کو تو هم نے غرق کردیا - اور خدا ایسا نهیں که
وہ اُن پر ظلم کرتا مگر وہ اپنے آپ پر ظلم کئے - [۴۱] جو
لوگ خدا کے سوا دوست بناتے هیں اُن کي مثال جیسے مکڑي
کي مثال هے که وہ (اپنا) گھر بناتي هے - مگر گھروں میں سب
سے کمزور گھر تو مکڑي کا گھر هے - اے کاش یهہ جانتے هوتے -
[۴۲] جن چیزوں کو یهہ لوگ خدا کے سوا پکارتے هیں وہ اُن
کو جانتا هے - اور وہ زبردست حکمت والا هے - [۴۳] اور یهہ
مثالیں هیں که هم ان کو لوگوں کے لئے بیان کرتے هیں -
اور اس کو تو بس علم والے هي سمجھتے هیں - [۴۴] خدا نے
آسمان اور زمین (اپني) مشیئت سے بنائے - بے شك ایمان
والوں کے لئے تو اس میں بھي نشانیاں هیں -

¶ [۴۵] جو کتاب تیري طرف وحي کي گئي هے اُس کو
پڑهہ اور نماز پر قائم رہ - نماز بے حیائي اور نا معقول باتوں سے
روکتي هے - اور خدا کي یاد بڑي چیز هے - اور خدا جانتا هے
جو تم کرتے هو - [۴۶] اور اهل کتاب سے جھگڑا نه کرو مگر
عمدہ طور پر - سوا اُن کے جو ان میں سے ظلم کریں -
اور تم کهو که هم اُس چیز پر ایمان لائے جو هم پر اُتاري گئي
اور جو تم پر اُتاري گئي تھي اور همارا معبود اور تمهارا معبود
ایك هے - اور هم اُسي کے مطیع هیں - [۴۷] اور اسي طرح هم
نے تجھہ پر کتاب اُتاري - تو جن کو هم نے کتاب دي هے وہ اُس

پر ایمان رکھتے ھیں - اور ان لوگوں میں بھي ایسے ھیں جو
اُس پر ایمان رکھتے ھیں - اور کافر ھي ھماري آیتوں سے اِنکار
کرتے ھیں - [۴۸] اور اِس سے پہلے تو کوئي کتاب نہیں پڑھہ
سکتا تھا اور نہ تو اُس کو اپنے ھاتھہ سے لکھہ ھي سکتا تھا -
(ایسا ھوتا) تو البتہ جھوٹ بات بنانے والے شك کر سکتے -
[۴۹] نہیں - جن لوگوں کو علم دیا گیا ھے اُن کے دلوں میں
تو یہي بین آیتیں ھیں - اور ھماري آیتوں سے تو بس ظالم
ھي اِنکار کرتے ھیں - [۵۰] اور یہہ کہتے ھیں کہ اِس پر
اُس کے پروردگار کي طرف سے آیتیں کیوں نہ اُتریں ؟ تو
کہہ دے کہ نشانیاں تو خدا کے ھاں ھیں - اور میں تو بس
صاف صاف ڈرانے والا ھوں - [۵۱] کیا یہہ اُن کے لئے کافي
نہیں ھے کہ ھم نے تجھہ پر کتاب نازل کي جو اُن کو پڑھہ کر
سنائي جاتی ھے ؟ بے شك اِس میں بھي ایمان والوں کے لئے
رحمت اور نصیحت ھے -

[۵۲] تو کہہ دے کہ میرے اور تمھارے درمیان خدا کي
گواھي کافي ھے - وہ جانتا ھے جو کچھہ آسمان اور زمین
میں ھے - اور جو لوگ جھوٹ کو مانتے اور خدا سے کفر کرتے
ھیں تو یہي لوگ خسارہ اُٹھانے والے ھیں - [۵۳] اور یہہ
لوگ عذاب کے لئے تجکو جلدي کرتے ھیں - اور اگر
(اس کا) وقت مقرر نہ ھوتا تو اُن پر عذاب ضرور آ پہنچتا -
اور یہہ اُن پر یکایك آ پڑیگا جب وہ جان بھي نہ سکینگے -
[۵۴] یہہ لوگ تجکو عذاب کے لئے جلدي کرتے ھیں -
اور کافروں کو جہنم ضرور گھیرے ھوئے ھے - [۵۵] جس دن
کہ اُن کو عذاب اُوپر سے اور اُن کے پاؤں کے نیچے سے ڈھانك
لیگا اور وہ کہیگا کہ اپنے کئے کا مزہ چکھو - [۵۶] اے میرے

بندے جو ایمان رکھتے هو میری زمین وسیع هے - تو بس میری هي عبادت کرو - [٥٧] هر جاندار موت کا مزه چکھیگا - پھر تم کو هماري هي طرف پھر آنا هوگا - [٥٨] اور جو لوگ ایمان رکھتے اور نیك کام کرتے هم اُن کو جنت کے بالا خانوں میں جگه دینگے - که اُن کے نیچے سے نهریں جاري هونگي - وه همیشه اُسي میں رهینگے - کام کرنے والوں کا (کیسا) اچھا اجر هوتا هے - [٥٩] جو لوگ صبر کرتے اور اپنے پروردگار پر توکل کرتے هیں - [٦٠] اور کتنے هي جاندار هیں که وه اپنا کھانا لئے نهیں پھرتے - خدا هي اُن کو اور تم کو رزق دیتا هے - اور وه سننے والا اور جاننے والا هے - [٦١] اور اگر تو اُن سے پوچھے که کس نے آسمان اور زمین کو پیدا کیا هے اور سورج اور چاند کو مسخر کیا هے تو وه ضرور کهینگے که خدا نے - پھر کهاں سے پھرے جاتے هو؟ [٦٢] خدا هي اپنے بندوں میں سے جس کا چاهے رزق کشاده کرے یا اُس کو تنگ کر دے - بے شك خدا هر چیز کا جاننے والا هے - [٦٣] اور اگر تو اُن سے پوچھے که کس نے آسمان سے پاني اُتارا اور اُس سے مری هوئي زمین کو جلایا - تو یهه ضرور کهینگے که خدا نے - تو کهه دے که تعریف خدا هي کو هے - مگر ان میں اکثر لوگ عقل نهیں رکھتے -

[٦٤] اور یهه دنیا کي زندگي تو بس ایك کھیل اور تماشا هے - مگر آخرت کا ٹھکانا هي زندگي هے - اے کاش یهه لوگ جانتے هوتے - [٦٥] اور جب یهه کشتي پر سوار هوتے هیں تو خلوص مذهب سے خدا هي کو پکارتے هیں - پھر جب وه اُن کو بچا کر خشکي کي طرف لے جاتا هے تو وه شرك کرنے لگتے هیں - [٦٦] تا که جو هم نے اُن کو دیا هے

أس کي نا شکري کریں - اور فائدہ أتھائیں - مگر أن کو
معلوم ھوجائیگا - [٦٧] کیا أنھوں نے یہہ نہیں دیکھا کہ
ھم نے حرم کو امن کي جگہ بنا رکھا ھے حالانکہ أن کے گرد کے
لوگ اچك لئے جاتے ھیں ؟ تو کیا یہہ جھوت پر ایمان رکھتے
ھیں اور خدا کي نعمت سے کفر کرتے ھیں ؟ [٦٨] اور اس سے
بڑھہ کر کون ظالم ھوگا جو خدا پر جھوت باندھے اور حق کو
جب وہ أس کے پاس آجائے تو جھٹلا دے ؟ کیا کافروں کے ثواب
پانے کي جگہ جہنم نہیں ھے ؟ [٦٩] اور جن لوگوں نے
ھمارے بارے میں کوشش کي ھم أن کو ضرور اپني راہ
دکھائینگے - اور خدا نیك لوگوں کا ساتھي ھے -

سورۂ روم

مکي - ٦٠ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ھے

[۱] الم - [۲] رومي مغلوب ھو گئے [۳] قریب کے ملك
میں - اور یہہ لوگ اپنے مغلوب ھونے کے بعد بھي غالب آئینگے -
[۴] کئي برس کے اندر - اس سے پہلے اور اس کے بعد بھي خدا
ھي کا حکم ھے - اور أس دن ایمان والے خوش ھونگے - [۵] خدا
کي مدد کے سبب - وہ مدد دیتا ھے جس کو چاھتا ھے اور وہ
زبردست اور رحم والا ھے - [٦] یہہ خدا کا وعدہ ھے - خدا
اپنے وعدے کے خلاف نہیں کرتا - لیکن اکثر لوگ علم نہیں
رکھتے - [۷] یہہ لوگ دنیا کي زندگي کي ظاھر بات کو جانتے
ھیں - اور آخرت سے غافل ھیں - [۸] کیا أنھوں نے اپنے دل میں
غور نہیں کیا ؟ خدا نے آسمان اور زمین اور جو کچھہ أن کے

بيچ ميں هے اُن کو بس (اپني) مشيئت سے بنايا هے اور ايك
وقت مقرر کے لئے - مگر بہت سے لوگ اپنے پروردگار کي ملاقات سے
کفر کرتے هيں - [٩] کيا يہہ دنيا ميں سير نہيں کرتے اور ديکھتے
کہ جو لوگ اُن سے پہلے تھے ان کا کيسا انجام هوا ؟ وہ ان سے
قوت ميں زيادہ تھے اور زمين کو جوتتے اور جيسا اُنھوں نے
اس کو آباد کيا هے اُس سے بڑھہ کر انھوں نے اُس کو آباد کيا
تھا - اور ان کے پاس ان کے رسول بين دليليں لے کر آئے - اور
خدا تو ايسا نہ تھا کہ ان پر ظلم کرتا مگر وهي اپنے آپ پر
ظلم کئے - [١٠] پھر جو لوگ برائي کرتے تھے اُن کا انجام
برا هوا - اِس لئے کہ انھوں نے خدا کي آيتوں کو جھٹلايا اور
اُن سے ٹھٹھا کيا -

[١١] خدا هي پہلي بار پيدا کرتا هے اور پھر اُس کو بار
بار پيدا کرتا هے - پھر تم کو اُسي کي طرف پھر جانا هے -
[١٢] اور جس دن (قيامت کي) گھڑي آ پڑيگي تو گنہگار
نا اُميد هو جائينگے - [١٣] اور اُن کے شريکوں ميں سے کوئي اُن
کي شفاعت نہ کريگا - بلکہ يہہ اپنے شريکوں سے کفر کرينگے -
[١٤] اور جس دن (قيامت کي) گھڑي آ پڑيگي اُس دن يہہ
سب متفرق هو جائينگے - [١٥] تو جو لوگ ايمان لائے اور
نيك کام کئے اُن کي تو باغوں ميں خاطرداريان هونگي -
[١٦] اور جو لوگ کفر کئے اور هماري آيتوں کو اور آخرت کي
ملاقات کو جھٹلايا تو يهي لوگ عذاب کے لئے حاضر کئے
جائينگے - [١٧] تو پاکي هے خدا کو جس وقت کہ تم کو
شام هو اور جس وقت کہ تم کو صبح هو - [١٨] اور آسمان
اور زمين ميں اُسي کي تعريف هے اور تيسرے پھر کو اور جب
تم کو دوپہر هو - [١٩] وہ مردے سے زندہ نکالتا هے اور

زندے سے مردہ نکال کھڑا کرتا ھے - اور وھي زمین کے مرجانے کے
بعد اُس کو جلاتا ھے - اور اسي طرح تم بھي نکال کھڑے
کئے جاؤگے -
[۲۰] اور اس کي نشانیوں میں سے یہہ بھی ھے کہ اُس نے
تم کو مٹي سے بنایا - پھر تم آدمي بن گئے کہ چلتے پھرتے
ھو - [۲۱] اور اُس کی نشانیوں میں سے یہہ بھي ھے کہ
اس نے تمھارے لئے تم ھی میں سے (تمھارا) جوڑا پیدا کیا
تاکہ تم کو اُن سے ارام ملے - اور تم میں پیار اور رحم دیا -
بے شک جو لوگ غور کرتے ھیں اُن کے لئے اسی میں نشانیاں
ھیں - [۲۲] اور آسمان اور زمین کا پیدا کرنا اور تمھاری
زبانوں اور رنگوں کے اختلافات بھی اُس کی نشانیوں میں سے
ھیں - بے شک اس میں بھي علم والوں کے لئے نشانیاں
ھیں - [۲۳] اور رات اور دن کا تمھارا سونا اور اُس کا فضل
ڈھونڈنا - جو لوگ بات سنتے ھیں اُن کے لئے اس میں بھي
نشانیاں ھیں - [۲۴] اور تم کو خوف اور اُمید کے لئے
بجلي کا دکھانا اور آسمان سے پاني کا اُتارنا اور اُس سے مری
ھوئي زمین کو جلانا یہہ سب بھي اُس کی نشانیوں میں سے
ھیں - جو لوگ عقل رکھتے ھیں اُن کے لئے اس میں بھي
نشانیاں ھیں - [۲۵] اور اُس کي نشانیوں میں سے یہہ بھي
ھے کہ آسمان اور زمین اُس کے حکم سے قائم ھیں - پھر
جب وہ تم کو زمین میں سے ایک بار پکاریگا تو اُسي وقت تم
نکل کھڑے ھوگے - [۲۶] اور اُسي کے ھیں جو کوئی آسمان
اور زمین میں ھیں - سب اُسی کے فرماں بردار ھیں -
[۲۷] اور وھي ھے جو پہلي بار پیدا کرتا ھے پھر اُس کو
دھراتا ھے - اور یہہ بات اُس کے لئے بہت آسان ھے - اور

آسمان اور زمین میں اُس کی مثال سب سے بالا تر هے - اور وه زبردست حکمت والا هے -

[۲۸] وه تمهارے لئے تم هي میں کي ایك مثال بیان کرتا هے - که جو کچهه هم نے تم کو دے رکھا هے کیا اُس میں سے جو تمهارے هاتهوں میں آگئے هیں تمهارے کوئي شریك بهي هیں که تم سب درابر هو جاؤ - که تم ان سے ڈرنے لگو جیسا تم ایك دوسرے سے ڈرتے هو ؟ جو لوگ عقل رکھتے هیں هم اُن کے لئے اسي طرح ایتیں بیان کرتے هیں - [۲۹] بلکه جو لوگ ظلم کرتے هیں وه تو بے جانے اپني خواهشوں کي پیروي کرتے هیں - تو جس کو خدا گمراه کرے اُس کو کون هدایت کر سکتا هے ؟ اور اُن کا کوئي مددگار نهیں - [۳۰] تو اپنا رخ دین حنیف کي طرف کر - یهه خدا کي بناوت هے جس کے مطابق اُس نے آدمي کو بنایا هے - خدا کے بنانے میں کوئي فرق نهیں - یهي سیدها مذهب هے - مگر اکثر لوگ نهیں جانتے - [۳۱] اُس کے آگے توبه کرو اور اُسی سے ڈرو اور نماز پر قائم رهو اور مشرك نه بنو - [۳۲] جو لوگ اپنے مذهب کو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالتے هیں اور فرقه فرقه هو جاتے هیں - هر گروه اپنے فرقے میں خوش هے - [۳۳] اور جب لوگوں کو سختي آ پهنچتي هے تو وه اپنے پروردگار کے آگے توبه کرتے هیں - پهر جب وه اُن کو اپني رحمت کا مزه چکهاتا هے تو اُسي وقت اُن میں کا ایك گروه اپنے پروردگار کے ساتهه شرك کرتا هے - [۳۴] تاکه جو کچهه هم نے اُن کو دیا هے اس سے کفر کریں - تو فائده اُٹھا لو - تم کو معلوم هوجائیگا - [۳۵] کیا هم نے اُن پر کوئي دلیل اُتاري هے جو اُن کو ان کا شرك بتاتي هے ؟ [۳۶] اور جب هم لوگوں کو

رحمت کا مزہ چکھاتے ھیں تو وہ اس سے خوش ھوتے ھیں -
اور اگر اُن کے اپنے ھاتھوں کے کئے کے سبب اُن پر کوئي بُرائي
آ پڑے تو وہ نا اُمید ھوجاتے ھیں - [۳۷] کیا اُنھوں نے
یہہ نہیں دیکھا کہ خدا جس کا چاھتا ھے رزق کشادہ کرتا
ھے یا تنگ کردیتا ھے - جو لوگ ایمان رکھتے ھیں اُن کے
لئے اسي میں نشانیاں ھیں - [۳۸] اور قرابت والے کو اُس کا
حق دے اور غریبوں کو اور مسافروں کو - جو لوگ خدا کا
دیدار چاھتے ھیں اُن کے لئے یہہ بہتر ھے - اور یہي لوگ
فلاح پانے والے ھیں - [۳۹] اور جو تم سُود دیتے ھو کہ
لوگوں کا مال بڑھے تو خدا کے نزدیک وہ نہیں بڑھنے کا - اور
جو تم زکواۃ دو اور خدا کا دیدار چاھو - تو یہي لوگ دُونا
بڑھاتے ھیں - [۴۰] خدا وہ ھے جس نے تم کو پیدا کیا پھر
تم کو رزق دیا - پھر تم کو موت دیگا - پھر تم کو جلائیگا -
کیا تمھارے شریکوں میں سے کوئي ایسا ھے جو اس میں سے
کچھہ بھي کرسکے ؟ وہ پاك ھے اور ان کے شرك سے بالا تر ھے -
[۴۱] لوگوں کے اپنے کئے کے سبب خشکي میں اور تری میں
فساد پھیل گیا ھے تا کہ اُن کو اُن کے بعض کاموں کا مزہ
چکھائے - شاید وہ پھر جائیں - [۴۲] تو کہہ دے کہ دنیا
میں سیر کرو اور دیکھو کہ جو لوگ پہلے تھے اُن کا انجام
کیسا ھوا - اُن میں اکثر مشرك ھي تھے - [۴۳] تو اپنا رخ
سیدھے دین کي طرف کر قبل اِس کے کہ خدا کي طرف سے وہ
دن آجائے جو ٹل نہیں سکتا - اس دن یہہ سب الگ الگ
ھو جائینگے - [۴۴] جو کوئي کفر کرے تو اُس کا کفر اُسي پر
ھے - اور جو کوئي نیك کام کرے تو وہ لوگ اپنے ھي لئے جگہ
بناتے ھیں - [۴۵] تا کہ جو لوگ ایمان رکھتے اور نیك کام کرتے

هيں اُن کو اپنے فضل سے وہ جزا دے - وہ کافروں کو پیار نہيں
کرتا - [۴۶] اور اُس کي نشانيوں ميں سے يہہ بهي هے کہ وہ
خوش خبري دينے کے لئے هوائيں بهيجتا هے اور تا کہ تم کو
اپني رحمت کا مزہ چکهائے - اور تا کہ اُس کے حکم سے کشتياں
چليں - اور تا کہ تم اُس کا فضل ڈهونڈو - اور شايد تم شکر
گزار هو - [۴۷] اور هم نے تجهہ سے پہلے بهي اُن کي قوم کي
طرف رسول بهيجے اور وہ بين دليليں لے کر اُن کے پاس آئے
تو جنهوں نے گناہ کيا اُن سے هم نے اِنتقام بهي ليا - اور ايمان
والوں کو مدد دينا هم پر فرض تها - [۴۸] خدا وہ هے جو
هواؤں کو بهيجتا هے تو وہ بادلوں کو اُٹهاتي هيں پهر وہ
جس طرح چاهتا هے اُن کو آسمان ميں پهيلا ديتا هے - اور
اُن کو ٹکڑے ٹکڑے کر ديتا هے - اور تو ديکهتا هے کہ اُن کے
بيچ ميں سے مينهہ نکلا آتا هے - پهر جب وہ اپنے بندوں
ميں سے جس پر چاهتا هے اُس کو لا ڈالتا هے تو بس وہ خوش
هو جاتے هيں - [۴۹] حالانکہ اُس کے اُترنے سے پہلے يہہ
لوگ نااُميد بهي هو چکے تهے - [۵۰] تو خدا کي رحمت کي
نشانيوں کي طرف نظر کر کہ وہ مري هوئي زمين کو کس
طرح زندہ کرتا هے - بے شک وهي مردوں کو زندہ کرنے والا
هے - اور وہ هر چيز پر قادر هے - [۵۱] اور اگر هم ايک هوا
بهيجيں اور وہ اُس کو زرد ديکهيں تو پهر اُس کے بعد وہ
کفر کرنے لگتے هيں - [۵۲] بے شک تو مردوں کو نہيں سنا
سکتا اور نہ تو بهروں کو پکارنا سنا سکتا هے جب وہ پيٹهہ
پهير کر بهاگ چليں - [۵۳] اور نہ تو اندهوں کو اُن کي
گمراهي سے نکال سکتا هے - تو تو بس اُسي شخص کو سنا
سکتا هے جو هماري آيتوں پر ايمان لائے اور مسلمان هيں -

[۵۴] خدا وهي هے جس نے تم کو کمزوري سے بنا کهڑا کیا - پهر کمزوري کے بعد قوت دي - پهر قوت کے بعد ضعف اور بڑهاپا - وہ پیدا کرتا هے جو چاهتا هے - اور وہ جاننے والا اور قدرت والا هے - [۵۵] اور جس دن قیامت برپا هوگي گنهگار قسمیں کهائینگے که وہ ایک گهڑي سے زیادہ نه ٹهہرے - اسي طرح یهه بهکتے رهے - [۵۶] اور جن لوگوں کو علم اور ایمان دیا گیا هے وہ کهینگے که تم تو کتاب الله کے موافق قیامت کے دن تک ٹهہرے - اور یهه قیامت کا دن هے - مگر تم کو اُس کا علم نه تها - [۵۷] تو اُس دن نه تو ظالموں کو اُن کي معذرت هي نفع دیگی اور نه اُن کو توبه کرنے دي جائیگی - [۵۸] اور هم نے لوگوں کے لئے اس قرآن میں هر طرح کي مثالیں بیان کي هیں - اور اگر تو اُن کے پاس کوئي بهي نشاني لائے تو کافر ضرور کهینگے که تم تو جهوٹے هو - [۵۹] جو لوگ علم نهیں رکهتے اُن کے دلوں پر خدا اِسي طرح مہر کر دیتا هے - [۶۰] پس صبر کر - خدا کا وعدہ سچا هے - اور جو لوگ یقین نهیں کرتے وہ کهیں تجکو بهي سبک نه کر دیں -

سورۂ لقمان

مکي - ۳۴ آیتیں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحیم هے

[۱] الم - [۲] یهه حکمت والي کتاب کي آیتیں هیں - [۳] نیک لوگوں کے لئے هدایت کرنے والي اور باعث رحمت - [۴] جو لوگ نماز پر قائم رهتے اور زکواۃ دیتے اور آخرت کا

بھي يقين رکھتے هيں - [٥] يهي لوگ اپنے پروردگار کي
هدايت پر هيں اور يهي لوگ فلاح پانے والے هيں -
[٦] اور لوگوں ميں کوئي تو ايسا بهي هے جو کهيل کي
باتيں مول ليتا هے تاکه بے جانے خدا کي راه سے (لوگوں کو)
گمراه کرے - اور اُس سے ٹهٹها کرے - اُن هي لوگوں کے لئے
رسوائي کا عذاب هے - [٧] اور جب هماري آيتيں اُس کو
پڑهکر سنائي جاتي هيں تو وه تکبر سے پيٹهه پهير ليتا هے
گويا اُس نے يهه سنا هي نهيں - گويا اُس کے کان ميں بوجهه
هے - تو اُس کو دردناك عذاب کي خوش خبري دے -
[٨] جو لوگ ايمان رکهتے اور نيك کام کرتے هيں اُن کے لئے
نعمت والي جنت هے - [٩] که وه اُسي ميں هميشه رهينگے -
يهه خدا کا سچا وعده هے - اور وه زبردست حکمت والا هے -
[١٠] اُس نے آسمان کو بغير ستون کے بنايا جيسا تم ديکهتے
هو - اور زمين پر بوجهل پهاڑ رکهه دئے که کهيں وه تم کو
لے کر هل نه جائے - اور اُس ميں هر طرح کے جانور پهيلا
دئے - اور هم نے آسمان سے پاني اُتارا - پهر هم نے زمين ميں
هر طرح کي نفيس چيزيں اُگائيں - [١١] يهه خدا کي
خلقت هے - تو مجهکو دکهاؤ که جو لوگ اس کے سوا هيں
اُنهوں نے کيا پيدا کيا؟ نهيں - ظالم تو صريح گمراهي ميں
هيں -

[١٢] اور هم نے لقمان کو حکمت دي اور (حکم ديا)
که خدا کا شکر کر - اور جو کوئي شکر کرتا هے تو وه اپنے هي
لئے شکر کرتا هے - اور جو کفر کرتا هے تو خدا بے نياز تعريف
کے لائق هے - [١٣] اور جب لقمان نے اپنے لڑکے سے نصيحت
کرتے وقت کها که اے ميرے بيٹے خدا کے ساتهه شرك نه کر -

شرك كرنا بڑا ظلم هے - [۱۴] اور هم نے آدمي كو اُس كے ماں
باپ كے بارے میں كهه ركها هے - كمزوري پر كمزوري اُٹها كر
اُس كي ماں اُس كو لئے پهرتي هے - اور دو برس میں اُس كا
دودهه چهوٹتا هے - میرا اور اپنے ماں باپ كا شكر گزار هو -
(تم كو) میري هي طرف پهر آنا هے - [۱۵] اور اگر وه
تجهكو اس بات پر مجبور كریں كه تو میرے ساتهه اُس چیز
كو شریك كرے جس كا تجهكو علم نهیں تو اُن كي پیروي
نه كر - مگر دنیا میں نیكي كے ساتهه اُن كي صحبت ركهه -
اور اُس شخص كي راه كي پیروي كر جو میرے آگے توبه
كرتا هے - پهر تو تم كو میري هي طرف پهر آنا هے - پهر
میں تم كو تمهارے كئے كي خبر دونگا - [۱۶] اے میرے
بیٹے اگر یهه ایك رائي كے دانے كے برابر بهي هو اور وه كسي
بڑے پتهر كے نیچے هو یا آسمان میں یا زمین میں تو بهي
خدا اُس كو نكال لائیگا - بے شك خدا لطف والا اور خبر
ركهنے والا هے - [۱۷] اے میرے لڑكے نماز پر قائم ره اور
نیك بات كرنے كو كهه اور بُري باتوں سے منع كر اور جو كچهه
تجهه پر آ پڑے اُس كے لئے صبر كر - بے شك یهه ایك بڑا
كام هے - [۱۸] اور لوگوں سے گال نه پهلا اور زمین پر اِترا كر
نه چل - خدا كسي تكبر كرنے والے اور شیخي كرنے والے كو
پیار نهیں كرتا - [۱۹] اور اپني چال مدهم كر اور اپني آواز
كو نرم كر - آوازوں میں سب سے بُري آواز گدهے كي هے -
[۲۰] كیا تم نے نهیں دیكها كه جو كچهه آسمان میں
هے اور جو كچهه زمین میں هے خدا نے تمهارے لئے مسخر
كر ركها هے - اور تم پر اپني ظاهري اور باطني نعمتیں پوري
كیں - اور لوگوں میں كچهه ایسے بهي هیں جو بے جانے

خدا کے بارے میں جھگڑا کرتے اور نہ هدایت رکھتے اور نہ
کوئي روشن کتاب - [۲۱] اور جب اُن سے کہا جاتا ھے کہ
اُس چیز کي پیروي کرو جو خدا نے اُتارا ھے تو وہ کہتے ھیں
نہیں - بلکہ ھم اُس چیز کي پیروي کرینگے جس پر ھم نے
اپنے باپ دادوں کو پایا - کیا اگر اُن کو شیطان دوزخ ھي کي
طرف بلاتا ھو ؟ [۲۲] اور جو کوئي اپنا رخ خدا کي طرف
کرے اور نیك کام بھي کرے - اُسي نے مضبوط رسي پکڑلي -
اور کاموں کا انجام تو خدا ھي کے اختیار میں ھے - [۲۳] اور
جو کوئي کفر کرے تو اُس کا کفر تجکو غم میں نہ ڈالے -
ھماري ھي طرف اُن کو پھر کر آنا ھے تو پھر ھم اُن کو
اُن کے کئے کي خبر دینگے - بے شك خدا دلوں کي باتوں کو
خوب جانتا ھے - [۲۴] ھم اُن کو تھوڑا سا فائدہ دینگے پھر
اُن کو بے بس کرکے سخت عذاب کي طرف لے جائینگے -
[۲۵] اور اگر تو اُن سے پوچھے کہ آسمان اور زمین کو کس نے
پیدا کیا تو وہ ضرور کہینگے خدا - تو کہہ تعریف خدا ھي کو
ھے - لیکن ان میں اکثر لوگ نہیں جانتے - [۲۶] خدا ھي
کا ھے جو کچھہ آسمان اور زمین میں ھے - بے شك خدا ھي
بے نیاز اور تعریف کے لائق ھے - [۲۷] اور زمین میں جتنے
درخت ھیں اگر یہہ سب قلم ھوں اور دریا کہ اُس کي اور
سات دریائیں مدد کریں تو بھي خدا کي باتیں نہیں
تمام ھونے کي - بے شك خدا زبردست حکمت والا ھے -
[۲۸] تمھارا بنانا اور تمھارا جلا کر اُٹھانا یہہ تو بس ایك
شخص کا (بنانا اور جلانا) ھے - بے شك خدا سننے والا اور
دیکھنے والا ھے - [۲۹] کیا تونے نہیں دیکھا کہ خدا رات کو
دن میں اور دن کو رات میں داخل کرتا ھے - اور سورج اور

چاند کو مسخر کئے ہوئے ھے - سب ایك وقت مقرر تك
چلتے ھیں - اور جو کچھہ تم کرتے ھو خدا اُس کي خبر
رکھتا ھے - [۳۰] یہہ اس لئے کہ خدا ھي سچا ھے اور
اس لئے کہ تم اُس کے سوا جس کو پکارتے ھو وہ جھوتا ھے -
اور اس لئے کہ خدا ھی عالي مرتبہ اور بڑا ھے -
[۳۱] کیا تونے یہہ نہیں دیکھا کہ خدا ھي کا اِحسان
ھے کہ کشتیاں دریا میں چلتی ھیں ؟ تا کہ وہ تم کو اپني
نشانیاں دکھائے - ھر صبر کرنے والے و شکر گزار شخص
کے لئے اسي میں نشانیاں ھیں - [۳۲] اور جب سائبانوں
کي طرح اُن کو موج آ ڈھانکتي ھے تو وہ خلوص مذھب کے
ساتھہ خدا کو پکارتے ھیں - پھر جب وہ اُن کو خشکي کي
طرف بچا لے جاتا ھے تو بس وہ بیچ ھي میں رہ جاتے ھیں -
اور ھماری نشانیوں سے تو بس عہد توڑنے والے اور نا شکر
ھي اِنکار کرتے ھیں - [۳۳] اے لوگو اپنے پروردگار سے ڈرو -
اور اُس دن سے ڈرو جس دن باپ اپنے بیتے کے کام نہ آئیگا اور
نہ بیتا اپنے باپ کے کچھہ بھي کام آئیگا - بے شك خدا کا
وعدہ سچا ھے - تو کہیں تم کو دنیا کي زندگي دھوکے میں
نہ ڈالے - اور نہ تم کو فریب دینے والا خدا سے فریب دے -
[۳۴] بے شك خدا ھي کے پاس (قیامت کي) گھڑي کا علم
ھے - اور وھي مینہہ اُتارتا ھے - اور جانتا ھے جو کچھہ پیت
میں ھے - اور کوئي جاندار نہیں جانتا کہ کل وہ کیا
کمائیگا - اور کوئي جاندار نہیں جانتا کہ وہ کس زمین
میں مریگا - بے شك خدا ھي جاننے والا اور خبر رکھنے
والا ھے -

سورۂ سجدہ

مکي - ۳۰ آيتيں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحيم ھے

[۱] الم - [۲] اس ميں کوئي شك نہيں کہ يہہ کتاب
پروردگار عالم کي طرف سے نازل ھوئي ھے - [۳] کيا يہہ لوگ
کہتے ھيں کہ اس نے اس کو بنا ليا ھے ؟ نہيں - بہہ تو تيرے
پروردگار کي طرف سے سچي بات ھے - تا کہ تو اس قوم کو ڈرائے
جنکے پاس تجھہ سے پہلے کوئي ڈرانے والا نہيں آيا - شايد وہ
ھدايت پائيں - [۴] خدا وہ ھے جس نے آسمان اور زمين
اور جو کچھہ ان دونوں کے درميان ميں ھے سب کو چھہ
روز ميں بنايا - پھر عرش پر جا بيٹھا - اس کے سوا تمھارا نہ
کوئي دوست ھے اور نہ شفاعت کرنے والا - کيا پھر بھي تم نہيں
غور کرتے ؟ [۵] آسمان سے زمين تك کام کي تدبير کرتا ھے پھر
(اس کا حساب) اس کے پاس ايك دن ميں پہنچتا ھے کہ اُس کي
مقدار تمھارے حساب سے ھزار برس کي ھوتي ھے - [۶] يہہ
ھے غيب اور ظاھر کا جاننے والا زبردست رحم والا - [۷] جس
نے ھر چيز کو جو اُس نے پيدا کيا ھے اچھا بنايا - اور آدمي کو
مٹي سے بنايا - [۸] پھر ايك حقير پاني کي نچوڑ سے اُس کي
اولاد بنائي - [۹] پھر اُس کو درست کيا اور اُس ميں اپني
روح پھونك دي - اور تمھارے لئے کان اور آنکھہ اور دل بنائے -
بہت ھي کم تم شکر کرتے ھو - [۱۰] اور يہہ کہتے ھيں کہ جب
ھم مٹي ميں مل جائينگے تو کيا پھر ھماري نئي پيدايش
ھوگي ؟ نہيں - يہہ تو اپنے پروردگار کي ملاقات سے کفر کرتے

هيں - [۱۱] تو کهه دے که ملك‌الموت جو تم پر مقرر کيا گيا
هے وهي تم کو موت ديگا - پهر تم کو اپنے پروردگار کي طرف لوت
کر آنا هے -

[۱۲] اور اے کاش تو ديکهے جب يهه گنهگار اپنے پروردگار کے
سامنے اپنے سر نيچا کئے هونگے - اے همارے پروردگار هم نے
ديکها اور سنا - هم کو پهر بهيج دے که هم نيك کام کريں -
(اب) هم کو يقين هو گيا - [۱۳] اور اگر هم چاهتے تو هر
جي کو اس کي هدايت ديتے - ليکن ميري طرف سے بات سچ
هوئي که ميں ضرور جن اور انس سب سے جهنم کو بهرونگا -
[۱۴] تو تم اس کا مزه چکهو اِس لئے که تم اپنے آج کے دن کو
بهول گئے تهے - هم بهي تم کو بهول گئے - تو برابر کے عذاب
کا مزه چکهو - بسبب اس کے جو تم نے کيا - [۱۵] هماري
نشانيوں پر تو وهي لوگ ايمان لاتے هيں که جب اُن کو يهه
ياد دلائي جاتي هيں تو وه سجدے ميں گر پڑتے اور اپنے پروردگار
کي حمد کے ساتهه تسبيح کرتے اور تکبر نهيں کرتے - [۱۶] اُن
کے پهلو بچهونوں سے الگ رهتے اور وه خوف سے اور اُميد سے
اپنے پروردگار کو پکارتے اور جو کچهه هم نے اُن کو ديا هے اُس سے
خرچ کرتے هيں - [۱۷] اور کوئي شخص نهيں جانتا که اُس
کے کئے کے بدلے اُس کي آنکهوں کي ٹهنڈك کے لئے کيا کچهه
چهپا رکها گيا هے - [۱۸] تو کيا جو ايمان والا هے وه بدکار کي
طرح هوگا ؟ يهه دونوں برابر نهيں - [۱۹] جو لوگ ايمان
رکهتے اور نيك کام کرتے هيں اُن کے رهنے کے لئے جنت هے - يهه
مهمان داري هے بسبب اس کے جو يهه کرتے تهے - [۲۰] اور جو
لوگ بدکار هيں تو اُن کا ٹهکانا (جهنم کي) آگ هے - جب
کبهي يهه اس سے نکلنے کا اِراده کرينگے ان کو اُسي ميں پهير

ديا جائيگا - اور اُن سے کہا جائيگا که آگ کا مزه چکھو - جس
کو تم جهٹلاتے تھے - [۲۱] اور هم اُن کو بڑے عذاب کے سوا
ايك اور نزديك كے عذاب کا مزه بهي چکهائينگے - شايد وه پهر
آئيں - [۲۲] اور اُس سے بڑھ کر کون ظالم هوگا جس کو اُس
کے پروردگار کي آيتيں ياد دلائي گئيں اور پهر اُس نے اُن سے
منهه پهير ليا هم گنهگاروں سے ضرور اِنتقام لينگے -
[۲۳] اور هم نے موسىٰ کو بهي کتاب دي تهي - تو تُو بهي
اُس کے ملنے کے بارے میں شك نه کر - اور هم نے اُس کو بني
اِسرائيل کے لئے هدايت بنائي - [۲۴] اور هم نے ان ميں سے
پيشوا بنائے جو همارے حکم سے (لوگوں کو) هدايت کرتے
تھے - اور اُنهوں نے صبر بهي کيا - اور وه هماري آيتوں کا يقين
رکھتے تھے - [۲۵] بے شك قيامت کے دن تيرا پروردگار اُن کے
اِختلافات کا فيصله کر ديگا - [۲۶] کيا اُن کو اس سے هدايت
نه هوئي که هم نے اُن سے پہلے کتنے هي قرن هلاك کر ڈالے ؟ يهه
تو ان هي کے رهنے کي جگهوں ميں چلتے پهرتے هيں - بے شك
اس ميں بهي نشانياں هيں - پهر بهي کيا يهه نهيں سنتے ؟
[۲۷] کيا اُنهوں نے نهيں ديکھا که هم پاني کو پڑتي زمين
کي طرف هنکا ديتے هيں - پهر اُس سے کهيتي نکالتے هيں که
اُس ميں سے اُن کے مويشي اور وه خود کهاتے هيں - پهر بهي
کيا يهه نهيں ديکهتے ؟ [۲۸] اور يهه کهتے هيں که اگر تم
سچے هو تو يهه فيصله کب هوگا ؟ [۲۹] تو کهه دے که جو
لوگ کفر کئے ان کا ايمان فيصلے کے دن نفع نه ديگا اور نه
اُن کو ڈهيل دي جائيگي - [۳۰] تو اُن سے منهه پهير لے -
اور منتظر ره - وه بهي منتظر هيں -

سورۂ احزاب

مدني - ۷۳ آيتيں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحيم ھے

[۱] اے نبي خدا سے ڈر اور کافروں اور منافقوں کا کہا
نہ مان - بے شك خدا جاننے والا اور حکمت والا ھے - [۲] اور
تیرے پروردگار کي طرف سے جو کچھہ تجھہ پر وحي کیا جاتا
ھے اُسي کي پیروی کر - تم جو کچھہ کرتے ھو خدا بے شك
اُس کي خبر رکھتا ھے - [۳] اور خدا پر توکل کر - اور خدا
کارساز بس ھے - [۴] خدا نے کسي آدمي کے سینے میں دو دل
نہیں دئے - اور نہ تمھاری بیوبوں کو جن کو تم ماں کہہ
بیٹھتے ھو تمھاري ماں بنایا - اور نہ تمھارے لے پالکوں کو
تمھارے بیٹے بنایا - یہہ تمھارے اپنے منہہ کي بات ھے - اور
خدا تو سچ کہتا ھے اور وھي (لوگوں کو) راہ دکھاتا ھے -
[۵] اُن کو اُن کے باپوں کے نام سے پکارو - یہہ خدا کے نزدیك
زیادہ قرین اِنصاف ھے - اور اگر تم اُن کے باپ کو نہ جانتے
ھو تو وہ دین کے اِعتبار سے تمھارے بھائي اور تمھارے دوست
ھیں - اور جو تم سے اِس میں بھول ھو جائے تو تم پر کوئي
گناہ نہیں - مگر جو تمھارے دل عمداً کریں - اور خدا
بخشنے والا اور رحم والا ھے - [۶] نبي ایمان والوں پر اُن کي
جانوں سے بھي بڑھہ کر حق رکھتا ھے - اور اُس کي بیویاں
اُن کي ماں ھیں - اور خدا کي کتاب کے موافق قرابت والے
ایمان والے اور مہاجرین سے بڑھہ کر ایك دوسرے کے حقدار
ھیں - مگر یہہ کہ تم اپنے دوستوں سے نیك سلوك کرنا چاھو -

یہي کتاب میں لکھا ہوا ہے - [۷] اور جب ہم نے نبیوں سے
اُن کا قول لیا اور تجھہ سے اور نوح اور اِبراهیم اور موسیٰ اور
عیسیٰ بن مریم سے - اور اُن سے ہم نے پکا قول لیا -
[۸] کہ سچوں سے اُن کے سچ کے بارے میں پوچھے - اور
اُس نے کافروں کے لئے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے -

[۹] اے مومنو - تم پر خدا کي نعمتیں یاد کرو جب
تم پر لشکر آ پڑے - تو ہم نے اُن پر ہوا بھیجي اور لشکر
جن کو تم نے نہیں دیکھا تھا - اور خدا تمھارے کاموں کا
دیکھنے والا ہے - [۱۰] جب وہ لوگ تم پر تمھارے اُوپر
سے اور تمھارے نیچے سے چڑھہ آئے اور جب (تمھاری)
آنکھیں تک لگائے رہ گئیں اور (تمھارے) دل حلق تک
آ پہنچے اور تم خدا کے بارے میں کیا کچھہ گمان کرنے
لگے تھے - [۱۱] اُس جگہ ایمان والے آزمائے گئے تھے - اور
سخت طور پر ہلائے گئے تھے - [۱۲] اور جب منافق اور
جن کے دلوں میں بیماری تھي وہ کہنے لگے کہ خدا اور
اُس کے رسول نے ہم سے بس دھوکے کا وعدہ کیا تھا - [۱۳] اور
جب ان میں سے ایک گروہ کہنے لگا کہ اے مدینے کے رہنے
والو تمھارا ٹھکانا نہ ہوگا - پس تم پھر جاؤ - اور ان میں
سے ایک گروہ نبي سے اجازت مانگنے لگا - وہ بولے کہ ہمارے
گھر خالي ہیں - حالانکہ وہ خالي نہ تھے - وہ تو بس
بھاگنا ہي چاہتے تھے - [۱۴] اور اگر اس کے اطراف سے
ان پر آ داخل ہوں اور اُن کو فتنہ انگیزي کرنے کو کہا جائے
تو وہ ضرور کر بیٹھیں - اور ان میں تھوڑي ہي دیر رہیں -
[۱۵] حالانکہ یہہ اس سے پہلے خدا سے اقرار کرچکے تھے
کہ پیٹھہ نہ پھیرینگے - اور خدا کے اقرار کے بارے میں

پوچھا جائیگا - [۱۶] تو کہہ دے کہ اگر تم موت یا قتل سے بھاگتے ہو تو بھاگنا تم کو ہرگز نفع نہ دیگا - اور اگر ایسا ہوا بھی تو تھوڑا سا فائدہ اُٹھا لوگے - [۱۷] تو کہہ دے کہ اگر خدا تمھاری بُرائي چاہے تو کون ہے جو تم کو اُس سے بچائیگا ؟ یا تم پر رحم ہي کرنا چاہے ؟ اور نہ وہ لوگ خدا کے سوا کوئی دوست ہي پائینگے اور نہ مددگار - [۱۸] خدا اُن لوگوں کو جانتا ہے جو تم میں سے (لوگوں کو) روکتے اور اپنے بھائیوں سے کہتے ہیں کہ ہمارے پاس آؤ - اور وہ لڑائي میں نہیں آتے کے مگر تھوڑی دیر کے لئے - [۱۹] تم سے بخیلی کرتے ہیں - اور جب ڈر آتا ہے تو اُن کو دیکھیگا کہ یہہ تیري طرف دیکھتے ہیں - اُن کي آنکھیں گھومنے لگتي ہیں جیسے کسي پر موت چھا جائے - پھر جب خوف جاتا رہتا ہے تو تیز زبانی کے ساتھہ مال پر گرے پڑتے ہیں یہي لوگ ہیں جو ایمان نہیں رکھتے - پس خدا نے اُن کے کام نابود کردئے - اور خدا کے لئے یہہ آسان ہے - [۲۰] یہہ لوگ خیال کرتے ہیں کہ جماعت والے ابھي نہیں گئے - اور اگر یہہ جماعت آ پڑے تو یہہ لوگ چاہینگے کہ اے کاش دیہات میں نکل جائیں - تمھاري خبر پوچھا کرتے ہیں - اور اگر یہہ تم میں ہوں تو نہ لڑیں مگر تھوڑي سي -

[۲۱] تمھارے لئے یعني جو کوئي خدا اور روز آخرت کي اُمید رکھتا ہے اور خدا کو بہت یاد کرتا ہے اُس کے لئے رسول خدا کا عمدہ نمونہ حاضر ہے - [۲۲] اور جب ایمان والوں نے کافروں کي جماعت کو دیکھا تو بولے کہ یہہ وہي ہے جو خدا اور اُس کے رسول نے ہم سے وعدہ کیا تھا - اور خدا اور اُس کے رسول نے سچ کہا تھا - اور اس سے اُن کا ایمان اور

(اُن کي) فرماں برداري زيادہ ہوگئي - [۲۳] مسلمانوں ميں
ايسے آدمي بھي ہيں کہ خدا سے جو اُنھوں نے عہد کر ليا
اُس کو سچ کر دکھايا - تو ان ميں وہ بھي تھے جو اپنا کام
پورا کرچکے اور ان ميں ايسے بھي ہيں کہ اِنتظار کرتے
ہيں - اور وہ کچھہ بھي نہيں بدلے - [۲۴] کہ خدا
سچوں کو اُن کے سچ کا بدلہ دے اور منافقوں کو چاہے
عذاب کرے يا اُن کي توبہ قبول کرے - بے شک خدا
بخشنے والا اور رحم والا ہے - [۲۵] اور خدا نے کافروں کو
اُن ہي کے غصے ميں پھير ديا - اُن کو کچھہ فائدہ نہ ہوا -
اور لڑائي ميں حدا مسلمانوں کو بس ہوا - اور خدا قوي
اور زبردست ہے - [۲۶] اور جو لوگ اہل کتاب ميں سے
اُن کي پشت پناہي کرتے تھے اس نے اُن کو اُن کے قلعوں سے
اُتار لايا اور اُن کے دلوں ميں رعب بيٹھا دی - ايك گروہ کو
تم نے قتل کيا اور ايك گروہ کو قيد - [۲۷] اور اُس نے تم کو
اُن کي زمين اور اُن کے مکان اور اُن کے مال اور وہ زمين
جس ميں تم نے پاؤں بھي نہ رکھا تھا سب کا وارث کيا -
اور خدا ہر چيز پر قادر ہے -

[۲۸] اے نبي اپني بيويوں سے کہہ دے کہ اگر تم دنيا کي
زندگي اور اُس کي زينت چاہتي ہو تو آؤ ميں تم کو کچھہ
فائدہ ديتا ہوں اور تم کو خوبصورتي کے ساتھہ رخصت کرتا
ہوں - [۲۹] اور اگر تم خدا اور اُس کے رسول کو اور آخرت کا
گھر چاہتي ہو تو حو تم ميں سے نيك ہيں خدا نے اُن کے لئے
بڑا اجر تيار کر رکھا ہے - [۳۰] اے نبي کي بيويو تم ميں سے
جو کوئي صريح بے حيائي کرے تو اُس کو دونا عذاب ديا
جائيگا - اور يہہ خدا کے لئے آسان ہے - ¶ [۳۱] اور جو تم

ميں سے حدا اور أس كے رسول كي فرماں‌برداري كرے اور نيك كام بهي كرے هم أس كو أس كا دونا اجر دينگے - اور هم نے أس كے لئے اچها رزق تيار كر ركها هے - [۳۲] اے نبي كي بيويو تم هر ايك عورت كے مانند نهيں - اگر تم (حدا سے) ڈرتي هو تو كسي مرد سے دب كر نه بولو - نهيں تو حس كے دل ميں مرض هے وه كچهه توقع ركهيگا - اور سيدهي بات كها كرو - [۳۳] اور اپنے گهروں ميں بيٹهي رهو اور اگلي حاهليت كے وقت كا بناؤ نه كرو - اور نماز بر قائم رهو اور زكواة دو اور حدا اور رسول كی فرماں برداری كرو - اے اهل بيت حدا تو بس چاهتا هے كه تم سے پليدی دور كرے اور تم كو پاك صاف ركهے - [۳۴] اور تمهارے گهروں ميں حو حدا كي آيتيں اور حكمت كي باتيں پڑهه كر سنائي حاتي هيں أن كو ياد ركهو - بے شك حدا لطف والا اور حبر ركهنے والا هے -

[۳۵] بے شك مسلمان مرد اور مسلمان عورتيں اور ايمان والے مرد اور ايمان والي عورتيں اور فرماں بردار مرد اور فرماں بردار عورتيں اور سچے مرد اور سچي عورتيں اور صبر كرنےوالے مرد اور صبر كرنے والي عورتيں اور عاجزی كرنے والے مرد اور عاجزي كرنے والي عورتيں اور حيرات كرنے والے مرد اور خيرات كرنے والي عورتيں اور روزه ركهنے والے مرد اور روزه ركهنے والي عورتيں اور اپني شرمگاهوں كي حفاظت كرنے والے مرد اور حفاظت كرنے والي عورتيں اور خدا كو ياد كرنے والے مرد اور ياد كرنے والي عورتيں - خدا نے ان كے لئے بخشش تيار كر ركهي هے اور بڑا احر - [۳۶] اور يهه مسلمان مرد اور مسلمان عورت كا كام نهيں كه جب خدا اور أس كا رسول كسي بات كو فيصله كرديں تو أس بات ميں پهر أن كا اختيار رهے - اور

جو کوئي خدا اور اُس کے رسول سے سرکشي کرے تو وہ صریح گمراهي میں هے - [۳۷] اور جب تونے اس شخص سے کہا جس پر خدا نے نعمتیں کیں اور تو بھي اُس پر نعمتیں کرتا رها که اپني بیوی کو اپنے پاس رکھہ اور خدا سے ڈر - اور تونے اس بات کو اپنے دل میں چھپایا جس کو خدا ظاهر کرنے والا تھا - اور تو لوگوں سے ڈرا حالانکه خدا اُس کا زیادہ حقدار تھا که تو اس سے ڈرے - تو جب زید کو اُس کے بارے میں جو کچھہ کرنا تھا اُس نے کر ڈالا تو هم نے تیرے ساتھہ اُس کا نکاح کر دیا که مسلمانوں کے لیے تاکہ جب اپنی بیویوں کے بارے میں اُن کو جو کرنا هو کر چکیں تو مسلمانوں کے لئے اُن کے بارے میں کوئی حرج نه رهے - اور خدا کا حکم هوکر رهیگا - [۳۸] خدا نے نبی کے لئے جو بات مقرر کردی هو اس میں اُس کے لئے کوئی حرج نہیں - جو پہلے گزر چکے هیں ان میں بھی یہی خدا کا طریقه رها - اور خدا کے کام جچے تلے هوتے هیں - [۳۹] وہ لوگ بھی خدا کے پیغام پہنچاتے اور اس سے ڈرتے اور خدا کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے - اور خدا حساب لینے کے لئے بس هے - [۴۰] محمد تم میں سے کسی شخص کا باپ نہیں لیکن وہ خدا کا رسول اور خاتم‌النبی هے - اور خدا هر چیز کا جاننے والا هے -

[۴۱] مومنو- خدا کو خوب یاد کرو [۴۲] اور صبح و شام اُس کي تسبیح کرو- [۴۳] وهی هے جو تم پر درود بھیجتا هے اور اُس کے فرشتے بھي - تا کہ وہ تم کو اندھیروں سے نکال کر روشني کي طرف لے جائے - اور وہ ایمان والوں پر رحم کرنے والا هے - [۴۴] جس دن یہہ لوگ اُس سے ملاقات کرینگے (اُس کا)

سلام اُن كي دعاء خير هوگي - اور اُس نے اُن کے لئے عزت کا
اجر تيار كر ركها هے - [۴۵] اے نبي هم نے تجكو گواهي دينے
والا اور خوش خبري دينے والا اور ڈرانے والا بنا كر بهيجا هے -
[۴۶] اور خدا کے حکم سے اُس كي طرف بلانے والا اور روشن
چراغ - [۴۷] اور ايمان والوں كو خوش خبري دے كه اُن پر
خدا كا بڑا فضل هے - [۴۸] اور كافروں اور منافقوں كا كها نه
مان - اور اُن كي تكليف دهي كا خيال نه كر - اور خدا پر
توكل كر - اور خدا وكيل بس هے - [۴۹] مومنو جب تم
مومن عورتوں سے نكاح كرو پهر اُن كو چهونے سے پہلے طلاق
ديدو تو تمهارے لئے اُن پر كوئي عدت نهيں كه تم اُس كو
گنو - مگر اُن كو كچهه فائده دو اور اُن كو خوبصورتي کے
ساتهه رخصت كر دو - [۵۰] اے نبي هم نے تجكو تمهاري
بيوياں حلال كر دي هيں جن كو تونے اُن کے مهر دئے هيں
اور جو تيرے هاتهوں ميں هيں جن كو خدا نے تجكو
دلوا ديا هے - اور تيرے چچا كي بيٹياں اور تيري پهوپهيوں
كي بيٹياں اور تيرے ماموؤں كي بيٹياں اور تيري خالاؤں كي
بيٹياں جنهوں نے تيرے ساتهه هجرت كي هے - اور مسلمان
عورت اگر وه اپنے تئيں نبي كو ديدے اگر نبي اُس سے نكاح
كرنا چاهے - يهه خاص تيرے هي لئے هے مسلمانوں کے لئے
نهيں - هم جانتے هيں جو هم نے اُن كي بيويوں اور جو
ان کے هاتهه ميں هيں اُن کے بارے ميں اُن پر فرض كيا
هے تاكه تيرے لئے كوئي حرج نه رهے - اور خدا بخشنے والا
اور رحم والا هے - [۵۱] اُن ميں سے تو جس كو چاهے الگ
ركهه اور جس كو چاهے اپنے پاس ركهه اور جن كو تونے الگ
كر ديا تها اُن ميں سے كسي كو پهر بلا لے - تجهه پر كوئي

گناه نهیں - یهہ اِس لئے کہ اُن کی آنکهیں تهنڈي رهینگي اور وہ غم نہ کهائینگي اور جو تو ان کو دے دیگا اُس کو لے کر یہہ سب خوش رهینگي - اور خدا جانتا هے جو تمهارے دلوں میں هے - اور خدا جاننے والا اور تحمل والا هے - [۵۲] اِس کے بعد سے تیرے لئے عورتیں حلال نهیں اور نہ یہہ کہ اُن کے بدلے دوسری بیویاں کر لے اگرچہ بهی اُن کا حسن تجهکو پسند آجائے مگر جو تیرے هاتهہ میں هیں - اور خدا هر چیز پر نگهبان هے -

[۵۳] مومنو نبي کے گهروں میں نہ داخل هو یہاں تک کہ تم کو کهانے کے لئے اِجازت دی جائے کہ تم کو اُس کے پکنے کا انتظار نہ کرنا پڑے بلکہ جب تم کو بلایا جائے تو داخل هو - اور جب کها چکو تو الگ الگ هو جاؤ - اور بات کرنے میں نہ لگ جاؤ - اس سے نبی کو تکلیف هوتي هے - اور وہ تم سے شرماتا هے - لیکن خدا سچ بات سے نہیں شرماتا - اور جب ان سے کوئي چیز مانگنا هو تو ایک پردے کے پیچهے سے مانگو - یہہ تمهارے دلوں کو اور ان کے دلوں کو پاک رکهیگا - اور تم کو نہیں چاهئے کہ رسول خدا کو ایذا دو - اور نہ یہہ کہ اس کي بیوي کو اُس کے بعد کبهي بهي نکاح کرو - یہہ خدا کے نزدیک بڑی بات هے - [۵۴] اگر تم کوئي بات ظاهر کرو یا اس کو چهپاؤ تو خدا هر چیز کا جاننے والا هے - [۵۵] ان کے باپوں کے بارے میں ان پر کوئي گناه نهیں اور نہ اُن کے بهائیوں کے بارے میں اور نہ اُن کے بهائیوں کے بیٹوں کے بارے میں اور نہ ان کی عورتوں کے بارے میں اور جو کوئي ان کے هاتهہ میں هیں اُن کے بارے میں بهي نهیں - اور (اے عورتو) خدا سے ڈرو - بے شک خدا هر چیز پر گواہ هے -

[۵۶] خدا اور اُس کے فرشتے نبي پر درود بھیجتے ھیں - اے مومنو تم بھي اُس پر سلام بھیجا کرو - [۵۷] جو لوگ خدا اور اس کے رسول کو ایذا دیتے ھیں خدا ان پر اس دنیا میں اور آخرت میں لعنت کرتا ھے - اور اُن کے لئے اُس نے رسوائي کا عذاب تیار کر رکھا ھے - [۵۸] اور جو لوگ ایمان والے مردوں کو اور ایمان والی عورتوں کو ایذا دیتے ھیں حالانکہ اُنھوں نے کچھ نہیں کیا تو وہ بہتان اور صریح گناہ اپنے اوپر لیتے ھیں -

[۵۹] اے نبی اپنی بیویوں اور اپنی بیٹیوں اور مسلمانوں کي عورتوں سے کہہ دے کہ اپنے اُوپر اپنی چادریں ڈال لیں - اس سے وہ جلد پہچانی جائینگی اور اُن کو ایذا نہ پہنچیگی - اور خدا بخشنے والا اور رحم والا ھے - [۶۰] اگر منافق اور جن لوگوں کے دلوں میں بیماري ھے اور جو لوگ شہر میں بری خبریں اُڑایا کرتے ھیں باز نہ رھے تو ھم تجکو اُن کے پیچھے لگا دینگے - پھر تو وہ شہر میں تیرے پڑوس میں نہ رھینگے مگر تھوڑے دن - [۶۱] وہ بھی لعنتي ھوکر - جہاں کہیں پائے جائینگے پس پکڑے جائینگے اور خوب قتل کئے جائینگے - [۶۲] جو لوگ اِس سے پہلے گزرے ھیں اُن کے بارے میں یہي خدا کا طریق رھا ھے - اور تو ھرگز خدا کے طریق میں کوئي تبدیلی نہ پائیگا - [۶۳] لوگ تجھہ سے (قیامت کي) گھڑي کے بارے میں پوچھتے ھیں - تو کہہ دے اِس کا علم تو بس خدا ھي کو ھے - اور تو کیا جانے شاید وہ گھڑي قریب ھو - [۶۴] خدا نے کافروں پر لعنت کي ھے اور اُن کے لئے (دوزخ کی) دھکتي ھوئي آگ تیار کر رکھي ھے - [۶۵] ھمیشہ ھمیشہ اُسي میں رھینگے - نہ وہ کوئي دوست پائینگے اور نہ مددگار - [۶۶] جس دن اُن کے منھہ آگ میں

پهيرے جائينگے وہ کهينگے کہ اے کاش هم نے خدا کي اِطاعت
اور رسول کی اِطاعت کي هوتي - [٦٧] اور يهہ کهينگے کہ اے
همارے پروردگار هم نے اپنے سرداروں اور بڑوں کي اِطاعت کي اور
اُنهوں نے هم کو راہ سے بهٹکا ديا - [٦٨] اے همارے پروردگار
اُن کو دونا عذاب دے اور اُن پر خوب لعنت کر -

[٦٩] اے مومنو اُن لوگوں کے مانند نہ هو جنهوں نے
موسیٰ کو ايذا دي - مگر خدا نے اُن کي باتوں سے اُس کو بري
کيا - اور وہ خدا کے نزديك آبرو والا تها - [٧٠] اے مومنو
خدا سے ڈرو اور سيدهي بات کهو - [٧١] وہ تمهارے لئے
تمهارے کام سنوار ديگا اور تم کو تمهارے گناہ بخش ديگا -
اور جو کوئي خدا اور اُس کے رسول کي اطاعت کرے تو وہ بڑي
مراد کو پهنچا - [٧٢] هم نے اُس امانت کو آسمان اور زمين
اور پهاڑوں کے روبرو پيش کيا تها مگر اُنهوں نے اس کے اُٹهانے سے
اِنکار کيا اور اُس سے ڈرے ليکن آدمي نے اُس کو اُٹها ليا - وہ
تو ظالم اور جاهل هے هي - [٧٣] کہ خدا منافق مردوں کو اور
منافق عورتوں کو اور مشرك مردوں کو اور مشرك عورتوں کو
عذاب دے اور خدا ايمان والے مرد اور ايمان والي عورتوں کي
توبہ قبول کرے - اور خدا بخشنے والا اور رحم والا هے -

سورهٔ سبا

مکي - ٥٤ آيتيں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحيم هے

[١] تعريف خدا هي کو هے کہ اُسي کا هے جو کچهہ
آسمان اور جو کچهہ زمين ميں هے اور آخرت ميں بهي اُسي

کي نعریف هے - اور وہ حکمت والا اور حبر رکھنے والا هے -
[۲] وہ جانتا هے حو زمین مس داحل هوتا هے اور جو اُس
سے نکلتا هے اور حو آسمان سے اترتا هے اور حو اُس میں جڑھتا
هے - اور وهي رحم والا اور بخشنے والا هے - [۳] اور جو
لوگ کفر کرتے هیں وہ کہتے هیں کہ وہ گھڑی همارے پاس نہ
آئیگي - نو کہہ دے کہ نہیں - میرے پروردگار کي قسم یہہ
ضرور تم پر آ پڑیگي - وہ عالم الغیب هے - ذرہ بھر بھي آسمان
اور زمین میں اُس سے پوشیدہ نہیں اور نہ اُس سے چھوٹي اور
نہ بڑي مگر سب کتاب میں صاف صاف لکھي هیں -
[۴] کہ حو لوگ ایمان رکھتے اور نیک کام کرتے اُن کو جزائے
(خیر) دے - اُن هي لوگوں کے لئے بخشش اور عزت کي
روزي هے - [۵] اور حن لوگوں نے هماري آیتوں کو عاحز
کرنے میں کوشش کي تو اُن هي لوگوں کے لئے عذاب
دردناک کی سزا هے - [۶] اور حن لوگوں کو علم دیا گیا
هے وہ جانتے هیں کہ حو کچھہ تجھہ پر تیرے پروردگار کي
طرف سے نازل هوا هے وہ حق هے اور زبردست تعریف کے
لایق (حدا) کی راہ دکھاتا هے - [۷] اور حو لوگ کفر کرتے
هیں وہ کہتے هیں کہ کیا هم تم کو وہ آدمي بتادیں حو
تم کو حبر دیگا کہ جب تم ایک بارگی ریزہ ریزہ هوجاؤگے تو
تم کو نئي پیدایش میں آنا هوگا ؟ [۸] کیا اُس نے حدا پر
جھوٹ باندھہ لیا هے یا اس کو جنون هوگیا هے ؟ نہیں -
جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے وہ عذاب میں هونگے
اور گمراهي میں بڑي دور - [۹] تو کیا اُنھوں نے آسمان
اور زمین کي طرف جو اُن کے آگے اور اُن کے پیچھے هیں
نہیں دیکھا ؟ اگر هم چاهیں تو اُن کو زمین میں

دھنسادیں یا اُن پر آسمان کے ٹکڑے گرادیں - ھر ایک رجوع
کرنے والے بندے کے لئے اسي میں ایك نشاني ھے -
[۱۰] اور ھم نے داؤد کو اپني طرف سے فضیلت دي -
اے پہاڑو اُس کے ساتھہ تسبیح کرو - اور پرندوں کو بھي
(یہي حکم دیا) - اور اُس کے لئے ھم نے لوھے کو نرم کردیا
تھا [۱۱] کہ پوري زرھیں بنا اور پرونے میں اندازہ رکھہ -
اور نیك عمل کر - میں دیکھتا ھوں جو تم کرتے ھو -
[۱۲] اور ھوا کو سلیمان کے مسخر کیا کہ اُس کي صبح کي
سیر ایك مہینے کي ھوتي اور اُس کي شام کي سیر بھي ایك
مہینے کي ھوتي - اور ھم نے اُس کے لئے تانبے کا چشمہ بہا
دیا - اور جن میں سے ایسے بھي تھے جو اُس کے پروردگار کے
حکم سے اُس کے ھاتھہ کے نیچے کام کرتے تھے - اور ان میں سے
جو کوئي ھمارے حکم سے کجي کریگا ھم اُس کو دھکتي
ھوئي آگ کا مزہ چکھائینگے - [۱۳] وہ اُس کے واسطے بناتے
تھے جو وہ چاھتا تھا - قلعے اور تصویریں اور تالابوں کے
مانند لگن اور بڑي بڑي دیگیں - اے آل داؤد شکر کرو -
اور میرے بندوں میں تھوڑے ھي لوگ شکر گزار ھوتے ھیں -
[۱۴] پھر جب ھم نے اُس پر موت کا حکم دیا تو اُن کو
اُس کے موت کي خبر نہ ھوئي مگر زمین کے کیڑے نے اُس کے
عصا کو کھا لیا - تو جب وہ گر پڑا تو جنوں کو معلوم ھوگیا
کہ اگر وہ بے دیکھي بات جانتے تو رسوائي کے عذاب میں نہ
ٹھہرتے - [۱۵] سبا کے لئے اُن کے گھروں میں ایك نشاني
تھي - داھنے طرف اور بائیں طرف دو باغ تھے - اپنے پروردگار کا
دیا ھوا رزق کھاؤ اور اُس کا شکر کرو - اچھا شہر اور بخشنے
والا پروردگار - [۱۶] تو اُنھوں نے منھہ پھیر لیا - تو ھم نے

اُن پر زور کا سیلاب بھیجا اور ہم نے اُن کے دو باغوں کو
دو ایسے باغوں سے بدل دیا کہ اُن کے پھل بد مزہ تھے - اور
جھاؤ تھے اور کچھہ بیري - [۱۷] یہہ ہم نے اُن کو اُن کے کفر
کا بدلہ دیا - اور ہم ناشکروں ہی کو یہہ بدلہ دیتے ہیں -
[۱۸] اور ہم نے اُن کے اور اُن کي بستي کے درمیان جن میں
ہم نے برکت دي تھي بستیاں بنا رکھي تھیں جو دکھلائي
دیتي تھیں - اور اُن میں سرائیں مقرر کردی تھیں - ان
میں رات اور دن امن کے ساتھہ سیر کرو - [۱۹] تو وہ بولے
اے ہمارے پروردگار ہمارے سفر کو دور دور کا کر دے - یہہ اپنے
آپ پر ظلم کئے - پھر ہم نے اُن کو قصے بنا دئے - اور
ہم نے اُن کو الگ الگ کردیا - اس میں بھي ہر صبر کرنے
والے اور شکر گزار شخص کے لئے نشانیاں ہیں - [۲۰] اور
اِبلیس نے اُن پر اپنا گمان سچا کر دکھایا - تو یہہ اُسي کے
پیچھے ہوگئے مگر ایمان والوں کا گروہ - [۲۱] اور اُس کے پاس
اُن کے لئے کوئي دلیل تو تھي نہیں مگر یہہ تاکہ جو لوگ
آخرت پر ایمان رکھتے ہیں ہم اُن کو ان لوگوں سے جدا
جان لیں جو اس بارے میں شك میں ہیں - اور تیرا
پروردگار ہر چیز پر نگہبان ہے -

[۲۲] تو کہہ دے کہ خدا کے سوا جن کو تم (اپنا معبود)
سمجھتے ہو اُن کو بلاؤ - نہ یہہ آسمان ہي میں ایك ذرہ
بھر کے مالك ہیں اور نہ زمین ہي میں - اور نہ اِن دونوں میں
ان کا حصہ ہے اور نہ اِن میں سے کوئی اس کا پشت پناہ ہے -
[۲۳] اور اس کے آگے شفاعت نفع نہیں دینے کي مگر جس کو
وہ اِجازت دے - یہانتك کہ جب اُن کے دلوں سے اِضطراب دور
کیا جائے تو کہتے ہیں کہ تمہارے پروردگار نے کیا کہا ہے ؟ وہ

کهتے هيں که سچ کها هے - اور وه بلند مرتبه اور بڑا هے -
[۲۴] تو کهه دے که آسمان اور زمين سے تم کو کون رزق ديتا
هے ؟ تو کهه دے که خدا - اور هم يا تم ضرور هدايت پر هو يا
صريح گمراهي ميں - [۲۵] تو کهه دے که تم سے همارے
گناهوں کے بارے ميں نهيں پوچها جائيگا - اور نه هم سے
تمهارے کئے کے بارے ميں - [۲۶] تو کهه دے که همارا پروردگار
هم کو جمع کريگا پهر هم ميں حق حق فيصله کر ديگا -
اور وهي فيصله کرنے والا اور جاننے والا هے - [۲۷] تو کهه دے
که جن کو تم شريك بنا کر اُس کے ساتهه ملاتے هو انهيں مجهے
بهي دکهاؤ - هرگز نهيں - بلکه وهي خدا هے - زبردست
حکمت والا - [۲۸] اور هم نے تو تجهکو بس تمام لوگوں کو
خوش خبري دينے اور ڈرانے کے لئے بهيجا هے - مگر اکثر لوگ
نهيں جانتے - [۲۹] اور وه کهتے هيں که اگر تم سچ کهتے
هو تو يهه وعده کب هوگا ؟ [۳۰] تو کهه دے که تم سے جس
دن کا وعده هے تم نه اُس سے ايك گهڑي پيچهے رهو گے اور نه
آگے نکل جاؤ گے -

[۳۱] اور کافر کهتے هيں که هم اس قرآن پر هرگز ايمان
نه لائينگے - اور نه اس پر جو اِس سے پہلے هے - اے کاش تو ديکهے
جب يهه ظالم اپنے پروردگار کے سامنے کهڑے کئے جائينگے -
ايك دوسرے سے حجت کرتا هوگا - جو لوگ بے بس تهے وه
تکبر کرنے والوں سے کهينگے که اگر تم نه هوتے تو هم ضرور ايمان
لائے هوتے - [۳۲] تکبر کرنے والے بے بس لوگوں سے کهينگے که
جب تمهارے پاس هدايت آئي تو کيا اُس کے بعد هم نے تم کو
اُس سے روکا ؟ نهيں - تم هي گنهگار تهے - [۳۳] اور بے بس
لوگ تکبر کرنے والوں سے کهينگے که نهيں رات کو اور دن کو

تم هي تدبيريں کيا کرتے تھے جب تم هم کو حکم کرتے تھے کہ
هم خدا سے کفر کريں اور دوسروں کو اُس کے برابر ٹھہرائيں -
اور جب يہہ عذاب کو ديکھينگے تو دل هي دل ميں نادم
هونگے - اور جو لوگ کفر کرتے هيں هم اُنکي گردنوں ميں
طوق ڈال دينگے - وہ تو بس اپنے هي کئے کي جزا پائينگے -
[۳۴] اور هم نے کسي بستي ميں کوئي ڈرانے والا نہيں بھيجا
مگر اُس کے خوش حال لوگوں نے کہا کہ هم نہيں مانتے اُس
چيز کو جو تم لے کر آئے هو - [۳۵] اور وہ کہتے هيں کہ مال
اور اولاد کے اعتبار سے هم بڑھہ کر هيں - اور هم کو عذاب
نہيں هوگا - [۳۶] تو کہہ دے کہ ميرا پروردگار جس کا رزق
چاهتا هے کشادہ کرتا هے اور پھر بند بھي کر ديتا هے - مگر
اکثر لوگ نہيں جانتے -

[۳۷] اور نہ تمھارے مال اور نہ تمھاري اولاد تم کو همارا
مقرب کرسکتے - مگر جو کوئي ايمان لايا اور نيکي کي
تو يہي هيں جن کو اُن کے کئے کي دوني جزا مليگي - اور وہ
امن سے بالا خانوں ميں هونگے - [۳۸] اور جو لوگ هماري
نشانيوں کو عاجز کرنے ميں کوشش کرتے هيں - يہي لوگ
عذاب کے لئے حاضر کئے جائينگے - [۳۹] تو کہہ دے کہ ميرا
پروردگار اپنے بندوں ميں سے جس کا رزق چاهتا هے کشادہ کرتا
هے يا اُس کو نپا تلا کرديتا هے - اور تم کوئي چيز بھي خرچ
کرو وہ اُس کا بدلہ ديگا - اور وهي سب سے اچھا رزق
دينے والا هے - [۴۰] اور جس دن وہ اُن سب کو جمع کريگا
اور پھر فرشتوں سے کہيگا کہ کيا يہي لوگ تمھاري عبادت
کيا کرتے تھے؟ [۴۱] وہ کہينگے کہ توهي پاک هے - توهي
همارا کارساز هے نہ يہہ - نہيں - يہہ تو شيطان کي

عبادت کرتے تھے - ان میں اکثر اُن هي پر ایمان رکھتے
تھے - [۴۲] تو آج کے دن تم میں ایک دوسرے کو نفع نہیں
پہنچا سکتا اور نہ ضرر - اور هم ظالموں سے کہینگے کہ
(دوزخ کی) آگ کا عذاب جس کو تم جھٹلاتے تھے چکھو -
[۴۳] اور جب اُن کو هماري بين دليليں پڑھ کر سنائي
جاتي هيں تو وہ کہتے هیں یہہ تو بس ایک آدمی هے جو
چاهتا هے کہ جن کی تمهارے باپ دادے عبادت کرتے تھے تم کو
اُن سے روک دے - اور یہہ کہتے هیں کہ یہہ تو بس جھوٹ
هے جو باندھہ لیا هے - اور جو لوگ کفر کرتے هیں جب ان کے
پاس حق آ گیا تو وہ کہتے هیں کہ یہہ تو بس صریح جادو
هے - [۴۴] اور هم نے تو ان کو کتابیں نہیں دیں کہ وہ پڑھتے
هوں اور نہ تجھہ سے پہلے ان کي طرف کوئي ڈرانے والا
بھیجا - [۴۵] اور ان سے اگلوں نے بھي جھٹلایا تھا -
اور جو هم نے اُن کو دیا تھا یہہ اُس کے دسویں حصے کو بھي
نہیں پہنچے - تو اُنھوں نے میرے رسولوں کو جھٹلایا -
تو میں کیسا نا خوش هوا -

[۴۶] تو کہہ دے کہ میں تم کو بس ایک نصیحت کرتا
هوں - کہ خدا کے آگے دو دو اور ایک ایک کھڑے هو جاؤ پھر
غور کرو - تمهارے ساتھی کو کوئي جنون تو هے نہیں - یہہ
تو بس سخت عذاب سے پہلے تم کو ڈراتا هے - [۴۷] تو کہہ
دے کہ میں تم سے کوئي اجر نہیں مانگتا - تم اپنے هي پاس
رکھو - میرا اجر تو بس خدا هي کے ذمے هے - اور وهي هر چیز
پر گواہ هے - [۴۸] تو کہہ دے کہ میرا پروردگار حق چلاتا
هے - وهي غیب کا جاننے والا هے - [۴۹] تو کہہ دے کہ حق
آگیا اور باطل نہ تو ابھي کچھہ کر سکیگا اور نہ پھر کبھی -

[۵۰] تو کہہ دے کہ اگر میں گمراہ ہوا تو میں اپنے هي لئے
گمراہ هوا - اور اگر میں نے هدایت پائي تو یہہ بہ سبب
اس کے هے جو میرے پروردگار نے میری طرف وحي کي هے -
بے شك وہ سننے والا اور نزدیك هے - [۵۱] اور اے کاش تو
دیکھے جب یہہ گھبرائینگے اور نہ بھاگ سکینگے اور پاس هي
پکڑے جائینگے [۵۲] اور وہ کہینگے کہ هم اس پر ایمان
لائے - اور اپني دور کہاں اُن کا هاتھہ پہنچ سکتا هے ؟
[۵۳] اور پہلے اس پر وہ کفر کرتے تھے - اور دور هی سے بےدیکھے
گمان کیا کرتے تھے - [۵۴] اور اُن کے اور اُن کي خواهشوں کے
درمیان پردہ ڈال دیا جائیگا جس طرح اس سے پہلے اُن هي
کے ذات بھائیوں سے کیا گیا تھا - وہ شك میں ڈوبے هوئے
تھے -

سورۃ فاطر

مکي - ۴۵ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم هے

[۱] تعریف خدا کو جو بنانے والا هے آسمان اور زمین
کا - جو فرشتوں کو پیغام لانے والا بنانا هے جن کے دو دو اور
تین تین اور چار چار پر هوتے هیں - بنانے میں جو چاهتا
هے زیادہ کردیتا هے - بے شك خدا هر چیز پر قادر هے -
[۲] خدا جو لوگوں کے لئے رحمت کھولے تو پھر اُس کا
روکنے والا کوئی نہیں - اور جو وہ روك دے تو اُس کے بعد
پھر کوئي اُس کو بھیجنے والا نہیں - اور وہ زبردست حکمت
والا هے - [۳] لوگو خدا کي نعمتیں جو تم پر هیں اُن کو

یاد کرو - خدا کے سوا کیا کوئي پیدا کرنے والا ھے جو آسمان
اور زمین سے تم کو رزق دے؟ اُس کے سوا کوئي معبود
نہیں - پھر کہاں بھٹکے جاتے ھو؟ [۴] اور اگر یہہ
تجکو جھٹلائیں، تو تجھہ سے پہلے بھي رسول جھٹلائے
جا چکے ھیں - اور تمام باتیں خدا ھي کي طرف رجوع
ھونگي - [۵] اے لوگو خدا کا وعدہ سچا ھے - تو تم کو
دنیا کي زندگي فریب میں نہ ڈالے اور نہ تم کو خدا کے
بارے میں فریب دینے والا فریب دے - [۶] شیطان تو
تمھارا دشمن ھے - تو اُس کو دشمن ھي رکھو - وہ تو اپنے
گروہ کو بلاتا ھے کہ وہ بھي (جہنم کي) دھکتي ھوئي آگ
میں ساتھي ھوں - [۷] جو لوگ کفر کرتے ھیں اُن کے
لئے سخت عذاب ھے - اور جو لوگ ایمان رکھتے اور نیک کام
کرتے ھیں ان کے لئے بخشش اور بڑا اجر ھے -

[۸] تو کیا جس کا بُرا کام اُس کو اچھا کرکے دکھایا گیا ھے
اور وہ اس کو اچھا ھي دیکھتا ھے (وہ نیک لوگوں کے برابر ھے؟) -
بے شک خدا جس کو چاھتا ھے گمراہ کرتا ھے اور جس کو چاھتا
ھے ھدایت کرتا ھے - تو اُن کے لئے مارے افسوس کے اپني
جان نہ دے ڈال - بے شک خدا خوب جانتا ھے جو یہہ کرتے
ھیں - [۹] اور خدا وہ ھے کہ ھواؤں کو بھیجتا ھے اور وہ
بادلوں کو اُٹھاتي ھیں - پھر ھم اُس کو مردہ شہر کي طرف
ھانك کر لے جاتے ھیں اور اُس سے مري ھوئي زمین کو زندہ کرتے
ھیں - اسي طرح (قیامت کے دن بھي تم سب کو) نکال
کھڑا کرینگے - [۱۰] جو کوئي عزت چاھے تو ساري عزت تو
خدا کے ھاں ھے - اچھي باتیں سب اُس تك پہنچتي ھیں -
اور نیك کاموں کو وہ بلند کرتا ھے - جو لوگ بُري تدبیریں

کرتے هیں اُن کے لئے سخت عذاب ھے - اور اُن ھي کي تدبیر
ضائع جائیگي - [۱۱] اور خدا نے تم کو مٹي سے بنایا - پھر
نطفے سے - پھر تم کو جوڑے جوڑے بنائے - اور کسي مادے
کو حمل نہیں رھتا اور نہ وہ جنتي ھے مگر اُس کے علم سے -
اور نہ کوئي مُسن مُسن ھوتا اور نہ اُس کي عمر سے کچھہ
کم کیا جاتا مگر وہ بھي کتاب میں ھے - یہہ خدا کے لئے
آسان ھے - [۱۲] اور دو دریا برابر نہیں - ایك شیریں پیاس
بجھانے والا خوش گوار اور ایک کھاری کڑوا - اور دونوں سے
تم تازہ گوشت کھاتے ھو اور گہنا نکالتے ھو کہ اُس کو
پہنتے ھو - اور تو اُس میں کشتیوں کو دیکھتا ھے کہ پاني
پھاڑتي ھیں تاکہ تم اُس کا فضل ڈھونڈو اور تاکہ تم شکر
گزار ھو - [۱۳] وہ رات کو دن میں داخل کرتا ھے اور دن کو
رات میں داخل کرتا ھے - اور اُس نے سورج اور چاند مسخر
کئے ھیں - سب ایك وقت مقرر تك چلتے ھیں - یہي خدا
تمہارا پروردگار ھے - اُسي کي سلطنت ھے - اور اُس کے سوا تم
جن کو پکارتے ھو وہ ایك کھجور کے چھلکے کے بھي مالك
نہیں - [۱۴] اگر تم اُن کو پکارو تو وہ تمھارا پکارنا نہ
سنینگے - اور اگر وہ سنیں تو تم کو جواب نہ دینگے - اور
قیامت کے دن وہ تمھارے شرك سے اِنکار کرینگے - اور خبر
رکھنے والے (خدا) کي طرح کوئي تجکو خبر نہیں دے
سکتا -

[۱۵] اے لوگو تم خدا کے محتاج ھو - اور خدا تو غني
اور تعریف کے لائق ھے - [۱۶] اگر وہ چاھے تو تم کو لے کر
چل دے اور ایك نئي خلقت کو لے آئے - [۱۷] اور یہہ
خدا کے لئے مشکل نہیں - [۱۸] اور کوئي بوجھہ اُٹھانے

والا دوسرے کا بوجھہ نہیں اتھانے کا - اور اگر کوئي بوجھہ
اُتھانے والا اپنے بوجھہ کے لئے بلائے تو بھي اُس کے بوجھہ
میں سے کچھہ بھي نہیں اُتھایا جائیگا اگرچہ بھي وہ
قرابت والا هي هو - تو تو بس اُن هي کو ڈراتا هے جو اپنے
پروردگار سے غائبانہ ڈرتے اور نماز پر قائم رهتے - اور جو کوئي
پاك صاف رهے تو وہ اپنے هي لئے پاك صاف رهتا هے - اور خدا
هي کي طرف پھرکر جانا هے - [۱۹] اور اندھا اور دیکھنے والا
برابر نہیں - [۲۰] اور نہ اندھیرا اور روشني - [۲۱] اور نہ
سایہ اور دھوپ - [۲۲] اور زندے اور مردے بھي برابر نہیں -
اور خدا سناتا هے جس کو چاهے - اور جو لوگ قبر میں هیں
اُن کو تو نہیں سنا سکتا - [۲۳] تو تو بس ڈرانے والا هے -
[۲۴] هم نے سچ مچ تجکو خوش خبري دینے کو اور ڈرانے
کو بھیجا هے - اور کوئي اُمت نہیں کہ اُس میں ڈرانے والا نہ
گزرا هو - [۲۵] اور اگر یہہ تجکو جھتلائیں تو اُن سے پہلے
والوں نے بھي جھتلایا هي تھا - اُن کے رسول اُن کے پاس بین
دلیلیں اور صحیفے اور روشن کتاب لے کر آئے - [۲۶] پھر
میں نے کافروں کو پکڑا - اور میری نا خوشي کیسي تھي ؟

[۲۷] کیا تونے یہہ نہیں دیکھا کہ خدا آسمان سے پاني
اُتارتا هے ؟ پھر هم اُس سے مختلف رنگ کے میوے نکالتے
هیں - اور پہاڑوں میں مختلف رنگ کے تکڑے هیں سفید
اور لال اور کالے بھجنگ - [۲۸] اور اسي طرح آدمیوں اور
جانوروں اور مویشیوں کے رنگ بھي مختلف هیں - خدا سے
اُس کے وهي بندے ڈرتے هیں جو علم رکھتے هیں - بے شك
خدا زبردست اور حکمت والا هے - [۲۹] جو لوگ خدا کي
کتاب پڑھتے اور نماز پر قائم رهتے اور جو کچھہ هم نے اُن کو

دئے هیں اُس میں پوشیدہ اور علانیہ خرچ کرتے هیں وہ
ایسي تجارت کي اُمید کرسکتے هیں جس میں نقصان
نهیں - [۳۰] کہ وہ ان کو ن کا اجر پورا دیگا اور اپنے
فضل سے اُن کو زیادہ بهي دیگا - بے شك وہ بخشنے والا اور
قدر کرنے والا هے - [۳۱] اور هم نے جو تیري طرف کتاب
وحي کي هے وہ حق هے - تصدیق کرتي هے اُس چیز کي جو
اُس سے پہلے تهي - بے شك خدا اپنے بندوں کي خبر رکهنے والا
اور اُن کو دیکهنے والا هے - [۳۲] پهر هم نے اُن لوگوں کو
جن کو هم نے اپنے بندوں میں سے برگزیدہ کیا تها کتاب کا
وارث کیا - اور ان میں وہ بهي هے جو اپنے آپ پر ظلم کرتا
هے اور ان میں وہ بهي هے جو میانہ رو هے - اور ان میں سے
کچهہ تو خدا کے حکم سے خیر کے کاموں میں سبقت لے گئے -
یهي بڑا فضل هے - [۳۳] جنت عدن جس میں وہ داخل
هونگے - اُس میں اُن کو سونے کے کنگن اور موتي پہنائے
جائینگے - اور وهاں اُن کا لباس ریشمي هوگا - [۳۴] اور وہ
کہینگے کہ تعریف خدا هي کو هے جس نے همارے غم کو دور
کیا - بے شك همارا پروردگار بخشنے والا اور قدر کرنے والا هے -
[۳۵] جس نے اپنے فضل سے هم کو همیشہ رهنے کي جگہ میں
اُتارا - اس میں هم کو تکلیف نهیں پهنچتي اور نہ هم کو
یہاں ماندگي لگتي هے - [۳۶] اور جو لوگ کفر کرتے هیں
اُن کے لئے تو جہنم کي آگ هے - نہ ان کو قضا آتي هے کہ
مرجائیں اور نہ اُن کا عذاب هي کچهہ هلکا کیا جاتا هے -
هم اسي طرح هر کفر کرنے والے کو بدلہ دیتے هیں -
[۳۷] اور وہ اُس میں پڑے چلایا کرینگے - اے همارے
پروردگار هم کو (اس سے) نکال - هم نیک کام کرینگے نہ وہ

جو هم نے کئے - کیا هم نے تم کو اِتني عمر نه دي تهي که
جو غور کرے تو وهیں غور کر سکے ؟ اور تمهارے پاس ڈرانے
والے بهي آئے - تو مزه چکهو - اور ظالموں کا کوئي مددگار
نهیں -

[۳۸] بے شك خدا آسمان اور زمین کي چهپي باتیں
جانتا هے - وه دل کي باتیں بهي خوب جانتا هے - [۳۹] وهي
هے جس نے تم کو دنیا میں جانشین کیا - تو جو کوئي کفر
کرے تو اُس کا کفر اُسي پر هے - اور اُن کے پروردگار کے نزدیك
کافروں کا کفر تو بس اُس کي ناخوشي کو بڑهاتا هے - اور
کافروں کا کفر تو بس اُن کا اور زیاده نقصان کرتا هے - [۴۰] تو
کهه دے که کیا تم نے اپنے شریکوں کو جن کو تم خدا کے سوا
پکارتے هو دیکها بهي ؟ مجهکو دکهاؤ جو کچهه اُنهوں نے
دنیا میں بنایا هو - یا آسمان میں اُن کي شرکت هے ؟ یا
هم نے اُن کو کوئي کتاب دی هے اور وه اُس کي دلیل رکهتے
هیں ؟ نهیں - بلکه ظالم تو ایك دوسرے سے دهوکے هي کا وعده
کرتے هیں - [۴۱] بے شك خدا نے آسمان اور زمین تهام رکهے
هیں که وه اپني جگه سے نه ٹل جائیں - اور اگر یهه ٹل
جائیں تو پهر کوئي بهي اُن کا روکنے والا نهیں - بے شك وه
تحمل والا اور بخشنے والا هے - [۴۲] اور وه بڑے زوروں سے
خدا کي قسم کهاتے هیں که اگر اُن کے پاس کوئي ڈرانے والا
آئے تو وه ضرور سب اُمتوں سے بڑهه کر هدایت پانے والے
هونگے - مگر جب اُن کے پاس کوئي ڈرانے والا آ گیا تو اُس سے
اُن کي نفرت هي بڑهتي رهي - [۴۳] که وه ملك میں تکبر
اور بري تدبیریں کرنے لگے - اور بري تدبیر تو بس اُسي کے
لائق لوگوں پر پڑتي هے - تو کیا یهه وهي اگلي عادتوں کے

منتظر هیں ؟ اور خدا کي عادت میں تو هرگز تبدیلي نهیں
پانے کا - (اور نه) تو خدا کي عادت میں تغیر پائیگا - [۴۴] کیا
یهه دنیا میں سیر نهیں کرتے اور دیکھتے که جو ان سے پهلے
هوئے هیں اور جو ان سے بڑھه کر قوت رکھتے تھے اُن کا انجام
کیسا هوا ؟ اور خدا ایسا نهیں که اُس کو کوئي چیز بھي
آسمان میں یا زمین میں عاجز کرسکے - بے شك وہ جاننے
والا اور قدرت والا هے - [۴۵] اور اگر خدا لوگوں کو اُن کے
کئے کے سبب پکڑنے لگے تو وہ زمین کے پشت پر ایك جانور
کو بھي نه چھوڑے - لیکن وہ اُن کو ایك وقت مقرر تك ڈھیل
دیتا هے - تو جب اُن کي اجل آجائیگي تو پھر خدا اپنے
بندوں کو دیکھه لیگا -

سورۂ یس

مکي - ۸۳ آیتیں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحیم هے

[۱] یس - [۲] حکمت والے قرآن کي قسم - [۳] تو
بے شك (خدا کا) بھیجا هوا هے [۴] سیدھي راہ پر -
[۵] یهه زبردست رحم والے (خدا) کا اُتارا هوا هے - [٦] که
تو اُس قوم کو ڈرائے جن کے باپ دادوں کے پاس کوئي ڈرانے والا
نهیں آیا اور جو خود غفلت میں هیں - [۷] ان میں سے
اکثر پر تو (خدا کا) قول سچا هوا - اور یهه ایمان والے
نهیں - [۸] هم نے اُن کي گردنوں میں طوق ڈال دئے
هیں - اور وہ سر اُونچا کئے هوئے هیں - [۹] اور هم نے
اُن کے آگے سے ایك دیوار کھڑي کردي هے اور اُن کے پیچھے سے

ايك ديوار - اور هم نے اُن كو ڈهانك ديا هے - اور وه نهيں
ديكهنے كے - [۱۰] اور اُن كے لئے برابر هے خواه تو اُن كو
ڈرائے يا اُن كو نه ڈرائے - وه ايمان نهيں لانے كے - [۱۱] تو
تو بس اُس شخص كو ڈرا سكتا هے جو نصيحت كي پيروي
كرے اور غائبانه خدا سے ڈرے - تو ايسوں كو بخشش اور
بڑے اجر نيك كي خوش خبري دے - [۱۲] هم مردوں كو
زنده كرتے هيں - اور لكهتے هيں جو وه آگے بهيجتے هيں
اور جو نشانياں وه پيچهے چهوڑ جاتے هيں - اور هر چيز كا
حساب هم نے صاف صاف كتاب ميں لكهه ركها هے -

[۱۳] اور اُن سے ايك بستي والوں كي مثال بيان كر دے -
كه جب اُن كے پاس رسول آئے [۱۴] اس حالت ميں كه هم نے
اُن كے پاس دو (رسول) بهيجے - تو اُنهوں نے اُن كو جهٹلايا -
تو هم نے ايك تيسرے سے اُن كو قوت دي - اور اُنهوں نے كها
كه هم تمهارے پاس بهيجے گئے هيں - [۱۵] وه بولے كه تم تو
بس هماري هي طرح آدمي هو - اور رحم والے (خدا) نے تو
كچهه نازل نهيں كيا - تم تو بس جهوٹ كهتے هو -
[۱۶] اُنهوں نے كها كه همارا پروردگار جانتا هے كه هم تمهارے
پاس بهيجے هوئے هيں - [۱۷] اور همارے ذمه بس صاف
صاف پهنچا دينا هے - [۱۸] بولے كه هم نے تو تم ميں بد
شگوني پائي - اگر تم باز نه آئے تو هم تم كو ضرور سنگ سار
كرينگے اور هم سے ضرور تم كو درد ناك عذاب پهنچيگا -
[۱۹] بولے كه تمهاري بد شگوني تمهارے ساتهه هے - كيا
يهه اِس لئے هے كه تم كو نصيحت كي جاتي هے ؟ نهيں - تم تو
زيادتي كرنے والے لوگ هو - [۲۰] اور شهر كے ايك كنارے سے
ايك آدمي دوڑتا هوا آيا - بولا كه اے ميري قوم رسولوں كي

پیروي کرو - [۲۱] ان کي پیروي کرو که یهه تم سے کوئي اُجرت
نهیں مانگتے - اور خود بهي هدایت پائے هوئے هیں -
¶ [۲۲] اور مجهے کیا هوا که میں اُس کي عبادت نه کروں
جس نے مجهکو پیدا کیا اور جس کي طرف تم کو پهر جانا هے؟
[۲۳] کیا میں اُس کے سوا کسي اور کو معبود بناؤں ؟ حالانکه
اگر رحم والا (خدا) مجهکو ضرر پهنچانا چاهے تو ان کي
شفاعت میرے کچهه بهي کام نه آئیگي - اور نه یهه مجهکو
چهڑائینگے - [۲۴] اس حالت میں تو میں ضرور صریح
گمراهي میں هونگا - [۲٥] میں تمهارے پروردگار پر ایمان لایا
پس میري بات سنو - [۲٦] کہا گیا که جنت میں داخل هو -
کہا اے کاش میري قوم جانتي هوتي [۲۷] که میرے پروردگار
نے مجهکو بخشا اور مجهکو معزز بنایا - [۲۸] اور اس کے بعد
هم نے اُس کي قوم پر آسمان سے کوئي لشکر نهیں اُتارا اور نه
هم اُتارنے والے تهے - [۲۹] وہ تو بس ایک آواز تند تهي اور
اُسي وقت یهه بجهه گئے - [۳۰] میرے بندوں پر افسوس هے که
اُن کے پاس کوئي رسول نهیں آتا مگر یهه اُس سے ٹهٹها کرنے
لگتے هیں - [۳۱] کیا یهه نهیں دیکهتے که اُن سے پہلے
هم نے کتني هي بستیاں هلاک کر ڈالیں که وہ اُن کي طرف
پهر کر نه آئیں ؟ [۳۲] اور سب کے سب همارے سامنے حاضر
کئے جائینگے -

[۳۳] اور اُن کے لئے ایک نشاني مردہ زمین هے که هم نے
اُس کو جلا دیا اور اُس سے اناج نکالا که یهه اُسي میں سے
کهاتے هیں - [۳۴] اور اُس میں هم نے کهجوروں اور انگوروں
کے باغ بنائے اور اُن میں چشمے جاري کئے - [۳٥] تاکه وہ
اُس کے میوے کهائیں اور یهه اُن کے هاتهوں نے نهیں کیا -

پھر بھي كيا يہہ شكر نہيں كرتے ؟ [۳٦] پاك ھے وہ جس نے
سب چيزوں كے جوڑے بنائے جو زمين اُگاتي ھے اور اُن كے اپنے اور
اس كے بھي جو يہہ نہيں جانتے - [۳۷] اور ان كے لئے ايك
نشاني رات ھے - كہ ھم اُس سے دن كو نكال ليتے ھيں اور
اسي وقت وہ اندھيرے ميں رہ جاتے ھيں - [۳۸] اور سورج
اپني قرار گاہ كي طرف چلتا ھے - يہہ زبردست جاننے والے (خدا)
كا مقرر كيا ھوا ھے - [۳۹] اور چاند كے لئے ھم نے منزليں مقرر
كر ديں يہاں تك كہ وہ پھر كر كھجور كي پراني ٹہني ھو كر
رہ جاتا ھے - [۴۰] سورج سے يہہ نہيں ھو سكتا كہ وہ
چاند كو جا لے اور نہ رات ھي دن كے آگے نكل جا سكتي ھے - بلكہ
سب اپنے چكر ميں پڑے تير رھے ھيں - [۴۱] اور اُن كے لئے ايك
نشاني يہہ بھي ھے كہ ھم نے ان كي اولاد كو بھري ھوئي كشتي
ميں چڑھا ليا - [۴۲] اور ھم نے اُن كے مانند اور بھي چيزيں
پيدا كي ھيں جن پر وہ چڑھتے ھيں - [۴۳] اور اگر ھم چاھيں
تو اُن كو غرق كر ديں اور كوئي ان كا مددگار نہ ھوگا اور نہ وہ
چھڑائے جائينگے - [۴۴] مگر يہہ ھماري رحمت ھے كہ ايك
وقت مقرر تك اُن كو فائدہ اُٹھانے ديتے ھيں - [۴۵] اور جب
اُن سے كہا جاتا ھے كہ جو تمہارے آگے ھے اور جو تمہارے
پيچھے ھے اُس سے ڈرو - شايد تم پر رحم كيا جائے - [۴٦] اور
اُن كے پروردگار كي نشانيوں ميں سے اُن كے پاس كوئي ايسي
نشاني نہيں آتي مگر وہ اس سے منہہ پھير ليتے ھيں --
[۴۷] اور جب اُن سے كہا جاتا ھے كہ خدا نے جو كچھہ تم كو
ديا ھے اُس ميں سے خرچ كرو تو كافر مسلمانوں سے كہتے ھيں
كہ كيا ھم ايسوں كو كھلائيں جن كو اگر خدا چاھتا تو
كھلاتا - تم تو بس صريح گمراھي ميں ھو - [۴۸] اور وہ كہتے

هیں کہ یہہ وعدہ کب پورا هوگا اگر تم سچے هو ؟ [۴۹] وہ
تو بس ایک آواز تند کے منتظر هیں کہ جب وہ جھگڑتے هونگے
تو وہ اُن کو آ لیگي - [۵۰] پھر یہہ نہ تو وصیت هي کر سکینگے
اور نہ اپنے لوگوں میں پھر کر جاهي سکینگے -
[۵۱] اور صور پھونکا جائیگا بس اُسي وقت وہ قبروں سے
نکل کر اپنے پروردگار کي طرف دوڑے جاتے هونگے - [۵۲] کھینگے
اے وائے هم کو - هماری مرقد سے هم کو کس نے اُٹھایا ؟ یهي
هے جو رحم والے (خدا) نے وعدہ کیا تھا - اور رسولوں نے سچ
کہا تھا - [۵۳] یہہ تو بس ایک آواز تند هوگی - اور اُسي
وقت وہ سب همارے سامنے حاضر کئے جائینگے - [۵۴] تو آج
کے دن کسي جان پر کچھہ بھی ظلم نہ هوگا - اور تم کو تو
بس تمھارے کاموں کي جزا دي جائیگي - [۵۵] جنت کے لوگ
اُس دن اپنے شغل میں خوش هونگے - [۵٦] وہ اور اُن کي بیبیاں
سائیوں میں تختوں پر تکیہ لگائے بیٹھی هونگي - [۵۷] وهاں
ان کے لئے میوے هونگے اور جو کچھہ وہ مانگینگے -
[۵۸] سلام - پروردگار رحمان کي طرف سے یهي ایک بات
هوگي - [۵۹] اور اے گنهگارو آج کے دن تم سب جدا
هوجاؤ - [٦۰] اے بنيآدم کیا میں نے تم سے عهد نہیں
لیا تھا کہ شیطان کي عبادت نہ کرو - وہ تمھارا صریح دشمن
هے - [٦۱] اور یہہ کہ میري هي عبادت کرو - یهي سیدھي
راہ هے - [٦۲] اور اُس نے تم میں سے بہتیروں کو گمراہ کردیا
پھر بھي کیا تم کو عقل نہیں ؟ [٦۳] یهي جهنم هے جس کا
تم سے وعدہ کیا گیا تھا - [٦۴] اس میں داخل هو اس لئے
کہ تم نے کفر کیا - [٦۵] آج کے دن هم اُن کے مونھوں پر
مهر کردینگے - اور اُن کے هاتھہ هم سے کھینگے اور اُن کے

پاؤں اُن کے کئے کي گواهي دينگے - [٦٦] اور اگر هم چاهيں تو اُن کي آنکهيں متاديں اور پهر يهہ راه کي طرف دوڑيں تو کهاں سے ديکهينگے ؟ [٦٧] اور اگر هم چاهيں تو وهيں اُن کي صورتيں مسخ کرديں پهر نه تو يهہ آگے هي کو جا سکينگے اور نه پهر هي سکينگے -

[٦٨] اور جس کو هم عمر ديتے هيں اُس کو پهر هم بنانے ميں گهتاتے هيں - پهر بهي کيا اُن کو عقل نهيں ؟ [٦٩] اور هم نے اُس کو شاعري نهيں سکهايا -- اور نه يهہ اُس کے شاياں تها - يهہ تو بس نصيحت هے اور ايک صاف کتاب - [٧٠] تا که تو اُس شخص کو ڈرائے جو زنده هے اور کافروں پر بات سچي هو جائے - [٧١] کيا يهہ نهيں ديکهتے که هم نے اُن کے لئے مويشي بنائے که وه بهي همارے هاتهہ کے بنائے هوئے هيں - اور يهہ اُن کے مالک هيں ؟ [٧٢] اور هم نے اُن کو اُن کا فرماں بردار بنا ديا هے اور اُن ميں اُن کي سواريان هيں اور اُن ميں سے وه کهاتے بهي هيں - [٧٣] اور اُن ميں اُن کے لئے فائدے هيں اور پينے کي چيز - پهر بهي کيا يهہ شکر نهيں کرينگے ؟ [٧٤] اور اُنهوں نے خدا کے سوا معبود بنا ليا هے تا که اُن کو مدد ملے - [٧٥] وه اُن کي مدد نهيں کرسکتے - مگر يهہ ايک گروه هيں که اُن کے لئے حاضر هيں - [٧٦] تو اُن کي باتيں تم کو غمگين نه کريں - هم جانتے هيں جو يهہ چهپاتے هيں اور جو يهہ ظاهر کرتے هيں - [٧٧] کيا آدمي نے نهيں ديکها که هم نے اُس کو نطفے سے پيدا کيا مگر وه علانيه جهگڑتا هے - [٧٨] اور هماري مثاليں بيان کرتا هے اور اپني پيدايش کو بهول جاتا هے - کهتا هے که کون هے جو هڈيوں کو زنده کر کے کهڑا کر ديگا جب وه گل

گئي هوں ؟ [۷۹] تو کهہ دے کہ اُن کو وهي زندہ کریگا
جس نے اُن کو پهلي بار پیدا کیا - اور وہ هر طرح پیدا کرنا
جانتا هے - [۸۰] جس نے تمهارے لئے سبز درخت سے آگ پیدا
کي پهر تم اُس سے حلاتے هو - [۸۱] کیا جس نے آسمان اور
زمین پیدا کئے وہ اس پر قادر نهیں کہ اُن کي طرح اور پیدا
کردے ؟ هاں - اور وہ بنانے والا هے اور جاننے والا - [۸۲] جب
وہ کسي چیز کا اِرادہ کرتا هے تو وہ اُس کي نسبت کهنا هے کہ
هوجا - اور وہ هو حاتا هے - [۸۳] پس پاك هے وہ جس کے
هاتهہ میں هر چیز کي سلطنت هے - اور اُسي کی طرف تم کو
پهر کر جانا هے -

سورۂ صافات

مکي - ۱۸۲ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم هے

[۱] ان صف باندهہ کر کهڑے هونے والوں کي قسم
جو صف باندهہ کر کهڑے هوتے هیں [۲] پهر زوروں سے
ڈانٹنے هیں [۳] اور نصیحت کے پڑهنے والوں کي قسم -
[۴] تمهارا معبود ایك هے - [۵] پروردگار هے آسمان کا
اور زمین کا اور جو کچهہ اُن کے بیچ میں هے اُس کا - اور
پورب طرفوں کا پروردگار هے - [۶] اور هم نے دنیا کے
آسمان کو ستاروں سے زینت دي - [۷] اور هر شیطان
مردود سے حفاظت میں رکها - [۸] وہ اُوپر والوں کي سن
بهي نهیں سکتے - اور اُن پر هر طرف سے (شهاب) پڑتے
هیں - [۹] (اُن کے) بهگانے کو - اور اُن کے لئے لازمي

عذاب هے - [١٠] مگر جو کوئي کچھہ اُچك لے جائے
تو پھر اُس کے پیچھے ایك دھکتا هوا شعلہ آ لگتا هے -
[١١] تو اُن سے پوچھہ کہ کیا اُن کي پیدایش زیادہ مشکل
هے یا اور چیزوں کي جن کو هم نے بنایا هے؟ هم نے اُن کو
چپکنے والي مٹي سے بنایا هے - [١٢] نهیں - تو تو تعجب
کرتا هے اور یہہ ٹھٹھا کرتے هیں - [١٣] اور جب نصیحت
کئے جاتے تو غور نهیں کرتے - [١٤] اور جب یہہ کوئي
نشاني دیکھتے هیں تو ٹھٹھا کرتے هیں - [١٥] اور کہتے
هیں کہ یہہ تو بس صریح جادو هے - [١٦] کیا جب هم
مرجائینگے اور مٹي هو جائینگے تو کیا پھر هم کو اُٹھا کھڑا
کیا جائیگا؟ [١٧] یا همارے اگلے باپ دادوں کو؟ [١٨] تو
کہہ دے کہ هاں - اور تم ذلیل بھي هوگے - [١٩] اور یہہ
تو بس ایك ڈانٹ هوگي - اور وہ دیکھنے لگینگے - [٢٠] اور
کہینگے کہ اے واے هم کو یہہ تو روز جزا هے - [٢١] یہہ تو
فیصلے کا دن هے جس کو تم جھٹلاتے تھے -

[٢٢] اُن لوگوں کو جو ظلم کرتے رهے اکٹھا کرو اور
اُن کے ذات بھائیوں کو اور جن کي یہہ عبادت کرتے رهے
[٢٣] خدا کے سوا - اور اُن کو دوزخ کي راہ دکھاؤ - [٢٤] اچھا
اُن کو کھڑا کرو - اُن سے کچھہ پوچھنا هے - [٢٥] تم کو
کیا هوگیا هے کہ اب تم ایك دوسرے کي مدد نهیں کرتے؟
[٢٦] نهیں - یہہ تو آج کے دن مسلمان بنے هیں - [٢٧] اور
ان میں ایك دوسرے کي طرف پھر کر پوچھیگا - [٢٨] کہینگے
تم هي تو همارے پاس داهني طرف سے آتے تھے - [٢٩] کہینگے
نهیں - تم خود نهیں ایمان لائے - [٣٠] اور تم پر تو همارا کچھہ
زور نہ تھا - نهیں - تم تو بس ایك سرکش قوم تھے - [٣١] پس

هم پر همارے پروردگار كي بات سچ آئي - اور هم كو اُس كا
مزه چهكنا هوگا - [۳۲] اور هم نے تم كو گمراه كيا تها - اور
هم خود بهي گمراه تهے - [۳۳] تو اُس دن وه بهي عذاب
ميں شريك هونگے - [۳۴] گنهگاروں كے ساتهه هم اسي طرح
كرتے هيں - [۳۵] جب اُن سے كها جاتا تها كه خدا كے سوا
كوئي معبود نهيں هے تو بهه تكبر كرتے تهے [۳۶] اور كهتے
تهے كه كيا هم اپنے معبودوں كو ايك مجنون شاعر كے لئے
چهوڑ ديں ؟ [۳۷] نهيں - وه حق لے كر آيا هے اور رسولوں
كي تصديق كرتا هے - [۳۸] تم كو ضرور عذاب دردناك چكهنا
هوگا - [۳۹] اور تم كو تو بس تمهارے كئے كي جزا مليگي -
[۴۰] مگر خدا كے خالص بندے - [۴۱] اُن لوگوں كے لئے
تو ايك خاص رزق مقرر هے - [۴۲] ميوے هونگے - اور
وهاں اُن كي عزت هوگي - [۴۳] وه نعمت كے باغوں ميں
[۴۴] تختوں پر آمنے سامنے بيٹهے هونگے - [۴۵] اُن ميں
شراب لطيف كے پيالے كا دور چلتا هوگا - [۴۶] پينے والوں كے
لئے مزے دار سفيد شراب - [۴۷] نه اُس ميں خرابي هوگي
اور نه وه اُس سے بيهوده بكينگے - [۴۸] اور اُن كے پاس نيچي
نظريں كئے خوبصورت آنكهه والياں هونگي - [۴۹] گويا كه
وه چهپائے هوئے انڈے هيں - [۵۰] تو يهه ايك دوسرے كي
طرف پهر كر پوچهينگے - [۵۱] اُن ميں سے ايك كهنے والا
كهيگا كه ميرا ايك ساتهي تها [۵۲] كه وه كهتا تها كيا تو
اس كو سچ جانتا هے ؟ [۵۳] كيا جب هم مرجائينگے اور
مٹي اور هڈي هو جائينگے تو كيا پهر هم كو (اپنے كئے كا)
بدله بهي مليگا ؟ [۵۴] كهيگا كيا تم جهانكوگے ؟ [۵۵] تو
اُس نے جهانكا اور اُس كو دوزخ ميں ديكها - [۵۶] كهيگا

بخدا تونے تو عنقریب مجکو هلاك هي کر ڈالا تها -
[٥٧] اور اگر میرے پروردگار کی نعمت نہ هوتي تو میں ضرور
(عذاب کے لئے) حاضر کیا جاتا - [٥٨] تو کیا هم نہیں مرتے
[٥٩] مگر پہلي بار ؟ اور هم عذاب نہیں کئے جائینگے ؟
[٦٠] یہي تو بڑا مراد پانا هے - [٦١] تو کام کرنے والوں کو
چاهئے کہ ایسي هی جزا کے لئے کام کریں - [٦٢] کیا یہہ
مہماني بہتر هے یا زقوم کا درخت ؟ [٦٣] اُس کو تو هم نے
ظالموں کے لئے بس ایک آزمایش بنائي هے - [٦٤] یہہ ایک
درخت هے جو دوزخ کي جڑ سے نکلتا هے - [٦٥] اس کے سر
گویا کہ سانپوں کے سر هوتے هیں - [٦٦] اور وہ ضرور اُس میں
سے کهائینگے - اور اسي سے پیٹ بهرینگے - [٦٧] پهر اس کے
اُوپر سے اُن کے لئے کهولتا هوا پاني ملا ملا کر دیا جائیگا -
[٦٨] پهر تو اُن کو دوزخ کي طرف پهر جانا هوگا -
[٦٩] اُنهوں نے اپنے باپ دادوں کو گمراہ هي پایا - [٧٠] اور
وہ اُن کے نقش قدم پر دوڑے چلے جاتے هیں - [٧١] اور ان سے
پہلے بهي اکثر اگلے لوگ گمراہ هوگئے تهے [٧٢] حالانکہ
هم نے ان هي میں ڈرانے والے بهي بهیجے - [٧٣] اور دیکهہ
جن کو ڈرایا گیا تها اُن کا انجام کیسا هوا ؟ [٧٤] مگر خدا
کے خالص بندے (کہ وهي بچ گئے) -

[٧٥] اور نوح نے بهي هم کو پکارا تها - تو هم نے کیسا
اچها جواب دیا - [٧٦] اور هم نے اُس کو اور اُس کے لوگوں کو
بڑي مصیبت سے بچایا - [٧٧] اور هم نے اُس کي اولاد هي کو
باقي رکها - [٧٨] اور پچهلوں میں اُس کے لئے یہہ چهوڑا
[٧٩] کہ تمام عالموں میں نوح پر سلام هو - [٨٠] هم اسي
طرح نیک لوگوں کو جزا دیتے هیں - [٨١] بے شک وہ همارے

ایمان والے بندوں میں سے تھا - [۸۲] پھر ہم نے دوسروں کو
ڈبو دیا - [۸۳] اور اُس کے پیرؤں میں اِبراهیم بھي تھا -
[۸۴] جب وہ اپنے پروردگار کے پاس صاف دل لے کر آیا -
[۸۵] جب اُس نے اپنے باپ سے اور اپني قوم سے کہا کہ تم کس
چیز کي عبادت کرتے هو ؟ [۸۶] کیا جھوٹ کو بھي خدا کے
سوا اور معبود چاهتے هو ؟ [۸۷] تو پروردگار عالم کے بارے
میں تمھارا کیا خیال هے ؟ [۸۸] پھر اُس نے تاروں کي طرف
ایک نظر کي [۸۹] اور کہا کہ میں بیمار پڑونگا - [۹۰] تو وہ
اُس کو چھوڑ کر چل دئے - [۹۱] تو وہ اُن کے بتوں کے پاس
اکیلا گیا اور کہا تم کیوں نہیں کھاتے ؟ [۹۲] تم کو کیا
هوگیا هے کہ تم بات نہیں کرتے ؟ [۹۳] پھر وہ داهنے هاتھ
سے مارنے کے لئے اُن کے پاس آیا - [۹۴] تو لوگ اُس کي طرف
دوڑے آئے - [۹۵] کہا کیا تم اُس چیز کي عبادت کرتے هو
جس کو تم خود تراشتے هو ؟ [۹۶] اور تم کو اور جو کچھ
تم بناتے هو اُن کو بھي خدا نے پیدا کیا هے - [۹۷] بولے
اُس کے لئے ایک چتا بناؤ اور اُس کو دھکتي هوئي آگ میں
ڈالو - [۹۸] اور اُنھوں نے اُس سے ایک چال چلنا چاها مگر
هم نے اُن کو نیچا هي کر دکھایا - [۹۹] اور اُس نے کہا کہ
میں اپنے پروردگار کي طرف جاتا هوں - وہ مجھکو ضرور هدایت
کریگا - [۱۰۰] اے میرے پروردگار مجھکو ایک نیک لڑکا عطا کر -
[۱۰۱] تو هم نے اُس کو ایک سلیم الطبع لڑکے کي خوش خبري
دي - [۱۰۲] پھر جب وہ اُس کے ساتھ دوڑنے لگا تو اُس نے
کہا کہ اے میرے بیٹے میں نے خواب میں دیکھا هے کہ میں
تجھکو ذبح کر رها هوں - تو دیکھ (تجھکو) کیا (مناسب)
معلوم هوتا هے - کہا اے میرے باپ تو کر جو تجھکو حکم

هوا هے - خدانے چاها تو تو مجكو صبر كرنے والوں ميں سے
پائيگا - [۱۰۳] تو جب يهہ دونوں مطيع هوئے اور اُس نے
اُس كو پيشاني كے بل بچهاڑا [۱۰۴] تو هم نے اُس كو آواز دي
كه اے اِبراهيم [۱۰۵] تونے خواب كو سچ كر دكهايا - اور
نيك لوگوں كو هم اسي طرح جزا ديتے هيں - [۱۰۶] يهہ تو
بس صاف آزمايش تهي - [۱۰۷] اور هم نے اُس كے بدلے ايك
بڑي قرباني دي - [۱۰۸] اور پچهلوں ميں اُس كے لئے يهہ
چهوڑا [۱۰۹] كه اِبراهيم پر سلام هو - [۱۱۰] بيشك لوگوں كو
هم اسي طرح جزا ديتے هيں - [۱۱۱] وہ بے شك همارے
ايمان والے بندوں ميں سے تها - [۱۱۲] اور هم نے اُس كو
اسحاق كي خوش خبري دي كه وہ بهي نيك نبي هوا -
[۱۱۳] اور هم نے اُس كو اور اِسحاق كو بركت دي - اور
اُن كي اولاد ميں نيك بهي هيں اور علانيه اپنے اُوپر ظلم
كرنے والے بهي -

[۱۱۴] اور هم نے موسى اور هارون پر اِحسان كيا -
[۱۱۵] اور ان دونوں كو اور ان دونوں كي قوم كو مصيبت سے
بچايا - [۱۱۶] اور هم نے ان كي مدد كي - اور وہ غالب رهے -
[۱۱۷] اور هم نے اُن كو بيان كرنے والي كتاب بهي دي -
[۱۱۸] اور اُن كو سيدهي راہ دكهائي - [۱۱۹] اور پچهلوں
ميں اُن كے لئے يهہ چهوڑا [۱۲۰] كه موسى اور هارون پر
سلام هو - [۱۲۱] نيك لوگوں كو هم اِسي طرح جزا ديتے
هيں - [۱۲۲] بے شك وہ دونوں همارے ايمان والے بندوں
ميں سے تهے - [۱۲۳] اور الياس بهي رسولوں ميں سے تها -
[۱۲۴] جب اُس نے اپني قوم سے كها كه كيا تم نهيں ڈرتے ؟
[۱۲۵] كيا تم بعل كو پكارتے هو اور سب سے بهتر بنانے والے كو

چهوڑ ديتے هو [١٢٦] يعني خدا كو كه وهي تمهارا پروردگار
هے اور تمهارے اگلے باپ دادوں كا پروردگار هے ؟ [١٢٧] تو
اُنهوں نے اُس كو جهٹلايا - تو وہ ضرور حاضر كئے جائينگے -
[١٢٨] مگر خدا كے خالص بندے - [١٢٩] اور پچهلوں ميں
هم نے اُس كے لئے يهہ چهوڑا [١٣٠] كه الياس پر سلام هو -
[١٣١] نيك لوگوں كو هم اِسي طرح جزا ديتے هيں -
[١٣٢] بے شك وہ بهي همارے ايمان والے بندوں ميں سے تها -
[١٣٣] اور لوط بهي رسولوں ميں سے تها - [١٣٤] جب هم نے
اُس كو اور اُس كے تمام لوگوں كو بچا ليا - [١٣٥] مگر ايك
بڑهيا كه وہ پيچهے رهنے والوں ميں سے تهي - [١٣٦] پهر
هم نے دوسروں كو ايك بارگي هلاك كر ڈالا - [١٣٧] اور تم تو
صبح كو اُن پر سے گزرتے هو - [١٣٨] اور رات كو بهي - پهر
بهي كيا تم كو عقل نهيں ؟

[١٣٩] اور يونس بهي رسولوں ميں سے تها - [١٤٠] جب
وہ بهري هوئي كشتي كي طرف بهاگا - [١٤١] تو اُنهوں نے
قرعه ڈالا تو وہ ڈهكيل دئے گئے - [١٤٢] تو اُس كو مچهلي
نگل گئي - اور وہ اپنے آپ كو ملامت كرتا تها - [١٤٣] اور اگر
وہ تسبيح كرنے والوں ميں نه هوتا [١٤٤] تو وہ ضرور قيامت
كے روز تك اُسي كے پيٹ ميں پڑا رهتا - [١٤٥] تو هم نے اُس كو
چٹيل ميدان ميں ڈال ديا - اور وہ بيمار هوگيا تها -
[١٤٦] اور هم نے اُس پر ايك بيلدار درخت اُگايا - [١٤٧] اور
هم نے اُس كو لاكهہ آدميوں كي طرف بهيجا - بلكه وہ زيادہ
تهے - [١٤٨] تو وہ ايمان لائے - اور هم نے اُن كو ايك وقت تك
فائدہ پهنچايا - [١٤٩] اُن سے پوچهہ كيا تيرے پروردگار كے
لڑكياں هيں اور اُن كے لڑكے ؟ [١٥٠] كيا هم نے فرشتوں كو

عورت بنايا هے يا وه (اس کے) گواه هيں - [۱۵۱] يهه جهوٹ کو بهي بکتے هيں [۱۵۲] که خدا نے جنا هے - اور يهه ضرور جهوٹے هيں - [۱۵۳] کيا اُس نے بيٹوں پر بيٹوں کو برگزيده کيا هے ؟ [۱۵۴] تم کو کيا هوگيا هے ؟ کس طرح حکم لگاتے هو ؟ [۱۵۵] پهر بهي کيا تم دهيں غور کرتے ؟ [۱۵۶] کيا تمهارے پاس کوئي صاف دليل هے ؟ [۱۵۷] تو اگر تم سچے هو تو اپني کتاب لے کر آؤ - [۱۵۸] اور اُنهوں نے اس ميں اور جنوں ميں رشته قرار ديا هے حالانکه جن بهي جانتے هيں که اُن کو ضرور حاضر هونا هوگا - [۱۵۹] خدا ان باتوں سے پاك هے جو يهه بيان کرتے هيں - [۱۶۰] مگر خدا کے خالص بندے - [۱۶۱] تو تم اور جس کي تم عبادت کرتے هو [۱۶۲] خدا کے خلاف کسي کو بلا ميں نهيں ڈال سکتے [۱۶۳] مگر اُس کو که وه دوزخ ميں جانے والا هے - [۱۶۴] اور هم ميں سے هر ايك کا مقام مقرر هے - [۱۶۵] اور هم صف باندهے رهتے هيں - [۱۶۶] اور هم (اُس کي) تسبيح کرتے هيں - [۱۶۷] اور يهه کها کرتے تهے [۱۶۸] که اگر همارے پاس بهي اگلوں کي کوئي کتاب هوتي [۱۶۹] تو هم بهي ضرور خدا کے خالص بندے هوتے - [۱۷۰] اور وه اس سے کفر کرتے هيں - تو اُن کو جلد معلوم هوجائيگا - [۱۷۱] اور همارے بندے رسولوں کے لئے هماري بات پهلے هي سے طے هوچکي هے [۱۷۲] که ان هي کو مدد ديجائيگي - [۱۷۳] اور همارا هي لشکر غالب رهيگا - [۱۷۴] تو ايك وقت تك ان سے منهه پهير لے - [۱۷۵] اور ان کو ديکهه - يهه جلد ديکهنے لگينگے - [۱۷۶] تو کيا يهه همارے عذاب کے لئے جلدي کرتے هيں ؟ [۱۷۷] مگر جب يهه ان کي آنکهوں ميں اُتر آئيگا

تو جن كو ڈرايا جاچكا هے اُن كے لئے يهہ بُري صبح هوگي -
[۱۷۸] اور ايك وقت تك ان سے منهہ پهير لے - [۱۷۹] اور
ديكهتا رہ - وہ بهي ديكهنے لگينگے - [۱۸۰] تيرا پروردگار كہ
وہ عزت والا پروردگار هے ان باتوں سے پاك هے جو يهہ لوگ
بيان كرتے هيں - [۱۸۱] اور رسولوں پر سلام هو [۱۸۲] اور
تعريف خدا هي كو هے جو تمام عالموں كا پروردگار هے -

سورهٔ ص

مكي - ۸۸ آيتيں

الله كے نام سے جو رحمان اور رحيم هے

[۱] ص - نصيحت كرنے والے قرآن كي قسم - [۲] ليكن
جو لوگ كفر كرتے هيں وہ غرور اور مخالفت ميں پڑے هيں -
[۳] هم نے ان سے پهلے كتنے قرن هلاك كر ڈالے - اور وہ پكارتے
هي رهے حالانكہ مخلص كا وقت نہ تها - [۴] اور يهہ تعجب
كرتے هيں كہ ان هي ميں كا ايك ڈرانے والا ان كے پاس آيا -
اور يهہ كهتے هيں كہ يهہ جهوٹا جادوگر هے - [۵] كيا يهہ
معبودوں كو ايك هي معبود بناتا هے ؟ يهہ تو عجيب بات هے -
[۶] اور ان كے سردار چل دئے كہ چلو اور اپنے معبودوں پر
ثابت قدم رهو - اس ميں اس كا كوئي مطلب هے - [۷] يهہ
تو هم نے پچهلي ملت والوں ميں بهي نهيں سنا - يهہ تو
بس اپنے جي سے بنايا هوا هے - [۸] كيا هم ميں سے اسي پر
كتاب اُتاري گئي ؟ نهيں - يهہ تو هماري كتاب هي كي نسبت
شك ميں هيں - نهيں - ابهي انهوں نے ميرا عذاب نهيں
چكها - [۹] يا تيرے پروردگار زبردست اور بخشنے والے كي

رحمت کے خزانے ان هي کے پاس هيں ؟ [۱۰] يا آسمان اور
زمين اور جو کچھہ ان کے درميان ميں هے سب کي سلطنت
ان هي کي هے ؟ تو اُن کو چاهئے کہ سيڑهياں لگا کر چڑهہ
جائيں - [۱۱] کافروں کے لشکر يہاں هزيمت پا چکے
هيں - ان سے پہلے نوح کي قوم نے بهي جهتلايا - اور عاد
اور ميخوں والا فرعون [۱۲] اور ثمود اور لوط کي قوم اور
ايکہ والے بهي - يہہ سب تھے کافروں کے گروہ - [۱۳] انهوں نے
بس رسولوں کو جهتلايا تو ان پر ميرا عذاب آ کر رها -
[۱۴] اور يہہ لوگ تو بس ايک آواز تند کے منتظر هيں جو
پهر مهلت نہ ديگي - [۱۵] اور يہہ کہتے هيں کہ اے همارے
پروردگار حساب کے دن سے پہلے هم کو همارا حصہ دے - [۱۶] جو
کچھہ يہہ کہتے هيں اُس پر صبر کر - اور همارے بندے داؤد
کو ياد کر جو قوت رکھتا تها کہ وہ بهي (هماري هي طرف)
رجوع کرتا تها - [۱۷] هم نے پہاڑوں کو مسخر کر دئے کہ وہ
اُس کے ساتهہ سورج ڈهلتے وقت اور نکلتے وقت (هماري)
تسبيح کرتے تھے - [۱۸] اور پرندوں کو بهي - کہ وہ اِکٹھے هو
جاتے تھے - سب اُس کو جواب ديتے تھے - [۱۹] اور هم نے اُس
کي سلطنت زبردست کردي اور اُس کو حکمت اور فيصل کرنے
والي بات دي - [۲۰] اور کيا تيرے پاس جهگڑنے والوں کي خبر
بهي آئي هے کہ جب وہ ديوار پر سے حجرے ميں اُتر آئے تھے ؟
[۲۱] جب وہ داؤد کے پاس پہنچے تو وہ اُن سے ڈرا - بولے ڈر
مت - هم دو جهگڑنے والے هيں کہ هم ميں سے ايک نے ايک
پر زيادتي کي هے - پس هم لوگوں ميں تو سچ سچ فيصلہ کر
دے اور زيادتي نہ کر - اور هم کو سيدهي راہ کي هدايت کر
[۲۲] يہہ ميرا بهائي هے - اس کي ننانوے دنبياں هيں اور

ميري ايك هي دنبي هے - اور يهه كهتا هے كه وه بهي مجكو
ديدے اور بات ميں سختي كرتا هے - [۲۳] كها كه يهه جو
تيري دنبي مانگ كر اپني دنبيوں ميں ملا لينا چاهتا هے تو
وه تجهه پر ظلم كرتا هے - اور بهتيرے شريك ايك دوسرے پر
زيادتي كرتے هيں - مگر جو لوگ ايمان ركهتے اور نيك كام كرتے
هيں - مگر يهه كم هيں - اور داؤد نے جانا كه هم نے اُس كو
آزمايا - تو اُس نے اپنے پروردگار سے بخشش مانگي اور ركوع ميں
جا گرا اور اپنے تئيں (خدا كي طرف) رجوع كيا - [۲۴] تو
هم نے اُس كو يهه بخش ديا - اور همارے نزديك اُس كا مرتبه
اور اچها ٹهكانا هے - [۲۵] اے داؤد هم نے تجكو دنيا ميں
خليفه بنايا - تو لوگوں ميں سچ سچ فيصله كر - اور خواهشوں
كي پيروي نه كر - نهيں تو يهه تجكو خدا كي راه سے گمراه كر
ديگي - جو لوگ خدا كي راه سے گمراه هوجاتے هيں اُن كے لئے
سخت عذاب هے - اِس لئے كه وه حساب كے دن كو بهول گئے -
[۲۶] اور هم نے آسمان اور زمين اور جو كچهه اُن كے
درميان هے بے فائده نهيں بنايا - يهه كافروں كا خيال هے -
تو دوزخ كي آگ كے سبب كافروں پر واے هے - [۲۷] كيا جو
لوگ ايمان ركهتے اور نيك كام كرتے اُن كو هم دنيا ميں
فساد كرنے والوں كي طرح كر ركهينگے ؟ كيا هم پرهيزگاروں
كو بد كار لوگوں كي طرح كر ركهينگے ؟ [۲۸] يهه كتاب جو
هم نے تيري طرف اُتاري هے مبارك هے كه يهه اُس كي آيتوں
پر غور كريں اور جو لوگ عقل ركهتے هيں وه ياد ركهيں -
[۲۹] اور هم نے داؤد كو سليمان عطا كيا - اچها بنده تها -
وه بهي اپنے تئيں (خدا كي طرف) رجوع كرتا تها - [۳۰] جب
شام كے وقت ايك پاؤں اُٹهائے رهنے والے خاصے گهوڑے اس كے

روبرو لائے گئے [۳۱] تو اس نے کہا کہ میں نے اپنے پروردگار
کي یاد سے مال کي زیادہ محبت کي - یہاں تك کہ سورج چھپ
گیا - [۳۲] ان کو میرے پاس پھرا لاؤ - تو وہ (ان کے) پاؤں
اور گردنوں پر هاتھہ پھیرنے شروع کر دئیے - [۳۳] اور هم نے
سلیمان کو آزمایا اور اُس کي کرسي پر ایك دھڑ ڈال دیا - پھر
اُس نے بھي اپنے تئیں (حدا کي طرف) رجوع کیا - [۳۴] کہا
اے میرے پروردگار مجکو بخش دے اور مجکو ایسي سلطنت
بخش کہ وہ مبرے بعد کسي کے شایاں نہ هو - بے شك توهي
تو بخشنے والا هے - [۳۵] تو هم نے هوا کو اس کا مسخر
کر دیا کہ جہاں وہ پہنچنا چاهتا تھا اُس کے حکم سے وہ نرمي
سے چلتي - [۳۶] اور شیطان یعني هر معمار اور دریا میں
غوطے مارنے والے کو بھي [۳۷] اور دوسروں کو جو زنجیروں
میں جکڑے رهتے تھے - [۳۸] یہہ هماری بے حساب بخشش
هے - تو (ان کو) بخش دے یا بند رکھہ - [۳۹] اور همارے
نزدیك اُس کا مرتبہ هے اور ایك اچھا ٹھکانا -

[۴۰] اور همارے بندے ایوب کو یاد کر کہ جب اُس نے
اپنے پروردگار کو پکارا کہ مجکو شیطان نے تکلیف اور عذاب
میں ڈال رکھا هے - [۴۱] " اپنے پاؤں سے لات مار - یہہ
(تیرے) نہانے اور پینے کے لئے ٹھنڈے پانی کي جگہ هے " -
[۴۲] اور اپني رحمت سے هم نے اُس کو اُس کے گھر والے اور
اُن کے ساتھہ اتنے هي اور دئے - اور یہہ عقل والوں کے لئے
ایك یاد رکھنے کي بات هے - [۴۳] اور اپنے هاتھہ میں تنکوں
کا مٹھا لے اور اس سے مار اور اپني قسم کو جھوٹ نہ کر - هم
نے اُس کو صبر کرنے والا پایا - [۴۴] اچھا بندہ تھا وہ بھي
(هماري هي طرف) رجوع کرتا تھا - [۴۵] اور همارے بندے

ابراهیم اور اِسحاق اور یعقوب کہ وہ قوت اور بصارت والے
تھے - [۴۶] هم نے اُن کو خاص کر آخرت کي یاد کے لئے بنایا
تھا - [۴۷] اور وہ همارے نزدیك چنے هوئے لوگوں میں تھے -
[۴۸] اور اِسمعیل اور یسع اور ذوالکفل کو یاد کر - اور یهہ
سب بہترین بندے تھے - [۴۹] یهہ نصیحت هے - اور
پرهیزگاروں کے لئے ضرور اچھا ٹھکانا هے - [۵۰] همیشہ کي
جنت جن کے دروازے اُن کے لئے کھلے هونگے - [۵۱] وهاں وہ
تکیہ لگائے بیٹھے هونگے - اور بہت سے میوے اور شراب منگواتے
هونگے - [۵۲] اور اُن کے نزدیك نیچي نظریں کئے هوئے
اُن کي هم عمر (حوریں) هونگي - [۵۳] یهہ هے جس کا تم کو
حساب کے دن کے لئے وعدہ دیا گیا هے - [۵۴] یهہ همارا رزق
هے کہ اِس میں کسي طرح کي کمي نہیں - [۵۵] یهہ تو هے
هي - مگر سرکش لوگوں کے لئے تو رهنے کي بري جگہ هے -
[۵۶] یعني جہنم - کہ یهہ اس میں داخل هونگے - اور یهہ
رهنے کي بڑي هي بري جگہ هے - [۵۷] "یهہ هے - تو اس کا مزہ
چکھو کھولتا پاني اور پیپ - [۵۸] اور اِسي قسم کي اور اور
چیزیں - [۵۹] یهہ ایك گروہ تمهارے ساتھہ گھسا آتا هے -
اُن کو خوشي نہیں - وہ بھي آگ میں جائینگے" - [۶۰] وہ
کہینگے کہ تم کو خوشي نہیں - تم هي نے تو یهہ همارے آگے
لایا - پس اُن کے رهنے کي جگہ بري هے - [۶۱] وہ کہینگے کہ
اے همارے پروردگار جس نے یهہ همارے آگے لایا (دوزخ کي)
آگ میں تو اُس کو دونا عذاب دے - [۶۲] اور وہ کہینگے کہ
هم کو کیا هو گیا هے کہ هم (یہاں) اُن لوگوں کو نہیں دیکھتے
جن کو هم شریروں میں گنتے تھے - [۶۳] کیا هم نے ان سے
(ناحق) ٹھٹھا کیا ؟ یا (هماري) نظریں اُن سے اکھڑي جاتي

هيں ؟ [۶۴] يهہ (دوزخ كي) آگ كے رهنے والوں كا جهگڑا سچ هے -

[۶۵] تو كهہ دے كه ميں تو بس ڈرانے والا هوں - اور ايك خداے غالب كے سوا كوئي معبود نهيں - [۶۶] وهي آسمان اور زمين كا اور جو كچهہ ان كے درميان ميں هے سب كا پروردگار هے - زبردست بخشنے والا - [۶۷] تو كهہ دے كه وہ ايك بڑي خبر هے - [۶۸] مگر تم اس سے منہ پهيرتے هو - [۶۹] مجكو تو اُوپر كے لوگوں كي خبر نهيں جب وہ آپس ميں جهگڑتے تهے - [۷۰] ميري طرف تو بس يهي وحي كي گئي هے كه بس ميں صاف صاف طور پر ڈرانے والا هوں - [۷۱] جب تيرے پروردگار نے فرشتوں سے كها كه ميں مٹي سے اِنسان بنانے والا هوں - [۷۲] تو جب ميں اُس كو درست كرچكوں اور اُس ميں اپني روح پهونك دوں تو تم سب اس كے آگے سجدے ميں گر پڑو - [۷۳] تو ان ميں كے سب فرشتوں نے سجدہ كيا - [۷۴] مگر اِبليس كه اُس نے تكبر كيا اور كافروں ميں هوگيا - [۷۵] كها اے اِبليس كس چيز نے تجكو منع كيا كه تو ميرے اپنے هاتهوں سے بنائے هوئے چيز كو سجدہ نهيں كرتا ؟ كيا تجكو شيخي هوگئي هے ؟ يا تو بڑا بن گيا هے ؟ [۷۶] بولا كه ميں اس سے بهتر هوں - تونے مجكو آگ سے بنايا اور تونے اُس كو مٹي سے بنايا - [۷۷] فرمايا تو يهاں سے نكل جا - تو مردود هو گيا - [۷۸] اور روز جزا تك تجهہ پر ميري لعنت رهي - [۷۹] بولا اے ميرے پروردگار تو مجكو قيامت كے روز تك ڈهيل دے - [۸۰] فرمايا تجكو ڈهيل دي گئي [۸۱] اُس دن تك جس كا وقت مقرر هے - [۸۲] بولا تيري هي عزت كي قسم ميں ان سب كو گمراہ كرونگا

[۸۳] مگر جو ان میں سے تیرے خالص بندے ہیں -
[۸۴] فرمایا تو یہہ حق بات رهي - اور میں سچ کہتا
هوں [۸۵] که میں بهي تجهہ سے اور جو کوئي اُن میں
سے تیری پیروی کریگا اُس سے جہنم کو ضرور بهر دونگا -
[۸۶] تو کہہ دے که اُس کے لئے میں تو تم سے کچهہ اجرت
نہیں مانگتا - اور نه میں تکلف کرنے والا هوں - [۸۷] یہہ
تو بس تمام عالموں کے لئے ایک یاد داشت هے - [۸۸] اور کچهہ
دنوں میں تم کو اُس کي خبر ضرور معلوم هو جائیگي -

سورۂ زمر

مکي - ۷۵ آیتیں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحیم هے

[۱] یہہ کتاب زبردست اور حکمت والے خدا کي طرف سے
نازل کي گئي هے - [۲] هم نے اس کتاب کو اپني مشیئت سے
تیري طرف نازل کي هے - بس خالص خدا هي کا دین دار بن
کر اُس کي عبادت کر - [۳] خالص دین داري تو بس خدا
هي کے لئے چاهئے - اور جو لوگ اُس کے سوا دوست بنا رکهتے
هیں اور (کہتے هیں که) هم تو اُن کي عبادت بس اِسي لئے
کرتے هیں که وہ هم کو خدا سے نزدیک کر دیں تو جن باتوں
میں یہہ اِختلاف کرتے هیں خدا ان میں ان کا فیصله کر
دیگا - لیکن خدا جهوٹے کافر کو هدایت نہیں کرتا -
[۴] اگر خدا چاهتا که اولاد رکهے تو اُس نے جو کچهہ بنایا
هے اسي میں سے جس کو چاهتا چن لیتا - مگر وہ پاک هے -
وهي ایک غالب خدا هے - [۵] اس نے آسمان اور زمین کو
اپني مشیئت سے بنایا - رات کو دن پر لپیٹتا هے اور دن کو

رات پر لپیٹتا ھے - اور اس نے سورج اور چاند کو مسخر
کیا - سب ایك وقت تك چلتے ھیں - کیا وہ زبردست اور
بخشنے والا نہیں ؟ [٦] اُس نے تم کو ایك جان سے پیدا
کیا - پھر اُس سے اُس کا جوڑا بنایا - اور تمھارے لئے آٹھ
قسم کے مویشي اُتارے - تم کو تمھاري ماؤں کے پیٹ کے تین
اندھیروں میں ایك بناوٹ کے بعد دوسري بناوٹ بنانا ھے -
یھي تمھارا پروردگار خدا ھے - اُسي کي سلطنت ھے - اُس کے
سوا کوئي معبود نہیں - پھر کہاں پھرے جاتے ھو ؟ [٧] اگر
تم کفر کرو تو خدا تم سے بے نیاز ھے - مگر وہ اپنے بندوں میں
کفر نہیں پسند کرتا - اور اگر تم شکر کرو تو وہ تم سے خوش
ھوتا ھے - اور کوئي بوجھ اُٹھانے والا دوسرے کا بوجھ نہیں
اُٹھاتا - پھر تو تم کو تمھارے پروردگار کي طرف پھر جانا ھے -
تو وہ تم کو تمھارے کاموں کے بارے میں بتائیگا - بے شك وہ دل
کي باتوں کو خوب جانتا ھے - [٨] اور جب آدمي پر مصیبت
آ پڑتي ھے تو وہ اپنے پروردگار کي طرف رجوع ھو کر اُس کو پکارتا
ھے - پھر جب وہ اپني طرف سے اُس کو کوئي نعمت دیتا ھے تو
جو اُس نے پہلے پکارا تھا اُس کو بھول جاتا ھے اور (دوسروں کو)
خدا کے برابر ٹھہراتا ھے تاکہ اُس کي راہ سے گمراہ کر دے -
تو کہہ دے کہ تھوڑے دنوں تك اپنے کفر سے فائدہ اُٹھا لے - تو
تو (جہنم کي) آگ میں رھنے والا ھے - [٩] کیا جو شخص
رات کے وقت (خدا کي) فرماں‌برداري کرتا سجدہ اور قیام کرتا
اور آخرت سے ڈرتا اور اپنے پروردگار کي رحمت کي اُمید رکھتا ھے
(کیا یہہ نافرمان لوگوں کے برابر ھے) ؟ کیا جو لوگ علم
رکھتے اور جو علم نہیں رکھتے برابر ھیں ؟ عقل والے ھي تو
بس غور کرتے ھیں -

[۱۰] تو کہہ دے اے میرے بندے جو ایمان رکھتے ہو
اپنے پروردگار سے ڈرو - جو لوگ اِس دنیا میں نیکي کرتے ھیں
اُن کے لئے نیکي ھے - اور خدا کي زمین وسیع ھے - صبر کرنے
والے تو بس اپنا اجر بے حساب پائینگے - [۱۱] تو کہہ دے
کہ مجھکو حکم دیا گیا ھے کہ میں خالص خدا کے دین میں
رہ کر اُسي کي عبادت کروں - [۱۲] اور مجھکو حکم دیا گیا
ھے کہ سب سے پہلے میں مسلمان بنوں - [۱۳] تو کہہ دے
کہ اگر میں اپنے پروردگار سے سرکشي کروں تو مجھکو بڑے دن کا
ڈر ھے - [۱۴] تو کہہ دے کہ میں اپنے دین میں رہ کر خاص
خدا ھي کي عبادت کرتا ھوں - [۱۵] تو اُس کے سوا جس کي
چاھو تم عبادت کرو - تو کہہ دے کہ خسارہ اُٹھانے والے وہ
لوگ ھیں جو قیامت کے دن اپنا اور اپنے لوگوں کا نقصان
کریں - یہي تو صریح خسارہ ھے - [۱۶] اُن کے لئے اُن کے اُوپر
سے آگ کا سائبان ھوگا اور اُن کے نیچے بھي سائبان ھوگا -
اسي سے خدا اپنے بندوں کو ڈراتا ھے - اے میرے بندو مجھہ
سے ڈرو - [۱۷] اور جو لوگ شیطان سے بچے کہ اُس کي عبادت
نہ کي اور خدا کي طرف رجوع ھوئے تو اُن کے لئے خوش خبري
ھے - تو میرے اُن بندوں کو خوش خبري دے [۱۸] جو بات
سنتے اور اُس کي اچھي باتوں کي پیروي کرتے ھیں - یہي
ھیں جن کو خدا نے ھدایت کي - اور یہي لوگ عقل والے
ھیں - [۱۹] تو کیا جس شخص پر عذاب کا حکم آپڑے تو
کیا تو دوزخیوں کو بچا سکتا ھے ؟ [۲۰] لیکن جو لوگ
اپنے پرودگار سے ڈرتے ھیں اُن کے لئے بالاخانے ھیں اُن کے اُوپر
بالاخانے بنے ھوئے ھیں - اُن کے نیچے سے نہریں جاري ھونگي -
یہہ خدا کا وعدہ ھے - خدا (اپنے) وعدے کے خلاف نہیں

کرتا - [۲۱] کيا تونے نهيں ديکها که خدا نے آسمان سے
پاني اُتارا پهر اُس کو زمين ميں چشمے بنا کر چلا ديا - پهر
اُس سے مختلف رنگ کي کهيتياں نکالبں - پهر وہ زور پکڑتي
هے - پهر تو اُس کو زرد ديکهتا هے - پهر وہ اُس کو ريزہ ريزہ
کر ديتا هے - بے شك اس ميں عقل والوں کے لئے نصيحت هے -

[۲۲] تو کيا وہ شخص جس کا سينه خدا نے اِسلام کے
لئے کهول ديا هے اور وہ اپنے پروردگار کي روشني پر هے (کافر کے
برابر هوگا ؟) تو واے هے اُن لوگوں پر جن کے دل خدا کي ياد
سے سخت هو گئے هيں - يهي لوگ صريح گمراهي ميں
هيں - [۲۳] خدا نے سب سے بهتر بات يعني يهه کتاب اُتاري
که اس ميں تشبيهيں بهي هيں اور بار بار دهرائي هوئي
باتيں بهي - جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے هيں اس سے اُن کے
رونگٹے کهڑے هو جاتے هيں پهر اُن کے چمڑے اور دل نرم هوکر
خدا کي ياد ميں لگ جاتے هيں - يهه خدا کي هدايت هے
وہ جس کو چاهے اِس سے هدايت کرے - اور جس کو خدا گمراہ
کرے تو اُس کا کوئي هدايت کرنے والا نهيں - [۲۴] تو کيا جو
شخص قيامت کے دن اپنے منهه کو بُرے عذاب کا سپر بنائيگا
(وہ پرهيزگاروں کي طرح هو سکتا هے ؟) اور ظالموں سے تو
کها جائيگا که اپني کمائي کا مزہ چکهو - [۲۵] جو لوگ اُن
سے پهلے هوچکے هيں انهوں نے بهي جهٹلايا تو اُن پر ايسي
طرف سے عذاب آپڑا که اُن کو معلوم بهي نه هوا - [۲۶] تو
دنيا کي زندگي ميں خدا نے اُن کو رسوائي کا مزہ چکهايا -
اور آخرت کا عذاب تو سب سے بڑهه کر هوگا - اے کاش يهه
جانتے هوتے - [۲۷] اور هم نے لوگوں کے لئے اس قرآن ميں
هر طرح کي مثاليں بيان کي هيں - شايد وہ غور کريں -

[۲۸] یہہ عربي قرآن هے که جس میں کوئي کجي نہیں -
شاید وہ بچیں - [۲۹] خدا ایك مثال بیان کرتا هے که ایك
شخص هے که اس میں کئي شریك هیں ایك کي دوسرے سے
نہیں بنتي - اور ایك آدمي هے که پورا ایك آدمي کا هے - کیا
ان دونوں کي مثال ایك سي هے ؟ تعریف خدا هي کو هے -
مگر ان میں اکثر لوگ علم نہیں رکھتے - [۳۰] تو بھي
مریگا اور یہہ بھي مرینگے - [۳۱] پھر قیامت کے دن تم سب
اپنے پروردگار کے سامنے جھگڑو گے -
¶ [۳۲] تو اُس سے بڑھہ کر ظالم اور کون هوگا جو خدا
پر جھوٹ بولے اور جب سچي بات اُس کے پاس پہنچے تو
اُس کو جھٹلائے ؟ کیا کافروں کا ٹھکانا دوزخ میں نہیں هے ؟
[۳۳] اور جو شخص سچي بات لے کر آیا اور اُس پر ایمان
لایا - تو یہي لوگ پرهیزگار هیں - [۳۴] اُن کے پروردگار کے
هاں جو کچھہ وہ چاهینگے اُن کو ملیگا - یہي نیك لوگوں
کي جزا هے - [۳۵] تاکه خدا اُن کے بُرے کاموں کو اُن سے
دور کر دے اور اُن کو اُن کے نیك کاموں کے بدلے میں اُن کا
اجر دے - [۳۶] کیا خدا اپنے بندے کے لئے بس نہیں ؟
اور یہہ لوگ اس کے سوا تجکو دوسروں سے ڈراتے هیں -
تو جس کو خدا گمراہ کرے تو اُس کا کوئي هدایت کرنے والا
نہیں - [۳۷] اور جس کو خدا هدایت کرے تو اُس کو کوئي
گمراہ کرنے والا نہیں - کیا خدا زبردست اور اِنتقام لینے والا
نہیں هے ؟ [۳۸] اور اگر تو اُن سے پوچھے که کس نے آسمان
اور زمین بنایا تو وہ ضرور کہینگے که خدا - تو کہہ دے که
خدا کے سوا جن کو تم پکارتے هو کیا تم نے اُن پر نظر کي هے
که اگر وہ مجکو ضرر پہنچانا چاهے تو کیا یہہ اُس کے ضرر کو

دور کرسکتے هیں ؟ یا اگر وہ مجھہ پر رحم کرنا چاهے تو
کیا یہہ اُس کی رحمت کو روك سکتے هیں ؟ مجکو خدا بس
هے - توکل کرنے والے اُسي پر توکل کرتے هیں - [۳۹] تو
کہہ دے کہ اے میری قوم تم اپنی جگہ کام کئے جاؤ - میں
بھي کام کرتا هوں - اور تم کو جلد معلوم هو جائیگا
[۴۰] کہ کس پر وہ عذاب آ کر رهیگا جو اُس کو رسوا کریگا
اور کس پر دائمي عذاب نازل هوگا - [۴۱] هم نے یہہ کتاب
لوگوں کے لئے تجھہ پر اپنی مشیئت سے اُتاری هے - تو جس نے
هدایت پائي وہ اپنے لئے اور جو گمراہ هوا تو اُس کي گمراهي
اُسي پر پڑیگي - اور تو تو ان پر داروغہ نہیں هے -

[۴۲] ان کے مرنے کے وقت خدا روحوں کو قبض کرلیتا هے
اور جو مرے نہیں اُن کو اُن کے سوتے وقت (قبض کر لیتا هے) -
تو جن پر موت کا حکم جاری هوچکا هے اُن کو وہ روك لیتا هے -
اور باقي کو ایك وقت مقرر تك بھیج دیتا هے - جو لوگ
غور کرتے هیں اُن کے لئے اسی میں نشانیاں هیں - [۴۳] کیا
ان لوگوں نے خدا کے سوا شفاعت کرنے والے ٹھہرا رکھے
هیں ؟ تو کہہ دے کہ اگرچہ بھي یہہ کسي چیز کے مالك
نہ هوں اور نہ عقل رکھتے هوں ؟ [۴۴] تو کہہ دے کہ
شفاعت تو ساري خدا کے هاتھہ میں هے - آسمان اور زمین
کي حکومت اُسي کي هے - پھر تم کو اُسي کي طرف لایا
جائیگا - [۴۵] اور جب ایك خدا کا ذکر کیا جاتا هے تو جو
لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اُن کے دل نفرت کرتے هیں
اور جب اُس کے سوا دوسروں کا ذکر کیا جاتا هے تو بس یہہ
خوش هوجاتے هیں - [۴۶] تو کہہ کہ اے خدا آسمان اور
زمین کے پیدا کرنے والے غیب اور ظاهر کے جاننے والے تو هي

اپنے بندوں میں ان باتوں کا فیصلہ کردیگا جن میں یہہ
اختلاف کرتے هیں - [۴۷] اور اگر ظالموں کے پاس دنیا کي
ساري چیزیں هوجائیں اور اُن کے ساتھہ اتني هي اور تو
قیامت کے دن بُرے عذاب کے بدلے میں یہہ اُن کو دے
ڈالینگے - اور ان کو خدا کي طرف سے وہ بات ظاهر هوگي
جس کا اُن کو گمان بھي نہیں - [۴۸] اور اُن کي بد
کرداریاں اُن پر ظاهر هوجائینگي اور جس سے یہہ ٹھٹھا کرتے
رهے هیں وہ ان کو آ گھیریگا - [۴۹] تو جب آدمي کو تکلیف
پہنچتي هے تو وہ هم کو پکارتا هے - پھر جب هم اُس کو اپني
طرف سے کوئي نعمت دیتے هیں تو وہ کہتا هے کہ یہہ تو
مجھکو بس علم کے سبب ملي هے - نہیں - یہہ آزمایش هے -
مگر ان میں اکثر لوگ نہیں جانتے - [۵۰] جو لوگ ان سے
پہلے هوچکے هیں وہ بھي یہي کہتے تھے - مگر اُن کي کمائي
اُن کے کچھہ کام نہ آئي - [۵۱] اور اُن کي بد کرداریوں نے
اُن کو آ لیا - اور اُن میں سے جو لوگ ظلم کرتے هیں اُن پر
اُن کي بدکرداریاں آ کر رهینگي - اور وہ (خدا کو) عاجز
نہیں کر سکتے - [۵۲] کیا یہہ نہیں جانتے کہ خدا جس کا
رزق چاهتا هے کشادہ کرتا هے اور تنگ کردیتا هے ؟ جو لوگ
ایمان رکھتے هیں اُن کے لئے اس میں بھي نشانیاں هیں -
[۵۳] تو کہہ دے کہ اے میرے بندو جنہوں نے اپنے آپ
پر زیادتیاں کي هیں خدا کي رحمت سے نا اُمید نہ هو -
بے شك خدا سارے گناہ بخش دیتا هے - بے شك وهي
بخشنے والا اور رحم کرنے والا هے - [۵۴] اور اپنے پروردگار کے
آگے توبہ کرو اور اُس کے مطیع هوجاؤ قبل اس کے کہ تم پر
عذاب آ پہنچے اور تم کو مدد نہ ملے - [۵۵] اور تمھارے

پروردگار کي طرف سے جو بہتربن باتيں تم پر نازل هوئي هيں
اُن کي پيروي کرو- قبل اس کے که تم پر يکايك عذاب آ پہنچے
اور تم نه جانو [۵۶] که کوئي نه کہے که اے افسوس که
ميں نے خدا کي طرف سے غفلت کي - اور ميں تو ٹھٹھا
هي کرتا رها - [۵۷] يا کہے که اگر وہ مجکو هدايت کرتا
تو ميں ضرور پرهيزگاروں ميں سے هوتا - [۵۸] يا جس وقت
عذاب ديکھے تو کہے که اے کاش ميں پھر جاتا تو ميں
نيك لوگوں ميں هوتا - [۵۹] نهيں - ميري آيتيں تيرے
پاس آئيں اور تونے اُن کو جھٹلايا اور تکبر کيا اور کافر بن
گيا - [۶۰] اور تو قيامت کے دن ديکھيگا که جنھوں نے
خدا پر جھوٹ بولا هے اُن کے منهہ کالے هونگے - کيا تکبر
کرنے والوں کي جگه جهنم ميں نهيں هے ؟ [۶۱] اور جو لوگ
(بُرے کاموں سے) بچے اُن کو خدا اُن کي کاميابي کے ساتھہ
نجات ديگا - اُن کو بُرائي نه پہنچيگي - اور نه وہ غمگين
هونگے - [۶۲] خدا هر چيز کا بنانے والا هے - اور وہ هر چيز
پر نگہبان هے - [۶۳] آسمان اور زمين کي کنجياں اُسي کي
هيں - اور جو لوگ خدا کي آيتوں سے کفر کرتے هيں تو
يهي لوگ خسارہ اُٹھائينگے -

[۶۴] تو کہہ دے که اے جاهلو کيا تم مجکو خدا کے
سوا دوسروں کي عبادت کرنے کو کہتے هو ؟ [۶۵] اور تيري
طرف اور اُن لوگوں کي طرف جو تجھہ سے پہلے هو چکے هيں
وحي کي گئي هے که اگر تونے شرك کيا تو ضرور تيرے کئے برباد
هو جائينگے اور تو ضرور خسارہ اُٹھائيگا - [۶۶] بلکه خدا
هي کي عبادت کر اور شکر گزار هو - [۶۷] اور انھوں نے خدا
کي جيسي قدر چاهئے تھي نه کي - اور قيامت کے دن ساري

دنیا اُس کي ایک متھي ھوگي - وہ پاک ھے - اور ان کے شرک
سے بالاتر - [۶۸] اور صور پھونکا جائیگا تو جو کوئي آسمان
میں ھے اور جو کوئي زمین میں ھے سب بے ھوش ھوجائینگے -
مگر جس کو خدا چاھے - پھر دوسري بار وہ پھونکا جائیگا تو
اُسي وقت وہ سب کھڑے ھوکر دیکھتے ھونگے - [۶۹] اور
زمین اپنے پروردگار کي روشني سے چمکنے لگیگي - اور کتاب سامنے
رکھي جائیگي - اور نبي اور گواہ سب حاضر کئے جائینگے اور
اُن میں سچ سچ فیصلہ کر دیا جائیگا - اور اُن پر ظلم نہ
ھوگا - [۷۰] اور ھر جي کو اُس کے کئے کا پورا پورا (بدلہ) دیا
جائیگا - اور وہ اُن کے کاموں کو خوب جانتا ھے -

[۷۱] اور جو لوگ کفر کئے وہ جھنڈ کے جھنڈ جھنم کي
طرف ھانکے جائینگے یہاں تک کہ جب وہ اُس کے پاس
پہنچینگے تو اُس کے دروازے کھول دئے جائینگے اور اُس کے
چوکیدار اُن سے کہینگے کہ کیا تم میں سے تمھارے پاس رسول
نہیں آئے کہ وہ تمھارے پروردگار کي آیتیں تم کو پڑھ کر
سناتے اور تمھارے اس روز کے آگے آنے سے تم کو ڈراتے ؟ یہہ
کہینگے کہ ھاں - مگر عذاب کا حکم کافروں پر پورا ھوا -
[۷۲] اُن سے کہا جائیگا کہ جہنم کے دروازوں میں داخل ھو -
ھمیشہ اِسي میں رھو - اور تکبر کرنے والوں کي جگہ بہت بري
ھے - [۷۳] اور جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرے وہ جھنڈ کے جھنڈ
جنت کي طرف ھانکے جائینگے - یہاں تک کہ جب وہ اُس کے
پاس آجائینگے اور اُس کے دروازے کھول دئے جائینگے اور اُس کے
چوکیدار اُن سے کہینگے کہ سلام علیکم - تم بہت ھي اچھے
رھے - تو اس میں داخل ھو - اور ھمیشہ رھو - [۷۴] اور یہہ
کہینگے تعریف خداھي کو ھے جس نے ھم سے اپنا وعدہ سچ

کيا اور هم کو اس زمين کا وارث بنايا که هم جنت ميں جهاں
چاهيں رهيں - کام کرنے والوں کا کيا اچها اجر هے - [۷۵] اور
تو فرشتوں کو ديکهيگا که عرش کے گرد گهبرے هوئے هيں -
اپنے پروردگار کي تعريف کے ساتهه تسبيح کرتے هيں - اور لوگوں
ميں سچ سچ بات طے پاجائيگي - اور کها جائيگا که تعريف
خدا هي کو هے جو تمام عالموں کا پروردگار هے -

سورهٔ مؤمن

مکي - ۸۵ آيتيں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحيم هے

[۱] حم - [۲] يهه کتاب خدا کي طرف سے اُتري هے جو
زبردست اور جاننے والا هے - [۳] گناهوں کا بخشنے والا اور
توبه کا قبول کرنے والا - سخت سزا دينے والا - صاحب اِنعام -
اس کے سوا کوئي معبود نهيں - اُسي کي طرف پهر جانا هے -
[۴] خدا کي آيتوں کے بارے ميں تو بس کافر هي جهگڑتے
هيں - تو اُن کا ملك ميں پهرنا چلنا تم کو دهوکے ميں نه
ڈالے - [۵] اُن سے پهلے نوح کي قوم نے اور اُن کے بعد اور
کافروں کي جماعت نے بهي جهٹلايا - اور هر اُمت نے اپنے رسول
کو پکڑنے کا اِراده کيا اور لغو باتوں سے جهگڑا کيا تاکه اُس سے
حق کو لغزش ديں - تو ميں نے اُن کو آ ليا - تو پهر ميرا
عذاب کيسا هوا ؟ [۶] اور اسي طرح کفر کرنے والوں پر تيرے
پروردگار کا قول سچ هوکر رها که يهه (دوزخ کي) آگ ميں
رهينگے - [۷] جو عرش کو اُٹهائے هوئے هيں اور جو اُس کے گرد
هيں اپنے پروردگار کي تعريف کے ساتهه تسبيح کرتے اور اُس پر

ایمان رکھتے اور جو لوگ ایمان رکھتے ھیں اُن کے لئے استغفار
کرتے ھیں کہ اے ھمارے پروردگار تو اپني رحمت اور علم سے ھر
چیز پر حاوي ھے تو جو لوگ توبہ کرتے اور تیري راہ کي پیروي
کرتے ھیں اُن کو بخش دے اور ان کو (جھنم کي) دھکتي
ھوئي آگ کے عذاب سے بچا - [۸] اے ھمارے پروردگار ان کو
جنت عدن میں داخل کر جس کا تونے ان سے وعدہ کیا ھے اور
ان کے باپ دادوں اور ان کي بیویوں اور ان کي اولاد میں سے
جو نیک ھوں ان کو بھي - بے شک تو ھي زبردست حکمت
والا ھے - [۹] اور ان کو برائیوں سے بچا - اور جس کو تو
اُس دن برائیوں سے بچائیگا تو اس پر تونے رحم کیا - اور یھي
تو بڑي کامیابي ھے -

[۱۰] جو لوگ کفر کرتے ھیں اُن کو پکار دیا جائیگا کہ
خدا کي بیزاري تمھارے آپس کي بیزاري سے بڑھ کر تھي جب
تم کو ایمان کي طرف بلا یا گیا اور تم نے کفر کیا - [۱۱] وہ
کھینگے کہ اے ھمارے پروردگار تونے ھم کو دو بار موت دي اور
دو بار زندگي - اور ھم اپنے گناھوں کا اعتراف کرتے ھیں - تو
نکلنے کي بھي کوئي راہ ھے ؟ [۱۲] یہہ اس لئے ھے کہ جب
ایک خدا کو پکارا جاتا تھا تو تم کفر کرتے تھے اور اگر اُس کے
ساتھہ شرک کیا جاتا تھا تو تم ایمان لاتے تھے - مگر حکم تو
خدا ھي کا ھے جو عالي شان اور بڑا ھے - [۱۳] وھي ھے جو
تم کو اپني نشانیاں دکھاتا اور آسمان سے تمھارے لئے رزق
اُتارتا ھے - اور سوا رجوع کرنے والے کے اور کوئي غور نھیں
کرتا - [۱۴] اور خدا کو خلوص عبادت سے پکارو اگرچہ
کافروں کو برا ھي لگے - [۱۵] وہ بڑا بلند مرتبہ صاحب
عرش ھے - اپنے بندوں میں سے جس پر چاھتا ھے اپنے حکم سے

وحي نازل کرتا هے تا که ملاقات کے دن سے ڈرائے - [۱۶] جس
دن وہ سامنے آئینگے اُن کي کوئي بات خدا سے چھپي نه
هوگي - " آج کے دن کس کي سلطنت هے ؟ " ایک خدا هي
کي جو غالب هے - [۱۷] " آج کے دن هر شخص کو اُس کي
کمائي کا بدله دیا جائیگا - آج کے دن ظلم نه هوگا " -
بے شک خدا جلد حساب لینے والا هے - [۱۸] اور اُن کو
نزدیک چلے آنے والے دن سے ڈرا جب گھٹ گھٹ کر کلیجے
حلق کے پاس آ جائینگے - ظالموں کا نه کوئي دوست هوگا اور
نه کوئي شفاعت کرنے والا جس کا کہا مانا جائے - [۱۹] وہ
آنکھوں کي خیانت کو جانتا هے اور اُن کو بھي جو دلوں میں
چھپي هیں - [۲۰] اور خدا سچ سچ فیصله کرتا هے اور
اُس کے سوا جن کو یہ پکارتے هیں وہ کچھ بھي فیصله
نہیں کر سکتے - بے شک خدا هي سننے والا اور دیکھنے
والا هے -

[۲۱] اور کیا انھوں نے ملک میں سیر نه کي اور نه دیکھا
که جو لوگ اُن سے پہلے هو چکے هیں اُن کا کیسا انجام
هوا ؟ وہ قوت کے اِعتبار سے اور نشانوں کے اِعتبار سے ملک میں
ان سے بہت بڑھ کر تھے مگر خدا نے اُن کو اُن کے گناهوں کے
سبب گرفتار کیا - اور خدا کے مقابلے میں اُن کا کوئي بچانے
والا نه هوا - [۲۲] یہ اِس لئے که اُن کے رسول بین دلیلیں
لے کر اُن کے پاس آئے مگر اُنھوں نے کفر کیا تو خدا نے اُن کو
گرفتار کیا - بے شک وہ قوي اور سخت سزا دینے والا هے -
[۲۳] اور هم نے موسی کو اپني آیتیں اور صاف سندیں دے کر
بھیجا [۲۴] فرعون اور هامان اور قارون کے پاس - تو وہ بولے
که یہ جھوٹا جادوگر هے - [۲۵] تو جب وہ هماري طرف سے

حق لے کر اُن کے پاس آیا تو وہ بولے کہ جو لوگ اس کے ساتھہ
ایمان لائے هیں اُن کے لڑکوں کو قتل کر ڈالو اور اُن کي عورتوں
کو جیتا رهنے دو - اور کافروں کا داؤ پیچ تو بس بیکار هي
هوتا هے - [۲۶] اور فرعون نے کہا کہ مجهکو چهوڑ دو کہ میں
موسيٰ کو قتل کر ڈالوں اور وہ اپنے پروردگار کو پکارے - میں
ڈرتا هوں کہ کهیں یہہ تمهارے دین کو نہ بدل ڈالے یا ملك
میں فساد نہ پیدا کرے - [۲۷] اور موسيٰ نے کہا کہ میں نے
هر تکبر کرنے والے سے جو روز حساب پر ایمان نهیں رکهتا اپنے
پروردگار اور تمهارے پروردگار کي پناہ پکڑي هے -

[۲۸] اور فرعون کے لوگوں میں سے ایك مرد ایماندار جو
اپنے ایمان کو چهپاتا تها بولا کیا تم ایك شخص کو مار ڈالوگے
اِس لئے کہ وہ کہتا هے کہ خدا هي میرا پروردگار هے ؟ اور وہ تو
تمهارے پاس تمهارے پروردگار کي طرف سے بین دلیلیں بهي
لے کر آیا هے - اور اگر وہ جهوٹا بهي هو تو اُس کا جهوٹ اُسي
پر پڑیگا - اور اگر وہ سچا هوا تو جس چیز کا وہ تم سے
وعدہ کرتا هے ان میں سے کچهہ تو تم پر آ پڑیگا - جو کوئي
زیادتي کرتا هے اور جهوٹا هے اُن کو خدا هرگز هدایت نهیں
کرتا - [۲۹] اے میري قوم آج کے دن تمهاری هي سلطنت
هے - ملك میں تم غالب هو - لیکن اگر خدا کا عذاب هم پر
آ پڑے تو پهر کون هے جو هماري مدد کریگا ؟ فرعون نے کہا
کہ میں تو تم کو وهي دکهاتا هوں جو میں دیکهتا هوں اور
میں تو تم کو بس سیدهي راہ کي هدایت کرتا هوں -
[۳۰] اور وہ جو ایمان رکهتا تها بولا کہ اے میري قوم
مجهکو تمهاري نسبت اگلے لوگوں کا سا دن کا ڈر هوتا هے
[۳۱] یعني جیسا حال نوح کی قوم اور عاد اور ثمود اور اُن

لوگوں کا ہوا جو اُن کے بعد ہوئے اور خدا تو (اپنے) بندوں پر ظلم کرنا نہیں چاہتا - [۳۲] اور اے میري قوم مجکو تمھاري نسبت قیامت کے دن کا ڈر ہے - [۳۳] جس دن تم پیٹھہ پھیر کر بھاگوگے تم کو کوئي خدا سے بچانے والا نہ ہوگا - اور جس کو خدا گمراہ کرے تو اُس کا کوئي ہدایت کرنے والا نہیں - [۳۴] اور اس سے پہلے یوسف بین دلیلیں لے کر تمھارے پاس آیا تو وہ جو تمھارے پاس لے کر آیا تھا تم اُس کي نسبت شك هي میں رہے یہاں تك کہ جب وہ مرگیا توتم بولے کہ اس کے بعد وہ کوئي رسول نہیں بھیجیگا - جو لوگ زیادتي کرتے ہیں اور شك میں پڑے رہتے ہیں اُن کو خدا اسي طرح گمراہ کرتا ہے [۳۵] کہ کوئي سند تو اُن کے پاس آئي نہیں مگر وہ خدا کي آیتوں کے بارے میں جھگڑتے ہیں - خدا کے نزدیك اور جو لوگ ایمان رکھتے ہیں اُن کے نزدیك یہہ بڑي مکروہ بات ہے - خدا ہر تکبر کرنے والے اور ظلم کرنے والے کے دل پر اسي طرح مہر کردیتا ہے - [۳۶] اور فرعون نے کہا کہ اے ہامان میرے لئے ایك محل بنا تا کہ میں راستوں پر جا پہنچوں [۳۷] یعني آسمان کے راستوں پر - اور موسی کے معبود کو جھانك کر دیکھوں - اور میں تو اُس کو جھوٹا سمجھتا ہوں - اور اسي طرح فرعون کو اُس کے کام کي بُرائي اچھي کر دکھائي گئي - اور اُس کو راہ سے روك دیا گیا تھا - اور فرعون کے داؤ پیچ تو بس بیکار هي ہوئے -

[۳۸] اور وہ جو ایمان رکھتا تھا بولا کہ اے میري قوم میري پیروي کرو - میں تم کو ٹھیك راہ دکھاؤنگا - [۳۹] اے میري قوم یہہ دنیا کي زندگي تو بس تھوڑا فائدہ ہے - اور

بے شک آخرت هے تو بس هميشه رهنے کي جگه هے - [۴۰] جو
بُرے کام کرتا هے تو اُس کو ويسي هي جزا دي جائيگي - اور
جو نيک کام کرتا هے خواه وه مرد هو يا عورت اور ايمان بهي
رکهتا هے نو يهي لوگ جنت ميں داخل هونگے - اُس ميں
ان کو بے حساب رزق ديا جائيگا - [۴۱] اور اے ميري قوم
مجکو کيا هوا که ميں تم کو نجات کي طرف بلاتا هوں
اور تم مجکو (جهنم کي) آگ کي طرف بلاتے هو؟ [۴۲] تم
مجکو بلاتے هو تاکه ميں خدا سے کفر کروں اور اُس کے
ساتهه اس چيز کو شريک کروں جس کا مجکو کوئي علم
نهيں - اور ميں تم کو زبردست بخشنے والے (خدا) کي
طرف بلاتا هوں - [۴۳] کوئي شک نهيں که جس کي طرف
تم مجکو بلاتے هو اُن کو نه تو دنيا هي ميں پکارنا چاهئے
اور نه آخرت ميں - اور هم کو تو خدا هي کي طرف پهر کر
جانا هے - اور زيادتي کرنے والے هي (جهنم کي) آگ ميں
رهينگے - [۴۴] مگر تم ضرور ياد کروگے جو ميں تم سے کهتا
هوں - اور ميں اپنا کام خدا هي کے حوالے کرتا هوں -
بے شک خدا (اپنے) بندوں کو ديکهتا هے - [۴۵] تو اُس کو
خدا نے ان کے داؤ پيچ سے بچا ليا - اور فرعون کے لوگوں کو
بُرے عذاب نے آ گهيرا - [۴۶] يعني (جهنم کي) آگ که
صبح و شام وه اس پر لائے جائينگے - اور جس دن وه گهڑي
آ پڑيگي - " فرعون کے لوگوں کو عذاب سخت ميں داخل
کرو " - [۴۷] اور جب يهه (دوزخ کي) آگ ميں حجت کرتے
هونگے تو بے بس لوگ تکبر کرنے والوں سے کهينگے که هم تو
تمهاري پيروي کرتے تهے - تو کيا تم آگ ميں همارے کچهه
بهي کام آ سکتے هو؟ [۴۸] جو لوگ تکبر کرتے تهے وه کهينگے

کہ ہم سب اسي میں ہیں - اب تو خدا بندوں کے بارے
میں حکم کرچکا - [۴۹] اور جو لوگ (جہنم کي) آگ میں
ہونگے وہ جہنم کے چوکي داروں سے کہینگے کہ تم اپنے پروردگار سے
دعا کرو کہ ہم سے عذاب کا ایك دن بھي تو تخفیف کردے -
[۵۰] وہ کہینگے کہ کیا تمہارے پاس تمہارے رسول بین
دلیلیں لے کر نہیں آئے تھے؟ وہ کہینگے کہ ہاں - کہینگے
کہ تم خود دعا کرو - مگر کافروں کي دعا تو بس بیکار ہي
ہوتي ہے -

[۵۱] ہم دنیا کي زندگي میں بھي اپنے رسولوں اور ایمان
والوں کي مدد کرینگے اور اُس دن بھي جب گواہي دینے والے
کھڑے ہونگے - [۵۲] جس دن ظالموں کو اُن کي معذرت
نفع نہ دیگي - اور اُن پر لعنت ہوگي اور اُن کو برا مکان ملیگا -
[۵۳] اور ہم نے موسى کو ہدایت دي اور بني اسرائیل کو کتاب
کا وارث کیا - [۵۴] کہ وہ عقلمندوں کے لئے ہدایت اور یاد
رکھنے کي چیز ہے - [۵۵] تو صبر کر - بے شك خدا کا وعدہ
سچا ہے - اور اپنے گناہوں کي بخشش مانگ اور صبح و شام
اپنے پروردگار کي تعریف کے ساتھ تسبیح کر - [۵۶] جن لوگوں
کے پاس کوئي سند تو آئي نہیں اور وہ خدا کي آیتوں کے بارے
میں جھگڑتے ہیں اُن کے دل میں تو بس شیخي ہے کہ وہ اُس
کو کبھي نہیں پہنچ سکتے - تو خدا کي پناہ مانگ - بے شك
وہ سننے والا اور دیکھنے والا ہے - [۵۷] آسمان اور زمین کا بنانا
آدمي کے بنانے سے بڑھ کر ہے - لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے -
[۵۸] اور اندھا اور دیکھنے والا تو برابر نہیں - اور نہ وہ جو
ایمان رکھتے اور نیك کام کرتے وہ اور برے کام کرنے والے - تم
بہت کم غور کرتے ہو - [۵۹] وہ گھڑي تو ضرور آکر رہیگی -

اس میں کوئي شك نهیں - مگر اکثر لوگ ایمان نهیں رکھتے -
[۶۰] اور تمهارا پروردگار کهتا هے که مجهه سے دعا مانگو -
میں تم کو جواب دونگا - جو لوگ میری عبادت سے
تکبر کرتے هیں وه عنقریب ذلیل هوکر جهنم میں داخل
هونگے -

[۶۱] خدا وه هے جس نے تمهارے لئے رات بنائي تاکه تم
اس میں آرام کرو - اور دن تاکه دیکهو بهالو - بے شك خدا
لوگوں پر بڑا فضل کرنے والا هے مگر اکثر لوگ شکر نهیں کرتے -
[۶۲] یهي خدا تو تمهارا پروردگار هے تمام چیزوں کا بنانے والا -
اُس کے سوا کوئي معبود نهیں - پهر تم کهاں پهرے جاتے هو ؟
[۶۳] جو لوگ خدا کی آیتوں سے اِنکار کرتے هیں وه اِسي طرح
پهرتے رهتے هیں - [۶۴] خدا وه هے جس نے تمهارے لئے زمین
کو قرار گاه اور آسمان کو چهت بنایا - اور تمهاري صورتیں
بنائیں - اور تمهاري اچهي صورتیں بنائیں - اور اچهي چیزیں
تمهیں کهانے کو دیں - یهي خدا تمهارا پروردگار هے - اور خدا
برکت والا هے اور تمام عالموں کا پروردگار هے - [۶۵] وهي زنده
هے - اس کے سوا کوئي معبود نهیں - تو خلوص دین کے ساتهه
اُسي کو پکارو - تعریف هے خدا هي کو جو تمام عالموں کا پروردگار
هے - [۶۶] تو کهه دے که مجکو منع کیا گیا هے که میں اُن
لوگوں کو نه پکاروں جو خدا کے سوا هیں جب میرے پاس
میرے پروردگار کي طرف سے بین دلیلیں آ چکیں - اور مجکو
حکم دیا گیا هے که میں پروردگار عالم کا مطیع هوں - [۶۷] وهي
هے جس نے تم کو مٹي سے بنایا - پهر نطفے سے - پهر جمے هوئے
خون سے - پهر تم کو بچه بنا کر نکالا - پهر (بڑهایا) تاکه
تم اپني جواني کو پهنچو - پهر تاکه تم بوڑهے هو - اور تم

میں سے کوئي تو پہلے هي مر جاتا هے - اور تا که تم ایك وقت
مقرر کو پہنچو - اور تا که تم کو عقل هو - [۶۸] وهي هے جو
زنده کرتا اور مارتا هے - اور جب وه کوئي کام مقرر کر لیتا
هے تو بس وه اُس کي نسبت کہتا هے که هو جا - اور وه
هو جاتا هے -

[۶۹] کیا تونے اُن لوگوں کو نہیں دیکھا جو خدا کي
آیتوں کے بارے میں جھگڑتے هیں ؟ یہه کدھر کو پھرے
جاتے هیں ؟ [۷۰] وه لوگ جو کتاب کو جھٹلاتے هیں اور اُن
چیزوں کو بھي جو هم نے اپنے رسولوں کو دے کر بھیجا هے
عنقریب وه جان جائینگے - [۷۱] جب اُن کي گردنوں میں
طوق هونگے - اور زنجیریں گھسیٹتے هوئے [۷۲] گرم پاني
میں لے جائینگے - پھر وه آگ میں جھونك دئے جائینگے -
[۷۳] پھر اُن سے کہا جائیگا که جن کو تم شریك کرتے تھے وه
کہاں هیں [۷۴] جو خدا کے سوا تھے ؟ کہینگے که وه تو هم سے
کھو گئے - بلکه هم تو اس سے پہلے کسي کو پکارتے هي نه
تھے - خدا کافروں کو اِسي طرح گمراه کر دیتا هے - [۷۵] یہه
اِس لئے هے که تم دنیا میں ناحق خوش هوتے تھے اور اِس لئے
که تم اِترایا کرتے تھے - [۷۶] جہنم کے دروازوں میں داخل هو -
همیشه اُسي میں رهو - تکبر کرنے والوں کا ٹھکانا کیسا بُرا
هے - [۷۷] تو صبر کر - خدا کا وعده ضرور سچا هے - تو جو
کچھه هم اُن سے وعده کرتے هیں اگر هم اس میں سے کچھه
تجھکو دکھائیں یا تجھکو موت دے دیں تو بھي اُن کو تو
هماري هي طرف پھر کر آنا هے - [۷۸] اور هم نے تجھه سے پہلے
بھي رسول بھیجے - اُن میں سے کچھه تو هیں جن کے قصے
هم نے تجھه سے بیان کئے اور ان میں کچھه تو هیں جن کے

قصے هم نے تجهه سے بیان نهیں کئے - اور کوئي رسول ایسا نه هوا که بغیر خدا کے حکم کے کوئي نشاني لے آئے - پهر جب خدا کا حکم آگیا تو سچ سچ فیصله هو گیا - اور جو لوگ جهوت میں پڑے تهے اُس وقت وهي خسارے میں رهے -

[۷۹] خدا وهي هے جس نے تمهارے لئے مویشي بنائے تا که ان میں سے کسي پر سوار هو اور ان میں سے تم کهاتے بهي هو - [۸۰] اور تمهارے لئے ان میں فائدے بهي هیں اور تا که تم اُن سے اپنے دل کي حاجت کو پهنچو - اور اُن پر اور کشتیوں پر تم چڑهے پهرتے هو - [۸۱] اور وہ تم کو اپني نشانیاں دکهاتا هے - تو خدا کي کس نشاني سے تم اِنکار کروگے ؟ [۸۲] تو کیا یهه ملك میں سیر نهیں کرتے اور دیکهتے که جو لوگ ان سے پهلے هو چکے هیں اُن کا انجام کیسا هوا ؟ وہ ان سے زیادہ قوت رکهتے تهے اور دنیا میں نشان بهي چهوڑ گئے هیں - مگر اُن کي کمائي اُن کے کچهه کام نه آئي - [۸۳] اور جب اُن کے رسول اُن کے پاس بین دلیلیں لے کر آئے تو یهه اپنے علم پر اِترانے لگے - تو جس سے اُنهوں نے ٹهٹها کیا تها اُسي نے اُن کو آ گهیرا - [۸۴] پهر جب اُنهوں نے هماري سختي دیکهي تو بولے که هم ایك خدا پر ایمان لائے اور اُس کے ساتهه هم نے جو کچهه شریك کیا تها اب هم اس سے کفر کرتے هیں - [۸۵] مگر جب اُنهوں نے هماري سختي کو دیکها تو اُن کا ایمان اُن کو نفع نه دے سکا - یهي خدا کي عادت هے جو اُس کے بندوں میں چلي آتي هے اور اس وقت کافر هي خسارے میں رهے -

سورۂ حم سجدہ

مکي - ۵۴ آیتیں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحیم ہے

[۱] حم - [۲] یہہ رحمان اور رحیم (خدا) کي طرف سے اُتري هوئي [۳] کتاب هے کہ اس کي آیتیں عربي قرآن میں علم رکھنے والے لوگوں کے لئے مفصل بیان کی گئي هیں - [۴] یہہ خوش خبري هے اور ڈر دکھانا بھي - مگر ان میں اکثر منہہ پھیر لیتے هیں اور نہیں سنتے - [۵] اور یہہ کہتے هیں کہ حس بات کی طرف تو هم کو بلاتا هے همارے دل تو اس سے پردوں میں هیں اور همارے کانوں میں ایک طرح کا بوجھہ هے - اور همارے اور تیرے درمیان پردہ هے تو تو (اپنا) کام کئے جا - هم بھي (اپنا) کام کریں - [۶] تو کہہ دے کہ میں تو بس تمہاری هي طرح ایک بشر هوں - مجھہ پر تو بس وحی بھیجي گئي هے کہ تمہارا معبود ایک هي معبود هے - تو سب دهے اسي کي طرف جاؤ اور اُس سے استغفار کرو - اور مشرکوں پر وائے هے - [۷] جو زکواۃ نہیں دیتے اور آخرت سے بھي کفر کرتے هیں - [۸] بے شك جو لوگ ایمان رکھتے اور نیك کام کرتے هیں اُن کے لئے اجر هے کہ وہ موقوف هونے والا نہیں -

[۹] تو کہہ کہ کیا تم اس سے کفر کرتے هو جس نے دو دن میں زمین کو پیدا کیا اور تم اُس کا برابر ٹھہراتے هو ؟ یهي تو تمام عالموں کا پروردگار هے - [۱۰] اور اُسي نے اُس میں بوجھل پہاڑ رکھہ دئے اور اس میں برکت دي اور اس میں چار دن میں اس کي قوت کا اندازہ کیا - سب مانگنے والوں کے

لئے یکساں - [۱۱] پھر آسمان کي طرف متوجه هوا اور وه
دهواں تها - تو اس سے اور زمین سے کہا که تم دونوں آؤ
خوشي سے هو یا نا خوشي سے - دونوں نے کہا که هم خوشي
سے آتے هیں - [۱۲] پھر دو دن میں سات آسمان بنائے
اور هر ایك آسمان کو اُس کا کام بتایا - اور هم نے دنیا کے
آسمان کو چراغوں سے زینت دي اور حفاظت کي - یهي تو
زبردست جاننے والے (خدا) کا ٹھیك کہا هوا هے - [۱۳] تو
اگر یهہ منهہ پهیر لیں تو کہہ دے که میں تمهیں ایك
کڑك سے ڈراتا هوں جیسے عاد اور ثمود کي کڑك تھي -
[۱۴] جب اُن کے پاس ان کے آگے سے اور ان کے پیچھے سے
رسول آئے که خدا کے سوا کسي کي عبادت نه کرو - بولے اگر
همارا پروردگار چاهتا تو وه ضرور فرشتے اُتارتا - تو جس چیز
کے ساتهہ تم بهیجے گئے هو هم اس سے کفر کرتے هیں -
[۱۵] تو عاد ملك میں ناحق تکبر کرنے لگے اور بولے که
قوت میں هم سے بڑهہ کر اور کون هے ؟ کیا اُنهوں نے نه
دیکھا که جس خدا نے اُن کو پیدا کیا هے وه قوت میں ان سے
بڑهہ کر هے ؟ اور وه هماري آیتوں سے اِنکار کرتے رهے - [۱۶] تو
هم نے نحس دنوں میں ان پر زور کي آندهي بهیجي تا که
دنیا کي زندگي میں ان کو رسوائي کے عذاب کا مزه چکھائیں -
اور آخرت کا عذاب تو ضرور زیاده رسوا کرنے والا هوگا اور ان کو
مدد نه دي جائیگي - [۱۷] اور ثمود کو هم نے هدایت دي
تهي مگر اُنهوں نے هدایت کے مقابلے میں اندها رهنا پسند
کیا - تو اُن کے کئے کے سبب اُن کو رسوائي کے عذاب کي کڑك
نے آلیا - [۱۸] اور جو لوگ ایمان رکھتے تھے اور (بُرے
کاموں سے) بچتے تھے اُن کو هم نے نجات دي -

[۱۹] اور جس دن خدا کے دشمن (جہنم کی) آگ
میں اکٹھے کئے جائینگے پھر وہ الگ الگ کئے جائینگے
[۲۰] یہاں تک کہ جب وہ اس کے پاس پہنچینگے تو اُن کے کئے
کے سبب اُن کے کان اور اُن کی آنکھیں اور اُن کے چمڑے سب
اُن کے مقابلے میں گواھی دینگے [۲۱] اور یہہ اپنے چمڑے سے
پوچھینگے کہ تم ہمارے خلاف کیوں گواھي دئے ؟ وہ کہینگے
کہ ہم کو خدا نے گویا کیا جیسا اُس نے ہر چیز کو گویا
کیا ھے - اور اُسی نے تم کو پہلی بار پیدا کیا تھا - اور
تم کو اُسي کی طرف پھر کر آنا ھوا - [۲۲] اور تم تو
اس بات سے پردہ نہ کرتے تھے کہ تمھارے مقابلے میں تمھارے
کان اور تمھاری آنکھیں اور تمھارے چمڑے گواھي دینگے
بلکہ تم سمجھتے تھے کہ تمھارے بہت سے کاموں کو خدا
نہیں جانتا ھے - [۲۳] اور تمھارے اسی خیال نے جو تم
اپنے پروردگار کي نسبت کیا کرتے تھے تم کو ھلاك کیا - اور تم
خسارے میں پڑگئے - [۲۴] تو اگر یہہ صبر کریں تو بھي
اُن کا ٹھکانا (جہنم کي) آگ ھے - اور اگر یہہ توبہ کریں
تو اُن کي توبہ قبول نہ ھوگي - [۲۵] اور ھم نے اُن کے ساتھہ
ھم نشین مقرر کر رکھے ھیں - اور وہ اُن کے آگے کي چیزیں
اور اُن کے پیچھے کي چیزیں سب اُن کو اچھي کر دکھاتے ھیں
اور ان پر (خدا کا) حکم آ کر رھیگا - یہہ بھي اُن ھي اُمتوں
میں ھیں جو جِنّ اور اِنس میں سے ان سے پہلے ھوچکے ھیں -
بے شك وہ خسارے میں تھے -

[۲۶] اور جو لوگ کفر کرتے ھیں وہ کہتے ھیں کہ اس
قرآن کو مت سنو - اور اس کے ساتھہ لغو باتیں بناؤ تا کہ
تم ھي غالب رھو - [۲۷] تو جو لوگ کفر کرتے ھیں ھم

ان کو ضرور عذاب سخت چکھائینگے - اور ان کي بد
کرداریوں کا ضرور بدلہ دینگے - [۲۸] یہہ (جہنم کي) آگ
خدا کے دشمنوں کي جزا ھے - وہ اس میں ھمیشہ رھینگے -
یہہ جزا ھے اس لئے کہ وہ ھماري آیتوں سے اِنکار کئے -
[۲۹] اور جو لوگ کفر کرتے ھیں وہ کہتے ھیں کہ اے
ھمارے پروردگار جنّ اور اِنس جنھوں نے ھم کو گمراہ کیا
تھا اُن کو ھمیں دکھادے کہ ھم اُن کو اپنے پاؤں کے نیچے
ڈالیں کہ وہ نیچے ھو جائیں - [۳۰] بے شك جو لوگ کہتے
ھیں کہ خدا ھي ھمارا پروردگار ھے پھر وہ ثابت قدم رھے
تو ان پر فرشتے نازل ھونگے کہ نہ ڈرو اور نہ غمگین ھو
بلکہ جنت کي خوشي مناؤ جس کا تم سے وعدہ کیا گیا ھے -
[۳۱] دنیا کي زندگي میں اور آخرت میں ھم تمھارے دوست
ھیں - اور وھاں جو تمھارے جي چاھینگے وہ تم کو ملینگے -
اور اس میں جو کچھہ تم مانگوگے تم کو ملیگا - [۳۲] یہہ
بخشنے والے اور رحم والے خدا کي طرف سے مہماني ھے -

[۳۳] اور اس سے بڑھہ کر کس کي بات ھو سکتي ھے جو
(لوگوں کو) خدا کي طرف بلائے اور خود نیك کام بھي کرے اور
کہے کہ میں مسلمان ھوں ؟ [۳۴] اور بھلائي اور برائي برابر
نہیں - بھلائي سے (بُرائي کو) ٹالو - تو اسي وقت وہ شخص
کہ جس سے تجھہ سے عداوت تھي گویا کہ (تیرا) بڑا ھي
دوست ھو جائیگا - [۳۵] اور یہہ بات تو ان ھي کو نصیب
ھوتي ھے جو صبر کرتے ھیں اور یہہ بھي پھر بڑے نصیبور
ھي کو نصیب ھوتي ھے - [۳۶] اور اگر تجھکو شیطان کي طرف
سے کوئي وسوسہ ھو تو خدا کي پناہ لے - بے شك وہ سننے والا
اور جاننے والا ھے - [۳۷] اور اُس کي نشانیوں میں سے رات اور

دن اور سورج اور چاند بھي هيں - نه سورج کو سجدہ کرو
اور نه چاند کو بلکه خدا کو سجدہ کرو جس نے اُن کو بنایا
هے - اگر تم اُسي کي عبادت کرنا چاهو - [۳۸] اور اگر یهه
تکبر کریں تو جو لوگ تیرے پروردگار کے نزدیك هیں وہ رات
اور دن اُس کو سجدہ کرتے هیں اور نهیں تهکتے - [۳۹] اور
اُسي کی نشانیوں میں سے یهه بهي هے که تو زمین کو بیکار
پڑي هوئي دیکهتا هے - پهر جب هم اُس پر پاني اُتارتے هیں
تو وہ لهلهاتي اور بڑهتي هے - بے شك جس نے اُس کو جلایا
وہ مردوں کو بهي جلائیگا - بے شك وہ هر چیز پر قادر هے -
[۴۰] جو لوگ هماري آیتوں میں کجروي کرتے هیں وہ هم سے
چهپے نهیں هیں - تو کیا جو (جهنم کي) آگ میں ڈالا
جائے وہ بهتر هے یا جو قیامت کے دن امن کے ساتهه آئے -
جو چاهو کرو - بے شك وہ تمهارے کاموں کو دیکهتا هے -
[۴۱] جن لوگوں نے کتاب سے کفر کیا باوجودیکه یهه ان کے
پاس آئي (وہ ان کو ان کي جزا دیگا -) اور یهه بے شك ایك
زبردست کتاب هے - [۴۲] نه تو اس کے آگے سے اس کے پاس
جهوٹ بات آ سکتي هے اور نه اس کے پیچهے سے - یهه حکمت
والے تعریف کے لائق (خدا) کا اُتارا هوا هے - [۴۳] تجهه سے
تو بس وهي بات کهي جاتي هے جو تجهه سے پهلے رسولوں سے
کهي جا چکي هے - بے شك تیرا پروردگار بڑا بخشنے والا اور
دردناك سزا دینے والا هے - [۴۴] اور اگر هم اس کو عجمي
زبان کا قرآن بناتے تو یهه ضرور کهتے که اس کي آیتیں مفصل
کیوں نهیں بیان کي گئیں ؟ کیا اس کي زبان تو عجمي هو
اور هماري عربي ؟ تو کهه دے که جو لوگ ایمان رکهتے هیں
اُن کے لئے یهه هدایت هے اور شفا - اور جو لوگ ایمان نهیں

رکھتے اُن کے کانوں میں ایک طرح کا بوجھہ ھے اور یہہ اُن کے
لئے اندھاپن ھے - یہہ لوگ (گویا کہ) دور کے مقام سے پکارے
جاتے ھیں -
[۴۵] اور ھم نے موسیٰ کو کتاب دي - مگر اس میں اختلاف
ھوا - اور اگر تیرے پروردگار کي طرف سے کوئي بات پہلے نہ
ھو گئي ھوتي تو ان میں ضرور فیصلہ ھو گیا ھوتا - مگر وہ
اس کے بارے میں شك اور تردد میں ھیں - [۴۶] جو کوئي
نیکي کرتا ھے وہ اپنے ھي لئے - اور جو کوئي برا کرتا ھے تو وہ بھي
اُسي پر پڑیگا - اور تیرا پروردگار (اپنے) بندوں پر ظلم کرنے والا
نہیں - ¶ [۴۷] اسي کي طرف اس گھڑي کے علم کا حوالہ دیا
جاتا ھے - اور جو میوے اپنے غلافوں میں سے نکلتے ھیں اور
جو مادہ حاملہ ھوتي اور جنتي ھے یہہ سب اسي کے علم سے ھے -
اور جس دن خدا لوگوں کو پکاریگا کہ میرے شریك کہاں
ھیں ؟ تو وہ کہینگے کہ ھم نے تو تجکو جتا دیا ھے کہ ھم میں
سے کوئي اس کا گواہ نہیں - [۴۸] اور جن کو یہہ پہلے بلایا
کرتے تھے وہ ان سے کھو جائینگے اور یہہ جان لینگے کہ اُن کے
لئے کوئي بھاگنے کي جگہ نہیں - [۴۹] آدمي بھلائي کي دعا
مانگنے سے نہیں تھکتا - اور اگر اُس کو برائي پہنچتي ھے تو
وہ مایوس اور نااُمید ھو جاتا ھے - [۵۰] اور اگر اُس کو سختي
پہنچنے کے بعد ھم اس کو اپني رحمت کا مزہ چکھائیں تو وہ
کہتا ھے کہ یہہ تو میرا حق ھے - اور میں نہیں خیال کرتا کہ
وہ گھڑي قائم ھوگي اور اگر میں اپنے پروردگار کي طرف پھر بھي
جاؤں تو میرے لئے اُس کے نزدیك بھي بھلائي ھي ھوگي -
مگر ھم ضرور کافروں کو اُن کے کلم بتائینگے - اور ھم اُن کو
سخت عذاب کا مزہ چکھائینگے - [۵۱] اور جب ھم آدمي پر

نعمت کرتے هیں تو وہ منهہ پهیر لیتا هے اور کنارے هو جاتا هے - اور جب اُس کو برائي پہنچتي هے تو پهر لمبي چوڑي دعائیں مانگتا هے - [۵۲] تو کهہ دے که کیا تم نے دیکها که اگر یهہ قرآن خدا کي طرف سے هو اور تم اس سے کفر کرو تو اس سے بڑهکر اور کون گمراہ هوگا ؟ [۵۳] عنقریب هم ان کو اپني نشانیاں اطراف ملك میں دکهائینگے اور خود ان میں بهي یہاں تك که ان پر ظاهر هو جائیگا که یهہ حق هے - کیا یهہ کافي نهیں که تیرا پروردگار هر چیز پر گواہ هے ؟ [۵۴] یهہ تو اپنے پروردگار کي ملاقات هي کے بارے میں شك میں هیں - بے شك وهي هر چیز کو گهیرے هوئے هے -

سورهٔ شوریٰ

مکي - ۵۳ آیتیں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحیم هے

[۱] حم - [۲] عسق - [۳] اِسي طرح خدا جو زبردست اور حکمت والا هے تیري طرف اور اُن لوگوں کي طرف جو تجهہ سے پہلے هوچکے هیں وحي کرتا رها هے - [۴] اُسي کا هے جو کچهہ آسمان اور جو کچهہ زمین میں هے - اور وهي بلند مرتبه اور بڑا هے - [۵] قریب هے که اوپر سے آسمان پهٹ پڑے - اور فرشتے اپنے پروردگار کي تعریف کے ساتهہ تسبیح کرتے اور جو لوگ زمین میں هیں اُن کے لئے بخشش مانگتے هیں - بے شك خدا هي بخشنے والا اور رحم کرنے والا هے - [۶] اور جن لوگوں نے خدا کے سوا کارساز بنا رکهے هیں خدا اُن کو دیکهنے والا هے - اور تو اُن پر تو داروغه نهیں

ہے - [۷] اور اسی طرح ہم نے عربي قرآن تیری طرف
وحي کیا ہے تاکہ تو مکے والوں کو اور جو اُس کے گرد ہیں
ڈرائے - اور تاکہ تو قیامت کے دن سے ڈرائے جس میں کوئي
شك نہیں - ایك فریق جنت میں ہوگا - اور دوسرا فریق
(دوزخ کي) دھکتي ہوئي آگ میں ہوگا - [۸] اور اگر
خدا چاہتا تو اُن کو ایك ہي امت بنا دیتا - لیکن وہ جس کو
چاہتا ہے اپني رحمت میں داخل کرتا ہے - اور ظالموں کا تو
نہ کوئي دوست ہے اور نہ مددگار - [۹] کیا اُن لوگوں نے
اُس کے سوا بھي کارساز لے رکھے ہیں ؟ مگر خدا ہي کارساز ہے -
اور وہي مردوں کو جلاتا ہے - اور وہ ہر چیز پر قادر ہے -
[۱۰] اور جن باتوں میں تم اختلاف کرتے ہو اُن کا
فیصلہ بھي خدا ہي کے اختیار میں ہے - یہي خدا میرا
پروردگار ہے - میں اُسي پر توکل کرتا ہوں اور اُسي کي طرف
رجوع کرتا ہوں - [۱۱] پیدا کرنے والا آسمان اور زمین کا -
اُس نے تمہارے لئے تم ہي مںں سے جوڑے بنائے - اور مویشیوں
کے بھي جوڑے بنائے - تم کو اُس میں پھیلاتا ہے - کوئي چیز
اُس کي سي نہیں - اور وہي سننے والا اور دیکھنے والا ہے -
[۱۲] آسمان اور زمین کي کنجیاں اُسي کي ہیں - جس کا
رزق چاہتا ہے کشادہ کرتا ہے - اور تنگ بھي کردیتا ہے -
بے شك وہ ہر چیز کا جاننے والا ہے - [۱۳] اُس نے تمہارے
لئے وہي دین مقرر کیا ہے جس کا اُس نے نوح کو حکم دیا
تھا اور جو ہم نے تیری طرف وحي کي ہے اور جس کا ہم نے
ابراہیم اور موسیٰ اور عیسیٰ کو حکم دیا تھا یعني یہہ کہ دین
پر قائم رہو اور اُس میں تفرقہ نہ ڈالو - تو جس طرف
مشرکوں کو بلاتا ہے وہ اُن پر بار گزرتا ہے - خدا جس کو

چاهے اپنے لئے چن لیتا هے اور جو اُس کي طرف رجوع کرتے هیں
اُن کو هدایت کرتا هے - [۱۴] اور یهہ تو محض آپس کي
ضد سے جان کر بهي تفرقے میں پڑگئے - اور اگر تیرے
پروردگار کي طرف سے ایک وقت مقرر تک کا حکم نه هوگیا
هوتا تو ان میں فیصله هو جاتا - اور جو لوگ ان کے بعد
کتاب کے وارث هوئے وہ اس کي نسبت شك میں پڑے هیں -
[۱۵] پس تو اُسي کي طرف (لوگوں کو) بلاتا رہ - اور
جیسا تجهکو حکم کیا گیا هے اُس پر قائم رہ - اور اُن کي
خواهشوں کي پیروي نه کر - اور کهہ که خدا نے جو کتاب
نازل کي هے میں اُس پر ایمان لایا - اور مجهکو حکم هوا هے
که میں تم میں انصاف کروں - خدا هي همارا پروردگار اور
تمهارا پروردگار هے - همارے کام هم کو ملینگے اور تمهارے کام
تم کو - هم میں اور تم میں کوئي حجت کي بات نهیں -
خدا هم سب کو اکٹها کریگا - اور اُسي کي طرف تو
پهر جانا هے - [۱۶] اور جو لوگ خدا کے بارے میں حجت
کرتے هیں باوجود اس کے که لوگوں نے اس کو قبول کر لیا هے تو
اُن کے پروردگار کے نزدیک ان کي حجت بے کار هے - اور ان پر
غضب هوگا - اور ان کے لئے سخت عذاب هے - [۱۷] خدا هي
نے تو کتاب برحق اور میزان اُتاري - اور تو کیا جانے شاید وہ
گهڑي قریب هو - [۱۸] جو لوگ اس کو نهیں مانتے وہ اس کے
لئے جلدي کرتے هیں - اور جو لوگ مانتے هیں وہ اس سے
ڈرتے هیں اور جانتے هیں که یهہ حق هے - جو لوگ اس گهڑي
کے بارے میں جهگڑتے هیں وہ ضرور گمراهي میں دور جا پڑے
هیں - [۱۹] خدا اپنے بندوں پر بڑا لطف رکهتا هے - جس کو
چاهتا هے رزق دیتا هے - اور وهي قوي اور زبردست هے -

[۲۰] جو کوئي آخرت کي کھيتي چاھے ھم اُس کي
کھيتي ميں اُس کو زيادہ دينگے - اور جو کوئي دنيا کي
کھيتي چاھے تو ھم اُس کو وھي دينگے - اور آخرت ميں اُس
کا کوئي حصہ نہ ھوگا - [۲۱] کيا اُن کے شريک ھيں کہ
اُنھوں نے اُن کے لئے ايسا دين مقرر کر ديا ھے جس کي خدا
نے اِجازت نہيں دي - اور اگر قطعي حکم نہ ھوا ھوتا تو ان
ميں فيصلہ ھو جاتا - اور ظالموں کے لئے دردناک عذاب
ھے - [۲۲] تو ظالموں کو ڈرتے ھوئے ديکھيگا بسبب اس کے
جو اُنھوں نے کيا ھے - اور وہ اُن پر آکر رھيگا - اور جو لوگ
ايمان رکھتے اور نيک کام کرتے ھيں وہ جنت کے باغوں ميں
ھونگے - جو کچھہ وہ چاھينگے وہ سب اُن کے پروردگار کے ھاں
اُن کو مليگا - يھي تو بڑا فضل ھوگا - [۲۳] يہہ وھي ھے
جس کي خوش خبري خدا اپنے اُن بندوں کو ديتا ھے جو
ايمان رکھتے اور نيک کام کرتے ھيں - تو کہہ دے کہ ميں
تم سے اس کے لئے کوئي اُجرت نہيں مانگتا مگر قرابت کي
محبت - اور جو کوئي نيکي کريگا اُس ميں ھم اُس کے لئے
اور نيکي بڑھا دينگے - بے شک خدا بخشنے والا اور قدر
کرنے والا ھے - [۲۴] کيا يہہ کہتے ھيں کہ اُس نے خدا پر
جھوٹ باندھہ ليا ھے ؟ اور اگر خدا چاھے تو وہ تيرے دل
پر بھي مہر کر دے - اور اپني بات سے خدا جھوٹ کو مٹا
ديتا ھے اور حق کو حق کر ديتا ھے - بے شک وہ دلوں کي
باتوں کو خوب جانتا ھے - [۲۵] اور وھي ھے جو اپنے بندوں
کي توبہ قبول کرتا ھے اور (اُن کي) بُرائياں معاف کر ديتا ھے
اور تمھارے کاموں کو بھي جانتا ھے - [۲۶] اور جو لوگ
ايمان رکھتے اور نيک کام کرتے ھيں وہ اُن کي دعائيں قبول

کرتا ھے اور اپنے فضل سے اُن کو زیادہ بھي دیتا ھے - اور کافروں
کے لئے تو سخت عذاب ھے - [۲۷] اور اگر خدا اپنے بندوں
کا رزق کشادہ کردیتا تو وہ ضرور دنیا میں سرکشي ھي کرتے -
لیکن وہ جو کچھہ چاھتا ھے ایک مقدار سے اُتارتا ھے -
بے شک وہ اپنے بندوں کي خبر رکھنے والا اور اُن کو دیکھنے والا
ھے - [۲۸] اور وھي ھے جو اُن کے نا اُمید ھونے کے بعد مینھہ
برسا دیتا ھے اور اپني رحمت پھیلا دیتا ھے - اور وھي کارساز
اور تعریف کے لائق ھے - [۲۹] اور اُس کي نشانیوں میں سے
آسمان اور زمین کا بنانا بھي ھے - اور اُن سب جو کچھہ
جانور اُس نے پھیلا رکھا ھے وہ بھي - اور جب وہ چاھے اُن کے
جمع کرنے پر قادر ھے -

[۳۰] اور تم پر جو مصیبت آ پڑتي ھے تو وہ تمھارے اپنے
ھاتھوں کے کئے کے سبب سے پھر بھي وہ بہت معاف کر دیتا ھے -
[۳۱] اور تم زمین پر (خدا کو) عاجز نہیں کر سکتے - اور
خدا کے سوا تمھارا نہ کوئي دوست ھے اور نہ مددگار - [۳۲] اور
اُسي کي نشانیوں میں سے کشتیاں ھیں جو دریا میں پہاڑوں
کي طرح ھوتي ھیں - [۳۳] اگر وہ چاھے تو ھوا کو تھام رکھے
تو یہہ اُس کي پشت پر کھڑے رہ جائیں - ھر ایک صبر کرنے والے
اور شکر کرنے والے کے لئے تو اسي مین نشانیاں ھیں - [۳۴] یا
اُن کے کئے کے سبب اُن کو ھلاک کر ڈالے اور بہتیروں کو معاف
کردے - [۳۵] اور جو لوگ ھماري آیتوں کي نسبت جھگڑا
کرتے ھیں وہ جان لیں کہ اُن کے لئے بھاگنے کي جگہ نہیں
ھے - [۳۶] اور جو کچھہ تم کو دیا گیا ھے یہہ تو اس دُنیا کي
زندگي کا فائدہ ھے - اور جو کچھہ خدا کے پاس ھے وہ ایمان
رکھنے والوں اور اپنے پروردگار پر توکل کرنے والوں کے لئے زیادہ

اچھا اور دیر پا ھے - [۳۷] اور جو لوگ بڑے گناھوں اور بے حیائی کی باتوں سے پرھیز کرتے ھیں اور جب غضب ناک ھوتے ھیں تو (لوگوں کو) بخش دیتے ھیں - [۳۸] اور جو اپنے پروردگار کی بات مان لیتے اور نماز پر قائم رھتے اور جن کے کام آپس کے مشورے سے ھوتے ھیں اور ھم نے جو کچھہ اُن کو دیا ھے اُس میں سے خرچ کرتے ھیں - [۳۹] اور جو لوگ کہ جب اُن پر زیادتی کی جاتی ھے تو وہ اپنی آپ مدد کرتے ھیں- [۴۰] اور بُرائی کی جزا تو بس ویسی ھی بُرائی ھے - تو جو کوئی معاف کر دے اور صلح کر لے تو اُس کا اجر نیک خدا کے ذمہ ھے - بے شک وہ ظالموں کو پیار نہیں کرتا - [۴۱] اور جو اپنے اوپر ظلم ھونے کے بعد بدلہ لے تو ایسوں پر کوئی ملامت نہیں - [۴۲] ملامت تو بس اُن پر ھے جو لوگوں پر ظلم کرتے ھیں اور ناحق بھی ملک میں زیادتی کرتے ھیں - اُن ھی لوگوں کے لئے دردناک عذاب ھے - [۴۳] مگر جو کوئی صبر کرے اور بخش دے تو بے شک یہہ بات ھمت کے کاموں میں سے ھے -

[۴۴] اور جس کو خدا گمراہ کرے تو اُس کے بعد پھر کوئی اُس کا دوست نہیں - اور تو ظالموں کو دیکھیگا کہ جب وہ عذاب دیکھینگے تو کہینگے کہ کیا پھر جلنے کی کوئی راہ ھے ؟ [۴۵] اور تو اُن کو دیکھیگا کہ دوزخ پر ذلت سے عاجزی کرتے ھوئے لائے جائینگے اور وہ کنکھیوں سے دیکھتے ھونگے - اور جو لوگ ایمان رکھتے ھیں وہ کہینگے کہ خسارہ اُٹھانے والے تو وہ ھیں جو قیامت کے دن اپنے آپ کو اور اپنے لوگوں کو خسارے میں ڈالینگے - ظالم دائمی عذاب میں ھونگے - [۴۶] اور خدا کے سوا اُن کا کوئی دوست نہ ھوگا کہ اُنکی مدد کرے-

اور جس کو خدا گمراہ کرے تو اُس کے لئے اور کوئي راہ نہیں-
[۴۷] اُس دن کے آنے سے پہلے جو خدا کي طرف سے پھیرا
نہیں جائیگا اپنے پروردگار کي بات مانو کہ اُس دن نہ تو تمھارے
پھر جانے کي کوئي جگہ ہوگي اور نہ تم سے اِنکار ہي ہوگا -
[۴۸] تو اگر یہہ منہہ پھیر لیں تو ہم نے تو تجکو ان پر
نگہباني کرنے کے لئے نہیں بھیجا ہے - تیرا ذمہ تو بس (پیغام)
پہنچا دینا ہے - اور جب ہم آدمي کو اپني طرف سے
رحمت کا مزہ چکھاتے ہیں تو وہ اُس سے خوش ہوتا ہے - اور
اگر اُن کے ہاتھوں کے کئے کے سبب اُن پر بُرائي آ پڑتي ہے تو
بس آدمي نا شکر ہو جاتا ہے - [۴۹] آسمان اور زمین کي
سلطنت خدا ہي کي ہے - جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے - جس
کو چاہتا ہے بیٹیاں دیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے بیٹے دیتا ہے -
[۵۰] یا اُن کو بیٹے اور بیٹیاں ملا کر دیتا ہے - اور جس کو
چاہے بانجھہ کر دیتا ہے بے شك وہ جاننے والا اور قدرت
رکھنے والا ہے - [۵۱] اور آدمي ایسا نہیں کہ خدا اُس سے بات
کرے مگر وحي سے یا پردے کے پیچھے سے یا وہ کوئي رسول
بھیجے - اور اپنے حکم سے جو چاہے اُس پر وحي کرے - بے شك
وہ بلند مرتبہ اور حکمت والا ہے -[۵۲] اور اسي طرح ہم نے
اپنے حکم سے تیري طرف ایك روح بھیجي - تو نہ جانتا تھا کہ
کتاب کیا ہے اور نہ ایمان - لیکن ہم ہي نے اُس کو نور بنایا -
اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتے ہیں ہم ہدایت کرتے ہیں -
اور تو بے شك سیدھي راہ کي ہدایت کرتا ہے - [۵۳] خدا
کي راہ کي طرف - جس کا ہے جو کچھہ آسمان اور جو کچھہ
زمین میں ہے - سب کام تو خدا ہي کي طرف پھیرے جاتے
ہیں -

سورۂ زخرف

مکي - ۸۹ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ھے

[۱] حم - [۲] بیان کرنے والي کتاب کي قسم - [۳] ھم
نے اس کو عربي قرآن بنایا تاکہ تم سمجھو - [۴] اور یہہ
ھمارے ھاں اُم‌الکتاب میں ھے اور بلند مرتبہ اور حکمت والا
ھے - [۵] تو کیا ھم اس ذکر کو تم سے ھٹا لیں اس لئے کہ تم
زیادتي کرنے والے لوگ ھو - [۶] اور اگلوں میں ھم نے کتنے
ھي نبي بھیجے - [۷] اور اُن کے پاس کوئي نبي ایسا نہیں
آیا جس سے انہوں نے ٹھٹھا نہ کیا - [۸] تو ھم نے اُن سے
زیادہ زور والوں کو ھلاک کرڈالا - اور اگلوں کي مثال تو گزر
ھي چکي ھے - [۹] اور اگر تو اُن سے پوچھے کہ آسمان اور
زمین کو کس نے بنایا تو وہ ضرور کہینگے کہ اُن کو زبردست
جاننے والے خدا نے بنایا - [۱۰] جس نے زمین کو تمھارے
لئے بچھونا بنایا اور اُس میں تمھارے لئے راستے رکھے تاکہ
تم راہ پاؤ - [۱۱] اور جس نے ایک مقدار کے موافق آسمان
سے پاني اتارا - پھر ھم نے اس سے مرے ھوئے شہر کو زندہ
کردیا - اِسي طرح تم بھي نکالے جاؤ گے - [۱۲] اور جس نے
ساري قسم کي چیزیں پیدا کیں اور تمھارے لئے کشتیاں اور
مویشي بنائے جن پر تم چڑھتے ھو - [۱۳] کہ تم ان کي
پیٹھہ پر چڑھو - اور اپنے پروردگار کي نعمت کو یاد کرو جب تم
اس پر سوار ھو اور کہو کہ پاکي ھے اُس کو جس نے ھمارے لئے
اس کو مسخر کیا حالانکہ ھم اُس کي طاقت نہیں رکھتے -

[۱۴] اور هم اپنے پروردگار کي طرف ضرور پهر جائینگے -
[۱۵] اور اُنهوں نے اُس کے بندوں میں سے اُس کا ایک جز
قرار دیا هے - آدمي تو بس صریح ناشکر هے -
[۱۶] کیا اُس نے اپني مخلوقات میں سے بیٹیاں لے لیں
هیں اور تم کو بیٹے دے کر برگزیدہ کیا هے ؟ [۱۷] اور جب
ان میں سے کسي کو اس چیز کي خوش خبری دی جائے جو
یهہ رحم والے خدا کے بارے میں بیان کرتا هے تو اُس کے
چهرے پر سیاهي چها جاتي هے اور وہ گُهنتا جاتا هے - [۱۸] کیا
جو زیوروں میں پلے اور بے کسي سبب کے بهي جهگڑے میں
پڑ جائے (وہ خدا کے لائق هے ؟) [۱۹] اور یهہ فرشتوں کو
جو رحم والے خدا کے بندے هیں عورت ٹهہراتے هیں - کیا
یهہ اُن کے بنانے کے وقت حاضر تهے ؟ اُن کي یهہ بات ضرور
لکهي جائیگي اور وہ پوچهے بهي جائینگے - [۲۰] اور یهہ
کهتے هیں کہ اگر رحم والا خدا چاهتا تو هم ان کي عبادت
نہ کرتے - اس بات کا ان کو کوئي علم تو هے نهیں - وہ بس
اٹکل باتیں کرتے هیں - [۲۱] یا هم نے اس سے پهلے ان کو
کتاب دي هے جس کي یهہ سند رکهتے هیں ؟ [۲۲] نهیں -
وہ کهتے هیں کہ هم نے اپنے باپ دادوں کو ایک دین پر پایا اور
هم اُن کے قدموں پر چلتے هیں - [۲۳] اور اسي طرح هم نے
جب کبهي تجهہ سے پهلے بهي کسي بستي میں کوئي ڈرانے والا
بهیجا تو بس اس کے دولتمند لوگ کهنے لگے کہ هم نے اپنے
باپ دادوں کو اس دین پر پایا اور هم ان هي کے قدموں پر
چلتے هیں - [۲۴] کها کیا جس پر تم نے اپنے باپ دادوں کو
پایا اگر میں اس سے زیادہ هدایت لے کر تمهارے پاس آیا
هوں تو بهي (تم غور نہ کروگے ؟) بولے کہ تم جو لے کر

بھیجے گئے ہو ہم اس کو نہیں مانتے - [۲۵] تو ہم نے ان سے
اِنتقام لیا - تو دیکھہ جھٹلانے والوں کا انجام کیسا ہوا ؟
[۲۶] اور جب اِبراھیم نے اپنے باپ اور اپني قوم سے کہا کہ
جن کي تم عبادت کرتے ہو میں ان سے بری ہوں - [۲۷] مگر
جس نے مجکو پیدا کیا وھي مجکو ضرور ھدایت کریگا -
[۲۸] اور وہ یہي بات اپني اولاد میں پیچھے چھوڑ گیا تا کہ
وہ (خدا کي طرف) پھرے رھیں - [۲۹] نہیں - میں نے
ان کو اور ان کے باپ دادوں کو فائدہ پہنچایا یہاں تک کہ
اُن کے پاس حق آ گیا اور ایك بیان کرنے والا رسول بھي -
[۳۰] اور جب اُن کے پاس حق آ گیا تو وہ بولے کہ یہہ تو جادو
ھے - اور ھم اس کو نہیں مانتے - [۳۱] اور یہہ کہتے ھیں
کہ یہہ قرآن دو شہروں میں کے کسي بڑے آدمي پر کیوں نہ نازل
ھوا ؟ [۳۲] کیا یہہ تیرے پروردگار کي رحمت تقسیم کرتے
ھیں ؟ ھم نے اس دنیا کي زندگي میں تو اُن کي معیشت ان
میں تقسیم کر دی ھے اور ھم نے ایك کو ایك پر درجے کے اِعتبار سے
اُونچا کیا ھے تا کہ ان میں ایك دوسرے کو محکوم بنا رکھے -
اور جو یہہ جمع کرتے ھیں اس سے تیرے پروردگار کي رحمت
بڑھہ کر ھے - [۳۳] اور اگر یہہ نہ ھوتا کہ لوگ ایك آمت
ھو جائینگے تو جو لوگ رحم والے خدا سے کفر کرتے ھیں اُن کے
لئے اُن کے گھروں کي چھتیں ھم چاندي کي کر دیتے اور
سیڑھیاں بھي کہ یہہ اُن پر چڑھتے - [۳۴] اور اُن کے گھروں
کے دروازے اور تخت بھي کہ یہہ ان پر تکیے لگائے ھوتے -
[۳۵] اور سونے کے بھي - اور یہہ سب تو بس دنیا کي زندگي
کے سامان ھیں - مگر آخرت تو تیرے پروردگار کے ھاں پرھیزگاروں
ھي کے لئے ھے -

[۳۶] اور جو کوئي رحم والے خدا کي یاد سے چشم پوشي
کرے تو هم اُس پر ایک شیطان مقرر کرتے هیں اور وهي اُس
کا دوست هوتا هے - [۳۷] اور وہ اُن کو راہ سے روکتے هیں
اور یہہ جانتے هیں کہ وہ هدایت پر هیں [۳۸] یہاں تک
کہ جب وہ همارے پاس آئیگا تو کہیگا کہ اے کاش مجھہ میں
اور تجھہ پورب اور پچھم کا فاصلہ هوتا - تو وہ بھي بُرا ساتھي
هے - [۳۹] اور جب کہ تم نے ظلم کیا هے تو آج کے دن یہہ بھي
تم کو کچھہ نفع نہ دیگا کہ تم سب عذاب میں شریک هو -
[۴۰] تو کیا تو بہروں کو سنا سکتا هے یا اندھوں کو اور اُن
کو جو صریح گمراهي میں هیں هدایت کرسکتا هے ؟
[۴۱] تو اگر هم تجکو لیکر چل دیں تو بھي هم اُن سے تو
ضرور انتقام لینگے - [۴۲] یا هم نے جو اُن سے وعدہ کیا هے
تجکو دکھا دیں تو بھي هم اُن پر قدرت رکھتے هیں -
[۴۳] تو جو تیري طرف وحي کیا گیا هے اُس کو مضبوطي سے
پکڑا رہ - تو بے شک سیدھي راہ پر هے - [۴۴] اور یہہ بے
شک تیرے اور تیري قوم کے لئے ایک یادداشت هے - اور تم سے
ضرور پوچھا جائیگا - [۴۵] اور تجھہ سے پہلے جو هم نے اپنے
رسول بھیجے اُن سے پوچھہ - کیا هم نے رحم والے خدا کے سوا
معبود مقرر کردئے تھے کہ اُن کي عبادت کي جائے ؟
[۴۶] اور هم نے موسیٰ کو اپني آیتیں دے کر فرعون اور
اس کے سرداروں کي طرف بھیجا تھا تو وہ بولا کہ میں پروردگار
عالم کا رسول هوں - [۴۷] تو جب وہ هماري آیتیں لے کر
اُن کے پاس گیا تو بس وہ اُن کي تضحیک کرنے لگے - [۴۸] اور
هم جو نشاني اُن کو دکھاتے تھے وہ ایک سے ایک بڑھہ کر هوتي
تھي - اور هم نے اُن کو عذاب میں گرفتار کیا شاید وہ پھر

جائیں - [۴۹] اور وہ بولے کہ اے جادوگر تیرے پروردگار نے
جو تجھہ سے وعدہ کیا ھے اس کے سبب ھمارے لئے دعا کر -
ھم ضرور ھدایت پائینگے - [۵۰] پھر ھم نے ان پر سے عذاب
کو دور کر دیا تو بس وہ وعدہ خلافي کرنے لگے - [۵۱] اور
فرعون نے اپني قوم میں پکار دیا کہ اے میري قوم کیا مصر کي
سلطنت میري نہیں ؟ اور یہہ نہریں میرے نیچے بہتي ھیں-
کیا تم نہیں دیکھتے ؟ [۵۲] بلکہ میں اس سے بہتر ھوں کہ
وہ ایک ذلیل آدمي ھے اور صاف صاف بیان تك نہیں کرسکتا -
[۵۳] تو اس کو سونے کے کنگن کیوں نہیں ملے ؟ یا فرشتے
ھي اس کے ساتھہ پرا باندھہ کر آتے - [۵۴] تو اُس نے اپني
قوم کو سبك کر دیا اور وہ اس کي اِطاعت کرنے لگے - وہ تو ایک
بدکار قوم تھي - [۵۵] پھر جب انھوں نے ھم کو غصہ دلایا
تو ھم نے اُن سے اِنتقام لیا اور ان سب کو غرق کر دیا -
[۵۶] اور ان کو گیا گزرا اور پچھلوں کے لئے کہاوت بنا دیا -

[۵۷] اور جب ابن مریم کي مثال بیان کي جاتي ھے تو
تیري قوم اُس پر تالیاں بجاتي ھے - [۵۸] اور یہہ کہتے ھیں
کہ ھمارے معبود بہتر ھیں یا وہ ؟ وہ تو بس جھگڑا کرنے کے
لئے تجھہ سے اُس کي مثال بیان کرتے ھیں - اور وہ تو
جھگڑالو قوم ھے ھي - [۵۹] وہ تو بس ایک بندہ تھا کہ
ھم نے اُس پر نعمتیں کي تھیں اور بني اسرائیل کے لئے اُس کو
ایک نمونہ بنایا تھا - [۶۰] اور اگر ھم چاھتے تو تم ھي
میں فرشتے بنا دیتے کہ وہ زمین میں جانشین ھوتے - [۶۱] اور
یہہ بھي ضرور اُس گھڑي کي علامت ھے - تو تم اس میں
شك نہ کرو - اور میري پیروي کرو - یہي سیدھي راہ ھے -
[۶۲] اور شیطان تم کو نہ روکے - وہ تو تمھارا صریح دشمن

هے - [۶۳] اور جب عیسی بین دلیلیں لیکر آیا - وہ بولا کہ میں تمھارے پاس حکمت کی باتیں لیکر آیا ہوں - اور تا کہ تمھارے بعض اختلافات تم کو صاف صاف بتادوں - تو خدا سے ڈرو اورمیری اطاعت کرو - [۶۴] بے شک خدا ھي میرا اور تمھارا پروردگار ھے تو اُسي کي عبادت کرو - یھي سیدھي راہ ھے - [۶۵] مگر لوگوں نے آپس میں اختلاف کیا - تو جو لوگ ظلم کرتے ھیں دردناک روز کے عذاب کے سبب اُن پر وائے ھے - [۶۶] کیا یھہ اُس گھڑي کے منتظر ھیں کہ یھہ یکایك اَن پر آ پڑے اور وہ جانتے ھوں ؟ [۶۷] اُس دن دوست ایك دوسرے کے دشمن ھونگے مگر پرھیزگار - [۶۸] اے میرے بندو آج کے دن تم کو کوئي ڈر نھیں اور نہ تم غمگین ھوگے - [۶۹] جو لوگ کہ ھماري آیتوں پر ایمان لائے اور مسلمان ھوئے [۷۰] تم اور تمھاري بیویاں جنت میں داخل ھو کہ وھاں تمھاري آؤ بھگت ھوگي - [۷۱] اُن پر سونے کے طباق اور آبخورے لئے بھرینگے - اور جو کچھہ اُن کے جي چاھینگے اور آنکھوں کو اچھے معلوم ھونگے وھاں اُن کو ملینگے - اور تم اُس میں ھمیشہ رھوگے - [۷۲] اور یھہ جنت ھے جس کے تم بسبب اپنے کئے کے وارث کئے گئے ھو - [۷۳] اُس میں تمھارے لئے بھت سے میوے ھونگے - اُن میں سے تم کھاؤگے - [۷۴] گنھگار ضرور ھمیشہ کے لئے عذاب جھنم میں رھینگے - [۷۵] جو اُن سے کم نہ کیا جائیگا اور وہ اُسي میں نااُمید پڑے رھینگے - [۷۶] اور ھم نے تو اُن پر ظلم نھیں کیا بلکہ اُن ھي نے ظلم کیا - [۷۷] اور وہ پکارینگے کہ اے مالك تیرا پروردگار ھی ھمارا خاتمہ کردے - وہ کھیگا کہ تم پڑے رھو - [۷۸] ھم تمھارے پاس حق لیکر

اُتنے لیکن تم میں اکثر حق کو نفرت کرتے هو - [۷۹] کیا
اُنھوں نے کوئي بات طے کرلي هے ؟ تو هم بهي طے کرڈالینگے -
[۸۰] کیا یہہ گمان کرتے هیں که هم اُن کي چھپي باتیں
اور مشورے نہیں سنتے ؟ نہیں - همارے بھیجے هوئے
اُن کے پاس بیٹھے لکھہ رهے هیں - [۸۱] تو کہہ دے که اگر
رحم والے خدا کے اولاد هوتي تو میں سب سے پہلے (اُس کي)
عبادت کرتا - [۸۲] آسمان اور زمین کا پروردگار اور عرش کا
پروردگار اُن کے بیان سے پاک هے - [۸۳] تو اُن کو خوض کرنے
اور کھیلنے میں چھوڑ دے یہاں تک که اُن کا وہ دن سامنے
آجائے جس کا اُن سے وعدہ کیا گیا هے - [۸۴] اور وهي هے
جو آسمان میں معبود هے اور جو زمین میں معبود هے - اور
وهي حکمت والا اور جاننے والا هے - [۸۵] اور وہ برکت والا هے
که آسمان اور زمین اور جو کچھہ اُن کے درمیان میں هے سب
کي سلطنت اُسي کي هے - اور اُس گھڑي کا علم اُسي کو هے -
اور اُسي کي طرف تم کو لوٹ جانا هے - [۸۶] اور اُس کے سوا
جن کو یہہ پکارتے هیں وہ تو شفاعت کا بهي اختیار نہیں
رکھتے مگر جو لوگ حق کے گواہ هیں اور جانتے بهي هیں -
[۸۷] اور اگر تو اُن سے پوچھے که کس نے اُن کو پیدا کیا تو
وہ ضرور کہینگے که خدا - پھر کہاں سے پھرے جاتے هو ؟
[۸۸] اور اُس کے یارب کہنے کي قسم یہہ لوگ ایمان نہیں
لانے کے - [۸۹] تو تو اُن سے درگزر کر - اور کہہ سلام - اُن کو
ضرور معلوم هوجائیگا -

سورۂ دخان

مکي - ۵۹ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ھے

[۱] حم - [۲] بیان کرنے والي کتاب کي قسم - [۳] هم
نے اس کو برکت والی رات کو اُتارا - هم ضرور (لوگوں کو) ڈرانا
چاهتے هیں - [۴] ساری حکمت والي بات اُسي وقت فیصل
کي جاتي ھے - [۵] یہہ همارے حکم سے هوتا ھے - هم رسول
بهی بهیجتے هیں - [۶] یہہ تیرے پروردگار کی رحمت ھے -
بے شك وهی سننے والا اور جاننے والا ھے - [۷] آسمان اور زمین
اور جو کچهہ اُن کے درمیان میں ھے ان سب کا پروردگار ھے اگر
تم یقین کرو - [۸] اُس کے سوا کوئي معبود نهیں - وهي زندہ
کرتا ھے اور مارتا ھے - وهي تمهارا اور تمهارے اگلے باپ دادوں
کا پروردگار ھے - [۹] نهیں - بہہ تو شك میں پڑے کهیلتے
هیں - [۱۰] تو اُس دن کا منتظر رہ کہ جب آسمان سے ایك
دهواں ظاهر هو - [۱۱] لوگوں کو ڈهانك لیگا - یہہ بڑا دردناك
عذاب هوگا - [۱۲] اے همارے پروردگار هم سے عذاب کو دور
کر دے - هم ایمان لائے - [۱۳] لیکن اُن کو چیت کہاں ؟
اور اُن کے پاس بیان کرنے والے رسول بهي آئے - [۱۴] پهر وہ
اُس سے پهر گئے - اور بولے کہ یہہ سکهایا هوا ھے اور مجنون
ھے - [۱۵] هم عذاب کو تهوڑے دنوں کے لئے دور کر دینگے تو
تم ضرور پهر جاؤ گے - [۱۶] جس دن هم بڑي سختي کے ساتهہ
پکڑینگے تو هم ضرور اِنتقام لینگے - [۱۷] اور اُن سے پہلے هم
نے فرعون کي قوم کو بلا میں ڈالا اور اُن کے پاس ایك بزرگ

رسول آیا تھا - [۱۸] که خدا کے بندوں کو میرے حوالے کرو-
میں تمھارے لئے امانت‌دار رسول ھوں - [۱۹] اور یهه که خدا
سے سرکشي نه کرو - میں تمھارے پاس صاف سندیں لے کر آیا
ھوں - [۲۰] اور میں نے اپنے اور تمھارے پروردگار کی پناہ لي که
تم مجکو سنگسار نه کرو - [۲۱] اور اگر تم مجھه پر ایمان
نهیں لاتے تو مجھه سے علحدہ ھو جاؤ - [۲۲] تو اس نے
اپنے پروردگار سے دعا کي که یهه لوگ گنهگار ھیں - [۲۳] " تو
میرے بندوں کو راتوں رات لے چل - تم پیچھا کئے جاؤ گے -
[۲۴] اور دریا کو خشك چھوڑ دے - وہ گروہ ضرور غرق ھوگا "-
[۲۵] یهه کتنے ھي باغ اور چشمے چھوڑ گئے [۲۶] اور کھیتیاں
اور اچھے مکان [۲۷] اور نعمتیں که وہ اُن میں عیش
کرتے تھے - [۲۸] اسي طرح ھوا - اور ھم نے دوسرے لوگوں
کو اُن وارث کیا - [۲۹] تو اُن پر نه تو آسمان ھي رویا اور
نه زمین اور نه وہ ڈھیل ھي دئے گئے -

[۳۰] اور ھم نے بني‌اسرائیل کو رسوائی کے عذاب سے نجات
دی - [۳۱] یعني فرعون سے - وہ سرکش اور زیادتي کرنے والوں
میں سے تھا - [۳۲] اور ھم نے اُن کو جان بوجھه کر تمام
عالموں پر برگزیدہ کیا - [۳۳] اور اُن کو نشانیاں دیں جن
میں صریح آزمایش تھي - [۳۴] یهه لوگ کهتے ھیں
[۳۵] یهه تو ھماری پهلي ھي موت بس ھے - اور ھم جلائے
نهیں جائینگے - [۳۶] تو ھمارے باپ دادوں کو لے آؤ اگر
تم سچ کهتے ھو - [۳۷] کیا یهه بهتر ھیں یا تبع والے اور وہ
لوگ جو اُن سے پهلے تھے - ھم نے اُن کو ھلاك کر ڈالا - وہ
مجرم تھے - [۳۸] اور ھم نے آسمان اور زمین اور جو کچھه
اُن کے درمیان میں ھے کھیل سے نهیں بنایا - [۳۹] ھم نے تو

اُن کو (اپني) مشیئت سے بنایا ھے - لیکن اُن میں اکثر نہیں
جانتے - [۴۰] فیصلے کا دن ان سب کا مقرر وقت ھے -
[۴۱] جس دن دوست کے کچھہ بھي کام نہ آئیگا - اور
نہ وہ مدد دئے جائینگے - [۴۲] مگر جس پر خدا رحم کرے -
بے شك وھي زبردست رحم والا ھے -

[۴۳] زقوم کا درخت [۴۴] گنہگاروں کا کھانا ھوگا -
[۴۵] جیسے پگھلا ھوا تانبا - اُن کے پیٹوں میں کھولیگا
[۴۶] جیسے گرم پاني - [۴۷] " اس کو پکڑو اور دھکتي ھوئي
آگ کي طرف گھسیٹ کر لے جاؤ - [۴۸] پھر اُس کے سر پر
گرم پاني کا عذاب ڈالو " - [۴۹] "چکھہ - تو تو بڑا زبردست
عزت والا تھا " - [۵۰] یھي ھے جس کي نسبت تم شك کرتے ھو -
[۵۱] پرھیزگار تو امن کي جگہ میں ھونگے - [۵۲] باغوں
میں اور چشموں میں - [۵۳] وہ مہین اور دبیز ریشم کے لباس
پہنینگے اور آمنے سامنے بیٹھے ھونگے - [۵۴] اِسي طرح ھوگا -
اور ھم اُن کو بڑي آنکھہ والي حوروں سے بیاہ دینگے - [۵۵] وہ
اُس میں ھر طرح کے میوے اِطمینان کے ساتھہ مانگتے ھونگے -
[۵۶] اُس میں پھر وہ موت کا مزہ نہ چکھینگے سوا اِسي پہلي
موت کا - اور ھم ان کو دھکتي ھوئي آگ کے عذاب سے بچا
لینگے - [۵۷] یہہ تیرے پروردگار کا فضل ھے - یھي تو بڑي
کامیابي ھے - [۵۸] اور ھم نے تو اُس کو تیري ھي زبان میں
آسان کر دیا ھے تا کہ وہ غور کریں - [۵۹] پس منتظر رہ -
وہ بھي منتظر ھیں -

سورۂ جاثیہ

مکي - ۳۷ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ھے

[۱] حم - [۲] یہہ کتاب خدا کي طرف سے اُتري ھے جو
زبردست اور حکمت والا ھے - [۳] بے شک ایمان والوں کے لئے
آسمان اور زمین میں بھي نشانیاں ھیں - [۴] اور تمھارے بنانے
میں اور جانداروں میں جن کو اس نے پھیلایا ھے ان لوگوں
کے لئے جو یقین رکھتے ھیں نشانیاں ھیں - [۵] اور رات
اور دن کے آنے جانے میں اور جو رزق خدا آسمان سے اُتارتا
پھر اس سے مري ھوئي زمین کو جلاتا ھے اور ھواؤں کے پھیرنے
میں بھي عقل والوں کے لئے نشانیاں ھیں - [۶] یہہ سب
خدا کي نشانیاں ھیں جن کو ھم تجھکو سچ سچ پڑھہ کر
سناتے ھیں - تو خدا اور اُس کي آیتوں کے بعد وہ اور کس
چیز پر ایمان لائینگے ؟ [۷] ھر جھوتے گنھگار پر وائے ھے -
[۸] وہ خدا کي آیتوں کو سنتا ھے جو اس کو پڑھہ کر سنائي
جاتي ھیں - پھر تکبر سے اڑ جاتا ھے - گویا اس نے ان کو
سنا ھي نہیں - تو اس کو عذاب دردناک کي خوش خبري
دے - [۹] اور جب وہ ھماري آیتوں کي نسبت کچھہ بھي
جان لیتا ھے تو اُن سے ٹھٹھا کرتا ھے - ان ھي لوگوں کے لئے
رسوائي کا عذاب ھے - [۱۰] ان کے پیچھے جہنم ھے - اور
جو کچھہ یہہ کئے وہ ان کے کچھہ کام نہ آئیگا - اور نہ وہ
جن کو انھوں نے خدا کے سوا دوست بنا رکھا تھا - اور ان کے
لئے بڑا عذاب ھے - [۱۱] یہہ ھدایت ھے - اور جو لوگ اپنے

پروردگار کي آیتوں سے کفر کرتے هیں اُن کے لئے عذاب دردناك
کي سزا هے -
[۱۲] خدا وہ هے جس نے دریا کو تمھارے لئے مسخر کیا
تا کہ اُس کے حکم سے اس میں کشتیاں چلیں اور تا کہ تم
اُس کا فضل ڈھونڈو - اور تا کہ تم شکر گزار هو - [۱۳] اور
جو کچھہ آسمان میں هے اور جو کچھہ زمین میں هے اُسي
نے اپني طرف سے ان سب کو تمھارے لئے مسخر کیا هے -
بے شك جو لوگ غور کرتے هیں اُن کے لئے اس میں بھي
نشانیاں هیں - [۱۴] تو ایمان والوں سے کھہ دے کہ جو
لوگ خدا کے دن کي اُمید نھیں رکھتے ان کو معاف کر دیں
تا کہ وہ لوگوں کو اُن کے کئے کي جزا دے - [۱۵] جو کوئي
نیك کام کرتا هے وہ اپنے هي لئے - اور جو کوئي برائي کرتا هے وہ
اُسي پر پڑتا هے - پھر تو تم کو اپنے پروردگار کي طرف لوٹ
جانا هے - [۱۶] اور هم نے بني اِسرائیل کو کتاب اور حکمت
اور نبوت دي اور اُن کو اچھي چیزیں کھانے کو دیں اور اُن کو
تمام دنیا جھان کے لوگوں پر فضیلت دي - [۱۷] اور اُن کو
صاف صاف احکام دئے - اور ان کے پاس علم آجانے کے بعد
بھي وہ محض آپس کي ضد سے اِختلاف کئے - بے شك تیرا
پروردگار قیامت کے دن ان کے اِختلافات کا فیصلہ کر دیگا -
[۱۸] پھر هم نے تجکو دین کي شریعت پر مقرر کیا - تو
اُسي کي پیروي کر اور جو لوگ علم نھیں رکھتے اُن کي
خواهشوں کي پیروي نہ کر - [۱۹] خدا کے آگے یہہ تیرے
کچھہ بھی کام نہ آئینگے - اور ظالم ایك کے دوست ایك هیں -
اور خدا پرهیزگاروں کا دوست هے - [۲۰] یہہ لوگوں کے لئے
سوجھہ کي بات اور یقین کرنے والوں کے لئے هدایت اور رحمت

هے - [۲۱] کیا جو لوگ برائي کرتے هیں وہ گمان کرتے هیں کہ هم اُن کو اُن لوگوں کي طرح بنا دینگے جو ایمان رکھتے اور نیك کام کرتے هیں کہ اُن کا جینا اور اُن کا مرنا برابر هو ؟ کیسا بُرا یہہ حکم لگاتے هیں -

[۲۲] اور خدا نے آسمان اور زمین کو اپني مشیئت سے بنایا تاکہ هر جاندار اپنے کئے کي جزا پائے اور ان پر ظلم نہ هو - [۲۳] کیا تونے اُس کو دیکھا جو اپني خواهشوں کو اپنا معبود بناتا هے اور خدا نے اُس کو جان کر بھي گمراہ کردیا هے اور اُس کے کان پر اور اُس کے دل پر مہر کردی هے اور اُس کی آنکھوں پر پردہ ڈال دیا هے ؟ تو خدا کے بعد پھر اُس کو کون هدایت کریگا ؟ کیا تم غور نہیں کرتے ؟ [۲۴] اور یہہ کہتے هیں کہ هماری تو بس یهي دنیا کي زندگي هے کہ مرتے هیں اور جیتے هیں اور هم کو تو بس زمانہ هي مارتا هے - اور اُن کو اُس کا کوئي علم تو هے نہیں - یہہ بس خیالي باتیں کرتے هیں - [۲۵] اور جب اُن کو هماري بین آیتیں پڑھ کر سنائي جاتي هیں تو بس اُن کي حجت یهي هوتي هے کہ وہ کہتے هیں کہ اگر تم سچے هو تو همارے باپ دادوں کو لاؤ - [۲۶] تو کہہ دے کہ خدا هي تم کو زندہ کرتا هے پھر تم کو مارتا هے پھر قیامت کے دن جس کے بارے میں کوئي شك نہیں تم سب کو جمع کریگا - لیکن اکثر لوگ علم نہیں رکھتے -

[۲۷] اور آسمان اور زمین کي سلطنت خدا هي کي هے - اور جس دن وہ گھڑي آ پڑیگی اس دن جھوٹے خسارے میں رهینگے - [۲۸] اور تو دیکھیگا کہ سب اُمتیں زانؤں پر بیٹھي هونگي - هر ایك اُمت اپني کتاب کے لئے بلائي جائیگي - " آج کے دن تم کو تمهارے کئے کي جزا دي جائیگي " - [۲۹] یہہ

هماري كتاب تمهارے مقابلے میں سچ سچ کهیگي - هم لكهتے
تھے جو کچھہ تم کرتے تھے - [٣٠] تو جو لوگ ایمان لائے اور
نیك كام كئے تو اُن كو اُن كا پروردگار اپني رحمت میں داخل
کریگا - یهہ تو صریح کامیابي هوگي - [٣١] اور جو لوگ کفر
كئے (اُن سے کہا جائیگا) کیا میري آیتیں تم کو پڑھہ کر
سنائي نه گئیں ؟ مگر تم نے تکبر کیا اور گنهگار رهے -
[٣٢] اور جب کہا جاتا تھا که خدا کا وعده سچا هے اور وه
گھڑي بھي که اُس میں کوئي شك نهیں تو تم کہتے تھے که هم
نهیں جانتے وه گھڑي کیا هے ؟ هم کو بس تهوڑا سا خیال هو
جاتا هے - مگر هم یقین نهیں کرتے - [٣٣] اور جو کچھہ
یهہ کرتے رهے اُن کي برائیاں اُن پر ظاهر هو جائینگي - اور
جس سے یهہ ٹهٹها کرتے تھے وهي اُن کو آ گهیریگا - [٣٤] اور
کہا جائیگا که آج کے دن هم بھي تم کو بهلا دینگے جس طرح
تم نے تمهارے اس دن کي ملاقات کو بهلا دیا - اور تمهارا
ٹهکانا تو بس جهنم کي آگ هے - اور تمهارا کوئي مددگار
نهیں - [٣٥] یهہ اس لئے که تم نے خدا کي آیتوں کو ٹهٹها
بنایا اور دنیا کي زندگي نے تم کو فریب دیا - تو آج کے دن
وه اُس سے نه نکالے جائینگے اور نه اُن کے عذر قبول كئے
جائینگے - [٣٦] بس تعریف تو خدا هي کو هے جو آسمان کا
پروردگار هے اور جو زمیں کا پروردگار هے اور جو تمام عالموں کا
پروردگار هے - [٣٧] اور آسمان اور زمین میں اُسي کي بزرگي
هے - اور وهي زبردست حکمت والا هے -

سورۂ احقاف

مکي - ۳۵ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ہے

¶ [۱] حم - [۲] یہہ کتاب خدا کي طرف سے اُتري ہے
جو زبردست اور حکمت والا ہے - [۳] ہم نے تو بس آسمان
اور زمین اور جو کچھہ ان کے درمیان میں ہے سب کو اپني
مشیئت سے اور ایك وقت مقرر کے لئے بنایا ہے - اور جو
لوگ کفر کرتے ہیں وہ اس چیز کي طرف سے جن کا ان کو
ڈر دکھایا جاتا ہے منہہ پھیر لیتے ہیں - [۴] تو کہہ دے
کہ کیا تم نے اس چیز پر نظر کي ہے جس کو تم خدا کے
سوا پکارتے ہو؟ مجھے دکھلاؤ تو کہ اُنھوں نے زمین میں
کون سي چیز بنائي ہے؟ یا آسمان میں ان کي شرکت ہے؟
اگر تم سچ کہتے ہو تو اس سے پہلے کي کتاب یا علمي نقل
میرے پاس لے آؤ - [۵] اور اُس سے بڑھکر گمراہ کون ہوگا
جو خدا کے سوا ایسوں کو پکارے جو روز قیامت تك جواب
نہ دے سکیں اور جو اُن کی دعا سے بھي غافل ہوں؟
[۶] اور جب لوگ جمع کئے جائینگے تو یہہ اُن کے دشمن
ہو جائینگے اور اُن کي عبادت سے کفر کرینگے - [۷] اور جب
ہماري بین آیتیں اُن کو پڑھکر سنائي جاتي ہیں تو جو لوگ
کفر کرتے ہیں وہ باوجودیکہ اُن کے پاس حق آچکا اس کي
نسبت کہتے ہیں کہ یہہ تو صاف جادو ہے - [۸] کیا یہہ
کہتے ہیں کہ اس کو اُس نے جھوٹ باندھہ لیا ہے - تو کہہ
دے کہ اگر میں نے اس کو جھوٹ باندھہ لیا ہے تو تم
خدا کے سامنے میرے بارے میں کچھہ بھي نہیں کر سکتے -

وہ خوب جانتا ھے جو کچھہ تم اُس کے بارے میں باتیں
بناتے ھو - میرے اور تمھارے درمیان وھي گواہ بس ھے -
اور وھي بخشنے والا اور رحم والا ھے - [۹] تو کہہ دے کہ
میں رسولوں میں کوئي نیا تو ھوں نہیں - اور نہ میں
جانتا ھوں کہ میرے ساتھہ کیا کیا جائیگا - میں تو بس
اُس چیز کي پیروي کرتا ھوں جو مجھہ پر وحي کي گئي ھے
اور میں تو بس صاف صاف ڈرانے والا ھوں - [۱۰] تو کہہ
دے کہ کیا تم نے نظر کي کہ اگر یہہ خدا کي طرف سے ھو
اور تم اُس سے کفر کئے حالانکہ بني اِسرائیل میں سے ایک
گواھي دینے والے نے اُسي کي گواھي دي اور وہ اِیمان لایا اور
تم تکبر کئے - بے شك خدا ظالم لوگوں کو ھدایت نہیں
کرتا -

[۱۱] اور جو لوگ کفر کرتے ھیں وہ ایمان والوں کے بارے
میں کہتے ھیں اگر یہہ اچھا ھوتا تو یہہ لوگ ھم سے اُس کي
طرف سبقت نہ لے جاتے - اور جب اُس سے یہہ ھدایت نہیں
پائے تو بس یہہ کہتے ھیں کہ یہہ تو پرانا جھوٹ ھے -
[۱۲] اور اُس سے پہلے موسیٰ کي کتاب تھي کہ وہ رھنما اور
ھدایت تھي - اور یہہ کتاب عربي زبان میں اُس کي تصدیق
کرنے والي ھے تا کہ جو لوگ ظلم کرتے ھیں اُن کو ڈرائے -
اور نیك لوگوں کو خوش خبري دے - [۱۳] بے شك جو لوگ
کہتے ھیں کہ ھمارا پروردگار خدا ھے پھر اُس پر قائم رھے تو
نہ اُن پر خوف ھوگا اور نہ وہ غمگین ھونگے - [۱۴] یہي
لوگ جنت کے رھنے والے ھیں - یہہ ھمیشہ اُسي میں رھینگے -
یہہ اُن کے کئے کي جزا ھے - [۱۵] اور ھم نے آدمي کو اُس کے
ماں باپ کے ساتھہ نیك سلوك کرنے کو کہا ھے کہ اُس کي

ماں اُس کو تکلیف سے حمل میں رکھتي ھے اور اُس کو تکلیف
سے جنتي ھے - اور اُس کا حمل میں رکھنا اور دودھہ چھڑانا
تیس مہینے میں ھوتا ھے - یہاں تک کہ جب وہ اپني جواني
کو پہنچتا ھے اور چالیس برس کو پہنچتا ھے تو کہتا ھے کہ
اے میرے پروردگار مجھکو توفیق دے کہ میں تیري نعمتوں کا
شکر کروں جو تونے مجھہ پر اور میرے ماں باپ پر کی ھیں
اور یہہ کہ میں نیك کام کروں کہ تو اُس کو پسند کرے اور
میري اولاد میں میرے لئے صلاحیت دے - میں تیرے سامنے
توبہ کرتا ھوں اور میں مسلمان ھوں - [۱۶] یہي وہ لوگ
ھیں جن سے ھم اُن کے نیك کاموں کو جو اُنھوں نے کئے ھیں
قبول کرتے اور جن کي بُرائیوں سے درگزر کرتے ھیں - یہہ
جنت کے لوگوں میں ھونگے - یہہ سچا وعدہ ھے جو اُن سے
کیا گیا ھے - [۱۷] اور جس نے اپنے ماں باپ سے کہا کہ تم پر
تف ھے کیا تم مجھہ سے وعدہ کرتے ھو کہ میں نکال کر کھڑا
کیا جاؤنگا حالانکہ مجھہ سے پہلے کتنے قرن گزر گئے ؟ اور
وہ خدا سے فریاد کرتے ھیں اور (بیٹے سے کہتے ھیں) کہ
ایمان لا - بے شك خدا کا وعدہ سچا ھے - تو یہہ کہتا ھے
کہ یہہ تو بس اگلوں کي کہانیاں ھیں - [۱۸] یہي لوگ
ھیں جو جن اور آدمیوں میں کي جو جو اُمتیں گزر چکي
ھیں اُن میں یہہ بھي ھیں جن پر (خدا کا) حکم پورا
ھوکر رھیگا - یہہ ضرور خسارے میں رھینگے - [۱۹] اور ھر
ایك کے کئے کے مطابق اُن کے درجے ھونگے - تاکہ وہ اُن کو اُن
کے کئے پورے پورے دے - اور اُن پر ظلم نہ ھوگا - [۲۰] اور
جس دن کفر کرنے والے جہنم کي آگ کے اُوپر لائے جائینگے -
"تم نے اپني دنیا کي زندگي میں اچھي چیزیں اُچك لیں اور

تم نے اُن سے فائدے اُٹھا لئے - تو آج کے دن تم کو رسوائي کے عذاب کي جزا دي جائيگي اس لئے کہ تم نے دنيا ميں ناحق تکبر کيا اور اس لئے کہ تم نے بدکرداریاں کيں" -

[۲۱] اور عاد کے بھائي کا ذکر کر - جب کہ اُس نے اپني قوم کو احقاف ميں ڈرايا - اور اس سے پہلے اور اس کے بعد بھي ڈرانے والے گزر چکے تھے کہ خدا کے سوا کسي کي عبادت نہ کرو - مجھکو تمھارے لئے ايك بڑے روز کے عذاب کا ڈر ھے - [۲۲] بولے کيا تو ھمارے پاس آيا ھے کہ ھم کو ھمارے معبودوں سے پھير دے؟ تو اگر تو سچا ھے تو جس کا تو ھم سے وعدہ کرتا ھے اُس کو لے آ - [۲۳] بولا اس کا علم تو بس خدا ھي کو ھے - اور ميں تم کو وہ چيز پہنچا ديتا ھوں جو لے کر ميں بھيجا گيا ھوں - ليکن ميں تم کو ديکھتا ھوں کہ تم ايك جاھل قوم ھو - [۲۴] تو جب اس کو ديکھا کہ بادل ھے کہ ان کے ميدانوں کي طرف چلا آتا ھے تو وہ بولے کہ يہہ تو بادل ھے کہ ھم پر پاني برسائيگا - نہيں - يہہ وھي ھے جس کي تم جلدي کرتے تھے - يہہ ھوا ھے کہ اس ميں دردناك عذاب ھے - [۲۵] کہ يہہ اپنے پروردگار کے حکم سے ھر چيز کو ھلاك کرديگي - تو يہہ ايسے ھوگئے کہ بس ان کے گھر ھي دکھائي ديتے تھے - گنہگار لوگوں کو ھم اسي طرح جزا ديتے ھيں - [۲٦] اور ھم نے ان کو ايسي چيزوں ميں قدرت دي تھي جس ميں ھم نے تم کو قدرت نہيں دي - اور ھم نے اُن کو کان اور آنکھہ اور دل بھي دئے تھے - تو نہ اُن کے کان ھي اُن کے کچھہ کام آئے اور نہ اُن کي آنکھيں اور نہ اُن کے دل جب يہہ خدا کي آيتوں سے اِنکار کئے اور جس سے يہہ ٹھٹھا کرتے تھے اُس نے ان کو آ گھيرا -

[۲۷] اور هم نے تمهارے ارد گرد کي کتني بستیاں هلاك
کر ڈالیں اور هم نے اپني آیتوں کو پهیر پهیر کر بیان کیا
شاید وہ اپنے تئیں رجوع کریں - [۲۸] تو خدا کے سوا جن
چیزوں کو اُنهوں نے (خدا کے) تقرب کے لئے معبود بنا رکها
تها اُنهوں نے ان کي کیوں نه مدد کي ؟ نهیں - وہ تو ان سے
کهو گئے - اور یهه تها اُن کا جهوت اور یهه تهي اُن کي
افترا پردازي - [۲۹] اور جب هم نے جنوں میں کے کچهه
لوگوں کو تیري طرف پهیر لایا که وہ قرآن سنیں - پهر جب
وہ اس کے لئے حاضر هوئے تو بولے که چپ رهو - پهر جب
تمام هوا تو وہ اپني قوم کي طرف پهر گئے اور ڈرانے لگے -
[۳۰] بولے که اے هماري قوم هم نے ایك کتاب سني هے
جو موسیٰ کے بعد نازل هوئي هے اور جو اُس چیز کي
تصدیق کرتي هے جو اس سے پهلے تهي اور سچ بات کي اور
سیدهي راہ کي هدایت کرتي هے - [۳۱] اے هماري قوم
خدا کي طرف بلانے والے کو جواب دو اور اُس پر ایمان لاؤ -
وہ تم کو تمهارے گناہ بخش دیگا اور تم کو دردناك عذاب سے
پناہ دیگا - [۳۲] اور جو کوئي خدا کے پکارنے والے کو جواب
نه دے تو وہ دنیا میں (خدا کو) عاجز نهیں کر سکتا -
اور اُس کے سوا اس کا کوئي دوست نهیں - یهي لوگ صریح
گمراهي میں هیں - [۳۳] کیا اُنهوں نے نه دیکها که جس
خدا نے آسمان اور زمین کو بنایا اور ان کے بنانے سے نه تهکا
وہ قدرت رکهتا هے که مردوں کو زندہ کرے - هاں - وہ هر
چیز پر قادر هے - [۳۴] اور جس دن کفر کرنے والے جهنم کي
آگ پر لائے جائینگے - ”کیا یهه سچ نهیں هے ؟“ کهینگے که
هاں همارے پروردگار کي قسم - کهیگا تو اپنے کفر کرنے کے سبب

عذاب کا مزہ چکھو - [۳۵] اور صبر کر جس طرح اولوالعزم
رسول صبر کئے - اور ان کے لئے جلدي نہ کر - جس دن یہہ
دیکھینگے جس کا ان سے وعدہ کیا گیا ھے معلوم ھوگا کہ گویا
یہہ بس دن کے ایک گھڑي تھہرے تھے - یہہ پہنچا دینا ھے -
مگر بدکار لوگوں کے سوا بھي کیا کوئي ھلاک ھوگا ؟

سورۂ محمدؐ

مدني - ۳۸ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ھے

[۱] جن لوگوں نے کفر کیا اور خدا کي راہ سے لوگوں کو
روکا وہ اُن کے کئے اکارت کر دیتا ھے - [۲] اور جو لوگ ایمان
لائے اور نیک کام کئے اور اُس چیز پر ایمان لائے جو محمد پر
اُتري اور یہہ اُن کے پروردگار کي طرف سے حق ھے وہ اُن کي
برائیاں اُن پر سے دور کردیگا اور اُن کي حالت کي اِصلاح کر
دیگا - [۳] یہہ اس لئے ھے کہ جو لوگ کفر کئے وہ باطل کي
پیروي کئے اور جو لوگ ایمان لائے وہ اپنے پروردگار کي سچي بات
کي پیروي کئے - اس طرح خدا لوگوں کے لئے اُن کي مثال
بیان کرتا ھے - [۴] جب (لڑائي میں) تمھارا اور کافروں کا سامنا
ھو تو اُن کي گردنیں مارو - یہانتك کہ جب تم اُن کو چور کر
ڈالو تو اُن کو مضبوطي سے باندھہ ڈالو - پھر اُس کے بعد یا تو
اُن پر احسان کرو یا فدیہ لو یہاں تك کہ لڑائي اپنے ھتھیار
رکھہ دے - یہي ھو - اور اگر خدا چاھتا تو وہ اُن سے ضرور بدلہ
لے لیتا - لیکن (اُس نے ایسا نہ کیا) تا کہ تم میں سے ایک کو
ایک سے آزمائے - اور جو لوگ خدا کي راہ میں قتل کئے جاتے

هیں وہ هرگز اُن کے کئے کو اکارت نہ کریگا - [۵] وہ ضرور اُن
کو هدایت کریگا اور اُن کي حالت کي اِصلاح کریگا - [۶] اور
وہ آن کو جنت میں داخل کریگا جس کے بارے میں اُس نے ان
سے بیان کیا هے - [۷] مومنو - اگر تم خدا کي مدد کرو تو
وہ تمهاري مدد کریگا اور تمهارے قدم ثابت رکھیگا - [۸] اور
جو لوگ کہ کفر کرتے هیں اُن کو گرجانا هوگا اور اُن کے کئے
اکارت هونگے - [۹] یهہ اِس لئے هے کہ جو خدا نے نازل کیا
هے اُس کو اُنھوں نے ناگوار سمجھا - تو اُس نے اُن کے کئے
اکارت کر دئے - [۱۰] کیا اُنھوں نے دنیا میں سیر نهیں کي
اور دیکھا کہ جو لوگ اُن سے پہلے هوئے تھے اُن کا انجام کیسا
هوا ؟ خدا نے اُن کو ایك بارگي هلاك کر ڈالا - اور ویسا هي
کافروں کا بھي حال هوگا - [۱۱] یهہ اِس لئے هے کہ جو لوگ
ایمان رکھتے هیں خدا اُن کا کارساز هے - اور کافروں کا تو
کوئي بھي کارساز نهیں -

[۱۲] بے شك جو لوگ ایمان رکھتے هیں اور نیك کام کرتے
هیں خدا اُن کو جنت میں داخل کریگا کہ اُن کے نیچے سے
نهریں جاري هونگي - اور جو لوگ کفر کرتے هیں وہ فائدے
اُٹھاتے هیں اور کھاتے هیں جیسا کہ مویشي کھاتے هیں - اور
اُن کا ٹھکانا تو بس جهنم کي آگ هے - [۱۳] اور کتني هي
بستیاں تھیں کہ وہ تیري بستي سے جس نے تجھکو نکال دیا
زیادہ قوت رکھتي تھیں هم نے اُن کو هلاك کر ڈالا - اور کوئي
اُن کا مددگار نہ هوا - [۱۴] تو کیا جو شخص اپنے پروردگار
کي دلیل پر هے وہ بھي ویسا هي هو سکتا هے جس کو اُس کے
کاموں کي بُرائیاں اچھي کر دکھائي جاتي هیں اور جو اپني
خواهشوں کي پیروي کرتا هے ؟ [۱۵] جنت کي تعریف جس کا

پرهيزگاروں سے وعدہ كيا گيا هے يهہ هے كه اس ميں پاني كي
نهريں هيں كه وہ بگڑتي نهيں - اور دودهہ كي نهريں هيں
كه اُس كا مزہ نهيں بدلتا - اور شراب كي نهريں هيں
كه پينے والوں كو مزہ ديتي هيں - اور صاف شهد كي نهريں
هيں - اور وهاں ان كو هر طرح كے ميوے ملينگے اور اُن كے
پروردگار كي طرف سے بخشش - (كيا اس كے رهنے والے) اس
شخص كي طرح هيں جو هميشه آگ ميں رهيگا اور جس كو
گرم پاني پلايا جائيگا جو اُس كي انتڑيوں كو كاٹ ڈاليگا -
[۱۶] اور اُن ميں وہ بهي هيں كه تيري بات سنتے هيں
يهاں تك كه جب وہ تيرے پاس سے چلے جاتے هيں تو جن
لوگوں كو علم ديا گيا هے اُن سے كهتے هيں كه ابهي اُس نے
كيا كها ؟ يهي لوگ هيں جن كے دلوں پر خدا نے مهر كر دي
هے اور جو اپني خواهشوں كي پيروي كرتے هيں - [۱۷] اور
جو لوگ هدايت پائے اُن كو وہ اور بهي زيادہ هدايت ديتا
هے - اور اُن كو اُن كي پرهيزگاري بهي ديتا هے - [۱۸] تو كيا
يهہ اُسي گهڑي كے منتظر هيں كه وہ يكايك اُن پر آ پڑے -
اور اُس كي نشانياں تو آ هي چكي هيں - تو جب يهہ اُن پر
آ پڑيگي تو پهر وہ كهاں سے غور كرينگے ؟ [۱۹] پس جان لے
كه خدا كے سوا كوئي معبود نهيں، اور اپني گناهوں كي بخشش
مانگتا رہ اور ايمان والے مرد اور ايمان والي عورتوں كے لئے
بهي - اور تمهارا چلنا پهرنا اور تمهارا ٹهكانا خدا جانتا هے -
[۲۰] اور جو لوگ ايمان ركهتے هيں وہ كهتے هيں كه
كوئي سورت كيوں نهيں اُتاري جاتي ؟ پهر جب كوئي صاف
سورت اُتري اور اس ميں لڑائي كا ذكر هوا تو جن لوگوں كے
دلوں ميں مرض هے تو اُن كو ديكهيگا كه وہ تيري طرف

دیکھینگے جیسا کہ وہ شخص دیکھے جس پر موت چھا گئي
هو - تو اُن پر وائے هے - [۲۱] اِطاعت اور دستور کے موافق
بات چاهئے - اور جب بات تهہر جائے - اور اگر یہہ خدا کے
سچے رهے تو یہہ اُن کے لئے بہتر هوگا - [۲۲] تو کیا یہہ
تم سے دور هے کہ اگر پیٹھہ پھیر لو تو ملك میں فساد کرنے
لگو اور اپني قرابتداري توڑنے لگو - [۲۳] یهي لوگ هیں
جن کو خدا نے لعنت کي هے - تو اُن کو بہرا کر دیا اور اُن کي
آنکھوں کو اندها - [۲۴] تو کیا یہہ قرآن پر غور نہیں
کرتے ؟ دا اُن کے دلوں پر قفل هیں ؟ [۲۵] بے شك جو لوگ
پیٹھہ پھیر دئے باوجود اس کے کہ اُن کو هدایت معلوم هوچکي
تو یہہ شیطان اُن کو اچھا دکھاتا هے - اور اُن کو ڈهیل دیتا
هے - [۲۶] یہہ اِس لئے هے کہ جو لوگ خدا کي اُتاري هوئي
چیز کو ناپسند کرتے هیں یہہ اُن سے کہتے هیں کہ کچھہ
باتوں میں تو هم تمهاري هي اِطاعت کرینگے - اور خدا
اُن کي چھپي باتیں سب جانتا هے - [۲۷] تو کیسا هوگا جب
فرشتے اُن کي جانیں قبض کرینگے اُن کے مونهوں اور پیٹھوں
پر مارتے هونگے ؟ [۲۸] یہہ اس لئے کہ اُنھوں نے اُس چیز کي
پیروي کي جو خدا کو ناپسند هے اور اُس کي خوشي کو ناپسند
کیا - تو وہ اُن کے کئے کو ناپید کر دیگا -

[۲۹] کیا وہ لوگ جن کے دلوں میں مرض هے خیال کرتے
هیں کہ خدا اُن کي بد نیتي کو ظاهر نہ کریگا - [۳۰] اور
اگر هم چاهیں تو هم ضرور تجھے اُن کو دکھا دیں کہ تو
اُن کو اُن کے چہرے سے پہچان لے - اور تو اُن کو بات کے
ڈهنگ سے بھي پہچان لیگا - اور خدا اُن کے کام جانتا هے -
[۳۱] اور هم تم کو ضرور آزمائینگے یہاں تك کہ هم تم میں


کوشش کرنے والوں کو اور صبر کرنے والوں کو جان لیں - اور
تمھاري خبروں کو آزمائیں - [۳۲] بے شك جو لوگ کفر کرتے
هیں اور خدا کي راه سے (لوگوں کو) روکتے هیں اور رسول کي
مخالفت کرتے هیں باوجودیکه که اُن کو هدایت معلوم هو چکي
یهه خدا کو کچهه بهي ضرر نهیں پهنچا سکتے - بلکه وهي
اُن کے کئے کو ناپید کر دیگا - [۳۳] مومنو خدا کي اِطاعت
کرو اور رسول کي اِطاعت کرو اور اپنے کئے کو باطل نه کرو -
[۳۴] بے شك جو لوگ کفر کرتے اور خدا کي راه سے (لوگوں کو)
روکتے اور پهر کافر هي مر جاتے هیں تو خدا اُن کو هرگز نه
بخشیگا - [۳۵] تو همت نه هارو اور صلح کي طرف نه پکارو -
تم هي غالب رهوگے - اور خدا تمهارے ساتهه هے اور وه هرگز
تمهارے کام تم سے نه چهین لیگا - [۳۶] دنیا کي زندگي تو
بس کهیل اور تماشا هے - اور اگر تم ایمان لاؤ اور (بُرے کاموں
سے) بچو تو وه تم کو تمهارا اجر دیگا اور تم سے تمهارے مال نه
مانگیگا - [۳۷] اگر وه تم سے مانگے بهي اور تم کو تنگ کرے
تو تم بخیلي کروگے اور اس سے تمهاري بد نیتي ظاهر هو
جائیگي - [۳۸] تم تو وه لوگ هو که تم کو خدا کي راه میں
خرچ کرنے کے لئے بلایا جاتا هے تو بهي تم میں کچهه لوگ
هیں جو بخل کرتے هیں - اور جو کوئي بخل کرتا هے وه تو
اپنے سے بخل کرتا هے - اور خدا غني هے اور تم هي محتاج هو -
اور اگر تم پیٹهه پهیروگے تو وه تمهاري جگه دوسري قوم کو لے
آئیگا اور وه تمهاري طرح نه هونگے -

سورۂ فتح

مدني - ۲۹ آيتيں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحيم ھے

[۱] هم نے تجکو صريح فتح دي - [۲] تاکه خدا
تجکو تيرے گناه جو پهلے هوئے تھے اور جو پيچھے هوئے
هيں بخش دے - اور تجهه پر اپني نعمتيں پوري کرے اور
تجکو سيدھي راه کي هدايت کرے - [۳] اور خدا تيري
زوروں کي مدد کرے - [۴] وهي هے جس نے ايمان والوں کے
دلوں ميں تسکين دي تا که ان کے ايمان کے ساتهه اور ايمان
زياده هو - اور آسمان اور زمين کے لشکر سب خدا کے هيں -
اور خدا جاننے والا اور حکمت والا هے - [۵] که وه ايمان والے
مردوں اور ايمان والي عورتوں کو جنت ميں داخل کرے
جن کے نيچے سے نهريں جاري هونگي - وه هميشه اسي ميں
رهينگے - اور ان سے ان کي بُرائيوں کو دور کردے - اور
خدا کے نزديك يهي تو بڑي کاميابي هے - [۶] اور منافق
مردوں اور منافق عورتوں اور مشرك مردوں اور مشرك عورتوں کو
عذاب کرے - جو خدا کے بارے ميں بد گمانياں کرتے هيں
وه بُرائي کے پهير ميں آگئے - اور خدا ان پر غصه هوا اور
اُن پر لعنت کي اور اُن کے لئے جهنم تيار کر رکھا هے - اور وه
پهر جانے کي بُري جگه هے - [۷] اور آسمان اور زمين کے
لشکر سب خدا هي کے هيں - اور خدا زبردست اور حکمت
والا هے - [۸] هم نے تجکو گواه بناکر اور خوش خبري
دينے اور ڈرانے کو بھيجا هے - [۹] که تم خدا اور اُس کے
رسول پر ايمان لاؤ اور اُس کي مدد کرو اور اُس کي توقير کرو -



مدينهٔ منوره

اور صبح و شام اُس کي تسبيح کرو - [۱۰] جو لوگ تجھہ سے
بيعت کرتے هيں وہ تو خدا هي سے بيعت کرتے هيں - خدا کا
هاتهہ اُن کے هاتهوں پر هے - تو جس نے عهد توڑا تو اُس کا
عهد توڑنا اسي پر پڑيگا - اور جس نے پورا کيا جو کچهہ اُس
نے خدا سے عهد کيا هے تو وہ اُس کو بڑا اجر ديگا -
[۱۱] اعرابي جو پيچهے چهوٹ گئے وہ تجهہ سے کهينگے
کہ هم اپنے مال اور اپنے لوگوں ميں لگے رهے تو همارے لئے
بخشش مانگ - يهہ اپني زبان سے وہ باتيں کهتے هيں جو
اُن کے دلوں ميں نهيں - تو کهہ دے کہ اگر خدا تم کو
نقصان پهنچانا چاهے يا تم کو نفع پهنچانا چاهے تو خدا کے
مقابلے ميں تمهارے لئے کون کچهہ بهي اختيار رکهتا هے ؟
بلکہ خدا تمهارے کئے کي خبر رکهتا هے - [۱۲] نهيں -
تم نے تو گمان کيا تها کہ رسول اور ايمان والے اپنے لوگوں ميں
کبهي بهي واپس نہ آئينگے - اور يهہ تمهارے دلوں کو اچها
معلوم هوا - اور تم نے بدگماني کي - اور تم لوگ هلاک
هوئے - [۱۳] اور جو کوئي خدا اور اُس کے رسول پر ايمان نہ
لايا تو هم نے ايسے کافروں کے لئے دوزخ کي دهکتي هوئي آگ
تيار کر رکهي هے - [۱۴] اور آسمان اور زمين کي سلطنت خدا
هي کي هے - جس کو چاهتا هے بخشتا هے - اور جس کو
چاهتا هے عذاب کرتا هے - اور خدا بخشنے والا اور رحم کرنے
والا هے - [۱۵] جب تم مال غنيمت لينے کے لئے اُس کي طرف
چلنے لگوگے تو جو لوگ پيچهے چهوٹ گئے تهے وہ کهينگے کہ
هم کو اپنے پيچهے چلنے دو - يهہ چاهتے هيں کہ خدا کے حکم
کو بدل ديں - تو کهہ دے کہ تم هرگز ميرے پيچهے چلنے
نہ پاؤگے - پهلے هي سے خدا نے ايسا کهہ رکها هے - تو يهہ

کهینگے که نهیں - تم هم سے حسد کرتے هو - نهیں - یهه
سمجهتے هي نهیں مگر تهوڑا - [۱٦] اعرابي جو پیچهے
چهوٹ گئے اُن سے کهه دے که عنقریب تم ایك بڑي لڑنے والي
قوم کے لئے بلائے جاؤگے - تم اُن سے لڑوگے یا وہ مسلمان
هوجائینگے - اور اگر تم اطاعت کروگے تو خدا تم کو اجر
نیك دیگا - اور اگر تم پیٹهه پهیروگے جیسا که تم نے اس سے
پهلے پیٹهه پهیرا تها تو وہ تمکو دردناك عذاب دیگا -
[۱۷] اندهے کے لئے کوئي حرج نهیں اور نه لنگڑے کے لئے
کوئي حرج هے اور نه مریض کے لئے کوئي حرج هے - اور جو
کوئي خدا اور اُس کے رسول کي اطاعت کریگا تو وہ اُس کو
جنت میں داخل کریگا که اُس کے نیچے سے نهریں جاري
هونگي اور جو کوئي پیٹهه پهیریگا تو وہ اُس کو دردناك
عذاب دیگا -

[۱۸] جب درخت کے نیچے ایمان والے تجهه سے بیعت
کر رهے تهے تو خدا اُن سے بهت خوش هوا - اور اُس نے ان کي
دلي بات کو جان لیا - اور اُن کو تسکین دي - اور اُن کو
ایك قریب کي فتح ثواب میں دي - [۱۹] اور بهت سے مال
غنیمت که اُن کو ملینگے - اور خدا غالب حکمت والا هے -
[۲۰] خدا نے تم کو بهت سے مال غنیمت کا وعدہ کیا هے جو
تم کو ملیگا - اور یهه تم کو جلد دیا - اور تم سے لوگوں کے
هاتهوں کو روکا تاکه یهه ایمان والوں کے لئے ایك نشاني
هو اور تاکه یهه تم کو سیدهي راہ کي هدایت کرے - [۲۱] اور
دوسري چیزیں که ابهي تم ان پر قدرت نهیں رکهتے -
خدا نے اُس کو گهیر رکها هے - اور خدا هر چیز پر قادر هے -
[۲۲] اور اگر کافر تم سے لڑینگے تو وہ ضرور پیٹهه پهیر کر

بھاگینگے اور پھر نہ وہ کوئي دوست اور نہ مددگار پائینگے -
[۲۳] یہہ خدا کي عادت ھے جو اس سے پہلے سے چلي آئي
ھے - اور تو ھرگز خدا کي عادت میں کوئي تبدیلي نہ
پائیگا - [۲۴] اور وھي ھے جس نے خاص مکے میں تم کو
ان پر غالب کئے پیچھے تم سے اُن کے ھاتھہ اور ان سے تمھارے
ھاتھہ روکے - اور خدا تمھارے کاموں کو دیکھتا ھے -
[۲۵] یہي تو ھیں جنھوں نے کفر کیا اور تم کو مسجد حرام
سے روکا اور ھدیہ کو بھي کہ یہہ اپنے حلال ھونے کي جگہ تک
نہ پہنچے - اور اگر ایمان والے مرد اور ایمان والي عورتیں
نہ ھوتیں کہ تم اُن کو نہ جانتے تھے اور تم اُن کو کچل ڈالتے
اور بے جانے تم کو اُن سے اِیذا پہنچتي (مگر ایسا نہ ھوا)
کہ خدا جس کو چاھے اپني رحمت میں داخل کرے - اگر
یہہ علحدہ ھوجاتے تو ھم ان میں سے کافروں پر ضرور
دردناک عذاب کرتے - [۲۶] جب کافروں نے اپنے دلوں میں
کد کرلي جو محض جاھلیت کي کد تھي تو خدا نے اپنے
رسول پر اور ایمان والوں پر اپني طرف سے تسکین دي -
اور اُن کو پرھیزگاري کي بات پر لگا رکھا - اور وھي اس کے
حقدار اور لائق تھے - اور خدا ھر چیز کا جاننے والا ھے -

[۲۷] خدا نے اپنے رسول کو سچا خواب دکھایا کہ اگر
خدا نے چاھا تو تم مسجد حرام میں امن کے ساتھہ ضرور
داخل ھوگے - تم اپنا سر منڈاؤگے اور بال کترائوگے - تم کو
ڈر نہ ھوگا - اور وہ جانتا تھا جو تم نہیں جانتے تھے - پھر
اس کے علاوہ اُس نے اور ایک قریب کي فتح دي - [۲۸] وھي
ھے جس نے اپنے رسول کو ھدایت اور دین حق دیکر بھیجا
تاکہ اُس کو تمام دینوں پر غالب کرے - اور خدا گواہ بس

ھے - [۲۹] محمد خدا کا رسول ھے - اور جو لوگ اُس کے
ساتھہ ھیں وہ کافروں پر سخت ھوتے اور آپس میں رحم دل
ھوتے ھیں - تو اُن کو رکوع کرتے اور سجدہ کرتے دیکھیگا -
وہ خدا کا فضل اور اُس کي خوشنودي ڈھونڈتے ھیں - اُن کي
نشاني یہہ ھے کہ سجدے کے اثر اُن کے چہروں پر ھوتے ھیں
یہہ توراۃ میں اُن کي تعریف ھے اور یہي انجیل میں
اُن کي تعریف ھے - جیسے کھیتي کہ اُس نے اپني سوئي نکالي
پھر اُس کو قوي کیا اور وہ موٹي ھوئي پھر اپني جڑ پر کھڑي
ھوئي - یہہ کھیتي کرنے والوں کو اچھي معلوم ھوتي ھے تا کہ
اُن سے کافروں کو غصہ دلائے - ان میں سے جو لوگ ایمان
رکھتے اور نیک کام کرتے ھیں اُن سے خدا بخشش اور بڑے
اجر کا وعدہ کرتا ھے -

سورۂ حجرات

مدني - ۱۸ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ھے

[۱] مومنو خدا اور اُس کے رسول کے آگے بڑھکر نہ بولو
بلکہ خدا سے ڈرو - بے شک خدا سننے والا اور جاننے والا ھے -
[۲] مومنو اپني آوازیں نبي کي آواز سے بلند نہ کرو اور نہ
اُس سے چلا کر بات کرو جیسے تم آپس میں چلا کر باتیں کیا
کرتے ھو - ایسا نہ ھو کہ تمھارے کئے ناپید ھوجائیں اور تم
نہ جان سکو - [۳] جو لوگ خدا کے رسول کے نزدیک اپني
آوازیں نیچي کرلیتے ھیں تو یہي ھیں جن کے دلوں کو خدا
نے پرھیزگاري کے لئے امتحان کرلیا ھے - اُن کے لئے بخشش اور

بڑا اجر هے - [۴] جو لوگ تجکو حجروں کے باهر سے پکارتے
هيں اُن ميں سے اکثر عقل نهيں رکهتے - [۵] اور اگر
يهہ صبر کرتے يهاں تك كه تو خود نکل کر اُن کے پاس آئے تو
يهہ اُن کے لئے بهتر هوتا - اور خدا بخشنے والا اور رحم کرنے
والا هے - [۶] مومنو اگر کوئي بدکار تمهارے پاس کوئي
خبرلے کر آئے تو تحقيق کرلو که کهيں تم کسي قوم کو بے
جانے بوجهے ايذا نه پهنچا بيٹهو اور پهر اپنے کئے سے نادم
هو - [۷] اور جان رکهو که تم ميں خدا کا رسول بهي هے -
بهت سی باتوں ميں اگر وہ تمهارا کها مان لے تو تم ايذا
ميں پڑ جاؤگے - ليکن خدا نے تم کو ايمان پيارا کيا هے اور
اُس کو تمهارے دلوں ميں اچها کر دکهايا هے اور کفر اور
بدکاري اور نافرماني سے تم کو نفرت دلائي هے - يهي لوگ
سيدهي راہ پر هيں - [۸] يهہ خدا کي طرف سے فضل هے
اور نعمت - اور خدا جاننے والا اور حکمت والا هے - [۹] اور
اگر ايمان والوں ميں کے دو گروہ آپس ميں لڑيں تو اُن دونوں
ميں صلح کردو - اور اگر اُن ميں سے ايك دوسرے پر زيادتي
کرے تو اُس شخص سے لڑو جس نے زيادتي کي هو يهاں تك كه
وہ خدا کے حکم کي طرف پهر آئيں - اور اگر وہ پهر آئيں
تو اُن ميں انصاف کے ساتهہ صلح کردو اور انصاف کردو -
بے شك خدا انصاف سے چلنے والوں کو پيار کرتا هے -
[۱۰] ايمان والے تو بس بهائي هيں - تو اپنے بهائيوں ميں
اصلاح کرو اور خدا سے ڈرو تاکه تم پر رحم کيا جائے -
[۱۱] مومنو کوئي قوم کسي قوم سے ٹهٹها نه کرے شايد
وهي ان سے بهتر هوں اور نه عورتيں عورتوں سے شايد وهي
ان سے بهتر هوں - اور ايك دوسرے کو عيب نه لگاؤ اور نه

ايك دوسرے كو نام دهرو - ايمان كے بعد بدكاري كا نام هي
برا هے - اور جس كسي نے توبه نه كي تو يهي ظالم هيں -
[١٢] مومنو بد گمانيوں سے بچو - بعض بد گمانياں گناه
هيں - اور جاسوسي نه كرو اور نه كوئي ايك دوسرے كي غيبت
كرے - كيا تم ميں سے كوئي چاهتا هے كه اپنے مرے بهائي كا
گوشت كهائے ؟ تم كو اس سے نفرت هوگي - تو خدا سے ڈرو -
بے شك خدا توبه قبول كرنے والا اور رحم والا هے - [١٣] لوگو
هم نے تم كو ايك مرد اور ايك عورت سے پيدا كيا هے - اور
هم نے تمهارے كنبے اور قبيلے بنائے تاكه ايك دوسرے كو
پهچانو - بے شك خدا كے نزديك تم ميں بڑا بزرگ وهي هے
جو تم ميں بڑا پرهيزگار هے - بے شك خدا جاننے والا اور
خبر ركهنے والا هے - [١٤] اعرابي كهتے هيں كه هم نے ايمان
لايا - تو كهه دے كه تم نے ايمان نهيں لايا بلكه كهو
كه هم اسلام لائے اور ابهي تو تمهارے دلوں ميں ايمان
داخل تك نهيں هوا - اور اگر تم خدا اور اُس كے رسول كي
اطاعت كرو تو وه تمهارے كئے ميں كچهه بهي كم نه كريگا -
بے شك خدا بخشنے والا اور رحم والا هے - [١٥] ايمان والے
تو وهي هيں جو خدا اور اُس كے رسول پر ايمان ركهتے هيں
پهر شك نهيں لائے اور اپنے مالوں سے اور اپني جانوں سے
خدا كي راه ميں كوششيں كرتے هيں - يهي لوگ تو سچے
هيں - [١٦] تو كهه دے كه كيا تم خدا كو اپنا دين معلوم
كرانا چاهتے هو ؟ اور خدا جانتا هے جو كچهه آسمان اور
جو كچهه زمين ميں هے - اور خدا هر چيز كا جاننے والا هے -
[١٧] يهه تجهه پر احسان جتاتے هيں كه وه اسلام لائے
تو كهه دے كه اپنے اسلام لانے كا مجهه پر احسان نه ركهو -

بلکه خدا نے تم پر احسان کیا که اُس نے تم کو ایمان کي
هدایت کي اگر تم سچے هو - [۱۸] بے شك خدا آسمان
اور زمین کے غیب کي باتیں جانتا هے - اور خدا تمهارے
کاموں کو دیکھنے والا هے -

سورۂ ق

مکي - ۴۵ آیتیں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحیم هے

[۱] ق - قرآن مجید کي قسم - [۲] یهہ تعجب کرتے
هیں که ان هي میں کا ایك ڈرانے والا (نبي) ان کے پاس آیا -
اور کافر کهتے هیں که یهہ عجیب بات هے - [۳] کیا جب هم
مر جائینگے اور مٹی هو جائینگے ؟ یهہ دوبارہ پھر آنا تو بهت
بعید هے - [۴] هم جانتے هیں جو کچھہ ان میں سے زمین
کم کر دیتي هے - اور همارے پاس کتاب محفوظ بھي هے -
[۵] نهیں - بهہ لوگ تو حق کو جھٹلا دیتے هیں جب یهہ
اُن کے پاس آتا هے اور یهہ مختلف باتوں میں پڑے هیں -
[۶] کیا اُنھوں نے اپنے اوپر آسمان کي طرف نظر نهیں کي که
هم نے اُس کو کیونکر بنایا اور اُس کو زینت دي اور اُس میں
کهیں شگاف نهیں ؟ [۷] اور زمین کو هم نے پھیلایا اور اُس
میں بوجھل پهاڑ رکھہ دئے - اور سب طرح کي نفیس چیزیں
اُس میں اُگائیں [۸] که هر ایك رجوع لانے والے بندے کے لئے
سوجھہ اور یادداشت هو - [۹] اور هم نے آسمان سے برکت والا
پاني اُتارا - پھر اُس سے باغ اور کھیتي کا اناج اُگایا [۱۰] اور
اونچے اونچے کھجور کے درخت جن کے خوشه تهہ به تهہ هوتے

هیں - [١١] یہہ میرے بندوں کے لئے رزق هے - اور هم نے
اُس سے مردہ شہر کو زندہ کیا - اسي طرح نکلنا بھي هوگا -
[١٢] ان سے پہلے نوح کي قوم نے اور رسّ والے اور ثمود
[١٣] اور عاد اور فرعون اور لوط کے بھائیوں [١٤] اور ایکہ
والے اور تبع کے رهنے والے بھي - سب نے رسولوں کو جھٹلایا
اور اُن پر میري دهمکي لاحق هوئي - [١٥] کیا هم پہلي بار
پیدا کرنے میں تھك گئے هیں ؟ یہہ لوگ نئي پیدایش کي
نسبت شك میں هیں -

[١٦] اور هم هي نے آدمي کو پیدا کیا هے اور هم جانتے
هیں جو اُس کے جي میں وسوسہ هوتا هے - اور هم شہ رگ سے
بھي زیادہ اُس سے قریب هیں - [١٧] جب دو لکھہ لینے والے
داهني طرف سے اور بائیں طرف سے بیٹھہ کر لکھے جاتے هیں
[١٨] کوئي بات وہ نہیں نکالتا مگر ایك نگہبان اُس کے پاس
تیار رهتا هے - [١٩] اور موت کي بے هوشي سچ مچ آکر
رهیگي - یہي تو وہ بات هے جس سے تو بھاگتا هے - [٢٠] اور
صور پھونکا جائیگا - وهي تو دهمکي کا دن هوگا - [٢١] اور
هر شخص آئیگا اور اُس کے ساتھہ هانکنے والا هوگا اور ایك گواہ -
[٢٢] "تو اس سے غفلت میں تھا - تو اب هم نے تجھہ سے تیرا
پردہ هٹا دیا - اور آج کے دن تو تیري نظر تیز هو رهي هے" -
[٢٣] اور اُس کا ساتھي کہیگا کہ جو کچھہ میرے پاس هے وہ
تو یہہ حاضر هے - [٢٤] " تم هر کافر سرکش کو جہنم میں
ڈال دو - [٢٥] اُس شخص کو جو نیکي سے منع کرے اور زیادتي
کرے اور شك میں پڑا هو [٢٦] جو خدا کے ساتھہ دوسرے
معبود ٹھہرائے - اور اُس کو بھي سخت عذاب میں ڈال دو" -
[٢٧] اُس کا ساتھي کہیگا کہ اے همارے پروردگار میں نے تو

اس کو سرکش نہيں بنايا - ليکن وه گمراهي ميں بہت دور
جا پڑا تھا - [۲۸] فرمائيگا ميرے پاس مت جھگڑو - ميں نے
اس سے پہلے تم کو دھمکي سنا دي تھي - [۲۹] ميرے پاس بات
بدلنا نہيں هے اور نه ميں اپنے بندوں پر ظلم کرتا هوں -
[۳۰] جس دن هم جہنم سے کہينگے که کيا تو بھر گيا اور
وه کہيگا که کيا کچھه اور بھي هے ؟ [۳۱] اور جنت پرهيزگاروں
کے بہت هي نزديک لائي جائيگي - [۳۲] " يہي هے جس کا تم
سے هر رجوع لانے والے اور نگاه رکھنے والے کے لئے وعده کيا گيا
تھا " - [۳۳] جو کوئي رحم والے (خدا) سے غائبانه ڈرے اور
رجوع کرنے والا دل ليکر آئے [۳۴] (تو هم انسوں سے کہينگے)
که اس ميں سلامتي کے ساتھه داخل هو - يہي تو هميشه رهنے
کا دن هے - [۳۵] وهاں وه جو چاهينگے پائينگے - اور همارے
پاس زياده بھي هے - [۳۶] اور اُن سے پہلے هم نے کتنے قرن
هلاك کر ڈالے که وه اُن سے بڑهه کر قوت رکھتے تھے اور
اُنھوں نے شہر چھان مارا که کہيں بھي بھاگنے کي جگه ملے -
[۳۷] بےشك اس ميں بھي اس شخص کے لئے جو دل رکھتا هے يا
کان لگا کر سنتا اور غور کرتا هے نصيحت هے - [۳۸] اور هم نے
آسمان اور زمين اور جو کچھه اُن کے درميان ميں هے سب کو
چھه دن ميں بنايا - اور هم کو ماندگي نه لگي - [۳۹] تو
جو کچھه يہه لوگ کہيں اُس پر صبر کر اور قبل سورج نکلنے
کے اور قبل ڈوبنے کے اپنے پروردگار کي حمد کے ساتھه اُس کي
تسبيح کر - [۴۰] اور رات کو بھي اُس کي تسبيح کر اور
سجدے کے بعد بھي - [۴۱] اور سُن رکھه که جس دن ايك
قريب هي کي جگه سے پکاريگا [۴۲] جس دن يہه اُس کے ڈپٹ
کو سچ مچ سنينگے - وهي تو نکلنے کا دن هوگا - [۴۳] بےشك

هم هي جلاتے اور هم هي مارتے هيں اور سب کو هماري هي
طرف پهر آنا هے - [۴۴] جس دن اُن کے اُوپر سے زمين يکايک
پهٹ جائيگي - اس طرح اِکٹها کرنا تو همارے لئے آسان هے -
[۴۵] هم جانتے هيں جو کچهه وه کہتے هيں - اور تو اُن پر
جبر نہيں کرنے کا - تو بس جو شخص دهمکي سے ڈرے اُس کو
قرآن هي سے ڈرا -

سورۂ ذاريات

مکي - ۶۰ آيتيں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحيم هے

[۱] جو (هوائيں) اُڑاے لئے پهرتي [۲] پهر بوجهه
اٹهاتي [۳] پهر آهسته آهسته چلتي [۴] پهر ايک چيز
کو تقسيم کرتي هيں انہيں کي قسم [۵] تم سے جو وعده
کيا گيا هے وه ضرور سچ هوکر رهيگا - [۶] اور جزا ضرور هونے
والي هے - [۷] آسمان کي قسم جس ميں راستے بنے هيں
[۸] تم تو مختلف باتوں ميں پڑے هو - [۹] جو کوئي
(حق سے) پهر گيا وهي اُس سے بهي پهر جاتا هے -
[۱۰] اٹکل مارنے والوں کا ستياناس هو [۱۱] جو غفلت ميں
بے خبر پڑے هيں - [۱۲] پوچهتے هيں که روز جزا کب
هے ؟ [۱۳] اُس دن جب يهه آگ پر بلا ميں پڑينگے
[۱۴] "اپني فتنه انگيزي کا مزه چکهو - يهي هے جس کي تم
جلدي کر رهے تهے" - [۱۵] پرهيزگار تو ضرور جنت ميں اور
چشموں ميں هونگے [۱۶] جو کچهه اُن کا پروردگار اُن کو
ديگا وه اُسے لينگے - يهه لوگ اس سے پهلے نيک کام کرنے والے

تھے - [۱۷] رات کو یہہ بہت هي کم سوتے تھے - [۱۸] اور
صبح کے وقت (خدا سے) استغفار کرتے تھے - [۱۹] اور اُن کے
مالوں میں مانگنے والوں اور نہ مانگنے والوں کا بھي ایک
حصہ تھا - [۲۰] اور یقین کرنے والوں کے لئے دنیا میں بھي
نشانیاں هیں - [۲۱] اور تم میں بھي - پھر بھي کیا نہیں
دیکھتے ؟ [۲۲] اور تمھارا رزق اور جو کچھہ تم سے وعدہ کیا
جاتا هے وہ سب آسمان میں هے - [۲۳] آسمان اور زمین کے
پروردگار کي قسم یہہ حق هے جس طرح کہ تم بات کرتے هو -
[۲۴] کیا تیرے پاس اِبراهیم کے بزرگ مہمانوں کي خبر
آئي هے ؟ [۲۵] کہ جب یہہ اُس کے پاس آ پہنچے تو وہ بولے
سلام - کہا سلام - یہہ لوگ تو اجنبي هیں - [۲۶] تو وہ
اپنے گھر گیا اور ایک بچھڑا تلا هوا لیکر آیا - [۲۷] اور اُس کو
اُن کے قریب رکھا - بولا تم نہیں کھاتے ؟ [۲۸] تو وہ اُن سے
دل میں ڈرا - بولے کہ ڈر مت - اور اُنھوں نے اُس کو ایک
صاحب علم لڑکے کي خوش خبري دي - [۲۹] تو اُس کي
بیوي چلاتي هوئي سامنے آئي اور اُس نے اپنا منہہ پیٹ لیا
اور کہا کہ میں تو بوڑھي هوں اور بانجھہ - [۳۰] بولے
اسي طرح هوگا - تیرا پروردگار کہتا هے - بے شک وہ حکمت
والا اور جاننے والا هے - ¶ [۳۱] بولا اے (خدا کے) بھیجے
هوؤ - تمھاري مہم کیا هے ؟ [۳۲] بولے کہ هم گنہگار
لوگوں کي طرف بھیجے گئے هیں - [۳۳] کہ هم ان پر
کنکریاں برسائیں [۳۴] کہ یہہ تیرے پروردگار کي طرف سے
زیادتي کرنے والوں کے لئے نامزد کئے گئے هیں - [۳۵] اور
اس میں جو لوگ ایمان والے تھے هم نے اُن کو نکال دیا هے -
[۳۶] اور هم نے اس میں ایک گھر کے سوا اور کسي کو مسلمان

نہ پایا - [۳۷] اور جو لوگ دردناک عذاب سے ڈرتے ھیں ھم
نے اُن کے لئے اس میں ایک نشاني چھوڑدي - [۳۸] اور موسیٰ
میں بھی کہ جب ھم نے اُس کو فرعون کي طرف صاف
سندیں دیکر بھیجا - [۳۹] اور اُس نے اپنے سرداروں سمیت
پیٹھہ پھیر لي - اور بولا کہ یہہ جادوگر ھے یا مجنون -
[۴۰] تو ھم نے اُس کو اور اُس کے لشکروں کو گرفتار کیا اور اُن
کو دریا میں پھینک دیا اور وہ تو ملامت کے لائق تھے -
[۴۱] اور عاد میں کہ جب ھم نے اُن پر سخت آندھي
بھیجي [۴۲] کہ وہ جس پر سے گزرتي تھي اُس کو گلي
ھوئي ھڈي کي طرح کر دیتي تھي - [۴۳] اور ثمود کہ جب
اُن سے کہا گیا کہ ایک وقت تک فائدہ اُٹھا لو - [۴۴] پھر
اُنھوں نے اپنے پروردگار کے حکم سے سرکشي کي تو اُن کو غشي
نے آ لیا اور وہ دیکھتے ھي رہ گئے - [۴۵] تو وہ ٹھہر نہ سکے
اور نہ وہ اپني ھي مدد کرسکے - [۴۶] اور اس سے پہلے قوم
نوح کہ وہ ایک بدکار قوم تھي -

[۴۷] اور ھم نے آسمان کو اپني قوت سے بنایا اور ھم
کشادہ کرسکتے ھیں - [۴۸] اور زمین کو ھم نے فرش بنایا -
تو کیسا اچھا ھم نے بچھایا ھے - [۴۹] اور ھر چیز کے ھم نے
دو جوڑے بنائے تاکہ تم غور کرو - [۵۰] تو خدا ھي کي طرف
بھاگو - میں اُس کي طرف سے تم کو صاف صاف ڈرانا ھوں -
[۵۱] اور خدا کے ساتھہ کوئي دوسرا معبود نہ ٹھہراؤ - میں
اُس کي طرف سے تم کو صاف صاف ڈراتا ھوں - [۵۲] اسي
طرح جو لوگ اُن سے پہلے ھوچکے ھیں جب کبھي اُن کے
پاس رسول آئے تو وہ بولے کہ جادوگر ھے یا مجنون -
[۵۳] کیا یہہ اس کي وصیت کرتے آئے ھیں ؟ نہیں - یہہ تو

زیادتي کرنے والے لوگ هیں - [۵۴] تو اُن سے پیٹھہ پھیر لے -
اور تجکو ملامت نهیں کي جائیگي - [۵۵] اور یاد دلا دے -
یاد دلانا ایمان والوں کو نفع دیتا هے - [۵۶] اور میں نے تو
جن اور انس کو پیدا کیا کہ وہ میري عبادت کریں -
[۵۷] میں اُن سے رزق نهیں مانگتا - اور نہ میں چاهتا هوں
کہ وہ مجکو کھلائیں - [۵۸] بے شك خدا هي رزاق قوت
والا اور زبردست هے - [۵۹] تو جو لوگ ظلم کرتے هیں اُن
کے لئے بھي پیمانے هیں جیسے کہ ان کے ساتھیوں کے پیمانے
تھے - تو وہ مجھہ سے جلدي نہ کریں - [۶۰] اور جو لوگ
کفر کرتے هیں اُن پر اُن کے اُس دن کے سبب جس کا اُن سے
وعدہ کیا گیا هے افسوس هے -

سورۂ طور

مکي - ۴۹ آیتیں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحیم هے

[۱] طور کي قسم - [۲] اور لکھي هوئي کتاب کي قسم -
[۳] جو کھلي هوئي جھلیوں میں هے - [۴] اور بیت‌المعمور
کي قسم - [۵] اور اُونچي چھت کي قسم - [۶] اور جوش
مارنے والے دریا کي قسم - [۷] تیرے پروردگار کا عذاب ضرور
آکر رهیگا - [۸] اُس کا کوئي روکنے والا نهیں - [۹] جس دن
آسمان لرزجائیگا - [۱۰] اور پهاڑ چلنے لگینگے - [۱۱] تو اُس
دن جھٹلانے والوں پر افسوس هے - [۱۲] جو کھیل میں تڑپے
هوئے هیں - [۱۳] جس دن یہہ جهنم کي آگ کي طرف
ڈھکیلے جائینگے - [۱۴] "یهي وہ آگ هے جس کو تم جھٹلاتے

تھے - [۱۵] کیا یہہ جادو ہے ؟ یا تم نہیں دیکھتے ؟
[۱۶] اس میں داخل ہو - اب تم صبر کرو یا نہ صبر کرو -
تمھارے لئے بس یہہ یکساں رهیگي - تم کو بس اپنے کئے کي
جزا ملیگي " - [۱۷] پرھیزگار تو ضرور جنت اور نعمتوں میں
ہونگے - [۱۸] اپنے پروردگار کے دین کي خوشیاں کرتے ہونگے -
اور اُن کا پروردگار اُن کو دهکتي ہوئي آگ کے عذاب سے
بچائیگا - [۱۹] تمھارے کئے کے بدلے خوش گوار کھانا کھاؤ اور
پیؤ - [۲۰] تختوں پر جو صف بہ صف بچھے ہونگے وہ تکئے
لگائے بیٹھے ہونگے - اور ہم اُن کو بڑي بڑي آنکھوں والي
حوروں سے بیاہ دینگے - [۲۱] اور جو لوگ ایمان لائے اور
جن کي اولاد نے بھي اُن کي پیروي کي تو ہم اُن کي اولاد کو
اُن کے ساتھہ ملا دینگے اور اُن کے کاموں میں سے ہم کچھہ
اُن کو کم نہ کر دینگے - ہر شخص اپنے کئے کے سبب گروي
ہے - [۲۲] اور جس میوے اور گوشت کي اُن کو خواہش ہوگي
ہم اُن کے لئے اُس کي بہتایت کر دینگے - [۲۳] وہاں وہ ایک
دوسرے سے پیالہ چھینے لیتے ہونگے نہ اس میں لغو بات ہي
ہوگي اور نہ گناہ - [۲۴] اور غلمان اُن کے پاس بھیرا کرینگے
گویا کہ وہ چھپائے ہوئے موتي ہیں - [۲۵] اور وہ ایک دوسرے
کي طرف رخ کر کے پوچھینگے - [۲۶] کہینگے کہ ہم پہلے اپنے
گھر میں ڈرتے تھے - [۲۷] تو خدا نے ہم پر اِحسان کیا اور
ہم کو لو کے عذاب سے بچایا - [۲۸] اِس سے پہلے ہم اُسي کو
پکارتے تھے - بے شک وہي نیک اور رحم والا ہے -

[۲۹] تو ڈراے جا - اپنے پروردگار کے فضل سے تو نہ تو کاہن
ہے اور نہ مجنون - [۳۰] کیا یہہ کہتے ہیں کہ یہہ شاعر ہے -
ہم اس کے بارے میں گردش زمانہ کے منتظر ہیں - [۳۱] تو

کہہ دے کہ تم منتظر رہو میں بھي تمہارے ساتھہ اُسي کا
منتظر هوں - [۳۲] کیا اُن کي عقلیں اُن کو ایسا کرنے کہتي
هیں ؟ یا یہہ لوگ زیادتي کرنے والے هیں ؟ [۳۳] یا یہہ کہتے
هیں کہ اس کو خود بنا لیا هے ؟ نہیں - یہہ ایمان هي نہ
لائینگے - [۳۴] تو اگر یہہ سچے هیں تو اسي طرح کي بات
لے آئیں [۳۵] کیا یہہ بے کسي کے پیدا کئے آپ پیدا هوگئے
هیں ؟ یا یہي پیدا کرنے والے هیں ؟ [۳۶] کیا اُنھوں نے
آسمان اور زمین بنایا هے ؟ نہیں - اُن کو یقین نہیں هے -
[۳۷] کیا تیرے پروردگار کے خزانے اُن کے اختیار میں هیں یا
یہي اُن پر داروغہ هیں ؟ [۳۸] کیا ان کے پاس کوئي سیڑھي
هے کہ اس پر سے یہہ سن سکتے هیں ؟ تو ان میں سے جس نے
سنا هے وہ کوئي صاف سند لے آئے - [۳۹] کیا اُس کے لڑکیاں
هیں اور تمہارے لڑکے ؟ [۴۰] کیا تو اُن سے اُجرت مانگتا هے ؟
مگر یہہ تو تاوان سے بوجھل هو رهے هیں - [۴۱] کیا ان کو
غیب کي باتیں معلوم هیں کہ وہ لکھہ ڈالیں ؟ [۴۲] یا یہہ
مکر کرنا چاهتے هیں ؟ مگر کافر خود هي مکر میں پڑ جائینگے -
[۴۳] یا خدا کے سوا ان کا اور کوئي معبود هے ؟ وہ ان کے شرک
سے پاک هے - [۴۴] اور اگر یہہ کوئي ٹکڑا آسمان کا بھي گرتا
دیکھیں تو یہہ کہینگے کہ یہہ تو تہ بہ تہ بادل هے - [۴۵] تو اُن
کو چھوڑ دے - یہاں تک کہ وہ اس دن کو اپنے آگے دیکھیں جس
دن یہہ بے هوش هو جائینگے - [۴۶] جس دن اُن کے مکر اُن کے
کچھہ بھي کام نہ آئینگے - اور نہ یہہ مدد دئے جائینگے -
[۴۷] اور ظالموں کے لئے اس کے علاوہ بھي عذاب هے لیکن
ان میں اکثر لوگ نہیں جانتے - [۴۸] اور اپنے پروردگار کے
حکم کے لئے صبر کر کیوں کہ تو هماري نظروں میں هے اور

جس وقت تو أٹھے تو اپنے پروردگار کي حمد کے ساتھہ اُس کي تسبيح کر - [۴۹] اور رات کو بھي اُس کي تسبيح کر اور ستاروں کے ڈوبنے کے بعد بھي -

سورۂ نجم

مکي - ۶۲ آيتيں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحيم هے

[۱] تارے کي قسم جب وہ گريں - [۲] تمهارا ساتھي گمراہ نهيں اور نه وہ بهك گيا هے - [۳] اور نه وہ اپني خواهش سے باتيں بناتا هے - [۴] يهہ تو بس وحي هے که وحي کيا گيا هے [۵] سخت قوت والے نے اسے سکھايا هے - [۶] جو زبردست هے - وہ سيدها کھڑا هو گيا تها [۷] اور وہ ايك اونچي جگه پر تها - [۸] پھر وہ نزديك هوا اور اُتر آيا [۹] اور وہ دو کمان يا اُس سے بھي کم فاصلے پر رہ گيا - [۱۰] تو اُس نے اپنے بندے کي طرف وحي کي جو کچھہ وحي کرنا تها - [۱۱] جو کچھہ اُس نے ديکھا اُس کو اُس کے دل نے جھوٹ نهيں بنايا - [۱۲] تو کيا تم اُس سے اِس بارے ميں جھگڑو گے جو اُس نے ديکھا هے ؟ [۱۳] اور اُس نے تو اُس کو اور ايك بار بھي ديکھا تها [۱۴] سدرۃ المنتهى کے نزديك - [۱۵] اُس کے نزديك جنت الماوى هے - [۱۶] جب اُس سدرہ کو ڈهانکے هوئے تها جو کچھہ که اُس کو ڈهانکے هوئے تها - [۱۷] اُس کي نظر نه بهکي اور نه زيادتي کي - [۱۸] اُس نے اپنے پروردگار کي بڑي نشانياں ديکھيں - [۱۹] تو کيا تم نے لات اور عزى پر نظر کي ؟ [۲۰] اور وہ جو تيسري منات هے ؟ [۲۱] کيا تمهارے لئے بيٹے

هیں اور اُس کے لئے بیٹیاں ؟ [۲۲] تَو تو یہہ بري تقسیم هے -
[۲۳] یہہ تو بس نام هي هیں جو تم نے اور تمھارے باپ
دادوں نے اُن کے رکھہ دئے هیں - خدا نے اُن کے بارے میں کوئي
سند نہیں بھیجي - یہہ تو بس خیال کے پیچھے پڑے هیں
اور اُس چیز کے جو اُن کے دل ڈھونڈتے هیں - اور اب تو اُن کے
پاس اُن کے پروردگار کي طرف سے هدایت آ چکي - [۲۴] کیا جو
کچھہ آدمي چاهیگا وہ اُس کو ملیگا ؟ [۲۵] مگر آخرت اور
یہہ دنیا خدا هي کا هے -

[۲۶] اور آسمان میں کتنے هي فرشتے هوں اُن کي
شفاعت کچھہ بھي کام نہ آئیگي مگر بعد اس کے کہ خدا کسي
کے لئے چاهے اور اِجازت دے اور راضي هو - [۲۷] جو لوگ
آخرت پر ایمان نہیں رکھتے وہ تو فرشتوں کے نام عورتوں کے
سے نام رکھتے هیں - [۲۸] مگر اُن کو اس کا علم نہیں - وہ
تو بس ایک خیال کے پیچھے لگے هیں - اور حق کے مقابلے
میں تو خیال کچھہ بھي کام نہیں آتا - [۲۹] تو جو هماري
یاد سے پیٹھہ پھیرلے اور بس اسي دنیا کي زندگي چاهے تو
اُن سے منہہ پھیرلے - [۳۰] یہہ اُن کا مبلغ علم هے - بے شک
تیرا پروردگار خوب جانتا هے کون اُس کي راہ سے بھٹکا هوا هے
اور وهي خوب جانتا هے کون هدایت پر هے - [۳۱] اور خدا کا
هے جو کچھہ آسمان اور جو کچھہ زمین میں هے کہ جو لوگ
برے کام کرتے هیں اُن کو وہ اُن کے کئے کي جزا دے اور جو
لوگ نیک کام کرتے هیں اُن کو نیک جزا دے - [۳۲] جو لوگ
بڑے گناهوں سے اور بے حیائي سے بچتے هیں مگر چھوٹے گناہ
اُن سے هو جاتے هیں تو تیرا پروردگار بڑا بخشنے والا هے - وہ
تم کو خوب جانتا تھا جب اُس نے تم کو مٹي سے بنایا تھا اور

جب تم اپني ماؤں کے پيٹوں ميں بچے تھے - تو اپني صفائي
نه جتاؤ - جو پرهيزگار هيں اُن کو وہ خوب جانتا هے -

[۳۳] کيا تونے اُس شخص پر نظر کي هے جو پيٹھ پھيرکر
چلا گيا [۳۴] اور تھوڑا سا ديا اور رك گيا ؟ [۳۵] کيا اُس کو علم
غيب معلوم هو گيا هے که وہ ديکھنے لگا هے ؟ [۳۶] يا اُس کو
خبر نهيں حو کچھه صحف موسي ميں هے [۳۷] اور ابراهيم
کے ميں جس نے خدا کا حکم پورا کيا ؟ [۳۸] که کوئي بوجھه
اُٹھانے والا دوسرے کا بوجھه نهيں اُٹھاتا [۳۹] اور يهه که
آدمي کو تو بس اسي کي کوشش (کا پھل) ملیگا [۴۰] اور
يهه که عنقريب اُس کي کوشش ديکھي جائيگي - [۴۱] پھر
اُس کو پورا بدله ديا جائيگا - [۴۲] اور يهه که تيرے پروردگار
کي طرف سب کچھه پهنچتا هے - [۴۳] اور يهه که وهي
هنساتا هے اور رلاتا هے - [۴۴] اور يهه که وهي مارتا هے اور
جلاتا هے - [۴۵] اور يهه که وهي دو قسم کے يعني مرد اور
عورت پيدا کرتا هے [۴۶] نطفے سے حب وہ پڑتا هے [۴۷] اور يهه
که اُسي پر هے پچھلي پيدايش - [۴۸] اور يهه که وهي غني
کرتا هے اور پونجي والا کرتا هے - [۴۹] اور يهه که وهي شعري
کا پروردگار هے - [۵۰] اور يهه که اُسي نے پهلے عاد کو هلاك
کيا [۵۱] اور ثمود کو بھي - اور کسي کو نه چھوڑا -
[۵۲] اور اس سے پهلے قوم نوح کو بھي - بے شك وہ بھي بڑے
ظالم اور زيادتي کرنے والے تھے - [۵۳] اور اُلٹي هوئي بستيوں
کو دے مارا - [۵۴] پھر اُن پر چھا گيا جو کچھه چھا گيا -
[۵۵] تو اپنے پروردگار کي کس نعمت کے بارے ميں تو شك کرتا
هے ؟ [۵۶] يهه اگلے ڈرانے والوں ميں سے ايك ڈرانے والا هے -
[۵۷] نزديك آنے والي (گھڑي) نزديك چلي آتي هے -

[۵۸] خدا کے سوا اس کو کوئي ٹال نهيں سکتا - [۵۹] کيا
تم اس بات سے تعجب کرتے هو ؟ [۶۰] اور هنستے هو اور روتے
نهيں ؟ [۶۱] اور تم غفلت ميں هو ؟ [۶۲] پس خدا کو
سجده کرو اور اُسي کي عبادت کرو -

سورهٔ قمر

مکي - ۵۵ آيتيں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحيم هے

[۱] قيامت کي گهڑي نزديك آگئي - اور چاند پهٹ گيا -
[۲] اور اگر يهه کوئي نشاني بهي ديکهيں تو منهه پهير
ليتے هيں اور کهتے هيں که يهه تو جادو هے جو هميشه سے
هوتا چلا آيا هے - [۳] اور انهوں نے جهٹلاديا اور اپني
خواهشوں کي پيروي کي - مگر هر کام وقت مقرر پر هوتا هے -
[۴] اور اُن کے پاس اتني خبريں آچکي هيں جن ميں کافي
دهمکي تهي - [۵] اس ميں پوري حکمت هے - مگر ڈرانا
کچهه کام نهيں آتا - [۶] تو اُن سے پيٹهه پهير لے - جس
دن بلانے والا ايسي چيز کي طرف بلائيگا جس کو يهه نه
پهچانينگے [۷] اُن کي آنکهيں نيچي هونگي - قبروں سے
نکل پڑينگے گويا که يهه ٹڈياں هيں پهيلي هوئيں -
[۸] يهه بلانے والے کي طرف دوڑے جاتے هونگے - اور کافر
کهينگے که يهه تو سخت دن هے - [۹] اُن سے پهلے نوح کي
قوم نے جهٹلايا - اور اُنهوں نے همارے بندے کو جهٹلايا اور
کها که يهه مجنون هے - اور اُس کو دهمکياں ديں - [۱۰] تو
اُس نے اپنے پروردگار سے دعا کي که ميں مغلوب هو گيا تو تهي

میري مدد کر - [۱۱] تو هم نے موسلا دهار باني سے آسمانؔ کے
دروازے کهول دئے [۱۲] اور زمین کو پهاڑ کر چشمے بها دئے
تو پاني ایك کام پر جو مقدر هوچکا تها مل گیا - [۱۳] اور
هم نے اُس کو تختوں اور کیلوں والي (کشتي) پر سوار کر لیا
[۱۴] که وہ هماری نظروں کے سامنے چلتي تهي - یهہ بدله
تها اس شخص کا جس کو لوگوں نے نه مانا - [۱۵] اور هم
نے اس کو ایك نشاني بنا کر چهوڑ دیا - مگر کوئي هے که غور
کرے ؟ [۱۶] تو میرا عذاب اور مبرا ڈرانا کیسا هوا ؟ [۱۷] اور
هم نے تو قرآن کو لوگوں کي یاد دهاني کے لئے آسان کر دیا
هے مگر کوئي هے که غور کرے ؟ [۱۸] عاد نے بهي جهٹلایا
تو میرا عذاب اور میرا ڈرانا کیسا تها ؟ [۱۹] هم نے ایك
منحوس دن میں حس کي نحوست نه ٹلتي تهي ان بر ایك
باد تند بهیجا - [۲۰] که وہ لوگوں کو اُکهاڑ پهینکتي تهي
گویا وہ جڑ سے اکهڑے هوئے کهجور کے تنے هیں - [۲۱] تو
میرا عذاب اور مبرا ڈرانا کیسا هوا ؟ [۲۲] اور هم نے قرآن کو
لوگوں کي یاد دهانی کے لئے آسان کر دیا هے - مگر کوئي هے
بهي جو یاد رکهے ؟

[۲۳] ثمود نے ڈرانے والوں کو جهٹلا دیا - [۲۴] اور کہا
که کیا هم هي میں سے کسی ایك شخص کي هم پیروی کرینگے؟
تو تو هم گمراهي میں اور جنون میں هونگے - [۲۵] کیا هم میں
سے اسي کي طرف کتاب وحي کي گئي هے ؟ نهیں - وہ توجهوٹا
شیخي کرنے والا هے - [۲۶] عنقریب اُن کو کل معلوم هوجائیگا
که کون جهوٹا شیخي کرنے والا هے - [۲۷] هم ان کي آزمایش
کے لئے ایك اونٹني بهیجنے والے هیں - تو ان کا منتظر رہ اور
صبر کر - [۲۸] اور ان کو خبر دے که پاني ان میں تقسیم

کر دیا گیا ھے - ھر ایک باري پر حاضر ھو - [۲۹] تو اُنھوں نے
اپنے ساتھي کو بلایا تو اُس نے پکڑا اور کونچیں کات دیں -
[۳۰] تو میرا عذاب اور ڈرانا کیسا ھوا ؟ [۳۱] ھم نے اُن پر
ایک کڑک بھیجا تو وہ جیسے کانٹوں کي روندي ھوئي باڑ کي
طرح ھوگئے - [۳۲] اور ھم نے تو قرآن کو لوگوں کي یاد
دھاني کے لئے آسان کیا ھے مگر کوئي ھے بھي جو غور کرے ؟
[۳۳] لوط کي قوم نے بھي ڈرانے والوں کو جھٹلایا -
[۳۴] ھم نے اُن پر پتھروں کا مینھہ برسایا مگر لوط کے گھر
والے کہ ھم نے اُن کو سحر کے وقت بچا لیا - [۳۵] یہہ ھماري
طرف سے نعمت تھي - جو لوگ شکر کرتے ھیں ھم اُن کو
اسي طرح جزا دیتے ھیں - [۳۶] اور اس نے اُن کو ھماري
گرفت سے ڈرایا تھا مگر وہ ڈرانے والوں پر شک کرنے لگے -
[۳۷] اور اُنھوں نے اُس سے اُس کے مھمان طلب کئے تو ھم نے
اُن کي آنکھیں مسخ کردیں - " میرے عذاب اور ڈرانے کا مزہ
چکھو " - [۳۸] اور علی الصباح ان پر ایسا عذاب آ پڑا کہ
وہ نہ ٹل سکتا تھا - [۳۹] تو میرے عذاب اور میرے ڈرانے کے
مزے چکھو - [۴۰] اور ھم نے قرآن کو یاد دھاني کے لئے
آسان کردیا ھے مگر کوئي ھے بھي جو یاد رکھے ؟
[۴۱] اور فرعون کے لوگوں کے پاس ڈرانے والے آئے -
[۴۲] اُنھوں نے ھماري ساري نشانیوں کو جھٹلایا تو ھم نے
اُن کو ایک زبردست قدرت والے کي طرح پکڑا - [۴۳] کیا
تمھارے کافر ان لوگوں سے بھتر ھیں یا کتابوں میں تمھارے
لئے براٴت ھے ؟ [۴۴] کیا یہہ کھتے ھیں کہ ھماري جماعت
اپني آپ مدد کرسکتي ھے ؟ [۴۵] عنقریب یہہ جماعت
شکست دي جائیگي اور یہہ پیٹھہ پھیر لینگے - [۴۶] نھیں -

اُن سے تو بس قيامت کي گھڑي کا وعدہ ھے اور وہ گھڑي بہت
سخت اور بہت کڑوي ھوگي - [٤٧] گنہگار تو بس گمراھي
اور جنون ميں ھيں - [٤٨] جس دن يہہ آگ ميں منہہ کے
بل گھسيٹے جائينگے (تو اُن سے کہا جائيگا) کہ دھکتي ھوئي
آگ کے لگنے کا مزہ چکھو - [٤٩] ھم نے ھر چيز کو ايک
اندازے سے پيدا کيا ھے - [٥٠] اور ھمارا حکم کرنا تو بس
جيسے آنکھہ کا جھپکنا ھے - [٥١] اور ھم نے تمھارے ذات
بھائيوں کو ھلاک کرڈالا - مگر کوئي ھے بھي جو ياد رکھے ؟
[٥٢] اور ھر ايک کام جو وہ کرتے ھيں کتاب ميں ھے -
[٥٣] اور ھر ايک بات چھوٹي اور بڑي سب لکھي ھوئي ھے -
[٥٤] پرھيزگار تو ضرور جنت ميں اور چشموں ميں ھونگے -
[٥٥] سچائي کي جگہہ ميں قدرت والے بادشاہ کے نزديک -

سورۂ رحمان

مکي - ٧٨ آيتيں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحيم ھے

[١] رحم والے خدا نے [٢] قرآن سکھايا - [٣] آدمي کو
بنايا - [٤] اُس کو بيان کرنا سکھايا - [٥] سورج اور چاند
ايک حساب سے ھيں - [٦] اور بوٹياں اور درخت اُسي کو
سجدہ کرتے ھيں - [٧] اور اُس نے آسمان کو اُونچا کيا اور
ميزان ٹھہرايا [٨] کہ تم تولنے ميں زيادتي نہ کرو - [٩] اور
اِنصاف کے ساتھہ وزن قائم رکھو - اور تولنے ميں کم نہ کرو -
[١٠] اور زمين کو اُس نے خلق کے لئے بنايا - [١١] اُس ميں
ميوے ھيں اور خوشوں والي کھجوريں - [١٢] اور اناج

بُهس والے اور خوشبودار پهول - [١٣] تو اپنے پروردگار کي
کس نعمت کو جهٹلاؤگے ؟ [١٤] اُس نے آدمي کو ٹهيکري
جيسي بجنے والي متي سے بنايا [١٥] اور جنوں کو آگ کے لو
سے - [١٦] تو اپنے پروردگار کي کس نعمت کو تم جهٹلاؤگے ؟
[١٧] وہ دونوں مشرق اور دونوں مغرب کا پروردگار هے -
[١٨] تو اپنے پروردگار کي کس نعمت کو تم جهٹلاؤگے ؟
[١٩] اُسي نے دو درياؤں کو ملا ديا هے که وہ ملے هيں -
[٢٠] اِن دونوں کے درميان ميں ايك آڑ هے که يهہ اُس سے
نهيں بڑهہ سکتے - [٢١] تو اپنے پروردگار کي کس نعمت کو تم
جهٹلاؤگے ؟ [٢٢] دونوں ميں سے موتي اور مونگے نکلتے
هيں - [٢٣] تو اپنے پروردگار کي کس نعمت کو تم جهٹلاؤگے ؟
[٢٤] اور وہ کشتياں جو دريا ميں پهاڑ کي طرح اونچي
کهڑي رهتي هيں اُسي کے اِختيار ميں هيں - [٢٥] تو اپنے
پروردگار کي کس نعمت کو تم جهٹلاؤگے ؟

[٢٦] سب کوئي جو اس پر هيں فاني هونے والے هيں
[٢٧] تيرے پروردگار کي ذات باقي رهيگي جو بزرگي اور عظمت
والي هے - [٢٨] تو تمهارے پروردگار کي کس نعمت کو تم
جهٹلاؤگے ؟ [٢٩] جو کوئي آسمان اور زمين ميں هيں سب
اُسي سے سوال کرتے هيں - وہ هر روز ايك نئي شان ميں هے -
[٣٠] تو تمهارے پروردگار کي کس نعمت کو تم جهٹلاؤگے ؟
[٣١] اے جنو اور آدميو هم تمهارے لئے جلد فارغ هونگے -
[٣٢] تو تمهارے پروردگار کي کس نعمت کو تم جهٹلاؤگے ؟
[٣٣] اے جن اور انس کے گروہ اگر تم آسمان اور زمين کے
کناروں سے نکل بهاگ سکتے هو تو نکل بهاگو - تم بغير زور
کے نکل هي نهيں سکتے - [٣٤] تو اپنے پروردگار کي کس

نعمت کو تم جھٹلاؤگے ؟ [٣٥] تم پر آگ کے شعلے بھیجے
جائینگے اور دھواں - اور تم اپني مدد بھي نه کر سکوگے -
[٣٦] تو اپنے پروردگار کي کس نعمت کو تم جھٹلاؤگے ؟ [٣٧] پھر
جب آسمان پھٹ جائے اور نري کے مانند سرخ ہوجائے
[٣٨] تو اپنے پروردگار کي کس نعمت کو تم جھٹلاؤگے ؟
[٣٩] تو اُس دن نه تو آدمیوں سے اُن کے گناہ کي نسبت
پوچھا جائیگا اور نه جنوں سے - [٤٠] تو اپنے پروردگار کي کس
نعمت کو تم جھٹلاؤگے ؟ [٤١] مجرم تو اپنے چہروں سے
پہچانے جائینگے پھر اُن کے پٹھے اور پاؤں پکڑے جائینگے -
[٤٢] تو اپنے پروردگار کي کس نعمت کو تم جھٹلاؤگے ؟
[٤٣] یہي جہنم هے جس کو مجرم جھٹلاتے تھے - [٤٤] وہ
اُس میں اور کھولتے ہوئے پاني میں پھرینگے - [٤٥] تو اپنے
پروردگار کي کس نعمت کو تم جھٹلاؤگے ؟
[٤٦] اور جو شخص اپنے پروردگار کے سامنے کھڑے ہونے سے
ڈرے اُس کے لئے دو باغ هیں - [٤٧] تو اپنے پروردگار کي کس
نعمت کو تم جھٹلاؤگے ؟ [٤٨] ان دونوں میں شاخیں بھري
هونگي - [٤٩] تو اپنے پروردگار کي کس نعمت کو تم جھٹلاؤگے ؟
[٥٠] دونوں میں دو چشمے جاري هونگے - [٥١] تو اپنے
پروردگار کي کس نعمت کو تم جھٹلاؤگے ؟ [٥٢] اُن میں هر
میوے کي دو قسمیں هونگي - [٥٣] تو اپنے پروردگار کي کس
نعمت کو تم جھٹلاؤگے ؟ [٥٤] وہ فرشوں پر تکیه لگائے بیٹھے
هونگے جن کے استر تافتے کے هونگے - اور دونوں باغوں کے
میوے نزدیك جھکے هونگے - [٥٥] تو اپنے پروردگار کي کس
نعمت کو تم جھٹلاؤگے ؟ [٥٦] اُن میں نیچي آنکھیں کي
هوئي (حوریں) هونگي که اُن سے پہلے اُن کے نزدیك نه کوئي

آدمي هوا هوگا اور نه كوئي جن - [٥٧] تو اپنے پروردگار كي كس
نعمت كو تم جهتلاؤگے ؟ [٥٨] كه گويا وہ ياقوت اور مونگے
هيں - [٥٩] تو اپنے پروردگار كي كس نعمت كو تم جهتلاؤگے ؟
[٦٠] نيكي كي جزا نيكي كے سوا اور كيا هو سكتي هے ؟
[٦١] تو اپنے پروردگار كي كس نعمت كو تم جهتلاؤگے ؟
[٦٢] اور اُس كے علاوہ بهي دو اور باغ هيں - [٦٣] تو اپنے
پروردگار كي كس نعمت كو تم جهتلاؤگے ؟ [٦٤] دو نهايت سبز
باغ - [٦٥] تو اپنے پروردگار كي كس نعمت كو تم جهتلاؤگے ؟
[٦٦] اُن ميں دو چشمے جوش مار رهے هونگے - [٦٧] تو اپنے
پروردگار كي كس نعمت كو تم جهتلاؤگے ؟ [٦٨] اُن ميں ميوے
اور كهجور هونگے اور انار بهي - [٦٩] تو اپنے پروردگار كي كس
نعمت كو تم جهتلاؤگے ؟ [٧٠] اُن ميں اچهي خوبصورت
عورتيں هونگي - [٧١] تو اپنے پروردگار كي كس نعمت كو تم
جهتلاؤگے ؟ [٧٢] حوريں هونگي جو خيموں ميں بند
پڑي هونگي - [٧٣] تو اپنے پروردگار كي كس نعمت كو تم
جهتلاؤگے ؟ [٧٤] اُن سے پہلے نه اُن كے نزديك آدمي گئے اور
نه جن - [٧٥] تو اپنے پروردگار كي كس نعمت كو تم جهتلاؤگے ؟
[٧٦] وہ سبز قالينوں اور اچهے اچهے فرشوں پر تكيه لگائے
بيتهے هونگے - [٧٧] تو اپنے پروردگار كي كس نعمت كو تم
جهتلاؤگے ؟ [٧٨] تيرے پروردگار كا نام بڑا بركت والا هے اور
وہ صاحب بزرگي اور صاحب بخشش هے -

سورۂ واقعہ

مکي - ٩٦ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ھے

[١] جب وہ واقعہ واقع ھوگا - [٢] کوئي اس واقعہ کو
نہیں جھٹلائیگا - [٣] کسي کو نیچا دکھلائیگا اور کسي کو
اونچا - [٤] جب زمین بڑے زوروں سے ھلائي جائیگي -
[٥] اور پہاڑ اُڑنے لگینگے [٦] اور وہ اُڑتے غبار ھو جائینگے
[٧] اور تمھاری تین قسمیں ھو جائینگي - [٨] تو داھني
طرف والے - کیسے اچھے ھونگے داھني طرف والے - [٩] اور
بائیں طرف والے کیسے برے ھونگے بائیں طرف والے -
[١٠] اور سبقت لے جانے والے کہ وہ سبقت ھي لے جائینگے -
[١١] یہي لوگ تو مقرب ھیں - [١٢] نعمتوں کے باغوں
میں ھونگے - [١٣] اگلوں میں سے بہت [١٤] اور پچھلوں
میں سے تھوڑے - [١٥] جڑاؤ تختوں پر [١٦] اُس پر تکیہ
لگائے ھوئے آمنے سامنے بیٹھے ھونگے - [١٧] اُن کے چاروں
طرف غلمان کہ وہ ھمیشہ لڑکے ھي رھتے ھیں پھرتے ھونگے -
[١٨] آبخورے اور آفتابے لئے ھوئے - اور شراب صاف کے
پیالے - [١٩] اُس سے نہ تو درد سر ھوگا اور نہ بیہودہ
بکینگے - [٢٠] اور جو میوے اُن کو اچھے معلوم ھونگے -
[٢١] اور جس پرند کا گوشت ان کا جي چاھیگا - [٢٢] اور
بڑي بڑي آنکھوں والي حوریں [٢٣] گویا کہ وہ چھپائے
ھوئے موتي ھیں - [٢٤] یہہ اُن کے کئے کي جزا ھوگي -
[٢٥] وھاں وہ نہ تو لغویات اور نہ گناہ کي باتیں سنینگے
[٢٦] بلکہ صرف یہي بات کہ سلامتي ھے سلامتي ھے -

[۲۷] اور داهني طرف والے - داهني طرف والے كيسے اچھے
هونگے - [۲۸] بےكانٹے كي بيريوں ميں [۲۹] اور ته به ته
كيلوں ميں لمبے [۳۰] اور لمبے سايوں ميں [۳۱] اور پاني كے
جهرنوں ميں [۳۲] اور ميووں كي بهتات ميں [۳۳] جو نه
ختم هوگا اور نه منع كيا جائيگا - [۳۴] اور اونچے فرشوں
پر - [۳۵] هم نے حوروں كو ايك خاص خلقت بنائي هے -
[۳۶] اور اُن كو كنواري بنايا هے - [۳۷] پياري پياري -
هم عمر - [۳۸] يهه سب داهني طرف والوں كے لئے هے -

[۳۹] بهت سے اگلوں كے [۴۰] اور بهت سے پچهلوں كے -
[۴۱] اور بائيں طرف والے - كيا بُرے بائيں طرف والے هونگے -
[۴۲] كه وه گرم هوا اور كهولتے پاني ميں هونگے - [۴۳] اور
دهوئيں كے سائيوں ميں - [۴۴] كه نه تو ٹهنڈا هوگا اور
نه وهاں ان كي عزت هي هوگي - [۴۵] يهه لوگ اس سے
پهلے عيش ميں تهے [۴۶] اور بڑے گناه پر اڑے رهتے تهے -
[۴۷] اور كهتے تهے كيا جب هم مر جائينگے اور مٹي اور هڈي
هو جائينگے تو كيا پهر بهي هم اُٹها كهڑے كئے جائينگے ؟
[۴۸] اور كيا همارے اگلے باپ دادے بهي ؟ [۴۹] تو كهه دے
كه هاں اگلے اور پچهلے سب كے سب [۵۰] ايك وقت معلوم پر
جمع كئے جائينگے - [۵۱] پهر اے گمراهو اور جهٹلانے والو
[۵۲] تم ضرور درخت زقوم كا (پهل) كهاؤگے [۵۳] اور اُسي
سے اپنے پيٹ بهروگے - [۵۴] پهر اُس كے اوپر سے كهولتا هوا پاني
پيؤگے - [۵۵] اور پيؤگے بهي تو ايك پياسے اونٹ كي طرح -
[۵۶] روز جزا كو يهي اُن كي مهماني هوگي - [۵۷] هم نے تم
كو پيدا كيا هے پهر بهي تم كيوں نهيں مانتے ؟ [۵۸] كيا تم
نے اُس چيز كي طرف نظر كي جو تم ٹپكا ديتے هو ؟ [۵۹] كيا

اُس کو تم نے پیدا کیا ھے یا ھم نے پیدا کیا ؟ [٦٠] ھم نے
تمھارے لئے موت قرار دیا ھے - اور ھم اِس بات سے عاجز نہیں
[٦١] کہ تم کو تمھارے ھي مانند لوگوں سے بدل ڈالیں -
اور تم کو ایسي حالت میں پیدا کریں جو تم نہیں جانتے -
[٦٢] اور تم تو پہلي پیدایش کي نسبت جانتے ھي ھو- پھر
بھي کیوں نہیں غور کرتے ؟ [٦٣] کیا تم نے اس چیز پر بھي
نظر کي جو تم بوتے ھو ؟ [٦٤] کیا تم اُس کو اُگاتے ھو یا ھم اُگاتے
ھیں ؟ [٦٥] اگر ھم چاھیں تو اُس کو ریزہ ریزہ کر دیں اور تم
بس باتیں ھي بناتے رہ جاؤ - [٦٦] کہ ھم تاوان میں پڑ گئے-
[٦٧] بلکہ ھم تو اُس کے کاٹنے سے بھي محروم رھے- [٦٨] کیا
تم نے پاني پر نظر کي ھے جو تم پیتے ھو ؟ [٦٩] کیا تم نے
اُس کو بادل سے اُتارا یا ھم نے اُتارا ؟ [٧٠] اگر ھم چاھیں
تو ھم اُس کو کڑوا کر دیں - پھر تم کیوں نہیں شکر کرتے ؟
[٧١] کیا تم نے آگ کي طرف نظر کي جو تم جلاتے ھو ؟
[٧٢] کیا تم نے اُس کا درخت بنایا یا ھم نے بنایا ھے ؟
[٧٣] ھم نے اُس کو مسافروں کے لئے ایک نصیحت اور سامان
بنا رکھا ھے - [٧٤] پس اپنے بڑے پروردگار کے نام کي تسبیح کر -
[٧٥] تاروں کي جگھوں کي قسم - [٧٦] اور بے شک یہہ
ایک بڑي قسم ھے اگر تم جانو- [٧٧] بے شک یہہ قرآن کریم
ھے - [٧٨] یہہ پوشیدہ کتاب میں ھے - [٧٩] اس کو بس
پاک صاف لوگ چھوتے ھیں * - [٨٠] یہہ پروردگار عالم کي
طرف سے نازل ھوا ھے - [٨١] کیا تم اِس بات سے غافل ھوگئے ؟
[٨٢] اور کیا تم نے اُس کو منھہ کا نوالہ بنا لیا ھے کہ جھٹلاتے
ھو ؟ [٨٣] تو کیوں نہیں جب جان حلق کو پہنچ جاتي

* اس کے اور بھي ایک معني یہہ ھونگے کہ اس کو بس پاک صاف لوگ چھوئیں-

ھے [۸۴] اور تم بس دیکھتے ھي رھتے ھو [۸۵] اور ھم بہ
نسبت تمھارے اس سے زیادہ قریب رھتے ھیں حالانکہ تم نہیں
دیکھتے - [۸۶] تو اگر تم کو جزا نہ ملنا ھے تو کیوں نہیں
[۸۷] تم اس کو پھیر لاتے اگر تم سچے ھو ؟ [۸۸] تو اگر
وہ مقربوں میں سے ھے [۸۹] تو (اُس کے لئے) راحت ھے اور
رزق - اور نعمت والي جنت - [۹۰] اور اگر وہ داھني طرف
والوں میں سے ھے [۹۱] تو اے داھني طرف والے تجکو سلام
ھے - [۹۲] اور اگر وہ جھٹلانے والا اور گمراہ ھے - [۹۳] تو اُس
کي مہماني کھولتے ھوئے پاني سے کي جائیگي - [۹۴] اور وہ
جہنم میں جائیگا - [۹۵] یہہ بے شك حق اور یقیني بات ھے
[۹۶] بس تیرے پروردگار عالي شان کے نام کي تسبیح کر -

سورۂ حدید

مدني - ۲۹ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ھے

[۱] جو کچھہ آسمان اور زمین میں ھے سب خدا کي
تسبیح کرتے ھیں - اور وھي زبردست اور حکمت والا ھے -
[۲] آسمان اور زمین کي سلطنت اُسي کي ھے - وھي جلاتا
ھے اور وھي مارتا ھے - اور وھي ھر چیز پر قادر ھے - [۳] وھي
اول ھے اور وھي آخر ھے اور ظاھر بھي ھے اور باطن بھي ھے -
اور وھي ھر چیز کا جاننے والا ھے - [۴] وھي ھے جس نے آسمان
اور زمین کو چھہ روز میں بنایا پھر عرش پر جابیٹھا - وہ جانتا
ھے جو کچھہ زمین میں داخل ھوتا ھے اور جو کچھہ اُس سے
نکلتا ھے اور جو کچھہ آسمان سے اُترتا ھے اور جو کچھہ اُس

پر چڑھتا ھے - اور تم کہیں بھي ھو وہ تمھارے ساتھہ ھے -اور خدا تمھارے کاموں کو دیکھنے والا ھے - [۵] آسمان اور زمین کي سلطنت اُسي کي ھے - اور سب معاملے خدا ھي کي طرف رجوع کئے جاتے ھیں - [۶] وہ رات کو دن میں داخل کرتا ھے اور دن کو رات میں داخل کرتا ھے - اور وہ دلوں کي بات خوب جانتا ھے - [۷] خدا اور اُس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اُس مال میں سے جس کا اُس نے تم کو جانشین بنایا ھے خرچ کرو - اور جو لوگ تم میں سے ایمان رکھتے اور (خدا کي راہ میں) خرچ کرتے ھیں اُن کے لئے بڑا اجر ھے - [۸] اور تم کو کیا ھوگیا ھے کہ تم خدا پر ایمان نہیں لاتے ؟ اور رسول تم کو پکارتا ھے کہ تم اپنے پروردگار پر ایمان لاؤ اور اگر تم ایمان لاؤ تو وہ تم سے عہد لے ھي چکا ھے - [۹] وھي ھے جس نے اپنے بندے پر صاف صاف آیتیں نازل کي ھیں تاکہ تم کو اندھیروں سے نکال کر روشني میں لائے - اور بے شك تم پر خدا مہربان اور رحم والا ھے - [۱۰] اور تم کو کیا ھوگیا ھے کہ خدا کي راہ میں خرچ نہیں کرتے حالانکہ آسمان اور زمین کا وارث خدا ھي ھے - جس نے تم میں سے قبل فتح خرچ کیا اور لڑائي بھي کي وہ (اور دوسرے لوگ) برابر نہیں - یہہ لوگ درجے میں اُن سے بڑھہ کر ھیں جنھوں نے اُس کے بعد خرچ کیا اور لڑائي کي اور خدا نے تو سب ھي سے اچھا وعدہ کیا ھے - اور وہ تمھارے کاموں کي خبر رکھتا ھے -

[۱۱] کون ھے جو خدا کو قرض حسنہ دے ؟ اور وہ تو اُس کو اُس کا دونا کردیگا - اور اُس کے لئے بڑا اجر نیك ھے - [۱۲] جس دن تو ایمان والے مرد اور ایمان والي عورتوں کو دیکھیگا کہ اُن کا نور اُن کے آگے اور اُن کي داھني طرف

دوڑتا هوگا - " آج کے دن تم کو خوش خبري هے که باغ هیں
جن کے نیچے سے نهریں جاري هیں - تم همیشه اُسي میں
رهوگے - یهي تو بڑي کامیابي هے - [١٣] جس دن منافق مرد
اور منافق عورتیں ایمان والوں سے کهینگے که همارا اِنتظار کرو
که هم بهي تمهارے نور سے کچهه لے لیں - کها جائیگا که اپنے
پیچهے کي طرف کو بهر جاؤ اور کوئي نور تلاش کرو - اور اُن
کے درمیان ایک دیوار کهڑي کردي جائیگي که اُس میں دروازه
هوگا - اُس کے اندر کي طرف رحمت هوگي اور اُس کے باهر کي
طرف عذاب - [١٤] وه اُن کو پکارینگے که کیا هم تمهارے
ساتهه نه تهے ؟ کهینگے که هاں - لیکن تم نے اپني جانوں کو
بلا میں ڈالا اور تم انتظار کرتے تهے اور شک کرتے تهے اور تم کو
تمهاري آرزوؤں نے دهوکا دیا یهاں تک که خدا کا حکم
آ پهنچا - اور دهوکا دینے والے نے تم کو خدا کے بارے میں
دهوکا دے دیا - [١٥] تو اج کے دن نه تم سے فدیه لیا جائیگا
اور نه کافروں سے - تمهارا ٹهکانا جهنم کي آگ هے - وهي
تمهاري رفیق هے - اور وه بهر جانے کي بُري جگهه هے -
[١٦] کیا ایمان والوں کے لئے ابهي وقت نهیں آیا که اُن کے
دل خدا کے ذکر اور اُس سچي بات کے آگے جو اُس نے نازل
کیا هے جهک جائیں اور یهه اُن کي طرح نه هو جائیں
جن کو اس سے پهلے کتاب دي گئي تهي ؟ پهر اُن پر ایک
مدت دراز گزر گئي اور اُن کے دل سخت هوگئے - اور اُن میں
بهتیرے تو بدکار هیں هي - [١٧] جان رکهو که خدا زمین
کو اُس کے مرجانے کے بعد زنده کرتا هے - هم نے تمهارے لئے
آیتیں بیان کي هیں که تم کو عقل هو - [١٨] بے شک خیرات
کرنے والے مرد اور خیرات کرنے والي عورتیں اور جو لوگ خدا

کو قرض حسنہ دیتے ھیں اُن کو دونا کردیا جائیگا - اور اُن
کے لئے عزت کا اجر ھے - [١٩] اور جو لوگ خدا پر اور اُس کے
رسول پر ایمان رکھتے ھیں - یہي اپنے پروردگار کے نزدیك سچے
اور گواہ ھیں - اُن کو اُن کا اجر ملیگا اور اُن کا نور بھي -
اور جو لوگ کفر کرتے ھیں اور ھماری آیتوں کو جھٹلاتے ھیں -
یہي لوگ جہنم کے رھنے والے ھیں -

[٢٠] جان رکھو کہ اِس دنیا کي زندگی بس کھیل اور
تماشا اور بناؤ اور آپس میں شیخي کرنا اور مال اور اولاد
بڑھانا ھے - یہہ مینھہ کي طرح ھے کہ کھیتي کرنے والوں کو
اُس کي روئیدگي اچھی لگتي ھے - بھر یہہ خشك ھو جاتي ھے -
تو تو اُس کو دیکھیگا کہ زرد ھو گئي ھے - بھر وہ ریزہ ریزہ
ھو جاتي ھے - اور آخرت میں خدا کي طرف سے سخت عذاب
ھے یا بخشش اور اُس کي خوشنودي - اور دُنیا کي زندگي تو
بس دھوکے کی پونجي ھے - [٢١] اپنے پروردگار کي بخشش اور
جنت کے لئے کہ اُس کي عرض آسمان اور زمین کے عرض کي طرح
ھے سبقت لے جاؤ - یہہ اُن لوگوں کے لئے جو خدا اور اُس کے
رسول پر ایمان رکھتے ھیں تیار کی گئي ھے - یہہ خدا کا فضل
ھے جو وہ جس کو چاھے دے - اور خدا بڑا صاحب فضل ھے -
[٢٢] اور نہ دنیا میں اور نہ تمھاری جانوں پر کوئي مصیبت
آپڑتي ھے مگر قبل اِس کے کہ ھم نے اُس کو بیدا کیا تھا وہ
لکھي ھوئي تھي - خدا کے لئے یہہ تو آسان ھے - [٢٣] کہ
جو بات تمھارے ھاتھہ سے جاتي رھے اُس کو برا نہ سمجھو اور
جو کچھہ وہ تم کو دے اُس کے سبب نہ خوش ھو جاؤ - اور
خدا کسي تکبر کرنے والے اور شیخي کرنے والے کو پیار نہیں
کرتا - [٢٤] جو لوگ بخل کرتے اور لوگوں کو بھي بخل کرنے

کو کہتے ہیں اور جو کوئي پیٹھ پھیر دے - تو خدا بے نیاز
اور تعریف کے لائق ہے - [۲۵] ہم نے اپنے رسولوں کو بین
دلیلوں کے ساتھ بھیجا اور اُن کے ساتھ کتاب اور میزان
اُتارا تا کہ لوگ عدل پر قائم رہیں - اور ہم نے لوہا بھي اُتارا
کہ اُس میں بڑی سختي ہے اور لوگوں کے لئے فائدہ بھي ہے
تا کہ خدا جان لے کہ کون اُس کي اور اُس کے رسول کي
غائبانہ مدد کرتا ہے - بے شک خدا قوي اور زبردست ہے -
[۲۶] اور ہم نے نوح اور اِبراہیم کو بھیجا اور اُن کي
اولاد میں نبوت اور کتاب دي - اور ان میں کچھہ تو ہدایت
پر ہیں - اور ان میں بہتیرے بدکار ہیں - [۲۷] پھر ان کے
پیچھے ان ہي کے قدم بقدم ہم نے اپنے اور رسول بھیجے اور
ان کے پیچھے ہم نے عیسی بن مریم کو بھیجا اور اس کو
انجیل دي - اور جو لوگ اس کي پیروي کرتے تھے اُن کے دلوں
میں شفقت اور رحمت دي - اور رہبانیت تو اُنھوں نے اپني
طرف سے نکالي - ہم نے اس کو اُن پر فرض نہیں کیا تھا مگر
صرف خدا کي خوشنودي چاہنا - سو اُنھوں نے اس کي جیسي
رعایت چاہئے تھي نہ کي - تو جن لوگوں نے ان میں سے
ایمان لایا ہم نے اُن کو اُن کا اجر دیا - مگر ان میں بہتیرے
بدکار ہي ہیں - [۲۸] مومنو خدا سے ڈرو اور اُس کے رسول
پر ایمان لاؤ - وہ تم کو اپني رحمت سے دُہرا حصہ دیگا اور
تم کو ایک نور دیگا کہ تم اُسي سے چلوگے - اور وہ تم کو بخش
بھي دیگا - اور خدا بخشنے والا اور رحم والا ہے - [۲۹] کہ
اہل کتاب جان رکھیں کہ وہ خدا کے فضل پر کچھہ بھي
اختیار نہیں رکھتے - اور یہہ بھي کہ فضل تو خدا کے ہاتھہ
میں ہے - وہ جس کو چاہے دے - اور خدا بڑا صاحب فضل ہے -

سورۂ مجادلہ

مدني - ۲۲ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ھے

¶ [۱] خدا نے اُس عورت کي بات سُن لي ھے جو اپنے شوھر کے بارے میں تجھہ سے جھگڑتي اور خدا سے شکایت کرتي تھي - اور خدا نے تم دونوں کے سوال و جواب کو بھي سنا - بے شک خدا سننے والا اور دیکھنے والا ھے - [۲] جو لوگ تم میں سے اپني بیویوں کو ماں کہہ بیٹھتے ھیں وہ تو اُن کي ماں نہیں ھو جاتیں - اُن کي مائیں تو بس وھي ھیں جنھوں نے اُن کو جنا ھے - اور انھوں نے البتہ ایک نامعقول اور جھوٹي بات کہي - اور بے شک خدا معاف کرنے والا اور بخشنے والا ھے - [۳] اور جو لوگ اپني بیویوں کو ماں کہہ بیٹھتے ھیں اور پھر جو کہا تھا اس سے پھرنا چاھتے ھیں تو ایک دوسرے کو چھونے سے پہلے ایک گردن آزاد کرنا ھوگا - یہہ تم کو نصیحت کي جاتي ھے - اور خدا تمھارے کاموں کي خبر رکھتا ھے - [۴] اور جو یہہ نہ کر سکے تو ایک دوسرے کو چھونے سے پہلے پے در پے دو مہینے روزہ رکھے - اور جو یہہ نہ کر سکے تو ساتھہ غریبوں کو کھانا کھلائے - یہہ اس لئے ھے کہ تم خدا اور اُس کے رسول پر ایمان رکھو - اور یہہ خدا کي حدیں ھیں - اور اُس سے کفر کرنے والوں کے لئے تو دردناک عذاب ھے - [۵] جو لوگ خدا اور اُس کے رسول کي مخالفت کرتے ھیں وہ ھلاک ھونگے جیسے وہ لوگ جو ان سے پہلے ھوئے تھے ھلاک کئے گئے - اور ھم نے بین آیتیں اُتاریں - اور کافروں کے لئے تو رسوائي کا عذاب ھے - [۶] جس دن خدا ان سب

کو اُٹھا کھڑا کریگا - پھر اُن کو بتائیگا جو کچھہ اُنھوں نے کیا ھوگا - خدا نے اس کا حساب رکھا ھے مگر وہ اس کو بھول گئے - اور خدا ھر چیز پر گواہ ھے -

[۷] کیا تونے یہہ نہیں دیکھا کہ خدا جانتا ھے جو کچھہ آسمان اور جو کچھہ زمین میں ھے - تین شخص مشورہ نہیں کرتے مگر وہ ان کا چوتھا ھوتا ھے اور نہ پانچ شخص مگر وہ اُن کا چھٹا ھوتا ھے اور نہ اس سے کم اور نہ زیادہ مگر وہ ان کے ساتھہ ھوتا ھے جہاں کہیں وہ ھوں - پھر قیامت کے دن وہ ان کو ان کے کاموں کي خبر دیگا - بے شك خدا ھر چیز کا جاننے والا ھے - [۸] کیا تونے اُن لوگوں کو نہیں دیکھا کہ وہ مشورہ کرنے سے منع کئے گئے تھے بھر بھي وہ وھي کرتے ھیں جو اُن کو منع کیا گیا ھے - اور وہ گناہ اور زیادتي کا مشورہ کرتے ھیں اور رسول سے سرکشي کرنے کا - اور جب یہہ تیرے پاس آتے ھیں تو وہ دعا دیتے ھیں جو دعا خدا تجھے نہیں دیتا - اور یہہ اپنے دلوں میں کہتے ھیں کہ خدا ھم کو ھمارے کہنے کے سبب کیوں نہیں عذاب کرتا ؟ اُن کے لئے جہنم بس ھے - وہ اُسي میں داخل ھونگے - اور وہ پھر جانے کي بُري جگہ ھے - [۹] مومنو جب تم مشورہ کرو تو گناہ اور زیادتي اور رسول سے سرکشي کا مشورہ نہ کرو بلکہ آپس میں اچھي باتوں اور پرھیزگاري کا مشورہ کرو - اور خدا سے ڈرو کہ تم کو اُسي کے پاس اِکٹھا ھونا ھے - [۱۰] ایسا مشورہ کرنا تو بس شیطان کي طرف سے ھے تا کہ جو لوگ ایمان لائے ھیں اُن کو غمگین کرے اور اُن کو کوئي کچھہ بھي ضرر نہیں کرسکتا مگر خدا کے حکم سے - تو ایمان والوں کو چاھئے کہ خدا ھي پر توکل کریں - [۱۱] مومنو جب تم سے کہا

جائے کہ مجلسوں میں سرک سرک کر بیٹھو تو سرک سرک کر
بیٹھو - خدا تمهارے لئے جگہ کشادہ کر دیگا - اور جب کہا
جائے کہ اُٹھہ کھڑے ہو - تو بس اُٹھہ کھڑے ہو - جو لوگ
تم میں ایمان رکھتے ہیں اور علم دئے گئے ہیں اُن کو خدا
بلند مرتبہ کریگا - اور خدا تمهارے کاموں کی خبر رکھتا ہے -
[۱۲] مومنو جب تم رسول کے پاس مشورہ کرنے کو آؤ تو مشورہ
کرنے سے پہلے کچھہ صدقہ دے دیا کرو - یہہ تمهارے لئے بہتر
اور پاکیزگی کا باعث ہوگا - اور اگر تم یہہ نہ کر سکو تو بھی
خدا بخشنے والا اور رحم کرنے والا ہے - [۱۳] کیا تم مشورے سے
پہلے صدقہ دینے سے ڈر گئے ؟ تو جب تم نہ کر سکو تو خدا
بھی تمهاری توبہ قبول کرتا ہے - تو نماز پر قائم رہو اور زکوات
دو اور خدا کی اور اس کے رسول کی اطاعت کرو - اور خدا
تمهارے کاموں کی خبر رکھتا ہے -

[۱۴] کیا تونے اُن لوگوں کی طرف نظر نہیں کی جو ایسے
لوگوں سے دوستی کرتے ہیں جن سے خدا غصہ ہے ؟ وہ نہ تم
میں ہیں اور نہ ان میں - اور وہ جان کر بھی جھوٹ بات
کی قسم کھا لیتے ہیں - [۱۵] خدا نے اُن کے لئے سخت
عذاب تیار کر رکھا ہے - بے شك یہہ بہت ہی بُرا کرتے ہیں -
[۱۶] اُنھوں نے اپنی قسموں کو ڈھال بنا رکھا ہے اور یہہ خدا
کی راہ سے لوگوں کو روکتے ہیں - اور اُن کے لئے رسوائی کا
عذاب ہے - [۱۷] نہ اُن کے مال اور نہ اُن کی اولاد خدا کے
مقابلے میں ان کے کچھہ بھی کام آئینگی - یہہ لوگ جہنم
کی آگ میں رہینگے - وہ ہمیشہ اُسی میں رہینگے - [۱۸] جس
دن خدا ان سب کو اُٹھا کھڑا کریگا تو یہہ اُس کے آگے بھی
قسمیں کھائینگے جس طرح یہہ تمهارے آگے قسمیں کھاتے

هیں اور سمجھتے هیں که وہ کچھه کر رهے هیں - بے شك
یهي لوگ تو جهوٹے هیں - [۱۹] شیطان اُن پر غالب آگیا -
اور ان کو خدا کي یاد سے بهلا دي - یهي لوگ شیطان کے گروہ
هیں - بے شك شیطان هي کے گروہ تو خسارے میں رهینگے -
[۲۰] جو لوگ خدا اور اُس کے رسول کي مخالفت کرتے هیں
تو یهي سب سے بڑهه کر ذلیل هونگے - [۲۱] خدا نے تو لکهه
دیا هے که میں اور میرے رسول غالب رهینگے - بے شك خدا
قوي اور زبردست هے - [۲۲] جو لوگ خدا اور روز آخرت پر
ایمان رکهتے هیں تو اُن کو نه دیکهیگا که جو لوگ خدا اور
اُس کے رسول کي مخالفت کرتے هیں وہ اُن سے دوستي کرتے هیں
اگر چه بهی وہ اُن کے باپ یا اُن کے بیٹے یا اُن کے بهائي یا
اُن کے کنبے هی کے هوں - ان هی لوگوں کے دلوں میں اُس نے
ایمان لکهه دیا هے اور اُن کو اپني طرف سے روح القدس سے
مدد دی هے اور وہ اُن کو جنت میں داخل کریگا که اُس کے
نیچے سے نهریں جاری هونگی - وہ همیشه اُسی میں رهینگے -
خدا اُن سے راضي اور وہ اس سے راضي - یهی لوگ تو خدا کے
گروہ هیں - بے شك خدا هي کے گروہ فلاح پائینگے -

سورۂ حشر

مدنی - ۲۴ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم هے

[۱] جو کچھه آسمان میں هے اور جو کچھه زمین میں
هے سب خدا کی تسبیح کرتے هیں - اور وهی زبردست
حکمت والا هے - [۲] وهي هے جس نے اهل کتاب میں سے کفر

کرنے والوں کو پہلے حشر کے لئے اُن کے گھروں سے نکال باہر
کیا - تم نہ خیال کرتے تھے کہ یہہ نکلینگے اور وہ خیال کرتے
تھے کہ اُن کے قلعے اُن کو خدا کے مقابلے میں بچالینگے -
تو اُن کو خدا نے ایسی جگہہ سے آلیا جدھر سے اُن کو گمان
بھي نہ تھا - اور اُن کے دلوں میں رعب ڈالدیا کہ اُنھوں نے
اپنے گھروں کو اپنے ہاتھوں سے اور مسلمانوں کے ہاتھوں سے خراب
کرڈالا - تو اے آنکھوں والے عبرت پکڑو - [۳] اور اگر
خدا نے اُن پر جلا وطن کی سزا نہ لکھہ دی ہوتي تو وہ اُن
کو دنیا میں ضرور عذاب دیتا - اور آخرت میں تو اُن کے لئے
جہنم کي آگ کي سزا ہے ہي - [۴] یہہ اِس لئے کہ اُنھوں نے
خدا اور اُس کے رسول کي مخالفت کي - اور جو کوئي خدا کي
مخالفت کرے تو بے شک خدا سخت سزا دینے والا ہے -
[۵] لینہ کے درخت جو تم نے کاٹ ڈالے یا ان کو ان کي
جڑوں پر کھڑا رہنے دیا تو یہہ خدا ہی کے حکم سے تھا -
اور اِس لئے کہ بدکار رسوا ہوں - [۶] اور جو کچھہ خدا
نے اپنے رسول کو دلا دیا حالانکہ تم نے اُس کے لئے نہ تو گھوڑے
دوڑائے اور نہ اونٹ - مگر خدا جس پر چاہے اپنے رسولوں کو
مسلط کردیتا ہے - اور خدا ہر چیز پر قادر ہے - [۷] جو
کچھہ خدا اپنے رسول کو بستیوں کے لوگوں سے دلادے تو وہ
خدا کا ہے اور رسول کا اور اُس کے قرابت والوں کا اور یتیموں کا
اور غریبوں کا اور مسافروں کا کہ جو لوگ تم میں مالدار
ہیں یہہ اُن ہي میں آیا جاتا نہ رہے - اور جو کچھہ تم کو
رسول دے دیا کرے تو وہ لے لیا کرو - اور جس چیز سے تم کو
منع کرے اُس سے باز رہو - خدا سے ڈرو - بے شک خدا سخت
سزا دینے والا ہے - [۸] یہہ تو محتاج مہاجروں کے لئے ہے جو

اپنے گھر اور اپنے مال سے نکال دئیے گئے کہ وہ خدا کا فضل اور اُس
کي خوشنودي چاهتے هیں اور خدا اور اُس کے رسول کی مدد
کرتے هیں - یهي لوگ سچے هیں - [۹] اور جو لوگ ان سے
پہلے وهاں رهتے تھے اور اِسلام لا چکے - جو اُن کے پاس
هجرت کرکے آتا هے یهہ اُس کو پیار کرتے اور اُن کو جو کچھہ
دیا جائے اُس کی وجہ سے اپنا دل تنگ نہیں کرتے - اور اُن
کو اپنے اُوپر ترجیح دیتے هیں اگر چہ بھي وہ خود تنگي میں
هوں - اور جو کوئي اپنے نفس کی بخیلی سے بچے تو یہي
لوگ فلاح پانے والے هیں - [۱۰] اور جو لوگ ان کے بعد
آئے اور کہتے هیں کہ اے همارے پروردگار هم کو بخش دے
اور همارے ان بھائیوں کو بھي جو هم سے پہلے ایمان لائے -
اور همارے دلوں میں ایمان والوں کي برائي نہ ڈال - اے
همارے پروردگار توهی مہربان اور رحم والا هے -

[۱۱] کیا تونے اُن لوگوں کي طرف نظر نہیں کي جو
منافق هوئے کہ اپنے کافر بھائیوں سے جو اهل کتاب میں سے هیں
کہتے هیں کہ اگر تم نکالے جاؤگے تو هم بھی تمهارے ساتھہ
نکل جائینگے - اور تمهارے بارے میں هم کبھي کسي کي پیروي
نہیں کرینگے اور اگر تم سے لڑائي هو تو هم ضرور تمهاري مدد
کرینگے - اور خدا گواهي دیتا هے کہ یهہ جھوٹے هیں -
[۱۲] اگر یهہ نکالے گئے تو وہ ان کے ساتھہ هرگز نہ نکلینگے -
اور ان سے لڑائي هوئي تو یهہ هرگز ان کي مدد نہ کرینگے - اور
اگر یهہ اُن کي مدد بھي کرتے تو ضرور پیٹھہ پھیر دیتے - پھر
اُن کو مدد نہ ملیگي - [۱۳] ان کے دلوں میں تمهارا ڈر خدا
سے بھي بڑھہ کر هے - یهہ اِس لئے کہ یهہ ایسے لوگ هیں جو
سمجھتے هي نہیں - [۱۴] یهہ سب اِکٹھے هوکر بھي تم سے

نہیں لڑ سکتے مگر قلعہ والی بستیوں میں یا دیواروں کے پیچھے
سے - ان کی سختی آپس میں بہت ہے - تو ان کو اکٹھا خیال
کرتا ہے مگر اُن کے دل متفرق ہیں - یہہ اِس لئے ہے کہ یہہ ایسے
لوگ ہیں جن کو عقل نہیں - [۱۵] ان کی مثال ان کی سی
مثال ہے جو تھوڑے ہی دنوں پہلے اپنے کئے کا مزہ چکھہ چکے -
اور اُن کے لئے دردناک عذاب ہے - [۱۶] ان کی مثال شیطان
کی سی مثال ہے کہ جب اُس نے آدمی سے کہا کہ کفر کر - پھر
جب اُس نے کفر کیا تو اُس نے کہا کہ میں تجھہ سے بری ذمہ
ہوں - میں خدا سے ڈرتا ہوں جو پروردگار عالم ہے - [۱۷] تو
اِن دونوں کا انجام یہی ہے کہ وہ دونوں جہنم کی آگ میں
ہمیشہ رہینگے - اور ظالموں کی یہی جزا ہے -

[۱۸] مومنو خدا سے ڈرو - اور چاہئے کہ آدمی نظر رکھے
کہ اُس نے کل کے لئے کیا کر رکھا ہے - اور خدا سے ڈرو - بے شک
خدا تمہارے کاموں کی خبر رکھتا ہے - [۱۹] اور اُن لوگوں
کی طرح نہ بنو جنھوں نے خدا کو بھلا دیا تو اُس نے بھی
ان کو ان کے تئیں بھلا دیا - یہی لوگ تو بدکار ہیں -
[۲۰] جہنم کی آگ میں رہنے والے اور جنت کے رہنے والے
دونوں برابر نہیں - جنت کے رہنے والے ہی بس کامیاب ہیں -
[۲۱] اگر ہم نے اس قرآن کو کسی پہاڑ پر اُتارا ہوتا تو تو
دیکھتا کہ خدا کے ڈر سے یہہ جھک گیا ہوتا اور پھٹ گیا ہوتا -
اور ہم یہہ مثال لوگوں کے لئے بیان کرتے ہیں تاکہ وہ غور
کریں - [۲۲] وہی خدا ہے جس کے سوا اور کوئی معبود نہیں -
وہ غیب اور ظاہر کا جاننے والا ہے - وہ رحمان اور رحیم ہے -
[۲۳] وہی خدا ہے جس کے سوا اور کوئی معبود نہیں - بادشاہ
ہے - پاک ہے - سب عیبوں سے مبرا ہے - امن دینے والا ہے -

نگہبان ہے - زبردست ہے - غالب ہے - بڑا مرتبے والا ہے - خدا
اُن کے شرک سے پاک ہے - [۲۴] وہي خدا ہے - پیدا کرنے والا
بنانے والا صورت دینے والا - اس کے اچھے اچھے نام ہیں - جو
کچھہ آسمان اور زمین میں ہے وہ اُسي کي تسبیح کرتا ہے -
اور وہ زبردست اور حکمت والا ہے -

سورۂ ممتحنہ

مدني - ۱۳ آیتیں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحیم ہے

[۱] مومنو اگر تم میری راہ میں جہاد کرنے اور میري
خوشنودي حاصل کرنے کو نکلے ہو تو میرے دشمنوں کو اور اپنے
دشمنوں کو دوست نہ بناؤ - تم تو ان کي طرف محبت کے
پیغام بھیجتے ہو حالانکہ تمھارے پاس جو حق بات آئي ہے
وہ اُس سے کفر کرتے ہیں - رسول کو اور تم کو نکال دیتے ہیں
اِس لئے کہ تم خدا پر جو تمھارا پروردگار ہے ایمان لائے ہو - تم
اُن کي طرف چھپا کر محبت کے پیغام بھیجتے ہو - اور میں
خوب جانتا ہوں جو کچھہ تم چھپاتے ہو اور جو کچھہ تم
ظاہر کرتے ہو - اور جو کوئي تم میں سے ایسا کرے تو وہ
سیدھي راہ سے بھٹك گیا - [۲] اگر یہہ تم کو پائیں تو
تمھارے دشمن ہو جائیں اور اپنے ہاتھہ اور اپني زبان سے تمھاري
بُرائي کرنے لگیں اور وہ چاہتے ہیں کہ اے کاش تم کافر ہو
جاؤ - [۳] قیامت کے دن نہ تمھاري رشتہداري تم کو نفع
دیگي اور نہ تمھاري اولاد - وہ تم میں فیصلہ کر دیگا - اور خدا
تمھارے کاموں کو دیکھنے والا ہے - [۴] اِبراهیم میں اور ان
لوگوں میں جو اُس کے ساتھہ تھے تمھارے لئے ایک اچھا نمونہ

ھے - جب اُنھوں نے اپني قوم سے کہا کہ میں تم سے بري ذمہ
ھوں اور اُن چیزوں سے بھي جن کي تم خدا کے سوا عبادت
کرتے ھو - ھم تم کو نہیں مانتے اور ھم میں اور تم میں
ھمیشہ کے لئے عداوت اور بغض قائم ھو گیا یہاں تک کہ تم
ایک خدا پر ایمان لاؤ - مگر اِبراھیم کا قول اپنے باپ کي نسبت
یہہ تھا کہ میں تیرے لئے ضرور بخشش مانگونگا حالانکہ
خدا کے مقابلے میں میں تیرے لئے کچھہ بھی نہیں کرسکتا -
اے ھمارے پروردگار ھم نے تجھہ پر توکل کیا اور تیري
ھي طرف اپنے تئیں رجوع کیا اور تیري ھي طرف پھر جانا ھے-
[۵] اے ھمارے پروردگار ھم کو کافروں کي آزمایش کا
ذریعہ نہ بنا اور اے ھمارے پروردگار ھم کو بخش دے - بےشک
تو ھي زبردست حکمت والا ھے - [۶] تمھارے لئے یعني جو
کوئي خدا اور روز آخرت کي اُمید رکھتا ھے اُس کے لئے اُن لوگوں
کا ایک اچھا نمونہ ھے - اور جو کوئي پیٹھہ پھیر دے تو خدا
بے نیاز اور تعریف کے لائق ھے ھي -

[۷] شاید خدا تم میں اور اُن لوگوں میں جن سے تم
سے دشمني ھے محبت ڈال دے - اور خدا قدرت رکھتا ھے -
اور خدا بخشنے والا اور رحم والا ھے - [۸] جو لوگ تم سے
دین کے بارے میں نہیں لڑے اور نہ تم کو تمھارے گھروں
سے نکالا اُن کے ساتھہ بھلائي کرنے اور اِنصاف کے ساتھہ چلنے
سے خدا تم کو منع نہیں کرتا - بے شک خدا اِنصاف کے ساتھہ
چلنے والوں کو پیار کرتا ھے - [۹] خدا تو تم کو اُن لوگوں
سے دوستي کرنے کو منع کرتا ھے جو تم سے دین کے بارے میں
لڑے اور جنھوں نے تم کو تمھارے گھروں سے نکالا اور تمھارے
نکالنے میں ایک دوسرے کي پشت پناھي کي - اور جو کوئي

اُن سے دوستي کرے تو یہي لوگ ظالم هیں - [١٠] مومنو
جب تمھارے پاس ایمان والي عورتیں هجرت کر کے آئیں تو
تم اُن کا اِمتحان کر لو - اُن کے ایمان کو خدا خوب جانتا
هے - تو اگر تم اُن کو جانو کہ ایمان والي هیں تو اُن کو
کافروں کے پاس نہ پھیرو - نہ یہہ اُن کو حلال اور نہ وہ اِن کو
حلال - اور جو کچھہ اُنھوں نے خرچ کیا هے وہ اُن کو دے دو -
اور تم پر کوئي گناہ نہیں کہ ان کو اُن کے مہر دینے کے بعد تم
اُن سے نکاح کر لو - اور کافر عورتوں کا نکاح نہ تھام رکھو -
اور جو کچھہ تم نے خرچ کیا هے اُن سے مانگ لو - اور جو
اُنھوں نے خرچ کیا هو وہ مانگ لیں - یہہ خدا کا حکم هے
جو وہ تم لوگوں میں صادر کرتا هے - اور خدا جاننے والا اور
حکمت والا هے - [١١] اور اگر تمھاري بیویوں میں سے کوئي
کافروں میں جاملے پھر تمھاري باري آئے تو جن کي بیویاں
چلي گئي هیں تو جو کچھہ اُنھوں نے خرچ کیا هو اسي کے
موافق اُن کو دو - اور خدا سے ڈرو جس پر تم ایمان رکھتے هو -
[١٢] اے نبي جب تیرے پاس ایمان والي عورتیں آئیں اور
تجھہ سے بیعت کریں کہ وہ کسي چیز کو خدا کا شریك نہ کرینگي
اور نہ چوري کرینگي اور نہ زنا کرینگي اور نہ اپني اولاد کو
مارینگي اور نہ کوئي بہتان جھوت بنا کر اپنے هاتھہ اور پاؤں
کے آگے لائینگي - اور نہ نیك کام میں تیري نافرماني کرینگي -
تو تو اُن سے بیعت لے لے - اور خدا سے اُن کے لئے بخشش
مانگ - بے شك خدا بخشنے والا اور رحم والا هے - [١٣] مومنو
ایسے لوگوں سے دوستي نہ کرو جن سے خدا غصہ هے - یہہ تو
آخرت کي طرف سے ایسے نااُمید هیں جیسے کافر قبر والوں
(کے جي اٹھنے) کي طرف سے نااُمید هیں -

سورۂ صف

مدنی - ١٤ آیتیں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحیم ہے

[١] جو کچھہ آسمان میں ہے اور جو کچھہ زمین میں
ہے سب خدا کی تسبیح کرتے ہیں - اور وہی زبردست اور
حکمت والا ہے - [٢] مومنو کیوں کہتے ہو جو تم نہیں
کرتے ؟ [٣] خدا کو سخت ناپسند ہے کہ تم کہو جو تم
نہیں کرو - [٤] بے شک خدا اُن لوگوں کو پیار کرتا ہے جو
اُس کی راہ میں صف باندھہ کر لڑتے ہیں گویا کہ وہ ایک
سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہیں - [٥] اور جب موسیٰ نے
اپنی قوم سے کہا کہ اے میری قوم مجھے کیوں ایذا دیتے ہو
حالانکہ تم جانتے ہو کہ میں تمہاری طرف خدا کا بھیجا
ہوا ہوں - تو جب یہہ ٹیڑھے ہوگئے خدا نے اُن کے دل ٹیڑھے
کردئے - اور خدا بدکار لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا -
[٦] اور جب عیسیٰ بن مریم نے کہا کہ اے بنی اِسرائیل
میں تمہاری طرف خدا کا بھیجا ہوا ہوں - توراۃ جو
مجھہ سے پہلے تھی میں اُس کی تصدیق کرتا اور ایک رسول
کی خوش خبری دیتا ہوں جو میرے بعد آئیگا - اُس کا نام
ہوگا احمد - پھر جب وہ اُن کے پاس بین دلیلیں لے کر آیا
وہ بولے کہ یہہ تو صاف جادو ہے - [٧] اور اس سے بڑھہ کر
ظالم اور کون ہوگا جو خدا پر جھوٹ باندھے حالانکہ اُس کو
اِسلام کی طرف بلایا جائے - اور خدا ظالم لوگوں کو ہدایت
نہیں کرتا - [٨] یہہ چاہتے ہیں کہ خدا کے نور کو اپنے
منہہ سے بجھا دیں - اور خدا تو اپنے نور کو پورا کریگا

حالانکہ یہہ کافروں کو ناگوار ھي ھو - [۹] وھي ھے جس نے
اپنے رسول کو ھدایت اور دین حق دےکر بھیجا تاکہ اُس کو
تمام دینوں پر غالب کرے اگرچہ مشرکوں کو ناگوار ھي ھو -
[۱۰] مومنو کیا میں تم کو ایسی تجارت بتاؤں جو تم
کو عذاب دردناک سے بچائے ؟ [۱۱] خدا اور اُس کے رسول پر
ایمان لاؤ اور خدا کی راہ میں اپنے مال اور اپني جانوں سے
کوشش کرو - یہہ تمھارے لئے بہتر ھوگا - اگر تم جانو -
[۱۲] وہ تم کو تمھارے گناہ بخش دیگا اور تم کو جنت میں
داخل کریگا کہ اُس کے نیچے سے نہریں جاري ھونگي اور جنت
عدن کے اچھے مکانوں میں - یہي تو بڑي کامیابی ھے -
[۱۳] ایک اور چیز بھی جو تم پسند کروگے - یعنی خدا کي
طرف سے مدد اور تھوڑے ھي دنوں میں ایک فتح - اور ایمان
والوں کو خوش خبري دے - [۱۴] مومنو خدا کي مدد کرنے
والے ھو جاؤ جس طرح عیسی بن مریم نے حواریوں سے کہا تھا
کہ مجکو خدا کي راہ میں کون مدد دیگا ؟ حواریوں نے
کہا کہ ھم خدا کي مدد کرینگے - اور بني اِسرائیل میں سے
ایک گروہ نے ایمان لایا اور ایک گروہ نے کفر کیا - تو جو لوگ
ایمان لائے تھے ھم نے اُن کے دشمنوں کے مقابلے میں اُن کي
مدد کي اور وہ غالب رھے -

سورۂ جمعہ

مدني - ۱۱ آیتیں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحیم ھے

[۱] جو کچھہ آسمان میں ھے اور جو کچھہ زمین میں
ھے سب خدا کي تسبیح کرتے ھیں جو بادشاہ پاک زبردست

اور حکمت والا هے - [۲] وهي هے جس نے جاهلوں میں
ان هي میں کا ایك رسول بهیجا که وہ ان کو اُس کي آیتیں
پڑهہ کر سنائے اور اُن کو پاك کرے اور اُن کو کتاب اور حکمت
سکهائے - حالانکه اس سے پہلے وہ صریح گمراهي میں تهے -
[۳] اور ایك اور قوم میں بهي اُن هي میں سے جو ابهي ان سے
نهیں ملے - اور وهي زبردست اور حکمت والا هے - [۴] یهہ
خدا کا فضل هے - وہ دیتا هے جس کو چاهتا هے - اور خدا بڑا
صاحب فضل هے - [۵] جن لوگوں پر تورات لادي گئي پهر
انهوں نے اُس کو نه اُٹهایا تو اُن کي مثال گدهے کي سي مثال
هے که وہ کتاب اُٹهاتا هے - جو لوگ خدا کي آیتوں کو جهٹلاتے
هیں اُن کي مثال بڑي بري هے - اور خدا ظالم لوگوں کو
هدایت نهیں کرتا - [۶] تو کہہ دے که اے یهود اگر تم کو
زعم هے که تمام آدمیوں میں سے تم هي خدا کے دوست هو تو اگر
تم سچ کهتے هو تو موت کي آرزو کرو - [۷] مگر یهہ هرگز اُس
کي آرزو نه کرینگے به سبب اس کے جو اُن کے هاتهوں نے پہلے
سے کر رکها هے - اور خدا ظالموں کو خوب جانتا هے - [۸] تو
کہہ دے که موت جس سے تم بهاگتے هو وہ ضرور تمهارے سامنے
آئیگي - پهر تم غیب اور ظاهر کے جاننے والے خدا کي طرف
پهیرے جاؤ گے - اور وہ تم کو تمهارے کام بتائیگا -
[۹] مومنو جب جمعے کے روز نماز کے لئے پکارا جائے تو خدا
کي یاد کي طرف دوڑو اور خرید فروخت چهوڑ دو - اگر تم علم
رکهتے هو تو یهہ تمهارے لئے بهتر هوگا - [۱۰] پهر جب نماز
ختم هو جائے تو پهر دنیا میں پهیل جاؤ - اور خدا کا فضل
ڈهونڈو - اور خدا کو خوب یاد کرو تا که تم فلاح پاؤ -
[۱۱] اور جب یهہ تجارت یا کهیل دیکهتے هیں تو اُس کي

طرف دوڑ جاتے هيں اور تجکو کهڑا چهوڑ ديتے هيں - تو کهه
دے که جو کچهه خدا کے هاں هے وه کهيل اور تجارت سے
بهتر هے - اور خدا سب سے اچها رزق دينے والا هے -

سورۂ منافقون

مدني - ١١ آيتيں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحيم هے

[١] جب تيرے پاس منافق آتے هيں تو يهه کهتے هيں
که هم گواهي ديتے هيں که تو بے شک خدا کا رسول هے - اور
خدا جانتا هے که تو اُس کا رسول هے - مگر خدا گواهي ديتا
هے که منافق بے شک جهوٹے هيں - [٢] يهه اپني قسموں کو
ڈهال بناتے هيں اور لوگوں کو راه خدا سے روکتے هيں - بے شک
يهه بهت هي بُرا کرتے هيں - [٣] يهه اِس لئے که وه ايمان لائے
اور پهر کفر کئے - سو اُن کے دلوں پر مهر کر دي گئي هے اور وه
نهيں سمجهتے - [۴] اور جب تو اُن کو ديکهتا هے تو تجکو
اُن کے بدن اچهے معلوم هوتے هيں - اور اگر يهه بات کرتے
هيں تو تو اُن کي باتوں کو سنتا هے - وه گويا لکڑي کے کندے
هيں که ديوار سے لگے هوئے هيں - هر کڑک کي آواز کو اپنے هي
اُوپر سمجهتے هيں - يهه دشمن هيں - پس ان سے بچ - خدا
اُن کو غارت کرے - يهه کدهر کو پهرے جا رهے هيں - [۵] اور
جب اُن سے کها جاتا هے که آؤ رسول خدا تمهارے لئے بخشش
مانگے تو وه اپنے سر پهير ليتے هيں اور تو اُن کو ديکهتا هے
که وه باز رهتے اور تکبر کرتے هيں - [٦] اُن کے لئے برابر
هے خواه تو اُن کے لئے بخشش مانگے يا اُن کے لئے بخشش

نہ مانگے - خدا اُن کو ہرگز نہ بخشیگا - بے شك خدا
بدکار لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا - [۷] یہي ہیں جو کہتے
ہیں کہ جو لوگ رسول خدا کے پاس رہتے ہیں اُن پر خرچ
نہ کرو یہاں تك کہ وہ اُس کو چھوڑ کر چل دیں - اور آسمان
اور زمین کے خزانے خدا ہي کے ہیں - مگر منافق نہیں
سمجھتے - [۸] یہہ کہتے ہیں کہ اگر ہم مدینے پھر گئے
تو عزت والے ذلیل کو وہاں سے ضرور نکال دینگے - مگر بڑائي
تو خدا ہي کی ہے اور اُس کے رسول کی اور ایمان والوں کی
لیکن منافق نہیں جانتے -

[۹] مومنو تم کو تمہارے مال اور تمہاري اولاد خدا کی
یاد سے غافل نہ کریں - اور جو کوئی ایسا کریگا تو وہی
خسارے میں رہیگا - [۱۰] اور جو کچھہ ہم نے تم کو دیا
ہے اُس میں سے خرچ کرو قبل اس کے کہ تم میں سے کسی کو
موت آ جائے اور وہ کہے کہ اے میرے پروردگار تونے مجھکو
تھوڑے دن اور کیوں نہ ڈھیل دي ؟ تو میں خیرات دیتا اور
نیك لوگوں میں سے ہوتا - [۱۱] اور جب کسی جان کی اجل
آ جائیگی تو خدا اُس کو ہرگز نہ ڈھیل دیگا - اور خدا
تمہارے کاموں کی خبر رکھتا ہے -

سورۂ تغابن

مدني - ۱۸ آیتیں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحیم ہے

[۱] جو کچھہ آسمان میں ہے اور جو کچھہ زمین میں
ہے سب خدا کي تسبیح کرتے ہیں - اُسي کي سلطنت ہے اور

اُسي کي تعریف هے - اور وهي هر چیز پر قادر هے - [۲] وهي
هے جس نے تم کو بنایا - اور تم هي میں سے کافر بھي هے اور
تم هي میں سے ایمان والا بھي هے - اور خدا تمھارے کاموں کو
دیکھنے والا هے - [۳] اسي نے آسمان اور زمین کو اپني مشیئت
سے بنایا اور تم کو صورت دی - اور تمھاري اچھي صورتیں
بنائیں - اور اُسي کي طرف پھر کر جانا هے - [۴] وہ جانتا
هے جو کچھہ آسمان اور زمین میں هے اور وہ جانتا هے جو تم
چھپاتے هو اور جو تم ظاهر کرتے هو - اور خدا دلوں کي باتیں
جانتا هے - [۵] کیا تمھارے پاس ان لوگوں کي خبر نهیں
پهنچي جنهوں نے اس سے پہلے کفر کیا تھا اور اپنے کاموں کے
وبال کا مزہ چکھا اور جن کو دردناک عذاب هوا ؟ [۶] یہہ
اِس لئے کہ اُن کے پاس ان کے رسول بین دلیلیں لے کر آئے اور
پھر بولے کہ کیا آدمي هم کو هدایت کرینگے ؟ اور اُنھوں نے
کفر کیا اور بیٹھہ پھیر لیا اور خدا بے نیاز رها - اور خدا تو
بے نیاز اور تعریف کے لائق هے هي - [۷] جو لوگ کفر کرتے
هیں اُن کو زعم هے کہ وہ هرگز نهیں اُٹھائے جائینگے - تو کہہ
دے کہ هاں - میرے پروردگار کي قسم تم ضرور اُٹھا کر کھڑے
کئے جاؤ گے پھر تم کو تمھارے کاموں کي خبر دی جائیگي -
اور یہہ خدا کے لئے آسان هے - [۸] تو خدا پر ایمان لاؤ اور
اُس کے رسول پر اور اُس نور پر جو هم نے نازل کیا هے - اور خدا
تمھارے کاموں کي خبر رکھتا هے - [۹] جس دن جمع کرنے کے
دن وہ تم کو جمع کریگا وهي تو هار جیت کا دن هوگا - اور جو
کوئي خدا پر ایمان لائے اور نیک کام کرے تو وہ اُس سے اُس کي
بُرائیاں دور کریگا اور اُس کو جنت میں داخل کریگا کہ اُس کے
نیچے سے نهریں جاري هونگي - وہ همیشہ همیشہ اُسي میں

رهینگے - یہي تو بڑي کامیابي هے - [۱۰] اور جو لوگ کفر
کرتے هیں اور همارے آیتوں کو جھٹلاتے هیں یہي لوگ جهنم
کي آگ میں رهنے والے هیں - وہ همیشه اُسي میں رهینگے -
اور یہہ پھر جانے کي بُري جگه هے -

[۱۱] جو کچھہ مصیبت آن پڑتي هے وہ خدا هي کے حکم
سے هے - اور جو کوئي خدا پر ایمان رکھے تو وہ اُس کے دل کو راہ
پر لگائے رکھتا هے - اور خدا هر چیز کا جاننے والا هے - [۱۲] اور
خدا کي اِطاعت کرو اور رسول کي اِطاعت کرو - اور اگر تم
پیٹھہ پھیرو تو همارے رسول پر تو صاف صاف پہنچا دینا هے -
[۱۳] خدا وہ هے که اُس کے سوا کوئي معبود نہیں - اور ایمان
والوں کو چاهئے که خدا پر توکل کریں - [۱۴] مومنو تمهاري
بیویاں اور تمهاري اولاد کچھہ تو تمهارے دشمن هیں - تو
اُن سے بچو - اور اگر تم معاف کردو اور درگزر کرو اور بخش دو
تو خدا بھي بخشنے والا اور رحم کرنے والا هے - [۱۵] تمهارے
مال اور تمهاري اولاد تو بس تمهاري آزمایش کے لئے هیں - اور
خدا کے هاں تو بڑا اجر نیك هے - [۱۶] تو خدا سے ڈرو جتنا
تم ڈر سکو اور بات سنو اور اِطاعت کرو اور اپني هي جانوں کے
لئے مال خرچ کرو - اور جو کوئي اپنے نفس کے بخل سے بچا تو
یہي لوگ فلاح پانے والے هیں - [۱۷] اگر تم خدا کو قرض
حسنه دو - تو وہ تم کو اس کا دونا دیگا اور تم کو بخش دیگا -
اور خدا قدر دان اور تحمل والا هے - [۱۸] جاننے والا هے
غیب کا اور ظاهر کا - زبردست هے اور حکمت والا بھي -

سورۂ طلاق

مدني - ١٢ آيتيں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ھے

[١] اے نبي جب تم عورتوں کو طلاق دو تو اُن کو عدت کے وقت طلاق دو - اور عدت گنو - اور خدا سے جو تمھارا پروردگار ھے ڈرو - اُن کو اُن کے گھروں سے نہ نکال دو اور نہ وہ نکلیں مگر یہہ کہ وہ صاف صاف بے حیائي کریں - اور یہہ خدا کي حدیں ھیں - اور جو کوئي خدا کي حدوں سے نکل گیا تو اُس نے اپنے آپ پر ظلم کیا - تو نہیں جانتا شاید اس کے بعد بھي خدا کوئي بات پیدا کردے -
[٢] پھر جب وہ اپني عدت پوری کرلیں تو دستور کے موافق اُن کو رکھو یا دستور کے موافق اُن کو رخصت کردو - اور اپنے میں سے دو معتبر شخصوں کو گواہ کرلو - اور خدا کے آگے گواھي پر قائم رھو - یہہ اُس کو نصیحت کي جاتي ھے جو خدا پر اور روز آخرت پر ایمان رکھے - اور جو کوئی خدا سے ڈرا تو وہ اُس کے لئے راہ نکال دیگا - [٣] اور اُس کو ایسي جگہہ سے رزق دیگا جدھر سے اُس کو گمان بھي نہیں - اور جو کوئي خدا پر توکل کرے تو وہ اُس کے لئے بس ھے - بے شک خدا اپنا کام کرکے رھیگا - خدا نے ھر چیز کا اندازہ مقرر کر رکھا ھے -
[٤] اور وہ جو تمھاري بیبیوں میں سے حیض کي اُمید نہیں رکھتیں اگر تم کو شک ھو تو اُن کي عدت تین مہینے ھے اور اُن کي بھي جو ابھي حیض سے نہیں ھوئیں - اور حمل والي عورتیں - اُن کي عدت تو یہہ ھے کہ وہ اپنا حمل رکھہ دیں - اور جو کوئي خدا سے ڈرے تو وہ اُس کے کام آسان

کر دیگا - [٥] یہہ خدا کا حکم ھے جو اُس نے تم پر نازل کیا
ھے - اور جو کوئي خدا سے ڈرے تو وہ اُس کي بُرائیوں کو اُس سے
دور کر دیگا اور اُس کو بڑا اجر نیک دیگا - [٦] اُن کو رکھو
جس طرح تم رھتے ھو - اپنے مقدور کے مطابق - اور اُن کو
ایذا نہ دو اور نہ اُن کو ضیق میں ڈالو - اور اگر وہ حمل
والی ھیں تو اُن پر خرچ کرو یہاں تک کہ وہ اپنا حمل رکھہ
دیں - اور اگر وہ تمھارے لئے دودھہ پلائیں تو اُن کو اُن کي
اُجرت دو - اور آپس کي صلاح سے دستور کے موافق کام کرو -
اور اگر تم ایک دوسرے پر سختي کروگے تو مرد کے لئے دوسري
عورت دودھہ پلائیگي - [٧] چاھئے کہ گنجایش رکھنے والے
اپني گنجایش کے موافق خرچ کریں - اور جس کا رزق نپا
تلا ھو تو اُس کو چاھئے کہ جو کچھہ خدا نے اُس کو دیا ھے
اُسي میں سے خرچ کرے - خدا کسي جان کو تکلیف نہیں
دیتا مگر اُس چیز کے مطابق جو اُس نے اُس کو دي ھے -
سختي کے بعد خدا ضرور آسانی لائیگا -

[٨] اور کتني ھي بستیاں تھیں کہ اُنھوں نے اپنے پروردگار
کے حکم سے اور اُس کے رسولوں سے سرکشي کي تو ھم نے اُن سے
سخت حساب لیا - اور اُن کو بڑے بڑے عذاب دئے -
[٩] تو اُنھوں نے اپنے کئے کا مزہ چکھا اور اُن کے کئے کا انجام
خسارہ ھي رھا - [١٠] خدا نے اُن کے لئے سخت عذاب تیار
کیا ھے - تو اے عقلمندو جو ایمان لائے ھو خدا سے ڈرو - اب
تو خدا نے تم پر کتاب اُتاري ھے - [١١] اور ایک رسول کہ وہ
تم کو خدا کي آیتیں صاف صاف پڑھہ کر سناتا ھے تا کہ جو
لوگ ایمان رکھتے اور نیک کام کرتے ھیں اُن کو اندھیروں سے
نکال کر روشني میں لے جائے - اور جو کوئي خدا پر ایمان

لائے اور نیک کام کرے تو وہ اُس کو جنت میں داخل کریگا کہ اُس کے نیچے سے نہریں جاری ہونگی - وہ ہمیشہ ہمیشہ اُسی میں رہینگے - خدا نے اُن کو اچھا رزق دیا ہے - [۱۲] خدا وہ ہے جس نے سات آسمان بنائے اور اُسی کے مانند زمین بھی - ان دونوں کے درمیان حکم نازل ہوتا رہتا ہے تا کہ تم جانو کہ خدا ہر چیز پر قادر ہے - اور یہہ بھی کہ خدا ہر چیز پر اپنے علم سے حاوی ہے -

سورۂ تحریم

مدنی - ۱۲ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ہے

[۱] اے نبی اپنی بیویوں کو خوش کرنے کے لئے تو اپنے اُوپر اُس چیز کو کیوں حرام کرتا ہے جو خدا نے تیرے لئے حلال کیا ہے ؟ اور خدا بخشنے والا اور رحم کرنے والا ہے - [۲] تم لوگوں کے لئے خدا نے تمہاری (لغو) قسموں کے توڑ ڈالنے کا بھی حکم رکھا ہے - اور خدا تمہارا مالک ہے - اور وہی خوب جاننے والا اور حکمت والا ہے - [۳] اور جب نبی نے اپنی کسی بیوی سے ایک بات چھپا کر کہی اور جب اُس نے اُس کی خبر دے دی اور خدا نے اُس پر اِس بات کو ظاہر کر دیا تو اُس نے کچھہ کہا اور کچھہ ٹال دیا - تو جب اُس نے اُس بیوی سے کہہ دیا تو اُس نے کہا کہ تجکو کس نے اس بات کی خبر دی ؟ وہ بولا کہ مجکو علم اور خبر رکھنے والے خدا نے اس کی خبر دی ہے - [۴] اگر تم دونوں خدا کے حضور میں توبہ کرو - کیونکہ تمہارے دل کج ہوگئے ہیں - اور اگر

تم دونوں اس بات میں ایك دوسرے كي پشت پناهي كروگي
تو اُس کا دوست خدا اور جبریل اور نیك مومن هیں - اور
اُن کے علاوہ فرشتے بھي اُس کے پشت پناہ هیں - [٥] اگر وہ
تم کو طلاق دے دے تو کچھہ بعید نہیں کہ اُس کا پروردگار
تمھارے بدلے اُس کو تم سے بہتر بیویاں دے جو مسلمان ایمان
والي فرماں بردار توبہ کرنے والي عبادت کرنے والي روزہ رکھنے
والي شوهر دیکھی هوئي اور کنواریاں هوں - [٦] مومنو اپنے
آپ کو اور اپنے لوگوں کو دوزخ کي آگ سے بچاؤ جس کے
ایندھن آدمي اور پتھر هونگے جس پر سخت دل اور زور آور
فرشتے مقرر هیں کہ جو کچھہ خدا اُن کو حکم کرتا ھے
اس سے نا فرماني نہیں کرتے اور کرتے هیں جو کچھہ اُن کو
حکم دیا جاتا ھے - [٧] اے کفر کرنے والو آج کے دن عذر
نہ کرو تم کو تو بس تمھارے کئے کا بدلہ دیا جائیگا -
[٨] مومنو خدا کے حضور میں خالص دل سے توبہ کرو -
شاید تمھارا پروردگار تم سے تمھاري برائیاں دور کرے اور تم کو
جنت میں داخل کرے کہ اُس کے نیچے سے نہریں جاري
هونگي - اس دن کہ خدا اپنے نبي کو اور اُس کے ساتھہ ایمان
والوں کو رسوا نہ کریگا - اُن کا نور اُن کے آگے اور اُن کے
داهني طرف دوڑتا هوگا - اور وہ کہینگے کہ اے همارے پروردگار
همارے نور کو همارے لئے پورا کردے اور هم کو بخش دے -
بے شك تو هر چیز پر قادر ھے - [٩] اے نبي کافروں سے اور
منافقوں سے جہاد کر اور اُن پر تشدد کر - اُن کا ٹھکانا تو
بس جہنم ھے اور وہ پھر جانے کي بُري جگہ ھے - [١٠] خدا
نے کافروں کے لئے نوح کی بیوي اور لوط کي بیوي کي مثال
بیان کیا ھے - دونوں همارے دو نیك بندوں کے ماتحت تھیں -

مگر اُن دونوں نے اُن کو دغا دي - تو خدا کے مقابلے میں وہ
اُن کے کچھہ بھي کام نہ آئے اور اُن سے کہا گیا کہ تم دونوں
داخل ہونے والوں کے ساتھہ دوزخ کي آگ میں داخل ہو -
[۱۱] اور خدا نے ایمان والوں کے لئے فرعون کي بیوي کي مثال
بیان کي ہے - جب اُس عورت نے کہا کہ اے میرے پروردگار
میرے لئے جنت میں اپنے پاس ایک گھر بنا اور مجکو فرعون اور
اُس کے کئے سے بچا - اور مجکو ظالم لوگوں سے بچا - [۱۲] اور
مریم بنت عمران جس نے اپني عصمت کي محافظت کي اور ہم
نے اس میں اپني روح پھونک دی اور وہ اپنے پروردگار کے کلام اور
اُس کي کتابوں کو مانتي تھي اور خدا کي فرماں بردار تھي -

سورهٔ مُلک

مکي - ۳۰ آیتیں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحیم ہے

[۱] وہ بہت برکت والا ہے جس کے ہاتھہ میں سلطنت
ہے اور وہي ہر چیز پر قادر ہے - [۲] جس نے موت اور حیات
بنایا کہ تم کو آزمائے کہ تم سب اپنے کئے کے اعتبار سے کون سب
سے اچھا ہے - اور وہي زبردست بخشنے والا ہے - [۳] جس نے
تلے اوپر سات آسمان بنا دئے - تو خداے رحمان کے بنانے میں
کچھہ بھي کسر نہ دیکھیگا - ایک نظر تو دوڑا - کیا تو کچھہ
بھي خرابي دیکھتا ہے ؟ [۴] پھر دو بارہ اپني نظر دوڑا -
تیري نظر ذلیل ہوکر اور تھک کر پھر آئیگي - [۵] اور ہم نے
دنیا کے آسمان کو چراغوں سے زینت دي ہے - اور ہم نے اُن کو
شیطانوں کے لئے ایک زد بنا رکھا ہے اور ہم نے اُن کے لئے ایک

دھکتي ھوئي آگ تیار کر رکھي ھے - [٦] اور جو لوگ اپنے
پروردگار سے کفر کرتے ھیں اُن کے لئے جہنم کا عذاب ھے -- اور وہ
بُرا ٹھکانا ھے - [٧] جب یہہ اس میں ڈالے جائینگے تو وہ
اُس کا چلانا سنینگے اور یہہ جوش مارتا ھوگا - [٨] کچھہ بعید
نہیں کہ یہہ غصہ سے پھٹ جائے - جب جب اُس میں کوئي
جماعت ڈالي جائيگي تو اُس کے چوکیدار اُس سے پوچھینگے کیا
تمھارے پاس کوئي ڈرانے والا نبی نہیں آیا ؟ [٩] وہ کہینگے
ھاں - ھمارے پاس ڈرانے والا آیا - مگر ھم نے اُن کو جھٹلایا
اور کہا کہ خدا نے کوئي چیز نہیں اُتاری - تم تو بس بڑي
گمراھي میں ھو - [١٠] اور وہ کہینگے کہ اگر ھم سنتے اور
عقل ھي رکھتے تو ھم دھکتي ھوئي آگ کے رھنے والوں میں نہ
ھوتے - [١١] تو وہ اپنے گناھوں کا اقرار کرینگے - پس دھکتي
ھوئي آگ کے رھنے والوں پر لعنت ھے - [١٢] جو لوگ اپنے
پروردگار سے غائبانہ ڈرتے ھیں اُن کے لئے بخشش اور بڑا اجر
ھے - [١٣] اور تم اپني بات چھپاؤ یا اُسے پکار کر کہہ دو تو
بھي وہ سینے کي باتوں کو خوب جانتا ھے - [١٤] کیا جس نے
پیدا کیا ھے وہ نہیں جانتا ؟ اور وہ تو لطیف اور خبر رکھنے
والا ھے -

[١٥] وھي ھے جس نے تمھارے لئے زمین کو مسخر کردیا
کہ اُس کي چلنے کي جگہوں پر چلو اور اُس کا دیا ھوا
کھاؤ - اور زندہ ھوکر پھر اُسي کي طرف جانا ھے -
[١٦] کیا تم اس سے نڈر ھوگئے جو آسمان میں ھے کہ وہ تم
کو زمین میں نہ دھنسا دیگا کہ وہ جنبش کرنے لگے ؟
[١٧] کیا تم اس سے نڈر ھوگئے جو آسمان میں ھے کہ وہ تم
پر پتھروں کي مینہہ نہ برسائیگا ؟ مگر تم عنقریب جان

جاؤگے کہ میرا ڈرانا کیسا ھے - [۱۸] اور جو لوگ اُن سے پہلے
تھے اُنھوں نے بھی جھٹلایا تھا - مگر میرا عذاب کیسا ھوا ؟
[۱۹] کیا یہہ پرندوں کو نہیں دیکھتے جو اُن کے اُوپر پر
کھولے اور سمیٹے ھوئے اُڑتے ھیں - اُن کو بھي تو بس خداے
رحمان تھامے رھتا ھے - بے شك وہ ھر چیز کا دیکھنے والا
ھے - [۲۰] ایسا کون ھے جو تمھارے لئے لشکر بن کر خداے
رحمان کے مقابلے میں تمھاری مدد کرے ؟ کافر تو بس دھوکے
میں ھیں - [۲۱] یا کون ھے جو تم کو رزق دیگا اگر وہ اپنا
رزق روك لے ؟ یہہ تو بس سرکشي میں اور بھاگنے میں لگے
ھیں - [۲۲] تو کیا جو شخص اپنے منہہ کے بل اوندھا ھوکر
چلے کیا وہ زیادہ ھدایت پر ھے یا وہ جو سیدھي راہ پر سیدھا
چلے ؟ [۲۳] تو کہہ دے کہ وھي ھے جس نے تم کو پیدا کیا
اور تمھارے لئے کان اور آنکھہ اور دل بنائے - بہت ھی کم تم
شکر کرتے ھو ؟ [۲۴] تو کہہ دے کہ وھي ھے جس نے تم کو
دنیا میں پھیلادیا اور تم کو اسي کي طرف اکتھا ھونا ھے -
[۲۵] اور یہہ کہتے ھیں کہ اگر تم سچ کہتے ھو تو بتاؤ کہ
یہہ وعدہ کب کا ھے - [۲٦] تو کہہ دے کہ اس کا علم تو بس
خدا ھي کو ھے - اور میں تو بس صاف صاف ڈرانے والا ھوں -
[۲۷] تو جب یہہ اُس کو نزدیك ھوتے دیکھینگے تو جو لوگ
کفر کرتے ھیں اُن کے چھرے بگڑ جائینگے اور اُن سے کہا جائیگا
کہ یہي ھے جو تم مانگا کرتے تھے - [۲۸] تو کہہ دے کہ کیا
تم نے نظر کي ھے کہ اگر خدا مجھکو اور جو کوئي میرے ساتھہ
ھیں سب کو ھلاك کر ڈالے یا ھم پر رحم کرے تو بھي کافروں کو
دردناك عذاب سے کون پناہ دیگا ؟ [۲۹] تو کہہ دے کہ وھي
خداے رحمان ھے - ھم اُس پر ایمان لائے - اور ھم اُسي پر

توکل کرتے هیں - اور تم عنقریب جان جاؤگے که کون صریح
گمراهي میں هے - [۳۰] تو کهه دے کیا! تم نے نظر کي که
اگر تمهارا پاني خشك هوجائے تو کون هے جو تم کو بهتا هوا
پاني لادیگا ؟

سورۂ قلم

مکي - ۵۲ آیتیں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحیم هے

[۱] ن - قلم اور اُس چیز کي قسم جو لوگ لکھتے هیں -
[۲] تیرے پروردگار کے فضل سے تو مجنون نهیں - [۳] اور
تیرے لئے تو وہ اجر هے جو منقطع نهیں هونے کا - [۴] اور تو
بڑا اخلاق والا هے - [۵] اور عنقریب تو بهي دیکھیگا اور وہ
بهي دیکھینگے [۶] که تم میں سے کون فتنه هے - [۷] بے شك
تیرا پروردگار خوب جانتا هے کون اُس کي راہ سے بھٹکا هوا
هے اور وهي خوب جانتا هے کون هدایت پر هے - [۸] تو
جھٹلانے والوں کي بات نه مان - [۹] وہ چاهتے هیں که
اے کاش تم نرمي کرو تو وہ بهي کرینگے - [۱۰] اور کسي
ذلیل قسم کھانے والے کي بات نه مان - [۱۱] اور نه کسي
چغلخور کي جو چغلي کھاتا پھرے [۱۲] اور خیر کے کاموں
سے منع کرے اور زیادتي کرنے والے گنهگار [۱۳] گردن کش کي
اُس کے علاوہ بدنام کي - [۱۴] یهه بهي محض اِس لئے که وہ
صاحب مال اور اولاد هے - [۱۵] جب اُس کو هماري آیتیں
پڑھ کر سنائي جاتي هیں تو وہ کهتا هے که یهه اگلوں کي
کهانیاں هیں - [۱۶] هم عنقریب اُس کے ناك پر داغ دے

دینگے - [۱۷] هم نے اُن کو آزمایا هے جیسا هم نے باغ والوں
کو آزمایا تھا که جب اُنھوں نے قسم کھائي که وہ ضرور صبح
هوتے هي اس کو کاتینگے [۱۸] اور اُنھوں نے استثنا نهیں
کیا - [۱۹] تو اُن کے اُوپر تیرے پروردگار کي طرف سے ایك
عذاب آپڑا جب وہ پڑے سوتے هي تھے - [۲۰] تو وہ صبح
کو گویا جڑ سے کٹا هوا پڑا تھا - [۲۱] تو صبح هوتے وہ ایك
دوسرے کو پکارنے لگے [۲۲] که اگر تم کو کاٹنا هے تو سویرے
اپني کھیتي پر چلو - [۲۳] تو وہ چلے اور چپکے چپکے باتیں
کرتے جاتے تھے - [۲۴] که آج کے دن وهاں کوئي فقیر تمھارے
پاس نه آئیگا - [۲۵] اور سویرے هي وہ اپنے بخل پر اڑے
هوئے چلے - [۲۶] مگر جب وهاں دیکھا تو بولے هم سچ
مچ بھٹك گئے هیں - [۲۷] نهیں - هم تو محروم هي رهے -
[۲۸] اُن میں سے جو بهتر تھا اُس نے کھا که کیا میں نے
تم سے نهیں کها تھا که تم خدا کي تسبیح کیوں نهیں کرتے ؟
[۲۹] وہ بولے که همارا پروردگار پاك هے - هم نے اپنے آپ پر
ظلم کیا - [۳۰] تو اُن میں سے ایك دوسرے کو منهہ پر
ملامت کرنے لگا - [۳۱] بولے اے افسوس هم نے زیادتي
کي - [۳۲] کچھہ بعید نهیں که همارا پروردگار اس کے بدلے
هم کو اس سے بهتر دے - هم اپنے پروردگار کي طرف رجوع کرتے
هیں - [۳۳] اِسي طرح عذاب هوا - اور آخرت کا عذاب
تو ضرور بڑهہ کر هے - اے کاش یهہ جانتے هوتے -

[۳۴] پرهیزگاروں کے لئے اُن کے پروردگار کے هاں نعمتوں کي
جنت هے - [۳۵] تو کیا هم مسلمانوں کو گنهگاروں کي طرح
کردیں گے ؟ [۳۶] تم کو کیا هو گیا هے ؟ کس طرح حکم
لگاتے هو ؟ [۳۷] کیا تمھارے پاس کوئي کتاب هے جس کو تم

پڑھتے هو [٣٨] که وهاں تم کو ملیگا جو تم کو اچها لگیگا ؟
[٣٩] کیا تمهارے لئے هم پر کوئي قسم فرض هے که وه روز
قیامت تك چلي جائے که تم کو ملیگا جس کا تم حکم
لگاؤگے ؟ [٤٠] اُن سے پوچهه که ان میں سے کون اِس بات کا
ضامن هے ؟ [٤١] کیا اُن کے شریك دار بهي هیں ؟ تو اگر
یهه سچ کهتے هیں تو چاهئے که اپنے شریك داروں کو بهي
بلائیں - [٤٢] جس دن پنڈلي کهل جائیگي * اور اُن کو
سجدے کے لئے بلایا جائیگا تو وه سجده نه کرسکینگے -
[٤٣] اُن کي نظریں نیچي هونگي اور اُن کو ذلت ڈهانکے
هوگي - اُن کو تو پهلے بهي سجدے کے لئے بلایا گیا تها اور
وه صحیح و سالم بهي تهے - [٤٤] تو اُس شخص کو جو
اس بات کو جهٹلاتا هے میرے لئے چهوڑ دے - هم عنقریب
اُس کو آهسته آهسته اُس طرف سے گرائینگے جس طرف کا
اُس کو علم نهیں - [٤٥] اور میں اُن کو مهلت دونگا -
میري تدبیر بڑي پکي هے - [٤٦] کیا تو اُن سے کچهه اُجرت
مانگتا هے ؟ وه تو تاوان سے بوجهل هوئے جاتے هیں -
[٤٧] کیا وه غیب کي بات جانتے هیں اور اُس کو لکهه
رکهتے هیں ؟ [٤٨] تو اپنے پروردگار کے حکم کے لئے صبر کر اور
ذوالنون کي طرح نه بن - که جب وه پکارتا تها اور اندر
هي اندر گهٹتا جاتا تها - [٤٩] اگر اُس پر اُس کے پروردگار کي
نعمت نه هوتي تو وه ملامت کے ساتهه چٹیل میدان پر پهینك
دیا گیا هوتا - [٥٠] مگر اُس کو اُس کے پروردگار نے برگزیده
کیا - اور نیك لوگوں میں داخل کیا - [٥١] اور کافر تو
عنقریب اپني نظروں سے تجهکو ڈگاتا هي چاهتے هیں جب وه

---

* یهه ایک عربي محاوره هے جس کے معني هیں که مصیبت یکایک آن پڑیگي -

قرآن سنتے هيں اور کہتے هيں که يهه تو ضرور ايك مجنون
هے - [۵۲] مگر پهر بهي يهه تمام دنيا جهان کے لئے ايك
نصيحت هے -

سورۂ حاقه

مکی - ۵۲ آيتيں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحيم هے

[۱] هونے والي بات ! [۲] هونے والي بات کيا چيز هے ؟
[۳] اور تو کيا جانے که هونے والي بات کيا هے ؟ [۴] ثمود اور
عاد نے قيامت کو جهتلايا - [۵] تو جو ثمود تهے وہ ايك کڑك
سے هلاك هوئے [۶] اور جو عاد تهے وہ بهي سخت باد صرصر
سے هلاك هوئے - [۷] که سات رات اور آتهه دن اُس نے اس کو
ان پر لگا رکها - تو ان لوگوں کو وهاں گرا هوا ديکهتا گويا
که وہ کهجور کي کهوکهلي لکڑياں هيں - [۸] تو کيا تو ان
ميں سے کسي کو بهي باقي ديکهتا هے ؟ [۹] اور فرعون اور جو
لوگ اُس سے پهلے تهے اور اُلٹي هوئي بستيوں کے رهنے والے سب
گنهگار تهے - [۱۰] اور انهوں نے اپنے پروردگار کے رسول سے سرکشي
کي تو اُس نے ان کو سختي ميں گرفتار کيا - [۱۱] جب پاني
نے طغياني کي تو هم نے تم کو کشتي پر چڑها ليا [۱۲] تاکه
هم اس کو تمهارے لئے ايك يادگار بنائيں اور ياد رکهنے والے
کان اس کو ياد رکهيں - [۱۳] تو جب صور ايك بار پهونکا
جائيگا - [۱۴] اور زمين اور پهاڑ اُتهائے جائينگے اور ايك دم توڑ
ڈالے جائينگے - [۱۵] تو اُس دن وہ واقعه واقع هوگا - [۱۶] اور
آسمان پهٹ جائيگا اور اُس دن وہ واهيات هو جائيگا - [۱۷] اور

اُس کے کناروں پر فرشتے هونگے اور اُس دن تیرے پروردگار کے
عرش کو آتهہ فرشتے اپنے اوپر اُتهائے هونگے - [١٨] اُس دن
تم سامنے لائے جاؤگے اور تمهاري کوئي بات چهپي نه رهيگي -
[١٩] تو وہ شخص جس کو اُس کي کتاب داهنے هاتهہ میں
دي جائيگي وہ کهيگا که لو میري اس کتاب کو پڑهو تو -
[٢٠] میں تو خيال کرتا هي تها که میرا یهہ حساب مجکو
ملے هي گا - [٢١] تو وہ خوشي کي زندگي میں هوگا -
[٢٢] اونچے باغوں میں [٢٣] که اُس کے میوے جهکے هونگے -
[٢٤] " شوق سے کهاؤ اور پيؤ به سبب اس کے جو تم نے گزشته
دنوں میں کیا هے " - [٢٥] اور وہ شخص جس کو اُس کي
کتاب بائیں هاتهہ میں دي جائيگي تو وہ کهيگا که اے کاش
مجکو میرا یهہ نامه نه ملا هوتا - [٢٦] اور نه میں اپنے اس
حساب کو هي جانتا - [٢٧] اے کاش یهي میرا خاتمه هوا
هوتا - [٢٨] میرا مال میرے کچهہ کام نهیں آتا - [٢٩] میري
سلطنت مجهہ سے جاتي رهي - [٣٠] " اس کو پکڑو اور طوق
پهناؤ [٣١] اور اس کو جلتي هوئي آگ میں ڈالو [٣٢] اور
اس کو ستر هاتهہ لمبي زنجیر میں باندهو - [٣٣] یهہ خدائے
بزرگ پر ایمان نهیں لاتا تها - [٣٤] اور نه لوگوں کو غریبوں
کو کهلانے کي ترغیب دیتا تها - [٣٥] تو آج کے دن یهاں اس
کا کوئي دوست نهیں - [٣٦] اور نه کهانا سوا زخموں کے
دهوون کے - [٣٧] اُس کو بس گنهگار هي کهائینگے -
[٣٨] تو میں اُس چیز کي قسم کهاتا هوں جو تم دیکهتے
هو [٣٩] اور جو تم نهیں دیکهتے [٤٠] یهہ ایک بزرگ رسول
کا قول هے - [٤١] اور یهہ شاعر کا قول نهیں - تم بهت هي
کم مانتے هو - [٤٢] اور نه یهہ کاهن کا قول هے - تم بهت هي

کم غور کرتے هو - [۴۳] یهه پروردگار عالم کا اُتارا هوا هے - [۴۴] اور اگر یهه کوئی بات هماری طرف سے بنا لیتا [۴۵] تو هم اُس کا ضرور داهنا هاتهه پکڑتے [۴۶] پھر اُس کي گردن کاٹ ڈالتے - [۴۷] اور تم میں سے کوئي بھي هم کو اُس سے روک نه سکتا - [۴۸] اور یهه تو پرهیزگاروں کے لئے نصیحت هے - [۴۹] اور هم خوب جانتے هیں که تم میں سے بعض اس کو جھٹلاتے هیں - [۵۰] مگر یهه کافروں کے لئے موجب حسرت هوگا - [۵۱] اور یهه یقیني حق هے - [۵۲] پس اپنے پروردگار عالی شان کے نام کی تسبیح کر -

سورهٔ معارج

مکی - ۴۴ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم هے

[۱] ایک پوچھنے والے نے اُس عذاب کے بارے میں پوچھا جو هونے والا هے [۲] کافروں پر - جس کو کوئي نهیں روک سکتا [۳] خدا کے مقابلے میں جو سیڑھیوں کا مالک هے - [۴] که اُن سے فرشتے اور روح اُس کی طرف ایک دن میں چڑھتے هیں اور اُس کا انداز پچاس هزار برس کا هے - [۵] پس خوبصورتی کے ساتهه صبر کر - [۶] یهه اُس کو دور دیکھتے هیں [۷] اور هم اس کو قریب دیکھتے هیں - [۸] جس دن آسمان پگھلے هوئے تانبے کي طرح هو جائیگا - [۹] اور پهاڑ دُهني هوئي روئي کے مانند هو جائینگے [۱۰] اور کوئي دوست کسي دوست سے بات تک نه پوچھیگا [۱۱] وہ ایک دوسرے کو دیکھینگے - گنهگار چاهیگا که اے کاش وہ اس دن کے عذاب

سے بچنے کے لئے اپنے بیٹوں کو فدیہ دے سکے [۱۲] اور اپني
بیوي اور اپنے بھائي کو بھي - [۱۳] اور اپنے کنبے کو جو اُس کو
پناہ دیتے تھے - [۱۴] اور جو سب زمین میں ھیں اُن کو بھي
کہ یہہ اُس کو نجات دلائے - [۱۵] ھرگز نہیں - وہ شعلے
والي آگ [۱۶] منھہ کي کھال تک اُدھیڑ دیگي - [۱۷] یہہ
ان لوگوں کو بلائیگي جو پیٹھہ پھیر کر چل دئے [۱۸] اور
مال جمع کئے اور بند کر رکھے - [۱۹] آدمي تو بے صبر پیدا
کیا گیا ھے - [۲۰] جب اُس کو برائي پہنچتي ھے تو وہ
اِضطراب کرتا ھے - [۲۱] اور جب اُس کو بھلائي پہنچتي ھے
تو اپنے تئیں (اچھے کاموں سے) روک لیتا ھے - [۲۲] مگر نماز
پڑھنے والے [۲۳] جو اپني نمازوں پر قائم رھتے [۲۴] اور
جن کے مال میں ایک حصہ مقرر رھتا ھے [۲۵] مانگنے والوں
اور بے مانگنے والوں کے لئے - [۲۶] اور جو لوگ روز جزا کي
تصدیق کرتے ھیں [۲۷] اور جو اپنے پروردگار کے عذاب سے ڈرتے
ھیں - [۲۸] ان کے پروردگار کے عذاب سے کوئي نہیں بچنے
کا - [۲۹] اور جو لوگ اپني شرمگاھوں کو بچائے رکھتے
ھیں - [۳۰] مگر اپني بیویوں اور اُن سے جو اُن کے ھاتھہ
میں ھیں تو اُن پر کوئي الزام نہیں - [۳۱] مگر جو لوگ
اس کے علاوہ اور کي خواھش کرتے ھیں تو وہ زیادتي کرنے والے
ھیں - [۳۲] اور جو لوگ اپني امانت اور اپنے عھد کا خیال
رکھتے [۳۳] اور جو لوگ اپني گواھي پر قائم رھتے [۳۴] اور
جو لوگ اپني نماز کي خبر رکھتے ھیں - [۳۵] تو یہي لوگ
عزت کے ساتھہ جنت میں ھونگے -

[۳۶] تو ان کافروں کو کیا ھو گیا ھے کہ یہہ تیرے سامنے
دوڑے چلے آتے ھیں ؟ [۳۷] اور گروہ بن کر داھني طرف سے اور

بائیں طرف سے - [۳۸] کیا ان میں سے هر شخص چاهتا هے
که نعمت والي جنت میں داخل هو ؟ [۳۹] هرگز نهیں - وه
جانتے هیں هم نے ان کو کس چیز کا بنایا هے - [۴۰] تو میں
پورب اور پچهم کے پروردگار کي قسم کهاتا هوں که هم اس پر
قدرت رکهتے هیں - [۴۱] که ان سے بهتر ان کے بدلے اوروں
کو لے آئیں - اور هم عاجز نهیں هونے کے - [۴۲] تو ان کو
چهوڑ دے که یهه جهگڑیں اور کهیلیں یهاں تک که ان کے
آگے وه دن آجائے جس کا ان سے وعده کیا گیا هے - [۴۳] جس
دن یهه قبروں سے دوڑتے هوئے نکلینگے گویا که یهه بتوں کے
تهانوں کي طرف دوڑے جاتے هیں [۴۴] ان کي آنکهیں
نیچي هونگي ان پر ذلت چهائي هوگي - وهي دن هوگا
جس کا ان سے وعده کیا جاتا هے -

سورۂ نوح

مکي - ۲۸ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم هے

[۱] هم نے نوح کو اُس کي قوم کي طرف بهیجا که اپني
قوم کو ڈراؤ قبل اِس کے که اُن پر ایک عذاب دردناک آ پڑے -
[۲] بولا اے میري قوم میں تم کو صاف صاف ڈرانے والا هوں
[۳] که تم خدا کي عبادت کرو اور اُس سے ڈرو اور میري اِطاعت
کرو - [۴] وه تم کو تمهارے گناه بخش دیگا - اور وه تو تم کو
ایک وقت مقرر تک ڈهیل دیتا هے - جب خدا کا مقرر وقت
آ جائیگا تو یهه ٹالا نه جائیگا - اے کاش تم جانتے هوتے -
[۵] بولا اے میرے پروردگار میں نے رات اور دن اپني قوم کي

دعوت کي [۶] مگر میري دعوت سے یہہ بھاگتے هي رهے -
[۷] اور حب جب میں نے ان کي دعوت کي که تو ان کو بخش
دے اُنھوں نے اپنے کانوں میں اُنگلیاں ڈال لیں اور اپنے کپڑے
اُوڑھہ لئے اور اڑ بیٹھے اور تکبر کئے - [۸] پھر میں نے اُن کو
پکارکر دعوت کي - [۹] پھر اُن سے ظاهر طور پر بھي کہہ دیا
اور اُن کو پوشیدہ بھي کہا [۱۰] اور میں نے کہا که اپنے پروردگار
سے بخشش مانگو - بے شك وہ بخشنے والا هے - [۱۱] وہ تم پر
برستا هوا مینہہ بھیجیگا [۱۲] اور مال اور اولاد سے تمھاري
مدد کریگا اور تمھارے لئے باغ بنائیگا اور تمھارے لئے نہریں
جاري کریگا - [۱۳] تم کو کیا هو گیا هے که تم خدا کي کسي
بڑي مشیئت کي اُمید نہیں رکھتے ؟ * [۱۴] اور اُس نے تم کو
رفته رفته پیدا کیا هے - [۱۵] کیا تم نہیں دیکھتے که خدا نے
کس طرح سے سات آسمان ایك کے اوپر ایك بنایا هے؟ [۱۶] اور
ان میں چاند کو روشني کے لئے بنایا اور سورج کو چراغ بنایا -
[۱۷] اور خدا نے تم کو زمین سے آهسته آهسته پیدا کیا -
[۱۸] پھر وہ تم کو اسي میں پھیر لے جائیگا اور پھر تم کو
نکال کھڑا کریگا - [۱۹] اور خدا هي نے تمھارے لئے زمین کو
بچھونا بنایا هے [۲۰] که اُس کے کشادہ راهوں میں چلو -

[۲۱] نوح نے کہا اے میرے پروردگار یہہ مجھہ سے
سرکشي کرتے هیں اور اُن لوگوں کی پیروي کرتے هیں جن کو
ان کے مال اور ان کي اولاد نے اور بھي خسارے میں ڈال رکھا
هے - [۲۲] تو اُنھوں نے بڑي بڑي تدبیریں کیں [۲۳] اور
بولے که اپنے معبودوں کو نه چھوڑو - نه ود کو چھوڑو اور نه
سُواع کو اور نه یغوث کو اور نه یعوق کو اور نه نسر کو -

* دوسرے معني یہہ هونگے که تم خدا کي بزرگي کے قائل نہیں ؟

[۲۴] اور يهہ بهتيروں کو گمراہ کر چکے هيں - اور ظالموں کو بس اور بهي گمراهي ميں ڈال دے [۲۵] تو يهہ اپنے هي گناهوں کي وجہ سے غرق کر دئے گئے - پهر دوزخ کي آگ ميں ڈال دئے گئے - اور اُنهوں نے خدا کے مقابلے ميں کسي کو مددگار نہ پايا - [۲۶] اور نوح نے کہا کہ اے ميرے پروردگار دنيا ميں کافروں ميں سے ايک کو بهي بسنے نہ دے - [۲۷] اگر تو ان کو چهوڑ ديگا سو يهہ تيرے بندوں کو ضرور گمراہ کرديںگے اور بس بدکار اور کافر هي بيدا کرينگے - [۲۸] اے ميرے پروردگار مجکو بخش دے اور ميرے ماں باپ کو اور جو کوئي ميرے گهر ميں مومن بن کر آئے اور ايمان والے مردوں کو اور ايمان والي عورتوں کو بهي - اور ظالموں کو بس اور بهي تباهي ميں ڈال دے -

سورۂ جن

مکي - ۲۸ آيتيں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحيم هے

[۱] تو کہہ دے کہ مجکو وحي سے معلوم هوا هے کہ جن ميں سے کئي شخصوں نے سنا اور کہا کہ هم نے عجيب قرآن سنا [۲] جو ٹهيک بات کي هدايت کرتا هے - اور هم اس پر ايمان لائے - اور هم کسي کو بهي اپنے پروردگار کا شريک نہ ٹهہرائينگے - [۳] اور همارے پروردگار کي عزت بهت بڑي هے - اُس نے نہ کسي کو بيوي بنايا اور نہ کسي کو اپني اولاد - [۴] اور هم ميں کچهہ بے‌وقوف هيں جو خدا پر بڑهہ بڑهہ کر باتيں بناتے هيں - [۵] اور هم خيال کرتے تهے کہ آدمي اور

جن كوئي بهي خدا پر جهوت نهيں بول سكتا - [٦] اور
آدميوں ميں سے كچهه لوگ ايسے هيں جو جنوں ميں سے
كچهه لوگوں كي پناه ليتے هيں - اور أنهوں نے أن كے تكبر كو
اور بهي زياده بڑها ديا - [٧] اور وه خيال كرتے تهے جيسا تم
خيال كرتے تهے كه خدا كبهي بهي كسي كو نبي بنا كر نهيں
بهيجيگا - [٨] اور هم نے آسمان كو تٹولا تو أس كو بڑے
مضبوط چوكيوں اور شهابوں سے بهرا پايا - [٩] اور هم تو
وهاں بيٹهنے كي جگهوں ميں بيٹهه كر سنا كرتے تهے - مگر اب
جو كوئي سنتا هے تو اپنے لئے ايك شهاب كو گهات لگائے پاتا
هے - [١٠] اور هم نهيں جانتے كه جو لوگ زمين ميں هيں
أن كے لئے كچهه برائي كرنا منظور هے يا أن كا پروردگار أن كے
حق ميں كچهه بهلائي كرنا چاهتا هے - [١١] اور هم ميں
نيك بهي هيں اور اور طرح كے بهي - هم مختلف طريقوں
پر هيں - [١٢] اور هم نے خيال كيا كه نه تو هم زمين هي
ميں خدا كو عاجز كر سكتے هيں اور نه أس كو بهاگ كر عاجز
كر سكتے هيں - [١٣] اور جب هم نے هدايت كي بات سني
تو هم أس پر ايمان لے آئے - اور جو كوئي اپنے پروردگار پر ايمان
لائے تو أس كو كسي طرح كي كمي كا ڈر نه هوگا اور نه ظلم كا -
[١٤] اور هم ميں مسلمان بهي هيں اور ظالم بهي - جو كوئي
إسلام لايا وهي ٹهيك راه پا گيا - [١٥] اور جس كسي نے ظلم
كيا تو وهي دوزخ كے كندے بن گئے - [١٦] اور اگر يهه سيدهے
طريقے پر قائم رهتے تو هم أن كو ضرور وافر پاني سے سيراب
كرتے [١٧] تا كه هم أس سے أن كي آزمايش كريں - اور جو
كوئي اپنے پروردگار كي ياد سے پهر گيا تو وه أس كو سخت عذاب
ميں داخل كريگا - [١٨] اور معبد تو سب خدا كے هيں -

تو خدا کے ساتھہ کسي کو نہ پکارو - [۱۹] اور جب خدا کا بندہ کھڑا ہوکر اُس کو پکارتا ہے تو عنقریب یہہ اُس کو آ گھیرتے ہیں -

[۲۰] تو کہہ دے کہ میں تو بس اپنے پروردگا کو پکارتا ہوں اور کسي کو اُس کا شریك نہیں کرتا - [۲۱] تو کہہ دے کہ میں تمھارے نقصان اور بھلائي کا بھي اختیار نہیں رکھتا - [۲۲] تو کہہ دے کہ مجکو خدا سے کوئي نہیں بچا سکتا - اور نہ اُس کے سوا میں کوئي پناہ کي جگہ پا سکتا ہوں - [۲۳] مگر یہہ میں خدا کے احکام اور اُس کے پیغام پہنچا دوں - اور جو کوئي خدا اور اُس کے رسول سے سرکشي کرے تو اُس کے لئے جہنم کي آگ ہے کہ وہ ہمیشہ ہمیشہ اُسي میں رہیگا - [۲۴] یہاں تك کہ جب وہ دیکھہ لینگے جو کچھہ ان سے وعدہ کیا گیا ہے تو وہ ضرور جان جائینگے کہ مدد کے اِعتبار سے کون ضعیف ہے اور عدد میں کون کم ہے -

[۲۵] تو کہہ دے کہ میں نہیں جانتا کہ جو کچھہ تم سے وعدہ کیا گیا ہے آیا وہ نزدیك ہے یا میرا پروردگار اُس کو دیر میں لائیگا - [۲۶] وہ غیب کا جاننے والا ہے اور اپنے غیب کي بات کسي پر ظاہر نہیں کرتا - [۲۷] مگر رسولوں میں سے جس کو وہ پسند کرے - تو وہ اُن کے آگے اور اُن کے پیچھے چوکیدار رکھتا ہے [۲۸] تاکہ وہ جانے کہ انھوں نے اُس کے پیغام پہنچا دئے - اور وہ اُس چیز پر حاوي ہے جو اُن کے پاس ہے اور وہ ہر چیز کي گنتي کا حساب رکھتا ہے -

سورۂ مزمل

مکي - ۲۰ آیتیں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحیم ھے

[۱] اے چادر اُوڑھے ھوئے [۲] رات کو (نماز کے لئے)
کھڑے رھا کر مگر تھوڑي دیر [۳] یعني اُس کي آدھي - یا تو
اُس سے کچھھ کم ھي کر - [۴] یا اُس سے کچھھ زیادہ ھي
کرلے - اور قرآن کو آھستہ آھستہ پڑھہ - [۵] اب ھم
تجھھ پر ایك بڑا ذمہ دینے والے ھیں - [۶] رات کا اُٹھنا
نفس کے کچلنے میں بہت اچھا ھوتا ھے اور ٹھیك ٹھیك دعا
مانگنے میں بھي - [۷] کیونکہ دن کو تو تجکو بہت کام
رھتا ھے [۸] اور اپنے پروردگار کا نام یاد کر اور سب کچھھ
چھوڑ کر اُسي کي طرف لگ جا - [۹] وھي پورب اور پچھم
کا پروردگار ھے - اس کے سوا کوئي معبود نہیں - بس اُسي کو
اپنا کار ساز بناؤ - [۱۰] اور یہہ لوگ جوکچھہ کہتے ھیں
اُس پر صبر کر اور خوبصورتي کے ساتھہ ان سے الگ ھو جا -
[۱۱] اور جو لوگ جھٹلاتے ھیں اُن کو میرے لئے چھوڑ دے کہ
اُن کو ھم نے نعمت اور تھوڑي سي ڈھیل دی ھے - [۱۲] ھمارے
پاس بیڑیاں اور جلتي ھوئي آگ ھے - [۱۳] اور کھانا ھے کہ
گلے میں اٹکتا ھے اور دردناك عذاب بھي - [۱۴] جس دن
زمین اور پہاڑ کانپ اُٹھینگے اور پہاڑ بھربھرے ٹیلے ھو جائینگے -
[۱۵] ھم نے تمھارے پاس رسول بھیجا ھے کہ وہ تم پر گواھي
دیگا جیسا کہ ھم نے فرعون کے پاس رسول بھیجا تھا -
[۱۶] مگر فرعون نے رسول سے سرکشي کي تو ھم نے اُس کو
سخت عذاب میں گرفتار کیا - [۱۷] تو اگر تم بھي کفر

کروگے تو اُس دن کیونکر بچوگے جب وہ لڑکوں کو بوڑھا
کر دیگا - [۱۸] اُس سے آسمان پھٹ جائیگا - اور اُس کا وعدہ
پورا ہوکر رہیگا - [۱۹] یہہ تو ایک یاد دهاني هے - تو جو
کوئی چاهے اپنے پروردگار کي راہ لے -

[۲۰] تیرا پروردگار جانتا هے کہ تو (نمازوں میں) دو تہائي
رات یا اُس کا آدها یا اُس کي تہائی کھڑا رہ جاتا هے اور جو
تیرے ساتھہ ایمان لائے هیں اُن میں سے بھي ایک گروہ - اور
خدا رات اور دن دونوں کا اندازہ کرتا هے - وہ جانتا هے کہ تم
هرگز اس کو نہیں نباہ سکتے پس وہ تمهاري طرف پھرتا هے -
تو جو کچھہ هو سکے قرآن میں سے پڑھو - وہ جانتا هے کہ تم
میں کوئي بیمار بھي هوگا اور کچھہ ایسے بھي جو دنیا میں
خدا کا فضل ڈھونڈتے پھرینگے اور کچھہ ایسے بھي جو
خدا کي راہ میں لڑائی کرینگے - تو جو اس میں سے آسان هو
پڑھو - اور نماز پر قائم رهو اور زکواۃ دو اور خدا کو قرض حسنہ
دو - اور جو کچھہ اچھے کام تم اپنے لئے آگے بھیجوگے وہ خدا
هي کے هاں پاؤ گے - وہ بہتر هوگا اور اجر کے اِعتبار سے بھی
بڑا - اور خدا سے استغفار کرو - بے شک وہ بخشنے والا اور رحم
والا هے -

سورهٔ مدثر

مکي - ۵٦ آیتیں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحیم هے

[۱] اے چادر اوڑهے هوئے [۲] اُٹھہ اور (لوگوں کو) ڈرا -
[۳] اور اپنے پروردگار کي بڑائي کر - [۴] اور اپنے کپڑے پاک کر -

[۵] اور پلیدي سے الگ هو - [۶] اور زیادہ کرنے کے لئے کسي
پر اِحسان نہ کر - [۷] اور اپنے پروردگار کا منتظر رہ - [۸] جب
صور پھونکا جائیگا [۹] اُس دن تو وہ دن سخت هوگا -
[۱۰] کافروں کے لئے کچھ آساني نہ هوگي - [۱۱] میں نے
جس کو بنایا هے اُس کو میرے لئے چھوڑ دے [۱۲] کہ میں نے
اُس کو بہت مال دیا [۱۳] اور لڑکے جو اُس کے سامنے حاضر
رهتے هیں [۱۴] اور اُس کے لئے هر طرح کي آساني کر دي هے
[۱۵] پھر بھي وہ آرزو رکھتا هے کہ میں اُس کو اور بھي دوں-
[۱۶] هرگز نہیں - وہ تو هماري آیتوں کي مخالفت کرتا هے-
[۱۷] عنقریب میں اُس کو اُونچے پر چڑھاؤنگا - [۱۸] وہ تدبیر
میں لگا هے اور تدبیر کر رها هے - [۱۹] غارت هو - وہ کیسي
تدبیریں کر رها هے - [۲۰] پھر بھي وہ غارت هو - وہ کیسي
تدبیریں کر رها هے - [۲۱] پھر اُس نے دیکھا [۲۲] تو تیور
چڑھائي اور منہ بنا لیا - [۲۳] اور پیٹھ پھیر دیا اور تکبر
کیا - [۲۴] اور اُس نے کہا کہ یہہ تو بس جادو هے کہ شروع
سے چلا آتا هے - [۲۵] یہہ تو بس ایک آدمي کا قول هے -
[۲۶] عنقریب میں اُس کو دهکتي هوئي آگ میں جا داخل
کرونگا - [۲۷] اور تو کیا جانے دهکتي هوئي آگ کیا هے ؟
[۲۸] وہ نہ باقي رکھتي اور نہ چھوڑتي هے [۲۹] جھلس دیتي
هے چہرے کو - [۳۰] اُس پر اُنیس فرشتے هیں [۳۱] اور
هم نے بس فرشتوں هي کو آگ کا داروغہ بنایا هے اور ان کي گنتي
تو بس هم نے کافروں کي آزمایش کے لئے ٹھہرائي هے تا کہ جن
لوگوں کو کتاب دي گئي هے وہ یقین کر لیں اور ایمان والوں
کا ایمان اور بھي زیادہ هو اور تا کہ جو لوگ کتاب پا چکے
هیں اور جو ایمان رکھتے هیں وہ شک نہ کریں اور تا کہ

جن کے دلوں میں مرض ہے اور کافر کہیں کہ اس مثال سے خدا کی کیا غرض ہے ؟ اسی طرح خدا جس کو چاہے گمراہ کرے اور جس کو چاہے ہدایت کرے - اور تیرے پروردگار کے لشکروں کو بس وہی جانتا ہے - اور یہہ تو بس آدمیوں کے لئے ایک یاد دہانی ہے -

[۳۲] ہرگز نہیں - چاند کی قسم [۳۳] اور رات کی جب وہ گزرنے لگے - [۳۴] اور صبح کی جب وہ روشن ہو - [۳۵] یہہ ایک بڑی بات ہے - [۳۶] یہہ لوگوں کو ڈراوا ہے - [۳۷] تم میں سے اس شخص کو جو آگے بڑھنا چاہے یا پیچھے رہنا چاہے - [۳۸] ہر ایک جی اپنے کئے کے لئے گرفتار ہے - [۳۹] مگر داہنی طرف والے [۴۰] کہ وہ جنت میں پوچھتے ہونگے [۴۱] گنہگاروں سے [۴۲] کس چیز نے تم کو دہکتی آگ میں لایا ؟ [۴۳] وہ کہینگے کہ ہم نماز نہ پڑھتے تھے [۴۴] اور نہ ہم غریبوں کو کھانا کھلاتے تھے - [۴۵] اور ہم حجت کرنے والوں کے ساتھہ حجت کیا کرتے تھے - [۴۶] اور ہم روز جزا کو جھٹلاتے تھے - [۴۷] یہاں تک کہ یقینی امر نے آ لیا - [۴۸] تو اُن کو شفاعت کرنے والوں کی شفاعت نفع نہ دیگی - [۴۹] اور اُن کو کیا ہو گیا ہے کہ یہہ اس نصیحت سے منہہ پھیرتے ہیں [۵۰] گویا کہ یہہ گدھے ہیں کہ بھاگے جاتے ہیں ؟ [۵۱] شیر کے آگے سے بھاگے جاتے ہیں ؟ [۵۲] بلکہ ان میں کا ہر ایک آدمی چاہتا ہے کہ اُس کو کھلی کتابیں مل جائیں - [۵۳] ہرگز نہیں - یہہ آخرت سے نہیں ڈرتے - [۵۴] ہرگز نہیں - یہہ تو ایک نصیحت ہے - [۵۵] تو جو کوئی چاہے اس کو یاد رکھے - [۵۶] اور یہہ یاد نہیں رکھنے کے مگر یہہ کہ خدا چاہے - وہ ڈرنے کے قابل ہے اور وہی بخشنے والا ہے -

سورهٔ قیامت

مکي - ۴۰ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ھے

[۱] میں قیامت کے دن کي قسم کھاتا ھوں [۲] اور میں اس نفس کي قسم کھاتا ھوں جو (بُرے کاموں پر) اپنے تئیں ملامت کرتي ھے [۳] کیا آدمي خیال کرتا ھے کہ ھم اُس کي ھڈیاں جمع نہ کرینگے ؟ [۴] نہیں - ھم اُسکي پور پور درست کرنے پر قادر ھیں - [۵] بلکہ آدمي چاھتا ھے کہ اپنے آگے بدکاري کر رکھے - [۶] وہ پوچھتا ھے کہ قیامت کا دن کب ھوگا ؟ [۷] تو جب آنکھیں پتھرا جائینگي [۸] اور چاند میں گہن لگ جائیگا [۹] اور سورج اور چاند جمع کئے جائینگے [۱۰] تو اُس دن آدمي کہیگا کہ بھاگنے کي جگہ کہاں ؟ [۱۱] ھرگز نہیں - پناہ کي جگہ نہیں ھے - [۱۲] اُس دن تیرے پروردگار کي طرف جاکر ٹھہرنا ھوگا - [۱۳] اُس دن آدمي کو خبر ھوگي کہ اُس نے پہلے کیا کیا ھے اور پیچھے کیا چھوڑا ھے - [۱۴] نہیں - آدمي تو اپنے آپ پر خود دلیل ھوگا - [۱۵] اور اگرچہ بھي وہ عذر لائے - [۱۶] اپني زبان نہ ھلا کہ اُس کے لئے جلدي کرنے لگے [۱۷] ھمارے ذمہ ھے اس کا جمع کرنا اور پڑھ کر سنا دینا - [۱۸] پس جب ھم اس کو پڑھیں تو توبھي اس کے پڑھنے کي پیروي کر - [۱۹] اور اس کا بیان کرنا بھي ھمارے ھي ذمہ ھے - [۲۰] نہیں - بلکہ تم تو عجلت کي بات پسند کرتے ھو - [۲۱] اور آخرت کو چھوڑ دیتے ھو - [۲۲] اُس دن کتنے منہہ تازے ھونگے [۲۳] اپنے پروردگار کي طرف دیکھتے ھونگے - [۲۴] اور کتنے منہہ اُس دن بُرے بنے

هونگے [۲۵] گمان کرتے هونگے که اُن سے کمر توڑ سختي کي
جائيگي - [۲۶] نهيں - جب جان هنسلي تک آ پهنچيگي
[۲۷] اور کها جائيگا کون جهاڑ بهونک کريگا ؟ [۲۸] اور وه
سمجهه ليگا که يهي هے اس کي جدائي - [۲۹] اور ايک پنڈلي
دوسري پنڈلي سے لپٹ جائيگي [۳۰] اُس دن تيرے پروردگار کي
طرف چلنا هوگا -

[۳۱] تو اُس نے نه اُس کو سچ مانا اور نه نماز پڑهي -
[۳۲] بلکه اُس نے اُس کو جهٹلايا اور پيٹهه پهير دي -
[۳۳] پهر اپنے لوگوں کے پاس اکڑتا هوا گيا - [۳۴] تجهکو واے
هے - تجهکو واے هے - [۳۵] پهر تجهکو واے هے - تجهکو واے هے -
[۳۶] کيا آدمي خيال کرتا هے که وه بے کار چهوڑ ديا جائيگا ؟
[۳۷] کيا وه ايک مني کا بوند نه تها جو پڑا تها ؟ [۳۸] پهر
هوا جما هوا لهو - پهر اُس نے بنايا اور درست کيا - [۳۹] اور
اُن کے دو قسم بنائے يعني مرد اور عورت - [۴۰] کيا وه ذات
اس پر قادر نهيں که وه مردے کو زنده کرے ؟

سورۂ دهر

مکي - ۳۱ آيتيں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحيم هے

[۱] کيا آدمي کے اُوپر سے زمانے ميں ايک ايسا وقت نهيں
گزرا جب وه کچهه بهي ذکر کے لائق نه تها ؟ [۲] هم نے
آدمي کو ملے هوئے نطفے سے پيدا کيا که اُس کي آزمايش
کريں پس اُس کو سننے والا اور ديکهنے والا بنايا - [۳] هم نے
اُس کو راه دکها دي هے اب وه شکر گزار هو يا نا شکر -

[۴] هم نے کافروں کے لئے زنجیریں اور طوق اور دهکتي
هوئي آگ تيار کر رکھي هے - [۵] نيك لوگ تو ايسے پيالے
میں سے پیئینگے جس میں کافور ملا هوگا - [۶] يعنے ايك
چشمه هے که اس میں سے خدا کے بندے پیئینگے اور اس کو
جدهر چاهينگے بہالے جائینگے - [۷] يہه اپني منتیں
پوري کرتے هیں اور اس دن سے ڈرتے هیں که جس کي برائي
پهیل کر رهیگي - [۸] اور اُس کي محبت کے لئے غریبوں کو
اور یتیموں کو اور قیدیوں کو کھانا کھلاتے هیں - [۹] " هم
تو بس تم کو خدا کي خوشنودي کے لئے کھلاتے هیں - هم نه
تم سے بدله مانگتے هیں اور نه شکریه [۱۰] هم منهه بنانے
والے اور تیوري چڑهانے والے دن کے لئے اپنے پروردگار سے ڈرتے
هیں" - [۱۱] تو خدا نے اُن کو اُس دن کي برائي سے بچا لیا
اور اُن کو تازگي اور خوشي نصيب کي - [۱۲] اور اس سبب
سے که اُنهوں نے صبر کیا اُن کو جنت اور ریشمي کپڑے دئے -
[۱۳] وہ وهاں تختوں پر تکیه لگائے بیٹھے هونگے - نه وہ وهاں
دهوپ هي ديكهينگے اور نه ٹهنڈك - [۱۴] اور اُن پر وهاں
کے درختوں کے سائے هونگے اور اُن کے میوے بهي نزدیك جهکے
هونگے - [۱۵] اور اُن پر چاندي کے باسنوں اور آبخوروں کا
دور چلتا هوگا که وہ شیشے کي طرح هونگے - [۱۶] شیشے
بهي چاندي کے که وہ اُن هي کے لئے بنے هونگے - [۱۷] اور
وهاں اُن کو جام پلائے جائینگے جس میں سونٹهه ملائي گئي
هوگي - [۱۸] ايك چشمه هوگا جس کا نام هوگا سلسبیل -
[۱۹] اور غلمان اُن پر پهیرے لگائینگے - جب تو اُن کو
دیکهیگا تو خیال کریگا که یہه بکھرے هوئے موتي هیں -
[۲۰] اور جب تو دیکهیگا تو بڑي نعمتیں اور ایك بڑي

سلطنت تجکو دکھائي دیگي - [۲۱] اُن پر باریك اور دبیز
ریشمي کپڑے ہونگے - اور اُن کو چاندي کے کنگن پہنائے
جائینگے اور اُن کا پروردگار اُن کو پاکیزہ شراب پلائیگا -
[۲۲] یہہ ہے تمھاري جزا اور تمھاري سعي مقبول ہوئي -
[۲۳] ہم نے تجھہ پر آہستہ آہستہ قرآن نازل کیا ہے -
[۲۴] تو اپنے پروردگار کے حکم کا منتظر رہ اور ان میں سے کسي
گنہگار اور کفر کرنے والے کي پیروي نہ کر - [۲۵] اور صبح و شام
اپنے پروردگار کا نام یاد کر - [۲۶] اور رات کو بھي اُس کو سجدہ
کر اور رات بھر اُس کي تسبیح کر - [۲۷] یہہ لوگ تو بس
جلدي ہونے والي بات پسند کرتے ہیں اور اس بھاري دن کو
چھوڑ دیتے ہیں - [۲۸] ہم نے اُن کو پیدا کیا اور اُن کے
جوڑ جوڑ مضبوط کئے اور جب ہم چاہینگے اُن کے بدلے ان ہي
کے مانند لوگ لا بسائینگے - [۲۹] یہہ نصیحت ہے - تو جو
کوئي چاہے اپنے پروردگار کي طرف راہ لے - [۳۰] اور تم نہیں
چاہنے کے یہاں تك کہ خدا چاہے - خدا جاننے والا اور حکمت
والا ہے - [۳۱] جس کو چاہتا ہے اپني رحمت میں داخل کرتا
ہے - اور ظالموں کے لئے تو اُس نے دردناك عذاب تیار کر رکھا
ہے -

سورۂ مرسلٰت

مکي - ۵۰ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ہے

[۱] اُن کي قسم جو معمولي طور سے چلائي جاتي ہیں -
[۲] پھر زور پکڑ کر تیز ہو جاتي ہیں - [۳] اور پھیلا دیتي

هیں - [۴] اور فرق کر دیتي هیں [۵] اور دلوں میں یاد
دلاتي هیں - [۶] بطور حجت کے اور ڈرانے کے - [۷] تم سے جو
وعدہ کیا گیا ھے وہ ضرور هو کر رهیگا - [۸] جب تارے مٹ
جائینگے - [۹] اور جب آسمان کھل جائیگا [۱۰] اور پہاڑ
اُڑنے لگینگے [۱۱] اور جب رسول وقت مقرر پر لائے جائینگے -
[۱۲] کون‌سا دن ان کے لئے مقرر تھا ؟ [۱۳] فیصلہ کرنے والا
دن - [۱۴] اور تو کیا جانے کہ فیصلہ کرنے والا دن کیا ھے ؟
[۱۵] اُس دن جھٹلانے والوں پر واے ھے - [۱۶] کیا هم نے
اگلوں کو هلاك نہیں کیا ؟ [۱۷] پھر اُن کے پیچھے هم
پچھلوں کو کر دیتے هیں - [۱۸] گنہگاروں سے هم ایسا هی
کرتے هیں - [۱۹] اُس دن جھٹلانے والوں پر واے ھے -
[۲۰] کیا هم نے تم کو حقیر پاني سے نہیں پیدا کیا ؟ [۲۱] پھر
اُس کو ایك محفوظ جگہ میں [۲۲] ایك وقت مقرر تك رکھا -
[۲۳] پھر هم نے اندازہ کیا - تو هم نے کیسا اچھا اندازہ کیا -
[۲۴] اُس دن جھٹلانے والوں پر واے ھے - [۲۵] کیا هم نے
زمین کو ایسا نہیں بنایا کہ وہ سمیٹ لے [۲۶] زندوں اور
مردوں کو ؟ [۲۷] اور اُس میں اونچے اونچے بوجھل پہاڑ رکھہ
دئے - اور تم کو میٹھا پاني پلایا - [۲۸] اُس دن جھٹلانے
والوں پر واے ھے - [۲۹] جس چیز کو تم جھٹلایا کرتے تھے
اُس کي طرف چلو - [۳۰] تین شاخ والے سائے کي طرف
چلو [۳۱] کہ نہ یہہ سایہ دیگا اور نہ شعلے سے بچائیگا -
[۳۲] وہ محلوں کے برابر چنگاریاں پھیکتي هوگي - [۳۳] گویا
کہ وہ زرد اونٹوں کا قطار ھے - [۳۴] اُس دن جھٹلانے والوں پر
واے ھے - [۳۵] یہي وہ دن ھے کہ وہ بات نہ کر سکینگے -
[۳۶] اور نہ اُن کو اِجازت دي جائیگي کہ وہ عذر لائیں -

[۳۷] اُس دن جھٹلانے والوں پر واے ھے - [۳۸] یھي تو
فیصلے کا دن ھے - ھم نے تم کو اور اگلوں کو جمع کیا ھے -
[۳۹] تو اگر تمھاري کوئي تدبیر چل سکے تو مجھہ پر چلا
لو - [۴۰] اُس دن جھٹلانے والوں پر واے ھے -

[۴۱] پرھیزگار تو ضرور سایوں میں اور چشموں میں
ھونگے - [۴۲] اور میووں میں جو وہ چاھینگے - [۴۳] اپنے
کئے کے سبب شوق سے کھاؤ اور پیو - [۴۴] نیك لوگوں کو ھم
اِسي طرح جزا دیتے ھیں - [۴۵] اُس دن جھٹلانے والوں پر
واے ھے - [۴۶] کھا لو اور تھوڑا سا فائدہ اُٹھا لو - تم تو
ضرور گنھگار ھو - [۴۷] اُس دن جھٹلانے والوں پر واے ھے -
[۴۸] اور جب اُن سے کہا جاتا ھے کہ نماز میں جھك جاؤ تو
یھہ نھیں جھکتے - [۴۹] اُس دن جھٹلانے والوں پر واے
ھے - [۵۰] تو اس کے بعد یھہ کس بات پر ایمان لائینگے ؟

سورۂ نبا

مکي -- ۴۰ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ھے

¶ [۱] یھہ کس چیز کے بارے میں پوچھتے ھیں ؟ [۲] کیا
اُس بڑي خبر کے بارے میں [۳] جس کے بارے میں یھہ اِختلاف
رکھتے ھیں ؟ [۴] نھیں - عنقریب یھہ جان جائینگے -
[۵] پھر عنقریب یھہ جان جائینگے - [۶] کیا ھم نے زمین
کو فرش نھیں بنایا - [۷] اور پھاڑوں کو میخوں کي جگہ ؟
[۸] اور ھم نے تم کو جوڑا جوڑا پیدا کیا - [۹] اور تمھاري نیند
کو آرام کا سبب بنایا - [۱۰] اور رات کو پردہ بنایا - [۱۱] اور

دن کو روزي کے لئے بنایا - [۱۲] اور تمهارے اوپر سات مضبوط
آسمان بنائے - [۱۳] اور هم نے چراغ روشن کیا - [۱۴] اور
هم نے بادلوں سے زوروں کا پاني أتارا - [۱۵] تا که أس سے اناج
اور بوٹیاں نکالیں - [۱٦] اور گھنے باغ - [۱۷] فیصلے کا دن
تو ضرور ایك وقت مقرر پر هوگا - [۱۸] جس دن صور پھونکا
جائیگا اور تم جھنڈ کے جھنڈ چلے أؤگے [۱۹] اور آسمان کھل
جائیگا اور دروازہ هو جائیگا -[۲۰] اور پہاڑ ٹل جائینگے
اور غبار هو جائینگے - [۲۱] جهنم تو ضرور گھات میں هے -
[۲۲] وهي سرکشوں کا ٹھکانا هے [۲۳] که وہ اس میں قرنوں
پڑے رهینگے - [۲۴] وهاں نه وہ ٹھنڈك کا مزہ پائینگے اور نه
کچھہ پینے پائینگے [۲۵] مگر گرم پاني اور پیپ [۲٦] پورا
پورا بدله [۲۷] یهہ حساب کي اُمید نه رکھتے تھے -[۲۸] اور
هماري آیتوں کو جھٹلاتے تھے [۲۹] اور هم نے هر چیز کو لکھہ
رکھا هے - [۳۰] " پس چکھو - اور هم تم کو عذاب هي زیادہ
کرتے جائینگے " -

[۳۱] پرهیزگار تو ضرور کامیاب رهینگے - [۳۲] أن کے لئے
باغ اور انگور هونگے - [۳۳] اور هم عمر نو جوان [۳۴] اور
بھرے هوئے پیالے - [۳۵] وهاں وہ کوئي لغو بات نه سنینگے اور
نه جھوٹ - [۳٦] یهہ تیرے پروردگار کي طرف سے بدله هے اور
حساب کے موافق بخشش - [۳۷] وہ آسمان اور زمین اور جو
کچھہ ان دونوں کے درمیان هے سب کا پروردگار هے - رحم والا
هے - یهہ لوگ أس سے بات کرنے کا بھي اختیار نهیں رکھتے -
[۳۸] جس دن روح کھڑا هوگا اور فرشتے بھي صف به صف -
کوئي بھي بات نه کر سکیگا مگر جس کو خدائے رحمان اجازت
دے اور وہ معقول بات کہے - [۳۹] یهي روز برحق هے - تو جو

كوئي چاهے اپنے پروردگار كے هاں ٹهكانا بنائے - [٤٠] هم نے تو
تم كو نزديك آنے والے عذاب سے ڈرا ديا - جس دن هر شخص
ديكهيگا جو كچهه اُس كے هاتهوں نے پهلے سے بهيجا هے اور
كافر كهيگا كه اے كاش ميں متي هي رهتا -

سورۂ نازعات

مكي - ٤٦ آيتيں

الله كے نام سے جو رحمان اور رحيم هے

[١] اُن كي قسم جو گهس كر روح نكالتے هيں [٢] اور
ان كي جو بند كهول ديتے هيں [٣] اور اُن كي جو تيرتے
پهرتے هيں [٤] اور ايك دوسرے پر سبقت لے جاتے هيں
[٥] اور حكم كے مطابق تدبير كرتے هيں - [٦] جس دن كانپنے
والي زمين كانپ اُٹهيگي [٧] اور اس كے بعد ايك زلزله آئيگا
[٨] اُس دن لوگوں كے دل دهڑك اُٹهينگے - [٩] اُن كي آنكهيں
نيچي هو جائينگي - [١٠] يهه كهتے هيں كيا هم پهلي
حالت ميں پهيرے جائينگے ؟ [١١] كيا جب هم گلي هوئي
هڈياں هو جائينگے ؟ [١٢] يهه كهتے هيں اس وقت تو پهر
آنا نقصان كي بات هے - [١٣] سو يهه تو بس ايك ڈانٹ
هوگي - [١٤] اور اُسي وقت يهه حشر كے ميدان ميں هونگے -
[١٥] كيا تيرے پاس موسى كي بات آئي هے ؟ [١٦] جب
اُس كے پروردگار نے اُس كو طوى كے مقدس ميدان ميں پكارا
تها - [١٧] فرعون كے پاس جا - اُس نے سركشي كي هے -
[١٨] اور كهه دے كيا تو چاهتا هے كه تو پاك هو ؟ [١٩] اور
ميں تجكو تيرے پروردگار كي راه كي هدايت كروں كه تو

اُس سے ڈرے - [٢٠] اور اُس نے اُس کو بڑي بڑي نشانياں
دکھائيں - [٢١] مگر اُس نے جھٹلايا اور سرکشي کي -
[٢٢] اور پيٹھہ پھير دي اور تدبير کرنے لگا - [٢٣] اور اس نے
لوگوں کو اکٹھا کيا اور بکار ديا - [٢٤] اُس نے کہا کہ ميں
تمھارا پروردگار ھوں - سب سے بلند - [٢٥] تو خدا نے اُس کو
آخرت اور دنيا کے عذاب ميں مبتلا کيا - [٢٦] جو لوگ
خدا سے ڈرتے ھيں اُن کے لئے اس ميں بھي عبرت ھے -
[٢٧] کيا تمھارا پيدا کرنا مشکل ھے يا آسمان کا ؟ اس نے
اس کو بنايا [٢٨] اس کا اونچان بلند کيا اور اس کو درست
کيا - [٢٩] اور اس کي رات اندھيري کي اور اس کي دھوپ
نکالي - [٣٠] اور اس کے بعد زمين کو بچھا ديا - [٣١] اس
ميں سے اس کا پاني اور اس کا چارہ نکالا - [٣٢] اور پہاڑوں
کو بوجھل کر ديا - [٣٣] يہہ سب تمھارے اور تمھارے
مويشيوں کے لئے سامان کئے - [٣٤] تو جب بڑي آفت آن
پڑيگي [٣٥] اس دن آدمي ياد کريگا جو کچھہ اُس نے کيا
ھوگا - [٣٦] اور جہنم کي دھکتي ھوئي آگ ديکھنے والوں
کے سامنے لائي جائيگي - [٣٧] تو جس کسي نے سرکشي
کي [٣٨] اور دنيا کي زندگي کو اختيار کيا - [٣٩] تو وھي
دھکتي ھوئي آگ اس کا ٹھکانا ھوگا - [٤٠] اور جو کوئي اپنے
پروردگار کے آگے کھڑے ھونے سے ڈرا اور اپنے جي کو خواھشوں
سے روکا - [٤١] تو اُس کا ٹھکانا جنت ھے - [٤٢] يہہ لوگ
تجھہ سے اس گھڑي کے بارے ميں پوچھتے ھيں کہ اس کا
وقت کب ھے - [٤٣] تو تو اس کے بتانے ميں کہاں پڑا ھے ؟
[٤٤] تيرے پروردگار کي طرف اس کا انجام ھے - [٤٥] تو تو
بس اسي شخص کو ڈرا سکتا ھے جو خدا سے ڈرے -

[۴۶] جس دن وہ اُس کو دیکھینگے معلوم ہوگا کہ وہ بس ایک
شام یا ایک صبح رہے تھے -

سورۂ عبس

مکی - ۴۲ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ھے

[۱] اس نے تیوری چڑھا لی اور پیٹھ پھیر دی [۲] اس
لئے کہ اس کے پاس ایک اندھا شخص آیا تھا - [۳] اور تو کیا
جانے شاید وہ پاک ہوتا - [۴] یا نصیحت سنتا اور اس کو
نصیحت نفع دیتی - [۵] جو شخص کہ بے پروائی کرتا ھے
[۶] تو اُس کی طرف توجہ کرتا ھے - [۷] حالانکہ وہ پاک
نہ ہو تو تجھ پر کوئی اِلزام نہیں - [۸] اور وہ شخص
کہ تیرے پاس دوڑتا ہوا آیا ھے [۹] اور خدا سے ڈرتا بھی ھے
[۱۰] اس سے تو تغافل کرتا ھے - [۱۱] ہرگز ایسا نہ کر -
یہ تو بس نصیحت ھے - [۱۲] تو جو چاہے اس سے نصیحت
لے - [۱۳] یہ بزرگ صحیفوں میں لکھا ھے - [۱۴] جو
اُونچے پر رکھے ہیں اور پاک ہیں [۱۵] ایسے لکھنے والوں کے
ہاتھوں میں ھے [۱۶] جو بزرگ اور نیک ہیں - [۱۷] آدمی
غارت ہو - وہ کیسا ناشکر ھے [۱۸] اس نے اس کو کس چیز
سے پیدا کیا ھے ؟ [۱۹] نطفے سے - اس نے اس کو پیدا کیا
اور پھر اس کو اندازہ کیا - [۲۰] پھر اس پر راہ آسان کی -
[۲۱] پھر وہ اُس کو مارتا ھے اور گاڑتا ھے - [۲۲] پھر جب وہ
چاہیگا اُس کو جلا اُٹھائیگا - [۲۳] ہرگز نہیں - اب تک
اس نے ادا نہ کیا جو خدا نے اُسے حکم دیا ھے - [۲۴] تو

چاهئے که آدمي اپنے کھانے کو دیکھے - [۲۵] که هم نے پاني ڈالا [۲۶] پھر هم نے زمین کو پھاڑا - [۲۷] پھر هم نے اس میں اناج اُگائے - [۲۸] اور انگور اور ترکاري - [۲۹] اور زیتون اور کھجور - [۳۰] اور گھنے باغ - [۳۱] اور میوے اور چارے - [۳۲] تمھارے اور تمھارے مویشیوں کے لئے سامان - [۳۳] مگر جب کان پھوڑنے والا عذاب آئیگا [۳۴] اُس دن آدمي اپنے بھائي سے بھاگیگا - [۳۵] اور ابني ماں سے اور اپنے باپ سے - [۳۶] اور اپني بیوي سے اور اپنے بیٹوں سے - [۳۷] اُس دن اُن میں سے هر ایک آدمي ایک کام میں لگا هوگا که بس وهي اُس کے لئے کافي هوگا - [۳۸] اس دن کتنے هي چھرے روشن هو جائینگے [۳۹] هنستے هونگے اور خوش وقت هونگے - [۴۰] اور اس دن کتنے چھروں پر غبار هوگا - [۴۱] که ان پر سیاهي چھائي هوگي - [۴۲] یهي لوگ کافر بدکار هیں -

سورۂ تکویر

مکي - ۲۹ آیتیں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحیم هے

[۱] جب سورج لپیٹا جائیگا - [۲] اور جب تارے گدلے هو جائینگے - [۳] اور جب پھاڑ چلنے لگینگے [۴] اور جب دس مھینے کی گابھن اونٹني بے کار چھوٹي پھریگی - [۵] اور جب وحشي جانور اِکٹھا کئے جائینگے - [۶] اور جب دریا اُبلنے لگے - [۷] اور جب روحیں ملائي جائیں [۸] اور جب زندہ گاڑي هوئي لڑکی سے پوچھا جائیگا [۹] که وہ کس گناہ کے لئے ماري گئي - [۱۰] اور جب عمل نامے کھولے جائینگے -

[۱۱] اور حب آسمان کي کھال کھينچي حائيگي - [۱۲] اور
جب حلتي هوئي دوزخ کي آگ دھکائي جائيگي - [۱۳] اور
حب حنت نزديك لائي حائيگي - [۱۴] هر شخص جان ليگا
حو کچھہ اس نے لايا هوگا - [۱۵] نو ميں ان ستاروں کي
قسم کھانا هوں حو چلتے جلتے بيچھے هٹنے لگتے هيں
[۱۶] اور حو سيدھے جلنے هيں اور تھمے رهتے هيں -
[۱۷] اور رات کي حب بيهہ آنے لگے - [۱۸] اور صبح کي جب
يهہ دم لے - [۱۹] بے شك يهہ ايك بزرگ بيغام لانے والے کا
قول هے - [۲۰] صاحب عرش کے نزديك اُس کا بڑا درجه هے
[۲۱] اُس کا کہا مانا حانا هے اور وہ امانت دار هے - [۲۲] اور
تمھارا ساتھي ديوانه نهيں هے - [۲۳] اور اُس نے بے شك اُس
کو صاف اُفق ميں ديکھا - [۲۴] اور نه يهہ غيب کي بابت
چھپانے والا هے - [۲۵] اور يهہ شيطان مردود کا کہا نہيں
هے - [۲۶] تو تم کہاں چلے حاتے هو ؟ [۲۷] يهہ تو بس
تمام دنيا حهاں کے لئے نصيحت هے - [۲۸] تم ميں سے اُس
شخص کے لئے حو سيدھي راہ پر چلے - [۲۹] اور تم نہيں
چاهنے کے مگر يهہ کہ خدا پروردگار عالم چاهے -

سورۂ انفطار

مکي - ۱۹ آيتيں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحيم هے

[۱] جب آسمان پھٹ حائيگا [۲] اور جب ستارے جھڑ
جائينگے [۳] اور جب دريا بہادئے حائينگے - [۴] اور جب
قبر الٹ دي حائينگي [۵] اُس وقت هر شخص جان ليگا

جوکچھہ اُس نےپہلے بھیجا ھے اور جو کچھہ اُس نے چھوڑدیا ھے - [۶] اے آدمي - تیرے پروردگار بزرگ کے بارے میں تجکو کس چیز نے دھوکا دیا ھے ؟ [۷] جس نے تجکو پیدا کیا پھر تجکو درست کیا پھر مناسبت قائم کي - [۸] جس صورت میں چاھا تجکو ترکیب دي - [۹] نہیں - تم تو روز جزا کو جھٹلاتے ھو - [۱۰] اور تمھارے اوپر تو نگہبان بھي ھیں - [۱۱] بزرگ لکھنے والے - [۱۲] وہ جانتے ھیں جو کچھہ تم کرتے ھو - [۱۳] نیک لوگ ضرور نعمت والي جنت میں ھونگے - [۱۴] اور بدکار ضرور جلتي ھوئي آگ میں - [۱۵] روز جزا میں وہ اسي میں داخل ھونگے - [۱۶] اور وہ اس سے بھاگ نہیں سکتے - [۱۷] اور تو کیا جانے کہ روز جزا کیا ھے ؟ [۱۸] پھر بھی تو کیا جانے کہ روز جزا کیا ھے ؟ [۱۹] جس دن کوئي جان کسي دوسري جان کے لئے کچھہ بھي نہ کرسکیگا - اور اُس دن حکم تو بس خدا ھی کا چلیگا -

سورۂ تطفیف

مکي - ۳۶ آیتیں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحیم ھے

[۱] کم کردینے والوں پر وائے ھے [۲] جو لوگوں سے تو ماپ پورا کرلیں [۳] اور جب اُن کو ماپ کردیں یا اُن کو وزن کردیں تو کم دیں - [۴] کیا یہہ نہیں خیال کرتے کہ اُن کو پھر اُٹھنا ھے ؟ [۵] بڑے دن کو [۶] جس دن لوگ پروردگار عالم کے سامنے کھڑے ھونگے ؟ [۷] نہیں - بدکاروں کا

عمل نامه تو سجین میں هوگا - [۸] اور تو کیا جانے که
سجین کیا چیز هے ؟ [۹] ایك لکھي هوئي کتاب [۱۰] اُس
دن جھٹلانے والوں پر وائے هے - [۱۱] جو لوگ روز جزا کو
جھٹلاتے هیں - [۱۲] اور اُس کو تو بس هر ایك زیادتي کرنے
والا گنہگار هي جھٹلاتا هے - [۱۳] جب هماري آیتیں اُس کو
پڑھ کر سنائي جاتي هیں تو وہ کہتا هے که یهہ اگلوں کي
کہانیاں هیں - [۱۴] نهیں - اُن کے دلوں پر اُن کے کئے کے
زنگ لگ گئے هیں - [۱۵] نهیں - یهي لوگ هیں جو اُس
دن اپنے پروردگار سے محجوب هونگے - [۱۶] پھر یهہ لوگ
ضرور جلتي هوئي آگ میں ڈالے جائینگے - [۱۷] پھر کہا
جائیگا یهي وہ چیز هے جس کو تم جھٹلاتے تھے - [۱۸] نهیں -
نیك لوگوں کا عمل نامه تو علیین میں هوگا - [۱۹] اور تو
کیا جانے که علیین کیا هے ؟ [۲۰] ایك لکھي هوئي کتاب -
[۲۱] اُس پر مقرب فرشتے مقرر هیں - [۲۲] نیك تو ضرور
نعمت والي جنت میں هونگے - [۲۳] تختوں پر بیٹھے هوئے
دیکھتے هونگے - [۲۴] اُن کے چہروں پر تو نعمت کي تازگي
دیکھیگا - [۲۵] اُن کو مہر کیا هوا خالص شراب پلایا
جائیگا - [۲۶] اُس کي مہر مشك کي هوگي - اور رغبت کرنے
والوں کو چاهئے که اسي سے رغبت کریں - [۲۷] اور اُس میں
تسنیم کے پاني کي آمیزش هوگي - [۲۸] یهہ ایك چشمه هے
که اُس سے خدا کے مقرب پیتے هیں - [۲۹] جو لوگ گناہ کرتے
هیں وہ ایمان والوں پر هنستے هیں - [۳۰] اور جب اُن کي
طرف سے گزرتے هیں تو یهہ آنکھہ مٹکاتے هیں - [۳۱] اور
جب یهہ اپنے لوگوں میں پھر جاتے تھے تو باتیں بناتے تھے -
[۳۲] اور جب یهہ اُن کو دیکھتے تو کہتے که یهي لوگ

گمراہ ھیں - [۳۳] حالانکہ یہہ اُن پر نگہبان بنا کر بھیجے
نہیں گئے - [۳۴] تو آج کے دن جو لوگ ایمان لائے ھیں
وہ کافروں پر ھنسینگے - [۳۵] تختوں پر بیٹھے دیکھتے
ھونگے - [۳۶] کیا کافروں کو اُن کے کئے کا بدلہ مل گیا ؟

سورۂ انشقاق

مکي - ۲۵ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ھے

[۱] جب آسمان پھٹ جائیگا - [۲] اور اپنے پروردگار کي
بات سنیگا اور یہہ تو اُس کا فرض ھي ھے - [۳] اور جب زمین
تان دي جائیگي - [۴] اور جو کچھہ اس میں ھے وہ سب ڈال
دیگي اور خالي ھو جائیگي - [۵] اور اپنے پروردگار کي بات سنیگی
اور یہہ تو اُس کا فرض ھي ھے - [۶] اے آدمي تو محنت کر کے
اپنے پروردگار کي طرف جانا ھے - اور تو اُس سے ضرور ملیگا -
[۷] تو جس کسي کو اس کا عمل‌نامہ داھنے ھاتھہ میں دیا گیا
[۸] تو اُس کا حساب آساني سے لیا جائیگا - [۹] اور وہ خوش
خوش اپنے لوگوں میں پھر آئیگا - [۱۰] اور جس کسي کو اُس
کا عمل نامہ اُس کي پیٹھہ کے پیچھے سے دیا جائیگا [۱۱] وہ
تباھي کو پکاریگا [۱۲] اور دھکتي ھوئي آگ میں داخل ھوگا -
[۱۳] وہ تو اپنے لوگوں میں خوش خوش تھا - [۱۴] وہ خیال
کرتا تھا کہ وہ ھرگز نہ پھر آئیگا [۱۵] ھاں - اُس کا پروردگار
اُس کو دیکھتا تھا - [۱۶] تو میں شفق کي قسم کھاتا ھوں -
[۱۷] اور رات کي اور جن چیزوں پر وہ اندھیرا کرتي ھے [۱۸] اور
چاند کي جب وہ پورا ھو - [۱۹] تم ضرور ایک حالت سے دوسري

حالت میں چڑھتے چلوگے - [۲۰] اور اُن کو کیا ہو گیا ہے کہ
یہہ ایمان نہیں لاتے ؟ [۲۱] اور جب اُن پر قرآن پڑھا جاتا
ہے تو سجدہ نہیں کرتے - [۲۲] نہیں - جو لوگ کافر ہیں
وہ تو جھٹلاتے ہیں - [۲۳] اور خدا خوب جانتا ہے جو کچھہ
یہہ دل میں رکھتے ہیں - [۲۴] تو اُن کو دردناک عذاب کی
خوش خبری دے - [۲۵] مگر جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام
کئے تو اُن کے لئے ایسا اجر ہے جو منقطع نہیں ہونے کا -

سورۂ بروج

مکی - ۲۲ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ہے

[۱] برج والے آسمان کی قسم - [۲] اور روز مقرر کی قسم
[۳] اور حاضر ہونے والے اور جن کے سامنے حاضر کئے گئے
اُن کی قسم [۴] خندق والے غارت ہوئے [۵] کہ یہہ
خندق ایندھن والی آگ کی تھی - [۶] جب یہہ اس پر
بیٹھتے تھے [۷] اور ایمان والوں کے ساتھہ اپنے کئے کے گواہ تھے -
[۸] اور یہہ ان کی محض اس بات کو عیب پکڑے کہ انھوں
نے خدائے زبردست اور تعریف والے پر ایمان نہ لایا - [۹] کہ
آسمان اور زمین کی سلطنت اُسی کی ہے - اور خدا ہر چیز
پر گواہ ہے - [۱۰] جو لوگ ایمان والے مرد اور عورتوں کو
ایذا دیتے ہیں اور توبہ نہیں کرتے تو اُن کے لئے جہنم کا
عذاب ہے - اور ان کے لئے جلنے کا عذاب ہے - [۱۱] جو لوگ
ایمان لائے اور نیک کام کئے ان کے لئے جنت ہیں کہ اُن کے
نیچے سے نہریں جاری ہونگی - یہی تو بڑی کامیابی ہے -

[۱۲] تیرے پروردگار کا پکڑنا بہت سخت ہوگا - [۱۳] وہی پہلي بار پیدا کرتا هے اور پھر دوبارہ پیدا کرتا هے [۱۴] اور وهي بخشنے والا اور پیار کرنے والا هے - [۱۵] عرش کا مالك زبردست هے - [۱٦] وہ کرتا هے جو چاهتا هے - [۱۷] کیا تیرے پاس لشکروں کي خبر پہنچي هے ؟ [۱۸] یعني فرعون کي اور ثمود کي ؟ [۱۹] نہیں - جو لوگ کافر هیں وہ تو بس جھٹلاتے هي رهتے هیں - [۲۰] اور خدا اُن کو اُن کے پیچھے سے گھیرے هوئے هے - [۲۱] بلکہ یہہ تو بزرگ قرآن هے - [۲۲] لوح محفوظ میں لکھا هوا هے -

سورۂ طارق

مکي - ۱۷ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم هے

[۱] آسمان کي قسم اور رات کو آنے والے کي قسم [۲] اور تو کیا جانے رات کو آنے والا کیا هے ؟ [۳] وہ چمکتا هوا تارا هے [۴] هر جان پر ایك نگہباني کرنے والا هے - [۵] تو آدمي کو چاهئے کہ دیکھے کہ وہ کس چیز سے پیدا هوا هے - [٦] وہ پاني سے پیدا هوا هے جو اُچھل کر [۷] پیٹھہ اور سینے کي هڈیوں کے بیچ میں سے نکلتا هے - [۸] وہ ضرور اُس کو پھیر لے جانے پر بھي قادر هے - [۹] جس دن چھپي هوئي باتوں کي آزمایش هوگي - [۱۰] نہ تو اُس کا کچھہ زور هي رهیگا اور نہ اُس کا کوئي مددگار - [۱۱] مینہہ والے آسمان کي قسم - [۱۲] اور پھٹ جانے والي زمین کي قسم - [۱۳] یہہ ضرور ایك قول فیصل هے - [۱۴] اور یہہ کوئي بیہودہ بات نہیں هے - [۱۵] یہہ تو

چال چل رہے هیں [۱۶] اور میں بھي چال چلونگا - [۱۷] پس
کافروں کو ایك مدت تك مہلت دے -

سورۂ اعلیٰ

مکي - ۱۹ آیتیں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحیم هے

[۱] اپنے پروردگار عالي شان کے نام کي تسبیح کر - [۲] جس
نے بنایا اور درست کیا [۳] اور جس نے اندازہ کیا اور راہ لگا
دي [۴] اور جس نے چارہ نکالا [۵] پھر اُس کو کالا کالا کوڑا کر
دیا - [۶] عنقریب هم تجکو پڑھانے والے هیں اور تو نه
بھولیگا [۷] مگر جو خدا چاهے - وہ تو ضرور چلا کر کہنے
کو بھي جانتا هے اور چپکے سے کہنے کو بھي - [۸] اور هم
تیرے لئے اور بھي آساني کردینگے - [۹] بس یاد دلائے جا -
شاید یاد دلانا اُن کو نفع دے - [۱۰] جو شخص ڈرتا هے
وهي یاد رکھیگا - [۱۱] اور بڑا بد بخت هي اس سے دور
رهیگا - [۱۲] جو بڑي آگ میں داخل هوگا - [۱۳] پھر نه تو
اس میں مرے هي گا اور نه زندہ هي رهیگا - [۱۴] جو کوئي
پاك نفس رها وهي کامیاب رها - [۱۵] اور جس نے اپنے پروردگار
کا نام یاد کیا اور نماز پڑھي - [۱۶] نهیں - تم تو دنیا کي
زندگي اختیار کرتے هو - [۱۷] مگر آخرت هي تو بہتر هے اور
زیادہ پائدار - [۱۸] بے شك یہي پہلوں کے صحیفوں میں
بھي تھا [۱۹] یعني اِبراهیم اور موسیٰ کے صحیفوں میں -

سورۂ غاشیہ

مکي - ۲٦ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ھے

[۱] کیا تجکو اُس کي خبر پہنچی ھے حو چھا جانے والي
ھے ؟ [۲] اُس دن کتنے چھرے اُتر حائینگے - [۳] محنت
کر رھے ھونگے تھك رھے ھونگے - [۴] حلتي ھوئي آگ میں
داخل ھوتے ھونگے - [۵] ان کو کھولتے ھوئے چشمے کا پاني
پلایا جائیگا - [٦] اُن کا کھانا تو بس ضریع کا ھوگا - [۷] کہ
نہ وہ موٹا ھي کریگا اور نہ بھوك ھي میں کام آئیگا - [۸] اُس
دن کتنے چھرے بشاش ھونگے - [۹] اپني سعي سے خوش
[۱۰] اونچي جنت میں ھونگے - [۱۱] اُس میں لغو باتیں
نہ سنینگے - [۱۲] اُس میں چشمے جاري ھونگے - [۱۳] اُس
میں اونچے تخت ھونگے - [۱۴] اور آبخورے دھرے ھونگے -
[۱۵] اور تکئے قطار سے لگے ھوئے - [۱٦] اور مسندیں بچھي
ھوئي ھونگي - [۱۷] تو کیا یہہ اونٹوں کي طرف نظر نہیں کرتے
کہ وہ کیونکر پیدا کئے گئے ھیں ؟ [۱۸] اور آسمان کي طرف
کہ وہ کیونکر اونچا کیا گیا ھے ؟ [۱۹] اور پہاڑ کي طرف کہ
وہ کیونکر گاڑے گئے ھیں ؟ [۲۰] اور زمین کي طرف کہ وہ
کیونکر بچھائي گئي ھے ؟ [۲۱] تو یاد دلائے جا - تو تو
بس یاد ھي دلانے والا ھے - [۲۲] تو اُن پر تو داروغہ نہیں
ھے [۲۳] مگر جس نے پیٹھہ پھیري اور کفر کیا - [۲۴] تو اُس
کو خدا بڑا عذاب کریگا - [۲۵] اُن کو تو ھماري ھي طرف
پھر کر آنا ھے - [۲٦] پھر اُن سے حساب لینا ھمارا کام ھے -

سورۂ فجر

مکي ۳۰ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ھے

[۱] فجر کی قسم [۲] اور دس راتوں کي [۳] اور
جفت اور طاق کی - [۴] اور رات کي جب وہ چلنے لگے -
[۵] عقل والوں کے لئے تو اس میں بڑي بھاری قسم ھے -
[۶] کیا تونے نہ دیکھا کہ تیرے پروردگار نے عاد کے ساتھہ
کیسا کیا ؟ [۷] ارم والے کہ گویا وہ ستون تھے [۸] کہ جن
کے مانند شہروں میں کوئي نہیں پیدا کیا گیا تھا - [۹] اور
ثمود جن نے وادی میں پتھروں کو تراشا تھا - [۱۰] اور فرعون
جو میخیں رکھتا تھا - [۱۱] اُن سبھوں نے شہروں میں
سرکشي کي [۱۲] اور اُن میں بہت فساد کیا - [۱۳] تو
تیرے پروردگار نے اُن پر عذاب کا کوڑا لا ڈالا - [۱۴] تیرا
پروردگار ضرور گھات میں ھے - [۱۵] مگر آدمی ھے کہ جب
اُس کا پروردگار اُس کو آزماتا ھے اور عزت دیتا ھے اور نعمت
دیتا ھے تو وہ کہتا ھے کہ میرے پروردگار نے مجھکو بزرگي دي
ھے - [۱۶] اور جب وہ اُس کو آزماتا اور اُس کي روزي اُس پر
تنگ کرتا ھے تو وہ کہتا ھے کہ میرا پروردگار مجھکو ذلیل کرتا
ھے - [۱۷] ھرگز نہیں - بلکہ تم یتیم کي خاطر نہیں کرتے -
[۱۸] اور نہ غریبوں کو کھلانے کے لئے رغبت دلاتے ھو -
[۱۹] اور تم میراث کو ھونکے کے ساتھہ کھاتے ھو - [۲۰] اور
تم مال کو بہت زیادہ پسند کرتے ھو - [۲۱] ھرگز ایسا نہ
کرو - جب زمین ریزہ ریزہ کر دي جائیگي - [۲۲] اور تیرا
پروردگار آئیگا اور فرشتے بھي صف باندھہ کر - [۲۳] اور اُس

دن جہنم کو نزدیک لایا جائیگا - اُس دن آدمي یاد کریگا - مگر اُس کے یاد کرنے سے کیا ہوگا ؟ [۲۴] وہ کہیگا کہ اے کاش میں نے اپني اِس زندگي کے لئے پہلے سے کچھہ کیا ہوتا - [۲۵] تو اُس دن اُس کا سا کوئي عذاب نہ کریگا - [۲۶] اور نہ کوئي اُس کا سا قید ہي کریگا - [۲۷] اے اِطمینان کرنے والي روح - [۲۸] اپنے پروردگار کي طرف خوشي کے ساتھہ اور خوش کرتا ہوا پھر جا - [۲۹] اور میرے بندوں میں داخل ہو - [۳۰] اور میري جنت میں داخل ہو -

سورۂ بلد

مکي - ۲۰ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ہے

[۱] میں اسي شہر کی قسم کھاتا ہوں - [۲] اور تو اسي شہر میں رہنے والا ہے [۳] اور قسم ہے پیدا کرنے والے کي اور جس کو پیدا کیا - [۴] ہم نے آدمي کو تو ضرور رنج و محنت کے لئے پیدا کیا ہے - [۵] کیا یہہ گمان کرتا ہے کہ اس کے اُوپر کوئي ہرگز نہ قادر ہوگا ؟ [۶] وہ کہتا ہے کہ میں نے بہت مال برباد کر ڈالے - [۷] کیا یہہ گمان کرتا ہے کہ اس کو کوئي نہیں دیکھتا ؟ [۸] کیا ہم نے اس کے لئے دو آنکھیں نہیں بنائیں ؟ [۹] اور زبان اور دو ہونٹ ؟ [۱۰] اور اس کو دو راہیں نہ دکھا دیں ؟ [۱۱] پھر بھي وہ گھاٹي میں سے ہوکر نہ نکلا - [۱۲] اور تو کیا جانے کہ گھاٹي کیا چیز ہے ؟ [۱۳] گردن آزاد کر دینا - [۱۴] یا بھوک کے دنوں میں کھانا کھلانا - [۱۵] یتیم کو جو قرابت والا ہے [۱۶] یا خاک اُفتادہ

غریب کو - [۱۷] پھر ھونا ان لوگوں میں جو ایمان لائے اور
نیک کام کئے اور ایک دوسرے کو صبر کی نصیحت کئے اور ایک
دوسرے کو رحم کی نصیحت کئے - [۱۸] یہی لوگ تو
داھنی طرف والے ھیں - [۱۹] اور جو لوگ ھماری آیتوں سے
کفر کئے تو یہی لوگ شامت والے ھیں - [۲۰] ان کو آگ
میں ڈال کر دروازے بند کر دئے جائینگے -

سورهٔ شمس

مکی - ۱۵ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ھے

[۱] سورج کی قسم اور اُس کی دھوپ کی - [۲] اور چاند
کی قسم جب وہ اُس کے بعد آئے - [۳] اور دن کی قسم کہ جب
وہ اُس کو ظاھر کرے - [۴] اور رات کی قسم کہ جب وہ اُس کو
ڈھانک لے - [۵] اور آسمان کی قسم اور اُس ذات کی قسم کہ
جس نے اُس کو بنایا - [۶] اور زمین کی قسم اور اُس ذات کی
جس نے اُس کو بچھا دیا - [۷] اور جان کی قسم اور اُس ذات
کی جس نے اُس کو درست کر کے بنایا - [۸] اور اُس کے دل میں
اُس کی بدی اور اُس کی نیکی ڈال دی - [۹] وھی کامیاب رھا جس
نے اُس کو پاک رکھا - [۱۰] اور وہ نا مراد ھوا جس نے اُس کو
دبا دیا - [۱۱] اپنی سرکشی کے سبب ثمود نے (اپنے رسول کو)
جھٹلایا - [۱۲] جب کہ اُن میں کا بڑا بدبخت اُٹھا -
[۱۳] تو خدا کے رسول نے اُن سے کہا کہ یہہ خدا کی اونٹنی ھے
اس کو پانی پینے دو - [۱۴] مگر انھوں نے اُس کو جھٹلایا اور
اُس اُونٹنی کے پاؤں کاٹ ڈالے - تو اُن کے پروردگار نے اُن کے گناہ

کے سبب اُن کو هلاك کر ڈالا اور سبھوں کو برابر کر دیا -
[۱۵] اور اُس نے اُن کے انجام کي پروا نہ کي -

سورۂ لیل

مکي - ۲۱ آیتیں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحیم ھے

[۱] رات کي قسم کہ جب وہ ڈھانك لے - [۲] اور دن کي
قسم جب وہ روشن ھو - [۳] اور اُس ذات کي قسم جس نے
مرد اور عورت کو بنایا - [۴] تمھاري سعي مختلف ھے -
[۵] تو جس نے دیا اور نیکي کي - [٦] اور اچھي بات کو سچ
مانا - [۷] تو ھم عنقریب اس کے لئے آساني کر دینگے - [۸] اور
جو شخص کہ بخل کرے اور بے پروائی کرے - [۹] اور اچھی
بات کو جھٹلائے [۱۰] تو ھم اس کے لئے سختي کو آسان کرینگے
[۱۱] اور جب وہ گرنے لگیگا تو اُس کے مال اس کے کچھہ بھی کام
نہ آئینگے - [۱۲] ھدایت کرنا تو ھمارا ذمہ ھے - [۱۳] اور
آخرت اور یہہ دنیا تو ھمارا ھی ھے - [۱۴] اور میں نے تو
تم کو شعلہ مارنے والی آگ سے ڈرا دیا ھے - [۱۵] اس میں
بس بڑا بد بخت ھی داخل ھوگا - [۱٦] جس نے جھٹلایا
اور پیٹھہ پھیر دی - [۱۷] اور پرھیزگار اس سے ایك کنارے
کیا جائیگا - [۱۸] جس نے اپنے تئیں پاك کرنے کو اپنا مال
دیا - [۱۹] اور جو کسی پر اِحسان نہیں کرتا اس لئے کہ
اس کا بدلہ دیا جائے - [۲۰] مگر اپنے پروردگار عالی شان کی
خوشنودي چاهتا ھے - [۲۱] اور وہ عنقریب خوش ھوگا -

سورۂ ضحیٰ

مکي - ۱۱ آیتیں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحیم ھے

[۱] دن چڑھے کي قسم - [۲] اور رات کي جب وہ
ڈھانك لے [۳] تیرے پروردگار نے تجکو چھوڑا نہیں اور نہ
وہ ناخوش ھوا - [۴] اور تیرے لئے اس زندگي سے آخرت
اچھي ھوگي - [۵] اور تیرا پروردگار عنقریب تجکو دیگا اور تو
خوش ھو جائیگا - [۶] کیا اُس نے تجکو یتیم نہیں پایا
اور جگہ دی ؟ [۷] اور تجکو گمراہ پایا اور راہ دکھائي ؟
[۸] اور تجکو محتاج پایا اور غني کر دیا ؟ [۹] تو یتیم پر
ستم نہ ڈھا - [۱۰] اور مانگنے والے کو مت ڈانت - [۱۱] اور
اپنے پروردگار کي نعمتوں کو بیان کر دے -

سورۂ انشراح

مکي - ۸ آیتیں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحیم ھے

[۱] کیا ھم نے تیرے لئے تیرا سینہ نہیں کھولا ؟
[۲] اور تجھہ سے تیرا بوجھہ اُتار نہ دیا [۳] کہ اس سے
تیري پیٹھہ ٹوٹي جاتی تھي ؟ [۴] اور تیرے لئے تیرا ذکر
بلند کیا ؟ [۵] تو سختي کے ساتھہ آساني بھي ھے -
[۶] سختي کے ساتھہ آساني بھي ھے - [۷] تو جب تو
فارغ ھولے تو محنت کر [۸] اور اپنے پروردگار کي طرف
رغبت کر -

سورۂ تین

مکي - ۸ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ھے

[۱] انجیر کي قسم اور زیتون کي - [۲] اور طور سینا کي - [۳] اور اس امن والے شہر کي - [۴] ھم نے آدمي کو اچھي ترکیب سے پیدا کیا - [۵] پھر اُس کو نیچے سے بھي نیچا کر دیا - [۶] مگر جو لوگ کہ ایمان لائے اور نیک کام کئے - تو اُن کے لئے ایسا اجر ھے جو منقطع نہیں ھونے کا - [۷] تو اس کے بعد بھي اور کون سي چیز ھے جس سے تو روز جزا کو جھٹلاتا ھے ؟ [۸] کیا خدا حکم کرنے والوں میں سب سے بڑھ کر حکم کرنے والا نہیں ھے -

سورۂ علق

مکي - ۱۹ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ھے

[۱] اپنے پروردگار کا نام لے کر بڑھ جس نے پیدا کیا - [۲] آدمي کو جمے ھوئے لہو سے پیدا کیا - [۳] بڑھ تیرے پروردگار کریم کي قسم - [۴] جس نے قلم کے ذریعہ سے علم سکھایا - [۵] آدمي کو وہ باتیں سکھائیں جو وہ نہیں جانتا تھا - [۶] ھرگز نہیں - آدمي تو بڑا سرکش ھے - [۷] اِس لئے کہ اپنے تئیں بے پروا دیکھتا ھے - [۸] تیرے پروردگار ھي کي طرف تو پھر جانا ھے - [۹] کیا تونے اُس شخص کو دیکھا جو منع کرتا ھے [۱۰] ایک بندۂ خدا کو جب وہ نماز پڑھتا ھے ؟ [۱۱] کیا تونے دیکھا کہ اگر وہ

هدایت پر هو ؟ [۱۲] یا پرهیزگاری کرنے کو کہے ؟ [۱۳] کیا
تونے دیکھا کہ اگر وہ جھٹلائے اور پیٹھ پھیر دے ؟
[۱۴] کیا وہ نہیں جانتا کہ خدا دیکھتا هے ؟ [۱۵] نہیں -
اگر وہ باز نہ آیا - تو هم اُس کو ضرور اُس کي پیشاني کے بال
پکڑ کر گھسیٹینگے - [۱۶] اُس جھوٹے بدشاني والے کو جو
خطاکار بھي هے - [۱۷] تو وہ اپني مجلس بلائے -
[۱۸] هم بھي دوزخ کے فرشتوں کو بلائینگے - [۱۹] نہیں -
اُس کي پیروی نہ کر - بلکہ سجدہ کر اور قرب حاصل کر -

سورۂ قدر

مکي - ۵ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم هے

[۱] هم نے اس کو شب قدر میں اتارا - [۲] اور تو کیا
جانے کہ شب قدر کیا هے ؟ [۳] شب قدر هزاروں مہینوں سے
بڑھ کر هے [۴] اُس میں فرشتے اور روح القدس بھي اپنے
پروردگار کے حکم سے هر کام کے لئے اُترتے هیں [۵] اُس رات
سلامتي هے یہاں تک کہ فجر طلوع هو -

سورۂ بینہ

مدني - ۸ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم هے

[۱] جو لوگ اهل کتاب اور مشرکوں میں سے کفر کئے وہ
بے اس کے باز نہ آنے والے تھے کہ کوئي بین دلیل اُن کے پاس
آجائے [۲] یعني خدا کے طرف سے کوئي رسول جو پاک

کتاب پڑھکر سنائے - [۳] اِسي میں تو بکي باتیں هیں -
[۴] اور جن لوگوں کو کتاب دي گئي هے وہ تو بین دلیل آئے
پیچھے هي متفرق هوگئے - [۵] حالانکہ اُن سے یهي کہا گیا تھا
کہ خالص خدا هي کے دین میں رهکر اُس کي عبادت کریں -
بس اِسي کے هو رهیں - اور نماز بر قائم رهیں اور زکواۃ دیں -
اور یهي پکا دین هے - [۶] اهل کتاب اور مشرکوں میں سے
جو لوگ کفر کئے وہ جهنم کي آگ میں هونگے - همیشہ اسي
میں رهیگے - یهي لوگ تو بدترین خلایق هیں - [۷] جو
لوگ ایمان لائے اور نیك کام کئے یهي لوگ بهترین خلایق
هیں - [۸] اُن کي جزا اُن کے برورد‌گار کے هاں جنت عدن
هے کہ اُس کے نیچے سے نهریں جاري هونگي - وہ همیشہ
همیشہ اسي میں رهینگے - خدا اُن سے راضي اور وہ اُس سے
راضي - یہہ اُس کے لئے هے جو اپنے بروردگار سے ڈرے -

سورۂ زلزال

مکي - ۸ آیتیں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحیم هے

[۱] جب زمین اپني بھونچال سے هلادي جائیگي -
[۲] اور زمین اپنے بوجهہ نکال ڈالیگي - [۳] اور آدمي کهیگا
کہ اس کو کیا هو گیا هے ؟ [۴] اُس دن زمین اپني باتیں
کهیگي - [۵] اس لئے کہ تیرے بروردگار نے اُس کي طرف وحي
بهیجي هوگي - [۶] اُس دن لوگ متفرق هوکر آئینگے -
کہ اُن کے عمل اُن کو دکھائے جائیں - [۷] تو جو کوئي ایك
ذرہ برابر بھي نیکي کریگا وہ اُس کو دیکھیگا - [۸] اور جو
کوئي ایك ذرہ برابر بھي بُرائي کریگا وہ اُس کو دیکھیگا -

سورۂ عادیات

مکي - ۱۱ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ھے

[۱] ھانپ کر دوڑنے والے گھوڑوں کي قسم [۲] جو پھر ٹاپ مار کر آگ نکالتے ھیں [۳] پھر صبح کو گاؤں مارتے ھیں [۴] اور اُس سے غبار اُڑاتے ھیں [۵] پھر اُسي وقت جماعت میں جا ملتے ھیں - [۶] آدمي اپنے پروردگار کا نا شکر ھے - [۷] اور اس پر وہ خود گواہ ھے - [۸] اور وہ مال کي محبت میں بہت تیز ھے - [۹] تو کیا وہ نہیں جانتا کہ جو کچھہ قبروں میں ھے جب وہ اُٹھا کھڑا کیا جائیگا [۱۰] اور جو کچھہ سینوں میں ھے وہ ظاھر کر دیا جائیگا - [۱۱] تو اُس دن اُن کا پروردگار اُن کي خبر لیگا -

سورۂ قارعہ

مکي - ۱۱ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ھے

[۱] ٹھوکنے والي - [۲] ٹھوکنے والي کیا چیز ھے ؟ [۳] اور تو کیا جانے کہ ٹھوکنے والي کیا چیز ھے ؟ [۴] جس دن لوگ ٹڈیوں کے مانند پراگندہ ھو جائینگے [۵] اور پہاڑ دھني ھوئي پشم کے مانند ھو جائینگے - [۶] تو جس کسي کا وزن بھاري ھوگا - [۷] تو وہ خوشي کي زندگي میں ھوگا - [۸] اور جس کسي کا وزن ھلکا ھوگا [۹] اُس کا ٹھکانا تو بس جہنم ھوگا - [۱۰] اور تو کیا جانے کہ وہ کیا چیز ھے ؟ [۱۱] جلتي ھوئي آگ ھے -

سورۂ تکاثر

مکي - ۸ آیتیں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحیم ھے

[۱] تمھاري بہتات کي خواھش نے تم کو غافل کر دیا ھے
[۲] یہانتك کہ تم قبر میں جا ملو - [۳] نہیں - تم عنقریب
جان جاؤگے - [۴] پھر نہیں - عنقریب تم جان جاؤگے -
[۵] نہیں - اے کاش تم اُس کو یقیني طور پر جانتے [۶] تو
ضرور دوزخ کي جلتي ھوئي آگ دیکھوگے - [۷] پھر تم اُس
کو اپني آنکھوں سے یقیني طور پر دیکھوگے - [۸] پھر اُس
دن تم سے تمھاري عیاشي کے بارے میں پوچھا جائیگا -

سورۂ عصر

مکي - ۳ آیتیں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحیم ھے

[۱] عصر کي قسم - [۲] آدمي تو بس خسارے ھي میں
گرا پڑتا ھے - [۳] مگر جو لوگ کہ ایمان لائے اور نیك کام کئے
اور ایك دوسرے کو حق کي نصیحت کئے اور ایك دوسرے کو
صبر کي نصیحت کئے -

سورۂ همزہ

مکي - ۹ آیتیں

الله کے نام سے جو رحمان اور رحیم ھے

[۱] ھر عیب کرنے والے اور غیبت کرنے والے پر وائے ھے -
[۲] جو مال جمع کرتا ھے اور اُس کو گنتا ھے - [۳] خیال کرتا

ہے کہ اُس کا مال همیشه اُسي کا رهیگا - [۴] نهیں - وہ تو ضرور
جلتي هوئي آگ میں ڈالا جائیگا - [۵] اور تو کیا جانے کہ
حلتي هوئي آگ کیا چیز ہے ؟ [۶] وہ خدا کي سلگائي هوئي
آگ ہے - [۷] جو دلوں تك چڑهہ آئیگي - [۸] وہ اُن کے اوپر
چاروں طرف سے بند هوگي - [۹] بڑے بڑے ستونوں کی
طرح پر -

سورۂ فیل

مکي - ۵ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ہے

[۱] کیا تونے نہ دیکھا کہ تیرے پروردگار نے هاتهي والوں
سے کیسا برتاؤ کیا تها ؟ [۲] کیا اُس نے اُن کي تدبیروں کو
بیکار نہ کر دیا ؟ [۳] اور اُن پر جهنڈ کے جهنڈ پرندے
بهیجے [۴] کہ وہ اُن پر پتهروں کے کنکر پهینکتے تهے -
[۵] اور اُن کو کهائے هوئے بهس کے مانند کر دیا -

سورۂ قریش

مکي - ۴ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ہے

[۱] قریش میں اُلفت ڈالنے کے سبب [۲] جاڑے اور
گرمي کے سفر کے لئے اُلفت ڈالنے کے سبب [۳] اُن کو چاهئے کہ
وہ اس بیت الحرام کے پروردگار کي عبادت کریں - [۴] جس نے
ان کو بهوك کے وقت کهلایا اور ان کو خوف سے بچایا -

سورۂ ماعون

مکي - ۷ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ہے

[۱] کیا تونے اُس شخص کو دیکھا جو جزا کو جھٹلاتا ہے ؟ [۲] پھر تو وہ شخص ہے جو یتیم کو دھکے دیتا ہے - [۳] اور غریبوں کو کھلانے کی رغبت نہیں دلاتا - [۴] تو نمازیوں پر وائے ہے [۵] جو اپنی نماز سے بے خبر رہتے - [۶] جو لوگوں کو دکھلاتے ہیں - [۷] اور روز مرے کي چھوٹی چیزوں سے بھی منع کرتے ہیں -

سورۂ کوثر

مکی - ۳ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ہے

[۱] ہم نے تجھکو کوثر عطا کي [۲] پس اپنے پروردگار کي نماز پڑھ اور قرباني دے - [۳] تیرا دشمن هي بے نسل ہو جائیگا -

سورۂ کافرون

مکي - ۶ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ہے

[۱] تو کہہ دے کہ اے کافرو [۲] میں نہیں عبادت کرتا اُس چیز کي جس کي تم عبادت کرتے ہو - [۳] اور نہ تم عبادت کرتے ہو اُس چیز کي جس کي میں عبادت کرتا ہوں - [۴] اور نہ میں عبادت کرنے والا اُس چیز کا جس کی تم عبادت

ڈرتے ہو - [۵] اور نہ تم عبادت کرنے والے اس چیز کی جس کی
میں عبادت کرتا ہوں - [۶] تمہارے لئے تمہارا دین ہے اور
میرے لئے میرا دین ہے -

سورۂ نصر

مدنی - ۳ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ہے

[۱] جب خدا کی مدد اور فتح آئے [۲] اور تو لوگوں
کو جھنڈ کے جھنڈ خدا کے دین میں داخل ہوتے دیکھے [۳] تو
حمد کے ساتھ اپنے پروردگار کی تسبیح کر اور اس سے استغفار
کر - بے شک وہی توبہ قبول کرنے والا ہے -

سورۂ تبت

مکی - ۵ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ہے

[۱] ابی لہب کے ہاتھ ٹوٹ جائیں اور وہ خود ہلاک ہو -
[۲] اُس کا مال اور اس کی کمائی اُس کے کچھ بھی کام نہ
آئے - [۳] وہ عنقریب شعلہ والی آگ میں داخل ہوگا -
[۴] اور اس کی جورو بھی لکڑیاں اُٹھانے والی - [۵] اُس کی
گردن میں بٹی ہوئی رسی ہوگی -

سورۂ اخلاص

مکی - ۴ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ہے

[۱] تو کہہ کہ وہ خدا ایک ہے [۲] بے نیاز خدا ہے

[۳] نہ وہ جنتا ہے اور نہ وہ جنا گیا ہے - [۴] اور اُس کا
برابری کرنے والا کوئی نہیں -

سورۂ فلق

مکی - ۵ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ہے

[۱] تو کہہ دے کہ میں صبح کے پروردگار کی پناہ لیتا
ہوں - [۲] جو کچھ اُس نے بنایا ہے اُس کی بدی سے
[۳] اور اندھیری رات کی بدی سے جب وہ چھا جائے -
[۴] اور گرہوں میں پھونکنے والیوں کی بدی سے - [۵] اور
حسد کرنے والے کی برائی سے جب وہ حسد کرے -

سورۂ ناس

مکی - ۶ آیتیں

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ہے

[۱] تو کہہ دے کہ میں لوگوں کے پروردگار کی پناہ لیتا
ہوں - [۲] لوگوں کے مالک کی - [۳] لوگوں کے معبود کی -
[۴] وسوسہ ڈالنے والے کی بدی سے جو پیچھے ہٹ جاتا ہے
[۵] جو لوگوں کے دلوں میں وسوسہ ڈالتا ہے - [۶] جنّ میں
سے اور آدمی میں سے -

تمت بالخیر